[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

پندرھوان باب

سین مہملہ کے لغات کے ذکر مین اسمین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

فارسی و عربی و ترکی وغیرہ لغات کے بیان مین

سین با الف

سا۔ لفظ تشبیہ و مانند کا ہی۔ اور پیسنے والا جیسے کہ آسیا سا اور اہر و دلن سے اور نام ایک قسم کے کپڑے کا مولانا جامی خلیل آسا در صدق و یقین زن ﷺ لوائے لا احب الآفلین زن ﷺ

سارا۔ خالص سونا یا کستوری یا عنبر و نام زوجۂ ابراہیم خلیل اللہ صفدر نوقانی گل بستان بزنگ عارض گلرنگ تو قربان ﷺ فدا ابروی زلف مشکبارت عنبر سارا ﷺ

ساستا۔ نام ایک دیو کا تابعین اہرمن سے ہی۔

سالامندرا۔ ایک قسم کے چلپاسہ کا نام ہی جسکے چار پانون اور دو دم ہین گردن باریک رنگ ابلق ہی۔ سیاہ و زرد و نوشادر کی کان مین رہتا ہی پتھر مارنے سے وہ نہین مرتا نہ آگ مین جلتا ہی جرور ابھی اسکو کہتے ہین گوشت اسکا سم قاتل ہی۔

سالب۔ سلب کرنے والا۔ لیجانے والا۔ نفی کرنے والا۔ ہٹانے والا۔

ساکب۔ ڈالنے والا پانی یا خون کا۔

ساخت۔ وہ سامان جس سے گھوڑون کو زینت دین یعنے گھوڑے کا ساز بدر چاچ۔ چون صبح ازجنیت خاص شہنشہی ﷺ این سبز خنگ را ززرسرخ ساخت ساخت ۔

ساحت۔ کشادگی و فضائے مکان۔

سائحات۔ عورتین روزہ دار۔ اور سیر کرنے والین۔

ساعت۔ اہل نجوم کے حساب کے موجب اڑھائی گھڑی ایک گھنٹا اور قیامت کا دن اور تھوڑا زمانہ اور حال کا زمانہ جو گذر رہا ہو محسن تاثیر۔ از سختی قیامت مارا چہ باک باشد ہجیے تو گذشت بر ما ہر شب ہزار ساعت ﷺ

سادات۔ قوم سید جو رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کی آل ہین مولف حضرت سادات کی کیا بات ہی ﷺ ہی گھر جامع ذات و صفات ﷺ

ساکت۔ چپ خاموش وم بخود صفدر نوقانی نیست چون اختیار در دست ﷺ دم مزن در قضا و ساکت باش۔

سآمت۔ بروزن ملامت ملول ہونا اور عاجز آنا تھک جانا۔

سبات۔ خواب کردن یعنے سونا۔

سافوبت۔ تیسرا حرف فائے معجمہ وہ آواز جس سے کبوتر باز کبوتر کو اپنی طرف بلاتے ہین۔

ساج۔ معرب سال جو ایک مشہور لکڑی ہی جسکی کشتیان بناتے ہین و بمعنی طیلسان اور نام ایک قسم کے پتھر کا جسکے ساتھ تلوار وغیرہ کو صیقل کرتے ہین اور روٹی پکانے کا توا۔

سافج۔ نام ایک دوا کا جسکو تیزپات کہتے ہین۔

سابیرج۔ پہلوی مین مردم گیاہ جسکا نقشہ آدمی کا سا ہوتا ہی سر اسکا نگون رہتا ہی۔ سر پر ریشہ بالون کی جگہ ہوتا ہی نر اور مادہ دونون یکجا زمین سے نکلتے ہین ہاتھ ایک دوسرے کی گردن مین ڈالے ہوئے اور پانون ایک دوسرے کے پانون مین محکم کیے ہوئے جو آدمی اسکو زمین سے اکھاڑتا ہی ایک دو روز مین مرجاتا ہی اسواسطے لوگ اکھاڑنے کے لیے یہ حیلہ بناتے ہین کہ اسکے منبت کو کھود دیتے ہین جس سے جڑ گھاس کی نرم پڑجاتی ہی۔ اور ایک کتے کو تین چار دن بھوکا رکھکر اس گھاس کے ساتھ باندھ دیتے ہین اور دور سے گوشت دکھاتے ہین کتا گوشت کے لینے کے واسطے زور لگاتا ہی تو گھاس زمین سے اکھڑ آتی ہی وہ کتا جلد مرجاتا ہی اور گھاس آدمی لے لیتے ہین۔

سامح۔ کسی کے قصور سے چشم پوشی کرنا۔

سادہ لوح۔ احمق بے شعور کم عقل امرد بے ریش ذوقی دل مدہ جز بخط سادہ لوحان جہان ﷺ تا نباشی سادہ عقل مردنادان سادہ لوح ﷺ

سانح۔ ظاہر ہونے والا پیش آنیوالا۔ اور شکار جو بائین طرف سے آئے۔

سالخورد۔ پرانا قدیمی بہت برس کا محمد انور حکیم چاہین بنیاسال سالخوردہ شوہر نوسکند و ہر بہار

ساعد۔ ہاتھ کا پہونچا و آرنج دبازو اور مرغ کا بازو۔ علی رضا تجلی اسے فتنہ بدور چشم مست شدہ فوج حسن تو چو خورشید گرفت اختر اوج ﷺ

پیدا است ز چین آستین ساعد تو ٭ چون سینۂ ماہی کہ نمایید از موج ٭٭
ساالوہ - عشق پیچہ جو مشہور بیل ہے اور درختون پر لپٹ جاتی ہے لیلاب بھی
اسکو کہتے ہین اور سبزی جو حوض کے پانی پر آجاتی ہے - اور نام ایک واوکا
کشتی ہین - اور وہ رسن جو لڑکے درختون کے ساتھ باندھ کر جھولتے
ہین اور ہالہ جو چاند پر پڑجاتا ہے -
ساد - ژندی زبان مین استاد جسکو آموزگار کہتے ہین اور غیب آنا جنگل
اور نوک تیر جو بادہ نہو جسکو فارسی مین گرانہ اور عربی مین خنضر کہتے ہین -
ساجد - سجدہ کرنے والا - سر جھکانے والا -
سار - نام ایک مرغ کا ہی جسکو شارک کہتے ہین اور نام ایک مرغ سیاہ
رنگ کا جسکے پرون پر سپید خال ہین اور آواز خوش رکھتا ہی نیز بمعنی شتر
یعنے اونٹ کے چنانچہ ساربان اونٹ کے مالک کو کہتے ہین اور بمعنی سر کے
چنانچہ نگونسار یعنے سر جھکائے ہوئے و بمعنی تشبیہ و مانند چنانچہ دیوسار
دیو کی صورت والا و خاکسار وغیرہ و بمعنی رنج و آزار و تکلیف اور کلاک
جو اندر سے پولی ہو و ہر چیز بیانہ خالی و بمعنی صاحب و خداوند چنانچہ
شرمسار و بمعنی محل و مقام و انبوہ چنانچہ کوہسار و نمکسار و شاخسار اور
وہ حوض جسمین انگور رکھا لکر اسکا پانی نکالین -
ساجور - کتے کا گلوبند اور وہ لکڑی جو کتے کے گلے پر باندھین -
سائر - تمام اور باقی اور سیر کرنے والا -
ساتر - چھپانے والا پردہ پوش -
ساطور - بڑی چھری جسکو چھرا کہتے ہین - سعدی - ز بالو طلب کرد
ساطور را ٭ کہ ویران کند خانۂ زنبور را ٭٭
ساغر - پیالہ شراب پینے کا - حافظ - خوش آمد گل وزان خوشتر
نباشد ٭ کہ در دستت بجز ساغر نباشد ٭٭
سالار - کہنہ و دیرینہ و سالخوردہ اور پیشرو و سردار چنانچہ قافلہ سالار
و خوان سالار وغیرہ - نظامی - کہ سالار خوان خوردہ و خوان آوردہ ٭
خورشہاے خوش درمیان آوردہ ٭٭
سامر - نے اور کلاک جو پولی ہو -
سالبر - ایک درخت کا نام ہی جو ایک سال پھلتا ہی دوسرے
سال نہین پھلتا -
سامرہ - ایک شہر کا نام ہی جسمین کپڑے نہایت لطیف بنتے ہین
اور سامری جسنے موسے کی قوم کو گوسالہ پرستی کی ہدایت کی تھی اسی
شہر کا تھا -
سامندر - وہ جانور جو آگ مین پیدا ہوتا ہی اور اسکے چمڑے کی ٹوپی
بناتے ہین جب میلی ہو جاتی ہے تو آگ مین ڈالدیتے ہین مصفا ہو جاتی ہے -
ساموری - سرزمین مغرب مین ایک پہاڑ ہی جس سے ساموری پتھر نکلتا ہی
اور وہ پتھر نہایت سخت ہوتا ہی -
ساحر - سحر کرنے والا - جادوگر -
ساخر - مسخر کرنے والا - تابع کرنے والا -
ساز - سامان و اسباب اور مزامیر جو مطرب سرود کے وقت بجاتے ہین
سارنگی طبلہ و ڈھولک وغیرہ نظامی - سعادت بمن روے بنمود باز ٭
نوازندہ سازندہ و ساختہ ساز ٭٭
سازوبارز - سامان و اسباب -
ساگیز - ثمر جو مشہور چیز ہی -
سامیر - وہ پتھر جس سے ہتھیار تیز کرین -
ساوینر - تیسرا حرف واو آدمی جو خوش خلق و نیکخو ہو -
سالوس - خوشگو و چرب گو و چرب زبان فریب اور فریب دینے والا
مکار و حیلہ گر -
شادوش - چھٹا جسکو فارسی مین ششم کہتے ہین -
سابس - کرم بدبو جو چارپائی و بوریا وغیرہ مین پیدا ہوتے ہین ہندی مین
انکو کھٹمل کہتے ہین -
سائیس - گھوڑون کا خدمتگار - اصل مین یہ لفظ سایس ہی جسکے معنے
نگہبان کے ہین -
سایس - سیاست کرنے والا اور نگہبان و بخشی و کوتوال بدرالدین چاچی
سایۂ چتر سیاست نبود جز خورشید ٭ سایس لشکر جاہت نبود جز بہرام ٭
سابوس - اسبغول جو مشہور تخم ہی -
ساسالیوس - سریانی زبان مین ایک نبات کا نام ہی جسکو لنگدان
و اشترغار کہتے ہین اور اسکے گوند کو حلتیت بولتے ہین -
سالکیس - بزرگ و شریف قوم کا سردار -
ساولیس - حرف تیسرا واو اور وہ برتن جو جس سے بنایا جاتا ہی اور عورتین
دھنی ہوئی روئی کاتنے کے واسطے اسمین رکھتی ہین -
سازش - لگاو میل اتفاق -
سام ابرص - چلپاسہ جو ایک جانور ہی -
ساقط - افتادہ اور ناقص اور فرومایہ -
سابع - ہفتم یعنے ساتوان -
سامع - شنوندہ یعنے سننے والا -
ساطع - بلند اور روشن -

ساجع - خوش آواز پرند گانے والا بلبل وغیرہ -
سابغ - پورا کامل وسیع -
سائغ - بکسر ہمزہ گوارندہ و مطبوع طبع و ہاضم -
سارغ - ترکی مین ایک زرد رنگ پھول کا نام ہی -
سارغ - ایک جانور خوش آواز و سیاہ رنگ کا نام ہی -
سالف - گذرا ہوا آگے گیا ہوا -
سارق - دوزدیعنے چور -
سابق - آگے ہونے والا اور سبق دینے والا -
ساچق - وہ زیور و اسباب و پوشاک جو نکاح سے پہلے دولہا دولہن کے گھر بھیجتا ہی ہندی مین اسکو بری کہتے ہین یہ لفظ ترکی ہی -
سائق - پیچھے سے چلانے والا نابینا کو - چنانچہ قاید آگے سے پکڑ کر چلانیوالا نابینا کو ہی -
ساق - پنڈلی ہشتالنگ اور زانو کے درمیان و تنہ درخت مثل شاخ ہندی مین ڈنڈی کہتے ہین محسن تاثیر - قدم بر دیدہ ام بگذار تا عمر ابد یابی ٭ بود چون ساق گل در آب گل بسیار پیمانہ ٭
ساحق - پیسنے والا رگڑنے والا -
سارک - ایک پرندہ سیاہ رنگ خالدار کا نام ہی جسکو ہدہد کہتے ہین -
سالک - خدا کے راستہ پر چلنے والا صاحب طریقت محی الدین لاہی سالک راہ خدا برخیز وقت صبحدم ٭ کن ہر در خواب از دیدہ ہا برخیز وقت صبحدم ٭
سابرگ - مردم گیا جسکا ذکر پہلے تحریر ہو چکا ہی -
سارنگ - ہدہد جانور جسکو سارک بھی کہتے ہین بعض کے نزدیک وینا ہی -
سالوک - مسافر راستہ چلنے والا -
سایہ برگ - ایک گھاس کا نام ہی اونٹ اسکو کھانے تو سو جاتا ہی -
ساحل - کنارہ دریا ندی کا کنارہ - حافظ - شب تاریک و بیم موج گرد ابی چنین ہایل ٭ کجا دانند حال ما سبکساران ساحلہا +
سافل - نیچے جانے والا -
سائل - سوال کرنے والا مانگنے والا مولف چوہست رازق رزق تو حضرت رزاق ٭ مباش بر در کس غیر ذات حق سائل ٭
سال - یونانی زبان مین کشتی جسپر سوار ہو کر دریا سے اترتے ہین اور ہندی مین نام ایک درخت کا - اور ایک برس کی میعاد بارہ مہینہ نقطۂ اول برج حمل سے آخر نقطۂ برج حوت تک یا اول محرم سے آخر ذی الحج تک مولف - ہست از گشت ظہور روز و شب ٭ اختلاف و انقلاب ماہ و سال ٭

ساتل - ساطل - ایک دوا کا نام ہی جسکو شیرازی روشناک کہتے ہین -
سام - نام رستم کے باپ کا اور نام ایک پہاڑ کا اور نام نوح علیہ السلام کے بیٹے کا اور ورم جو بدن پر پڑ جاتا ہی جیسے کہ سرسام یعنے ورم ہو جانا دماغ کے پردہ کو اور آگ اور سامی اعتبار سے آتشی جانور کا نام سام ابرص ہی اور عربی مین بمعنی مرگ و ہلاکت مولف - نزال ماند بدور جہان نہ رستم و سام نہ مرد آنکہ بماندش بہ نیکنامی نام ٭
ساسم - نانخواہ جو ایک خوشبودار تخم روٹی کے خمیر پر لگایا جاتا ہی اور عقرب کے نیش پر طلا کرتے ہین -
سالم - پورا پورا بے نقصان - سلامت -
ساتگین - محبوب اور پیالہ شراب کا - سعدی ٭ بسر در آمد سر ایان و دست ٭ می اندر سر و ساتگینے بدست ٭
ساسان - نام پسر بہمن جو اپنی بہن ہما کے خوف سے جنگل مین نکل گیا تھا اور خاندان ساسانی اسکی اولاد سے ہین - ہما نہایت خوبرو و بہت خوبصورت تھی - اسکا باپ بہمن اسپر عاشق ہو گیا اور زردشتی پیشواؤن کی اجازت سے اس سے نکاح کر کے زوجہ بنا لیا تھا - ساسان اس امر مین باپ کے ساتھ مخالف تھا اور بہمن کو قتل کر دینے پر مستعد ہوا لیکن ناکامیاب ہوا اور وطن سے نکالا گیا -
سان - طرز روش و رسم و عادت و نظیر و مانند اور وہ پتھر جسپر تلوار چھری وغیرہ کو تیز کرین و سامان و سر انجام و سوہان و پارہ و حصہ و سلاح و سلاح متعلقہ لشکر - شفیع اثر - دیدہ چند اینکہ سان لشکر افلاک را ٭ پنجم طالع خصمش نشد ہرگز عیان ٭ نور الدین ظہوری خوبان عجب کہ خیل مدارا دہند شان ٭ تسخیر ملک دل بتطاول حوالہ است ٭
ساوین - پٹاری جسمین عورتین روئی کاتنے کے واسطے رکھتی ہین -
ساربان - شتربان اونٹ والا - صفدر قوقانی - چون مہار این شتر در دست اوست ٭ می برد ہر جا کہ خواہد ساربان ٭
سالیان - بہت سے سال یعنی برس - یہ لفظ مفرد پر آسکتا ہی نظامی چنان زی کزان زیستن سالیان ٭ ترا سود و کس را نباشد زیان ٭
سامان - نظام اور ترتیب اسباب صائب - وہ از پالہ سامان طوق بندگی بہ شب ٭ ندارد گرچہ پروائے زکس مالک قاب بین بر دلم ہرکہ از تعجیل ایام بہاران خورد ٭ ست ٭ ہمچو گل برگ سفر سامان کند در زیر پوست +
سائبان - شامیانہ خیمہ آفتاب گیر چتر - حافظ خطِ سبز عارضت را نقشبندان قضا ٭ سائبان از عنبر تر گرد نسرین بستہ اند ٭
ساران - عراق مین ایک قصبہ ہی -

سا ریان - ایک بستی گرجستان مین ہی -
ساطریون - یونانی مین ایک دوا کا نام ہی جسکو عربی مین خصیۃ الثعلب کہتے ہین -
سالیون - یونانی زبان مین تخم کرفس جو مشہور دوا ہی -
سابقین - اگلے لوگ پہلے لوگ جو گذر چکے ہین -
ساکن - ٹھہرا ہوا - بے حرکت - مؤلف زمین ساکن بفرمانِ الٰہی ؎ بگروش ہر زمان گردون گردان ؛
ساو - وہ محصول و باج و خراج جو بادشاہ زمینداروں و سوداگرون سے وصول کرے اور سونے چاندی کے ٹکڑے یعنی ریزے -
سابقہ - پہلا اور وہ حق جو پیشینہ ہو - میر خسرو - لبکہ دو چرخ بافگندگی ؎ تاش دہی سابقۂ بندگی -
ساچمہ - ترکی مین چھوٹی گولیان جو بندوق اور توپ مین ڈالکر چلاتے ہین ہندی مین اسکو چھرا کہتے ہین -
ساختہ - مہیا و مستعد و آمادہ -
سادہ - امرد بے ریش احمق نادان اور خالص سونا چاندی -
ساجبہ - بکسر جاے مہملہ فتح باے موحدہ شدت کی بارش زور کا مینھ
ساقہ - دنبالہ لشکر و فوج - حیاتی گیلانی زساقہ و زجناح آب کار فتح مجو عنان بجز طرف قلب کارزار مپیچ ؛
سامعہ - وہ قوت جو کان مین رکھی گئی ہو - اور انسان اسکے ذریعہ سے ہر ایک بات سن سکتا ہی -
ساحرہ - وہ عورت جو جادوگر ہو -
ساہرہ - ہموار میدان زمین کا -
ساماکچہ - ساماخچہ - عورتون کا سینہ بند جسکو ہندی مین انگیا کہتے ہین
سارہ - چادر اور پردہ اور رشوت جو کسیکو چھپا کر دیجاوے - اور نام حضرت ابراہیم خلیل اللہ کی عورت کا -
ساوہ - نام ایک شہر کا عراق عجم مین جسمین سلمان نام ایک شاعر تھا اور سلمان ساوگی اسکو کہتے تھے -
سانحہ - جو شکار شکاری کے بائین طرف سے آئے - جو تیر تیرانداز دہنی طرف چلائے اور حقیقت و کیفیت -
سالقہ - بکسر لام زرہ جو جنگ مین پہنتے ہین -
ساختہ پرداختہ - کیا ہوا مہیا کیا ہوا درست کیا ہوا - نظامی ترا بنیم از ہر چہ پرداختہ است ؛ کہ ہستی تو سازندہ او ساختہ است ؛
ساعتہ - منسوب بساعت گھڑی - گھنٹہ درویش والہ ہروی

مشفقے زپے بردن ہر ساعت باشند ؛ روزیکہ جوانی شود ہمنفس عمر ؛
سالگرہ - یہ ایک جشن سلاطین و امرا بعد سال کے کرتے ہین اور جس روز و تاریخ وہ پیدا ہوسے تھے اسی تاریخ یہ جشن کیا جاتا ہی اور رشتۂ ولادت جو روز تولید مولود سے رکھا ہوا ہوتا ہی ایک گرہ دے دیتے ہین تا کہ معلوم رہے کہ اتنے برس کا وہ مولود ہوا ہی ؎ گشت چون رشتۂ عمرم کوتاہ ؛ معنی سالگرہ دانستم ؛
سایہ - مشہور لفظ ہی درخت کا سایہ - انسان کا سایہ - سورج کا سایہ یعنی دھوپ ہندی - سنجرین از شرق و غرب آمد بزیر سایہ اش ؎ چون توکردی اے کرم گستر نظر بر آفتاب ؛
سابوتہ - ژندی زبان مین بوڑھی عورت ؛
سابورہ - مخنث - یعنی ہیجڑا -
سارچہ - ایک جانور سیاہ رنگ کا نام ہی جسکے پرون پر سفید خال ہین
ساہہ - وام یعنی قرض و جاے امن و امان و جاے پناہ -
سانقہ - پر سیاوشان جو ایک مشہور دوا ہی -
ساغری - تخلص ایک شاعر کا جو مولانا جامی کا ہمعصر تھا اور نام ایک قسم کے چمڑے کا جسکو کیمخت کہتے ہین - شفیع اثر ؎ فتادہ زرا خرابوست جامۂ من ؛ براے تیغ شود ساغری ہمیشہ غلاف ؛
ساورچی - تحفہ و پیشکش و ہدیہ -
سامگی - نام ایک میوہ کا ہی -
ساری - اثر کرنے والا - سرایت کرنے والا -
سال جلالی - ایک شمسی سال کا نام ہی منسوب بتاریخ جلال الدین ملک شاہ سلجوقی -
ساہی - غافل و فراموش و سست -
سانگی - سانگنی - سانگینی - شراب پینے کا بڑا پیالہ -
ساچی - ژندی زبان مین سپید جسکو عربی مین ابیض کہتے ہین -
سازگری - موسیقی کے ایک پردہ کا نام ہی -
سائیں - دریوزہ - فقیر گدائی کرنے والا -
سالی - دیرینہ و کہن سال مستعمل و در ہندی مین اپنی زوجہ کی بہن -
ساوگی - صفائی نادانی - بیوقوفی -
ساعی - کوشش کرنے والا - سعی کرنے والا -
ساقی - شراب پلانے والا - حافظ ساقی بیار بادہ کہ ماہ صیام رفت ؛ دہ مژدہ کہ موسم ناموس و نام رفت -
سامری - وہ زرگر جسنے موسی علیہ السلام کی قوم کو گمراہ کیا اور

گوسالہ بناکر پرستش شروع کرادی۔

سین باباء

سبا۔ بلقیس کے شہر کا نام ہو جسکو حضرت سلیمان علیہ السلام مع تخت طلب کیا اور اُسکو اپنے نکاح مین لیا یہ شہر یمن کے ملک مین ہی حافظ ۔ ہدہد صبا بسبا میفرستمت ٭ بنگر کہ از کجا بکجا میفرستمت ٭

سبعہ اسما۔ ایک معدہ اور چھہ آنتین۔ اثنا عشری عاشم وقیق اعور قولون مستقیم

سبک پا۔ تیز رفتار۔

سبزقبا۔ ایک جانور کا نام ہو جسکو سبزک کہتے ہین۔ رنگ اُسکا سبز سُرخی مائل ہو تاج بھی اسکے سر پر ہی۔

سَبّ۔ گالیان دینا۔ بُرا بولنا۔ مؤلف۔ خارجی سبّ علی از راہ نادانی کند ٭ بر زبان آرد روافض سب اصحاب کبار ٭ ماندہ از کار است زین دو قوم قوم اولین ٭ قوم دیگر رو سیاہ و راندۂ پروردگار ٭

سبب۔ وسیلہ حاصل ہونے کسی چیز کا اور باعث۔ برای روزی ہر روزہ حضرت رزاق ٭ شود مسبّب و پیدا کند ز غیب سبب ٭

سَبَسَب۔ بفتح ہر دو سین جنگل ویرانہ بیابان۔

سپیجاب۔ نام ایک شہر کا ترکستان مین

سباسب۔ ریت کا جنگل ریگستان۔

سفیداب۔ سفیداج۔ سپیدہ جو مشہور چیز ہی اور قلعی سے بنایا جاتا ہی سب سے اچھا سفیدہ کاشغری ہی۔ عبد اللہ ہاتفی حسینی گر سیلی زند عاج را ٭ چہ محتاج باشد سپیداج را۔

سباحت۔ شناوری یعنی پانی مین تیرنا۔

سبات۔ بروت یعنی موچھین۔

سبقیقت۔ درندگی درندہ ہونا۔ پھاڑ پھاڑ کھانا۔

سبقت۔ پیش قدمی کرنا۔ آگے ہونا۔ مؤلف ہر کہ شد اندر طریق حق بسی ثابت قدم ٭ بیشک اندر راہ حق از سابقان سبقت گرفت ٭

سبات۔ خواب و راحت و آسایش۔ آرام کرنا سو رہنا آسایش مین آنا۔

سَبت۔ بفتح اول روز شنبہ ہفتہ کا دن۔

سِبت۔ ایک گھاس کا نام ہی جو زمین پر پھیلی رہتی ہی۔

سَپَست۔ بدبو گندہ و پلید و ناخوش۔ اور نام ایک گھاس کا ہی جسکے کھانے سے مویشی فربہ ہوتے ہین عربی مین اُسکو فصفصہ اور ترکی مین یونجہ بولتے ہین اور کپڑا جو میلا ہو اور مچھلی کی بو اور برتن مسی و برنجی۔

سَبَج۔ بفتح اوّل و ثانی ایک پتھر کا نام ہو جو سیاہ اور روشن اور نرم اور سبک ہوتا ہو گیلان سے لاتے ہین یہ پتھر جسکے پاس ہو اسکو کسیکی نظر نہین لگتی درد سر سے محفوظ رہتا ہو آگ مین نہین جلتا اگر اسکی عینک بنائین آنکھ کی سپیدی دور ہو جاتی ہو آنکھین روشن ہو جاتی ہین۔ نزول الماء کی بیماری کو دفع کرتا ہی۔ بعض اسکا میل بناتے ہین اور اُس سے آنکھون مین سرمہ ڈالتے ہین روشنی زیادہ کرتا ہی

سِبَنج۔ بکسر اول و فتح ثانی و سکون نون وہ لکڑی کا حلقہ جو زمیندار ہل چلانے کے وقت بیلون کی گردن مین ڈالتے ہین۔

سپنج۔ بکسر اول و فتح ثانی خس پوش جھونپڑا جو چند روزہ سکونت کے لئے بنالیا جاتا ہے اور ہر ایک جو ناپایدار و چند روزہ ہو اور ہر ایک چیز جو عاریتاً کسی سے لیجائے اور مہمانخانہ جو مہمانون کے کھانا کھلانے کے واسطے مقرر کیا جائے اور چراگاہ مویشی کا اور عدد پندرہ کا جسمین تین پنجے شمار مین آتے ہین۔

سَبّاح۔ شناور تیراک پانی مین تیرنے والا۔

سَبُّوح۔ بفتح اول تسبیح پڑھنے والا۔ خدا کو پاکیزگی کے ساتھ یاد کرنے والا تعریف کرنے والا۔

سُبُّوح۔ بضم اول خدا کا نام ہو نہایت پاک اور دوسرے کو پاک کرنیوالا

سباخ۔ زمینین جو شور ہون۔

سپانخ۔ ایک ترہ یعنی سبزہ کا نام ہی جسکو پالک کہتے ہین۔

سَبخ۔ بفتح اول و سکون با سے اور آخر مین خا سے منقوطہ نمک جو کھانے مین ڈالا جاسے۔

سَبَد۔ ٹوکرا اور چھابہ جو لکڑی کا بنایا جاتا ہے اور اسمین سبزہ وغیرہ رکھکر فروخت کرتے ہین۔

سپند۔ نام ایک پہاڑ کا اور نام ایک مشہور تخم کا جو دوا کے کام مین آتا ہی اور دفع چشم زخم کے لیے آگ پر جلایا جاتا ہو ہندی مین اسکو ہرمل کہتے ہین۔ ابو طالب کلیم تو چون بجلوہ در آئی برائے دفع گزند سپند آبلہ سوزد و لم براخگر داغ۔

سپید۔ بکسر تین و یائے مجہول مشہور رنگ ہو جسکو عربی مین ابیض کہتے ہین اور نام ایک قلعہ کا تعداد مین اور نام ایک رود کا ہین شروان اور گیلان کے بعض کے نزدیک سپید رنگ نہین ہی سوائے اسکے اور سب رنگ ہین و بمعنی خالی مثلاً تین سپید و دیدہ سپید یعنی بے نور و کف سپید یعنی خالی دست۔ سعدی چو یعقوبم ار دیدہ گردد سپید ٭ نبرم ز دیدار یوسف امید ٭

سبکاو - قلۂ کوہ پہاڑ کی چوٹی -
سپ - بکسر اول و فتح ثانی پانچوان دن ہر ایک شمسی مہینے کا -
سپرد - کوئی چیز اما نتاً کسی کے پاس دینا و گوشہ نشینی و قناعت تحل
سبزوار - نام ایک شہر کا -
سپاغر - نام ایک پہلوان کا -
سبکسار - فارغ و بے تعلق -
سپر - بکسر اول و فتح ثانی مشہور چیز ہے جسکو عربی مین جُنّہ و ترس
ہندی مین ڈھال کہتے ہین سہ سپر افگند رستم داستان ٭ جو آید
بمیدان آن پہلوان -
سپیدار - سپیدہ جو ایک مشہور درخت لکڑی اسکی سفید ہوتی ہے
پھل کوئی نہین ہوتا -
سپہر - بکسر اول آسمان جسکو عربی مین سما کہتے ہین سہ بفرمان و
گردش مہر و ماہ ٭ سپہر برین چاکر بارگاہ -
سپار - بمعنی آلہ آہنی جس سے زمین کھودتے ہین اور گھر کے ظروف
و اسباب اور وہ آلہ جس سے انگور کا پانی نچوڑتے ہین - اور وہ حوض
جسمین انگور کا شیرہ جمع ہوتا ہے اور صیغہ امر سپردن سے اور سونپنے والا
جیسے کہ جان سپار وغیرہ -
سپسار - بہ دو سین مہملہ دلال جو خریدار اور دوکاندار کے درمیان
آکر قیمت کسی جنس کی مقرر کرادے -
سپہرار - بکسر اول و فتح ثانی کرۂ آتشی جو کرۂ ہوا کے اوپر ہے اور
اُسکو کرۂ اثیر بھی کہتے ہین -
سبز - مشہور رنگ ہے خط سبز وہ خط جو تازہ برآمد ہو و حسن سبز
حسن ملیح سانولا رنگ غنی حسن سبزی بخط سبز مرا کرد اسیر ٭ دام
ہمرنگ زمین بود گرفتار شدم -
سپرز - ایک عضو اندرونی اعضا مین سے مقام سودا کا ہے
عربی مین اسکو طحال و ہندی مین تلی کہتے ہین -
سپوز - ڈالنا اور نکالنا ایک چیز کو دوسری چیز مین زور کرسا تھ -
سپس - وہ بورا جو آٹا چھاننے کے بعد نکلتا ہے چھان بھی
اسکو کہتے ہین
سپاس - سپاسہ - منت و شکرانہ نظامی - سپاس خدا کن
کہ بہر سپاس ٭ نگوید شاہد و ایزد شناس - ابو شکور - از آنکس
کہ بد کرد و نگذاشتم ٭ برو بر سپاسہ نہ بگماشتم -
سپس - مزید علیہ پس کا بمعنی پس تر اُس سے پیچھے کمال اسمٰعیل

وصال را چہ کنم زین سپس کہ مایۂ عمر ٭ فراق او ہمہ در راہ انتظار نہاد ٭
سپرلوس - بادشاہی محل جسمین بادشاہ خود سکونت رکھتا ہو
سپرکیس - وہ میدان جسمین گھوڑا دوڑاتے ہین -
سپارش - بہ سپرد کرنا - سونپنا کسی کو کسی کے پاس واسطے اسکی
سطاعت برداری کے جمال الدین سلمان طریق نیست سپارش
بآسمان کردن ٭ کہ سایہ بر سر سکان ربع مسکون دار ٭
سپیوش - بذر قطونا - اسپغول -
سپش - جون جو کرم انسان کے بالون اور کپڑون مین پیدا ہوتے
سبط - بکسر اول فرزند زادہ پوتا ہو یا پروتا - پسر زادہ ہو یا دختر زادہ
اور خطاب یعقوب علیہ السلام کی اولاد کا -
سبط - بفتحتین و بفتح اول و کسر بائے وہ بال سر کے جو سیدھے ہون
زنجیر دار نہون -
سبع - بفتح اول و سکون ثانی ہفت یعنی سات عدد ین -
سبع - بفتح اول و ضم ثانی درندہ جانور مثل گرگ و شیر وغیرہ -
سبع - بضم اول و سکون ثانی ساتوان حصہ ہر چیز کا اور ساتوان حصہ
قرآن شریف کا یعنی ایک منزل -
سباع - بکسر اول درندگان شیر و گرگ وغیرہ -
سپلغ - نان خورش سالن جو روٹی کے ساتھ کھاتے ہین -
سپرلغ - انگور کا خوشہ اور کھجور کا خوشہ جو درخت پر ہو -
سبق - گھوڑا دوڑانا گرو باندھنا - چکر باندھنا تیر چلانا آگے بڑھنا
روزمرہ درس جو اُستاد شاگرد کو دیوے یہ لفظ بفتحتین و فتح اول و
سکون دوم مستعمل ہے دونون طرح شعرا نے شعرون مین اسکو باندھا ہے
صاحب طوطی من سبق از سینہ خود میگیرد ٭ پشت آئینہ مرا نیح گویائی نیست
میر خسرو - کتابی شد گل سے غنچہ تو بکشا مصحف خود را ٭ ہم بلبل وہ کہ سبق
کیف یشئیہ الارحام زبان گیرد -
سباق - آگے بڑھ جانا پیش دستی کرنا -
سبک - مقابلہ گران کے کم وزن و بے عزت و بے توقیر -
سباک - زرگر چاندی سونا گلانے والا ماخوذ سبک سے جسکے معنی چاندی
سونا گلانے کے ہین -
سپرک - نام ایک جانور کا ہے جسکو ہندی مین نیل کنٹھ کہتے ہین -
سپادوک - سبادوک - کبوتر جو ایک مشہور پرندہ ہے -
سپناک - سفیدہ جو مشہور چیز ہے -
سپرک - نام ایک زرد گھاس کا ہے جس سے کپڑے رنگتے ہین

سپید برگ - ایک سبزہ کا نام ہی جسکو عربی مین بقلہ یمانیہ اور ہندی مین چولائی کہتے ہین-

سبل - آنکھونکی ایک بیماریکا نام ہی-

سبال - جمع سبلت بہت سی مونچھین-

سبیل - راستہ اور ہرایک چیز وقف جوکسی کی ملک نہو- اشرف
کنون کہ عارضت از خط شدست سرخ وسیاہ + لبت چو آب محرم سبیل خواہد شد

سپرم - پھول جسکا نام ریحان ہی-

سبکتگین - سلطان محمود غزنوی کے باپ کا نام ہی رباعی از مولف
چنان نماند بدنیا نہ اینچنین ماند + درین زمانہ نہ آن ماند و نہ این ماند
نہ فوج ولشکر محمود راقیام بود + نہ تخت و دولت وتاج سبکتگین ماند +

سبوحیان - فرشتے ملائک آسمانی مولانا جامی - شد از سبوحیان
گردون صلا دہ + کہ سُبحَانَ الَّذِی اَسرٰی بِعَبدِہٖ +

سبطین - امام حسن و امام حسین علیہما السلام-

سبحان - پاکی کے ساتھ یاد کرنا اللہ تعالی کو-

سبزان - معشوقان سبز رنگ-

سبعہ الوان - سات رنگ - سیاہ سپید سرخ سبز زرد کبود وعباسی
مولف خدا الیظر از چار اطراف + شود رنگش عیان از سبع الوان-

سبعین - ہفتاد یعنی ستر جو ایک عدد مشہور ہی-

سپندان - ہزرد علیہ سپند - حکیم رکنا سے کاشی - برخیز مسیح ناشستم
در آتش تیز چون سپندان-

سبلان - ایک قسم کی دوا کا نام ہی جو روم کی طرف سے لاتے ہین اور
نام ایک پہاڑ کا ولائیت آذربائیجان - اور یونانی زبان مین نام ایک پیمبر کا-

سپاہان - عراق عجم مین ایک مشہور شہر ہی پہلے اسکا نام دار الیہود
تھا - دجال کا خروج بھی قیامت کے قریب اسے شہر سے ہوگا - سعدی
مرا در سپاہان یکے یار بود + کہ جنگ آور و شوخ و عیار بود-

سپستان - مشہور پھل ہی ادویات کی فصل مین اسکی تشریح تحریر ہوگی-

سبو - پانی اور شراب رکھنے کا برتن - یہ لفظ بفتح اول شہرت رکھتا ہی
مگر استادون کے اشعار سے پایا جاتا ہی کہ بکسر سین ہی میر خسرو ساقیا بوی
گل ست و بوی عود و بوے یار + این سہ بو وا ریم بادہ در قدح ریز از سبو +
شیخ آذری - بوی شراب و بوی کباب ست و بوی یار + پر کن سبو کہ از دوی
روح در سبو ست-

سبحہ - تسبیح کے دانے جو ایک سو سوا سے امام رشتہ مین پروئے ہوئے
ہوتے ہین اور اسپر وظائف خوان وظیفہ کی تعداد پوری کرتے ہین اور
یاد کرنا خدا کو پاکیزگی کے ساتھ مولف ہمیشہ رشتہ خاطر بیاد مولی
بند + گذرد رشتہ دوانی و سبحہ گردانی-

سبابہ - وہ انگلی ہاتھ کی جو انگوٹھے کے ساتھ ہی-

سبعہ - سات جسکو فارسی مین ہفت کہتے ہین اور مشہور عدد ہی-

سبزہ - سبز گھاس جو زمین سے پیدا ہوتی ہی - اور نام ایک جانور کا
جسکو سبزک کہتے ہین - حافظ رسید مژدہ کہ آمد بہار و سبزہ دمید
وظیفہ گر برسد مصرفش گل ست و نبید-

سبزینہ - معشوق سبزہ رنگ سانولا محبوب طغرا - بہار من بت سبزینہ
شگفتہ رخسست + مرا جزین نبود در جہان گمان بہار +

سپاہ - لشکر فوج بادشاہی - نظامی جہاندار کین زور بازو شنید +
سپہ را زارمن بہ بابل کشید +

سپیدہ - مشہور چیز ہی جسکو سفیداج بھی کہتے ہین - نزاری قہستانی
صبا سفیدہ و بلغونہ کرد بر گل سیب + بنفشہ بر زدہ سر پیچ سبزہ از لب جو +

سبغانہ - بغین معجمہ وضم اول آدمی دراز قد و بلند بالا +

سبغانہ - بفتح اول وغین معجمہ زر بیعانہ جو کسی خرید و فروخت مین پیشگی دیا جاسے

سبورہ - حیز و مخنث یعنی ہیجڑا-

سبوسہ - ریزہ لکڑی کا جو لکڑی سے آرہ چلانے کے وقت گرتا ہی
اور پوست غلہ کا جو آٹا چھاننے سے نکلتا ہی-

سپارہ - بفتح اول وہ پتھر جسپر استرہ اور چھری وغیرہ تیز کرتے ہین-

سپاوہ - بکسر اول شان وشوکت و فروشکوہ و انبوہ لشکر-

سبکی - کم وزنی و بیقدری وبیعزتی-

سباعی - ایک قسم کے شعر کا نام ہی جسکے فی بند سات مصرعے ہوتے ہین-

سبع المثانی - سورہ فاتحہ جسکی مع بسم اللہ سات آیتین ہین-

سبزی - ساگ پات ترہ وبقلہ مثل پالک میتھی کرنب پیاز اور مولی وغیرہ
ے ندارم چشم بر احسان مردم باز چون نرگس + قناعت میکنم با سبزی
و پان و پیاز امروز +

سپیدی - سپید ہونا اور نام ایک بیماریکا جس سے آنکھونکی سیاہی پر
سفیدی آجاتی ہی - صائب نشست از اسیاسے چرخ گرد شیب بر رویم
سپیدی میکند راہ عدم از ہر سر مویم-

سپاری - مشہور چیز ہی جسکو عربی مین فوفل کہتے ہین اور ہندوستانی
اسکو کتر کر پان کے ساتھ کھاتے ہین - خورم لاہوری پان کھا کر قتل پر
بیڑا اٹھایا شوخ نے + رنگ ہی خورم تو کروسے جانسپاری اندنون-

سپری - آخر ہوا ہوا - تمام ہوا ہوا - طے کیا ہوا-

سین یا تا سے

سَتا - بفتح اول ژندی زبان مین نام کتاب تفسیر ژند پاژند مصنفہ زردشت جسکو استا بھی کہتے ہین یہ کتاب آتش پرستی کے احکام مین لکھی گئی تھی اور آتش پرست اسکا کمال ادب کرتے تھے۔

سِتا - بکسر اول شامیانہ و سائبان و چادر اور نام ایک لحن کا موسیقی مین اور نام ایک ساز جسکے تین تارین ہوتے ہین اور تین پیالے شراب کے جو نہار پیے جائین۔ اور مخفف ستاد جسکے معنی توقف و اقامت کے ہین میر خسرو ہند زان ترکتازہ ہیچ بادش + بحز در حد ترکستان ستادش +

سترسا - ژندی زبان مین حس کو کہتے ہین جسکی جمع حواس ہے۔

سترکا - زیتون کا گوند جو گرم و خشک ہے۔

ستہا - ژندی زبان مین عالم و دنیا اور زمانہ جو گذرتا ہے۔ ستیا بھی اسی کو کہتے ہین۔

ستنبج - دو تین غلہ جو آپس مین ملے ہوئے ہون۔ ہندی مین اسکو کھچڑی کہتے ہین۔

ستنبخ - خرمن غلہ کا جو ابھی بھوسہ اسکا نہ نکالا گیا ہو اور سامان و خرخرہ ہر چیز کا۔ اور حلقہ چوبی جو ہل چلانے کے وقت بیلون کے گلے مین پہنایا جاتا ہے۔

ستیج - پہاڑ کی چوٹی اور ستون جو سیدھا کھڑا ہو اور ہر ایک چیز بلند و راست

ستاخ - درخت کی شاخ جو پتلی اور نازک ہو اور مطلق شاخ۔

ستد - بکسر اول و فتح ثانی گرفت یعنی لیا۔ واضح ہو کہ دال ساکن ماقبل مفتوح جو علامت مضارع کی ہے سوا اس صیغہ ماضی مین کسی ماضی مین نہین ہے۔ میرزا طاہر وحید درین بارگہ بے گواہ و سند بود گرم بازار داد و ستد۔

ستاوند - چوتھا حرف واو بڑا صفہ بلند اور بڑا دیوانخانہ کچھ بڑا مکان اور بالاخانہ۔

ستور - بضمتین چارپایہ گاے اونٹ گھوڑا۔ ذوقی باشد ار پابند در فکر شکم + پس چہ فرق اندر ستور و آدمی ست +

ستبر - بکسر اول و فتح ثانی گندہ موٹا غلیظ گاڑھا سطبر معرب اسکا ہے

ستخر - بکسر اول و فتح ثانی تالاب حوض وغیرہ جسمین پانی بھرا ہو۔

ستر - بفتح اول مخفف استار چھپی ہوئی چیزین۔

ستر - بکسر تین پندرہ مثقال کا وزن۔

ستر - پردہ حجاب اور چھپانا۔

سَتَر - بفتحتین فارسی مین مخفف استر جسکو خچر کہتے ہین مشہور چوپایہ ہے۔

ستار - پردہ پوش عیب چھپانے والا یہ نام خدا سے جل جلالہ کا ہے تو حقیقی توستاری توغفاری تو دلداری تو غمخواری + عطاپاشی خطاپوشی کرم گستر کرمفرما توئی حاضر بہر محضر توئی ناظر بہر منظر + توئی ساکن بہر مسکن توئی قائم بہر ماوا +

سِتار - بکسر اول نام ایک ساز کا ہے۔

ستوار - امین و معتمد و مضبوط و محکم مخفف استوار۔

ستوشر - پہلوی زبان مین عطسہ یعنی چھینک۔

ستیر - ایک سیر یعنی چالیسوان حصہ من تبریزی سے جو پندرہ مثقال ہوتا ہے اور ہر ایک من چھ سو مثقال۔

ستیز - جنگ و خصومت و خشم و ناسازگاری لڑائی فساد۔ نظامی خردمند آن نیست کز راہ تیز + کند با خداوند قوت ستیز۔

ستایش - بکسر اول ثنا و مدح و دعا و شکر نعمت تعریف کرنا سراہنا جیسے نظامی۔ ستایندگان جملہ در بارگاہ + ستایش گرفتند بر بزم شاہ۔

ستیہش - ستیزہ جنگ لڑائی۔

ستاغ - عقیمہ یعنی بانجھ عورت اور گھوڑی اور شتر مادہ جو بہت دودھ دیتی ہو اور وہ گھوڑا جسپر ہنوز زین نہ رکھا گیا ہو اور شاخ گاو و گوسپند۔

ستغ - لڑائی جنگ خشم خصومت ہر چیز بلند و راست و قلعہ و حصار۔

ستاک - شاخ نورستہ و نازک پتلی شاخ درخت کی۔ علی خراسانی پروردہ سرچشمہ فیض ست چو طوبی + آن طفل طرب زا کہ بر دوش ستاک ست۔

ستگ - بزرگ اور بڑا ذی رتبہ۔

سترنگ - اصلی نام بازی شطرنج کا ہے معرب اسکا شطرنج ہے۔

سترک - مفلس و نادار و متفکر و خشمناک آدمی۔

ستل - بکسر اول و فتح ثانی تالاب اور حوض۔

ستل - بفتح اول و ثانی مارنا اور تکلیف دینا۔

ستام - نام ایک زیور کا ہے جو گھوڑے کو پہناتے ہین۔

ستم - ظلم ناانصافی جور و تعدی سعدی آنرا کہ بجای تست ہر دم کرمی عذرش بنہ ار کند بعمرے ستمی۔

ستیم - خون و ریم و چرک جو زخم سے نکلتا ہے اور وہ مواد جو پھوڑے مین ہو اور بغیر نشتر کے نہ نکلے اور زر خریدہ کنیز اور خادمہ۔

ستارزن - ستار بجانے والا جو ایک ساز مشہور ہے۔

سترون - عقیمہ عورت یعنی بانجھ اور بے اولاد عورت۔

ستون - مشہور لفظ ہے عربی مین اسکو عماد اور رکن کہتے ہین۔

ستان - بکسر اول مخفف استان یعنی دہلیز و مقام نہ جیسے گلستان

دبوستان وبمعنی جا ومقام جیسے کہ شبستان وادبستان علی ہذالقیاس
اور وہ شخص جو پیٹھ پر سویا ہوا ہو جسکو ہندی مین چت کہتے ہین۔
ستو۔ کھوٹا سونا اور ملمع کی ہوئی چیز جو اندر سے تانبا ہو اور اوپر سونا
یا چاندی کا ملمع ہو۔
ستودہ۔ صفت کیا گیا۔ سراہا گیا۔
ستوہ۔ تنگ ودرماندہ وملول وعاجز۔ ؎ جواز جنگ ہردو ستوہ
آمدند ✽ بصلح وصفا ہم گروہ آمدند۔
ستبنہ۔ بکسر سین وفتح تا وسکون نون وباے موحدہ صورت
مکروہ جسکے دیکھنے سے خوف معلوم ہو اور نام دیو کا جو خواب مین ڈراتا ہے۔
ستارہ۔ بخت وطالع وقسمت اور وہ آسمانی جرم جسکو کوکب کہتے ہین
اور کلس جو گنبدون پر لگائے جاتے ہین اور نام ایک ساز کا ستار کے مانند
ہو وسے جو آفتاب مراگر ستارہ ✽ مید اشتم براے تو راہ نظارہ۔
ستیزہ۔ لڑائی اور فساد اور ہنگامہ۔ صائب عزم ستیزہ باول
افکار میکنی ✽ با لشکر شکستہ چہ پیکار میکنی ✽
ستوقہ۔ کھوٹا درہم ودینار۔ کھوٹا روپیہ۔
ستّہ۔ بتشدید تا ششش یعنی چھ عدد ین۔
ستہ۔ بغیر تشدید تا فارسی مین کھوٹا روپیہ۔ ستوقہ اسکا معرب ہے۔
ستادہ۔ مکر وفریب وحیلہ وبہانہ
ستخسبہ۔ غربال یعنی چلنی جس سے آٹا چھانتے ہین اور عربی مین
اسکو پالہان کہتے ہین۔
سترہ۔ مخفف استرہ جس سے بال مونڈتے ہین عربی مین اسکو
موسی کہتے ہین۔
ستوسہ۔ عطسہ یعنی چھینک۔
ستیہہ۔ ضعیف ورنجور وناتوان وملول وعاجز۔
ستہ۔ بفتحین باسی کھانا۔ نان شبینہ اور انگور جسکو عربی مین عنب کہتے ہین
ستیرہ۔ جولاہون کے کام کا رشتا جو کام کی مقدار سے زیادہ ہو اور
زیادہ حصہ کو وہ لپیٹ کر زمین پر رکھ دین۔
ستی۔ بفتح اول ویاے معروف فولاد اور لوہا اور نیزہ وسنان
اور عورت عفیفہ جسنے سواے اپنے دوسرے مرد کی صورت نہ دیکھی ہو
اور ہندوستان مین ستی اُس عورت کا نام ہے جو اپنے خاوند مردہ کی نعش
کے ساتھ زندہ جلجائے۔ صائب ہمچو ہندو زن کسی در عاشقی مردانہ
نیست ✽ سوختن بر شمع مردہ کار ہر پروانہ نیست میر خسرو خسروا در
عشقبازی کم ز ہندو زن مباش ✽ کز براے مردہ سوزد زندہ جان خویش را

ستارہ یمانی سہیل ستارے کا نام ہے اسکے طلوع سے برسات کا
پانی جو جا بجا ہوتا ہے خشک ہو جاتا ہے ولدالزنا یعنی حشرات الارض
جو ہزارون قسم کے کیڑے برسات مین پیدا ہوتے ہین سب مرجاتے
ہین اور یم بلغار خوشبو وخوش رنگ ہو جاتی ہے گھوڑے موٹے
ہو جاتے ہین ابو الفضل ولدالزنا ست حاسد منم آنکہ طالع من ✽
ولدالزنا کش آمد چو ستارہ یمانی۔

سین با جیم

سجا۔ کتاب کا دیباچہ اور خط کا عنوان۔
سجایا۔ خوئین عادتین خصلتین سعدی کریم السجایا جمیل الشیم
نبی الورا یا شفیع الامم۔
سجیات۔ بہت سی خصلتین اور عادتین۔
سجدات۔ بہت سے سجدے۔
سج۔ بفتح اول رخ ورخسارہ اور چہرہ آدمی کا۔
سج۔ بضم اول سرین ومحفل گاہ چوتڑ ومقعد۔
سج۔ عربی مین دیوار کو کہگل کرنا۔ اور نرم ہونا کسی چیز غلیظ کا۔
سجاوند۔ نام ایک قصبہ کا کابل کے علاقہ مین اور نام ایک موضع کا
خواف خطہ خراسان مین جس جگہہ مصنف کتاب سجاوندی رہتا تھا اور
نام ایک پہاڑ کا سیستان مین۔
سجود۔ بکسر اول عجز وفروتنی کرنا اور سر زمین پر رکھنا۔ سعدی گراہ
حی پرو پیش آتش سجود ✽ تو وا لیس چرا می بری دست جود وسنجر کاشی
ہر بو الہوس نہ محرم راز کہن شود ✽ نی ہر کہ بت سجود کند برہمن شود۔
سجد۔ سخت سردی اور موسم سردی کا۔
سجاد۔ سجدہ کرنے والا زمین پر سر رکھنے والا۔
سجلد۔ یونانی زبان مین چمپلی کو کہتے ہین جو مشہور پھول ہے سفید ہوا کرتا ہے
سجع۔ جانورون کی آواز مثل بلبل وقمری وطوطی وغیرہ نیز وہ لفظ جو کہ
فقرہ نثر مین واقع ہو اور مناسب اسکے دوسرے فقرہ مین بھی لکھا جائے سعدی
رو نغمہ ما بہر ما سلسال ✽ ور خط سجع طیر ما موزون۔
سجف۔ پردہ اور پردہ ڈالنا۔
سجاف۔ وہ حاشیہ جو کپڑون پر سیا جاے چادر وقبا وغیرہ کو اور جو لوگ
اس لفظ مین نون زیادہ کرکے سنجاف کہتے ہین غلطی پر ہین۔ زلالی
سجاف دامنش چاک دل چاک ✽ گریبانش شگاف کنج افلاک۔
سجک۔ فواق یعنی ہچکی جو آدمی کو آنے لگجاتی ہے۔
سجیل۔ بکسر اول وتشدید جیم کنکر جو مٹی سے نکلتا ہے ؎ یوں اصحاب پیل شد مقتول ابابیل

در دو ساعت بقربت سجّیل۔

سِجِل۔ بکسر اول و دوم وہ کاغذ جسپر مہر و دستخط قاضی کے ہون سعدی
چو قاضی بفکرت نویسد سجل ٭ نگردد ز دستار بندان خجل۔

سِجَال۔ جمع سجل بہت سے کاغذ جنپر قاضی کی مہر ہو مثل فتوی و بیعنامہ وغیرہ
سَجْل۔ بفتح اول و سکون دوم ڈول کلان بڑا ڈول یا چرسا جسکے ذریعہ
سے کنوئین سے پانی نکالین۔

سجنجل۔ رومی زبان آئینہ منھ دیکھنے کا۔

سیچقان ئیل۔ پہلا سال ترکون کے بارہ سالون مین سے جو انھون
نے مقرر کیے ہین۔

سِجِّین۔ قیدخانہ اور سزا کا مقام۔

سیچقان۔ ترکی مین موش یعنی چوہا۔

سِجن۔ بکسر اول زندان یعنی قیدخانہ جسمین قیدی رکھے جائین۔

سَجن۔ بفتح اول سردی و سرما اور سردیکا موسم سجد کے بھی یہی معنے ہین۔

سَجَّادَہ۔ جانماز جسپر نماز پڑھتے ہین صائب مدتے سجادۂ تقوی سے
بدوش انداختی ٭ روزگارے ہم سبو بردوش میباید گرفت۔

سِجدَہ۔ بکسر و بفتح اول عاجزی کرنا اور سر زمین پر رکھنا میر معزی
ستارہ سجدہ کند طلعت منیر ترا ٭ زمانہ بوسہ دہد پایہ سریر ترا ٭ صفدر فوقانی
خاک شو تا بر فلک قائم شوی مثل غبار ٭ سجدہ کن تا مرترا براوج علیین برند ٭

سَجیَّہ۔ خصلت خو عادت سُبھاؤ۔

سجاوندی۔ علم قرات قرآن مین ایک کتاب ہی۔

سین با حای

سَحاب۔ ابر یعنی بادل جس سے مینھ برستا ہی۔ توحید لاشریک وبیہمال و
لایزال ٭ ذات پاک تست اے عالی جناب ٭ گرچہ پنہانی تو از دیدہ
مگر ٭ ظاہری از ہر حجاب و ہر نقاب ٭ گاہ از ذرہ شوی پرتو فگن ٭ گاہ
روشن میشوی از آفتاب ٭ گاہ مثل برق ای پردہ نشین ٭ مینمائی
روی روشن از سحاب ٭

سحج۔ چھیلنا پوست اُتارنا اور خارش کی بیماری۔

سُحُوج۔ چھیلا جانا۔

سَحُور۔ وہ کھانا جو ماہ رمضان مین روزہ دار سحرگہی کو کھائین۔

سَحَر۔ صبح ہونے سے پہلے جب روزہ دار طعام کھاتے ہین یا قمر کاشی
سحر بیاد تو خون جگر خورم تا صبح ٭ کہ روزہ دارم و سنت بود سحر خوردن ٭

سِحر۔ بکسر اول جادو و افسون عرفی منم آن سحر بیان کزمد تسبیح
سلیم ٭ نبرد ناطقہ نام سخنم بے تعظیم۔

سَحِیلَس۔ سریانی مین ایک خوشبودار گھاس کا نام ہی جسکو پارسی مین
خلال ماموی اور عربی مین اذخر کہتے ہین۔

سَحْق۔ گھسنا اور پیسنا باریک کرنا۔

سَحِیق۔ وہ چیز جو پیس گئی ہو۔

سحبان وائل۔ ایک شخص فصیح و بلیغ کا نام ہی جسکا نام سحبان تھا
اور اُسکے باپ کا نام وائل۔

سَحِیل۔ رشتہ یعنی تاگا۔

سحبان۔ نام ایک شخص فصیح و بلیغ کا ہی۔ سعدی نتوان در بلاغت
بسحبان رسید ٭ نہ در کُنہ بیچون سبحان رسید ٭

سَحَرَہ۔ ساحران بہت سے جادوگر۔

سَحنَہ۔ شکل اور مُنھ اور چہرہ۔

سحرگاہ۔ صبح سے پہلا وقت صائب آدمی پیر چو شد حرص جوان
میگردد ٭ خواب در وقت سحرگاہ گران میگردد۔

سَحَاہی۔ قدیم زمانہ مین خط کو لفافہ مین ڈالکر بھیجنا مروج نہ تھا فقط
خط پر ایک مضبوط رشتہ باندھ دیتے تھے اسکا نام سحائی تھا۔

سحابی۔ ایک شاعر کا تخلص ہی۔

سین با خای

سخت سا۔ نام ایک کُشتی کے داؤ کا جسکو گھسّا کہتے ہین۔

سخا۔ سخاوت بخشش مہربانی جوانمردی مؤلف وقت حاجت
بندگان رابس توئی حاجت روا ٭ اے سحاب لطف ابر رحمت وکان سخا
سخافت۔ تنگی و سُبکی مقابل سنگینی کے وکم ظرفی و بیعقلی۔

سخرت۔ مسخری کرنا ہنسی کرنا۔

سُخُونت۔ گرمی اور گرم ہونا۔

سَخْت۔ درشت و ناملائم یعنی کڑا بخیل و مسک اور کثیر و بسیار یعنی
بہت اور وزن کرنا۔ صائب بروے سخت نتوان گفتگو سے دلنشین
کردن ٭ بہمواری تلاش نام باید چون نگین کردن نظامی سریر و سلار دیہیم
و تاج و تخت ٭ نہ چندانکہ آنرا تواند سخت ٭

سَخَاوَت۔ بخشش کرنا۔ جوانمردی کرنا سعدی مشو تا توان از سخاوت
بری ٭ کہ گوی بہی از سخاوت بری ٭

سخلات۔ جبلی کے پھول سفید ہون یا زرد یا کبود۔

سخج۔ ایک بیماری کا نام ہی جسکو ضیق النفس کہتے ہین۔

سَخ۔ بدن اور کپڑے کا میل۔

سخاخ۔ نرم زمین لائق زراعت۔

سَنجِیر- ایک دوا کا نام ہی-
سَنجِینُوس- انوخر جو مشہور گھاس ہی-
سَنجَش- پُرانا کپڑا اور پوستین اور ٹوپی وغیرہ-
سَنجُوط- نکرہ وزبون-
سَنخَط- بفتحتین غصہ وغضب وخشم-
سُنخط- بضم اول قبر یعنی گور-
سخف- بفتح اول سُبک ہونا کم ظرف ہونا-
سَخِیف- تنگ وسُبک وتنگ ظرف اور کپڑا جو گاڑھا بُنا ہوا ہو-
سَخِین- گرم پانی اور ہر ایک چیز جو گرم ہو-
سُختن- وزن کرنا تولنا-
سَخُون- سخن وکلام بات چیت-
سخن- بفتحتین وبضمتین کلام بات چیت گفتگو شعر وکلام موزون ہی
بنام جہاندار جان آفرین ٭ حکیمی سخن برزبان آفرین-
سخنو- چرب زودہ-
سختہ- تولا ہوا وزن کیا ہوا-
سختانہ- سخت ودرشت-
سخرہ- زبون وزبردست وبیکار آدمی مفت کام کرنیوالا مسخری کرنیوالا
سختی- درشتی کرختی کڑاپن-
سخی- سخاوت کرنے والا جوانمرد بخشش کرنے والا-

سین با دال

سُداب- ایک گھاس کا نام ہی جو پودینہ کی طرح ہوتی ہی-
سداو- بفتح اول راستی ودرستی کردار وگفتار مین-
سُداو- بضم اول ایک بیماری کا نام ہی-
سَد- دیوار بنانا بند کرنا حائل اور مانع ہونا ایک چیز کا دو چیزون
مین صائب بھر بنا مشی سد ودکردم رخنہ دل ٭ کاین سد بہر کہ
برشد وسکندر بیتواند شد-
سدید- راست ودرست ومحکم واستوار-
سدیر- نام اُس عالیشان محل کا جو نعمان بن منذر نے بہرام گور
کے واسطے بنایا تھا-
سَدِر- بفتح اول وکسر دال حیران جسکی آنکھین حیرت سو کھلی رہجائین
سَدَر- بفتحتین تیرگی آنکھونکی گرانی اور گردش سرکی-
سِدر- بکسر اول وسکون دال درخت کنار یعنی بیری کا درخت
سُدُس- بضمتین وضم اول چھٹا حصہ ہر چیز کا-

سدیس- گاے اور بکری اور گھوڑا پانچ برس کا اور اونٹ آٹھ برس کا-
سدکیس- قوس قزح جو ایک رنگین کمان ابر مین مقابل آفتاب کے
نمودار ہوتی ہی-
سدوس- نیل جو مشہور چیز ہی اور اس سے سیاہ کپڑے رنگتے ہین-
سُداس- مژگان یعنی پلکین آنکھون کی-
سدق- ترکی زبان مین ترکش کو کہتے ہین جسمین تیر رکھے جاتے ہین
خصوصًا وہ ترکش جسمین ہر ایک تیر کے واسطے الگ خانہ بنا ہوا ہوتا ہی-
خان خالص- خالص دل من صید تیر شد کہ زشوخی ٭ از بال پری بر
کرد وسدقے داشت-
سَدُوم- شہر لوط کے قاضی کا نام ہی جسنے فتوی لواطت کے جواز کا
دیا تھا اور ہر ایک حاکم جو ظالم ہو اور نام ایک قریہ کا قوم لوط کے قریون سے
سدکام- نہایت ضرورت اور ناچاری کی حالت مین کسی سے کچھ مانگنا-
سدیو- نام ایک دیو کا جو مکر وفریب سے انگشتری سلیمان علیہ السلام
کی اپنے قبضہ مین لاکر انکی جگہ فرمان فرماے سلطنت ہوا-
سَدَہ- فارسی مین آتش پرستونکا ایک جشن کا نام ہی جو ماہ بہمن کی
دسوین تاریخ ہوتا ہی- اور نام ایک درخت کا جو ایران اور توران مین بڑا
درخت ہوتا ہی- پانچ چھ آدمی ملکر اگر اُسکی اصل کو کلاوہ مین لین تو نہ اُسکے
اُسکے سایہ کے نیچے دو سو آدمی تک آرام پاسکتے ہین پتے ایسے گنجان
ہین کہ بارش کا پانی اُس سے گذر نہین سکتا- بلندی اور چوڑائی مین یہ درخت
اپنا ثانی نہین رکھتا اس درخت پر قدرتی خریطے پائے جاتے ہین جو مچھرون
سے بھرے ہوے ہوتے ہین اور بہار کی موسم مین پانی اُسکی شاخون
سے نکلتا اور جم جاتا ہی وہ گوند کی جگہ سیاہی مین ڈالا جاتا ہی- لیتہ غالبًا ہی
اس درخت کا نام ہی عربی مین شجرۃ البق اسکو بولتے ہین اور نام ایک قریہ
کا نواح اصفہان مین اور نام اُس جشن کا جو سب سے پہلے کیومرث نے کیا جب
اسکے گھر ایک سو لڑکی لڑکا ہو چکے تو اُسنے یہ جشن کرکے ایک رات مین
اُن سب کی شادی کی-
سُدَّہ- عربی مین بضم اول وتشدید ثانی دہلیز دروازہ اور وہ گرہ جو انسان
کے رودون مین پڑجاے- پاخانہ بند ہو یا پیچش شروع ہو-
سَدَنہ- بفتح سین ودال ونون بہت سے دربان وخادم وملازم-
سِدرَہ- وہ درخت بیری کا جو ساتون آسمانون کے اوپر ہی اور جبریل
علیہ السلام اسی درخت تک جاسکتا ہی آگے نہین بڑھ سکتا-
سدانیہ- بلخ کے نواح مین ایک گانون ہی قدیم زمانہ مین آجکلہ بڑا آتشخانہ
تھا اور آتشخانہ کے مالک کو برمک کہتے تھے جسکے معنی متولی کے ہین-

سدابی - ایک گھاس کا نام ہی -

سین بارای

سرا - سرود کرنے والا گانے والا اور گھر اور مکان -

سَرّا - عربی مین نرمی و راحت و خوشدلی اور فراخی اور دولتمندی -

سَرّا و ضَرّا - رنج و راحت شادی و غمی شعر تو سلطانی تو رحمانی تو منانی تو سبحانی * خبر گیر غریبانی چہ در سرّا چہ در ضرّا -

سراپا - سیدھا راست جسمین کجی نہو - میر یحیی شیرازی سراپا راست این رہ تا نگردون * رہ تعریف بخشش طی کنم چون *

سراپا - تمام سر سے پانون تک بالکل اور خلعت جو کسیکو پہنایا جاے نورالدین ظہوری بمیدان نظارہ گردم خورد * نگہ را سراپاے پر ہم خورد * محمد حسین شہرت - باندام لباس سوختن از بسکہ می زیبد چو شمع از تار و پود شعلہ پوشیدم سراپا ے -

سر گردا - یہ ایک بیماری ہی جس سے انسان کا سر پھرتا ہی - جب بیٹھا ہوا اُٹھے تو آنکھون مین اندھیری آجاے عربی مین اسکو دوار کہتے ہین -

سر بہا - خونبہا جو قاتل سے وارثان مقتول لیتے ہین -

سرنا - ایک ساز کا نام ہی جو شاہی نقارخانون مین بجایا جاتا ہی -

سروا - بات چیت شعر سخن کلام -

سرما - سردی کا موسم مؤلف چرا مستغرق فکر خود و پوشش نبود نادان بہر سرما و گرما -

سراب - شور زمین جو دور سے پانی کی طرح چمکتی ہوئی نظر آوی میرزا رضی دانش - موج آب زندگی برق سرابے بیش نیست * پا منہ از راہ بیرون خضر گر رہبر شود *

سرخاب - نام ایک جانور کا ہی جو پانی کے کنارے پر اُترتا نظر آتا ہی وجہ تسمیہ یہ ہی کہ اسکی مادہ کو بخلاف اور پرندون کے ہر مہینے حیض کا خون آتا ہی - اور نام ایک فن کا فنون کشتی مین سے - اور گلگونہ جو معشوق چہرہ پر ملتے ہین اور سرخ رنگ شراب - اور نام ایک نہر کا نواح کابل مین - اور نام ایک پہاڑ کا تبریز کے علاقہ مین اور نام ایک کتاب کا رمل کے علم مین - اور نام رستم کے لڑکے کا جسکو سہراب بھی کہتے تھے محمد سعید اشرف شنشہ جور و سوی کابل کند * سرخاب خون صد دو گل کند * ولہ ز اشکش دیدہ الوندیر آب * ز تیغش خفتہ در خون کوہ سرخاب سلیمان ساوجی تراب سرخ می افتادہ است زال خرد * چہ جاے زال کہ رستم بیفتد از سرخاب *

سرکوب - وہ عمارت جو دوسری عمارت پر غلبہ رکھتی ہو جیسا کہ دمدمہ جو قلعہ کے باہر بنایا جاے اور اُسکا گولہ قلعہ کے اندر جا کر پڑے - طالب کلیم - نخستین قلعہ آن سرکوب افلاک * کہ بالا بردہ ام عالم خاک *

سُرب - بضم اول و ثانی سیسا جسکی بندوق کی گولیان بناتے ہین اور یہ ایک قدرتی اور کانی دھات ہی

سرداب - سرد خانہ جو زمین مین بنایا جاے تاکہ گرمیون کی موسم مین اُس سے فائدہ اُٹھایا جاے -

سراندیپ - مشہور جزیرہ اور پہاڑ ہی جس جگہ آدم علیہ السلام بہشت سے نکلکر آیا اور مقام کیا آدم علیہ السلام کے قدم کا نقش اُس پہاڑ مین موجود ہی قبر بھی حضرت آدم کی وہان ہی ہی ایک شہر بھی اُس جزیرہ مین ہی اُسکو بھی سرندیپ کہتے ہین اس زمانہ مین اس جزیرہ کو سیلان و سیلون کہتے ہین اور ہند کے ملک سے جنوب کی سمت واقع ہی سنگلدیپ بھی اُسکو کہتے ہین -

سُروب - ہندی زبان مین کلام و گفتگو بات چیت -

سریرت - راز کی بات - بھید کی بات پوشیدہ بات پردہ کی بات و خصلت و طبیعت -

سُرعت - تیزی کرنا اور جلد کرنا کام کا -

سُرادقات - سراپردے خیمے پردے -

سرشت - ایک چیز دوسری چیز مین ملی ہوئی مٹی اور پانی آپس مین ملی ہوئے آٹا پانی مین گوندھا ہوا خلقت آفرینش طینت سعدی بنی آدم سرشت از خاک دارد * اگر خاکی نباشد آدمی نیست -

سرایت - اثر کرنا تاثیر کرنا -

سَرقت - چوری کرنا -

سُرخ پشت - ایک پرندے کا نام ہی - میر خسرو - تیر کی تعریف مین گاہ پریدن چو نقاب در شت * کردہ زغن کرگس خود سرخ پشت -

سرآنت - ایک پہاڑ ہمین کے ملک مین ہی -

سُرخ بت - یہ دو بڑے بت مشہور نامیان مضافات کابل مین بدخشان مین پتھر کے بنے ہوئے ہین بلندی انکی بادن گز اندر سے پولے لوگ زینہ سے نردبان اندر جا کر دیکھ آتے ہین یغوث و یعوق اُنکے نام ہین بعض انکو لات منات کہتے ہین -

سرگذشت - وہ حالت جو اپنے اوپر گذر چکی ہو -

سرنوشت - مقسوم قسمت طالع نصیب -

سرمست - بیہوش شراب پیے ہوے -

سر پیچ - نیند کی حالت مین اونگھنا - سیر نجات زندگی راز فراقت

ہیچ میسد انیم ما + مرگ را در شام غم سیپچ میدانیم ما-
سراج - چراغ و آفتاب عالمتاب - نعتیہ از مولف - ز آب فیض
سحاب و نیت ہمیشہ سرسبز باغ دنیا + ز نور روی تو پرتو افگن سراج
دین و چراغ دنیا +
سرّاج - بفتح اول و تشدید راے زین بنانے والا اور زین بیچنے والا
سرج - بفتح اول وہ زین جو گھوڑے پر باندھین-
سرج - بفتح اول و ثانی خیمہ کی جھالر انوری - صدرالدین انوری تا خیام سرج
راشود سرج پیچون ستون + تا طناب سرج را شود گرد چون نکہ تاب +
سراغوج - گیسو پوش عورتون کا-
سرنج - کاسہ چوبین لکڑی کا پیالہ-
سرنج - ایک دوا ہی جسکو اسفناج رومی کہتے ہین صحرائی کو اگر
جوش دیکر حاملہ عورت کو پلائین بچہ فی الفور گر جاے عربی مین اسکو سرق کہتے ہین
سرنج - جھانجھ جسکو بجاتے ہین-
سروج - ایک جنگل کا نام ہی جو کرمان کے علاقہ مین ہی-
سرخ - بفتح سین و سکون راے و حاے مہملہ موقوف چارپایہ چرنے والا
اور چرنا اور چرنے پر چھوڑنا جانور کا اور بلند درخت اور آسانی -
سرلوح - کتاب کے پہلے ورق کے سر پر جو نقش لکھے جاتے ہین
سرخ - مشہور رنگ ہی اور نام ایک چھوٹی سی چڑیا کا جو نہایت سرخ
ہوتی ہی ہندی مین اسکو لال بھی کہتے ہین جو ترجمہ سرخ کا ہی حافظ رنگ
تزویر پیش ما نبود + شیر سرخیم و افعی سیہیم
سرمد - ہمیشہ اور دائم اور نام ایک بزرگ ولی کا جو مجذوبی کیحالت
مین بسبب کہنے کلمہ ہمہ اوست کے اورنگ زیب عالمگیر کے حکم اور علما کے
فتوی سے قتل ہوا - یہ رباعی اسکے تصانیف سے ہی - رباعی سرمد غم عشق
بوالہوس را ندہند + سوز دل پروانہ مگس را ندہند + عمرے باید کہ
یار آید بکنار + این دولت سرمد ہمہ کس را ندہند +
سرود - نغمہ و سماع یعنی راگ حضرت فوقانی بجمع اہل محبت
سرود بخشد جان + سماع مردہ دلانرا ہمیشہ زندہ کند-
سرد - مقابل گرم کے مشہور لفظ ہی مولف شد نہ سرد این آتش سوز
درون + از دو چشم اشکبار و آہ سرد +
سرخ بید - ایک قسم بید کے درخت کا -
سربند - عصابہ جو عورتین سر پر رکھتی ہین شفیع اثر - این سربند
کہ در دست ناشکست افتادہ است + کے تبسی مومیائی میکند از کف رہا +
سرحد - حد فاصل دو زمینون مین کوئی نہر ہو یا پہاڑ یا کوئی اور
نشان جو دونون مین حائل ہو عبد اللہ ہاتفی ظفر قدار سرحد نگہبان
راہ + گریزان ہمہ جانب تختگاہ +
سرہند - یہ عالیشان شہر صوبہ نشین اسلام کی سلطنت
کے وقت ہند مین تھا بڑے بڑے علما و فضلا و مشائخ و امرا وہان
رہتے تھے چونکہ ہند کے ملک کی ابتدا اسی سے تھی اور پنجاب کے
ملک کا خاتمہ اسپر تھا سرہند اسکا نام رکھا گیا تھا گرو گوبند سنگھ کے
فرزند اس شہر مین زین خان صوبہ کے حکم سے قتل ہوئے اس سبب سے
سکھون کی قوم اسکی سخت دشمن ہو گئی اور انھون نے بار بار اسکو
لوٹ کر اور رعایا کو قتل کرکے اجاڑ دیا اب بحیثیت ایک گانون کے
رہ گیا ہی اور امام ربانی مجدد الف ثانی پیر شیخ احمد فاروقی سرہندی
قدس سرہ اسی شہر مین رہتے تھے اب بھی انکا روضہ مقدس وہان ہی-
قطعہ از مولف - شیخ احمد ولی مجدد دین + شاہ فرخ لقاے
سرہندی + برتر از برتران عالم بود + پیش حق پیشواے سرہندی +
سرورد - مشہور لفظ ہی عربی مین اسکو صداع کہتے ہین حضرت فوقانی
بدرد دل آنکس کہ شد مبتلا + نہ دید ست از دیدہ روے شفا + کہ از
سوزش سینہ سر درد کرد + گہ از ناتوانی کمر درد کرد +
سراد - وہ سرکہ جو کھجور سے بنایا جاے -
سراوند - چوتھا حرف واو ژندی زبان مین وہ رنگ جو زرد ہو-
سرساد - ایک گھاس ہی جسکے پتے ہاتھ کی انگلیون کی طرح ہوتے
ہین فارسی مین اسکو پنج انگشت اور عربی مین ذو خمسہ کہتے ہین-
سرلاد - سر دیوار منڈیر-
سرند - عشق پیچہ جو بیل مشہور ہی اور نام ایک فن کا فنون
کشتی سے-
سر - وہ راز جسکا پوشیدہ رکھنا ضرور ہو علی نقی کمرہ - گوش جام
صدفت گوہر اسرار شود + از سر حقہ سر مہر و نشان برخیزد +
سر - مشہور لفظ ہی عربی مین اسکو راس کہتے ہین - ہر چیز کی
بلندی اور ابتدا چنانچہ سر ہفتہ و سر ماہ و سر سال اور میل و خواہش
سعدی سر سرفرازان گردن فراز + بدرگاہ او بر زمین نیاز + میر خسرو
روزن ہر گوش پر از بانگ رود + گنبد سر پر ز صداے سرود -
سربدار - یہ ایک خاندان بادشاہی تھا اور زمانہ انکی سلطنت کا
سلطان ابو سعید بن کنجا سو خان کی وفات کے بعد ہوا تاریخ مین اسکا
مفصل حال ہی محمد قلی سلیم زدہ خیمہ بطرف جو سرداران +
کند ہیچون سپاہ سربداران +

سردفتر - دیوان و مقدمہ و افسر دفتر کا۔ شعر سردفتر آیت نکوئی
شاہنشہ ملک خوبروئی + صائب - صائب این تازہ غزل گر
قلمت رنجیدہ است + جاے آنست کہ سردفتر دیوان باشد -
سرشار - وہ چیز جو سر سے گرتی ہو یعنی حد سے زیادہ چنانچہ
خندہ سرشار و گریہ سرشار و نشار سرشار و مستی سرشار و شوق سرشار
صائب - مخمور را نگاہ تو سرشار میکند + دست عتاب تو ہشیار میکند +
سریر - بادشاہی تخت جسپر اجلاس ہو سعدی ندیدیم چنین
گنج و ملک و سریر + کہ وقف است بر طفل و برنا و پیر +
سرائر - سر کی جمع بہت سے راز اور بھید جو چھپانیکے لائق ہون
سردار - امیر حاکم افسر صاحب رتبہ - شعر او مہر کار خویش
مختار است + در سران سرگروہ و سردار است +
سرور - صاحب عزت و آبرو و سردار اور تخلص مولف کتاب کا
جسکا نام غلام سرور اور تخلص سرور ہو مولوی معنوی
یک نظر فرما کہ مستغنی شوم زابنای جنس + سگ جو شد منظور نجم الدین گاسر ور شود
سرباز - جس شخص کو اپنے سر کی پروا نہو - اور وہ چیز جسکا سر کھلا ہو صائب
راز صائب در زبان بیخودی رسوا نشد + بوی می در شیشہ سرباز خود را جمع کرد +
سرانجام - ابتدا ہر ایک کی مقابل سرانجام کے -
سرتیز - بیای مجہول نوک نیزہ کی اور پلکین معشوق کی آنکھون کی اور
وہ آدمی جو تیز زبان اور چالاک ہو -
سرشرز - اوزار معمار و لکا جس سے کہگل مکانون پر کرتے ہین گل مالہ بھی اسکو کہتے ہین
سرخس - یہ ایک بڑا شہر خراسان مین ہے - اور نام ایک دوا کا جسکو
کبیل دار بھی کہتے ہین اور وہ ایک لکڑی سیاہ رنگ ہو جو دریاے
خزر کے کنارے پائی جاتی ہو -
سرخیوس - ایک دوا کا نام ہو جسکو شیطرج کہتے ہین -
سرکش - نام ایک مرغ خوش اواز کا ہو -
سرکیس - قوس قزح یعنی کمان جو ابر مین ظاہر ہوتی ہو سدکیس
بدال مہملہ بھی اسکا نام ہو -
سریش - بکسر تین مشہور چیز ہو جس سے لکڑی لکڑی سے چپکائی
جاتی ہو -
سربخش - وہ حصہ جو بڑے سردار کے واسطے ہو اور سب سے
زیادہ - نظامی - چو نوبت بسربخش او ارسید + اشتر بار زر تا بخروار رسید +
سرپوش - اوڑھنی جو عورتین مختصر کپڑا گھر مین بیٹھکر سر پر رکھتی
ہین اور کلاہ یعنی ٹوپی اور ڈھکنا جو ہنڈیا و غیرہ برتنون پر رکھتے ہین -

محسن تاثیر - آسمان دوست دو دو تھے ہر نفس سے پرورد + عیب خود را
تا کند سرپوش خسروی پرورد +
سرزنش - ملامت کرنا - برا بولنا طعن کرنا - مرزا صائب از بے
نرم سرزنش خار میکشم + چون گل زحسن خلق خود آزار میکشم -
سرشش - بلغت ژند پاژند بہ وزیدن -
سرکش - نافرمان و مغرور و بدخو - مولف - چراز حکم بہ پیچید
گردن این محکوم + چراز حد اطاعت کشید پا سرکش +
سرمش - زرد آلو جو خشک ہو گیا ہو -
سروش - نام سترھوین دن ہر ایک ماہ شمسی کا اور نام ایک
فرشتہ کا اور نام جبرئیل کا اور ہر ایک فرشتہ - حافظ عفو الٰہی
بکند کار خویش + مژدہ رحمت برساند سروش -
سرطاط - پالودہ جو مشہور چیز ہو -
سرخط - سند قبالہ وثیقہ اور قطعہ خوشخط لکھا ہوا جسکو دیکھکر
مبتدی تعلیم خوشنویسی کی حاصل کرتا ہو -
سراع - بکسر اول تازہ شاخین انگور کی جمع سرع
سریع - شتاب کرنے والا اور جلد اور نام ایک بحر کا عروض
ہین جسکا وزن یہ ہو مفتعلن مفتعلن فاعلن -
سراغ - پانو کا نشان - مرزا بیدل - زنالہ قوت واماندگان
بود بیدل + عصا سراغ قدم میرسد بہ جرم لنگ +
سربغ - وہ مقام جس سے پانی نکلکر کسی حوض یا تالاب مین جمع ہو
سرپیچ - انگور کا خوشہ -
سرشف - سرسون جو مشہور تخم ہو اور اس سے تیل نکالا جاتا ہو -
سرف - عربی مین وہ خرچ جو بیجا کیا جاوے اور وہ مال جو بیفائدہ
صرف ہو اور درد گاو در دسینہ جو کھانسی سے پیدا ہو جاے -
سرفہ - کھانسی جسکو سرفہ بھی کہتے ہین عربی مین اسکو سعال بھی کہتے ہین
سرادق - بضم سین و کسر دال سراپردہ شامیانہ خیمہ تنبو -
سرقی - بفتح سین و سکون واو چیز جو مشہور ہو یعنی ادامی چیز ہو -
سرمق - بفتح اول و میم معرب سرمہ اور نام ایک سبزہ کا جسکو
ہندی مین بتھوا کہتے ہین -
سرمشق - استاد کا خط جسکو روبرو رکھکر شاگرد مشق کرے
ملا طاہر غنی - گذار از قلمرو تقدیر پا بیرون + سرمشق خط سیاہ خط سرنوشت ما
سرشک - بکسر تین اور بعض کے نزدیک بکسر اول و فتح دوم
آنسو جسکو فارسی مین اشک بھی کہتے ہین ابو طالب کلیم - ہمیشہ اشک چکانیم چہ کارہا کہ

زنجیر سر شکست + دست و پایم بستہ و سر داد در صحرا مرا +

سرمہ ناک - وہ آنکھ جو سرمگین ہو - ابو البرکات منیر بخط روشن نو روزگاری نازد + کہ سرمہ ناک از وگشتہ چشم بینائی -

سرہنگ - لشکر کا سردار اور امیر لشکر کا نقیب و چوبدار اور شہر کا کوتوال سعدی بسرہنگ سلطان نگہ کرد تیز + کہ لطفش ببنید ز خوش بریز

سرہ باک - لڑکون کے ایک کھیل کا نام ہو -

سرچنگ - زور کا وہ تھپڑ جو کسی کے سر پر مارا جاسے - آرزو جہان بازیچہ طفلان بود عزت چہ میخواہی - کہ سرچنگ جفای آسمان تا بستہ شاں را

سرشک - وہ لڑکا جسکی بہن بھی ہو -

سراویل - ازار پائجامہ وہ کپڑا جو نچلی بدن کا پردہ ہو -

سرافیل - فرشتہ مقرب کا نام ہو جسکو اسرافیل بھی کہتے ہین قیامت کو صور پھونکنا اسکا خاص کام ہو - نعمیہ از مؤلف جو شدہ ست از پریدن پر جبریل + ز پاسے عرش شد حاضر سرافیل

سرمل - قوم مغول سے ایک سردار کا نام ہو -

سرپال - چادر جو اوڑھی جاتی ہو -

سرخ بال - ایک پرندہ کا نام ہو جسکو تیہو بھی کہتے ہین کبک کی صورت پر مگر اُس سے چھوٹا ہو -

سرخیل - رئیس قوم کا سردار جماعت کا -

سرمنزل - قریہ محلہ منزل - وہ مقام جہان مسافر کو پہونچنا منظور ہو حافظ اگر بسر منزل سلمی رسی اے باد صبا + چشم دارم کہ سلامی برسانی زمنش +

سرال - وہ شخص یا وہ چیز جو ہمیشہ گردش مین رہے -

سرکل - گوی یعنی گیند جس سے لڑکے کھیلتے ہین

سرسام - ایک بیماری کا نام ہو جس سے دماغ مین ورم پیدا ہو جاتا ہو - اور سخت بے آرامی و خلل دماغ بیمار پر ظاہر ہوتی ہو ملوک دو رکن از سرنجا نقص و کین + از دماغ خود ببر سرسام را +

سرنجام - ہر ایک کام کا اخیر اور اُسکا ساز و سامان - صائب از تن زارم اگر رشتہ سرنجام دہند + مانع روشنی دیدۂ سوزن نشود -

سرلیشم - سریش جو مشہور چیز ہو -

سرو مسنا نام ایک شخص کا جو نہایت بد آواز تھا -

سُرم - بضم اول رودہ کا منہ جس سے فضلہ خارج ہوتا ہو - یہ لفظ عربی ہے

سِرَم - بکسر اول و فتح ثانی پوست خراشیدہ یعنی چھڑا چھیلا ہوا یہ لفظ ترکی ہو -

سرطان - بہرسہ حرکات فتح نام ایک جانور کا ہو جو نہرون اور تالابون مین ہر اور غوک یعنی مینڈک کے ہوتا ہو عنکبوت کی صورت پر ہوتی ہین اسکو کنگچہ و کنکٹہ کہتے ہین بکسر کاف رفتار اُسکی کبھی سیدھی سر کی طرف ہوتی ہو اور کبھی اُلٹی پانون کی طرف - اور نام چوتھے برج کا بروج آسمانی سے جو چاند کا گھر ہو - اور فارسی مین نام ایک ورم یعنی دنبل کا جو اکثر چھاتی پر ہوتا ہو نہایت سخت مادہ سوداوی سے و سبب ہم پیدا ہوتا جاتا ہو - سرخ اور سبز رنگین سرطان کی ٹانگون کی طرح اسمین نمودار ہوتی ہین - سنجر کاشی - مہر چون سایہ ببرج سرطان اندازد + اختران راز قیامت بگمان اندازد +

سرون - بفتح اول و ضم ثانی ہر ایک حیوان کی شاخ یعنی سینگ

سُرون - سرین - بضم اول کفل جوتڑ اور مقعد یعنی بیٹھنے کا مقام انسان کا - محمد سعید اشرف - از سرینش تا میان جوش لطافت بستہ بند + پرتو خورشید بر کوہ و کمر افتادہ است + علی رضا تجلی اے مہر سپہر خوبی و ماہ زمین + بر خاتم حسن گشتہ لعل تو نگین + ہی ہی چہ لطافت چہ مقابلی وارد + خرمن شدہ ماہتاب و گردیدہ سرین +

سرجان - گرگ یعنی بھیڑیا جو ایک درندہ مشہور ہی -

سرقین - معرب سرگین یعنی گوبر -

سریان - بفتحات سرایت کرنا تاثیر کرنا - داخل ہونا ایک چیز کا دوسری چیز کے اجزا مین -

سراے نعمان - وہ عالیشان محل جو نعمان بن منذر نے تعمیر کیا تھا

سرگران - بیہوش اور مست سہ یکی ہیش و سرگران از شراب یکی مست خواب و دگر نیمخواب +

سرکنگبین - سرکہ و انگبین جو سکنجبین مشہور ہی - یہ ایک مشہور شربت ہی مولوی معنوی از قضا سرکنگبین صفرا فزود + روغن بادام خشکی مینمود -

سردین - بفتح سین و کسر دال ایک قسم کی مچھلی کا نام ہو جسکو یونانی مین سمارنغ کہتے ہین -

سرغین - سرنا جو ایک ساز بجانے کا ہو - نائی ترکی بھی اسکو کہتے ہین -

سرقون - سندور جو شنجرف سے بنایا جاتا ہو -

سرو - مشہور درخت ہی صائب قد موزون ترا نیست بشاطہ نیاز مصرع سرو بتقطیع چہ حاجت دارد -

سرپنجہ۔ زور قوت طاقت اور ہاتھ کا پنجہ اور آدمی صاحب طاقت وزوردار توانا وزبردست سعدی یکی بادشہ زادہ درگنجہ بود + کہ دراز تونا پاک وسرپنجہ بود
سردابہ۔ تہ خانہ یعنی وہ گھر جو درمیان زمین کے سردی کے واسطے بنایا جاتا ہی۔
سرخچہ۔ پھنسیان جو جسم پر نکل آتی ہین۔
سروالہ۔ شلوار۔
سُرّہ۔ بضم اول وتشدید ثانی ناف۔
سَرَہ۔ بفتحتین وتخفیف راسے خالص وپاکیزہ اور اچھی چیز۔
سَرَایَندَہ۔ سرود کرنے والا گانے والا۔
سُرفہ۔ کھانسی جو ایک بیماری ہی۔
سَرقہ۔ وزدی یعنی چوری۔
سَرِیّہ۔ بفتح اول وکسر ثانی وہ لشکر جو پانچ کس سے زیادہ چارسو تک ہو حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت سریہ اُس لشکر کو کہتے تھے جسمین حضرت بذات خود تشریف نہ رکھتے تھے اور افسر فوج کا کوئی اصحاب ہوتا تھا۔
سُرِّیّہ۔ بضم اول وتشدید راسے مکسور وتشدید یاسے وہ زرخریدہ لونڈی جو ہمبستری کے واسطے خریدی گئی ہو۔
سرپچہ۔ ایک جانور کا نام ہی جسکو ہندی مین ممولا کہتے ہین۔
سراسیمہ۔ حیران وپریشان وشوریدہ سر۔
سراقہ۔ عرب کے قبائل مین سے ایک قبیلہ کا نام ہی۔
سرون گاہ۔ وہ مقام جس جگہ سے حیوان کے سینگ نکلتے ہین شقیقہ بھی اسکو کہتے ہین۔
سرگروہ۔ جماعت کا افسر قوم کا افسر۔
سراپردہ۔ خیمہ تنبو اور پردہ دار مکان۔ سرادق اسکا معرب ہی۔ میرزا صائب۔ فلک بسیر وپا حلقہ بیرون درست + درتماشے کہ سراپردہ جانانہ زوند۔ حافظ بزن براوج فلک خالیا سرادق عشق + کہ خود بروا کلت عاقبت بزیر مغاک +
سرچشمہ۔ مزید علیہ چشمہ وہ مقام جس سے پانی پیدا ہو نکلتی ہو سعدی ودیدیم بسی آب زسرچشمہ خرد + چون بیشتر آمد شترو بار ببرد +
سرحلقہ۔ رئیس وسردار وافسر قوم ابوطالب کلیم گر حلقہ دام دگر حلقہ زنجیر + سرحلقہ بغیر از من دیوانہ کدام ست۔
سردہ۔ ایک قسم کے خربزے کا نام ہی جو اعلیٰ اقسام مین سے ہی۔
سرمہ۔ مشہور لفظ ہی وہ پتھر جسکو پیسکر آنکھون مین ڈالتے ہین اور سرمہ دان وہ ظرف جسمین سرمہ رکھا جاتا ہی محمد طاہر نصیرآبادی

بخاک من نظرے افگند آن سرو خرامان را + زگرد سرمہ بالا میسزند دامان شرگان را + سلیم شکست رنگ بجای خمار گلہا را + کہ لالہ آمد ویک سرمہ دان شراب آورد +
سراجہ۔ نام ایک گانون کا مضافات قم سے اور نام ایک بیماری کا جو گھوڑون اور خچرون کو ہوتی ہی۔
سراچہ چھوٹا گھر اور خس پوش جھونپڑا۔
سُرخہ۔ ایک قسم کا کبوتر اور گھوڑا۔ اور نام ایک موضع کا مضافات سمنا سے اور نام افراسیاب کے بیٹے کا جو فرامرز نے اسکو زندہ پکڑا اور رستم نے سیاوش کے عوض اسکو قتل کیا۔
سرغنہ۔ بہت بڑا عظیم المرتبہ۔
سرکہ۔ مشہور دوا ہی جو قند اور انگور سے بنایا جاتا ہی۔
سرنامہ۔ ہر ایک تحریر کی ابتدا۔ ۵ سرنامہ بنام آن خداوند کہ تیش راست باہر نام سوگند
سرجملہ۔ خلاصہ اور انتخاب خواجہ نظامی زبان بزبان گنج پرداختم وزان جملہ سر جملہ ساختم +
سرنائی۔ شہنائی جو شادیون مین بجاتے ہین۔
سَرِی۔ سرداری افسری۔ حکومت صفدر قوتعالی داد ایزد ببرور عالم + سروری وسری وسرداری +
سرپلی۔ ٹھوکر جو چلتے چلتے لگ جاتی ہی۔
سرگوشی۔ کانا پھوسی کسی کے کان مین آہستہ آہستہ باتین کرنا۔ آشنا تا وکربر سرم چہ می آرد + زلف اوباز گرم سرگوشی ست +
سرائیلی۔ سامری وغیرہ کفار بنی اسرائیل جو مرتد ہو گوسالہ پرست ہو گئے تھے۔
سرابیلی۔ بفتح سین وکسر باسے موحدہ چیز یعنی مخنث۔
سری سقطی۔ نام ایک مشہور بزرگ کا جو ولی کامل اور پیشوای طریقت تھا
سراے۔ گھر اور منزل اور نام ایک شہر کا۔ کاروانسرا مہمانسرا۔ کمال خجند اگر سرای چنین ست ودلبران سرای + بیار بادہ کہ من فارغم ز بہر دو سرای محمد جان قدسی مدہ راہ درخانہ بیگانہ را + وگرنہ سرا نام کن خانہ را +
سردی۔ سرد ہونا ٹھنڈا ہونا مقابل لفظ گرمی کے اور بیرحمی وبیمہری طاہر نصیرآبادی۔ منم آن میوہ کز خامی بہ بستان ہوس ماندم + زبس ایام سردی کرد بامن نیمرس ماندم۔
سُرمئی۔ وہ رنگ جو سرمہ کے رنگ سے مشابہت رکھتا ہو اقا اسمٰعیل کاشف اہل دل بآب دیدہ دستار جان شستہ اند + تا لباس غمی اخضیم مستقل آل کرد +

سروری - سرداری افسری والا جاہی مؤلف - سروری
بے دست و پا از سرور دنیا و دین ÷ یافت تاج افتخار و کرد حاصل سروری

سین با زای

سزا - معاوضہ اور بدلہ کسی کام کا اور مطابق و موافق آلہی ہی
و دوزخ پے عقوبت ما کافران کم ست ÷ مارا مگر بآتش ہجران سزا کنند
نظامی سکندر بقہر موکل رو شتاب ÷ سزای نوشتہ نویسد جواب
سزاوار - لائق یعنی جس معاوضہ کے کوئی لائق ہو صفت
فوقانی - خطاکارم خطاکارم گنہ گارم گنہ گارم گنہگار
وہی ہر چہ سزای مالک ملک ÷ سزاوارم سزاوارم سزاوارم
سزاول - ترکی مین حاصل کرنے والا کسی چیز کا -
سزیدہ - لائق و سزاوار -

سین با سین

سست - چست کے مقابلہ پر ڈھیلا بیکار نکما جو پورا کام
نہ کرسکے نظامی - کمر بست ایرانیان سست کرد ÷ بایزن کمر
کمر چست کرد ÷
سسطیعون - سریانی زبان مین ایک تخم کا نام ہے جسکو زخرا
بھی کہتے ہین اور اسکے درخت کے پتے کرفس کے مانند ہین اسکا
استعمال عقرب کے زہر کا علاج ہے -
سستی - ڈھیلا ہونا - ناکارہ ہونا قطعہ از مؤلف -
بچستی کارکن اسے صاحب کار ÷ کہ افزاید سر چستی تندرستی
اگر سستی کنی و سست باشی ÷ نہ بینی بار دیگر روی چستی

سین با طا

سطرکا - بکسر سین و فتح طا و سکون راسے یونانی مین زیتون
کے گوند کو کہتے ہین جو کھانسی کا علاج ہے -
سطرلاب - اصطرلاب جو حکما اور نجومیون نے آسمانی ستارون
کی انکشاف گردش کے لیے آلہ تجویز کیا ہوا ہے تشریح اس
لغت کی پہلے بھی درج کتاب ہو چکی ہے -
سطوت - قہر کرنا سخت پکڑنا حملہ کرنا -
سطح - بفتح اول وہ میدان جو طول و عرض رکھتا ہو عمق نہو
سطیح - خیبر کے قلعون مین سے ایک قلعہ کا نام ہے -
سطر - لکھنا اور رستہ اور صف اور قطار لغتیہ از مؤلف
سطرین ورد باریکتا ز ابرو کی پیوستہ ہم ÷ دو جگہ لکھا ہوا اصل علی عملہ علیہ
سطبر - معرب ستبر کا یعنی موٹا اور غلیظ -

سطور - سطر کی جمع ہے بہت سی سطرین یعنی صفین و قطارین -
سطاخینس - یونانی لغت ہے فارسی مین گندنا کوہی اسکا نام ہے
سطبوس - یونانی مین انار کے پھولون کا یہ نام ہے جسکو فارسی
مین گلنار کہتے ہین اور معرب اسکا جلنار ہے -
سطوع - بلند ہونا روشن ہونا -
سطل - چوڑا برتن برنجی ہو یا مسی و حبشی زخشش براق نعل تو زیبد
بوقت آب ÷ سطل مہ ستارہ ریزہ پر از آب کوثرش ÷
سطاریون - ایک گھاس ہے جسکو فارسی مین برابران کہتے ہین -
سطریشیون - یہ ایک جڑ ہے جسکو شیرازی مین چوبک اشنان
کہتے ہین - آذربو بھی اسی کا نام ہے -

سین با عین

سعد موفا - نام ایک شخص کا جو با مروت و وفادار تھا اور نام
مشتری ستارہ کا اور نیک بختی جو حد سے زیادہ ہو -
سعد و اسما - یہ دو نام عاشق و معشوق کے ہین جو عرب کے
رہنے والے تھے - سعد عاشق تھا اور اسما معشوقہ -
سعت - بفتح و بکسر اول و فتح عین فراخی و گنجایش و دولتمندی -
سعایت - غمازی و بدگوئی و بدزبانی - محمد رفیع واعظ دزد دیدہ
میتوان زخشش دیدنی ربود ÷ تر شکستہ رنگ نماید سعایتی -
سعادت - نیکبختی خوبی نیک طالعی سعدی این سعادت بزور
بازو نیست ÷ تا نہ بخشد خدای بخشندہ ÷
سعد ذابح - بائیسوین منزل کا نام ہے منازل قمر سے اور وہ دو ستارے
ہین جنکے درمیان فاصلہ ایک گز کا ہے اور پاس ہی انکے ایک ستارہ
چھوٹا سا ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ اسکو ذبح کر رہے ہین -
سَعد - بفتح اول نیک اور نام ایک بادشاہ کا جو فارس مین حکومت
کرتا تھا سعد زنگی اسکا خطاب تھا - سعدی - رفت از جہان
سعد زنگی بدرد ÷ کہ چون تو خلف نام بردار کرد ÷
سُعد - بضم اول ایک گھاس کا نام ہے جسکو ہندی مین ناگرموتھا کہتے ہین
سعد السعود - ستارہ مشتری اور نام چوبیسوین منزل کا منازل قمر سے
سعود - وہ ستارے جو باسعادت ہین مثل زہرہ و مشتری و قمر -
سعاد - نام ایک خوبصورت عورت کا جو عرب مین تھی -
سعید - صاحب سعادت نیک طالع مؤلف چو طالع یاور و بخت
سعید ست ÷ شب ما شب برات و روز عید ست ÷
سِعر - نرخ ہر ایک چیز کا جو فروخت کی جاوے -

سَعتَر - ایک گھاس ہی جسکو فارسی مین آدیس کہتے ہین-
سعد اکبر - مشتری ستارہ-
سَعِیر - جلتی ہوئی آگ شعلہ آگ کا اور نام چوتھے طبقے کا طبقات دوزخ سے صفدر فوقانی آب اشک از دیدہ چون باران ببارہ تا کہ گردد سرد نار این سعیر ؛
سعتر باز - چپٹی باز عورت جو آلت چرمین بنا کر باتفاق دوسری عورت کے جماع کرین ایسی عورت کو سحاقہ بھی کہتے ہین طبقین بھی اور سعتری اس عمل کا نام ہی - میر خسرو آرسے جماع حملہ مرغان جماع نیست ؛ کون رابکون نہند وہمی سعتری کنند ؛
سعوط - ناک مین دوا ڈالنا-
سعال - سرفہ یعنی کھانسی جو ایک مشہور بیماری ہی-
سَعدان - نام ایک بستی کا شروان مین-
سَعدَین - زہرہ و مشتری-
سَعفہ - گنج کی بیماری جو اکثر سر پر ہو جاتی ہی اور مدت مدید تک رہتی ہی بلکہ تمام عمر کے واسطے سر کے بال اکھڑ جاتے ہین پھر پیدا نہین ہوتے
سَعی بفتح اول و سکون عین کوشش کرنا قصد کرنا ارادہ کرنا دوڑنا اور دوڑنا حاجیون کا صفا اور مروہ مین سات بار اور کسب کرنا صائب تو سعی کن کہ دین بجز نا پدید شوی ؛ وگرنہ ہر خس و خار سے شناوری اند-
سعدی - نام ایک مشہور شاعر کا ہی جسکا اصلی نام مصلح الدین تھا اور تخلص سعدی اور یہ تخلص اسنے سعد ابوبکر بن سعد زنگی کے نام پر مقرر کیا تھا جو اسوقت فرمان فرماے پارس تھا سعدی بر اہ تکلف مرو سعد یا ؛ اگر صدق داری بیار و بیا-

سین با عین

سَغَب - گرسنگی یعنی بھوک خواہش-
سُغد - سمرقند کے پاس ایک شہر ہی آب و ہوا جسکی نہایت لطیف ہی بہشت دنیا اسکو کہتے ہین پارسی سغدی جو زبان پارسی کے اقسام مین سے ہی اسی شہر کے ساتھ منسوب ہی او زمین پست و نشیب جسمین بارش کا پانی جمع ہو-
سغر ند اور سُغُر - خار پشت کلان جسکو ہندی مین سیہی کہتے ہین-
سُغود - ایک پرندہ کا نام ہی جسکو فارسی مین سنگخوارہ کہتے ہین اور عربی مین قطاۃ اور یہ چھوٹا سا مرغ سیاہ رنگ کا گل دار ہی-
سغنیر - رومی زبان مین ایک پیڑ کا نام ہی جسکو فارسی مین سر خس اور کیل کہتے ہین اور دوا مین مستعمل ہی-

سَنغ - بیل کے سینگ اور وہ عمارت جو بلند اور طویل ہو اگنبد اسینا غیرہ
سَغراق - سُقراق - ترکی مین کوزہ لولہ دار کو کہتے ہین یعنی لوٹیا آفتابہ
سَغبین - ایک قسم کا گوند ہی جو باہر سے سفید اور اندر سے سُرخ ہوتا ہی-
سغبان - گرسنہ یعنی بھوکا جو کھانے کی خواہش رکھتا ہو-
سُغدُو - آلہ تناسل اور آنتین بکری کی-
سُغنُو - وہ آواز جو طشت و طبق وغیرہ سے نکلے-
سغدہ - ساختہ و آمادہ و مہیا-
سغدیانہ - پیمانہ شراب کا-
سغانہ - تہ خانہ و سردخانہ جو زمین کھود کر بنایا جاسے-
سُغنہ - شیدا و فریفتہ و بازی خوردہ - فریب مین آیا ہوا - اور عربی مین بھوکا و خواہشمند-
سَغری - سخت روئی و بیحیائی و بیمروتی و بے لحاظی-
سَغدی - ہفت زبان فارسی سے ایک زبان کا نام ہی جو علاقہ سغد کے ساتھ منسوب ہی-

سین با فا

سفہا - جمع سفیہ نادان اور احمق لوگ سوہر کہ با سفہا نشیند نصیحت سفہا دور باند از مجالس فقہا-
سفید آب - سفیدہ جو مشہور چیز ہی اور رنگسازون کے کام آتا ہی سفیدہ کا سہ گری بھی اسکو کہتے ہین-
سفارت - سفیر ہونا ایلچی ہونا پیغامبر ہونا-
سفاہت - حماقت نادانی کمینگی پاجی پن-
سُفت - بضم اول سوراخ یعنی چھید-
سِفت بکسر اول کتف یعنی دوش اور مونڈھا-
سِفنج - بکسر اول بہت تیز شراب جسکو مثلث کہتے ہین اور خام خربزہ-
سِفاح - بکسر اول اور تخیر مین حا سے حطی - زنا کرنا حرامکاری کرنا-
سَفّاح - بفتح اول و تشدید فا سے مفتوح سخاوت کرنے والا او فصیح صاحب کلام خونریز و بےرحم اور لقب عبد اللہ بن محمد خلیفہ اول خلفاے عباسیہ کے-
سِفا - جست مارنا اور چڑھنا نر کا مادہ پر بارادہ مجامعت کے-
سفید - وہ رنگ جسکو عربی ابیض کہتے ہین اور پارسی مین سپید صفدر فوقانی - سر گل نگین کے رخسارون پہ زردی چھاگئی ؛ آیا گلشن مین وہ گل بے اوڑھ کر چادر سفید-
سَفُود - سیخ کباب بھونے کی جسکو باب زن بھی کہتے ہین-

سِفَندار — ہر ایک شمسی مہینے کے پانچوین دن کا نام ہی اور نام بارھوین مہینے شمسی کا اور نام ایک فرشتے کا جو زمین پر موکل ہی اور بعضی زمین جسکو ارض عربی مین اور ہندی مین دھرتی کہتے ہین اور سپند جسکو ہرمل کہتے ہین اور وہ ایک تخم ہی جو دفع نظر بد کے لیے آگ پر جلایا جاتا ہی۔

سفرود — مرغ سنگخوار جسکو سفود بھی کہتے ہین۔

سِفر — بکسر سین و سکون فا سے کتاب اور خط و نامہ و پیغام۔

سَفَر — بفتح اول و دوم جانا ایک شہر سے دوسرے شہر اور ایک ملک سے دوسرے ملک کو۔ صائب۔ روشندلان ہمیشہ سفر در وطن کنند + استادہ است شمع و ہمان گرم رفتن ست۔

سفیدار — درخت سفیدہ جسکی لکڑی سپید ہوتی ہی پھل نہین ہوتا اور بہت اونچا ہوتا ہی زیادہ پھیلتا ہی۔

سفیر — رسول یک قاصد ایلچی ؎ از سفر آمد چو آن مرد سفیر گفت پادشاہ جہان مافی الضمیر

سَقاوِنیکوس — یونانی مین جنگلی پیاز کا نام ہی اگر چوہا اُسے ذرا سا کھا جائے فورًا مر جائے۔

سفارش — کسی کی بہتری کے واسطے کسیکو کہنا۔ ہمدردی کرنا۔

سفوف — کوئی کٹی ہوئی اور چھنی ہوئی دوا جو پھانکنے کے لائق ہو۔

سَفَق — ایک قسم کا چمڑا ہی جو کیمخت کی طرح دانہ دار ہوتا ہی اور تلوارون کے قبضون اور میانون پر لگایا جاتا ہی۔

سَفک — قتل کرنا مار ڈالنا خون کرنا۔

سَفّاک — قاتل بیرحم خونی۔ قطعہ از مولف کجا سکندر و دارا کجاست افریدون + کجاست زال کجا سام و رستم و ضحاک + کجا یزید و ابوجہل و سنگدل حجاج + کہ بود جابر و بے رحم و بیحیا سفّاک +

سفرنگ — دری زبان مین وہ تفسیر جو کلام الہی پر لکھی جائے۔

سَفَرجل — بہی جو ایک مشہور میوہ ہی اور بہیدانہ اُسیکا تخم ہی۔

سُفال — بضم اول وہ برتن جو مٹی کا ہو۔ بکسر اول بھی صحیح ہی۔

سِفل — بکسر اول سُفل بضم اول نشیب و پستی

سُفول — پست ہونا نیچے اترنا نیچے جانا۔

سفائن — جمع سفینہ بہت سی کشتیان

سفاہان — نام ایک شہر کا اور نام ایک پردہ کا موسیقی مین۔

سفیان — نام ایک قریش کا جو اول حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سخت دشمن تھا۔ جنگ احد وغیرہ مین یہ لشکر کفار کا امیر تھا اسکی زوجہ ہندہ نے سید الشہدا امیر حمزہ کی نعش پر جاکر انکو مثلہ کیا عضو تناسل کا ناک سینہ چاک کرکے جگر نکالا اور دانتون مین چبایا اس عداوت سے کہ اُسکا بھائی امیر حمزہ کے ہاتھ سے جنگ بدر مین مارا گیا تھا فتح مکہ کے روز یہ مسلمان ہوا۔ اسکا بیٹا معاویہ حضرت عثمان خلیفہ ثالث کی شہادت کے وقت امیر شام تھا۔ علی المرتضی کرم اللہ وجہہ خلیفہ چارم نے اُسکو اپنے پاس بلایا وہ نہ آیا اور بدعوی خون عثمان باغی ہو گیا۔ بہت سی لڑائیان لڑا۔ حضرت علی علیہ السلام کی شہادت کے بعد امام حسن رضی اللہ عنہ نے خلافت معاویہ کو دیدی اُسنے یزید اپنے بیٹے کو ولی عہد کیا یزید کے ہاتھ سے امام حسین رضی اللہ عنہ کربلا مین شہید ہوے۔

سَفَن — بفتحتین وہ چمڑا جو تلوار کے قبضون اور میانون پر لگایا جاتا ہی شفق بقاف قرشت بھی اسیکا نام ہی اور آہنی سوہان جسکو ہندی مین ریتی کہتے ہین

سُفُن — بضمتین جمع سفینہ بہت سی کشتیان۔

سفتین بر وزن مسکین نام ایک خطہ کا ترکستان مین۔

سفینہ کشتی جسکے ذریعہ سے دریا سے اترتے ہین اور وہ بیاض جسمین متفرق اشعار لکھے جائین قطعہ از مولف بلند ست آنسکہ بام محبت + ز زہد و ریاضت بدست آر زینہ + ازین لجہ خود را بساحل رساند + ز حسن عمل ہر کہ سازد سفینہ +

سَفَہ — نادانی بیوقوفی کم عقلی۔

سفلہ — فرومایہ۔ کمینہ کم حوصلہ۔ حافظ۔ سبب مپرس کہ چرخ از چہ سفلہ پرور شد + کہ کام بخشی اورا بہانہ بی سببی ست۔

سُفتہ — بضم اول ایک قسم تیر کا اور پرویا ہوا۔

سَفتہ — بفتح اول کاغذ زر جسکو ہندی مین ہنڈوی کہتے ہین اور تحفہ و ہدیہ۔

سِفتہ — بکسر اول ہر چیز ستبر و محکم یعنی موٹی اور مضبوط۔

سفید مہرہ — سنکھ جو ہندو عبادت گاہون مین بجاتے ہین۔

سُفرہ — بضم اول تھیلہ جسمین مسافر زاد راہ رکھتا ہی اور دسترخوان المشہور دسترخوان جسپر کھانا چنا جاتا ہی۔ اور مقعد جس مقام سے اندرونی فضلہ نکلتا ہی فارسی مین اسکو کون کہتے ہین ملا طغرا۔ گشت بدور فقر سفرہ طغرا حقیر + نیست عجب گر ز شرم آب شود نان او +

سفیہ کمینہ نادان بیوقوف صفدر فوقانی۔ سکے سر آرد پنبہ از گوش سفیہ + گرچہ باشد دلربا گفت فقیہ +

سفال و سفالینہ — ٹوٹے ہوئے مٹی کے برتن کے ٹکڑے اور مٹی کا برتن۔

سفجہ — مثلث شراب جو بعد جوش دینے تین من کے ایک من بچا رہی اور کچا خربزہ۔

سُفلٰی - بضم اول و سکون ثانی و فتح لام اور آخر مین یا جو قائم مقام الف ہی بہت پست اور نیچا درجہ یہ لفظ مؤنث اسفل ہی —
سِفلی - بکسر سین و کسر لام منسوب بسفل ہی جسکی معنی پستی کے ہین
سَفَری - مسافر رستہ چلنے والا آدمی خواجہ حافظ دل گفت معطر کنم این شہر بوئیش * بیچارہ ندانست کہ یارش سفری بود —
سِفارِی - بکسر اول ساق خوشہ گندم جو اندر سے مجوف یعنی پولی ہوتی ہی عربی مین جسکو جل کہتے ہین بکسر جیم —
سَفانِی - ایک گھاس کا نام ہی کھانا جسکا ہر ایک فی بجان کے لیے زہر ہی مگر اونٹ اُسکو بڑے مزے سے کھاتا ہی عربی مین سکو عی الابل کہتے ہین طبیخ اسکا بالون کو سیاہ کرتا ہی —
سَفِلی - بفتح اول وہ دیگ آہنی جسکا سر کھلا ہو یعنی پتیلا اور کڑھائی لوہے کی جسمین حلوائی شیرینی بناتے ہین اور دودھ گرم کرتے ہین —

سین با قاف

سقمونیا - کسی درخت کا عصارہ مائل بسبزی و زردی کے ہی اور ذائقہ تلخ سعدی - گو شہد و قند و شکر فائق ست * کسی را کہ سقمونیا لائق ست *
سَقّا - پانی پلانے والا یا پانی دینے والا - مؤلف گاہ برق آتش فشاند بر زمین * گاہ ریزد آب سقای سحاب * ظہوری گرفتہ مذہب خفاش آفتاب پرست * شدست ہمہ کش معبد مغان سقا *
سُقراطیسا - یونانی زبان مین نام ایک حکیم کا جو سکندر رومی کے زمانہ مین عابد و زاہد مشہور تھا —
سَقلاب - ایک ولایت کا نام ہی ترکستان مین بلاد شمالی کی انتہا پر اور لوگ اُس سرزمین کے سُرخ رنگ ہوتے ہین —
سَقرلات و سِقلات - یہ ایک قیمتی کپڑے کا نام ہی جو اون کے بنایا جاتا ہی ہند مین اسکو بنات کہتے ہین یہ لفظ ترکی ہی —
سَقایت - پانی دینا یا پانی پلانا —
سَقَنقُور - رومی زبان مین یہ ایک جانور کا نام ہی جو سوسمار سے مشابہت رکھتا ہی اور آدمیون کو کاٹتا ہی اسکے کاٹنے کے بعد اگر کاٹے ہوئے عضو کو پانی مین ڈال دیوے تو بچ جاتا ہی ورنہ یہ جانور پیشاب کرکے اُسمین لیٹتا ہی اور مجروح مرجاتا ہی اور اگر مجروح پانی مین جا گھُسے تو سقنقور مرجاتا ہی —
سَقُوطَر - ایک جزیرے کا نام ہی کہ صبر وہان سے لایا جاتا ہی اسی نسبت سے صبر سقوطری مشہور ہی —
سَنقُر - بفتح سین و سکون قاف چرغ جو مشہور شکاری جانور ہی —

سَقَر - بفتح اول و دوم دوزخ صفدر فوقانی سفر سے کیون نہین پرہیز کرتے کہ یہ تجنیس مین شکل سقر ہی —
سَقَط - بفتح اول و سکون دوم تلف ہونا اور مرجانا چارپایہ کا —
سِقط - بکسر اول و سکون ثانی گرجانا کچے حمل کا —
سَقَط - مرجانا چارپایہ کا خصوصاً اور غلط کرنا حساب و کتاب مین اور بُرا بولنا سعدی یکے روستائی سقط شد خرش * علم کرد بر طاق بستان سرش *
سقلاط و سقرلاط - بنات جو ایک اونی کپڑا مشہور ہی اور سقلاطون ایک شہر روم مین ہی جس جگہ یہ کپڑا بنا جاتا ہی - نزاری قہستانی - بگیرد دامن کہسار سبا شد سقلاط * چو سبزہ زار بگستر میان باغ بساط -
سُقراط - نام ایک مشہور حکیم کا ہی —
سَقاقلوس - یونانی مین ایک بیماری کا نام ہی جس سے انسان کا جسم یا کوئی عضو بے حس ہوجاتا ہی —
سقنقوس - یونانی زبان مین کژدم یعنی بچھو جو ایک موذی جانور ہی
سَقالیس - ایک شہر کا نام ہی جو اسکندر رومی نے آباد کیا تھا —
سقیروس - یونانی زبان مین ورم و آماس —
سَقف - چھت مکان کی سعدی - نگہ کن برین گنبد زر نگار * کہ سقفش بود بے ستون استوار * صائب من آن روز از جنون خود تسلی میشوم صائب * کہ از جوش شرابم سقف این میخانہ برخیزد *
سِقال - ترکی زبان مین محاسن جسکو فارسی مین ریش ہندی مین داڑھی کہتے ہین —
سُقم و سَقَم - بیماری اور عیب اور نقص —
سَقیم - بیمار اور ناقص اور عیب دار - توحید ہست درد ست ودوا سکے ہر سقیم * اسے طبیب خلق ودانا سے علیم * تو قدیری و غفوری و شکوری * تو قدیمی و حلیمی و حکیم *
سَقام - بفتح اول مرض بیماری و بکسر اول بیمار —
سقراطیون - یونانی زبان مین برگ سوسن اور بیخ سوسن —
سِقسِین - ایک ملک کا نام ہی —
سقلاطون - نام اُس شہر کا جس جگہ بنات کا کپڑا بنا جاتا ہی —
سقلینون - بیخ کبر رومی جو ایک دوا ہے —
سَقن - کچا شیرہ کھجور کا جو ہنوز آگ پر نہ رکھا گیا ہو —
سقوردیون - یونانی زبان مین جنگلی لہسن جسکو عربی مین ثوم البری کہتے ہین
سُقطہ - بضم اول وہ حصہ جو کسی چیز سے تلف ہوجاسے —

سَقطہ - بفتح اول پھسلنا -
سِقَایَہ - پانی پینے کا برتن اور وہ جگہ جہان پانی ہو اور پانی کا خزانہ جو مساجد مین غسل اور وضو کے لیے بنایا جاتا ہو - ملا طغرا - طغرا این سقایہ زکم ظرفی سپہر اگر شام تشنہ گشت سحر آب میخورد +
سقیفہ - وہ مکان جس جگہ فساد انگیز لوگ باہمی مشورہ کے لیے جمع ہون اور لغو باتین اور بیہودہ -
سَقسَطہ - بفتح ہر دو سین بیہودہ باتین اور لغو تقریرین -
سَقطی - خوردہ فروش بساطی متفرق چیزین بیچنے والا اور لقب ایک بزرگ پیر طریقت کا جسکو شیخ سری سقطی کہتے تھے -

سین با کاف

سِکبا - بکسر اول نام ایک آش کا ہو کہ میدہ و سرکہ و مصری و گوشت و کشمش کو باہم ملا کر پکاتے ہین -
سُکنا - سُکنیٰ - بضم اول و اخیر مین یاے قائم مقام الف ساکن ہونا ٹھہرنا اور وہ لوگ جو گھر مین ٹھہرے ہوئے ہین ہون مہمان یکشب و یک روزہ اند + جملہ سکنا ے سراے این جہان
سکوبا - نام ایک عابد نصرانی کا جسنے ایک عبادتخانہ بنایا اور حضرت عیسیٰ انہی کے دیر مین جا کر آسمان پر چڑھ گئے -
سُکارا - سُکاری - مست و بیہوش لوگ -
سَکرات - وہ بیہوشیان جو مرنے کے وقت انسان پر طاری ہوتی ہین -
سُکوت - ساکت ہونا خاموش ہونا فریدالدین عطار
گر خبرداری ز حی لایموت ٭ بردہان خود بنہ مہر سکوت +
سَکینت - بروزن غنیمت آسایش و آرام سے ور زمانہ غنیمت ست ایدل ٭ یکدودم گر سکینتے باشد +
سَکنات - بفتحات جمع سکنہ سکون و آرام و استقامت مقابل حرکات
سُگُست - بضم سین و کاف فارسی انقطاع و ترک و علٰحدگی -
سکونت - رہنا - ٹھہرنا آسایش کرنا - مولانا اکبر لاہوری -
نیست جاے سکونت اینجا نہ + ای مسافر بند رخت سفر ٭
سُگُنج - بضمتین گندہ دہن یعنی وہ شخص جسکے منھ سے بدبو آتی ہو -
سِکباج - معرب سکبا جو ایک قسم آش کا ہو -
سُکج - بفتح اول مویز یعنی خشک انگور -
سکونج - ایک مشہور کانٹا ہو جسکو خسک کہتے ہین -
سُگالہ - بضم اول و فتح دوم وہ گوشت جو آگ پر بھونا جائے اور پالیدہ جو گرم روٹی اور گھی و کھانڈ ملا کر بناتے ہین ہند مین اُسکو چورما کہتے ہین
سکاوند - سیستان مین ایک پہاڑ ہی جسکو سجاوند بھی کہتے ہین -
سُکر - مستی اور نشہ جو شراب وغیرہ مسکرات سے حاصل ہوتا ہو سے ز بندہ ای مست و بیدم اندر راہ + گفتمش کیفیت حال گفتا سکر +
سکندر - رومی زبان مین نام ایک بادشاہ فیلقوس کے بیٹے کا ہی - اُسکی عمر و نبوت مین اختلاف ہی نظامی فرماتے ہین نظامی چو عمرش فزون اندر بیست سال ٭ بشاہنشہی بر ترکش نہ دوال ٭ پس آنگہ کہ بر بست فرزود ہفت + بہ پیغمبری رخت بر بست و رفت + مگر میر خسرو آئینہ سکندری مین فرماتے ہین کہ یہ بیان بالکل غلط ہی وہ لکھتے ہین خسرو - در و غسق کان باو معہ را نبات + نویسندہ سی سال گویند حیات ٭ ز عمر یکہ زینگونہ اندک بود + درو فتح آفاق در شک بود چنین خواندم از قصہ و رشان او + کہ پانصد فزون بود جولان او + سکندر کہ فرخ جہان شاہ بود ٭ ز فرخندگی خاص درگاہ بود ٭ گروہی ز وندا ز ولایت ورش ٭ گروہی نوشتند پیغمبرش + بتحقیق حیران گروہ شد باز جست ٭ درستی شدش بر ولایت درست + اور واضح ہو کہ سکندر روسی زبان مین سر کو کہتے ہین اور پارسی مین نام ایک کھیل کا ہے کہ دونون ہاتھ زمین پر رکھین اور پانون آسمان کی طرف اور ہاتھون سے پانون کا کام لیکر چلین اس بازی کو پشتک یعنی سر نگون بھی کہتے ہین شیخ آذری از نہیب خم تیر قوس ذو القرنین او ٭ درچہ مغرب رود شب سکندر آفتاب ٭ -
سکار - رومی زبان مین انسان کے سر کی چوٹی اور پہاڑ کی چوٹی یعنی بلندی
سکنکور - عنب الثعلب جو مشہور دوا ہو -
سِکز - اخیر مین زاے منقوط زابلستان مین ایک پہاڑ ہو جسکے اندر سے دریاے اباسین یعنی سندھ گذرتا ہو -
سَکِز - بفتح سین و کاف مشدد ترکی مین عدد ہشت یعنی آٹھ -
سَکِنج - بفتح سین و کسر کاف ایک قسم کے گوند کا نام ہی جسکو عربی مین مصطگی کہتے ہین -
سِگالش - آپس مین مشورہ کرنا و فکر و اندیشہ فردوسی - ز بیگانہ پرہیز کردند جاے ٭ سگالش گرفتند ہر گونہ راے ٭
سکّاک - سکہ لگانے والا مہر قائم کرنے والا - اور آہنگر یعنی لوہار -
سُکاک - وہ جو جو آسمان اور زمین مین ہی -
سُکسک - کم رفتار گھوڑا جو رہوار نہو اور نام ایک درخت کا جسکی لکڑی کی آگ دیرپا ہوتی ہی میر الٰہی ہمدانی - از اسپ من السکسک کہ جاںکاہ است این ٭ ہر سو کہ سوار او ست بدخواہ است این +

سہوا ز محمل نشتندی سکسک او ست + در بدراہی چہ نیک خوش رستہ اہین +

سُکّ - ایک قسم کی مرکب خوشبو کا نام ہی -

سِکّ - بکسر اول و تخفیف کاف سرکہ جو ایک مشہور چیز ہی -

سَکْت - ایک قوم ترک کا نام ہی -

سَگ - کُتّا جو مشہور چار پایہ ہی عربی مین اسکو کلب کہتے ہین -

ع سگ در بار میران شو چو خواہی قرب ربّانی + کہ بر شیران شرف دارد سگ درگاہ جیلانی +

سگال - خیال و اندیشہ -

سُکون - آرام چین تسلی اطمینان میر معزّی شب چو کشتی بود مہر ش لنگر و ملاح ماہ + گفتی آن کشتی سکون از جنبش لشکر گرفت +

سُکّان - جمع ساکن باشندگان رہنے والے اور دنبالہ کشتی کا -

سکنجبین - معرب سکنگبین جو سرکہ و انگبین کے الفاظ سے مرکب ہی مولانا اکبر لاہوری کلام سنتے ہی اپنے دل کا تمام جاتا رہیگا صفرا + کہ میٹھی باتون کی ساتھ اُسکے ترش مزاجی سکنجبین ہی +

سِکّین - بکسر سین و کاف مشدد و مکسور کارد یعنی چھری +

سکاہن - یہ ایک سیاہ رنگ ہوتا ہی جو سرکہ اور لوہے سے بنایا جاتا ہی اور کپڑے اُس سے رنگے جاتے ہین -

سَکَن - بفتحتین اُنس اور الفت اور وہ چیز جو اپنی آرام کا باعث ہو جیسے عورت و فرزند وغیرہ -

سکّان - بفتح سین و سکون کاف وہ لوگ جو گھر مین سکونت رکھتے ہون +

سگیان - وہ لید گھوڑے گدھے وغیرہ کی -

سگ پستان - یہ پھل لسوڑے کے درخت کا ہی جسکو سپستان کہتے ہین دوا مین مستعمل ہی -

سکو - یہ ایک آلہ چوبی کا نام ہی جو پنجہ کی صورت پر بنایا جاتا ہی اور زمیندار اُسکے ذریعے سے غلہ بھوسی سے الگ کر لیتے ہین اور چھاج جس سے غلہ صاف کرتے ہین -

سگ آبی - ایک جانور کا نام ہی جسکی صورت کُتّے سے ملتی ہی اکثر پانی مین رہتا ہی بید ستر بھی اسکا نام ہی اور اُسکا خصیہ جسکو جند بیدستر کہتے ہین اکثر امراض کی دوا مین مستعمل ہی -

سگ کاجہ - ایک بیماری کا نام ہی جس سے آدمی نیند مین ڈرتا ہی عربی مین اسکو کابوس کہتے ہین -

سکنہ - بفتحات جمع ساکن باشندگان -

سُکینہ - بضم اوّل آرام و آسایش و آہستگی اور نام دختر نیک اختر امام حسین علیہ السلام -

سِکّہ - کوچہ و محلہ و بازار و رستہ اور وہ لوہے کا سانچہ جس پر چاندی سونے کے روپیہ و اشرفی پر ضرب لگاتے ہین - نظامی نخستین کس او شد کہ زیور نہاد + بروم اندرون سکّہ زر نہاد - میر خسرو خطبہ راز نام تو تا آسمان آوازہ خاست + سکّہ بیخواستی در ملک منشانی نشست + نظامی کہنے سکّہ را چہ یارا بود + کہ ہمسکّہ نام دارا بود +

سَکتَہ - ایک بیماری کا نام ہی جس سے انسان بیہوش و بیحس بیحرکت ہو جاتا ہی مردہ و زندہ پہچانا نہین جاتا - حکیم انور لاہوری در سکوت و سکتہ بیمارت گرفتار بلاست + ای مسیحا کو در ینحالت دمی جان بخش تو +

سکیرہ - جست مارنا کودنا لپٹا لکد مارنا -

سُکُرّہ - اُسکُرّہ - بضمتین و راے مشدد مفتوح چھوٹا گلی کا سہ پانی پینے کا

سکافرہ - مضراب جس سے ساز بجاتے ہین -

سکالہ - فضلہ سگ کُتے کا گوہ -

سُکُرکہ - ایک قسم کی شراب کا نام ہی جو غلہ جو و چانولون و ارزن سے بناتے ہین ماوراءالنہر مین اسکا استعمال بہت ہی -

سکسنوبہ - ایک بوٹی کا نام ہی جسکو دل آشوب کہتے ہین پنج انگشت بھی اسکا نام ہی اور عربی مین ذو خمسہ اصابع استسقاء - علاج ہی جس عورت پر شہوت غلبہ کرے اسکا دوا ان آسکو دین تی الفور فسرو ہو جاوے -

سکونیہ - ایک قسم کی گھاس ہی جسکو سکبینہ کہتی ہین دوا مین مستعمل ہی

سکزی - نام اُس پہاڑ کا جہان رستم پیدا ہوا - اور نام ایک باجا منجملہ ہفت زبان فارسی کے -

سگائی - نسبت - ناتہ یعنی منسوب کرنا عورت کا مرد کے ساتھ قبل از نکاح یہ لفظ ہندی ہی اور فارسی مین بمعنی سگ گا سے یعنی کتے کا کتیا کے ساتھ جفت ہونا امیر خسرو دو دل گر یک شو د خویشی ہمان ست وگرنہ نسبت دنیا سگائی ست -

سگلی - کشتی کے ایک داؤ کا نام ہی درویش والہ ہروی قرب تو بسجدہ عزازیل + بنہاد تبرک سجدہ نیل + پاداش سگلیش لعن بنہاد + بر خاستنش زپا در افتاد +

سین با لام

سُلّا - بضم اول و تشدید لام کھجور کا کانٹا -

سُلا - بضم اول و تخفیف لام نام ایک مطرب کا جو گاتے ہین نظیر نہین رکھتا تھا -

سَلوا۔ سَلوٰی۔ یہ وہ جانور ہے جو موسٰی کی قوم بنی اسرائیل کو تیہ جنگل مین خوراک کے واسطے غیب سے ملتے تھے مرغ آسمانی بھی اسکو کہتے ہین۔ فارسی مین اسکا پودنہ نام ہے ہندی مین ٹیرے جیسا نزا مائدہ از آسمان + موسیا نزا منّ و سلوٰی میدہی +

سَلمٰا۔ سَلمٰی۔ نام ایک معشوقہ کا جو عرب مین رہتی تھی اور ہر ایک بطور معشوق

سَلب۔ بفتح اول و سکون ثانی نیست و نابود کردینا۔

سَلَب۔ بفتحتین نیست و نابود کیا گیا۔ اور حیوان کا چمڑا۔ اور سخت لباس مثل جوشن و خفتان جو جنگ کے موقع پر پہنتے ہین اور ماتمی سیاہ لباس اور مطلق جامہ اور لباس ہاتفی سلب تا سے زرین قباہای زر + ہمہ گنج یاقوت و لعل و گہر +

سِلاب۔ ماتمی کپڑا اور لباس۔

سُلَحفات۔ باخہ یعنی کچھوا جو ایک آبی جانور مشہور ہے۔

سَلاسَت۔ نرم ہونا آسان ہونا ہموار ہونا۔ اور وہ عبارت جسمین مشکل و بعید الفہم الفاظ نہون۔

سُلامیات۔ پنج ناخن و ناخنون کی جڑ ین اور انگلیون کی ہڈیان۔

سلطنت۔ دراز دستی و دراززبانی قہر و غلبہ و حکومت و بادشاہت مولف نہ استحکام ملک و مملکت را + نہ امید بقا این سلطنت را +

سُلت۔ غلہ جَو جو مشہور غلہ ہے۔

سَلوت۔ بروزن رحمت آرام و خوشی و تسلی و اطمینان۔

سُلالات۔ جمع سلالہ بمعنے خلاصہ۔

سلامت۔ بیخوف بے گزند بے آزار ہونا بےعیب ہونا سعدی بدریا در منافع بیشمار است + اگر خواہی سلامت بر کنار است + جمال الدین سلمان نسیم سلمہ اللہ اگر چہ بود سقیم + بمن رسید و من خستہ را سلامت داد +

سَلاجیت۔ یہ ایک پتھر کا نام ہے جس سے بدبو پیشاب کی سی آتی ہے۔

سلنج۔ وہ شخص جسکے ہونٹھ پھٹے ہوئے ہون دونون یا ایک ہونٹھ شق ہوا ہو۔

سِلاح۔ جنگ کے ہتھیار تلوار خنجر تیر و کمان برچھی بندوق وغیرہ مرزا بیدل جہاد بر سر میدان نفس و شیطان کرد + ز صبر و شکر و ریاضت ببست ہر کہ سلاح +

سَلیح۔ اما لہ سلاح کا۔

سَلاخ۔ چمڑا اُتارنے والا یعنی قصّاب جو مذبوح جانورون کا پوست اُتارتا ہے سیفی ہرچند میکشد بہ سلاخ زندہ ام + این ست دوستان سخن پوست کندہ ام +

سَلخ۔ چمڑا اُتارنا اور وہ دن جو چاند کا آخری دن ہو اور اسی روز شام کو ہلال کے نمودار ہی کی امید ہو۔

سَلغُر۔ سلجوق شاہ بادشاہ فارس کے باپ کا نام تھا۔

سِلَّور۔ یہ ایک قسم کی مچھلی رود نیل مین ہوتی ہے عربی مین اسکو جری کہتے ہین

سَلیس۔ روان اور ہموار بے نشیب و فراز اور نام ایک متخلخل پتھر کا۔

سَلِش۔ سِلیش۔ زندی زبان مین ہے اور زبون مقابل نیک اور خوب کے

سَلَف۔ بفتحتین گذرا ہوا وقت اور زمانہ اور اگلی لوگ جو مر چکے ہون

سِلف۔ بکسر اول و سکون ثانی اپنی عورت کی بہن کا شوہر جسکو ہندی مین سانڈو اور فارسی مین ہمزلف بولتے ہین۔

سُلف۔ بضم اول دری زبان مین وہ کھانسی جو بسبب خارش گلو کے آتی ہو۔

سَلاحِف۔ جمع سلحفات بمعنے کچھوے جو دریائی جانور مشہور ہین۔

سُلاف۔ انگور کا شیرہ جو بغیر نچوڑنے کے اُس سے نکلے۔

سِلق۔ بکسر اول چقندر جو ایک مشہور ترکاری ہے اسکے پانی کو اگر شراب مین ملائین تو سرکہ بنجاتا ہے اور اگر سرکہ مین ڈالین تو سرکہ شراب بنجاتا ہے۔

سلجوق۔ سلجوقی بادشاہون کے مورث اعلی کا نام ہے اور ان بادشاہون سے پہلا بادشاہ طغرل بیگ بن میکائیل بن سلجوق ہوا تھا

سُلاق۔ آنکھون کی بیماری کا نام ہے جس سے پلکین سرخ و غلیظ ہوجاتی ہین

سَلمک۔ موسیقی کی چھ آوازون سے ایک آواز کا نام ہے اور وہ چھ آوازین یہ ہین۔ شہناز۔ گردانیہ۔ گوشت۔ ملیشہ۔ نوروز۔ سلمک۔

سِلک۔ وہ رشتہ جسمین موتی پروئے ہوئے ہون۔

سلاک۔ چاندی سونے کا ٹکڑا۔

سَلیک۔ بمعنے منسلک یعنی ایک چیز دوسری چیز مین داخل کی ہوئی جیسے کہ موتی تاگے مین پروئے ہوئے۔

سُلوک۔ بضمتین راستہ اور راستہ پر چلنا مقامات طریقت کو طی کرنا۔ نیکی و نیک روی اختیار کرنا۔ مؤلف رفتہ رفتہ خود بمنزل میرسد + پا بنہد سالک چو در راہ سلوک +

سَلمک۔ بفتح اول و سکون دوم ناودان یعنی پرنالہ اور پانی کا بدرو جسکا پانی بلندی سے پستی کو گرتا ہے۔

سَلّ۔ کھینچنا تلوار اور خنجر اور چھری وغیرہ کا اور کانٹا رگ کا۔

سِل۔ بکسر اول جو چیز باہر نکالی جاوے۔ اور نطفہ اور نام ایک مہلک بیماری کا اور گھاس اور لکڑی کا پولہ جسپر چڑھ کر لوگ دریا سے اُترجاتے ہین اور ایک قسم کا چھوٹا نیزہ جسکو سیل کہتے ہین

سَلاسِل۔ لوہے کی زنجیرین۔ سلسلہ کی جمع ہے۔

سَلسال۔ پانی صفا اور میٹھا اور خوشگوار۔ سعدی

روضۃ ہا و نہرہا سلسال + وو حتہ صحیح طیر ہا موزون +

سلسبیل ۔ بروزن زنجبیل نام ایک چشمہ کا بہشت مین جاری ہی اور ہر ایک چیز نرم و خوشگوار ۔

سلیل ۔ فرزند اور بچہ ۔

سلقل ۔ ترکی مین دست چپ یعنی بایان ہاتھ چنانچہ سل کے معنی چپ اور قل کے معنی ہاتھ ۔

سلامان ۔ آبسال ۔ نام عاشق و معشوق کا اور نام ایک کتاب کا جسمین انکا قصہ لکھا ہی ۔

سلس البول ۔ ایک بیماریکا نام ہی جس سے بیمار کا بول بے اختیار جاری ہوتا ہی

سلالم ۔ خیبر کے قلعون مین سے ایک قلعہ کا نام ہی ۔

سلام ۔ عربی مین گردن رکھنا سر جھکانا بے عیب ہونا اور ایک نام خداے جل شانہ کے اسامی گرامی سے اور فارسی مین سو بار کی تعداد جسکو لکھ کہتے ہین حافظ از شاہد چون زلف تو در زیر گیرم قاصدی کز تو سلامی برساند برما + ولے چہ سود کہ دلدار سپاہی نفرستاد + نہ نوشت کلامی و سلامی نفرستاد +

سلیم ۔ درست صاحب سلامت پورا نرم دل نرم مزاج سلو اہم سو لف حق سلامت و اردش از ہر بلا + ہر کہ باشد صاحب طبع سلیم +

سلم ۔ بفتح اول و سکون لام فریدون کے بڑے بیٹے کا نام تھا ۔ اور تختی لڑکون کے مشق کرنے کی ۔

سلم ۔ بفتحتین نام ایک درخت کا اور ایک قسم بیع کا جو قیمت مال کی جنس کے تیار ہونے سے پہلے دیجا وے ۔

سلم ۔ بضم اول و تشدید لام نردبان لکڑی کا لکڑی کی پوری سولف تقرب حق خواہی اگر ورزید کوش + زانکہ زہدت سلم ستاین بام را +

سلم ۔ بکسر اول و سکون لام صلح و آشتی ۔

شلجم ۔ شلغم جو ایک مشہور ترکاری ہی ۔

سلطان ۔ صاحب سلطنت فرمان فرما والی ملک توحید ۔ تو سلطانی تو رحمانی تو ستانی تو سبحانی + خبرگیر غریبانی چہ در صحرا چہ در شہرا +

سلمان ۔ ایک شاعر کا نام ہی جسکو سلمان ساوجی کہتے تھے اور نام ایک اصحاب کا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو خدمات شایان بجالایا سلمان فارسی اسکو کہتے تھے ۔

سلاطین ۔ جمع سلطان بہت سے بادشاہ فرید الدین عطار صانعی کاز طین سلاطین میکند + نجم را رجم شیاطین میکند +

سلاجن ۔ دری زبان مین بجپانی و بشیری کی باتین درشت باتین ۔

سلدنیون ۔ ایک درخت کا نام ہی جسکا پھول سرخ اور تخم کشنیز کی طرح ہوتا ہی پتی اور تخم دونون دافع زہر مار و عقرب ہین ۔

سلینون ۔ یونانی مین ایک بوٹی کا نام ہی جو حوضون اور تالابون مین پیدا ہوتی ہی عربی مین اسکو کرفس الماء و قرۃ العین کہتے ہین ۔

سلو ۔ بالفتح و بضمتین و تشدید واو خوش ہونا اور ایک ہونا اندوہ کا ۔ فراموش ہونا ۔

سلسلہ ۔ لوہے چاندی سونے کی زنجیرین اور نام ایک کتاب کا وسلسل و اولاد و قرابت و ترتیب اسامی پیران کبار جس سے وہ سلسلہ شروع ہوا ہوا سوقت تک میرزا صائب و دیوانہ زسنگ ملامت متاب رو سے ۔ بازیچہ نیست سلسلہ بر پا گذاشتن ۔

سلالہ ۔ خلاصہ اور انتخاب اور نطفہ اور وہ چیز جو کسی چیز سے نکالی جاوے

سلیقہ ۔ سرشت و طبیعت و طرز و طریق ذوق زیبوان طریقت طریقہ آموزند + زسالکان مسالک سلیقہ آموزند +

سلقہ ۔ گذرا ہوا اور گندی ہوئی ۔

سلقہ ۔ اشتہا شکن کھانا ۔

سلہ ۔ پٹارہ جسمین میوہ رکھتے ہین ۔ اور جسمین سانپ کو مار گیر رکھتے ہین ۔

سلیطہ ۔ زبان دراز عورت اور حاضر جواب ۔

سلاحی ۔ سپاہی سلاحدار ہتھیار باندھے ہوئے میر خسرو با گرد راست ہنگام بار + مہر سلاحی و فلک پردہ دار +

سلاخی ۔ پوست کندن یعنی چمڑا اُکھاڑنا

سلیمانی ۔ ایک قسم کا پتھر ہی جسکی تسبیحین بناتے ہین ۔

سین با میم

سما ۔ آسمان یہ لفظ سمو سے ماخوذ ہی جسکے معنی بلندی کے ہین توحید ۔ ایکہ در ہر ابتدائی ابتدا را ابتدا + در مقام انتہا ہر انتہا را انتہا + حاکی انسا نراچہ بخشید ی شرف نام خدا + از زمین برداشتی بردی غبارش بر سما + ذرہ را خورشید انور قطرہ را گوہر کنی + صاحب گنجینہ مفلس را گدا را بادشاہ + کردہ صورتگری برآب در قعر شکم + مرحبا صد مرحبا صد مرحبا صد مرحبا

سمیرا ۔ کہ معظمہ کے رستہ مین ایک گانون کا نام ہی ۔

سمانا ۔ سمانی ۔ نام ایک مرغ کا ہی جسکو سلوی بھی کہتے ہین اور ہندی مین بٹیر ۔

سماعت ۔ شنید یعنی سننا صفدر فوقانی وہ دیکھے جسکی آنکھین

جلوہ عرفان سے روشن ہون + سُنے وہ جسکے گوش دل مین کچھ
تاب سماعت ہو +
سماجت - زشتی زبونگی بیباکی خوشامد -
سماحت - بحاے حطی جوانمردی سہل جاننا آسان تصور کرنا
کسی مشکل امر کو اور اغماض کرنا -
سُمعت - بضم سین وسکون میم وفتح عین شنوانیدن سنوانا کسی بات
کا کسیکو ریا اور دکھلانے کے لیے مثلاً کوئی اپنے نیک عمل کو مشتہر کرے
تاکہ لوگ اسکو نیک کہین -
سُمرت - گندم گون ہونا گیہون کا رنگ ہونا -
سَمت - بفتح اول راہ وراست وروش نیکو وقصد وآہنگ وصورت وہیئت
سِمت - بکسر سین وفتح میم داغ ونشان ونقش -
سِمات - بکسر اول نیک روش اور نیک صورتین اور طرفین -
سماوات - سما کی جمع بہت سے آسمان -
سموت - بہت سے داغ اور نشان -
سَمِج - بفتح اول وکسر میم بد وناخوش وزشت -
سمج وسمچہ - تہ خانہ جو برف سے بچنے اور گرمی سے محفوظ رہنے کے لیے
زمین کے اندر بناتے ہین اور مویشی کو اسمین باندھتے ہین -
سماح - اخیر مین حاے حطی جوانمردی کرنا بخشش کرنا -
سماخ - اخیر مین خاے منقوطہ سوراخ کان کا -
سمرقند - معرب سمرکند مشہور شہر ہی -
سمید - سفید میدہ کی روٹی -
سمرآد - خیال وفکر ووہم -
سمند - تیر بیکان دار اور گھوڑا جو رنگت مین زردی مائل ہو نظامی
سپہر تیجا کہ تو جولانگہی سمند آنجا + بجای گرد شود بوی گل بلند آنجا +
سمور - نام ایک جانور کا ہی جو روباہ سے صورت مین مشابہت
رکھتا ہی اور چمڑا اسکا سُرخ سیاہی وتیرگی مائل ہوتا ہی اور بال نہایت
نرم وگرم پوستین اسکے پوست کی قیمتی ہوتی ہی فریدالدین عطار
آن یکی پوشیدہ سنجاب وسمور + دیگری خفتہ برہنہ بر تنور +
سِنِمّار - نام ایک معمار کا جسنے بحکم نعمان بن منذر بادشاہ بہرام گور
کے واسطے قصر خورنق بنوایا جب تمام ہو چکا نعمان نے معمار کو قصر
کی بلندی سے گرادیا تاکہ مرجائے اور دوسری جگہ ایسا قصر
نہ بنائے چنانچہ وہ مرگیا -
سمرکار - نام ایک شہر کا ہی بدخشان مین -

سَمَندَر - بفتحتین نام ایک جانور کا ہی بقدر چوہے کے جو آتشکدہ مین
پیدا ہوتا ہی جب آگ سے باہر نکلتا ہی مرجاتا ہی - بعض کہتے ہین ایک جانور
پردار ہی جو آگ مین نہین جلتا - بعض کہتے ہین کہ ہزار برس کی آگ مین
بعض کہتے ہین کہ سو برس کی آگ مین وہ پیدا ہوتا ہی -
سَمَر - افسانہ اور وہ بات جو سب کو معلوم ہو سعدی گر بدیدورییت
نہ بیداد گر + کند نام زشتش بگیتی سمر +
سم الفار - ایک کانی زہر کا نام ہی ہندی مین اسکو سنکھیا کہتے ہین
چونکہ چوہا اسکے کھانے سے بہت جلد مرجاتا ہی سم الفار اسکا نام
رکھا گیا یعنی چوہے کا زہر -
سِمسار - عربی مین دلال کو کہتے ہین جو بایع اور مشتری کے درمیان
آکر سودا کرا دیتا ہی - محمد سعید اشرف - بغرض تفاریق اشعار
خود + شوم کار فرمای سمسار خود +
سمندا سلار - یہ ایک جانور سکندر رومی کے وقت ظاہر ہوا
اسکی نظر جس ہی جان پر پڑتی فوراً مرجاتا سکندر کی فوج کے بہت لوگ
مارے گئے آخر ارسطو نے اسکے اندفاع کی تدبیر پوچھی گئی اُسنے
کہا کہ اسکے روبرو آئینہ رکھا چاہیے تاکہ اپنی نظر کی تاثیر سے خود مرجاے
پس ایسا ہی کیا گیا اور وہ موذی جانور ہلاک ہوا عنایت نقشبند
علاج ذات شومت شومی ذات کند آری + سمندا سلادرا عکس
سمندا سلار مے باید -
سمنیر - ترکی زبان مین بکرا جو کسیکے حق مین مانگی جائے -
سماریس - ایک قسم کی مچھلی ہی جسکو عرب والے مرجان کہتے ہین -
سمت الراس - جو چیز اپنے سر کے مقابل ہو یعنی سر پر ہو
سمط - وہ تاگا جو موتی نہین پرویا ہوا ہو سموط اسکی جمع ہی -
سم الخیاط - سوئی کا سوراخ -
سماط - صف ودستر خوان سفرہ قطار سعدی بہ بینارے اندیشہ
راندم نشاط + بدیگر شکم راکشیدم سماط +
سماع - جو بات سننے مین آئے اور اگر سے کوئی لذت اور مطلب
حاصل ہو سرود راگ گانا - سعدی بگویم سماع ای برادر کہ چیست
اگر مستمع را بدانم کہ کیست +
سمع - بفتح اول کان سے سننا - اور سننے کی طاقت جو قدرت نے
کانون مین رکھی ہی -
سمع - بکسر اول بچہ گرگ یعنی بھیڑیے کا بچہ -
سماروغ - وہ اُگنے والی چیز جو برسات کی موسم مین زمین سے

انڈے کی طرح سپید اور گول طولانی صورت پر نکلتی ہی پنجابی زبان میں اسکو کھنب کہتے ہین اور لوگ اسکو پکا کر کھاتے ہین۔

سَمسَق ۔ ریحان کی قسم سے ہی۔ مرزنگوش اور مرزنجوش اور گوش موش بھی اسکو کہتے ہین سبز اور خوشبودار ہوتا ہی اور پھول سرنگ کبود چونکہ اسکی چوہے کے کانون کی طرح ہوتی ہی اسواسطے اسکو گوش موش بولتے ہین۔

سُمّاق ۔ بضم اول و تشدید میم ایک ترش ذایقے میوہ کا نام ہی جو دوا مین مستعمل ہی۔

سَماق ۔ ایک قسم کے پتھر کا نام ہی جو نرم اور سپید ہوتا ہی۔

سِماک ۔ بکسر اول نام ایک ستارہ کا جو چودھوین منزل منازل قمر سے ہی

سَمک ۔ بفتح سین و سکون میم گھر کی چھت اور مقدار اونچائی ہر چیز کی اور بلند کرنا۔ اونچا کرنا۔

سَمَک ۔ بفتحتین ماہی یعنی مچھلی جو زیر زمین ہی مولف پرد باوج صحبت چو عاشق مولی تہ نیم لحظہ رسد از سمک باوج سماک +

سَمارُوک ۔ پہلوی مین کبوتر جسکو عربی مین حمام کہتے ہین۔

سَمُک ۔ بفتح اول و ضم ثانی بے عقل و بے ہنر۔

سَمناک ۔ ضروری خرچ۔

سَمَندُوک ۔ سمندر جانور جو آگ مین پیدا ہوتا ہی۔

سَموک ۔ جمع سمک مچھلیان۔

سُمُوم ۔ گرم ہوا سام اسکی جمع ہی۔ خلیفہ شاہ محمد از سموم تکلم بباغ وجود + ہرگز این غنچہ وطرنہ کشود۔

سُم ۔ ہر ایک چارپایہ کا پاون اور آدمی کے پاون محمد زمانخان راسخ گھوڑے کی تعریف مین ۔ نسیم نافہ در کوسے دُم او + ہوا گلدستہ برق سُم او +

سَم ۔ زہر جسکے کھانے سے انسان مرجائے اور سوئی کا سوراخ اور نام ایک پہلوان کا۔

سمیرم ۔ یہ ایک سرزمین عراق اور فارس کی ہی۔ ملخ کے مارنے کیلیے پانی وہان سے لاتے ہین جب پانی وہان سے لیتے ہین جبتک اپنی جگہ پر پہونچین پیچھے کو نہین دیکھتے اور نہ پانی کو زمین پر رکھتے ہین پس وہ پانی لیکر اون کھیتون پر جاتے ہین جہان ملخی یعنی ٹیڑی کا دل ہوتا ہی اور زمین پر رکھ دیتے ہین اسوقت غیب سے سیاہ رنگ پرندے پیدا ہوجاتے ہین اور ٹیڑیون کو مار ڈالتے ہین سام بن ارم نے سب سے پہلے یہ ناحیہ دریافت کیا اوسی نام سے مشہور ہوا کثرت استعمال سے سمیرم مشہور ہوگیا۔

سَمصام ۔ تلوار معرب اسکا صمصام ہی۔

سِمسِم ۔ غلہ کنجد یعنی تل جسکا تیل بھی نکالتے ہین۔

سمان ۔ ستائیسوین تاریخ ہر مہینے شمسی کی۔

سمین ۔ فربہ و پرگوشت اور وہ چیز جو چربی کی طرح سپید فربہ جانور کے گوشت مین پیدا ہوجاتی ہی ہندی مین اسکو رواج کہتے ہین۔

سَمْن ۔ بفتح سین و سکون میم روغن گاو یعنی مادہ گاو کا گھی۔

سِمَن ۔ بکسر اول و فتح ثانی فربہی یعنی موٹاپن۔

سَمَن ۔ بفتحتین ایک پھول کا نام ہی جسکو چنبیلی کہتے ہین اکثر سفید ہوتا ہی اور بعض زرد بھی۔ دکنی سبزی میر خسرو لوح سمن را کہ ورق کردہ باد مہر خورش داد بعنوان راز +

سمنیون ۔ یہ ایک قسم کے سیاہ دانے چنے سے چھوٹے ہوتے ہین خراسان مین اسکو نقل خواجہ کہتے ہین کھانا اسکا بدن کو موٹا کرتا ہی بادہ کو بڑھاتا ہی

سمنون ۔ ایک درویش صاحب حال و ریاضت کش کا نام ہی۔

سمارد ۔ کبوتر جو مشہور پرندہ ہی۔

سمو ۔ ساگ پات سبزہ ترکاری۔

سَمَنُو ۔ ایک قسم کے حلوے کا نام ہی جسکو آش رشتہ بھی کہتے ہین

سُمُو ۔ بلندی۔ اونچائی۔

سمیطہ ۔ سلک مروارید۔

سَمنہ ۔ پوشیدہ و پنہان۔

سِمنہ ۔ یہ ایک تخم میوہ کی قسم سے ہی جسکو ہندی مین چرونجی کہتے ہین

سمیشہ ۔ نام ایک کپڑے کا جو باریک اور نازک ہوتا ہی۔

سماچہ و سماچچہ ۔ عورتون کا سینہ بند جسکو انگیا کہتے ہین۔

سماکارہ ۔ شراب خانہ کا سبوکش یعنی پانی بھرنے والا۔

سمانہ ۔ ایک پرندے کا نام ہی جسکو سلوی اور بٹیر کہتے ہین۔ کرک اور بلار بھی اسکا نام ہی۔ اور گھر کی چھت اور بلندی اور نام ایک قصبے کا ہند مین۔

سمیرہ ۔ لکھا ہوا نقش کیا ہوا۔

سماعیلی ۔ یہ ایک ملحد فرقہ مشہور ہی ظہور انکا امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد ہوا۔ امام جعفر صادق کا بڑا بیٹا اسمٰعیل تھا اور چھوٹا موسی کاظم حضرت نے امامت چھوٹے بیٹے کو مرحمت کی اسمٰعیل بحال ناراض ہوکر باپ سے علیحدہ ہوگیا اور مصر کی طرف جاکر نیا فرقہ اسماعیلیہ قائم کیا جو شش پرست مشہور تھے یعنی چھپا ہوا

مانتے تھے اور اسمٰعیل کو خاتم الائمہ جانتے یہ لوگ اہل سنت اور فرقۂ
اثنا عشریہ کے سخت دشمن تھے۔

سَمِیّ۔ وہ شخص جو کسی کا ہمنام ہو۔

سِمنانی۔ جو شخص سمنان کا رہنے والا ہو اور یہ شہر دامغان کے پاس ہے۔

سماری۔ کشتی و جہاز۔

سمانی۔ یہ ایک دریائی مرغ ہے جسکو عربی مین قتیل الرعد کہتے ہین
رعد کی آواز جب اُسکے کان مین پہونچتی ہے مر جاتا ہے۔

سین با نون

سَنا۔ وہ روشنی جو ضیا سے کمتر ہو اور نام ایک گھاس جسکا کھانا
دست لاتا ہے۔ عمدہ وہ ہے جو مکہ مین پیدا ہوتی ہے اور سنا مکی مشہور ہے۔

سنگیا۔ وہ پتھر جس سے پانون کا میل اُتارتے ہین ہندی
جھانوان۔ مولانا اکبر لاہوری ہاتھ لگ جائین تو فوراً چوم لون +
پانون اُس بت کے بشکل سنگپا + محمد سعید اشرف۔ ہر کہ زان گلروی
ماہی جدا خواہد شدن + پاپیش از سنگ ندامت سنگپا خواہد شدن +

سِنجاب۔ ایک جانور کا نام ہے جسکے چمڑے کی پوستین بناتے ہین
اور وہ چمڑا خاکستری رنگ ہوتا ہے فریدالدین عطار۔ آن یکی پوشیدہ
سنجاب و سمور + دیگری خفتہ برہنہ بر تنور +

سُنبل الطیب۔ ایک خوشبودار گھاس کا نام ہے جسکو ہندی مین
بالچھڑ اور جٹا کہتے ہین۔ سراج الشعرا صحبت اہل دل بالطبع فقر من
نساخت + سنبل الطیب پریشانی درین معجون نبود +

سُنب۔ گھوڑون وغیرہ چارپایون کے سُم یعنی پانون اور بڑا مکان
جو کسی جنگل یا پہاڑ مین بنا ہو سو بیشی کے رہنے کا احاطہ اور خانقاہ درویش
خدا پرستون کی۔

سُنّت۔ وہ عمل جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمام عمر کرتے رہے
کبھی کبھی چھوڑ بھی دیا ہو مولف فرض حق مانند فرض سنت ای پسر +
ہست واجب سنت خیر البشر + کن ادا در زندگانی کن ادا + تا نہ باشی
سر خرو پیش خدا +

سنگ پشت۔ مشہور دریائی جانور جسکو ہندی مین کچھوا کہتے ہین

سنگ بست۔ پتھر کی بنی ہوئی عمارت نہایت مستحکم و مضبوط نظامی
در آن خطہ بود آتش سنگ بست + کہ خوانند سے خرو سوزش آتش پرست +

سنبات۔ دری زبان مین جو چیز آنکھ سے دیکھی جائے۔

سنبوت۔ یونانی زبان مین زیرہ جو مشہور تخم ہے اور عمدہ زیرہ
کرمانی ہوتا ہے۔

سَنج۔ ایک باجہ کا نام ہے جو نقارون و نفیرون کے ساتھ بجایا جاتا ہے
ہندی مین اسکو جھانجھ کہتے ہین اور وزن کرنے والا تولنے والا نظامی
ترازو ہی پولا و سنجان سبل + زکفہ بکفہ ہمیراند سیل +

سَنخَج۔ بفتح سین و سکون نون و فتح خا سے و سکون جیم ضیق النفس
تنگی دم جو ایک مشہور بیماری ہے۔

سُنُوح۔ پیدا ہونا کسی حادثہ کا۔

سنگلاخ۔ وہ زمین جس سے پتھر اور کنکر نکلین۔

سَنج۔ بفتح اول نمک جو کھانے مین ڈالا جاتا ہے اور چرک اور
ریم جسکو عربی مین وسخ کہتے ہین۔

سِنخ۔ بکسر اول بیخ اور اصل اور مادہ ہر ایک چیز کا۔

سَنَانیخ۔ نیم تنہ جو ایک قسم کا جامہ پہننے کے لیے سیا جاتا ہے صدری
اور فتوحی بھی اسکو کہتے ہین۔

سَنجد۔ نام ایک میوہ کا ہے جو عُنّاب کی صورت پر ہوتا ہے بعض
عناب ہی کو سنجد کہتے ہین محمد قلی سلیم زرد غن گشت خالی مغز کنجد +
نماند آرزو در دندان سنجد +

سَنَد۔ بفتحتین جس چیز پر بھروسا اور تکیہ ہو اور اپنے دعوی کا
استحکام اسکو تصور کیا جائے۔ مولف محمد جب کہ اس دنیا مین
آئے + سند مہر نبوت ساتھ لائے۔

سِنْد۔ بکسر سین و سکون نون حرا فرادہ و بد و شریر اور معیوب
قافیہ جو شعر مین ہو۔ اور نام ایک ملک کا ہندوستان مین اور نام
ایک دریا کا جسکو اباسین اور اٹک بھی کہتے ہین خواجہ فریدالدین گنج شکر
کے مناقب مین ہے کان عرفان معدن جود و کرم گنج شکر + رہنمائے
روم و روس و پیشوائے ہند و سند +

سَنْد۔ بفتح سین و سکون نون سرگین آدمی کا گوہ جو غلیظ اور سطبر ہو۔

سِناد۔ عیوب قافیہ سے ایک عیب کا نام ہے۔

سندباد۔ نام ایک کتاب کا ہے جسکو حکیم ارزقی نے پند و نصائح
مین تصنیف کیا اور نام گشتاسپ بادشاہ کے بیٹے کا۔

سنباد۔ طاقت فکر و خیال کی جو انسان مین ہے اور نام ایک
مجوسی نیشاپوری کا جو باوجود عداوت دینی کے ابومسلم مرغزی کے
ساتھ محبت رکھتا تھا۔

سُنُود۔ فکر کرنا کسی ایسے کام مین جسکا کرنا نہ کرنا یکسان ہو۔

سنجار۔ نام ایک شہر کا ہے جو موصل سے تین منزل پر واقع ہے اور نام
ایک موضع کا جسمین سلطان سنجر پیدا ہوا تھا۔

سنجر- نام ایک بادشاہ عادل کا-
سنگسار- ایک قسم کی سزا اور تعذیب کا نام ہی کہ مجرم کو کمر تک زمین مین داب کر پتھر مارتے ہین تاکہ وہ مرجائے صفدر فوقانی- بت پرستی ترک کرنے کا نہین ہی تا نہو یہ نفس کافر سنگسار +
سنقر- نام ایک شکاری جانور کا ہی باز کیطرح - مگر ہندوستان مین بسبب زیادہ حرارت کے زندہ نہین رہ سکتا اور نام ایک ترک بادشاہ کا اور نام ایک غلام کا-
سنگ- بکسر اول ترکی زبان مین نیزہ کوچک یعنی برچھی-
سنگ زر- محک یعنی کسوٹی سونا پرکھنے کی-
سنگار- ہندی لفظ ہی بمعنے آرائش فارسی مین اسکو ہر ہفت کہتے ہین کل تمام عورت کی آرائش کا سات چیز پر ہی فرحت کیا جب نہا دھو کے اُسنے سنگار + ستارے سے لگے ہوئے اُسپر نثار +
سنگر- جو دیوار وغیرہ حفاظت کی گرد لشکر اور قلعہ کے قائم کرین عالم مورچال سے محمد سعید اشرف ازانکہ ہمیشہ کار سنگر بود + با سنگر افغان چہ تواند کردن +
سنار- بفتح اول شخص عاشق و گرفتار- اور وہ پانی جو گہرا ہو کشتی اسمین چل نہ سکے-
سنار- بضم اول بیٹے کی زوجہ جسکو فارسی مین زن پسر کہتے ہین-
سندر- ایک گوند کا نام جو زرد رنگ کہربا کی طرح ہوتا ہی-
سنڈور- خرطوم فیل ہاتھی کی سونڈ-
سنگ احمر- ایک پتھر سرخ رنگ ہوتا ہی جسکا ایک دانگ کھانا زہر قاتل ہی- بعض کے نزدیک وہ سرخ الماس ہی-
سنگار- بفتح اول رفیق راستہ کا اور ہمراہ جو سفر مین رنج و راحت کا سہیم ہو-
سنکور- چرخے یا لکڑی کا گول منکا جو سوت کاتنے کے وقت تکلے پر چڑھا لیتے ہین تاکہ کاتا ہوا سوت اُسپر جمع ہوتا جاے عربی مین اسکو فلک کہتے ہین-
سندس- ایک بیش قیمت کپڑے کا نام ہی جو بہشت مین بہشتیون کا لباس اُس سے بنایا جائیگا-
سندروس- ایک زرد رنگ گوند کا نام ہی جسکو سندر بھی کہتے ہین
سنگاش- رشک و حسد-
سنجق- رومی زبان مین علم و نشان فوج اور کمر بند جو کمر پر باندھتے ہین سنجوق بھی اُسکو کہتے ہین-

سنبک- چھوٹی کشتی جو جہاز کے ساتھ ہو-
سنباک- وہ روئی جو پتھر پر لگائی جاے محسن تاثیر- پیش ست از تو در سر روزی سوای تو + سنباک بسینہ سنگ زنان از برای تو +
سنگ- پتھر ترجمہ حجر کا اور مقدار اور گرانی اور وزن و وقر و قیمت و قدر و عزت محمد قلی سلیم- از خون پس از ہلاک رقم کن بسنگ من + کاین خون گرفتہ است شہید خدنگ من نظامی- اگر کیمیا سنگ را زر کند + نسیم من از خاک عنبر کند +
سنبل- ایک خوشبو گھاس کا نام ہی جسکو سنبل الطیب کہتے ہین میر محمد فضل ثابت- دل ہرجائی من بستہ زلف تو شود + گیسوی سنبل اگر سلسلہ پای صبا ست +
سندل- چھوٹی کشتی اور پاپوش یعنی جوتی اور آدمی جو بیعقل و بیوقوف ہو-
سنگول- وہ اسباب جو ضروری ہو-
سنام- اونٹ کا کوہان-
سنگم- ایک جانور تیز پرواز کا نام ہی اور ہندی مین ہمراہی اور رفیق-
سن- وندان یعنی دانت و بمعنی سال و مقدار عمر سنین اسکی جمع ہی شعر- بافسوس کن یاد ہر روز و شب + بغفلت اگر بگذرد سن و سال + حافظ- محتسب خم شکست و من سر او + سن بالسن والجروح قصاص +
سن- ترکی مین بمعنی تو کلمہ خطاب ہی-
سندن- بکسر اول ترکی مین ترجمہ حرف از جسکے معنی اُردو مین سے نکلتے ہین
سن سن- ترکی مین اسکے معنی تو ہی تو ہی-
سنسن- حرام مغز جو بکری بھیڑ وغیرہ جانورون کی پشت سے نکلتا ہی
سنن- جمع سنت بہت سی سنتین-
سنین- جمع سنہ بہت سے برس-
سنون- وہ دوا جو دانتون پر ملی جاے ہندی مین اسکو منجن کہتے ہین
سنگزن- ترازو کی کم وزن-
سنیاسیان- ایک فرقہ فقرای ہنود کا ہی- یہ لفظ ہندی ہی-
سنان- سر نیزہ کا سر عصا کا اور ہر ایک چیز کا تیز نوک طالب کلیم- ظفر بلازم تیغت لسان جوہر شد + سر عدو شر شعلہ سنان تو باد + ناصر خسرو- مہوش عدیم جفا و مکش سنان ستم + کہ تیر نالہ مظلوم کارگر باشد +
سندان- اہرن لوہے کا جسپر لوہار لوہا کوٹتے ہین- مؤلف- چو موم از گرمی الفت شود نرم + اگر باشد دلت مانند سندان +
سنگ اسو- سنگ مرمر جو مشہور پتھر ہی-
سنبالو- ہندی زبان مین بوزنہ یعنی بندر اور ہندی مین نام ایک درخت کا-

سنجہ - ترازو کے بانٹ جس سے ہر چیز وزن کیجاتی ہی -
سندہ - بفتح اول سرگین آدمی آدمی کا گوہ جو درشت اور غلیظ ہو -
سنہ - بضمتین سال یعنی برس -
سِنَہ - بکسر اول و فتح ثانی غنودگی و نیم جوانی -
سُنَّہ - بضم اول و تشدید ثانی راہ و روش و طرز و طریق و عادت وزن پسر -
سِنَّہ - و بکسر اول و تشدید ثانی ہر چیز کے دندانے -
سنگچہ - ترالہ یعنی اولا جو بادل سے برستا ہی -
سُنبُلَہ - ایک خوشہ گیہون اور جو وغیرہ کا اور نام چھٹے برج آسمانی کا جسکی صورت ایک لڑکے کی ہی اور ہاتھ مین تیغ شمشیر ہی حکیم لالی
سنان سنبلہ برکشت افلاک + گریبانی لب لب از دل چاک +
سَنِیَّہ - روشن اور بلند -
سُنبَہ - ایک لوہے کے آلہ کا نام ہی جس سے سوراخ کرتے ہین برما بھی اسکو کہتے ہین -
سنجیدہ - تولا ہوا وزن کیا ہوا موزون مصرع و مضمون محسن تاثیر
گر سخن گستر ندارد و قدر و مقداری چہ غم + وزن او ظاہر شود از معنی سنجیدہ اش +
سَنبادَہ - بفتح سین و دال مہملہ ایک پتھر ہی جسپر ہتھیار تیز کرتے ہین -
سَنسَہ - انگور سیاہ اور زنبور سیاہ کو کہتے ہین -
سَنِی - بفتح سین و کسر نون روشن اور چمکتا ہوا اور بہت بلند -
سُنِّی - پیرو سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم رباعی نہ سنیم
کہ کنند طعنہ رافضی احمق + نہ رافضی کہ کنند سنیم گریبان شق +
غلام حضرت عشقم و گر منید انم + کہ کیست بر سر باطل کدام بر سر حق +

سین با واو

سودا - سیاہ اور نام ایک خلط کا چار خلطون سے جو انسان کے جسم مین موجب اسکے قیام و حیات کا ہین اور دیوانگی اور عشق اور خرید و فروخت عرفی من پریشان گوی سہو اندیش و سودا ہرزہ دوست + من بسودا ہا نم و ما نہ بین سودا ہی من + میرزا بیدل
بر سرم پیچید آخر دو سودا ہی کسی + ورنہ عمرم بود کا ین دیوانہ بی دستار بود +
سِوا - بکسر اول اسکے معنی بغیر کے ہین حکیم انور لاہوری یا خدا
مشکل کشا کوئی نہین تیرے سوا + ہمدم و حاجت روا کوئی نہین تیرے سوا +
سَوا - بفتح اول برابری اور برابر -
سُوَیدا - بضم اول سیاہ نقطہ جو دل پر ہی یہ لفظ تصغیر سودا کی ہی

اور مؤنث اسود کے لفظ کی -
سوق الثلاثا - شہر بغداد مین ایک سہ راہ بازار کا نام ہی جسمین منگل کے روز ہر ایک جنس کا بازار لگتا ہی اور بکثرت خرید و فروخت ہوتی ہی
سورنا - یہ ایک باجہ کا نام ہی جو شادیون مین بجایا جاتا ہی مخفف اسکا سرنا ہی طاہر وحید سورنا کی تعریف مین - چو شد در جشن و زمان سرور ہو جہا نرا بفریاد خواند بسور +
سُوبَرا - ژندی زبان مین امید و امیدواری -
سورا - ایک شہر کا نام ہی -
سُوفرا - قباد پدر نوشیروان کے وزیر کا نام ہی -
سوغات - وہ تحفہ جو کسی دوست کے واسطے کسی دوسرے شہر سے لایا جاوے یہ لفظ ترکی ہی فارسی مین اسکو رہ آورد کہتے ہین سنجر کاشی
بہتر از جان برا سے خواجہ متاعی بدر دوست + کہ بسوغات نبر دوست کسی زیرہ بکرمان -
سَوْرَت - بفتح اول حدت و تندی و ظلم و ستم خشم و غصہ و غضب و تیزی
سُورَت - بضم اول شرف و منزلت و بزرگی اور ایک حصہ قرآن مجید کا جیسا کہ سورہ فاتحہ و سورۂ مزمل و اخلاص وغیرہ اور نام ایک شہر کا ہند مین دریاے شور کے کنارے پر -
سَوِیَّت - برابری اور اعتدال -
سومنات - نام ایک بت اور بتخانہ کا گجرات دکن کے علاقہ مین تھا جسپر سلطان محمود غزنوی نے ۴۱۶ہ ہجری مین حملہ کیا بت کو توڑا بتخانہ کو خراب کیا اور مال کثیر اٹھا کر غزنی لے گیا سومنات لفظ ہندی ہی اصل مین سوم ناتھ تھا جیسے اور عبادت گاہین ہندوون کی بیجناتھ و جگن ناتھ وغیرہ ہین اسکا نام سوم ناتھ تھا کیونکہ سوم چاند کو کہتے ہین اور ناتھ کے معنی خداوند و بزرگ کے ہین اس بتخانہ مین چاند گہن یا چاندرات کے موقع پر پرستش کی جاتی ہوگی اہل فارس نے اخیر کا حرف ہا سے ہوز گرا کر سومنات اسکو اپنے اشعار مین باندھا ہی سعدی
بتی دیدم از عاج در سومنات + مرصع چو در جاہلیت منات +
سُؤدُد - سرداری و مہتری و پیشوائی -
سُوءِ المزاج - مرض بیماری مزاج کا بگاڑ ذوقی گر ترا سوء المزاج باطنی ست + چارہ اش جز طبیب معنوی -
سُوکنج - رومی زبان مین کف دریا یعنی سمندر کی جھاگ جو سمندر کے کنارے پہاڑون اور پتھرون پر جم کر خشک ہو جاتی ہی اور سنگ سے زیادہ سفید اور لطیف ہوتی ہی -

سوانح ـ جمع سانحہ کی بہت سی کیفیتین اور رودیداد استعمال اسکا متوسط حالات کے بیان مین کیا جاتا ہی۔

سوراخ ـ مشہور لفظ ہی جسکے معنی چھید ہین نظامی گنوانچہ دانا سے پیشینہ گفت ⁺ بیک در نشاید دو سوراخ سُفت مؤلف چرا نہ مرہم صبر از خدای خود خواہی ⁺ کہ ہست بر دل رشیتہ حرص صد سوراخ ⁺

سوخ ـ پیاز جسکو عربی مین بصل کہتے ہین۔

سوخ ـ نام ایک شہر کا ہی۔

سواد ـ رنگ کی سیاہی و شہر کے نواح و ملک و ذہن مسودہ محمد سعید اشرف بالاک ہند نسبتا ایران چہ مپلنی ⁺ چون اعتبار اصل نباشد سواد را صاحب سیلو سجیات اہی سینہ آن نہ ریفن ⁺ نیست سوادی کہ با صاحب مطابق ⁺

سُوُد ـ عربی مین جمع اسود کی جسکے معنی سیاہ کے ہین اور فارسی مین فائدہ و نفع جو تجارت مین ہو اور ربا جسکو ہندی مین بیاج کہتے ہین ظہیر با عیش نقد فکر سر انجام بہر ست ⁺ زان قرض سود بوسہ انعام بہتر ست نظامی سکندر کہ او نیکنامی نمود ⁺ بران نام نیکی بسی کرد سود ⁺

سوگند ـ قسم اور حلف مشہور لفظ ہی فغانی کاری نشد از پیش تبرک می و ساقی ⁺ پیمانہ بیار بد کہ سوگند شکستیم ⁺

سَبُو ـ بفتح اول سبد یعنی ٹوکرا اور چھابہ جسمین سبزی فروش سبزی اور میوہ فروش میوہ بیچتے ہین۔ اور باریک لکڑی سے بنایا جاتا ہی۔

سوسپند ـ ایک گھاس کا نام ہی جسکو دودھیا کہتے ہین اُسکو نچوڑین تو دودھ نکلتا ہی۔

سوسمار ـ مشہور جانور ہی جسکو گوہ اور سگوہ ہندی مین کہتے ہین۔

سوار ـ سوارہ ـ جو شخص کسی پر چڑھ کر چلے پیادہ نہو گھوڑے پر سوار ہو یا گدھے خچر کشتی وغیرہ پر ہندی مین اسکو اسوار بھی کہدیتے ہین خسرو خرم رسید کا مشب بر یار خواہی آمد ⁺ سر من فدای راہی کہ سوار خواہی آمد صائب ز شقوف پست خطر ہاست سربلندان را ⁺ مگر پیادہ شود ہمت سوارہ من ⁺

سوداگر ـ سوداور ـ جسکا لین دین جاری ہو تجارت کا کام کرتا ہو صفیہ فوقانی وست از سودای دنیا بازدار ⁺ نیست سود تو درین سوداگری ـ

سوفار ـ سوفارہ ـ دہان تیر یعنی تیر کا منھ اور سوئی کا سوراخ محمود راست تیر ایازاہی محمود ⁺ در دل من نشست تا سوفار خسرو تیر کرشش گشت چو سوفارہ ساز ⁺ گشت ز دستش سر سوفارہ باز ⁺

سُور ـ غیاث اللغات مین اسکے چند معانی لکھے ہین اول جشن جو عروسی کے موقع پر کیا جائے دوسرا سرخ رنگ چنانچہ سرخ پھول کو گل سوری کہتے ہین تیسرے خاکستری رنگ سیاہی مائل گھوڑے اور گدھے اور اونٹ کا

چوتھے قلعہ کی دیوار و شہر پناہ ـ پانچوین نیم خوردہ و پس خوردہ یعنی جھوٹا چھٹے قران شریف کی سورت ـ ساتوین نام ایک فتاقی قوم کا ـ

سورۂ نور ـ قرآن کی سورتون سے ایک سورت کا نام ہی ـ

سُوبَر ـ قسم جمادات یعنی پتھر کے اقسام ـ

سوسبار ـ ژندی زبان مین گھوڑا جسکو فارسی مین اسپ اور عربی مین فرس کہتے ہین ـ

سوز ـ حرارت گرمی جلن مؤلف شود از آتش دل سینہ بریان ⁺ جگر مپسوز داز آہ جگر سوز ⁺

سوس ـ مخفف سوسمار جس جانور کا ذکر تحریر ہو چکا ہی اس جانور کی چربی اگر انسان کھائے تو جلد فربہ ہو جاتا ہی چربی کی مالش بھی ہوتا کرتی ہی ـ اور نام ایک کرم کا جو ریشمی کپڑون کو لگ جاتا ہی اور بہت جلد ضائع کر دیتا ہی اور نام ایک گھاس کا اور نام اُس کرم کا جو گیہون و شالی وغیرہ اناج مین پیدا ہو کر اسکو کھا جاتا ہی ـ اور نام ایک درخت کا جسکی جڑ میٹھی ہی اور اسی لحاظ سے ملیٹھی کو اصل السوس کہتے ہین ـ

سوریوس ـ نمرود کافر کا یہ اصلی نام تھا اُسکا ایک بیٹا تھا اُسپر اسقدر غالب ہوا کہ باپ کو پکڑ کر آختہ کر دیا تاکہ سوا سے اسکے اور کوئی وارث تخت و تاج کا پیدا نہو ـ

سَوِیس ـ غفلت و بے خبری و نادانی ـ

سناونی آنا - پردیس سے کسی کے مرنے کی خبر آنا -

سناٹا آنا - غش آجانا - بیہوش ہوجانا -

سناٹا بتینا - بالکل گم صم ہوجانا - اجاڑ سا معلوم ہونا سنسان ہونا -

سنبھالا لینا - مرتے آدمی کا کسیقدر ہوش مین آجانا - ذوق بیمار محبت نے لیا تیرے سنبھالا + لیکن وہ سنبھالے سے سنبھل جائے تو اچھا +

سنبھل سنبھل کر بگڑنا - بن بن کر بگڑنا - خوب ناراض ہونا داغ سنبھل سنبھل کے بگڑتا ہی کچھ دل بیتاب + الٰہی آج یہ صدمہ ہی جان پر کیسا +

سنجھا کی گنجا - وہ گنجا جسکی ٹھری پر بال ہون -

سنجھا بتی کرنا - شام کے وقت چراغ جلانا -

سنجھا پھولنا - شام کو شفق ظاہر ہونا -

سن سے جی ہوجانا - پژمردہ خاطر ہوجانا -

سنکلپ کرنا - ہبہ کرنا - بخشش کرنا - پن کرنا -

سنگسار کرنا - پتھرون سے مار دینا - مولا اکبرلاہوری اس بت سنگدل سے جو پھر جاسے + ماردو اسکو سنگسار کرو +

سن ہوجانا - بےحس و حرکت ہوجانا -

سنیچر آنا - برا ستارہ آنا - نحس دن آنا -

سنگھ - راجپوتون کا خطاب ہی جاٹ سکھون کو یہ خطاب گوروگوبند سنگھ نے دیا -

سنت آدمی ہی - فقیر آدمی ہی -

سین باواو

سوانگ لانا - رنگ لانا - بھروپ بھرنا - شعبدہ بازی کرنا - مکر و فریب کرنا - کبھی خوش کبھی رنجیدہ ہوجانا - **قطعہ از مولف** کبھی روتے ہین صورت بلبل + کبھی گل بن کے مسکراتے ہین + شکل ہر دم نئی بدلتے ہین + ہر گھڑی تازہ سوانگ لاتے ہین آتش کبھی تیر بنتی ہی کبھی خنجر کبھی سنان + لاتی ہی رنگ یار کی مژگان نئے نئے

سوا نیزہ پر آفتاب آجانا - قیامت قائم ہونا - سخت گرمی ہونا -

سوت باندھنا - سیدھ باندھنا - نشانہ اور شست لگانا -

سوت جاری رہنا - آمد کا سلسلہ قائم رہنا -

سوتی بھڑون کو جگانا - سوئے فتنہ کو بیدار کرنا - پرانے جھگڑون کو تازہ کرنا - دبی ہوئی آگ کو ہوا لگانا -

سو جان سے عاشق ہونا - لٹو ہونا - شیدا ہونا - فریفتہ ہونا - دل سے فدا ہونا - یار علی صنوبر آگیا غش مین ہوئی سو جان سے عاشق + عجب بوٹا سا قد اسکا نمونہ ہی قیامت کا +

سو جان سے صدقے یا نثار ہونا - واری واری جانا - بلہاری جانا قربان جانا - میر وہ جو خنجر بکف نظر آیا + میر سو جان سے نثار ہوا +

سوجھتا کرنا - بندوبست یا انتظام کرنا -

سودا اچھلنا - ہونا - دیوانہ یا پاگل ہوجانا - دیوانگی کا زور کرنا -

سود کھانا - بیاج کھانا نقد روپیہ قرض دیکر فیصدی بیاج وصول کرنا

قطعہ از مولف اس زمانہ کے جو مسلمان ہین + بیاج لیتے ہین سود کھاتے ہین + نام اسکا منافع رکھتے ہین + اصل پر سود جب بڑھاتے ہین +

سورج کو چراغ دکھانا - بے فائدہ کام کرنا -

سوکھا پڑنا - بارش نہونا - قحط پڑ جانا -

سوکھا ٹالنا - کچھ نہ دینا - باتوں میں ٹال دینا -
سوکھا جواب دینا - صاف جواب دینا - انکار کرنا -
سوکھ کر کانٹا ہو جانا - لاغر ہو جانا - بدن پر گوشت نہ رہنا ذوق
اڑے گا دشت میں لیلی ترے ناقہ کا گام + ہو گیا مجنون جو کانٹا
سوکھ کر اچھا ہوا +
سوکھی چنائی کرنا - خشک عمارت کرنا جسمیں چونا یا گارا نہ لگایا جائے
بغیر پانی پئے سوکھے کھانا کھانا -
سوکھے دھانوں پانی پڑنا - عین موقع پر بارش کا ہونا -
سوکھے گھاٹ اتارنا - مایوس رکھنا کچھ نہ دینا - کسی کی خواہش کو
پورا نہ کرنا سحر واسے محرومی نہ ہو پہنچے چشمۂ مقصود تک + سوکھے
گھاٹوں تشنہ کا سوں کا اتارا ہو گیا +
سول سے لگنا - ناگوار معلوم ہونا - برا لگنا - دل میں چبھنا -
سولہ سولہ گنڈے سنانا - بیشمار گالیاں دینا - ناملائم باتیں کہنا -
سولی پر جان ہونا - مصیبت میں مبتلا ہونا - خطرہ میں جان ہونا -
راحت - ہجر ابرو فراق مژگان ہیں + دل ہی خنجر پہ جان سولی پر +
سولی پر چڑھانا - دار پر کھینچنا - مار دینا - تکلیف دینا - رنج پہونچانا نسیم
سنبل مرا تازیانہ لانا + شمشاد اسے سولی پر چڑھانا +
سونٹھ بسانا - زچہ کے واسطے ضروری سودا خریدنا - حاملہ کے کھانیکی
چیزیں بہم پہونچانا -
سونٹھ کی ناس لینا - خاموش رہنا - زبان سے کچھ نہ کہنا تحمل
و صبر کرنا -
سونٹے پڑنا - خوب پیٹا جانا - مار کھانا -
سونے کا نوالہ کھلانا - بہت عمدہ اور قیمتی کھانے کھلانا - ناز
پیار سے پالنا - برق کہتے ہیں دیکے بوسہ طلائی جبین کا + سونیکا
میں نے تجھکو نوالہ کھلا دیا -
سونے کی چڑیا ہاتھ لگ جانا - کسی مالدار سے ملاقات ہو جانا -
سوئی کے ناکے میں سے اونٹ نکل جانا - ناممکن بات کا
وقوع میں آجانا - خدا کی قدرت ظاہر ہونا -
سونٹھیا صراف - مالدار دولتمند - دیانت دار - صراف جو سونے کا
لین دین کرتا ہو -
سوکھی الفن - پتلی دبلی عورت نازک بدن -
سونٹے ہاتھ - وہ عورت کا ہاتھ جو زیور سے خالی ہو -
سونا سوگندھ - زر خالص کھرا سونا - ناسخ سونا سگندھ کیوں

دیکھوں تجکو اسے پری + رنگت سنہری اسپہ یہ خوشبو بدن میں ہے -
سوبسوے - غالباً ظن غالب - ہونے والی بات -
سوکنوں کی جوڑی - یہ نام ایک آتشبازی کا ہے - دو مورتیں مانند
سوکنوں کی بنا کر انمیں بارود بھر دیتے ہیں جب آگ دی جاتی ہے
تو وہ دونوں آپسمیں لڑتی ہیں -

سین با ہاے ہوز

سہاگ اترنا - عورت کا خاوند مر جانا - رانڈ ہونا بیوہ ہونا -
سہتا سہتا - قابل برداشت - نیمگرم پانی یا دودھ وغیرہ -
سہاگ رات - پہلی رات عورت کی خاوند کے ساتھ ہمبستری
کی شب زفاف تخت کی رات -
سہرے کی بیاہتا عورت -

سین با یاے

سیاہ دکھانا - فوج کی حاضری دینا - لشکر کی کثرت ظاہر کرنا سہ
ہمارا دل وہ رستم ہے کہ آنکھ اسکی نہ جھپکے گی + دکھائیں ترک چشم
اسکو سیاہ فوج مژگان کا +
سیاہ و سفید کرنا - نیک و بد کرنے پر مختار ہونا - مستقل حاکم ہونا -
قطعہ از مؤلف - رات دن کو جب ادلتا ہے جو سیاہ و سپید کرتا ہے +
حکم سے اسکے زاروزار ہیں + کوئی جیتا ہے کوئی مرتا ہے +
سیاہی کا دبانا - کسی کالی بلا کا خواب میں آکر ڈرانا - کابوس کی
حالت ہو جانا - آتش دھیان اس کا کل مشکین کا جو آیا مجھکو +
خواب میں آکے سیاہی نے دبایا مجھکو +
سیپ لگنا - کسی پرندے کا دبلا ہو جانا - طوطا کبوتر وغیرہ کا
پر جھڑ جانا -
سیپی کا سا منھ نکل آنا - لاغر ہو جانا - بدن پر گوشت نہ رہنا -
سیتلا کا کھاجا - وہ شخص جسکے چہرہ پر بہت سے چیچک کے داغ ہوں -
سیج چڑھنا - عروس کا اپنے شوہر کے ساتھ ہمبستر ہونا -
سیخ پر لگانا - کباب بھوننے کے لیے گوشت سیخ پر چڑھانا کسیکو سخت تکلیف دینا
سیدھا آنا - سامنے آنا مقابل آنا - راستی و درستی پر آنا -
سیدھا بنانا درست کرنا - کج نکال دینا - ٹیڑھا باتی نہ رکھنا سمجھا بنانا
سیدھا بننا - سیدھا ہونا - سمجھ ہونا - درست ہونا - سیدھی
راہ پر آنا سہ خم جب سے قد راست میں آیا سنبھل گئے + سیدھے
بنے ہم ایسے کہ سب بل نکل گئے +
سیدھی سنانا - صاف صاف کہدینا - زبان پر آنا - سنا دینا -

سیدھی اُنگلیون گھی نکالنا - کسی کام کو آسانی کے ساتھ کر لینا -

سیدھے سادے بنّا - بھولے بھالے بنّا بیوقوف و احمق بنّا -

سیدھے منھ بات نہ کرنا - کھلے طور پر کلام نکرنا - منھ پھیر کر بات کرنا - اترانا - غرور کرنا -

سیر کی ہنڈیا مین سوا سیر پڑا اور اچھنا - حوصلہ اور گنجایش سے زیادہ مال ملگیا - مفلس کو دولت ملگئی تو اپنے جامہ سے باہر نکل گیا -

سیڑھی سیڑھی چڑھنا - درجہ بدرجہ ترقی حاصل کرنا - پایہ بپایہ اوپر جانا -

سیکھ دینا - سکھانا - نصیحت کرنا - مشورہ دینا - تدبیر بتلانا -

سیلا سی سے بولنا - نرمی سے بولنا - اخلاق سے پیش آنا -

سیلا کر کے کھانا - سرد کر کے کھانا - جلدی نکرنا آہستگی سے کام لینا -

سینت کے رکھنا - حفاظت سے رکھنا -

سین مارنا - سین دینا - اشارہ کرنا -

سینڈھ لگانا - نقب لگانا - سوراخ کرنا -

سینگ دکھانا - فخر ظاہر کرنا - بڑائی جتانا -

سینگ کٹا کر بچھڑون مین ملنا - بڑا ہو کر بچون کے ساتھ کھیل کود مین شریک ہونا -

سینگ سمانا - پناہ ملنا - حفاظت کا مقام ہاتھ لگ جانا - قطعہ از مؤلف - تم نہین چاہتے اگر ہمکو + تیری محفل مین ہم نہ آئینگے + چند روزہ گذارہ کر لینگے + سینگ اپنے جہان سمائینگے +

سینگ نکلنا - جوان ہونا ہوشیار ہونا -

سینہ اُبھار کے چلنا - غرور سے چلنا - اترا کر چلنا - اینٹھکر چلنا - خرامان خرامان چلنا -

سینہ زوری کرنا - سرکشی کرنا - زبردستی کرنا -

سینہ کوٹنا - ماتم کرنا نوحہ کرنا - میرا دل جو تھا اک آبلہ پھوٹا گیا + رات کو سینہ بہت کوٹا گیا +

سینہ سے لگانا - پیار کرنا - محبت کرنا - ؎ مضطرب ہے ہاے مدت سے یہ دل + آج سینے سے لگا لو ہمکو +

سیدھی سادھی چال - سلامت روی کا طریقہ - سیدھا رستہ - کفایت شعاری ناسخ خیر چاہے تو سیدھی چال چل او مانتے +

گرتے ہین نشہ مین چلتے ہین اگر میخوار کج +

سیدھی آنکھون - خوشی بخوشی - کھلے ماتھے - رضامندی و خوشدلی کے ساتھ مؤلف - غیر کا سب ٹھاٹ بن جاتا رہے اک آن مین + سیدھی آنکھون سے اگر وہ سرو قد ہم سے ملین +

سیف زبان - وہ شخص جسکی زبان مین اثر ہو جو بات منھ سے کہے ظہور مین آجاے - مدحیہ گردہ اہل قلم مین ہی تھا سیف قلم + تمام اہل زبان مین وہی تھا سیف زبان +

سیتلا کی پھوٹی ہوئی آنکھ - ایسا نقصان جسکا معاوضہ نہو سکے جیسے کہ سیتلا کی پھوٹی ہوئی آنکھ درست نہین ہو سکتی -

سیدھی آنکھ - مہربانی کی نظر - لطف کی نگاہ -

سینہ بسینہ - باپ دادون سے نسلاً بعد نسل مدحیہ از مؤلف عنایت کیا غوث اعظم کو حق نے + جو تھا علم عرفان کو سینہ بسینہ +

سیدھی انگلیون سے گھی نہین نکلتا ہے - قاعدہ ہے کہ برتن مین لگا ہوا گھی بغیر ٹیڑھی انگلیون کے نہین نکل سکتا اسی طرح کمینہ اور پاجی آدمی نرمی اور مہربانی سے کام نہین دیتا جبتک اسپر سختی نہو +

سیر کے واسطے سوا سیر موجود ہے - زبردست کی سرکوبی کے لیے اس سے زیادہ زبردست موجود ہے ایک سے ایک بڑھکے ہے -

سیرچشمی - قانع ہونا - جا بیر ہونا بے پروا ہونا -

پانچوین فصل

اوویات اور ان لغات کے ذکر مین جو علم طب کے متعلق ہین

سین با الف

سالامندرا - یہ ایک جانور سانپ کی شکل سے ملتا ہوا مع دو ہاتھ اور دو پاؤن چھوٹے چھوٹے کے ہے دُم اسکی چوڑی ہے رنگ اُسکا ابلق زردی و سیاہی سے ملا ہوا - آگ اسپر تاثیر نہین کرتی اگر تنور مین ڈالدین تو آگ بجھ جاے اور طبیعت اسکی نہایت گرم اور خشک ہے اسکا گوشت ایک مثقال سم قاتل ہے روغن اسکا اگر بالون کو لگایا جاے تو بال فوراً گر جائین -

ساج - یہ ایک بڑے قد کا درخت ہے اسکو ہندی مین سال اور ساگون کہتے ہین اسکی لکڑی بڑے بڑے کام مین خرچ ہوتی ہے اسکے پھل کو حب وغیرہ دیکر کھاتے ہین طبیعت اسکے لکڑی کی سرد اور خشک ساتھ تھوڑی حرارت کے درد سر گرم کو نافع ہے اور اورام گرم کو اسکا ضماد تحلیل کرتا ہے سوزش معدہ و تشنگی کو دفع کرتا ہے -

ساذج — یہ ایک ہندی درخت کے پتے ہین جو بڑا درخت اور بلند ہوتا ہی۔ لکڑی اسکی خوشبو ہوتی ہی یہ درخت سوا اسکے ہند کے اور کسی ولایت مین نہین ہوتا۔ طبیعت اسکی گرم اور خشک حافظ ارواح و اخلاط۔ مفرح و مسمن و محلل ریاح مصلح معدہ مقوی جسم مدر بول و حیض ہی۔

سام ابرص — یہ ایک جانور ہی جسکو ہندی مین چھپکلی کہتے ہین جنگلی اور شہری ہوتا ہی۔ طبیعت دونون کی گرم اور خشک ہی ضماد اسکے گوشت کا مسون کو دور کرتا ہی بالون کو جماتا ہی اور اگر عقرب کے نیش پر رکھین تو درد کو تسکین دیتا ہی۔

ساداوران — یہ ایک سیاہ مائل بسرخی اکثر درختون کے جوف مین پائی جاتی ہی جو نارجیل کے درخت سے ملے وہ بہتر ہی طبیعت اسکی سرد اور خشک تھوڑی حرارت کے ساتھ حابس اسہال دموی ہی زخمون کو اچھا کرتا ہی اور ورام کو تحلیل کرتا ہی۔

سامان — یہ ایک جنگلی گھاس نہایت نرم اور باریک ہوتی ہی اسکے بوریے بنائے جاتے ہین جو نہایت نرم ہوتے ہین طبیعت اسکی سرد اور خشک ہی اسکے بوریے پر بیٹھنا موجب حصول فرحت ہی بواسیر اُس سے دفع ہوتی ہی اور اکثر اسکی قاطع نزف الدم ہی۔

ساگوانہ — یہ ایک دوا ہی جو اکثر جزائر سے لائی جاتی ہی طبیعت اسکی گرم و تر ہی بیمارون کو بجاے غذا دودھ یا پانی مین پکا کر فالودہ کی طرح دیتے ہین طبیعت کو فرحت دیتی ہی۔

سین با بای

سبج — معرب شبہ یہ ایک سیاہ پتھر چمکیلا ہوا ہلکا جلد ٹوٹنے والا بلاد سوڈان اور ہند کے پہاڑون سے نکلتا ہی طبیعت اسکی سرد خشک دافع خفقان مقوی معدہ و باصرہ و مقوی دل ہی۔

سپستان — مشہور درخت ہی جسکو ہند مین لسوڑا کہتے ہین اسکے پھل کا نام بھی لسوڑا ہی صورت اسکے پھل تازہ کی کتیا کے پستان کی طرح ہوتی ہی اسوسطے نام اسکا سگ پستان مشہور ہوا کثرت استعمال سے سپستان کہا جاتا ہی طبیعت اسکی حرارت اور برودت مین معتدل ہی تلیین سینہ و حلق و درستی آواز اور کھانسی گرم اور خشک کے لیے مفید ہی حرقت البول اور تیزی صفرا کو دور کرتا ہی۔

سیسہ — بفتح سین و کسر اسے و سکون یای تحتانی ایک مچھلی کا نام ہی جسکی ہڈی نہایت سخت ہوتی ہی گوشت اسکا پولا اور

سیر انداراشتنج کی طرح ہوتا ہی۔ اور سیر اخون مین بجاے مغز سیاہ پانی بھرا ہوا ہوتا ہی اور وہ پانی تیل کی طرح چراغ مین جلتا ہی اسکے کھانے دافع سنگ مثانہ و سنگ گردہ ہی اور مدر بول۔

سین با تای

ستاور — یہ ایک درخت ہندی کی جڑ ہوتی ہی جو دافع سوزاک اور سوزش بول ہی۔

سین با خای

سخار — یہ ایک گھاس اذخر کی صورت پر ہی۔ مزا اسکا تلخ طبیعت اسکی گرم اور خشک دافع صرع و فالج و مقوی معدہ و فاتح سدہ جگر ہی۔

سین با دال

سداب — یہ ایک گھاس ہی جسکو ہندی مین سانول اور ساتری کہتے ہین۔ بستانی۔ پہاڑی اور جنگلی تین قسم کی ہوتی ہی پتی اسکی چھوٹی پھول زرد اور بیج ایک غلاف مین تین تین تیز بو ہوتے ہین انمین سے بستانی ہی۔ طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی عقل کو بڑھاتی ہی دماغ کو طاقت دیتی ہی۔ مدر حیض و بول ہی اور بھی فایدے اسکے بکثرت کتابون مین لکھے ہین جنکی تشریح اس موقع پر نہین ہوسکتی۔

سدر — یہ ایک مشہور درخت ہی جسکو فارسی مین کنار ہندی مین بیر کہتے ہین۔ بہت سے اقسام اسکے ہین جنگلی اور باغی بھی ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد خشک اور بستانی تازہ پھل سرد و تر قابض و دیر ہضم ہی۔

سداب بری — پتی اسکی پتلی شاخین کم اور بدبو زیادہ بستانی سے طبیعت اسکی گرم و خشک سموم قتالہ سے ہی چار درم اس سے کھائین تو ہلاک کردیوے۔ لوہے کے اوپر اسکو ملین تو مورچہ نہین لگتا ضماد اسکے پتون کا عضو کو بےحس کردیتا ہی۔

سین با رای

سراج القطرب — یہ ایک گھاس ہی کہ بحالت تر اور تازہ ہونیکے چراغ کی طرح رات کو روشنی دیتی ہی۔ سراج کے معنی چراغ کے ہین اور قطرب کرم شب تاب کو کہتے ہین جسکو ہندی مین جگنو بولتے ہین۔ تریاقی تاثیر اسمین وہ ہی کہ ہر ایک زہر کے اثر کو دور کرتی ہی خصوصاً رتیلا کے زہر کا تو یہ علاج ہی۔

سرخس — یہ ایک جڑ سیاہ رنگ ہوتی ہی ہندی مین اسکو ... کہتے ہین۔ نر اور مادہ دونون قسم کی نر اسکا بدون ساق اور پتلی اور پھول کے۔ بلکہ ایک شاخ اسکی جڑ سے نکلتی ہی بقدر ایک گز کے اور اطراف پر پتی و نذا نہ دار مشابہ چھوہارون کے پتون کے اور مادہ بدون شاخ کے طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم اور پہلے درجہ مین

خشنا۔ جالی و مفتح و محلل و مفرح و مسہل ہی مانع حمل مسقط جنین نافع وجع المفاصل ہی۔

سرس۔ یہ ایک ہندی درخت ہی سلطان الاشجار۔ و درخت زکریا اور سرینہ بھی اسکو کہتے ہین۔ بڑا درخت ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد اور خشک ہی پتی اسکی شبکوری کو دفع کرتی ہی۔ دانتون کو مضبوط کرتی ہی جذام اور خدر کو فایدہ دیتی ہی تخم اسکا فالج و لقوہ و استرخا و درد مفاصل و امراض دماغی کا علاج ہی۔

سر پھونکہ۔ یہ ایک سبزہ ہی۔ شاخین اسکی پتلی اور بلند پتی اسکی پتلی پھول سرخ اور سپید۔ مگر سپید پھول والا نایاب۔ تخم مشابہ باقلا کے پوست خالدار مغز زرد اور کڑوا طبیعت گرم تر دافع سرفہ یعنی کھانسی و امراض جگر و طحال و گردہ و مثانہ و بواسیر خونی۔

سرطان نہری۔ سرطان بحری۔ یہ جانور آبی مشہور ہی جسکو خرچنگ فارسی مین ہندی مین کیکڑا کہتے ہین۔ نہری خرچنگ کی طبیعت سرد اور تر کثیر الغذا دیر ہضم اور مبہی ساتھ قوت جاذبہ کے تین عدد سرطان کی اطراف کاٹ کر اور جوف انکا پانی اور راکھ سے خوب دھو کر جو مقشر کے ساتھ پانی مین پکائین اور وہ پانی پیئین تو سل اور دق اور کھانسی کو دفع کرتا ہی۔ سرطان بحری سمندر مین ہوتا ہی جب تک پانی مین رہتا ہی نرم ہوتا ہی باہر آکر جب ہوا لگتی ہی تو بہتر ہو جاتا ہی۔ یہ سرطان نہری سے چھوٹا ہوتا ہی مشابہ چھچھوندر کے اسکو جلا کر آنکھون مین ڈالین تو بصارت کو زیادہ کرتا ہی۔ دانتون کو لگائین تو دانت مضبوط ہوتے ہین کھانا اسکا زہر قاتل ہی۔

سرپچی۔ یہ ایک ہندی گھاس کا نام ہی ساق اسکی گرہ دار ہر ایک گرہ پر شاخ پتی سفید مائل پھول چھوٹا۔ طبیعت مائل بحرارت و رطوبت اسکے پتون کا جوشاندہ وجع مفاصل اور درد پشت کو دفع کرتا ہی جڑ اسکی حمیات مرکبہ کو نافع ہی۔

سرو بستانی و سرو بری۔ دونون قسم کے سرو کا درخت ہی بستانی بڑا درخت ہوتا ہی۔ خزان مین بھی سرسبز رہتا ہی پھل چھوٹا سا جوزرومی کی صورت پر طبیعت اسکی پہلے درجہ مین گرم تیسرے درجہ مین خشک قابض محلل دافع عسر البول مقوی مثانہ ہی پینا دو مثقال اسکے پسے ہوے پتون کا ساتھ آدھے مثقال مرکی کے بول فی الفراش کی بیماری کا علاج ہی۔ سرو بری بھی تاثیر مین سرو بستانی کی طرح ہی مگر بالونکے سیاہ کرنے مین اس سے زیادہ سریع التاثیر ہی۔

سرپا تخی۔ ایک سبزہ ہی پتی اسکی مشابہ پتی رطبہ کے پھول زہرہ اور سپید طبیعت معتدل حرارت اور یبوست مین فضلہ دماغی اور سردی کو دفع کرتا ہی جذام کا علاج ہی۔

سین با طای

سطاخنیس۔ لغت یونانی ہی اور ایک سبزہ کا نام ہی جسکی سفید اور چھوٹی روئیں دار اور خوشبو کوہستان اور خشک زمین مین پیدا ہوتا ہی طبیعت گرم اور خشک جشت جوف۔ وسواس۔ مالیخولیا۔ اور خفقان بارد اور بیخوابی و ریاح غلیظہ کا علاج ہی۔

سطراطیوطس۔ یہ ایک بوٹی پانی پر بدون جڑ کی ہوتی ہی مشابہ بادرنجبویہ کے اس سے چھوٹی اور نعناع سے بڑی ہندی مین اسکو جل کھمبی کہتے ہین طبیعت اسکی سرد تر سوزش بول و سوزش اعضا کو نافع ہی۔

سطاریون۔ یہ ایک بوٹی مشابہ عشق پیچہ کے درختون پر لپٹ جاتی ہی بنفشہ کی طرح اسکا پھول ہی گل عقرب اور برابران بھی اسکو کہتے ہین طبیعت اسکی مرکب القوی۔ اورام گرم کے تحلیل کرنے مین اس سے زیادہ کوئی علاج نہین پھول اور پتی اسکی کوٹ کر بچھو اور زنبور اور ریلا نیش پر باندھین تو زہر جاتا رہی۔

سطرشیون۔ یہ ایک بوٹی گیہون کے کھیت مین پیدا ہوتی ہی ساق اسکی پتلی اور گرہ دار بدون کسی شاخ کے ہی پتی بقدر انگوٹھے کی پھیلی کی جگہ ایک قبہ اسپر سفید صنوبری شبیہ سفید اور زرد چنبیلی کے پھولونکی طرح اسمین بیج زیرہ کے مانند جڑ لمبی اور سفید اور تلخ طبیعت اسکی گرم اور خشک نہایت جالی محلل قوی مسہل رطوبت امراض جگر و یرقان و عسر النفس کی نافع ہی۔

سین با عین

سعد۔ ہندی مین اسکو موتھ کہتے ہین یہ ایک جڑ لمبی اور چوڑی مختلف شکلون کی اندر سے سپید اور خوشبو کوفی اور ہندی بہت سے اقسام کی ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مدر بول و حیض دافع درد و بواسیر الانف و خفقان و یرقان ہی۔

سعوط۔ ہر ایک شی جو ناک مین پھونکی جاسے یہ اختراعات جالینوس ہی۔

سعدان۔ عربی مین یہ ایک گھاس کا نام ہی جو خاردار اور سفید اور نرم ہوتی ہی۔ پھل اسکا گول اور خاردار اور جڑ اور پھل دونون اسکے مدر بول مین قاطع زحیر اور اسہال ہی۔

سین با فای

سقادیلیس بکسر دال یونانی زبان مین ایک گھاس کا نام ہو ساق جسکی بقدر دو بالشت شاہترہ کی طرح پھول زرد اور سفید جڑ مائل بہ تیزی بتلخی بعض اسکو جنگلی پیاز جانتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک مقوی معدہ مسکن درد گردہ و مثانہ تریاق سموم مسہل اخلاط غلیظہ ہے

سفرجل - بہی جو ایک مشہور میوہ ہو اور اسکے تخم کا لعاب دوامین مستعمل ہے - بہی آزاد اور بہی ترش اور بہی ترش شیرین - شیرین بہی کا نام بہی آزاد ہے - تین اقسام اسکے الگ الگ طبیعت رکھتے ہین شیرین کی طبیعت حرارت اور برودت مین قریب باعتدال ہو مقوی دل و دماغ و معدہ و مددگار روح حیوانی - ترش کی طبیعت پہلے درجہ مین سرد و دوسرے مین خشک - معدے کی تقویت مین شیرین سے زیادہ قوی اور ترش و شیرین قاطع صفرا و مفرح روح و مقوی معدہ ہے -

سقیدولیون - یہ ایک بوٹی سونف کے ساتھ مشابہت رکھتی ہے - تر زمینون مین پیدا ہوتی ہو طبیعت اسکی گرم اور خشک مفتح و مسہل بلغم دافع صرع و عسر النفس ہے -

سین با قاف

سقمونیا - یہ دوا ایک گھاس کا دودھ ہو جو سخت زمین یا پہاڑی مین پیدا ہوتی ہو - شاخین اسکی بہت سی زمین پر بچھی ہوئی ہوتی ہین اسلیے لیسدار رطوبت نکلتی ہو - پھول اسکا سفید اور گول جڑ سفید بقدر گاجر کے جس سے دودہ لیا جاتا ہو طبیعت اسکی گرم اور خشک جالی و محلل و مفتح مسہل صفرا و در فضلات قاتل جنین دافع زہر گزدم ہے -

سقولوقندریا - یہ ایک جانور لکڑی کی صورت پر شہری اور بیابانی ہوتا ہو اسکے بہت سے پانون ہوتے ہین ابو سبع اور سبعین اور اربع اور اربعین بھی اسکو کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور تیز ہی اور زہر قاتل اگر آدمی کے جسم سے چھو جاسے تو خارش شروع ہو جاتی ہے -

سین با کاف

سکباج - ایک قسم کی غذا ہو جو سرکے سے بناتے ہین سرد اور تر ملطف و مفتح و قاطع بلغم و مسکن غلیان خون -

سکبینج - یہ ایک گھاس کا گوند ہی باہر سے سرخ یا زرد اندر سے سپید ہوتا ہو طبیعت اسکی گرم اور خشک مسخن و ملطف جالی و محلل دافع قولنج و اورام صلبیہ ہے -

سکر - فارسی مین شکر ہندی مین کھانڈ اور شکر اور گڑ کہتے ہین پونڈا یعنی گنے کا عصارہ یعنی سیخ ہے طبیعت اسکی گرم اور خشک

اور جو تازہ عصارہ سیال ہو وہ گرم و تر ہو ملین طبع و حلق و سینہ و ریہ و مقوی باہ ہو خون صالح کو پیدا کرتا ہے -

سکرالعشر - پیشنم ہو جو عشر درخت کے پتون پر آسمان سے برس کر جم جاتی ہو - اس درخت کو فارسی مین خرک ہندی مین اک کہتے ہین جو ولایت خراسان مین پڑتی ہو وہ سپید نمک کے ٹکڑون کی طرح ہوتی ہے اسکو یمانی کہتے ہین اور سیاہ رنگ کو حجازی بولتے ہین ان دونون مین سے یمانی عمدہ قسم ہے طبیعت اسکی گرم اور خشک ہے مگر حجازی گرم زیادہ ہے یمانی سے مفتح و مقوی جگر ملین طبع و آلات تنفس دافع ضیق و قرحہ و شش و درد سینہ و جگر و معدہ ہے -

سک - عصارہ آنولہ کا جو تازہ آنولے سے نکالا جاتا ہو اسکو سک اصلی کہتے ہین جس ملک مین آنولہ نہین ہوتا تو خام کھجورون سے سک بناتے ہین اسکو سک غیر اصلی کہتے ہین طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین سرد پہلے درجہ مین گرم اور دوسرے درجہ مین خشک ہے مفتح و محلل و قاطع نفث الدم و حابس قے و مقوی اعصاب و قوت ماسکہ ہو اور اگر سک مین مشک ملایا جاسے تو اسکو سک المسک کہتے ہین طبیعت اسکی مائل بگرمی ہے -

سکرجہ - یہ ایک بوٹی کا نام ہے پتی اسکی مشابہ پتی مورو کی اور وسط ساق مین ایک حلقہ آنکھ کی طرح ہوتا ہو جسکو انگوٹھی کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک مسہل سودا ہو اور دافع صلابت طحال -

سکوہ - یہ نام ایک درخت کا جو ہند کے ملک خصوصاً ملک بنگال مین بکثرت ہوتا ہو - بہت بڑا اور بلند لکڑی اسکی عمارتون مین خرچ ہوتی ہو اسکا پوست اکھاڑین تو اسکے نیچے سے رال نکلتی ہے -

سین با لام

سلاجیت - ہندی لفظ ہو اور یہ قسم مومیائی کی کہ وکن کے ملک صوبہ بہار وغیرہ مین پتھرون سے انکی مستی ٹپک کر جم جاتی ہے طبیعت اسکی گرم اور خشک ساتھ تریاقیت کے دافع فساد خون ضیق النفس و دق و سنگ و خفت و بواسیر بادی و خونی و جریان ہے -

سلت - جو برہنہ یعنی وہ جو جسکے اوپر خوشہ مین پردہ نہین ہوتا معمولی جو سے کچھ چھوٹا طبیعت اسکی گرم و خشک کھانا اسکا دودھ کے ساتھ بدن کو فربہ کرتا ہو چربی پیدا ہوتی ہو روٹی گرم اسکی ملین طبع ہے -

سلحفات - ایک دریائی جانور ہو جسکو کشف اور سنگ پشت فارسی مین ہندی مین کچھوا کہتے ہین طبیعت اسکی گرم تر مقوی باہ

وکمر ہی کباب اسکے بعض کو بنا کرتے ہین۔

سلق۔ چقندر جو ایک مشہور چیز ہی۔ طبیعت اسکی مرکب القوی ساتھ حرارت اور یبوست کے ہی قاطع بلغم قلیل الغذا دافع رعشہ محرک شہوت جماع ہی۔

سلانیون۔ ایک درخت اقسام بیدمین سے ہی بیت المقدس شام کے پہاڑون مین ہوتا ہی۔ پھول اسکا سرخ بیج مشابہ سیاہ دانہ طبیعت اسکی گرم اور خشک خاندہ اسکے پتون کا ریہ کو صاف کرتا ہی آواز کو درست کرتا ہی۔ سموم حیوانی خصوصاً افعی کے زہر کا علاج ہی۔

سلاحہ۔ بجاسے حلبی پیشاب پہاڑی بکریون کا کہ مستی کی حالت مین پتھرون پر پیشاب کرتا ہی اور وہ جم جاتا ہی سیاہ رنگ قیر کے مانند ولایت دیلم مین اسکا شورہ بناتے ہین جس سے بارود عمدہ بنتی ہی۔ طبیعت اسکی گرم اور خشک مسہل اخلاط سوختہ اور دافع جذام ہی۔

سلخ الحیہ۔ پوست مار سانپ کی کینچلی جو سانپ اپنے جسم سے اتار کر پھینک جاتا ہی۔ طبیعت اسکی گرم و خشک دافع بواسیر ظاہری و اندرونی کا ہی۔

سلیخہ۔ ہندی اسکو تج کہتے ہین۔ یہ پوست ایک درخت کا ہی جو ہند مین پیدا ہوتا ہی یا کنارے دریاے عمان مین پتے اسکے سوسن کبود کی طرح ہوتے ہین ساق غلیظ پوست موٹا اور وہ سات قسم ہی۔ ایک زرد غلیظ اور خوشبو دوسرا برنگ مرجان اور پرت دار اور خوشبو تیسرا مائل بزردی بغیر خوشبو کے چوتھا سرخی اور سیاہی کے درمیان اور رقیق۔ پانچوین رقیق کبود اور خوشبو گلاب کے پھول کی سی چھٹا مشابہ قسط کے اور غیر براق ساتوین رقیق اور بہت سیاہ اور بدبو۔ بعض کہتے ہین کہ دارچینی کے درخت سے حاصل ہوتا ہی یہی قول درست معلوم ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ملطف اور مسخن و منضج و محلل و مقوی اعضا و مقوی معدہ و کبد مخرج جنین مقوی بصر دافع زکام و کھانسی ہی۔

سلوی۔ یہ ایک جانور پرندہ ہی جو حضرت موسیٰ کی قوم کو تیہ جنگل کی قید مین خدا کی طرف سے خوراک پہونچایا جاتا تھا ہندی مین اسکو لوا بولتے ہین۔ بعض کے نزدیک یہ سمانی ہی۔ بعض اسکو دریائی جانور کہتے ہین۔ طبیعت اسکی گرم و خشک تاثیر مین محرک باہ ہی۔

سلیمانی۔ فارسی مین اسکو دار اشکنہ ہندی مین اسپتا کہتے ہین سنکھیا اور پارا سے بنایا جاتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک کھانا اسکا زہر قاتل ہی مرہمون مین استعمال کیا جاتا ہی۔

سین با میم

سمکۃ الصیدا۔ یہ ایک مچھلی چشمہ ثول مین جو قریہ تبوک کے پاس ملتی ہی سمیکہ صیدا اور سمکہ برکہ اور سمکہ ثول بھی اسکو کہتے ہین مشابہ چھوٹی چھپکلی کے ہوتی ہی دو ہاتھ اور پاؤن اور پنجے رکھتی ہی اور دم ذرا ٹیڑھی۔ نر مادہ دونون قسم کی ہوتی ہی جب تک زندہ رہی نر اور مادہ پہچانی جاتی ہین۔ بعد مرنے کے علامتین نر اور مادہ کی گم ہو جاتی ہین۔ صیدا اور تبوک دو گانون شام کے ملک مین ہین اور ثول وہان ایک چشمہ ہی جسمین یہ مچھلی ہوتی ہی۔ نر مادہ کے ساتھ جماع آدمی کی طرح کرتا ہی۔ فصل ربیع مین یہ مست ہوتی ہی اور آپس مین نر مادہ جمع ہوتے ہین طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم اور خشک ہی اور کف جو اُس سے نکلتا ہی وہ تیسرے درجہ مین ہی۔ ایک رتی کف اسکا انڈے کی زردی کے ساتھ کھائین تو باہ کو جوش مین لاتا ہی اور کامل نعوظ پیدا کرتا ہی یہانتک کہ پھر وہ نعوظ فرو نہین ہوتا اور ہلاکت تک پہونچاتا ہی گوشت اسکا باہ کی تقویت کے واسطے عجیب و غریب نسخہ ہی۔

سمیرا۔ یہ ایک قسم کی بوٹی کاسنی کی طرح ہی پتی اسکی نہایت سبز ہوتی ہین اور جڑ طولانی ہی ایک جانور کے لیے زہر قاتل ہی۔

سمور۔ یہ ایک جانور ترکستان مین پایا جاتا ہی۔ اسکے چمڑے کی پوستین بناتے ہین جو قیمتی ہوتی ہین۔ اور سنجاب سے زیادہ گرم ہی اور سرد مزاجون کے لیے نہایت مفید کھانا اسکے گوشت کا مقوی باہ و مقوی دل و سینہ ہی۔

سماق۔ مشہور میوہ ہی جو کھٹا اور میٹھا ہوتا ہی۔ طبیعت اسکی سرد اور خشک قابض و مقوی معدہ قاطع صفرا دافع اسہال صفراوی ہی۔

سمک۔ مچھلی کو کہتے ہین جسکی ہزارون اقسام ہین۔ عمدہ مچھلی وہ ہی جو شیرین اور کم وزن پانی مین رہتی ہی اور وہ پانی پتھرون یا موتی ریت پر ہمیشہ جاری رہتا ہو۔ طبیعت مطلق مچھلی کی سرد اور تر ہی اور بعض گرم تر کہتے ہین۔ کباب تازہ مچھلی کے آگ پر بھون کر کھانا بہتر ہی اُس مچھلی سے جو گھی مین بھونی جاوے یا شوربا پکایا جاوے گوشت مچھلی کا مرطب اور سمن مولد منی ہی دودھ بڑھاتا ہی گردے کی چربی کو زیادہ کرتا ہی۔

سمسم۔ فارسی مین کنجد ہندی مین تل کہتے ہین مشہور چیز ہی جسکا تیل بھی نکالا جاتا ہی۔ کھانے مین بھی آتا ہی۔ طبیعت اسکی گرم و تر ساتھ

رطوبت لزجہ کے قلیل الغذا مقوی و مفتح صالح الکیموس مسمن بدن ملین آواز و اسعا و محلل اورام گرم ہی۔

سماق الدباغین - مازو کو ہی جسکے چھوٹے دانے ہوتے ہین چمڑے دباغت کے مصالح مین بھی اسکو داخل کیا جاتا ہی۔ طبیعت اسکی بہت سرد اور قابض - اور خواص اسکے سماق کی طرح ہین -

سمقوطن - یہ نام ایک گھاس کا ہی جو دو قسم کی ہوتی ہی ایک صخری دوسری سہلی - صخری پتھریلی زمین مین جمتی ہی بدون شاخون کے سخت اور خشک اور خوشبو - پتی پتلی مزا شیرین - جڑ لمبی طبیعت گرم ہی یہ دوا اکثر باطنی امراض کا علاج ہی - زن و مرد اس سے فائدہ اٹھاتے ہین - سہلی شاخدار گھاس - رو نگٹے وار پھول زرد اگر اسکو ہاتھ لگائین تو کھجلی ہونے لگی رنگ ظاہری اُسکے ریشے کا سیاہ اندر سے سپید ہو ن شیرینی اور خوشبو کے طبیعت گرم دافع نفث الدم و اورام مقعد ہی -

سمن - بفتح سین و سکون میم روغن گاو و گاو میش وغیرہ یعنی گھی اور مسکہ یعنی مکھن طبیعت اسکی گرم تر محلل مفتح ساتھ قوت تریاقی کے ہی ہر ایک زہر کا مقابلہ بھی کرتا ہی جلد کو نرم کرتا ہی - بشرہ کو صاف کرتا ہی دماغ کو مصفا کرتا ہی بدن کو موٹا کرتا ہی خشکی کو دفع کرتا ہی - کھانسی خشک اور یرقان اور طحال کو نافع ہی -

سمین - چربی جو جانور کے پردۂ شکم اور دودہ وغیرہ پر ہوتی ہی طبیعت اسکی نہایت گرم تازہ گھی سے قریب الفعل زیادہ جلد ہضم ہونے والی ملین طبع سریع الاستحالہ اور تریاقی تاثیر مین گھی سے زیادہ -

سمکۂ ذہبیہ - بحر ابیض مین ایک قسم کی مچھلی بہت بڑی ایک سو گز سے دو سو گز تک لمبی بیس گز چوڑی - منھ اور ناک اسکی پیٹھ پر ہی درمیان دو شانون کے اُسکے دم لینے کے وقت سمندر سے فوارے کی طرح پانی اچھلتا ہی - لوگ اسکو شکار کرتے ہین ہزارون من روغن اسکے جسم سے نکلتا ہی - اسکی چربی کی بتیان بنا کے بین چراغون مین جلاتے ہین -

سمانی - یہ ایک پرندے کا نام ہی عربی مین اسکو قتیل الرعد کہتے ہین اور مشہور ہی کہ یہ جانور جب بادل کی آواز سُنتا ہی مر جاتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک کثیر الغذا مسمن بدن مدر بول و دافع درد مفاصل ہی -

سین با نون

سنگھاڑا - ہندی لفظ ہی اور پھل ایک گھاس کا جو پانی مین جمتی ہی تالابون اور جھیلون مین بکثرت ہوتی ہی اسکا پھل سہ گوشہ ہوتا ہی ہر ایک گوشہ پر ایک کانٹا رنگ سیاہ باہر سے اندر سے سفید لذیذ لوگ پکا کر کھاتے ہین آٹا بھی بناتے ہین طبیعت ترپھل کی سرد تر اور خشک کی سرد خشک مقوی باہ دافع کھانسی و تپ صفراوی و مدر بول و سنگ گردہ و سنگ مثانہ ہی پیاس کو دور کرتا ہی بھوک بڑھاتا ہی -

سینگھیا - یہ ایک جڑ ہرن کے سینگ کی صورت پر ہی اسواسطے اسکو سینگھیا کہتے ہین ہند اور خطا کے درمیانی پہاڑون مین یہ بوٹی ہوتی ہی بعض قوی القوت اور بعض ضعیف القوت - اور بعض متوسط القوت قوی القوت مین اسقدر قوت ہی کہ اسکو ہاتھ سے چھو کر دوسرے شخص کے عرق آلود جسم کو وہ ہاتھ لگا دین تو وہ اسیوقت مر جاتے اور متوسط مین بعد کسیقدر دیر کے - اور ضعیف القوت مین ایک دن یا آدھے دن مین زہر کی تاثیر ہو زہر ہلاہل اسی کا نام ہی -

سنجاب - جنگلی چوہا اسکے بال بڑے اور نہایت نرم ہوتے ہین اسلیے اسکے چمڑے کی پوستینین بناتے ہین جو قیمتی ہوتی ہین - شیعہ اسکے گوشت کو کھانا حرام اور اسکے پوست کو پہننا حرام جانتے ہین - اور اہل سُنت کے چار مذہب مین اختلاف ہی - طبیعت اسکی پہلے درجہ مین گرم دوسرے درجہ مین تر گوشت اسکا مسکن حرارت و درد سینہ و دافع سرفہ یعنی کھانسی ہی -

سنبادج - یہ ایک نرم پتھر ہی مختلف رنگون کا ایک سپید جسکو دودیا کہتے ہین دوسرا سیاہ جسکو تیلیا پکارتے ہین - تیسرا مسوریا جو مسور کی دال کی رنگت پر ہی - یہ سب سے اچھا ہی طبیعت اسکی گرم خشک ہی منجن اسکا دانتون کو صفا کرتا ہی اورام کو تحلیل کرتا ہی سوزش سینہ کو دور کرتا ہی بواسیر کا علاج ہی -

سنگور - گربہ یعنی بلی جو مشہور جانور ہی کابل وغیرہ سرد ملکون کی بلیون کے چمڑے کے پوستینین بنتی ہین طبیعت اسکی گرم تر گوشت اسکا دافع وجع المفاصل و نقرس و درد پشت ہی پوستین اسکا بدن کو فربہ کرتا ہی -

سندرلیطیس - یونانی مین یہ ایک گھاس کا نام ہی جو انگور کے درختون کے پاس پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی سرد خشک الثیام قروح و دفع اورام و خنازیر کے لیے شدید الاثر ہی -

سندروس - یہ ایک چیز مشابہ کہربا کے زرد رنگ ہی روغن کنجد یا سرسون کے تیل مین ڈالکر آگ پر رکھین تو پگھل جاتی ہی اور روغن بنتا ہی یہ کسی درخت کا گوند ہی بعض کے نزدیک یہ کافور کے درخت کا گوند ہی گھاس کو بھی یہ کہربا کی طرح اُٹھا لیتا ہی - پس فرق اسمین اور کہربا مین مشکل ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مخفف رطوبات دماغی دافع اسہال دموی قاطع بلغم معدی و امعا مدر بول و حیض ہی -

سنبل - لغت مین سنبل خوشہ کو کہتے ہین اور نام گھاس خوشبو کا جو سنبل الطیب و سنبل العصافیر و سنبل رومی و سنبل کوہی وغیرہ مختلف اقسام کا ہی سنبل ہندی کو یونانی مین ناردین اور ہندی مین بالچھڑ کہتے ہین - یہ ایک گھاس بغیر پھل اور پھول مشابہ دُم سمور ایک انگلی لمبا اور خوشہ دار اور کئی عدد آپسمین ملے ہوئے رنگ اسکا اشقر سیاہی مائل بزردی بہت خوشبو اور تیز جڑ اسکی تھوڑی سخت ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مفتح سدہ دماغی و معدہ و کبد و مقوی دماغ و جگر و فم معدہ وغیرہ -

سنگسپویہ - ہندی مین اسکو تخم چکونڈا اور تخم پنواڑ بھی کہتے ہین یہ ایک دانہ بہت سخت مشابہ پتھر اور بڑے انگور کے دانہ سے اور چھوٹا ماش کے دانہ تک طبیعت اسکی گرم اور خشک ہی ضماد اسکا سرکہ کے ساتھ اورام خبیثہ کو اچھا کرتا ہی جذام اور برص کو مفید ہی ضیق النفس و امراض سوداویہ و صفراویہ کو دفع کرتا ہی -

سنبوسہ - مشہور اغذیہ مین سے ہی اور میدہ کی ٹکیہ مین قیمہ گوشت وغیرہ ڈالکر اور مثلث شکل کی پوڑیہ بناکر گھی مین چھوڑ دیتے ہین طبیعت اسکی گرم تر کثیر الغذا مقوی اعصاب مسمن بدن ہی -

سناملی - مشہور گھاس ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مسہل بلغم و سودا و صفرا منقی دماغ و مقوی بدن ہی -

سنبل رومی - یہ بوٹی پھولدار اور خوشبو مع جڑ خوشبو کے ہی سنبل الطیب کے ساتھ اسکی مشابہت نہین ہی پتی اسکی اونچی اور چوڑی طبیعت اسکی سنبل الطیب سے گرم زیادہ ہی مگر عمل مین اس سے ضعیف یرقان کو دفع کرتی ہی عسر البول کا علاج ہی - رنگ رخسارون کا روشن کرتی ہی

سنبل جبلی - پہاڑی سنبل اس بوٹی کو ظاہری مشابہت سنبل الطیب سے نہین ہی مگر فوایدا سکے اور اُسکے ایک ہین -

سنبل فارسی - پرسیاوشان بھی اسکا نام ہی - ایک قسم یاسمین سے ہی جو نرگس کے ساتھ جمتی ہی نہایت خوشبو اسکی پیاز نرگس کے پیاز سے ضعیف پھول بنفشئی اور بعض سپید بشکل چنبیلی کے سپید پھول کو گل شبو کہتے ہین اسواسطے کہ رات کو اس پھول کی خوشبو دن سے دوچند ہو جاتی ہی -

سین با واو

سوس - یہ ایک بوٹی ہی جو اکثر بلاد مین پیدا ہوتی ہی فارسی مین اسکو ہنگ کہتے ہین زمین کے اوپر پھیل جاتی ہی جڑ اسکی زمین مین قائم ہوتی ہی کہ جب کاٹو پھر نکل آتی ہی - اسکی شاخ ایک انگلی کی مقدار موٹی پھول سُرخ و کبود ملا ہوا اسکی جڑ کا پوست سیاہ اندر سے زرد ہی ایک قسم کی جڑ شیرین دوسرے کی تلخ ہی - شیرین جڑ کو مقشر کر کے استعمال مین لاتے ہین کہ سانپ اسکو بہت چاہتا اور اسکو چاٹتا ہی تلخ بسبب سمیت کے مستعمل نہین طبیعت اسکی گرم و خشک منضج اخلاط غلیظہ مسکن تشنگی و سوزش معدہ مقوی اعصاب محلل ریاح دافع ضیق النفس ہی -

سویق - ستو جو غلہ جو اور گیہون اور چانولون کے بنائین طبیعت اسکی اس چیز کی طرف سے جس سے ستو بنایا گیا ہو جو کے ستو حرارت کو تسکین دیتے ہین قی اور اسہال صفراوی کو فائدہ مند ہین اگر شربت انار مین گھول کر پئین - ستو گیہون کے گرم مائل باعتدال سریع الہضم کثیر الغذا امزجۂ متوسطہ کے واسطے نافع ہین اگر قند کے شربت مین پئین - علی ہذا القیاس چانولون اور چنون کے ستو امزجہ مختلفہ کو مختلف فائدہ پہونچاتے ہین -

سوقال - یہ ایک شگوفہ اور پوست غلیظ مشابہ پوست درخت لسان العصافیر کے ہی طبیعت اسکی گرم و خشک ساتھ حدت و حدت کے درد مفاصل بارد کو نافع ہی -

سولان - یہ ایک جڑ سرخ رنگ صقالیہ اور روم سے لاتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک دافع لقوہ محلل اورام مقوی باصرہ ہی -

سوسن - مشہور پھول ہی سپید بستانی کی طبیعت گرم اور خشک دوسرے درجہ مین جنگلی بستانی سے گرم و خشک زیادہ ہی دافع امراض ریہ و طحال و کبد و رحم و بواسیر و خنازیر ہی -

سورنجان - یہ ایک جڑ مشابہ لسن صحرائی صنوبری شکل مین قسم کی ہوتی ہی - ایک اندر باہر زرد تیرگی مائل دوسری سرخ تیرہ تیسری اندر باہر سیاہ - نوع اول سب سے اچھا ہی - باقی دو انواع مین سمیت ہی قسم اول بالکل متروک ہی - سبزہ اسکا ایک بالشت اونچا پھول زرد طبیعت اسکی دوسرے درجہ مین گرم تیسرے درجہ مین خشک مسہل اقسام بلغم نافع یرقان و وجع المفاصل -

سوقیہ - یہ ایک شربت چانولون سے بنایا جاتا ہی - چانول کوٹکر چھاننے مین پھر پکاتے ہین پھر آنار کا پانی اور ماء العسل اور شیرۂ انگور اور قند اسمین ڈالتے ہین دارچینی و لونگ و بسباسہ ایزاد کر کے گرمی مین دو دن اور سردی مین چار دن دھوپ مین رکھتے ہین اور استعمال مین لاتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک قاطع بلغم خام مفتح سدہ جگر و طحال نافع استسقا و یرقان ہی -

سودانی — یہ ایک چڑیا ہو دم جسکی لمبی اور چوڑی بقدر ہتھیلی یا کچھ
خوراک اسکی کرم حشرات الارض و انگور ہو طبیعت اسکی گرم خشک
گوشت اسکا مضر دماغ ہو۔

سین یا ہے

سہجنہ — یہ ایک بڑا درخت ہو بنگال مین بکثرت ایک قسم کے
پھول سرخ دوسرے کے سفید تیسرے کے زرد اور لمبے لمبے پھل
تخم سپید ستہ سیلو پھل اور پھول اسکے کہانے مین آتے ہین گوند
بھی اسکے تنہ سے نکلتا ہو طبیعت اسکی گرم خشک سریع الاثر
دافع بلغم مقوی باصرہ مشتہی طعام ہو۔

سین یا ے

سیبیا — یہ ایک مچھلی بحر قلزم بحیرہ طبریہ سرطان کی صورت
ہوتی ہو اسکے گوشت کے جوف مین سیاہ رطوبت ہوتی ہو جس سے
انسان لکھ سکتا ہو بلکہ بحیرہ کے پاس رہنے والے وہی سیاہی
لکھنے مین خرچ کرتے ہین اسی لحاظ سے اہل مرکب اسکا نام رکھا
گیا ہو — طبیعت اسکی گرم خشک ویہ مقسم لین بطن دافع داء الثعلب
وسفید فی چشم ہو

سیسنبر — یہ ایک گھاس ریحان کی قسم سے بری اور بستانی
ہوتی ہو بری کو فوذنج کہتے ہین جو بستانی سے قوی ہو خوشبوی
مین بھی زیادہ سفیدی مین بھی زیادہ پھول مائل بسرخی ہو طبیعت
گرم خشک تیسرے درجہ مین مفرح مفتح و مقوی دماغ و دل
دافع عفونات مدر بول و حیض —

سیسالیوس — یہ ایک گھاس چار قسم پر منقسم ہو ایک مشابہ
سونف کے دوسری مشابہ بیلاب کے تیسری مشابہ زیتون کے چوتھی
مشابہ انجدان کے طبیعت سب اقسام کی گرم اور خشک دافع
صرع و عسر النفس مقوی ہاضمہ مقوی دماغ درد رحم اور تقطیر البول
کا علاج ہو۔

سیمبل — یہ ایک درخت ہندی ہو جو مشہور و معروف ہو
طبیعت اسکی گرم و تر مقوی باہ و مقوی حرارت غریزی مسمن
جسم دافع اسہال صفراوی ہو۔

سیبارون — جڑ ایک گھاس کی ہو اگر جوش دین تو خوش مزہ
معلوم ہوتی ہو طبیعت اسکی گرم و خشک ہو معدے کو قوت دیتی ہو
بھوک کو بڑھاتی ہو مدر بول و حیض ہو۔

سیبان — یہ ایک درخت دو گز کے لگ بھگ اونچا ہوتا ہو پتے چوڑے
پھول زرد بہت خوبصورت پھل بقدر سیبھی کے باغون مین باغ کی زینت
بڑھانے کے لیئے لگایا جاتا ہو طبیعت اسکی مائل بگرمی اور خشک ہو مقوی
معدہ حابس اسہال دافع ورم طحال اور تریاق سموم ہو۔

سیلان — کھجور کا عصارہ جو طبخ کے بغیر دھوپ مین خشک کر لیتے
ہین طبیعت اسکی گرم و خشک منفج و محلل جالی معدہ و امعا ہو
کبد کو طاقت دیتا ہو باہ کو بڑھاتا ہو۔

سیو — ایک گھاس خوشبودار کا نام ہو طبیعت اسکی گرم اور خشک
دافع سنگ گردہ و سنگ مثانہ مدر بول و حیض ہو

سولھوان باب

شین معجمہ کی لغات کے ذکر مین
اسمین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

فارسی و عربی و ترکی وغیرہ لغات کے بیان مین

شین یا الف

شا — اختصار شاہ کا - بادشاہ فرمان فرما - قطعہ از مولف
بیچارگان را بفضل خویش جان بخشی کنی + ناتوانان را توان و بی نوایان را
نوا + از جنابت مال و دولت مفلسان حاصل کنند + گنج گوہر
تنگدستان خاکساران کیمیا + ذرہ را خورشید انور قطرہ را گوہر کنی +
صاحب گنجینہ مفلس را گدا را پادشا +

شاداب — سیراب و پرآب و تر و تازہ مولف در ہر گل و خار دیدہ
کن باز + تا گلشن ہمہ ہست شاداب +

شاہ آب — شہاب - پہلا سرخ رنگ جو کسوف کے پھوٹنے
نکلا جا سے مولف کن وضوای عاشق از خون جگر + تا توباشی
سرخرو مثل شہاب +

شایاب — اہواز کے ملک مین ایک درخت کا نام ہو

شارب — پینے والا پانی یا شراب وغیرہ کا۔

شامخات — بلند مقامات اور بلندیان اور پہاڑونکی چوٹیان —

شامت — بفتح میم بدفالی بدبختی و شومی شعر ہر چہ با ما کرد کرد اندر
جہان + شومی یا شامت اعمال ما +

شامیت — بکسر میم کسیکی خرابی اور برائی پر خوش ہونا —

شات — گوسپند جو مشہور جانور ہو یہ لفظ تامی مدورہ کے ساتھ لکھا جاتا ہو

شالج - ایک میوہ کا نام ہی جو زرد آلو کی طرح ترش ہوتا ہی -

شارح - شرح کرنے والا - بیان کرنے والا - نعتیہ از مؤلف
محمد شارح لفظ ہمہ اوست + محمد خیر خواہ دشمن و دوست +

شاخ - شاخہ - درخت کی شاخ - حیوانون کی شاخ یعنی سینگ اور آدمیون کے ہاتھ انگلیون سے کتف تک - اور پیر پانون سے انگلیون تک اور چھوٹی نہر جو بڑی نہر سے نکالی جائے اور پیالہ شراب کا - اور شراب جو گلاب کے ساتھ ملی ہوئی ہو - و چابک دستگاہ - اور بارود دان جسمین بارود رکھکر کمر کے ساتھ باندھ لیتے ہین میرزا طاہر وحید مانز تجدید یار با عاشق نگردد آشنا + سبب پیوند شاخ را پیوند کردن مشکل ست +

شاخ شاخ - پارہ پارہ - ٹکڑے ٹکڑے - الگ الگ - شعر نور عرفانیست روشن در گلستان شاخ شاخ + جلوۂ ذات ست از ہر گل نمایان شاخ شاخ - تحفۂ مینا بد لالۂ رنگین روی خوش + جلوۂ بخشید سنبل و نسرین و ریحان شاخ شاخ +

شاماخ - سینہ بند عورتون کا جسکو انگیا کہتے ہین - اور نام ایک غلہ کا جسکو ہندی مین ساوان اور سوانک بولتے ہین -

شاہ رخ - نام ایک بادشاہ زادہ کا - اور نام ایک شطرنج باز کا جو شطرنج کھیلنے مین استاد تھا - نظامی مبارک بود فال فرخ زدن + نہ بر رخ زدن بلکہ شہ رخ زدن +

شامخ - بلند - بہت اونچا -

شالخ - نام پسر قینان بن ارفخشد بن سام بن نوح - اور عابر جسکے نام کے ساتھ عبرانی زبان منسوب ہی اُسکا بیٹا تھا اور پارس جسکے ساتھ پارسی زبان منسوب ہی عابر کا بیٹا تھا -

شاہد - حاضر و گواہ اور معشوق صاحب حسن و جمال - غنیمت بنام شاہد نازک خیالان + عزیز خاطر آشفتہ حالان +

شاد - خوش و خرم و آسودہ حال - نظامی بنیاد بکس جز بنیکی بیاد + نگردد برانداز کس نیز شاد +

شاگرد - نوکر چاکر خدمتگار - یہ لفظ پہلے شاہ گرد تھا - کثرت استعمال سے شاگرد ہو گیا سعدی ندرش دیدم درزیع و شاگرد و درخت + دلی بی مروت چوبی بر درخت +

شارد - روندہ یعنی چلنے والا -

شابود - ہالہ جو چاند کو پڑ جاتا ہی -

شاورد - خسرو پرویز کے ساتوین خزانہ کا نام ہی منجملہ آٹھ خزانون کے -

شاذ - بتشدید ذال معجمہ جدا اور اکیلا - اور صرفیون کے نزدیک وہ لفظ جو خلاف قیاس ہو یعنی مطابق قواعد کلیہ کے نہو -

شاطر - دلاور - چالاک - تیز رفتار - شطرنج باز - شوخ و بیباک - دوندہ - وگرہ بر سعدی گرچہ شاطر بود خروس بجنگش + نیرزد بیش بازرو مین چنگ - محسن تاثیر گل از پیادگانت سنبل شاطرانت نرگس رکاب گیر در وقت سواری تو +

شاعر - جاننے والا اور یافت کرنے والا - شعر کہنے والا - اشعار از مؤلف زندہ ماند شاعر شیرین زبان + از سخن تا گردش دور زمان +

شاپور - یہ نام ایک بادشاہ کا ہی جو اشک بن یافث کی اولاد سے تھا - زکریا پیغمبر علیہ السلام اُسی کے عہد مین درخت مین پناہ گزین ہوا - اور آرہ سے چیرا گیا - اور اُسکو شاپور ذو الاکتاف کہتے تھے اسواسطے کہ اہل عرب مین سے جسپر وہ اختیار پاتا اُسکے شانے نکلوا دیتا اسکے بعد اور بھی چند شاپور بادشاہ گذرے ہین - اور خسرو پرویز دربار کا ایک امیر بھی شاپور تھا جو خسرو اور شیرین کے درمیان وسیلہ مواصلت کا تھا آخیر عمر مین بادشاہ اس سے مکدر خاطر ہو گیا اور نظر سے گرا دیا سعدی شنیدم کہ شاپور دم در کشید + چو خسرو بر اسمش قلم در کشید +

شابہار - نام ایک قدیمی بتخانہ کا جو نواح کابل مین تھا اور اب وہ بڑے بھاری جنگل مین واقع ہی -

شار - نام ایک جانور سیاہ رنگ خوش آواز کا ہی جسکو مینا کہتے ہین طوطی کی طرح باتین کرتا ہی - اور شغال یعنی گیدڑ اور ایک قسم رنگین چادر ابریشمی جو عورتین پہنتی ہین اور وہ کپڑا جو فانوس پر ڈالا جاتا ہی - و بمعنی رقص و سماع اور عمارت بلند اور حصار سنہ و خطاب بادشاہ گرجستان و آبادی و شہر و بستی اور وہ کھوٹ جو چاندی سونے مین ڈالا جاوے اور گرنا پانی کا کسی اونچے مقام سے پستی کو شعر وہان باغ فوارہ و آبشار + بہر حوض و تالاب بیش از شمار +

شاکار - شاکر - دری زبان مین بیگار یعنی زبردستی بلا اجرت کام کرانا -

شارمار - قسم ایک بڑے سانپ کی ہی -

شاستر - ہندوؤن کے عقائد کا علم -

شالامار - اس نام کا ایک باغ کشمیر مین اور ایک لاہور مین ہی معنی اسکے عیش کا گھر کشمیر کا شالامار اگرچہ اب تک موجود ہی مگر خراب و خستہ لاہور کا شالامار اچھی حالت مین ہی کہ سرکار انگریزی

اسکی مرمت پر ہزارون روپیہ ہر سال خرچ کرتی ہو - سکھی وقت مین جسقدر سنگ مرمر وغیرہ قیمتی پتھر اس باغ پر لگا ہوا تھا سب سکھون نے اُتار لیا - پہلے ایک چھپچھ پیتی حوض خرد جو شاہی غسل کے لیے سنگ ہیشب کا بنا ہوا تھا پچیس ہزار روپیہ کو سردار گوجر سنگھ قابض لاہور نے حکاکون کے پاس فروخت کردیا - مہاراجہ رنجیت سنگھ کا وقت آیا تو اسنے تمام بارہ دریون کا سنگ مرمر اتار کرامرت سرگرد را اس کے دربار بھیج دیا عمارت چونہ سے سفید کرادی - یہ باغ شاہجہان بادشاہ نے بنوایا تھا جو اب تک اُسکا یادگار موجود ہی - سنہ ۱۰۴۷ ہجری مین اُسکی عمارت ختم ہوئی - اور نمونہ خلد برین تاریخ نکلی -

شاموس - یونان مین ایک شہر اور نام ایک جزیرہ کا ہو -

شاباش - مخفف شادباش ہو اور یہ کلمہ تحسین و آفرین کے موقع پر کہا جاتا ہو و بمعنی عطا و بخشش و نثار سیر معزی من چون شنیدم از دور آواز مطربانش + وان شادباش گفتروان نوش باد مستر +

شاش - ایک شہر کا نام ہو جسکا اصلی نام چاچ ہو اسکا معرب شاش ہو - اب اُسکو تاشکند کہتے ہین - فارسی مین اُسکے معنی موُت اور پیشاب کے ہین -

شاخص - وہ جسکی آنکھین حیرت سے کھلی رہ گئی ہون حیران و سرگردان

شایع - آشکارا - وظاہر و مشہور و معروف -

شاع - سب کے روبرو - سب کے سامنے -

شارع - سیدھا راستہ - بڑا راستہ اور وہ عالم و فاضل جو شرع کے علم سے واقف ہو -

شافع - شفاعت کرنے والا - بخشوانے والا گنہ گارون کا - یہ خطاب حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم کا ہی نعتیہ از مولف شافع روز جزا و ہادی دنیا و دین + ہین سول اللہ فخر اولین و آخرین +

شاتغ - آخیر مین غین منقوطہ ترکی مین دستار یعنی پگڑی سر باندھنے کی -

شارف - شتر مادہ پیر - بوڑھی اونٹنی -

شاف - **شیاف** - **شافہ** - وہ میل یا بتی جسکو دوا لگاکر قبل یا دبر مین رکھی جاسے یا آنکھون مین لگائی جاسے شفائی نسخہ مزد و زمن میخواست + گفتم این شافہ ساز و آمد راست +

شاہق - بلند اور بلند عمارت - اور طبیبون کے نزدیک نبض کی حرکت جو مائل بارتفاع ہو -

شارق - روشن اور چمکتا ہوا آفتاب وغیرہ -

شاق - نہایت دشوار اور سخت اور مشکل از مولف بدہ ہر آنچہ بود حق اہل استحقاق + حساب خلق ہم از دست خویش کن بیباق - چرا بوقت عبادت شوی تو کاہل و سست + چرا بکار مسلمان نمی کنی مشقت شاق +

شایق - صاحب شوق - شوقمند - مولف میرساند مرد شایق را بامیع قرب حق + دوستی و صدق و اخلاص و وفاق و اشتیاق -

شارشک - نام ایک ساز کا جسکو رباب بھی کہتے ہین چار تارین لگاکر بجایا جاتا ہو اور نام ایک جانور کا جسکو تیہو بھی بولتے ہین -

شارک - مشہور جانور ہو جسکو مینا کہتے ہین - طوطی کی طرح باتین کہتی ہو -

شالنگ - گھوڑے کا زین پوش اور فرش کا نچلا حصہ اور قاصد تیز رو -

شالہنگ - مکر و حیلہ و ظلم و ستم اور آدمی سرکش و نافرمان اور گرو یعنی رہن -

شاماک - عورتون کا سینہ بند یعنی انگیا -

شانک - حوصلہ مرغان یعنی پرندون کا پوٹا جسمین انکا کھایا ہوا دانہ رہتا ہو فارسی مین اسکو سنگدان بھی کہتے ہین -

شاک - سپاہی جسنے ہتیار پہنے ہون

شاخل - بضم و کسر خا کے نام ایک غلہ کا ہو جسکو ہند مین اریر کہتے ہین

شاغل - صاحب شغل جو کسی کام مین مشغول ہو مولف مثنوی یعنی زیبا ہی این جہان مائل + کہ نیست زو بجز از درد و رنج و غم حاصل + بغیر یاد خداوند مگذران یکدم + بذکر و فکر خدا باش ہر زمان شاغل +

شاقول - بقاف منقوطہ وہ آلہ جس سے معمار اپنا کام سیدھا کرتے ہین اور وہ گول لوہے یا پتھر سے بنایا جاتا ہو - اُسکے سر پر آہنی کندا لگاکر تاگا باندھا جاتا ہو ہندی مین اسکو سابل کہتے ہین جب کام کی سیدھ دیکھنی منظور ہوتی ہو تو اوپر سے نیچے لٹکا کر دیکھ لیتے ہین طاہر وحید معمار کی تعریف مین - چو شاقولش این رنگ ناریختہ + دل من بہ مو بیست آویختہ +

شال - اصلی معنی اسکے گلیم یعنی گدڑی کے ہین اور مشہور وہ قیمتی کپڑا ریشمی ہو جو کشمیر مین بنایا جاتا ہو اگر اسکے دو پرت جمع کیے جاوین تو دو شالہ نام رکھا جاتا ہو حسن چو حسن و صف لباس شالپوشان میکنند + رنگ اسید از رخ اطلس فنایان می برد +

شاتل - ایک گھاس کا نام ہو -

شاکول - بہت سا کھانے والا پرخور اور بہت سا بولنے والا پرگو گندہ سخن - بکواسی آدمی -

شاہ کال - ایک قسم کی روٹی کا نام ہی جو میدہ اور تخم مرغ اکرکے بناتے ہین - اور نام ایک حلوا کا جسکو کلاج بولتے ہین -

شام - مغرب کا وقت - اور نام ایک ولایت کا - مؤلف ہی بر ذات حق را صبح و شام + بیک دہر خورد و کلان و خاص و عام + مؤلف تابع فرمان ہمہ دور زمان شام و سحر + سر نہادہ در سجودش ہند و سند و روم و شام +

شایان - لائق و سزاوار مؤلف بتعظیم و تسلیم بر آستانت + کند سجدہ سر گردون گردان ز بہر + بہ رتبہ اعلی تو داری مراتب + بہر فخر لائق بہر شان شایان +

شایگان - فراخ و لایق و سزاوار اور ہر چیز بہتر اور خوب اور نام ایک خزانہ کا خسرو پرویز کے خزاین مین سے اور مفت کو بھی کہتے ہین مؤلف - دہ از دست خود اے مرد نادان + کہ این عمر تو گنج شایگان ست +

شادن - بکسر دال بچہ آہو یعنی ہرن کا بچہ -

شارستان - بڑا شہر اور بڑا قصبہ جسکے اطراف مین باغ ہون اور وہ رستہ جس طرف سے پانی نکلتا ہو -

شاہین - ایک شکاری جانور کا نام ہی اور ترازو کی ڈنڈی جسکے دونون طرف ترازو کے پلے لگائے گئے ہون اور ترازو کا سر جو تولنے کے وقت ہاتھ مین لیا جاتا ہو -

شادمان - شادمانہ - شادمند - خوش و خورم آسودگی کی حالت مین مؤلف بی تعلق شو ز دنیا سے دلی + باش اندر وین و دنیا شادمان + میر معزی از دولت و سعادت او شادمانہ شد + ہر دل کہ از نحوست ایام غم کشید + نظامی بفضل چنین خرم و شادمند + ببستان شد و زیر سرو بلند +

شان - فارسی مین خانہ زنبوران یعنی بھڑون کا چھتا جسمین شہد ہو اور مخفف لفظ ایشان نظامی بفرمود تا خوار گردند شان + رسن بستہ بردار کردند شان + ملا طغرا - توت کی تعریف مین گر از شاخ آن شوخ دم میزند + عسل شان خود وا بہم میزند + اور عربی مین شان کے معنی عزت و آبرو و قدر و منزلت و شکوہ و ہیبت نعتیہ از مؤلف - خدا خود ہو ثنا خوان محمد + بڑی کیا اس سے ہو شان محمد +

شادان - بہت خوش اور خوشحال - مؤلف ز دنیائی دل در خدا بند + کہ باشی در جہان خوشحال و شادان +

شادران - ایک شہر کا نام ہی -

شام غریبان - ایک شہر کا نام ہی -

شاہ نشین - بادشاہ کے بیٹھنے کا مکان -

شاتو - بالای فوقانی زینہ و نردبان - یہ لفظ ترکی ہی عربی مین اسکو سلّم کہتے ہین - ابو نصر نصیرائی - کجا برکنگرہ قصرش کمند افگن توان گشتن + کجا بر بام گردون عنقوان بنہاد شاتو را +

شاؤ - خالص - چنانچہ زر شاؤ -

شاملو - طائفہ قزلباش مین ایک فرقہ کا نام ہی -

شارو - شارک جو مشہور جانور ہی -

شاشو - ایک گھاس کا نام ہی جسکو پرسیاوشان بھی کہتے ہین

شائی کلیو - عجم کے پیغمبرون مین سے ایک کا نام ہی -

شانہ - کنگھی جو سر کے بالون وغیرہ مین پھیرتے ہین اور نام ایک ہتیار کا اور کوچ جولاہون کا - طاہر غنی از رشک کند باد صبا بر سر خود خاک + در زلف تو شد بند اگر ناخن شانہ +

شارقہ - چیز روشن و روشنی آفتاب -

شاقہ - دشوار اور سخت محنت - مؤلف بہر جمع مال زر فاقہ مکن + بہر دنیا محنت شاقہ مکن +

شاہنشاہ - بڑا بادشاہ - بادشاہون کا بادشاہ مؤلف زہی خدا و خداوند و شاہ و شاہنشاہ + شہان ملک لاہت غلام آن درگاہ + زہی خدا کہ ز آئینہ رخ مہ و خور + گہے بشام و بہ جلوہ و گہی بہ پگاہ -

شایستہ - بر وزن آہستہ لایق و بہتر - مؤلف مرد شایستہ کند آہستہ کار + آید از آہستگی شایستگی +

شائبہ - آمیزش و آلودگی -

شارہ - رنگین و منقش دستار جسکو ہندی مین چیرا کہتے ہین اور نام ایک قسم کے رنگین و باریک کپڑے کا -

شادنہ - یہ ایک پتھر سرخ رنگ سیاہی مائل بہت نرم ہوتا ہی عربی و کا ورسی رنگ آنکھون و دواؤن مین استعمال کیا جاتا ہی عربی مین اسکو حجر الدم کہتے ہین معرب اسکا شاذنج ہی -

شاردہ - روم کے جزائر مین سے ایک جزیرہ ہی -

شارویہ - خسرو پرویز کی بیٹی کا نام ہی جسنے خسرو کو شیرین کے سبب سے ماردیا -

شازہ - عمامہ بڑی پگڑی -

شاشولہ - پگڑی کا شملہ جو پیچھے رکھتے ہین شاغولہ بھی اسکو کہتے ہین -

شاشہ - پیشاب - موت اور تری اور ترشح -
شالدہ - عمارت کی نیو یعنی بنیاد -
شامہ - عورتون کے پہننے کی اوڑھنی -
شاہ - بادشاہ - مالک - خداوند - والی ملک - اور وہ شخص جسکی شادی ہو اور بڑا مہرہ شطرنج کا - اور آدمی صاحب علم وفضل اور ہر ایک جسکو عزت دینی منظور ہو شاہ کا لفظ اسکے ساتھ لگاتے ہین جیسے شاہ سوار و شاہ انجیر و شاہ توت و شاہراہ وغیرہ -
شاہترہ - مشہور سبزہ ہی جو دوا مین مستعمل ہی معرب اسکا شتیرج ہی عربی مین اسکو بقلۃ الملک بھی کہتے ہین -
شاہ دانہ - تخم بنگ - بنگ کے بیج -
شاہکہ - ایک درخت کا نام ہی جسکا گوند انزروت ہی -
شاہیہ - میوہ ہر ایک درخت کا -
شاہنکارہ - ایک خطہ کا نام ہی ملک فارس مین -
شاہ چینی - ایک قسم کی حنا کا نام ہی -
شاکی - شکایت کرنے والا - گلہ کرنے والا
شاطی - دریا کا کنارہ -
شافعی - چار مذاہب اہل سنت مین سے ایک مذہب کے امام کا نام ہی
شامی - شام کا رہنے والا منسوب بہ شام
شانی - دشمن - عداوتی -
شالی - مشہور غلہ ہی جس سے چاول نکالتے ہین -
شادی - خوشی - راحت مقابل غمی کے میر معزی گر بیتو شادی آرم ہرگز مباد شادی + ور بیتو بادہ نوشم نوشم مباد بادہ +

شین با بای موحدہ

شبغا - وہ احاطہ کانٹون کا جو بکریون کی شب باشی کے لیے کانون سے باہر بنایا جاتا ہی شبغانہ - و شبغازہ کے بھی یہی معنی ہین
شباب - بفتح اول نام ایک پردہ کا موسیقی مین اور عربی مین جوانی اور جوان لوگ - جمع شاب کی - سہ درضعیفی پیشہ و کار ت خراب + انتظام کارہا کن در شباب +
شباب - بکسر اول نشاط اور خوشی -
شباب - بضم اول و تشدید ثانی جوان لوگ یہ لفظ بھی جمع شاب کی ہی
شبت - بکسر اول و تشدید ثانی مشہور خیر ہی جسکو ہندی مین پھٹکری کہتے ہین اور جوانی اور جوان ہونا اور آگ جلانا اور بلند ہونا -
شب - رات جسکو عربی مین لیل کہتے ہین - سعدی
شب چو عقد نماز بر بندم + چہ خورد بامداد فرزندم +
شبپ - جلدی جانے والا - کودنے والا جست مارنے والا -
شپاشاپ - شپاشاپ - تیرون کے چلنے کی آواز -
شپشپ - درخت کی شاخ اور آدمی مضطرب مُبے تمکین و زود رنج
شبت - مشہور سبزہ ہی جسکو ہندی مین سویا بولتے ہین -
شبکات - جمع شبکہ کی جالیان پتھر سے جو عمارتون مین لگائی جاتی ہین اور شکاریون کے جال جسمین جانورون کو پکڑتے ہین -
شب برات - شعبان مہینے کی پندرھوین رات جسمین ملائکہ حکم ربانی سے انسان کی عمر کا حساب اور رزق کے تقسیم کی فرد ایک سال کے واسطے لوح محفوظ سے نقل کر لیتے ہین اور اُسی کے مطابق اُسکو تمام سال ملتا رہتا ہی رباعی از موقف شب برات
ای دوستو کیا رات پیاری رات ہی + سر لبر عشرت کا دن فرحت کی ساری رات ہی + وصل کی حاصل اگر ادس بادہ روسے ہو برات + عید کے دن سے مبارک یہ ہماری رات ہی +
شبست - دری زبان مین وہ چیز جو طبیعت کو ناگوار گذرنے یعنی ناپسند ہو -
شبلت - پایہ و مرتبہ و درجہ اور وہ بلند آواز جو کبوتر باز کبوتر اڑانے کے وقت کرتے ہین -
شبح - بفتحتین و جامی حطی شخص و جسم اور بدن جمع اسکی اشباح ہی -
شبور - بفتح اول و تشدید ثانی نفیری اور ناسے جو پیتل کی بنا کر بجاتے ہین -
شبر - ایک بالشت یعنی فاصلہ جو خنصر اُنگلی کے ناخن سے انگوٹھے کے ناخن تک ہاتھ کے کھولنے کی حالت مین ہو بہت بھی اسکو کہتے ہین اور اصلی نام قاتل امام حسین علیہ السلام کا جو شمر مشہور ہی -
شبر - بفتح اول و تشدید ثانی نام حضرت امام حسن علیہ السلام کا
شبر - بتخفیف با سے بھی درست ہی -
شبیر - بفتح اول و تشدید ثانی نام حضرت امام حسین علیہ السلام کا -
شبر و شبیر و مشبر - یہ تینون نام حضرت ہارون علیہ السلام کے فرزندون کے تھے اسی لحاظ سے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے حسن و حسین و محسن صاحبزادون کو شبر و شبیر و مشبر کے نام سے موسوم کیا
شبیار - ایک دوا کا نام ہی جسکو ہندی مین اپابا کہتے ہین -
شب قدر - یہ بڑی بزرگ رات ہی اسکی تعریف قرآن مین لکھی ہی عربی مین اسکو لیلۃ القدر کہتے ہین - اسکے تعین مین اختلاف ہی

یہ بات تسلیم کی گئی ہی کہ رمضان کی تیسری دہائی مین یہ مبارک رات اتی ہی
اور ستائیسوین رات رمضان کے مہینے کی بزرگون نے مقرر کر کے حکم
دیا ہی کہ اُس رات تمام رات انسان بیدار ہو خدا کی عبادت مین مصروف رہی
کہ اس ایک رات کی عبادت بحکم قرآن ہزار مہینے سے افضل ہی —

شبدیز — سیاہ رنگ اور نام گھوڑے خسرو پرویز کا جو شیرین کی سواری
کے لیے روم سے منگوایا تھا رنگ اُسکا سیاہ اور تمام جہان کے گھوڑون
سے چار وجب بلند اُسکا قد تھا — اور نام ایک لحن کا موسیقی مین —

شباویز — ایک پرندے کا نام ہی کہ تمام رات ایک پانون سے
درخت کی شاخ کے ساتھ لٹک رہتا ہی اور حق حق صبح تک پکارتا ہی
جب تک اسکے گلے سے خون کا قطرہ نہین گرتا وہ خاموش نہین ہوتا —

شپوز — خفاش جو مشہور پرندہ رات کا اُڑنے والا ہی شبپرہ بھی
اسکو کہتے ہین —

شپش — جوئین جو انسان کے بالون اور کپڑون مین پڑ جاتے ہین

شباط — رومی زبان مین ایک مہینے کا نام ہی جو تقریباً پھاگن
کا مہینا ہوتا ہی —

شبطیاط — نام ایک گھاس کا ہی جسکے پتے سرخ ہوتے ہین یا لال
بکدورت عربی مین اسکو عصی الراعی کہتے ہین —

شبوط — ایک قسم کی مچھلی ہی جو دریائی دجلہ مین ملتی ہی اسکا پتا
نزول الماء کی بیماری کو دفع کرتا ہی —

شبع — یہ لفظ عربی مین جوع کے مقابلہ پر ہی یعنی پیٹ بھر جانا
طعام سے اور سیر ہونا —

شبچراغ — یہ پتھر جواہرات کے اقسام سے ہی رات کے اندھیرے
مین وہ چراغ کا کام دیتا ہی — پہلے یہ دریائی گاے کے منھ مین ہوتا ہی
جب گاے رات کو جنگل مین گھاس چرنے کے لیے دریا سے نکلتی ہی
تو شبچراغ کو زمین پر رکھ دیتی ہی تاکہ اُسکی روشنی مین گھاس بخوبی
چرے جب سیر ہو جاتی ہی تو زمین سے اُٹھا کر پھر منھ مین رکھ لیتی ہی
اور دریا مین چلی جاتی ہی اسکے حاصل کرنے والے اس جنگل مین چھپ
رہتے ہین جب گاے زمین پر رکھتی ہی وہ اُٹھا لیتے ہین نظامی
بہ شبرنگی آن شب چراگشت مست + چو ماہ آمدش شبچراغے بدست +

شپلق — شپلاق — ترکی زبان مین طمانچہ — مکا جو کسیکو
مارا جاے — شوقی یزدی زمانہ مین کہ زسر پنجہ ستم ہر دم + بگوش
عیش و نشاط همی زند شپلاق —

شتاق — سوراخ کرنے والا — جالی بنانے والا —

شبک — بکسر اول و کاف یعنی تکلا جس سے سوت کاتا جاتا ہی —

شبالنگ — وہ جنگلی جانور جو شکار کے لایق ہون آہو و
گوزن و بزکوہی وغیرہ —

شبتاک — دولتی مارنے والا گھوڑا و گدھا وغیرہ —

شبل — بکسر اول بچہ شیر کا — چھوٹا شیر —

شپل — بکسر اول و باے فارسی بلند آوازی و فریاد اور
کبوتر بازون کی آواز —

شپیل — اونٹ کا بچہ و شیفتگی و دیوانگی —

شبم — بفتحتین سردی اور سرد ہونا —

شبنم — قطرات جو رات کو برستے ہین اور علی الصباح پھولون
اور سبزے پر نظر آتے ہین میرزا بیدل بانذک روی گرمی نیست
برگل ہیکند شبنم + چرا در آشنائی اینقدر کس بیوفا باشد +

شبرم — بکسر اول ایک قسم کی گھاس ہی جو پانی کے کنارے
پیدا ہوتی ہی اگر گاے بیل اُسکو کھائے فی الفور مر جاے بکری
وغیرہ اور کسی جانور کو اس سے اذیت نہین پہونچتی —

شبلیم — ترکی زبان مین بھاگنا —

شبان — چرواہا مویشی کی حفاظت کرنے والا — جانورون کو
چرانے والا — اور جمع شب کی خلاف قیاس سعدی ویران بال
ملک از خلل غم بود + کہ تدبیر شاہ از شبان کم بود + محمد طاہر وحیلی
در دل بنہیم شبان کوب کہ چون روز شود + ہمہ در یا بکشا یند و در
دل ببندند +

شبّان — بضم اول و تشدید ثانی جمع شاب بہت سے جوان

شبستان — شب باشی کا مکان — رات کے سونے کا مکان
خوابگاہ منقبت از مؤلف — ابوبکرؓ و عمرؓ عثمانؓ و حیدرؓ +
خدا کے دوست یاران محمدؐ + وہی تھے گھر مین مالک سارے گھر کے +
وہی تھے در بہ دربان محمدؐ + وہی چارون تھے حضرت کے خلیفہ +
وہی تھے جانشینان محمدؐ + وہی تھے پہلوان دین و دنیا +
وہی تھے شیر میدان محمدؐ + وہی چارون چراغ خاندان تھے +
وہی شمع شبستان محمدؐ +

شبعان — جسکا پیٹ بھرا ہوا ہو —

شبرغان — بروزن شکدان شہر بلخ کا ابتدائی نام ہی اور
اب شہر کے پاس ایک گانون ہی —

شب بو — ایک پھول کا نام ہی جو رات کو خوشبو دیتا ہی

شَبَہ - بفتحتین کانچ کے دانے جسکو ہندی مین پوت کہتے ہین اور نام ایک پتھر کا جو سیاہ و روشن و سبک و نرم ہوتا ہی کہربا کی طرح - اور پیتل جو مس اور جست کی ترکیب سے بنتا ہی -

شُبہَہ - بضم اول و فتح حرف ثالث عربی مین پوشیدہ اور شتبہ ہوتا اور فارسی مین گمان اور شک - بدر چاچی بہانہ ایست غروب آفتاب را بر شام + صریح باتو بگویم کہ نیست شک و شبہ چو آسمان بسوے قصر شاہ کرد نظر + ز رفعتش بسر آسمان فتاد کلہ +

شِبہ - بکسر اول و سکون ثانی - شِبَہ - بکسر اول و فتح ثانی مثل و مانند و نظیر -

شَبَکَہ - بفتحتین جالی جسمین شکاری جانورون کو پکڑتے ہین -

شَبَّانہ - بتشدید بای ایک جانور خوش آواز کا نام ہی -

شَبَّاپہ - بہردو بای موحدہ آگ روشن کرنے والا -

شَبَانہ - جو چیز رات کی بچی ہوئی ہو یعنی باسی اور گذشتہ رات - میرزا صائب - آب خضر و می شبانہ یکی ست + مستی و عمر جاودانہ یکی ست + عبدالرحیم خان خانخانان یکچند دلم بہ ہجر آموختہ بود + در ذوق وصال دیدہ بردوختہ بود + یاد تو شبانہ ترکتازی آورد + بر باد بداد انچہ اندوختہ بود +

شَبینہ - رات کی رکھی ہوئی چیز - باسی کھانا وغیرہ - ؎ نباید غم روزی روز خوردن + چو گرد و شکم سیر نبان شبینہ +

شَبیہ - بروزن فقیہ نظیر و مشابہ و مانند - اور وہ تصویر جو اصل کے ساتھ مطابق ہو -

شِبلی - نام ایک کامل ولی کا جو بغداد مین قیام پذیر تھا - اور ؁ ہجری مین فوت ہوا -

شین بانای

شِتَا - سردی کا موسم - جاڑون کے دن - سعدی ؎ عمر گرانمایہ درین صرف شد + تا چہ خورم صیف و چہ پوشم شتا -

شُترپا - ایک گھاس کا نام ہی جسکے پتے اونٹ کے پیرون کی صورت پر ہین -

شُتیِنا - ژندی زبان مین خندہ یعنی ہنسنا - اور شگفتگی و تازگی و تبسم -

شِتَاب - جلد - بلا توقف - شتابی اسکا مزید علیہ ہی دوڑنا چلنا نظامی ؎ زہر قبضہ خنجرے در شتاب + برآوردہ چون اژدہا سر ز خواب ولہ سکندر بتاریکی آرد شتاب + رہ روشنی خضر یابد بر آب +

شُشت - وہ روپیہ جو قمار باز بعد جیتنے کے بہت سے روپیہ حاضرین پر بطور شکرانہ کے بانٹتا ہی -

شُتفت - گھر کی چھت اور ہر ایک چیز جس سے کسی کا سر ڈھانکا گیا ہو - چنانچہ سرپوش وغیرہ -

شُتُر - بضمتین مشہور چارپایہ ہی جسکو عربی مین ابل اور ہندی مین اونٹ کہتے ہین - محمد قلی سلیم دہن از لقمہ لبسکہ سازد پر چاک افتادہ بر لبش چو شتر +

شَتَر - بفتح اول و سکون ثانی فارسی مین کنارہ و گوشہ اور نام ایک قلعہ کا ایران مین - اور عربی مین کاٹنا - و بفتحتین کاٹا گیا - اور برگشتگی پلکون کی اوپر نیچے سے اور پھٹ جانا پلک کا -

شُتکار - زمین کو زراعت کے لیے درست کرنا - ہل چلانا تخم ریزی کے لایق کرنا -

شُتہ غلط - کشتی کے داؤ مین ایک داؤ کا نام ہی -

شُترمرغ - ایک پرندہ ہی جسکے بعض اعضا اونٹ کے ساتھ مناسبت رکھتے ہین اور وہ آگ کھا جاتا ہی -

شِتاغ - دودھ دینے والی بچہ دار عورت - اور ہر ایک مادہ جانور جو دودھ دینے والی ہو -

شِتاک - تازہ شاخ جو کسی درخت سے نکلے -

شِتالنگ - گٹا انسان کے پانون کا جسکو عربی مین کعب کہتے ہین

شِتَک - پانی کی موج جو چڑھاؤ اور بہاؤ کے وقت ظاہر ہوتی ہی -

شترنگ - مردم گیاہ جسکا ذکر پہلے تحریر ہو چکا ہی -

شَتَل - وہ روپیہ جو قمار خانہ مین جیتنے والے کی طرف سے بانٹا جاتا ہی محمد قلی سلیم تلاش کام ندارم برای خویش سلیم + کہ نام عاشقی من از نقش داون شتل ست +

شَتم - بفتح اول گالی - بدکلامی - بدگوئی -

شُتُلم - ہر سہ حروف مضموم ظلم - جور - تعدی -

شِتان - ژندی زبان مین بہت سے سال یعنی برس جنکو عربی مین سنین کہتے ہین -

شَتمن - سُرین و مقعد جسپر آدمی بیٹھتا ہی - یہ لغت ژندی ہی -

شَتَن - ژندی زبان مین شہر جسکو عربی مین مدینہ کہتے ہین -

شُتربان - اونٹ والا - ساربان -

شُترغو - ترکی مین ایک ساز کا نام ہی جو مطرب بجاتے ہین

شَتَمہ - ہر ایک چیز باسی جو رات کی بچی ماندہ ہو -

ستاه - ژندی زبان مین تیرنا پانی مین -
شتی - ہر ایک چیز پراگندہ -

شین با جیم

شجارا - ژندی زبان مین درخت جسکو عربی مین شجر کہتے ہین -
شجاعت - بہادری - دلیری - جو ایک صفت آدمی کی ہو -
شج - زمین سفید جسمین زراعت نہو اور شور جسمین غلہ نہ پیدا ہوسکے اور توڑنا کشتی نے دریا کے پانی کو -
شجد - سخت سردی جس سے درختون کے پتے جھڑجاتے ہین -
شجاع - بہادر - پہلوان - صاحب شجاعت - توحید ہزاران شجاعان اہل شجاعت + ہزاران دلیران بیازوی طاقت + شہان جہان والیان ولایت + امیران دربار و ارکان دولت + کہ بودند در اردنیای فانی + شب و روز سرگرم عیش و مسرت + گذشتند و رفتند آخر ز دنیا + نبردند با خود بجز داغ حسرت +
شجن - باز رکھنا کسی کی حاجت کا اس سے اور غم اور غمگین ہونا اور شاخ دوسری شاخ سے ملی ہوئی - اور سخت سردی اور جنگل کا رستہ جسمین درخت بہت ہون -
شجعان - جمع شجاع کی بہت سے بہادر آدمی -
شجره - درخت اور اسامی دار نام بزرگان سلسلہ کے جو شیخ اپنے مرید کو لکھ کر دیتا ہے - اور شجرہ نسبی و حسبی ہوتا ہے نسبی شجرہ آبائی ہوتا ہے اور حسبی پیران عظام کے نام -

شین با حای حطی

شحیح - بفتح اول و کسر ثانی و بہر دو حای حطی مرد بخیل و حریص و ممسک
شحیح - بخیل و حریص و ممسک آدمی سے داغ حسرت میبرد بدل صریح + چون کند رحلت ازین دنیا شحیح +
شحرور - ایک جنگلی مرغ کا نام ہے جسکو پہاڑی کباب کہتے ہین -
شحم - چربی جو انسان اور حیوان کے جسم مین ہے توحید تو در عظمی تو در عصبی تو در لحمی + تو در روحی تو در جانی تو در جسمی تو در اعضا + چو بو در گل تو پنہانی نہان در جسم چو جانی + چو زر مخفی بہر کانی چو گوہر در تہ دریا +
شحن - پُر کرنا - بھرنا چلانا - دور پھینکنا -
شحول - قوی و بزرگ -
شحنہ - کوتوال اور حاکم جو بادشاہ کی طرف سے کسی شہر مین مقرر ہو اور انتظام سیاست کا اسکے متعلق ہو نعتیہ از مولف حاکم آئین دینی یا رسول + شحنہ ملک یقینی یا رسول +
شحمہ - تھوڑی سی چربی اور نرمہ گوش و بنا گوش -
شحنگی - کوتوال ہونا - حاکم ہونا -

شین با خاے

شخا - گھس جانا ایک چیز کا دوسری چیز مین - چبھ جانا کانٹے کا پانون مین -
شخ - شاخ کا اختصار ہے - اور سخت ہر چیز سے - جیسے شخ کمان یعنی سخت کمان - اور زمین شخ یعنی سخت زمین سعدی نہ در کوہ سبزی نہ در باغ شخ + ملخ بوستان خوردہ و مردم ملخ +
شخار - بکسر اول و فتح دوم سجی جو مشہور چیز ہے اور دھوبی اس سے کپڑے دھویا کرتے ہین -
شخص - جسم آدمی کا اور بدن سعدی اگہ شخص منت حقیر نمود تا درشتی ہنر نہ پنداری + اسپ لاغر میان بکار آید + روز میدان نہ گاو پرواری +
شخول - شخیل - شخل - صفیر و بانگ و فریاد و نعرہ بلند - اور ناخن سے اکھاڑنا - اور چونچ سے کاٹنا گوشت کا کسی جانور کے -
شخم - وہ زمین جو زراعت کے لئے درست کی گئی ہو -
شخن - خراش ہو جانا - شگاف کرنا -
شخانہ - شہاب ثاقب جو آسمان پر ستارہ ادھر ادھر دوڑتا ہوا نظر آتا ہے -
شخکاشہ - تگرگ و ژالہ یعنی اولے جو آسمان سے برستے ہین +
شخیرہ - صابون جس سے کپڑے دھوئے جاتے ہین -
شخلی - ہر ایک گھاس کی جڑ -

شین با دال

شدت - سختی رنج تکلیف جو کسیکو پہونچائی جائے قطعہ از مولف - نہ این دولت بود باقی نہ افلاس + نہ این عزت نہ این ذلت بماند + نہ مستحکم بود شدت نہ نرمی + نہ این کثرت نہ این قلت بماند +
شد - فارسی مین ہوا - گیا - گذرا -
شد - بفتح اول و تشدید ثانی عربی مین استوار کرنا - محکم کرنا - اور موسیقیون کے نزدیک درست کرنا نغمہ کا بعد اسکے بلند و پست کرنے کے - طالب کلیم ہمدانی گلبانگ نغمہ سازان شدی بلند دارد + از فرش رفتہ تا عرش این صیت کامرانی +
شدومد - شان و شوکت و تکلف و ظاہر آرائی -

شدائد - بہت سی سختیان اور تکلیفین -
شدید - نہایت سخت -
شدیار - وہ زمین جو زراعت اور تخم ریزی کے لیے درست کی جائے -
شدق - بکسر اول کنج دہان یعنی دونون لبون کی دونون طرف جو گوشے ہین -
شدق - بفتحتین فراخ ہونا دہان کے گوشون کا -
شدہ - بفتح اول و تشدید دال علم و نشان عبد الغنی قبول
غنی از کنب ستغدا و گردیم قبول آخر + ز فیض آبلہ شد شدہ گوہر سر انگشتم +

شین با زای

شرا - لین دین - خریدنا اور بیچنا صفدر فوقانی ببازار جہان
سوداگری کن - کتابالی از ان بیع و شرا سود +
شری - الف بصورت یا جنگل جسمین درخت بہت سے ہون اور باریک ٹہنیان جسکو ٹہنی کہتے ہین -
شرفا - شریف لوگ - نیکذات لوگ -
شرکا - وہ لوگ جو آپسمین کسی کام مین شریک ہون -
شرنیا - ترکی زبان مین بادشاہ و فرمان فرما -
شرب - بکسر اول پینے کی چیز جسقدر کسی کے حصہ مین آئے -
شرب - بضم اول پینا پانی و شراب وغیرہ کا -
شرب - بفتح اول فارسی مین کتان جو ایک باریک اور قیمتی کپڑا ہوتا ہو -
شراب - پینا اور ہر چیز رقیق جو پینے مین آئے اور شراب انگوری اور قندی وغیرہ جو نشہ دیتی ہین - سیر مغربی بساز دعود بدہ یک شراب وصل مرا + کہ من بسوختم از ہجر تو چو زانش عود +
شربت - ایک دفعہ پینے کے لائق پانی یا شراب وغیرہ نظامی
چو دولاب کو شربت تر دہد + ازین سرستا ندازین سر دہد -
شریعت - بڑی نہر اور کنارہ پانی کا جہان سے عام و خاص پانی بھرتے ہون - اور وہ راستہ جسپر خاص و عام چلتے ہون و مذہب و ملت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم سیر مغربی نگر خران
برزان نو شریعتی بنہاد + کہ کرد بر ہمہ عالم مباح خون رزان +
شرافت - بزرگی - نیکذاتی نیک طینتی - صفدر فوقانی
سیادت بجنہم النبی ختم شد + شرافت بذات علی ختم شد +
شرج - بفتح اول آخر مین جیم روان ہونا پانی کا سنگستان سے
اور نام ایک نہر کا یمن مین - اور جھوٹ بولنا - اور مضبوط باندھنا -
شرج - بفتحتین کہکشان اور جنگل کی فراخی شگاف کمان کا بند خیمہ کا - اور نام ہماری جس سے ایک خایہ دوسرے خایہ سے بڑا ہو جاتا ہو -
شرح - بجائی حلی کھولنا - بیان کرنا - ظاہر کرنا - میرزا صائب
قرص خورشید ست اول لقمہ مہمان صبح + چون کوا نم واشرح نعمت الوان صبح + حافظ بہار شرح جمال تو داده در ہر فصل + بہشت ذکر جمیل تو کرده در ہر باب +
شرح تجرید - یہ ایک کتاب شرح علامہ قوشجی نے تجرید کے متن پر لکھی ہو جو علم عقاید شیعہ مین خواجہ نصیر الدین طوسی کی تصنیف ہو -
شراب طہور - وہ شراب پاک جو بہشتیون کو بہشت مین پلائی جائیگی - آیت وَسَقٰهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا
شرار - آگ کی چنگاریان جو آگ سے اڑین حسین سنائی
در دل زبہم خشم تو آتش اگر فتد + دیگر بجای قطرہ فشاند شرار چشم +
شرر - آگ کی چنگاری جو جلتی آگ سے اڑے صائب
ز روی گرم کہ جان در شرر گرفت مرا + کہ آفتاب قیامت ببر گرفت مرا +
شر - خیر کے مقابلہ پر برائی - فساد - ہندی چوگل
ز گلشن عالم بہ بست رخت سفر + نہ برگ خشک بصحن چمن بماندنہ تر +
نہ عرض ماند نہ جوہر نہ جسم ماند نہ جان + نہ نور ماند نہ ظلمت نہ خیر ماند نہ شر +
شرور - برائیان اور شرارتین -
شربت دینار - دینار تخم کشوث کو کہتے ہین اس شربت مین چند دانے تخم وہ بھی ہوا ہے اسلیے اسکا نام شربت دینار رکھا گیا مسہل وا فتح قبض ہو -
شرط - بکسر اول زندی و پہلوی مین آفتاب یعنی سورج -
شرط - بضم اول باد مراد یعنی موافق ہوا جس سے جہاز کو کچھ خطرہ نہوا اور سیدھا منزل مقصود کو چلا جائے حافظ کشتی
شکستگانیم ای باد شرط برخیز + باشد کہ باز بینیم آن یار آشنا را +
شرط - بفتح اول لازم کرنا اور لازم ہونا اور عہد و پیمان ہونا و طور و طرز - نظامی بشرطے کنم جان خود جای او + کہ ہر گز نتابم سر از رای او +
شرایط - جمع شرط بہت سی شرطین -
شراع - بکسر اول بادبان کشتی کا -

شرح مطالع - یہ ایک کتاب منطق کے علم مین ملا قطب الدین کی تصنیف ہی-

شرع - سید ھا راستہ جسپر عام وخاص کے چلنے کا دین وملت و مذہب میر معزی فتنہ خیز و خنین شرع کہ عشق تو نہاد + کز خبر باید ازین رخصت تو خواہد امام-

شرایع - شرع کی جمع بہت سی شرعین-

شرداغ - جامہ پیشواز جسکی چھوٹی آستین ہون-

شرشوف - جو مٹی ڈھونے کے لیے دست ارا سے بنایا جاسے اور منقل یعنی آگ رکھنے کی انگیٹھی-

شریف - بزرگ صاحب قدر و منزلت و نجیب و اصیل اور نام ایک شہر کا ایران مین اور حاکم مکہ معظمہ کا جو شریف کہلاتا ہی مفید بلخی ای شام شریف طرہ شکنیت + ای صبح نشاپور رخ رنگینت + خال تو فرح بخش تراز شام حیات + سر سبز سواد کاکل پرچینت سالکت وی اشریف کعبہ عشقیم و دائم برہمن + ارمغان از بہر ما ناقوس و زنار آوردہ +

شرح مواقف - یہ کتاب میر سید شریف نے مواقف کے متن پر لکھی ہی-

شراسیف - پہلو کی ہڈیون کے سر جو شکم کی طرف ہون جمع شرسوف-

شرف - بزرگی و قدر و منزلت از روی حسب کے ہو یا نسب کے یا علم و فضل کے اور شرف ستارون کا بروج مین چنانچہ شرف آفتاب کا انیسوین درجہ برج حمل مین اور شرف چاند کا تیسرے درجہ برج ثور مین اسی طرح عطارد کو سنبلہ مین اور زہرہ کو حوت مین اور مریخ کو جدی مین اور مشتری کو سرطان مین اور زحل کو میزان مین شرف حاصل ہی نظامی شرف یافتہ مشتری از حمل + گرا ینده از علم سوے عمل + میر معزی آسمان قدری کہ تا گشتہ وجودش برزمین + از وجود او شرف وارد زمین بر آسمان +

شرایف - بزرگیان عزتین آبروئین-

شرق - آفتاب چمکتا ہوا- اور روشن- اور وہ سمت جسطرف سے سورج نکلے- مؤلف شو جلوہ گر جلوہ نور ذات + ز ہر شرق و غرب و جنوب و شمال +

شروق - ظاہر ہونا روشنی- اور نکلنا سورج کا-

شریاق - بکسر اول آنکھون کی رگین-

شرک - ایک بیماری ہی جس سے بسبب جوش خون کے بدن پر چھالے و نسیان نکل آتی ہین اور مرغون کے پکڑنے کی جالی کے حلقے اور تار راستہ-

شراک - جوتی کی دوال-

شرنگ - جنگلی خربزہ جو خوشرنگ ہو اور حنظل یعنی تما-

شرزدک - پہاڑی آلو جسکو عربی مین تفاح البر کہتے ہین-

شرفاک - آہستہ آواز اور پاؤن کی آواز بوقت چلنے کے-

شرم - مشہور لفظ ہی- حیا و لحاظ- صائب شرم از نگاہ آن گل سیراب میچکد + زان تیغ الحذر کہ از و آب میچکد +

شروان - خاقانی کے شہر کا نام ہی-

شروین - شروان کے قلع کا نام ہی-

شرطین - منازل قمر سے پہلی منزل کا نام ہی-

شریان - حرکت کرنے والی رگ جو انسان کے جسم مین ہی-

شرائین - شریان کی جمع ہی-

شران - ہر چیز پے در پے گرنے والی اور بارش جو ابر سے ہوتی ہی

شریون - قطران اور ہر ایک چیز جو سیاہ ہو-

شربین - ایک قسم کا درخت صنوبر ہی جس سے قطران حاصل ہوتا ہی

شرحہ شرحہ - پارچہ پارچہ ٹکڑے ٹکڑے- مولوی معنوی سینہ خواہم شرحہ شرحہ از فراق　تا بگویم شرح درد اشتیاق +

شرچہ - وہ کمان جو بانس کی بنائی جاے-

شرمہ - شرمندہ و خجل و شرمسار-

شرطیہ - جو بات کسی پر منحصر ہو چنانچہ ان کانت الشمس طالعۃ فالنھار موجود اگر سورج نکلے گا تو دن ہو جائیگا-

شرہ - غالب ہونا حرص کا و نشاط و تیزی و جوانی و حرص-

شرطہ - بضم اول ہوا موافق جو جہاز کے واسطے ہو-

شرفہ - بضم اول اور تیسرا حرف فا ہی موحدہ عربی مین عمارت کے کنگرے-

شرفہ - بفتح اول فارسی ہر ایک آواز جو آہستہ ہو چنانچہ رفتار یعنی پاؤن کی آواز-

شرمندہ - بفتح میم صاحب شرم- یہ لفظ شرم مندہ تھا ایک میم گرا دیا گیا تو شرمندہ ہو گیا-

شرعہ - کمان کا چلہ-

شرزہ - بروزن ہرزہ حیوان مہیب و خشمناک کھلے ہوئے دانت اور نام ایک درندہ کا جو شیر پر غالب ہے- میر معزی زبس نہیب سیر اند کشند و دم نزنند + نہنگ و شرزہ و پیل دمان و شیر عرین-

شُرده - بہ دال مہملہ خوشگوئی و خوش کلامی اور نام ایک بانکا نورالدین ظہوری - اززبان دانیش درطرف چمن افگندہ شور + بلبلان پہلوی گو قمریان شُردہ خوان +

شُرذمہ - تھوڑی جماعت آدمیون کی اور تھوڑا سا میوہ +

شَرارہ - آگ کی چنگاری اور شریر لوگ -

شَررہ - ایک پتنگا آگ کا - اور شریر لوگ -

شَرَوَہ - واؤ کے ساتھ رومی زبان مین نام ایک پہلوان کا

شَربتی - قسم جامۂ ابریشمی باریک اور قسم شیرینی اور قسم آلو جسکو زرد آلو کہتے ہین - اور نام ایک تخم کا اور عقیق جسکا رنگ شربتی ہو یعنی نہایت سرخ نہو - محسن تاثیر کام دو جہان بعقد لذت + از تبش خورند شربت +

شَراحی - نام ایک قسم کے طعام کا ہی -

شین با سین مہملہ

شَست - بفتح اول ساٹھ عدد ہین اس لفظ کو صاد سے بھی لکھتے ہین اور تشبیہ حجام حلقۂ زلف اور تار جو ساز پر لگاتے ہین اور زنار جو ہنود گلے مین ڈالتے ہین - اور مخفف لفظ نشست کا فارسی مین اور سوفار تیر کا اور آہنی قلابہ جس سے ماہی گیر مچھلیان پکڑتے ہین و مضراب آہنی جس سے ستار بجاتے ہین اور حلقۂ کمند کا اور نرا انگشت ہاتھ کا جسکو ابہام کہتے ہین نظامی غلامان ترکم چو گیرند شست + زتیر سے رسد لشکرے را شکست + صائب اگر شست برہ دل کہ ہندو می کشد درخاک و خون + باوجود بی پروبالی خدنگش بے خطا ست +

شَستر - جنگ کے ہتھیار یہ لفظ ہندی ہی اور نام ایک شہر کا

شَستک - آلت چرمی جو شہوتی عورتین اپنی رفع حاجت کے لیے بناتی ہین اور آلہ تناسل و کیر و قضیب - شرف الدین شفائی رئیس قوم شوخی تا میان ہمکاران + بہ باشستک بالا بلند من نشین +

شُستہ - صاف - پاکیزہ - روشن - دھویا ہوا -

شُستری - شہر شستر کا رہنے والا -

شُستی - ایک قسم کی درخت کا نام ہی چنانچہ قبائے شستی و جامہ شستی محمد سعید اشرف جامہ شستی خود و ام تماشائی کن + در لباس قلمی مشق خود آرائی کن محسن تاثیر ستے کہ از لب خوانش ست می پرستی او + کشد بدامن پری را قبای شستی او +

شین با شین

شش جہت - چھ طرفین - اور شش جہت - مشرق - مغرب -

جنوب و شمال تحت و فوق - جعفر زٹلی کنم وست وقتیکہ در دال بجہات فتد بہ پیچم در بہ شش جہات +

شش پر - ایک آہنی گرز کا نام ہی جسکے چھ سر ہوتے ہین میرزا طاہر وحید خبر شش پرش را ازان راست کرد + کہ از شش جہت پر زند در نبرد +

شش در - حیران و متحیر و مقید اور یہ ایک چال بازی نرد مین ہی

شش - چھ عدد مین جسکو عربی مین ستہ کہتے ہین - ملا منیر بخاری در ولادت بابر بادشاہ - چو در شش محرم زاد آن شہ کرم تاریخ مولدش ہم آمد شش محرم -

شش - اندرونی اعضا مین سے ایک عضو کا نام ہی جسکو عربی مین ریہ اور ہندی مین پھیپھڑا کہتے ہین -

شین با طائی

شطحیات - وہ باتین جو صوفیہ کے نزدیک شرع مقدس کے برخلاف ہون اور وہ کلمات جو مستی و بے اختیاری کی حالت مین کسی کی زبان سے نکلین جیسے کہ حسین بن منصور حلاج نے انا الحق کہا اور بایزید نے سبحانی ما اعظم شانی پکارا -

شطرنج - مشہور بازی ہی معرب ستر نگ اور سترنگ ہندی لفظ ہی کیونکہ اسکے مہرے سات قسم کے ہین حکیم لیلاج نے ہند مین اسکو ایجاد کیا اور نوشیروان کی خدمتین تحفہ بھیجا نظام استرآبادی چنان پیادہ نگردم زاسپ کام کہ زدوہ + وزین زمانہ شود لنگ گر بود لیلاج +

شَطر - بفتح اول و سکون ثانی نصف حصہ ہر چیز کا و طرف و جانب و جہت -

شَطّ - نہر - اور دریا کا کنارہ -

شَطَط - اندازہ سے گذرنا - ظلم کرنا -

شَطَل - جو شخص قمار بازون کی محفل مین انکی خدمت کے لیے بیٹھا ہو اس امید پر کہ جو روپیہ جیتیگا اسکو کچھ دیگا اس خیرات کا نام شطل ہی جو اُسکو دیجاوے -

شَطَن - رسن دراز یعنی رسّی لمبی -

شط مفلجان - نام ایک چشمہ کا ہی -

شطری - تھوڑا سا ایک حصہ - ایک نیمہ -

شَطّاحی - شوخی و بیحیائی و شرارت -

شطرنجی - شطرنج کھیلنے والا - اور نام ایک مشہور فرش کا جسمین طرح طرح کے رنگ بھرے جاتے ہین شطرنج کی بساط کو بھی شطرنجی کہتے ہین نورالدین ظہوری حشین قبیل در عرصہ کارزار + ندید ست شطرنجی روزگار +

شطّی - بی باک و بی خوف آدمی -

شین با طای معجمہ

شظایا - ہر چیز کے دندانے اور ٹکڑے اور ریشمی ہر چیز جمع شظیہ جسکے معنی حرام مغز کے ہین -

شین با عین

شَعب - بفتح اول شگاف و غار جو پہاڑ یا راستہ مین ہو -
شُعَب - بضم شین و فتح عین جمع شُعبہ بہت سی شاخین -
شِعاب - بکسر اول و فتح ثانی جمع شِعب بہت سے غار اور شگاف -
شُعَیب - نام ایک پیغمبر اولوالعزم کا ہی جسکے پاس موسی علیہ السلام دس برس رہکر شبانی کی اور اُسکی دختر نیک اختر سے نکاح کیا حافظ شبان وادی ایمن گہی رسد بمراد + کہ چند گاہ بجان خدمت شعیب کند +
شَعر - بفتح اول آدمی کے بال اور نام ایک قسم کے باریک کپڑے کا جو سیاہ رنگ ہوتا ہی -
شِعر - بکسر اول دریافت کرنا - اور جاننا - اور سخن موزون جو مقفّی ہو سب سے اول عربی مین یعرب بن قحطان نے اور فارسی مین بہرام گور بادشاہ نے شعر کہا ابوطالب کلیم کس بجز شاعر تلاش ما نمی فہمد کلیم + شعر فہمان جملہ صیاد اند صید بستہ را +
شعائر - جمع شعیرہ کی - قربانیان اور عبادتین -
شعیر - بروزن حقیر نام ایک غلہ کا ہی جسکو فارسی اور ہندی مین جو کہتے ہین -
شِعار - وہ لباس جو فاخرہ لباس کے نیچے پہنین تاکہ اوپر کا لباس عرق سے خراب نہوجاوے اور وہ کپڑا جو بدن کے ساتھ ملا ہوا ہو مثل پاجامہ و قبا وغیرہ بخلاف چادر کے جسکو دثار کہتے ہین مؤلف خاکساری پیشہ کن ای خاکسار + سجدہ کن بر خاک عجز و انکسار + سرنگون شو سرنگون شو سرنگون + تا خدا بخشد ترا تاج وقار + نیست چون بر زندگانی اعتبار + ہر دم خود را دم آخر شمار + عیب تو پوشد خداوند کریم + گر کنی پرہیز و تقوی را شعار +
شعور - عقل دانائی و ادراک - مؤلف رسید پیک اجل ناگہان چو آخر کار + شناید جاہل نادان نہ اہل عقل و شعور + -
میرزا صائب - شعر از دا بد خشک آن لب می نوش میگیرد + زسنگ خارہ دل آن چشم بازی گوش میگیرد +
شُعاع - روشنی چمکارہ - پرتو چاند یا سورج - شمع یا بلور وغیرہ کا میر خسرو آتش این مشعلہ تا بدار + پرتو شعاع افگند انجام کار +
شَعَف - شیفتہ کرنا - شیدا کرنا - بیمار ہو جانا کسی کی محبت مین مسیح کاشی - تا نشان تیرا د کردند یک یک از شعف + ای مسیحا کاش از واہم ہمہ اعضا بدے +
شعبان - آٹھوین مہینے قمری کا نام ہی -
شُعبدہ - بروزن بتکدہ اس بازی کو کہتے ہین جسکی نمود ہو اور بود نہو یعنی دستی صفائی و ہشیاری و چالاکی سے سب کچھ دکھلایا جاوے مگر اصل مین کچھ بھی نہو -
شعشعہ - بفتح ہر دو شین روشنی - چمکارہ ظہوری پرتو شمع عذارش جلوہ گر بر روے گل + شعشعہ نور رخش بر ماہ تابان تافتہ +
شُعلہ - آگ کا شعلہ مشہور لفظ ہی میرزا معز فطرت - دل افسردہ را آغوش سیلاب ست آسایش + عروس شعلہ را در بستر آب ست آسایش +
شُعبہ - جماعت اور شاخ درخت کی اور موسیقیون کے نزدیک وہ نغمہ جو دوسرے نغمہ سے نکالا جائے چنانچہ نغمہ مین بارہ مقام ہین اور چوبیس شعبہ فی نغمہ دو شعبہ نکالے جاتے ہین -
شِعری بروزن حربا شِعرِی - بروزن دہلی نام ایک ستارہ کا ہی جو آخر موسم سرما سر شام نظر آتا ہی اہل عرب قبل از اسلام اسکی پرستش کرتے تھے -
شعری شامی - یہ بھی ایک ستارہ ہی روشنی کم رکھتا ہی چونکہ شام کا ملک عرب سے شمال کی طرف ہی اسواسطے اسکو شامی کہتے ہین شعری عمیصا بھی اسکا نام ہی -
شعری یمانی - ستارہ سہیل کو کہتے ہین بعض کے نزدیک سہیل اسکے سوا ہی -

شین با غین

شغا - پہلوی مین ترکش کو کہتے ہین جسمین تیر رکھتے ہین عربی مین اسکا نام جعبہ ہی -
شغب - آواز بلند و شور و غوغا و فتنہ و فساد -
شغاد - رستم کے بھائی کا نام ہی جو دل سے اسکا دشمن تھا شکار کے بہانہ رستم کو جنگل مین لے گیا اور فریب دیکر مع رخش اُسکے گھوڑے کے کنوئین مین ڈال دیا - رستم نے اسی حالت مین ایک تیر ایسا اُسکو مارا کہ مع ایک درخت کے جسمین وہ چھپا تھا پرو لیا

اور اپنے مرنے سے پہلے اُسکو مار دیا۔
شَغَر ۔ وہ آبلہ جو بسبب کثرت کار ہاتھون پر پڑجاوے۔ یا زیادہ چلنے کے سبب سے پانؤن پر پڑجائے۔
شغر بغر ۔ پراگندہ و پریشان حال۔
شغغ ۔ چارپایہ کا سینگ جو اندر سے خالی یعنی پولا ہو۔
شَغَف ۔ بفتح اول و سکون ثانی شدت محبت کی اور عشق پرلے درجہ کا۔
شَغَف ۔ دل کے پردہ تک پہونچنا کسی گرمی اور سوزش کا اور محبت کا کمال تک پہونچنا۔
شغاف ۔ دلکا پردہ۔ دل کا غلاف۔ سویداے دل و حجاب اندرونی دل۔
شغک ۔ آدمی کمینہ و ناوان و ابلہ۔
شغال ۔ گیدڑ جو ایک مشہور جانور ہی۔
شغل ۔ بضم و بفتح اول کسی کام مین مصروف ہونا اور لگا رہنا کسی کام مین۔ میر خسرو ؎ غمزہ زن گشت ماہ صقلابی + فتنہ را داد شغل بیخوابی +
شغبہ ۔ ذلیل و خوار و فریفتہ و شیدا اور سخت و درشت ہوجانا بدن کی جلد کا بسبب کثرت کار کے۔
شغالی ۔ ایک قسم کے انگور کا نام ہی۔

شین با فاے

شِفا ۔ صحت۔ تندرستی۔ و اعتدال مزاج میرزا صائب ؎ باد بہار من نفس آرمیدہ است + بیماری نسیم شفا میدہد مرا +
شفاعت ۔ کسی گنہگار کو بخشوانا اُسکی رہائی اور بہتری کے لیے اُسکے مالک کی خدمت مین عرض کرنا خواہش کرنا سعدی ؎ امیدست زانانکہ طاعت برند + کہ بی طاعتان را شفاعت کنند + سرور لاہوری ؎ در توبہ خدا مسدود کر دیگا قیامت کو + شفاعت کا مگر دروازہ اُسدن بھی کھلا ہوگا +
شفقت ۔ بفتح شین و سکون فا و فتح قاف اور بعض کے نزدیک بتشدید قاف مہربانی جو کسی کے حال پر کی جاوے میر نجات ؎ از تغافل جگرم سوخت ندانم آخر + کہ سزاوار عتاب شفقت خواہم شد + واعظ قزوینی ؎ سربلندی آرزو داری شفقت پیشہ کن + کین علم را ریشہ بارات احسان پیچم ست +
شَفَت ۔ بفتح اول لب یعنی ہونٹھ اور نام ایک گانون کا گیلان

جس جگہ مٹی کے برتن کانسے کار نہایت عمدہ و قیمتی بناتے ہین اور ژندی زبان مین جو چیز کم بہا و ناکارہ مفت ملجانے والی ہو و کج و ناراست و ناہموار۔
شِفت ۔ بکسر اول جاری ہونا خون اور ریم کا۔ کسی زخم سے پھوٹنا دنبل کا۔
شُفت ۔ بضم اول ممسک و بخیل آدمی۔
شفتالج ۔ ایک میوہ کا نام ہی جسکو سرکہ مین ڈالکر کھاتے ہین۔
شفتش ۔ بہردو شین منقوط درخت کی شاخ اور وہ لکڑی جو بندر یعنی ٹھٹیے اپنے ہاتھ مین رکھتے ہین اور روئی جو اڑ جاتی ہی اُسکو جمع کرلیتے ہین۔
شُفّاف ۔ بضم اول و تشدید فا نہایت لطیف چیز جس سے اُسکے اندر کی چیز نظر آجاوے۔ اور جو اُسکے پیچھے ہو وہ بھی بخوبی معلوم ہو جیسے آبگینہ اور قارورہ اور شیشہ اور پانی وغیرہ۔
شَفَق ۔ بفتح اول پہلوی مین شب یعنی رات اور عربی مین وہ کپڑا جو پتلا اور باریک ہو جسکے آنکھون پر رکھنے سے سب کچھ نظر آجاوے نیز بمعنی لاغر کرنے اور اندوہگین کرنے کے۔
شِف ۔ بکسر اول عربی مین کمی و افزونی نفع نقصان۔ سود و زیان۔
شفشف ۔ بفتح ہردو شین بیخ درخت و شاخ درخت۔
شفق ۔ صبح و شام جو سرخی آسمان پر ظاہر ہوتی ہی صائب ؎ تا چون شفق مدام رخت لالہ گون شود + بے بادہ مگذران چو شفق صبح و شام را +
شفترک ۔ خاکشی جو ایک خاردار بوٹی ہی۔ سواے اونٹ کے اسکو کوئی نہین کھاتا۔ عربی مین اسکو خمخم کہتے ہین۔
شفترنگ ۔ ایک میوہ ہی جو زردآلو اور شفتالو کے باہم پیوند کرنے سے حاصل ہوتا ہی۔
شفنک ۔ کہنہ و فرسودہ و بیکار اور آدمی احمق و بی ہنر و نادان۔
شفشاہنگ ۔ وہ لوہے کی تختی جسمین بہت سے سوراخ باریک اور موٹے ہوتے ہین اور زرگر چاندی سونے کا تار اُن سوراخون سے کھینچکر لمبا کرتے ہین ہندی مین اسکو جنتر کہتے ہین میر الٰہی ؎ گذر زروزنہٗ اختران کند رخش + چو سیم مغبش از چشمہاے شفشاہنگ +
شفغل ۔ ایک گھاس کا نام ہی جسکو ستبرگہ کہتے ہین اور ہندی مین تین پتی۔ اور چنبیلی اسکا پھول ہی۔
شفل ۔ بارکش اونٹون کے ناخن۔

ششقین ـ بفتح اول عربی مین دونون لب ـ دونون ہونٹھ ـ
ششقتیار ـ بکسر اول نام ایک مرغ کا ہی جسکو فارسی مین بوتیمار کہتے ہین اور ہندی مین بگلا ـ وہ ہمیشہ دریا کے کنارے رہتا ہی اور پانی نہین پیتا اس خیال سے کہ پانی کم ہو جائے عربی مین اسکو یمام بھی کہتے ہین ـ یہ جانور دو قسم پر منقسم ہی ایک بڑی جسکا ذکر تحریر ہو چکا ـ دوسرا چھوٹی وہ خفاش کی صورت پر ہوتا ہی اور دم اسکی چوہے کی سی اسکی دم مین ایک خار ہی جس سے لوگون کو کاٹتا ہی اسکی دم اگر کسی کے زیر بالین رکھین اسکو نیند نہ آئے اور اگر کسی درخت کے نیچے دفن کرین درخت خشک ہو جائے ـ
شفتالو ـ شفتالود ـ مشہور میوہ ہی جسکو آڑو کہتے ہین ـ
سیفی شیرازی ـ لب خود بر لبش بنہم از لبش تشنہ و صلم + کہ شفتالو چو پیوندی بود آب دگر دارد + سعدی ـ گرد عنبر شستہ بر بخش + راست گوئی ہست مشک آلود + گر بچنگال صوفیان افتد + نہ ہندمش مگر شفتالود +
شفاہ ـ جمع شفہ بہت سے لب یعنی ہونٹھ ـ
شفرہ ـ بفتح اول موچیون کا اوزار چمڑا کاٹنے کا جسکو رانپی کہتے ہین ـ
شفرہ ـ بضم اول پلک چشم جس جگہ پلکون کے بال پیدا ہوتے ہین ـ
شفشفہ ـ ہمسایہ ہونا ـ دیوار بدیوار ہونا ـ
شفشہ ـ کاتا ہوا سوت جو تکلے پر لپٹا ہوا ہوتا ہی ـ
شفاخانہ ـ جس جگہ لوگون کا معالجہ بادشاہ کی طرف سے مفت ہو ـ صائب ـ مستی را کہ خمار ست بنود درد بنال + از شفاخانہ انگور کسی ہمایہ طلب +
شفانہ ـ ایک مرغ کا نام ہی جو بہت رنگ رکھتا ہی ـ
شفودہ ـ ترکی زبان مین ایک ہفتہ یعنی شنبہ سے جمعہ تک ـ
شفتالوی آروی ـ شفتالوی کاردی ـ اقسام میوہ شفتالو کا نام ہی ـ
شفقی ـ جو چیز سرخ رنگ شفق کی طرح ہو صائب ـ قسم بساقی کوثر کہ از شراب گذشتم + زیادہ شفقی ہمچو آفتاب گذشتم +

شین با قاف

شقا ـ پہلوی مین ترکش جسمین تیر رکھے جاتے ہین ـ
شقرت ـ بضم اول نام ایک رنگ کا ہے جو زرد مائل بسرخی ہوتا ہے ـ
شقاوت ـ بدبختی و بدنصیبی بدقسمتی قطعہ از مولف
سراپا شقاوت ہے دنیا سے دون ہی + سعادت اگر چاہیے اسکو چھوڑ دو + فقط اپنا پیوند جوڑو خدا سے + تعلق کے رشتہ جو ہین انکو توڑ دو ـ
شقر ـ بفتح اول و کسر ثانی پہاڑی لالہ جو ایک پھول ہی ـ
شقدار ـ دیہات کا حاکم اور پرگنات کا عامل ـ قانونگو ـ
شقایق ـ لالہ جو مشہور پھول ہی ـ یہ لفظ مفرد اور جمع مین یکسان ہے ـ
شق ـ بفتح اول شگاف اور شگافتہ ہو جانا ـ پھٹ جانا ـ اور دشوار ہو جانا کام کا ـ اور نام ایک قلعہ کا قلاع خیبر سے ـ مولف ـ رموز کثرت و وحدت زبان چہ شرح کند + کہ پارہ پارہ شود کاغذ و قلم دو شق + صائب ـ خامہ آتش زبان شق کشمشیر شہادت میزند + ہر کہ چون شیر خدا صائب بود یکرنگ عشق +
شق ـ بکسر اول ٹکڑا کسی چیز نصف کسی چیز کا ـ کنارہ پہاڑ کا اور بھائی اور دوست ـ
شقیق ـ برادر اور بھائی ـ
شقاق ـ ایک طرف ہو جانا ـ مخالفت اور دشمنی کرنا ـ
شقایق نعمان ـ قسم ایک لالہ کا ہی جو نہایت سرخ ہوتی ہی اور نعمان نام ایک بادشاہ کا تھا جسنے پہاڑ سے اسکا تخم منگوایا تھا بعض کا قول ہی کہ نعمان بضم نون خون کو کہتے ہین سرخی کی مناسبت کے سبب سے اسکو شقایق نعمان کہا گیا ـ
شقردیون ـ سیر صحرائی یعنی جنگلی لہسن ـ
شقہ ـ پارچہ و جامہ و کاغذ ـ اور جامہ پیشواز یعنی جو آگے سے کھلا ہو ـ اور وہ کپڑا جو علم کے سر پر لگاتے ہین ـ
شقشقہ ـ اونٹ کی آواز جو مستی مین بولتا ہی ـ
شقیقہ ـ نرم جگہ جو کان اور پیشانی مین ہی ـ اور آدھے سر کا درد ـ
شقی ـ بدبخت ـ بدکار ـ بدکردار ـ

شین با کاف

شکیبا ـ صبر کرنے والا ـ سہارنے والا ـ
شکوثا ـ سریانی زبان مین تخم کشوث ـ
شکیب ـ بکسر اول و یاے مجہول صبر و آرام ـ بفتح شین پڑھنا خطا ہی ـ سعدی ـ ز دیدار اینان ندارم شکیب + کہ سرمایہ داران حسن اند و زیب ـ
شکوب ـ دستار و مندیل سر پر باندھنے کی ـ
شگفت ـ تعجب و استعجب ـ عجیب و غریب ـ سعدی

تبسم کنان دست بر لب گرفت + که سعدی مدارا نچه پرہی شگفت +
شگفت - پھولا - کھلا - ہنسا - خوش ہوا - مولف تازہ رنگ
و تازہ بو حاصل شود زین گلستان + اندرین بستان بہر
لحظہ گل دیگر شگفت +
شکایت - گلہ کرنا - ناراضی ظاہر کرنا - شانی تکلو کاری
مکن کہ بادہ ز جام دگر خورم + رنجم شکایت تو بہر کس کہ برخورم +
شکنج - تاب و پیچ و دام و زنجیر - مولف مقید دل بقید درد و رنج
ست + گہے در تاب و گاہی در شکنج ست +
شکوخ - لغزش کھانا - پھسلنا -
شکنبہ - نمناک زمین مین جو لمبے لمبے کیڑے سرخ رنگ پیدا ہوتے ہین
عربی مین انکو خراطین و احمر الارض کہتے ہین -
شکاوند - سیستان کے پاس ایک پہاڑ ہے سرب جسکا سجاوند ہے
شکر - بضم اول اپنے منعم کی نعمت کا احسانمند ہونا - سپاس و ثنا کہنا -
سعدی کجا من شکر این نعمت گزارم + کہ زور مردم آزاری ندارم +
شکر - شکر - بتخفیف و تشدید کاف شیرینی جو مشہور
چیز ہے - سالک یزدی سیخورم خون کہ شاید بہ مسیگیرد +
سینہ بہ شیر ز لعل تو شکر میگیرد +
شکر - بفتح اول و سکون کاف فرج زن عورت کی شرمگاہ -
شکرہ - بکسر اول و فتح کاف ٹوٹا ہوا اور شکار کرنے والا
زنبور سیاہ یعنی بھنورا -
شکار - جو آدمی کسی جانور کے مارنے کا ارادہ کرے اسکو
شکاری کہتے ہین اور وہ جانور جسکو شکار کرنا مطلوب ہو
اور وہ شخص جو تابع و مطیع و مغلوب ہو خان آرزو اسے
غزالان حرم جان من و جان شما + کان جفا پیشہ صنم بہر شکار آمدہ است +
شکپیر - نام ایک میوہ کا ہے اور وہ زرد آلو سونا ہی ہوتا ہے -
شگرف - زیبا و نیکو و عجیب و بزرگ - اگر اس لفظ کو
اشیا مین استعمال کرین زیبا و عجیب اور اگر آدمیون مین
استعمال کرین تو صاحب و مالک و صاحب شکوہ و بزرگ مولانا
جامی طبع دارم کہ گر نا گہ شگرفی + بخواند زین محبت نامہ حرفے +
شکاف - چاک و درز و سوراخ و رخنہ مولانا جامی شگافے
زد بصد افسون و نیرنگ + وران خیمہ چو چشم خنگی تنگ +
شگوف - ابریشم جو کاتا گیا اور درست کیا گیا ہے -

شک - بفتح اول شبہ و وہم گمان - ع خدا را حق بدان
ای مرد زیرک + کہ گرود یک قلم دوراز ولت شک +
شکت - بضم اول سم الفار یعنی سنکھیا جو ایک زہر یلا پتھر
مشہور ہے - فارسی مین مرگ موش بھی اسکو کہتے ہین -
شکابنک - چلنے مین جو آواز پانون کی نکلے -
شکانک - پرندون کا حوصلہ یعنی پوٹا جسمین دانہ جمع رہتا ہے
شکیل - بکسر تین گھوڑے کی باگ ڈور و مکر و فریب -
شکال - بکسر اول وہ رسن جس سے گھوڑے یا اونٹ کو
باندھین و مکر و حیلہ -
شگال - بفتح اول و تشدید ثانی شکاین بنا سوالا سوانگ بھرنا
شکیل - بفتح صاحب شکل خوبصورت بکاف فارسی شغال
یعنی گیدڑ جو مشہور جانور ہے -
شکل - ہیبت و صورت و تصویر طغرا دیوار گر شکل آہو کشید
ز دنبال او چون شکاری دوید + مولانا کاہی تقضا زمرع آفاق
قطع زندان خواست + کہ شکل ابروی ساقی مثال واس نہاد +
شکال - ہند کے ایک راجہ کا نام ہے جسنے اول بنیاد سلطنت
کی ہند مین قائم کی -
شکول - جلدی و چالاکی -
شکم - بطن پیٹ مشہور لفظ ہے سعدی تنور شکم دمبدم
تافتن + مصیبت بود وقت نایافتن + شکم بند دست ست و زنجیر پا
شکم بندہ نادر پرستد خدا سے +
شکن - چین جو منہ اور جسم اور جامہ پر پڑین اور پانی پر
نمودار ہون نظامی صرا با تو د - با ز بستن مباد + شکن باد
لیکن شکستن مباد +
شگن - شگون - نیک فال لینا کسیکی آواز یا پرواز وغیرہ
سے یہ لفظ ہندی اور فارسی مین مشترک ہے یا فغانی فال زدم
کہ از ہوس کشتہ شوم بیک نفس + ہم ز لب تو این سخن بہ کہ
شگون نہد کسی +
شکیو - آہستہ چلنے مین جو پانون کی آواز ہو اور جو آواز سوتے کی
حالت مین انسان کے گلے سے برآمد ہو -
شکالیو - ہر چیز جو آگ کے کوئلون پر پکائی جائے لکڑی اسکے
نیچے نہ جلائی جائے -
شکنجہ - ایک قسم کی تعذیب کا نام ہے اور نام ایک آلہ چوبی کا

جسمین جلد بند جلد شدہ کتاب کو رکھکر اسکو چار سمت سے کاٹتے ہین شفیع اثر در ہجو سخت قلی صدر ایران – باور نمی کنم کہ بوقت شکنجہ ام از خاوہان کسی شکنجہ چشیدہ است +

شکوہ – بکسر اول و سکون ثانی شکایت گلہ رضی دانش بسکہ شب شکوہ از زلفت بہ سنبل کردہ ام + ہمچو برگ لالہ دودم بر زبان پیچیدہ است +

شکوہ – بضمتین حشمت و بزرگی و مہابت و شان و شوکت سے فریدون شوکتی جمشید جاہی + سکندر حشمتی دارا شکوہی +

شکوہ – بکسر اول و ضم دوم خوف – دہشت ترس و بیم –

شگوفہ – نئے پتے اور نئے پھول جو بہار مین درختون سے نکلین اور اطبا کے نزدیک کھانا کھایا ہوا جو قی ہو جاے ہضم نہو شفیع اثر تغل شگوفہ وا شود از باد صبحدم + گلشن کند بشرہ نوروز زر نثار + سعدی – شگوفہ گاہ شگفتہ ست گاہ خوشیدہ + درخت گاہ برہنہ است گاہ پوشیدہ +

شکرانہ – شکر کرنا – کسی کا احسان بیان کرنا –

شکرہ – بکسر اول ایک شکاری مرغ کا نام ہے جو باز کے اقسام مین سے ہے –

شکنبہ – معدہ چار پاؤن کا جسکو اوجھڑی کہتے ہین –

شکستہ – ایک قسم کے خط کا نام ہے سے خط آمدست دنگارم از ان شکستہ دل ست + جواب خط چو بخط شکستہ تحریر ست –

شکافہ – گہوارہ – مہد جھولنا –

شکاوند – نقب دینے والا – قبر کھودنے والا – کفن چرانے والا جسکو عربی مین نباش کہتے ہین –

شکلہ – ٹکڑا خربزہ و ہندوانہ کا جو اس سے اتارا جائے –

شکنہ – خارپشت جو مشہور جانور ہے –

شکوہی – اخیر مین الف بصورت یا – گلہ – شکایت –

شکرتری – سپید شکر و قند و نبات –

شکاری – شکار کرنے والا – اور جانور جو شکار ہو چکا ہو – ملا شانی تکلو – کمین کشادہ زہر سو ہزار حکم انداز + مرا شکار سے توفیق بر شکار آمد +

شکری – نام ایک رنگ کا ہے جسمین سرخی اور زردی ملی ہوئی ہو محسن تاثیر – تنگ کردست بسی حوصلہ آن تنگ شکر + از لب بستہ آن مہوش رنگ شکری –

شین با لام

شلیخا – عیسی علیہ السلام کے ایک اصحاب کا نام ہے –

شلکا – گیلی زمین اور کیچڑ جسپر چلا نہ جاے –

شلیخ – بجاے منقوط صدا و آواز –

شلوار – ازار اور تنبان اور پاجامہ جو کمر مین پہنتے ہین یہ لفظ مرکب شل اور وار سے ہے شل کے معنی ران اور وار کلمہ نسبت سراویل اسکا معرب ہے – اشرفی نام ایک کسبن عورت کی ہجو مین چہ باک از تنگدستی اشرفی را + کہ دار الضرب در شلوار دارد +

شلف – فاحشہ عورت اور نام ایک رودخانہ کا ہے افریقہ مین –

شلاق – زدو کوب کرنا – مارنا کسیکو یہ لفظ ترکی ہے اور شوخ اور فتنہ انگیز مفسد و عیار – طاہر وحید اطفال مکتب کی تعریف مین ہریک زبرای جان عشاق + افتادہ ز طبع شوخ شلاق ملا فوقی یزدی – زمانہ بین کہ ز سرپنجہ ستم ہر دم + بہ پیچ گوش لشاطم ہمی زند شلاق +

شلتاق – جنگ و جدل فساد لڑائی یہ لفظ ترکی ہے ملا سحابی تکلو – ز نالہ دل مظلوم بر تو سیلی زدم + کہ ترک چشم تو بسیار میکند شلتاق

شلتوک – غلہ شالی جسمین سے چانول نکلتے ہین –

شلنگ – جست مارنا – کود کر ایک جگہ سے دوسری جگہ پر جانا زلالی – کرام صاحب آن صاحبی کہ دور عنانش + بہ پشت ماہی فلک میزند شلنگ ستارہ –

شلک – ایک ہی دفعہ چلا دینا توپ اور رہکلہ اور بندوق کا زکی ندیم – شلک رعد شد و برق در آتشبازی ست + ساید بان فسق و ساقی بستان ابر ست +

شلاک – گھر کا بدرو جسکے ذریعہ سے گھر کا میلا پانی باہر نکلجاتا ہے

شلیل – نام ایک میوہ کا ہے جو سرخ و سپید ہوتا ہے – شفتالو کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے اور وہ کپڑا جو زرہ کے نیچے پہنتے ہین –

شل – بفتح اول عربی مین وہ شخص جسکے ہاتھ پانون حرکت سے رہ چکے ہون اور فارسی مین ہر ایک چیز سست اور نرم منتخب الو نیست عالی سندی بہر فضیلت امروز + خیر و ستار بزرگ و کمر شل بستن +

شل – بکسر اول چھوٹا نیزہ جسکو سیل بھی کہتے ہین والہ ہروی شل در صحن دلیران بند و فیلان بدان ماند + کہ چنج شستہ ہا برجہا یک عیان آمد +

شُل - بضم اول نام ایک میوہ کا جسکو بیل کہتے ہین گول ہی کی طرح ہوتا ہی - اکثر لوگ اسکا مربا ڈالتے ہین

شَلغم - مشہور ترکاری ہی جو کھانے مین آتی ہی -

شلائین - بروزن سلاطین شوخ و ناخوش و سخت گیرندہ و محکم و معشوق نافرمان و بی تکلف و بی آرایش - میرزا صائب

جاراین وادی شلائین تر ز خون ناحق ست + از علایق چیدن دامان رغبت سہل نیست +

شُلّہ - بضم اول حیض کا لتہ - اور عورت کی شرمگاہ اور بیت پیت

شَلّہ - بفتح اول جس جگہ مویشی کا گوبر جمع کرین -

شَلّہ - بلا تشدید لام قصاص و بدلہ -

شَلتہ - محلہ یا گانون مین جو جگہ کوڑا ڈالنے اور میلا جمع کرنیکی ہو -

شلخچہ - لات جو کسیکو ماری جائے -

شلفینہ - شرمگاہ عورتون کی -

شلفیہ - ایک کتاب کا نام ہی جسکے مضامین تمام فحش ہین -

شلمابہ - شلغم جو مشہور ترکاری ہی

شلانیتی - شوخی و عیاری و پیچیدگی -

شین با میم

شمسا - رندی زبان مین سورج کی دھوپ اور چاندنی اور روشنی چراغ اور مشعل کی -

شمشرا - مرزنگوش جو ایک قسم کی ریحان ہی نہایت خوشبو عربی مین اسکو اذان الفار کہتے ہین اسواسطے کہ اسکے پتے چوہے کے کان کیسے ہوتے ہین

شمات - کسی کی خرابی پر خوش ہونے والی -

شماتت - کسی کی خرابی پر خوش ہونا - صائب کند شماتت زاہد فرنگ عالم را + خدا نخواستہ میخانہ گر خراب شود +

شمالیت - ہیتی جو مشہور ساگ ہی

شماخ - مخفف شاماخ نام ایک پہلوان کا اور سینہ بند عورتون کا -

شمالیخ - شلغم جو مشہور ترکاری ہی -

شمشاد - مشہور درخت ہی - اور شعرا معشوقون کے قد کے ساتھ اسکی تشبیہ دیتے ہین ظہیر فاریابی نسیم لطف تو در باغ وا سینے نفشاند + نسیم نکہت عنبر زطرۂ شمشاد +

شمسلید - ہیتی جو مشہور ساگ ہی -

شمغند - بد وضع و بد لباس عورت اور جس شخص سے بد آواز نکلے و مدہوش و بیخبر -

شمست - نوحہ و فریاد و بیہوشی و بیہودن -

شمشیر - تلوار جو مشہور ہتیار ہی مرکب شم اور شیر سے معنی اسکے شیر کے ناخن کیونکہ شم کے معنی ناخن اور شیر کے معنی شیر ہین نظامی گنجوی
شمشیر جوشن گداز + بگردن کشی کردہ گردن فراز میرزا صائب
دریسم اللہ دیوان قضا شمشیر ست + ساحل بحر پر آشوب فنا شمشیر ست +

شمر - بہر دو فتح فارسی مین چھوٹا حوض و تالاب اور قیماق یعنی بالائی جو دودھ پر آجاتی ہی -

شمر - بفتح اول و سکون میم آہستہ آہستہ چلنا خرامان خرامان چلنا

شِمر - بکسر شین و سکون میم نام قاتل سید الکونین امام حسین علیہ السلام جسنے چھاتی پر چڑھ کر حضرت کا سر گردن سے الگ کیا تھا

سالہا شد شمر ودرا اندرین دنیا نماند + طوق لعنت ماند اندر گردن او پایدار +

شُمار - بضم اول حساب گنتی جو لین دین مین ہو عفو کن عفو

ای شہ عالی جناب + زانکہ دارم جرم بیحد و حساب +

شِمار - بکسر اول پہاڑی مین بادیان جسکو ہندی مین سونف کہتے ہین

شمکو - ایک شہر گنجہ کے پاس مولد نظامی گنجوی ہی -

شمیز - بڑی منقوطہ زمین جو قابل زراعت کیجائے -

شمس - آفتاب عالمتاب یعنی سورج قصیدہ از مؤلف

شمس گرم اطاعت ہر زمان + آسمان بندہ قمر حلقہ بگوش +

شموس - بفتح اول سرکش و بدخو -

شُمُوس - بضمتین جمع شمس بہت سے سورج -

شمّاس - بفتح اول و تشدید میم مہتر ترسایان جو سر منڈا کر عبادتخانہ میں بیٹھے اور نام اسکا جسنے شمس پرستی کا دین ایجاد کیا -

شماساس - نام ایک پہلوان ایرانی کا جو سیاوش کے لشکر میں تھا - اور نام ایک تورانی پہلوان کا جو قارن بن کارہ کے ہاتھ سے مارا گیا -

شمش - بہر دو شین منقوطہ وہ گلا ہوا سونا یا چاندی جو ناوچے مین الٹنے کے لائق ہو -

شمع - موم جو شہد سے نکلتا ہی اور مشہور وہ بتی جو موم یا چربی سے بنا کر جلاتے ہین - اور روشنی حاصل کرین صائب از شاخسار
شمع شرر وار می پرد + پروانہ کہ گرد تو یکبار رسے پرد +

شموع - جمع شمع کی بہت سی شمع -

شمّاع - شمع بنانے والا - سیفی - سوخت دل از غم شماع و بیجان سیکو شم

ہیچو شمیم کہ بار روغن خود میچو شیم +
شملک - ایک دوا کا نام ہی کہ گوگرد کے ساتھ ملا کر ملنے سے بدن کے سفید داغ جاتے رہتے ہین -
شمسک - ژندی زبان مین تلون کو کہتے ہین جو ایک مشہور غلہ ہی اور اسکا تیل نکالا جاتا ہی -
شمول - شامل ہونا - مل جانا ایک چیز کا دوسری چیز مین -
شمل - پریشان ہونا - پراگندہ ہونا جمع ہونا - یہ لغت لغات اضداد مین سے ہی -
شمال - وہ ہوا جو قطب کے سمت سے آئے - حافظ خوشخبر باشی ای نسیم شمال + کہ با میرسد زمان وصال -
شمائل - خصلتین اور عادتین اور شکلین اور شافعین جو درخت سے نئی نکلین - میر حسن دہلوی شمائل تو لطیف ست صورت تو قبول + مبادو جز تو مرا دل بدیگری مشغول +
شمم - بفتح اول و تشدید میم بو سونگھنا یعنی سونگھنا یہ لفظ عربی ہی -
شُشم - بضم اول و سکون میم فارسی مین چمڑے کی جوتی پاپوش و نعلین چرمین -
شَشم - بفتح اول و سکون ثانی فریب و نفرت و نوحہ و فریاد اور ایک قسم ناقص ابریشم کا -
شُمّ - بضم اول و میم مشدد و مخفف شوم محمود حسین شہرت از حسرت منصب جگرم خون شدہ باشد + در خاطر اگر داشتہ باشم ارم شم +
شمیم - وہ ہوا جسمین خوشبو ملی ہوئی ہو اور سونگھنا خوشبو کا جلدی جو اسانی - مانند گل ہمایہ شمیم شمیمی آشفتہ نگرد ہم بجز یک نسیمی
شمائم - جمع شمیمہ بہت سی خوشبوئین -
شماسیان - آتش پرست اور شمس پرست - نظامی سیاہی دو خال صباسیان + سپیدی بر چشم شماسیان +
شمعون - یوسف علیہ السلام کے بھائیون مین سے ایک کا نام تھا جسنے حضرت یوسف کے قتل کر دینے کے واسطے مشورہ دیا تھا نیز نام ایک شخص کا حضرت عیسی کے اصحاب سے -
شمن - بفتحتین بت پرست بت پوجنے والا -
شمنان - بہت لمبا چوڑا فرش -
شمّہ - بفتح اول و تشدید میم عربی مین تھوڑی سی خوشبو -
شِمّہ - بکسر اول و فتح میم بالائی جو دودھ کے اوپر سے اترتی ہی -

شمسہ - ناہدان یعنی وہ دریچہ جو گھر مین روشنی کے واسطے رکھا جائے اور کلس جو گنبد و قبہ کے اوپر لگایا جاوے -
شمسیہ - نام ایک رسالہ کا ہی منطق کے علم مین اور شمس الدین اسکا مصنف ہی -
شمامہ - بتشدید میم ایک قسم کے خربزہ کا نام ہی جسکو ہندی مین کچری کہتے ہین اور ایک مصنوعی ترنج مرصع جسمین طرح طرح کی خوشبوئین بھری جاتی ہین اور امرای ہاتھ مین رکھتے ہین -
شمامچہ - خوشبو جو سونگھی جائے -
شمامہ - خوشبو جو کسی پھول وغیرہ سے آئے - اور نام ایک ساز کا جسکے ساتھ نے بھی ہوتی ہی آواز اسکی نہایت خوش ہی سیفی بخاری نے شمامہ چرا نیشکر نمیگردی + ترا کہ بر لب شیرین یار دسترس ست +
شماسی - آتش پرست شمس پرست نام ایک فرقہ کفار نامیجانا کا ہے -
شماخی - ایک قصبہ شروان کے پاس ہی -
شمعی - یہ ایک سبز رنگ مائل بسیاہی جسکو ہند مین تیلیہ مونگیہ کہتے ہین سالک یزدی عاشق کسی بود کہ بزاید برنگ دوست شمعی لباس در بر پروانہ من ست +

شین با نون

شنوا - بفتحات سننے والا کان سے یا کان جو سن سکتے ہین شعر - از خدا خواہ گر تو میخواہی + گوش شنوا و دیدۂ بینا +
شنا - بکسر و بفتح اول پانی مین تیرنا - اور نام ایک ورزش کا جو کشتی گیر کرتے ہین ہندی مین اسکو ڈنڈ کہتے ہین اشرف بہم طوفان بلا در خشکیم بیش از تری ست + ہیچو کشتی گیر زان مشق شنا دارم بخاک +
شنب - پہلوی مین گنبد اور قبہ جو کسی بزرگ کی قبر پر یا مسجد پر بنایا جائے -
شناعت - شناعت - زشتی و بدی و طعنہ و ملامت و بدگوئی -
شنات - بروزن قنات دشمنی رکھنے والے -
شنت - ژندی زبان مین سالی و سنہ یعنی برس -
شنج - پہاڑی زمین اور ناہموار میدان اور ایک قسم کی سیب جسکو توتیای اکبر کہتے ہین -
شنبلید - و شنبلیت - بیتھی مشہور ساگ ہی -
شنشد - منقار مرغان یعنی پرندونکی چونچ جسکو نول بھی کہتے ہین
شنقار - و شنقار - نام ایک شکاری جانور کا جو سفید رنگ عقاب کی برابر ہوتا ہی اور قوت مین عقاب پر غالب نہایت کمیاب ہوتا ہی -

شناور - بکسر اول پانی مین تیرنے والا اور شوم و نا مبارک و خرابی
و ننگ و عار اور وہ شاخ جو درخت سے تازہ نکلی ہو اور عربی مین
دشمن و عداوتی آدمی -
شنگوبہ - وہ شراب جو خرما سے بنائین -
شنگیار - خیار جو دراز ہو یعنی ککڑی -
شنکور - وہ چمڑے یا لکڑی کا فلک جو تکلے پر چڑھا کر سوت
کاتتے ہین -
شنیز - بزاے منقوطہ شونیز یعنی سیاہ دانہ جسکو کلونجی بھی
کہتے ہین -
شنش - کچی کھجور جسکے دانے ابھی سخت ہوتے ہون اور
وہ لکڑی جو نداف یعنی دھنیا ہاتھ مین رکھتا ہو اور اُس سے
روئی اُڑی ہوئی جمع کر لیتا ہو -
شنایع - بدیان - برائیان -
شنیع - بُرا و بد ہون و ناخوش
شنجرف - شنگرف - مشہور چیز ہو تشریح کی حاجت نہین
شنفیق - پہلوی دری مین پسر خواندہ یعنی متبنی جسکو
بیٹا بنایا گیا ہو
شناک - دزد و رہزن اور معشوق شوخ و نافرمان -
شنگ - سرو کا درخت اور وہ خیار جو تخم کے واسطے رکھا جاوے
شنگک - شوخ و ظریف و خوش کلام و خوبصورت -
شناک - کھجور کا خوشہ - اور انگور کا خوشہ -
شنگول - بروزن مقبول خوبصورت معشوق شوخ و شناک
شنکل - شوخ و عیار - و راہزن
شن - پانی کی مشک جو پرانی ہو گئی ہو - اور نام ایک گھاس کا
ہو جس سے رسی بناتے ہین ہندی مین اُسکو سن بسین مہملہ بولتے
ہین سنی بھی کہتے ہین - اور عربی مین ایک قبیلہ کا نام ہو -
شنان - ایک گھاس کا نام ہو جسکی سجی بنائی جاتی ہو اور کپڑے
دھوئے جاتے ہین -
شنو - کشتی گیرون کی ایک ورزش کا نام ہو جسکو ڈنڑ کہتے ہین -
سیر سجات - نیست ہمدرد تو ضمانات ازمن شنو ٭ سیر دو بیہدہ
در معرکہ خاک شنو ٭
شنشو - ایک دماغی حرکت کا نام ہو جسکو عربی مین عطسہ ہندی
مین چھینک کہتے ہین -

شنوسہ - عطسہ یعنی چھینک -
شناه - پانی مین تیرنا -
شنشنہ - طبیعت اور عادت جو ہو -
شنتربہ - یہ ایک بیل کا نام ہو جو منہ گیدڑ کے فریب مین آکر
شیر کے ساتھ لڑا اور مارا گیا - کتاب کلیلہ و دمنہ مین اُسکی تشریح ہو -
شنبہ - ہفتہ کا دن جسکو سبت عربی مین کہتے ہین اور آواز گھوڑے
اور شیر کی -
شندلہ - نام ایک دوا کا ہو جسکو تودری کہتے ہین -
شنگلہ - ابریشم یا طلائی پلہ جو پگڑیون اور دوالون اور دوپٹون
مین دیا جاتا ہو تاکہ وہ خوبصورت معلوم ہون -
شنگولہ - شوخ و عیار و ظریف و چور و رہزن -
شنگہ - آلہ تناسل اور وہ جگہ جس جگہ گوبر اور کوڑا ڈالا جاتا ہو -
شنگینہ - وہ لکڑی جس سے بیل چلاتے ہین -
شنخہ - وہ لکڑی کا پنجہ جس سے زمیندار ہوا مین سوکھے ہوئے غلہ کو
اڑا کر دانہ الگ اور بھوسہ الگ کرتے ہین -
شنبشرہ - میوہ دار درخت کے پھول - اور قے اور استفراغ
شنبی - طشت کلان یعنی بڑا طشت جو مشہور برتن ہو اور نام
ایک گھاس کا جسکے ریشون سے رسیان بناتے ہین -

شین با واو

شوا - بکسر اول عربی مین گوشت بریان اور فارسی مین سختی پوست
ہاتھ پانون کی جو بسبب کثرت کار کے وقوع مین آجاتی ہو اور ہاتھ مین
گرہین پڑ جاتی ہین -
شوغا - خار بست احاطہ جو بکریون کے واسطے گانون کے باہر
بناتے ہین اور بکریان رات کو اُسی مین رہتی ہین لطیفی چو گرگ
در گیر و قصد شوغا ٭ شبان اندر شبان افتد بغوغا ٭
شوائب - آمیزشین اور آلودگیین جو آپس مین ہون -
شوب - بضم اول پگڑی - مندیل جو سر پر باندھتے ہین -
شوب - عربی مین باہمی ملاقاتین اور ملاپ اور شہد جسکو
عسل کہتے ہین -
شوات - سرخاب جو ایک مشہور جانور ہو -
شوکت قوت و تیزی و شدت و حدت صاحب رشادی
عشق عاشق در نظرہا شوکتے دارد ٭ کہ نقش پای مجنون
پنجہ شیر ست پنداری ٭

شوبست - علاج جو بذریعہ دوا کے کیا جاتا ہے یا بذریعہ افسون کے
شورباج - معرب شوربا جو گوشت پکا کر نکالا جاتا ہے -
شوخ - بواو معروف بدن کا میل و ریم و زرد آب جو کسی زخم سے نکلے -
شوخ - بواو مجہول بے باک و دلیر و چالاک آدمی رباعی توحید رسد بمنزل مقصود خود بجا گستاخ + کہ مست راندہ درگاہ کبریا گستاخ + خدا برحم و تفقد برو نظر نکند + بو و کسیکہ شرانگیز شوخ یا گستاخ +
شوامخ - جمع شامخہ بلند و بلند بہا یعنی بہت سی بلندیاں و نچائیاں
شوارد - جمع شاردہ بھاگنے والے اور متفرق ہونے والے مجمع توڑنے والے -
شواہد - جمع شاہد بہت سے گواہ - اور معشوق -
شواد - شوات جسکے معنی سرخاب کے ہین اور سرخاب مشہور جانور ہے - بعض کے نزدیک شواد ایک اور جانور سوا اسکے سرخاب کے بھی ہے جو ایک سال مین کئی طرح کے رنگ بدلتا ہے اور عربی مین اسکو بوقلمون کہتے ہین -
شود - ایک سبزہ ہے جسکو شبت فارسی مین اور ہندی مین سویا کہتے ہین - اور قسم ایک مورچہ کا جو نہایت چھوٹا جسم اُسکا ہوتا ہے -
شوند - بنون غنہ پہلوی مین باعث و سبب و مادہ ہر ایک امر کا
شوارمند - ژندی زبان مین گربہ یعنی بلی - اور نوحہ کرنے والی عورت -
شور - غلغلہ و شہرت اور بلند آواز اور نمک اور نمکین و نحس و شوم
شوکت - بیاد آن لب شیرین پس از مرگ + نمک شد خاک من از بس شور کردم + سعدی زمین شور سنبل بر نیارد + درو تخم عمل ضائع مگردان -
شورمور - شوم و ضعیف و ناچیز و نامبارک اور قسم ایک چونٹی کی جو بہت چھوٹی ہوتی ہے -
شوستر - خورستان مین ایک شہر ہے -
شوشیر - پہلوی مین قاقلہ صغار یعنی چھوٹی الائچی جو مشہور چیز ہے
شومیر - زمین جو لائق زراعت کے ہو -
شونیز - سیاہ دانہ جسکو ہندی مین کلونجی کہتے ہین -
شورش - شور و غوغا و آشفتگی و پریشانی و ملالت و تلخی سپر لکھے چون جمال دوست خود را جلوہ داد + شورشی در جان مشتاقان نہاد +
شوط - دوڑنا - گشت کرنا -

شوخط - خوشہ انگور کا ہو یا کسی اور چیز کا -
شواظ - بضم اول و ظای منقوطہ آگ کا شعلہ -
شوارع - بڑے بڑے راستے - شاہی سڑک -
شوغ - آبلے جو بسبب زیادہ چلنے کے پاؤن مین پڑجاتے ہین اور بسبب زیادہ کام کرنے کے ہاتھون پر -
شواہق - جمع شاہقہ نا خود شہوق سے بلندیاں اور اونچائیاں اور شہوق کے معنے بلند ہونا -
شوارق - روشنیاں اور روشن چیزین -
شوق - خواہش و آرزو اور چاہ فغانی بند بند م شد فغانی بستہ زنجیر شوق + خوشم کہ زین بند ہا گر باز کشاید مرا +
شوقلق - گھوڑا جسکی دُم سیاہ ہو اور چارون سم اُسکے سپید ہون -
شوذانیق - ایک سبز رنگ مرغ کا نام ہے جو اپنی منقار سے درخت کی شاخ کو سوراخ کردیتا ہے -
شوک خار یعنی کانٹا -
شوالک - سرخاب جو مشہور جانور ہے -
شوشک - طنبور و رباب و چہار تارہ اور نام ایک جانور کا جسکو بھو کہتے ہین -
شولک - اسفندیار کے گھوڑے کا نام ہے اور بادریسہ سوت کا جو اچھی دوک پر ہو -
شوّال - قمری مہینون مین سے دسوین مہینے کا نام ہے اور مسلمان بعد گذرنے رمضان کے اس مہینے کی پہلی تاریخ عید کرتے ہین -
شواغل - بہت سے شغل اور کام -
سورغال - روزینہ جو کسیکا مقرر ہو - یہ لفظ اصل مین سیورغال ہے جسکے معنی مدمعاش کے ہین -
شوال - بہ تخفیف واو کار و عمل و صنعت و حرفت و پیشہ -
شوکل - کاتا ہوا سوت جو تکلے پر ہو -
شوم - مصدر ہے معنی اسکے بدفالی اور بتصرف فارسیان منحوس و بخیل و نامبارک -
شورم - پہاڑ جسکو عربی مین جبل اور فارسی مین کوہ کہتے ہین -
شوان - شبان و چوپان جسکو ہندی مین چرواہا کہتے ہین مویشی کا محافظ
شوملن - ژندی زبان مین دوزخ جو بہشت کے مقابلہ پر ہے -
شومن - پشیمانی اور پاشتا -
شوی - خاوند شوہر خصم جو رنگا سعدی زن بچہ بر در با م و کوی ہی کرد فریاد و میگفت شوی +

شوشو - غلہ کا نام ہی جسکو گاورس وارزن کہتے ہین اور ہندی مین چینا
اور مینڈوا -
شولہ - بضم اول نام اُنیسوین منزل کا منازل قمر سے - اور وہ دو ستارے
انتہای دُم عقرب پر ہین نیش کی جگہ پر نہایت منحوس -
شوشہ - تودہ لپشتہ اور سلاک زر و نقرہ و آہن اور ریزہ ہر چیز کا میر الہی
گر سایہ تو بشہر معمور افتد + در آتش قہر از کمی نور افتد + شمع از
خنکی چو شوشہ یخ گردد + بر روئیت اگر پر تو ش از دور افتد +
شوریدہ - دیوانہ - برگشتہ حال -
شورہ - نمکین اور زمین جسمین شور ہو - اور نمکین مادہ جو زمین سے
نکال کر نمک بنایا جاسے یا باروت بنائی جاسے -
شوہرہ - سہرہ جو شادی کے موقع پر دولھا دولھن کے منھ پر باندھتے ہین
شورابہ - وہ پانی جو نمکین ہو -
شوکہ - وہ لوہے کا ٹھوپہ جسمین چاندی سونا گلا کر ڈھالتے ہین تاکہ
شوشہ بنجاوے -
شولہ - بفتح اول کوڑی جسمین خس و خاشاک جمع ہو اور ستارہ شہاب ثاقب
جو آسمان پر ٹوٹتا نظر آتا ہی -
شوری - اخیر مین الف بصورت یاسے مشورہ صلاح و مشورت تیز
شوہی - شوہر خاوند عورت -
شوخی - گستاخی - اندازے سے بڑھنا - میرزا بیدل تبسم بہر کجا
رنگ سخن زان لعل تر ریزد + ز آغوش رگ گل شوخی موج گہر ریزد +

شین باہاے ہوز

شہروا - وہ روپیہ جو کسی ایک شہر مین رائج ہو عام چلن اسکا نہو
اور کسی زبردست حاکم نے وہ چلن اپنے علاقہ مین جاری کیا ہو دوسرے
علاقہ مین اسکو کوئی نہ لے -
شہدا - شہید لوگ جو ناحق قتل ہوے ہون -
شہبا - مؤنث اشہب سیاہ و سفید گھوڑیان جنکی سپیدی
سیاہی پر غالب ہو -
شہلا - عورت میش چشم - اور شہلا ایک قسم کا گل نرگس ہی
جسکے پھول مین زردی کی جگہ سیاہی ہوتی ہی -
شہاب - بفتح اول سرخ رنگ جو پہلا رنگ نہایت سرخ
کسم کے پھولون سے نکالا جاسے اور سگ بچہ یعنی کتے کا بچہ -
شہاب - بکسر اول روشن ستارہ اور آگ کا شعلہ - اور وہ
ستارہ جو ٹوٹتا ہوا آسمان پر نظر آتا ہی -

شہ اسپ - ایک جانور کا نام ہی جسمین لومڑی اعلی قسم کی پیدا ہوتی ہی
اور اُسکے چمڑے کی پوستینین بناتے ہین -
شہب - روشن ستارے -
شہادت - شہید ہونا - اور گواہی دینا - مؤلف حسین بن علیؑ
فرزند دلبند پیمبر نے + دیا سر راہ حق مین اور لیا درجہ شہادت کا
شہرت - مشہور ہونا - ظاہر ہونا آشکارا ہونا ابوطالب کلیم
خاکساری نقش پا تعلیم میگیرد زما + در فن خود گرچہ بعد بریم شہرت کردہ ایم
شہوت - خواہش کرنا - آرزو کرنا - چاہنا - مؤلف طالب داری اگر
ذات خدا را + ز دل بر کن ہوا و حرص و شہوت +
شہامت - بزرگی - توانائی - شادمانی جیتی -
شہربند - دیوار - شہرپناہ و حصار و قید خانہ و زندان نظامی
حصار فلک برکشیدہ بلند + در و کردی اندیشہ را شہربند +
شہید - گواہ - اور وہ شخص جو کسیکے ہاتھ سے ناحق قتل ہوا ہو -
میرزا صائب - چہ آرزوی شہادت کنم کہ سوختہ است + بداغ
یاس جگر گوشہ خلیل از تو +
شہود - حاضر ہونا - اور حاضر ہونے والے اور گواہ شاہد کی جمع
اور تصوف مین وہ مقام رؤیت حق ہی کہ مراتب کثرات و موہومات
ظاہری سے عبور کرکے توحید عیانی تک پہونچ جائے اور ہر ایک
موجود مین حق کو دیکھے غیریت کا خیال تک نرہے توحید نمود حضرت
واحد در دوئی مسدود + بچار سوی جہان باب اتحاد کشود +
ز بہر مکاشفہ ماشوف کشف اسرارش + ز بہر مشاہدہ مشہود
راز ہاے شہود +
شہرود - نام ایک ساز کا اور نام ایک رود کا عراق مین -
شہد - مشہور چیز ہی جسکو عربی مین عسل کہتے ہین سعدی
مگو شہد شیرین شکر فائق ست + کسی را کہ سقمونیا لائق است +
شہند - پہلوی مین نیکی اور بہبودی +
شہر - بڑی آبادی جسکو عربی مین بلد و مدینہ و مصر کہتے ہین
ہندی مین بستی عربی مین مہینہ اسکے معنی ہین توحید وار دنیا
ہست چون ناپایدار + بر بنائیش چشم مضبوطی مدار + نیست
چون بزندگانی اعتبار + ہر دم خود را دم آخر شمار + مثل مہر و ماہ در
ہر روز و شب + نام روشن کن بہر شہر و دیار +
شہریار - شہرگیر - بادشاہ حاکم شہر کا + میر معزی شہریاری شہر گیری
بادشاہ ملک بخش + خسرو معجز فتوحی دادگر مالک رقاب +

شہریور - ایک شمسی مہینے کا نام ہے یعنی جب تک آفتاب برج
سنبلہ میں رہے ہند میں اسکو ماہ کنوار کہتے ہین -
شہوار - ہر چیز عمدہ جو بادشاہون کے لائق ہو -
شہور - جمع شہر کی بہت سے مہینے -
شہیر - مشہور و معروف -
شہپر - بڑا پر پرندہ جانور کا سعدی باوج شرف چون
پرد جز عنقا + کہ پر شہپرش بستہ سنگ آز +
شہر سبز - یہ ایک شہر سمرقند کے پاس ہے کش بھی اسکو کہتے ہین
امیر تیمور کا اصل وطن وہی شہر ہے میر رضی دانش غریب ملک
بہار ہم و شہر سبز چمن + بہ گل فروش شناسد نہ باغبان مارا +
شہناز - ایک ساز کا نام ہے شفیع اثر بجان آتش زند چون
از چمن قمری پردہ بر دارد + بشہ نازش رسد ہر گاہ دگیر داوج شہنازش +
شہر تاش - ہموطن و ہمشہر چنانچہ خواجہ تاش -
شہیق - اخیر درجہ گدھے کی آواز کا اور زفیر اولین درجہ یعنی
ثقیل آواز کا نام زفیر اور باریک آواز کا نام شہیق -
شہدک - وہ لذت جو جماع سے حاصل ہوتی ہے -
شہلنگ - ریسمان تاب و ریسمان ساز رسن بنانے والا -
شہلان - نام ایک پہاڑ کا شاید کہ سیلان ہو -
شہر زرین - نام ایک شہر کا جو سلیمان علیہ السلام نے
آباد کیا تھا - نجیب خالصی سیر آبادی - سوادش در نظر
از قصر ایوان + بود چون شہر زرین سلیمان +
شہین - یہ ایک شہر مابین قزوین و تبریز کے ہے جسکو شہر
زنگان بھی کہتے ہین اسکو اردشیر بابکان نے آباد کیا تھا
شہربانو - یزدجرد بادشاہ کی لڑکی زوجہ حضرت سید الشہدا
امام حسین علیہ السلام کی جسکے بطن عفت سے حضرت امام زین العابدین
علیہ السلام پیدا ہوئے -
شہرہ - مشہوری نامآوری اور شہرہ جو دولہن و دولہا کے
سر پر شادی کے روز باندھتی ہے -
شہیرہ - ضعیفہ عورت - بوڑھی عورت -
شُہُہُ - بضم اول یہ ایک کلمہ ہے کہ نفرت اور کراہت
کے موقع پر بولتے ہین -
شہنشاہ - بڑا بادشاہ مخفف شاہان شاہ حیا گیلانی
شد ندا زبان چہ قرنوت وچہ بر تا + یکایک آفرین خوان شہنشاہ

شُہُلہ - پیرزن - بوڑھی عورت -
شُہُ - بضم اول کلمہ نفرت و کراہت ہے -
شَہ - بفتح اول مخفف شاہ بادشاہ فرمان فرما -
شَہلہ - وہ گوشت جو بہت چرب ہو -
شہنائی - ایک ساز ہے جسکو سرنا کہتے ہین -
شہیدی - تخلص ایک شاعر کا اور ترلوبز جو اندسے بیچ
شہی - بادشاہی اور نام ایک حلوا کا جو نشاستہ اور تخم
مرغ سے پکاتے ہین اور عربی مین وہ چیز جو اشتہا پیدا کرے
شہری - شہر کا رہنے والا اور نام ایک سرود کا -
شہوی - شہوانی - منسوب بشہوت -

شین مع یاے

شیدا - آشفتہ اور دیوانہ اور عاشق توحید زروے گل
تو بنمائی بگلشن چہرہ زیبا + کہی طاہر بہر سو ہی حسن قد رعنا + نواز
قامت بہر جانب قیامت کردہ بر پا + تو افگندی ز حسن دلربا اندر
جہان غوغا + بحسن یوسفی خود کردہ بودی گرم بازاری + تو
خواندی سوی خود بہر خریداری زلیخا را + ز ہر شکل و ز ہر صورت رخ
زیبا تو بنمودی + تو ایل پیدا کردی بحسن جانفزا شیدا -
شیوا - بیای مجہول فصیح و بلیغ -
شیر خدا - خدا کا شیر لقب حضرت مرتضی علی کرم اللہ وجہہ سوف
پہلوان دین حق شیر دلیر + حیدر و صفدر علی شیر خدا +
شیربہا - وہ زیور و پارچات جو شادی کے روز دولہا کی طرف سے
دولہن کے گھر پہنچاتے ہین ترکی مین اسکو ساچق اور ہندی مین
بری کہتے ہین - شفیع اثر پیالہ را نبود بلی فروغ ما و صفائی + براے
دختر رز لازم ست شیر بہاے -
شیما - وہ سانپ جسکو افعی کہتے ہین -
شیب - بفتح اول ضعیف ہونا بوڑھا ہونا بالونکا سفید ہوجانا
صفدر فوقانی - دانی کہ چہ چیز وقت شیب ست + صد آفت و
صد ہزار عیب ست +
شیب - بکسر اول و یاے مجہول مخفف نشیب پست زمین
ذوقی - چونکہ از خاک ست اصل ہر وجود + ہر سری دارد رجوع
خود بہ شیب +
شیب شیب - بہر دو لفظ یای مجہول سرگشتہ و مدہوش و بیخبر -
شیر قلاب - کمربند کا بکسوا جو شیر کی صورت پر اکثر بناتے ہین -

شیب - بکسر اول و یای معروف و نیز تازیانہ کا جو تسمہ ہوتا ہے - اور گریہ اور نوحہ جو کسی کے مرنے پر کیا جاوے اور ژندی زبان مین دبر یعنی مقعد اور وہ زمین جو نہایت سخت ہو۔

شیداب - نام ایک حکیم کا جو مٹی کو خدا سمجھتا تھا اور خاک کی پرستش کرتا تھا جسطرح گبر آگ کو پوجتے ہین وہ مٹی کو پوجتا۔

شیخوخت - بڑی عمر کا ہونا - پچاس برس سے بڑھ جانا۔

شیبت - ضعیفی - بڑھاپا - بڑی عمر کا ہونا۔

شیشۂ ساعت - وہ گھڑی جو شیشہ کی بنی ہوئی ہوتی ہے۔

شیرخشت - یہ ایک مسہل دوا میٹھے ذائقہ کی ہوتی ہے جو رات کو شبنم کی طرح ہوا سے برستی ہے اور خراسان مین ایک قسم بید کے درخت پر جم جاتی ہے۔

شیث - حضرت آدم کے لڑکون مین سے ایک پیغمبر کا نام ہے جو بعد آدم کے نبوت انکے نام پر تھی۔

شیرج - روغن کنجد یعنی تلون کا تیل عربی مین اسکو دہن الحل کہتے ہین۔

شیرزج - خفاش شپرک - چمگادڑ جو ایک مشہور جانور ہے اور رات کو اڑتا ہے دن کو نہین نکلتا۔

شیخ - عربی مین یہ ایک خطاب بزرگی کا ہے ہر کسیکو بطریق ادب اہل عرب یا شیخ کہدیتے ہین معنی اسکے بزرگ بڑی عمر کا آدمی

شید - بفتح اول بوزن قید مکر و فریب۔ سعدی - کید از زنان حاصل نگردد + کہ کارشان سراپا مکر و شیدست +

شید - بکسر اول و یای مجہول روشنی اور آفتاب۔

شید - بکسر اول و یای معروف وہ چیز جس سے دیوار کو پلستر کرین مثل چونہ و گل و گچ وغیرہ۔

شیاد - مکار اور فریبی آدمی۔

شیپور - نام ایک ساز کا ہے جو جنگ مین بجاتے ہین نفیری و نائی بھی اسکا نام ہے۔

شیر - بیاے معروف دودھ مشہور چیز ہے ذوقی - تلطف با خلق خدا کن + بہر یک نیک و بد شیر و شکر باش +

شیر - بیاے مجہول مشہور درندہ ہے مولانا اکبر لاہوری - تا اگر پنجۂ شیری خداداد + بکم زوران مکن زور آزمائی +

شیار - وہ زمین جو زراعت کے لیے ہل چلا کر درست کی ہو۔

شیکار - وہ کام جو بلا اجرت مفت زبردستی کسی سے کرایا جائے ہندی مین اسکو بیگار کہتے ہین ۔

شیراز - فارس مین مشہور شہر ہے - کہتے ہین کہ عمرو لیث نے آباد کیا بعض کے نزدیک یہ شہر حضرت سلیمان علیہ السلام کا آباد کیا ہوا ہے۔

شیز - ایک لکڑی سیاہ رنگ ہے جسکو آبنوس کہتے ہین۔

شیخ الرئیس - لقب شیخ ابو علی سینا کا جو ایک صاحب کمال حکیم گذرا ہے

شیاف ابیض - ایک مرکب دوا کا نام ہے جو آنکھ کی بیماری کا علاج ہے

شیرغاط - کشتی کی ایک داؤ کا نام ہے۔

شیوع - ظاہر ہونا - مشہور ہونا۔

شیاف - بتی کسی دوا کی جو قبل یا دبر مین رکھی جاوے ملا فوقی یزدی - چشم گفتگو محل نمک کش + شیافی بکون لب ز آتش +

شیشاک - وہ بکری کا بچہ جو ایک برس کا ہو - اور نام ایک رباب چار تارہ کا۔

شیشک - ایک پرندہ کا نام ہے جسکو تیہو بھی کہتے ہین اور پہاڑی کو جو ابلق سیاہ و سپید ہوتا ہے۔

شل - وہ ہاتھ پانون جو کام نکر سکتے ہون۔

شیم - بکسر اول و فتح یای عادتین اور خوئین اور خصلتین جمع شیمہ کی سعدی - کریم السجایا جمیل الشیم + نبی البرایا شفیع الامم +

شیم - بکسر اول و یای معروف درم دار مچھلی کو کہتے ہین محمد قلی سلیم - عکس دست درم افشان تو بر بحر افتاد + ریخت چون شاخ شکوفہ درم از ماہی شیم +

شیروشلیم - بیت المقدس کا نام ہے۔

شیشم - مصنفات باربد سے ایک کتاب کا نام ہے جو خسرو پرویز کے دربار مین ایک استاد مطرب تھا - اور سرود مسجع اسکی تصنیفات سے ہے - اور اس سرود کا نام اسنے سرود خسروانی رکھا اور نام ایک ساز - اور نام ایک قسم کے درخت کا جسکی لکڑی عمدہ ہوتی ہے ہندی مین اسکو ٹالی کہتے ہین ۔

شیروان - بکریون کے پیٹ مین سے یہ شیروان سفید رنگ نکلتا ہے جسکا گوشت دانہ دار ہوتا ہے محمد قلی سلیم - دایہ ہر کودکی بد امالش + شیروان دادہ جای پستانش +

شیرین - جو چیز شیر کے ساتھ منسوب ہو حلاوت اور لذت مین اور ہر ایک چیز جو مطبوع و مقبول ہو اور نام معشوقۂ فرہاد میرزا صائب - گرچہ در شرم و حیا چہرۂ مریم مثل ست + ہست رخسار تو چون پردہ ازو شیرین تر + بکوہی ادہم اسکین ولان بدید و خوشنما شد + کہ عاشق پیشہ شیرین تر از فرہاد پیدا شد

شیلان - سفرہ خوانچہ کا - کھانے کے برتن - سلیم کس سرفی برنگ مصور ندیدہ است + برطاق خانہ اش زدہ شیلان کشیدہ است +

شیون - نوحہ اور ماتم کی آواز - و نالہ و فریاد اور ہر ایک آواز جو درد ناک ہو - صائب - تا من دل شدہ را دست نہ گردون برداشت + جو ہر تیغ چو زن سلسلہ شیون برداشت +

شین بفتح اول زشتی اور عیب مقابلہ زین کے -

شین - بکسر اول و یای معروف مخفف نشین یعنی بیٹھ اور نام ایک حرف کا حروف تہجی سے -

شیدمان - گرگ درندہ بھیڑیا جو مشہور درندہ ہی -

شیروان - نام ایک شہر کا ہی -

شیبان - نام ایک ولی کا - اور نام ایک قبیلہ کا -

شیشو - نام ایک مرغ کا ہی جو کبک سے چھوٹا ہی -

شیو - کمان جس سے تیر چلاتے ہین -

شیافہ - بتی دوا کی جو قبل یا دُبر مین رکھی جائے -

شیرازہ - جزو بندی کتاب کی جو جلد بند کرتے ہین - صائب بغیر از خط کہ پیچیدہ ست بر روی ولاویزش + کہ مصحف را دگر شیرازہ از زنار مے سازد +

شیرہ - چاشنی قند اور مصری کی اور نچوڑا انگور وغیرہ کا طالب شراب کہنہ ما شیرہ گشت از واژگون بختی + دگر زنیسان بماند ہفتہ انگور مسیگردد +

شیشہ - مشہور ہی جسمین شراب و عرق وغیرہ سیال چیزین رکھتے ہین صائب - بلفظ نازک صائب معانی رنگین + شراب لعل در شیشہ ہای شیرازی ست +

شیہہ - گھوڑے کی آواز جسکو عربی مین صہیل بولتے ہین -

شیمہ - طبیعت و عادت و خصلت و خوی -

شیفتہ - عاشق و مدہوش و بیخبر - صفدر فوقانی مرد دنیا دار نادان بیخبر + ہست بیرو نیای فانی شیفتہ +

شیوہ - طرز - طریق عادت - روش - حکیم انور لاہوری قناعت شیوۂ مردان دین ست + قناعت عادت اہل یقین ست +

شیرویہ - پسر خسرو پرویز - بمعنی شجاع و بہادر و دلیر - سعدی شنیدم کہ خسرو بشیرویہ گفت + در آندم کہ چشمش ز دیدن بخفت + بر آن باش تا ہرچہ نیت کنی + نظر در صلاح رعیت کنی +

شیعہ - گروہ اور قوم اور فرقہ اور جماعت اور رسن ما نہ مین فرقہ جو شیعہ امامیہ کہلاتا ہی - چار اصحاب کبار سے تین کو وہ نہین مانتے علی المرتضی کرم اللہ وجہہ چوتھے جانشین کو خلیفہ برحق جانتے ہین عشرۂ محرم مین سخت ماتم امام حسینؑ کا کرتے ہین بخلاف سنیون کے کہ چارون خلفا کو برحق مانتے ہین - عشرہ محرم مین روتے ہین مگر چھاتی نہین کوٹتے -

شیدہ - سورج اور ہر ایک چیز چمکنے والی - اور نام افراسیاب کے بیٹے کا کیخسرو بن سیاوخش اسکا بھانجا ایک روز اسکے ساتھ کشتی کر رہا تھا - آخر کیخسرو نے اسکو ایسی سختی سے زمین پر دے مارا کہ مر گیا -

شیرابہ - خشخاش جو مشہور چیز ہی -

شیرانہ - لکڑی کی ریئی جس سے دودھ بلوتے ہین اور مسکہ نکالتے ہین

شیفتگی - بیہوشی و حیرانی - و دیوانگی -

شیدی - لقب حبشیون کا ہی جیسے میان اور لالہ وغیرہ -

شیرماہی - ایک بڑی مچھلی کا نام ہی جسکے دانتون کے پیش قبض کے دستے بناتے ہین -

شیرینی - میٹھی چیز جو کھانے مین آئے - صائب وعدۂ بوس آرزوی تشنہ را در خواب کرد + دیدۂ این طفل را شیرینی افسانہ است +

دوسری فصل

اردو لغات کے بیان مین -

واضح ہو کہ اس فصل کے اردو لغات جسقدر کتاب نفایس اللغات وغیرہ مین درج ہین - سب فارسی و عربی اردو مین مستعمل ہین اور سبکے سب پہلی فصل مین درج ہو چکے ہین دوبارہ لکھنا انکا محض بے سود ہی اسواسطے متروک ہوا -

تیسری فصل

فارسی محاورات و اصطلاحات کے بیان مین

شین با الف

شامیہا - شام کے وقت صبیدی طہرانی نقش دیوار از ہجر تو جسیم کاسہ + بر سر بام بر آچون مہ نو شامیہا -

شاخ گوزن در ہوا - ہلال - ماہ نو - نیا چاند -

شاہ خرگاہ مینا - آفتاب عالمتاب -

شانہ بہا - قیمت قلیل - تھوڑی قیمت صرف جس سے ایک کنگھی خرید سکین

شام غریب - شام غریبان شام مسافر نکی جو وحشتناک ہوتی ہی

باقر کاشی ۔ حیف من و شکن زلف تو دانی چو نیست + آشنا نیست که در شام غریبان محتاج + صائب ۔ دل و زان زلف ندارد غم تنہائی ما + فیض صبح وطن این شام غریبان دارد +

شام مغرب ۔ ہلال ماہ نو نیا چاند ۔

شاہ عرب ۔ ذات مبارک رسول صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم حکیم انور لاہوری ۔ زمین حلقہ در گوش شاہ عرب + فلک گردشگن از نور ماہ عرب +

شاخ نبات ۔ وہ شاخین جو مصری کے کوزے مین ہوتی ہین ۔ نیز مراد نیشکر یعنی گنّے سے جسکے شیرہ سے مصری بنائی جاتی ہی اور نام معشوقہ حافظ شیرازی حافظ ۔ اینہمہ شہد و شکر کز سخنم میریزد اجر صبریست کزان شاخ نباتم دادند +

شانہ دست ۔ کف دست یعنی ہتیلی ہاتھ کی ۔

شاہ بیت ۔ وہ عمدہ بیت جو غزل مین ہو محسن تاثیر ۔ شاہ بیتے زمن حریفی برد + روشنم شد کہ شاہ دزد ہمی ہست +

شاہ برج ۔ بڑا برج جو بادشاہی محل اور قلعہ مین ہوتا ہی چنانچہ قلعۂ اکبرآباد و دہلی و لاہور وغیرہ مین ہی ملا طغرا شراب کی تعریف مین ۔ نشیند چو در شاہ برج قدح + شود حکمران سپاہ فرح +

شاخ بشاخ ۔ شاخ در شاخ ۔ کثرت کے ساتھ اندازے سے زیادہ شعر ہم ملطان وہیپان برگ در برگ +

شاخ پیوند ۔ پیوندی درخت جسکو کسی دوسرے درخت کا پیوند لگایا جاے حاتم بیگ ہمدانی ۔ زبس بیگانہ ام از آشنایان + غریبم در وطن چون شاخ پیوند

شاہ باد ۔ تیز ہوا جو چلتی ہی محمد قلی میلی ۔ چو طوفان کند شاہ باد نہیبش + شود قبۂ فلک جملہ ابتر +

شاہ داماد ۔ نوشاہ جسکی شادی ہوئی ہو حکیم شفائی محمد رضا فکری کی ہجو مین ۔ کسیکہ ہیچ منش ہست شاہ داماد ست + شود ز دولت من روشناس شہر و دیار +

شاہ دزد ۔ بڑا بھاری چور جو اپنا ثانی نرکھتا ہو ۔

شاید ۔ مشہور لفظ ہی ۔ سعدی ۔ مرا شاید انگشتری بی نگین نشاید دل خلق اندوہگین +

شاخ زر ۔ سونے کی شاخین جو بادشاہی خزانون مین رکھی ہوتی ہین سلیم ۔ زبرگہاے خزان ہر نہال شاخ زرست + چہ کیمیاست کہ طالع بباغبان دادست +

شاخسار ۔ کسی درخت کی وہ جگہ جس جگہ سے بہت سی شاخین نکلی ہون اور شماروں کی وہ آہنی تختی جسمین موٹے اور باریک سوراخ بیشمار ہوتے ہین اور سونے چاندی کے تار اسمین ڈالکر کھینچتے اور بڑھاتے ہین آرزو ۔ بقصد کینہ ایام سرچہ جنبانی + ز شاخسارہ شمشاد ارہ را چہ غم ست +

شاخ صنوبر ۔ معشوق کی تعریف مین بولتے ہین حافظ ۔ من آن شاخ صنوبر را زباغ سینہ برکندم + کہ ہر گل کز غمش بشگفت محنت بار می آرد +

شادبہر ۔ خوش نصیب صاحب بخت ۔ نظامی ۔ سے یکے روز فارغ دل و شاد بہر + برآسودہ بود از ہوسہاے دہر +

شادخوار ۔ بے مزاحمت شراب پینے والا کمال اسمٰعیل ۔ شراب خورد و نہان از رقیب شب ہمہ شب + ز بامداد خوش و شاد خوارے آید ۔

شامت بخیر ۔ تیری شام خیر کے ساتھ ۔ یہ دعائیہ کلمہ ہی خواجہ حافظ ۔ دوست شیخ گوید مرو سوے دیر + جوابش چنین گو کہ شامت بخیر +

شانہ سر ۔ ہدہد جو ایک جانور ہی اور مرغ سلیمان بھی کہتے ہین ملا طغرا ۔ آنکس کہ پی تخت سلیمان عقل برد + چون شانہ سر مقید افسرنے شود +

شانہ گر ۔ شانہ بنانے والا ۔ شانہ تراش طاہر وحید ۔ بین ثابت شانہ گر شد دو چار + مرا روز و شب شانہ بینی ست کار +

شانہ گیر ۔ شانہ پیچ ۔ روکش و نافرمان و سرکش و شوخ ۔ محمد قلی سلیم ۔ رسوائی و ظلم او ز زبان نیست + نازم ازچہ زلفش شانہ گیر ست +

شاہ بندر ۔ وہ شخص جو محصول لینے کے لیے بندر پر مقرر ہو ۔ محمد سعید اشرف ۔ چو گردید فارغ بال یکسر + ز دست انداختہ چو شاہ بندر

شاہوار ۔ جو چیز بادشاہوں کے لائق ہو میر معزی ۔ دیدہ ام در دولت و ملک ملک سلطان بسی + زیبہای دلفروز جیسمہای شاہوار +

شاخدار ۔ دیوث دلی غیرت و خودبین ۔

شاخ بدیوار ۔ سرکش و مغرور ۔

شادور ۔ وہ شخص جو عاشق و معشوق مین ایلچی و پیام آور ہو

شاہ خاور ۔ آفتاب عالمتاب ۔

شانہ آویز ۔ ایک قسم کی سزا ہی کہ مجرم کے ہاتھ شانون پہ باندھ دیتے ہین ملا طغرا ۔ نذر وی دل طغرائی کند اقرار + علاج ہندوے زلف تو شانہ آویز ست +

شاہد بازی — عورتون اور بے ریش بچون کے ساتھ صحبت رکھنے محمد قلی سلیم سرو گل سود ہی ندارد رند شاہد باز را + تاکہ راہم ودست سپارم بذوق دختر ش + ہ شاہد بازیم ہی پرستیم + خوش طائفہ ایم ہر چہ ہستیم +

شاخ نرگس — معشوق کی تعریف مین بولتے ہین حافظ ہر کجا آن شاخ نرگس بشگفد + گلرخانش دیدہ نرگس دان کنند +

شال طوس — طوسی رنگ کا دوشالہ محمد سعید اشرف شعر فردوسی کجا و گفتہ اشرف کہ نیست + باکمر بند مرصع قدر شال طوس را +

شادی مبارک — یہ جملہ بوقت تہنیت عروسی یا تولد فرزند کے بولا جاتا ہی۔ حافظ حافظ شب ہجران شد بوی خوش وصل آمد شادیت مبارک بادای عاشق شیدائی +

شادی مرگ — وہ مرگ جو زیادہ خوشی کے سبب سے وقوع مین آئے طاہر وحید گو از زخم شمشیرت زجان بی بہرہ گردیدم + مرا تہنیت نگشت از شوق شادی مرگ گردیدم +

شاہ رگ — رگ جان شریان حرکت کرنے والی رگ حبل الورید محسن تاثیر مریض عشق چون نبضے کہ بند و تسمہ فصادش + کمر بندد بجون خویشتن با شاہ رگ دارد +

شاخ غزال — ہرن کے بچے کے سینگ۔ ناصر علی غمت آنجا کہ دارد ماتم شوریدہ حالان را + پریشان تر ز موی سر کند شاخ غزالان را +

شاخ گل — محبوب کی تعریف مین بولتے ہین محمد قلی سلیم بباغ میرود آن شاخ گل سلیم دگر + بہار در چمن امروز مہمان گل ست +

شان عسل — شان موم — آشیانہ زنبوران۔ شہد کی مکھیونکا چھتا جسمین شہد اور موم دونون ہوتے ہین۔ وحید مانند شان موم کہ ریزند شہد زان + شد خانہ خراب کہ معمور شد نال شد +

شاہد عدل — گواہ سچا جو سچی گواہی دیوے محسن تاثیر بارین قدر و عدہ صبح دو شاہد عدل ست + کہ جز سخن شنوانہ شد این سخن +

شاہ زاول — لقب سلطان محمود غزنوی کا حکیم سوزنی سید شاہ جہان سوی فخر دین مہمان + چو شاہ زاول سوی غلام خویش آید +

شادکام — شادکار — بہت خوش جمال الدین سلمان

آب راشد چشمہ سار روشن کہ شاہنشاہ گل + بر سر پر شوکت آمد باز از روے وشادکام + نظامی تو شادی کن ار شاد کاران شدند + تو باتاجی ار تاجداران شدند +

شاخ از پشیمانی برآمدن — نہایت پشیمان ہونا محمد سعید اشرف غزال اگر بتو میداشت لاف یکسانی + برآمدست کنون شاخش از پشیمانی +

شاخ زعفران — اعلی اور نادر اور عمدہ آرزو و پیش جلوہ او نیست سر خسرو نوروز + بہ ملک ہند بود شاخ زعفران ہولی +

شاخ شکستن — مغلوب کرنا خود سری سے باز لانا سلیم مغرور بحسن خویشتن بود + زلف تو شکست شاخ سنبل +

شاخ گل بر سر زدن — پھول کی چھڑی مارنا محمد علی واحد از غبارم شاخ گل بر سر بلا تا کے میزنند + تا بتان از نقش پای گل بر مزارم ریختند +

شاخ گوزن — ہلال ماہ نو نیا چاند۔ خاقانی کردہ دوران خرم خضا چہ گوزنان چند جا + شاخ گوزن اندر ہوا انیک نگونسار آمدہ +

شادروان — بساط و فرش جو بارگاہ سلاطین مین بچھا ہوا مشہور شادروان ہی اسماعیل — بروے بین کہ چہ زیبا کشیدہ است بہار + زگونہ گونہ در اطراف باغ شادروان —

شادمان — شادمانہ — شادمند — مشہور ہی میر معزی از دولت سعادت او شادمانہ شد + ہر دل کہ از نحوست ایام غم کشید + ادیب صابر — غم دنیا نخوردست ہر کہ صابر + بوقت رحلت خود شادمان رفت + نظامی بفصل چنین خرم و شادمند + بہ پستان شدم زیر سر و بلند +

شال بگردن داشتن — بیمار ہونا۔ کیونکہ بیمار بخوف تصرف ہوا کے شال گردن پر لپیٹے رکھتا ہی محسن تاثیر گرنہ از حسرت خورشید رخت رنجورست + ماہ از نالہ چرا شال بگردن دارد +

شانہ بدل کردن — عورتین جو آپسمین بہنین بنتی ہین کنگھی بدل لیتی ہین جس طرح مرد پگڑی بدل بھائی بنتے ہین سنجر کاشی شانہ زلف ولیدہ موی کرد با مجنون بدل + سنجر شوریدہ سر مگیفت بادیوانہ ایم +

شانہ خالی کردن — اعراض کرنا بہانہ کرنا۔ روگردانی کرنا — محسن تاثیر روی کہ بختی کہ بینی زبہر کی چون صبح + شانہ خالی کن از و گر بہ ہو دریا باشد +

شانہ در آب بودن — شانہ در آب داشتن — شانہ در آب نہادن — آرایش اور سنگار کے خیال مین ہونا

سفید بختی - سر آرایش زلف کہ این سیمتن دارد + کہ از امواج درآب ست وایم شانہ دریارا - محمد قلی سلیم - ز زلفش موج تا بیرون بر و تا بست + دم ماہی نہادہ شانہ در آب + ملا طاہر غنی شب کہ در مد نظر آن گیسوے پرتاب داشت + مردم چشمم ز مژگان شانہ را در آب داشت +

شانہ زدن - کنگھی کرنا۔ شانہ کرنا بالونکو کمال خجند سبز لفش چو شانہ مینروباد + اصلح اللہ شانہ گفتم +

شانہ زن - شانہ کش - شانہ کرنے والا محسن تاثیر عنبر مویش بصد تحسین از شانہ زنان زلف سنبل طالب آملی من تو شانہ کش زلف تا لماسی ہیچیم + بیا بجائزہ ہم دہان ہیچم بوسیہ +

شانہ شکستن - خائف و ہراسان ہونا نظامی شانہا سے آئینہ پیل مست + ہمی شانہ بر پشت پیلان شکست +

شانہ کردن - شانہ کشیدن - مشاطگی کرنا۔ اور حیلہ بہانہ کرنا طالب آملی - مشاطہ گرنہ ایم عروسان نغمہ را + بر زلف شان چہ شانہ بہ مضراب می کشیم + مشہدی قمی دی کہ خواہم از و بوسہ زلف شانہ کند + رو ز سایہ زدن تا فتن بہانہ کند +

شانہ نہادن - شانہ کرنا۔ ملا طغرا صبا چون بہ زلفش نہد شانہ در آید بزنجیر دیوانہ +

شاہ اندازی کردن - اپنے اندازے سے زیادہ کا دعوی کرنا۔ ناحق فخر کرنا مخلص کاشی مہرور ویش بگو در دل شہ اندازد در سخن اینکہ کند اینہمہ شہ اندازی -

شاہ نشین - عالیشان عمارت۔ بادشاہون کے بیٹھنے کا مکان حافظ شاہ نشین چشم من تکیہ گہ خیال تست + جاے شہ است چشم مین بتو مباد جاے تو +

شایستن - لائق و سزاوار ہونا ملا وحشی شکار سے نسیم کارایش فتراک را شایم + بقید من چہ سعی ست اینکہ وا رو صید بندمن +

شانہ بین - فال دیکھنے والا۔ اور یہ فال مخصوص بکری کے شانہ کی ہڈی پر ہے کہ اسپر کوئی نقش لکھکر از روے حساب مآل مطلب معلوم کرتے ہین طاہر غنی خاطرش چون از غبار لشکر خط جمع نیست ہر دم از زلف پریشان شانہ بینی میکند +

شاریدن - ٹپکنا پانی کا زخم سے -

شاشیدن - موتنا - بول کرنا - تر ہونا -

شاہ چین - آفتاب یعنی سورج -

شاہ گوہران - یہ ایک جوہر خسرو پرویز کے پاس تھا جب اسکو تاگا باندھ کر دریا مین لٹکا دیتے - بہت سے اور قیمتی جواہر اسکو چمٹ جاتے جو بغیر اُتارے کے نہ اترتے

شاہیدن - بندگی اور پارسائی کرنا۔

شاخ آہو - کمان جس سے تیر چلاتے ہین اور وعدہ جو وفا ہو محسن تاثیر - بنوعی خوشدلی رم کردہ از عالم کہ پنداری + بطفلیا سی می بر شاخ آہو آشیان دارد +

شاخ شاخ شدن گلو - پارہ پارہ ہونا گلے کا بسبب بلند آوازی کے نظامی بیندیش زان گفتہا سے فراخ + کز آوازہ گردد گلو شاخ شاخ +

شاخ گیسو - زلف کی لٹین نظامی ز ہر سو شاخ گیسو شانہ میکرد بنفشہ بر سر گل دانہ میکرد +

شاہ لیمو - یہ عمدہ قسم کا لیمو فارس و کرمان مین ہوتا ہے تاثیر جز لیشاہی نشود قطرت فتر ہم قانع + شاہ لیمو شکند حدت صفراے مرا +

شاخچہ - تہمت و افترا جو کسی پر باندھا جاے - طالب آملی ہزار شاخچہ بر خویش بستہ ام طالب + اگر بتیر درافتم یہ بین چہا بندم +

شاخشانہ - جھگڑا - تکرار - فساد - نورالدین ظہوری رندان ز شاخشانہ مردم چہ در ہم اند + کرد انچہ محتسب بظہوری کس نکرد +

شاخ ناشکستہ - بے ادب - گستاخ خود سر محمد جان قدسی جوان از ملامت گرفتش بہ تیر + کہ اے چون کمان شاخ ناشکستہ پیر -

شامگاہ - شام کا وقت - بعد غروب آفتاب نورالدین ظہوری ز عیش بلبل شوریدہ شامگاہ مپرس + چو زندگانی پروانہ در سحر نخست

شاہ کاسہ - بڑا پیالہ - شفیع اثر پیالہ از سر فغفور میزند نقش + کہ بادہ میخوری از شاہ کاسہ حوصلہ دار -

شاخچہ بندی - بہتان بندی و افترا پردازی میر الٰہی ہمدانی تنہا نہ بستی نگہش فتنہ لب بند ست + از ہر نگہی نرگس او شاخچہ بند ست +

شانہ کاری - الجھاو - اور پیچ فریب و مکر کمال اسمٰعیل - کمال از سر ندارد با تو زلفش + مشہور ہم کہ آن از شانہ کاری ست +

شین با یاے

شب احیا - یہ تین راتین متبرک انیسوین - اکیسوین تئیسوین [19] [21] [23] ماہ رمضان کی اما میہ مذہب کے بزرگ جانتے ہین تمام رات دن تینون راتون مین جاگتے رہتے ہین اور انکا قول ہے کہ لیلۃ القدر انھین تین راتون مین مخفی ہے اور واقعہ شہادت حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ

بھی جنہین راتون سے قریب قریب ہوا ہی میر نجات غیر از دل سرزندهٔ
عاشق نه شناسد + قدر شب احیای سر زلف بتان را +

شب چرا - رات کو چرنے والا گھوڑا - رات کو کھا جانے والا یعنی
رات کے وقت سواری دینے والا - سیاه رنگ شکی اور چرنا حیوانات
کا رات کے وقت چراگاه مین - اور نام اس نقل کا جو رات کا کھانا کھاتے
کھاتے ہین نظامی بشب زنگی آن شب چراگشت مست + چو ماه
آمدش شب چراهی بدست مومن حسین یزدی نے یہ سرخوان
مردان چون ذره ایم + نی نقل مجالس از پی شب چره ایم + امروز
که ناکسان درین بازار اند + با جنس کساد هم درزنا سره ایم +

شب یلدا - بہت لمبی رات جو گیارھوین تاریخ ماه جدی کی
رات ہی - کیونکہ بارھوین تاریخ دن بڑھنے لگ جاتا ہی اور رات
گھٹنے لگ جاتی ہی صفدر وقائی - دیده باید در غم گیسوی دوست
صبح کے گرد و شب یلدای ما +

شب شراب - **شب خمار** - وه رات جسمین شراب پئین -
حکیم صادق - ہزار شکر که با تو ہر دو ہم نرسیم + شب شراب
گذشت و شب خمار گذشت -

شب غریب - بروزن عندلیب وه نان و حلوا جو پہلی رات
میت کی قبر پر تقسیم کیا جاوے بسحق اطعمه روز اجل کفن برہم
پیچوں نان ہین + از بہر وصل چاپلت حلوای شب غریب +

شب پرست - خفاش شب پرک چانور جو رات کو اڑتا ہی مولف
چشم امید هم همه شب باز مانده + در غم گیسو بشکل شب پرست -

شب حامله ست تا چه زاید یعنی رات آئنده دن کے واقعات کی
حامله ہی - اگر رات مصیبت کی ہو تو نا امید نہونا چاہیے شاید دن کو
کوئی بہبود کی صورت ہویدا ہو جاوے -

شب دزد - رات کو چوری کرنے والا مولف زلف شب دزد و شر
چه گستاخ آمده ست + راه دین در روز روشن میزند +

شب گرد - رات کا پھرنے والا چور اور کوتوال وغیره رضی دانش
کجا پروای مردم مست چشمے پرستش را + بغیر از خواب شبگردی
نگیرد چشم مستش را +

شب زنده دار - رات کو عبادت کرنے والا - سعدی خردمند
عثمان شب زنده دار + چهارم علی شاه دلدل سوار +

شب کور - جو رات کو نه دیکھ سکے -

شب گیر - وقت سحر صبح سے اول مظہر کاشی ساقیا شبگیر شد

شمع شبستانی بیار + بزم بدر حانی بیاکن جام ریحانی بیار +

شب افروز - شمع کی تعریف مین بولا جاتا ہی - اور قسم ایک زربفت
کی جسمین زمین نقرئی ہوتی ہی اور پھول طلائی محمد سعید اشرف
چه دیبای شب افروز آن سمن بر + بہر ساعت نمودی رنگ دیگر +

شب خیز - جو شخص رات کو اٹھتا ہو صائب ہر خسی قیمت
نداند ناله شب خیز را + خسروی باید که داند قدر این شبدیز را +

شب پوش - لحاف وغیره جو رات کو اوڑھکر سوئین حکیم سنائی
چه رسم ست این نهادن زلف بر دوش + نمودن روز را وز زیر شب پوش

شب تیغ - دسوین محرم کی رات جسکو شب شہادت بھی کہتے ہین +

شبہای طاق - شب احیا جنکا ذکر تحریر ہو چکا ہی مخلص کاشی
رخسار دلفروزت باشد مه مبارک + شبہای طاق این مه آن
ابروان طاق ست +

شب آہنگ - بلبل جو مشہور پرند ہی زلالی شب آہنگے بیا لیشم نوازد
صدای آشنا بر آشنا زد +

شبرنگ - ہر ایک چیز جو سیاه ہو - صائب ساده میسازد
ز جوہر روشنی آئینه را + نیست پروای خط شبرنگ رخسار ترا +

شب گل - بہار کے موسم کی رات جو رات کو جاکر گلزار کی سیر
کرین مفید بلخی خط شبرنگ برون زان لب گل می آید + مژده
ای باده پرستان شب گل می آید + عندلیبان چه بلا سوز فغانے
دارند + بی تو بوی شب خون از شب گل مے آید +

شب بر پا داشتن - رات کو بیدار رہنا مخلص کاشی رائی
نخواہیم زنجیر زلفت + چرا این شب قدر بر پا نه داری +

شب بروز کردن - **شب بروز آوردن** - تمام رات بیدار
رہنا لسانی شب تا بروز بوده من مبتلای ہجران + تو شب
بروز کردی با مبتلای دیگر + صائب در صبح نگشتیم آشنای چراغ
شبی بروز نکردیم زیر پای چراغ +

شب خوش کردن - وداع کرنا - رخصت کرنا سعدی مصرع
روز فراق دوستان شب خوش بگفتیم خواب را +

شبخون - رات کو دشمن پر حمله کرنا - نظامی بپادشاه
گر یک شبیخون کند + ز ملکش ہمانا که بیرون کند + وله چو شبخون
دارا در آمد براه + ز پولاد پوشان زمین شد سیاه +

شب درمیان - جس امر مین رات درمیان ہو شفیع اثر بزم وصل ہم
پیوسته از راه سیه روزی + من و آن بیوفا شب درمیان بودیم و دور از ہم +

ساقیا

مولف - چہ دانی کہ فردا چہ خواہد گذشت + بترس از بلائی کہ شب درمیان +

شب زندہ داشتن - رات کو جاگتے رہنا ظہوری بیرون آکہ گردون شب زندہ دار + گہر بر طبق کردہ بہر نثار +

شب ساختن - رات رہنا - رات بھر صحبت رکھنا - نظامی بسوا د شب خون چواز تاختن + برآسود و آمد بشب ساختن +

شب شکستن - رات کاٹنا - رات گذارنا صبح کا ہتی شب شکستن بہر شبگیر ست اندر زلف تو + شب شکست و پیچ دل را بہرہ شبگیر نیست +

شب نشین - رات کے بیٹھنے کا مکان رضی دانش شب نشین کن بر بساط سبزہ مہتابی خوش ست + قسمت از سر چشمۂ مینا دم آبی خوش ست +

شب رو - رات کا چلنے والا چور و کوتوال وغیرہ سعدی خدایا تو شب رو بآتش مسوز + کہ رہ میزند سیستانی بروز +

شب افسانہ - وہ افسانے جو رات کو نیند آنے کے لیے سُناتے ہین نظامی ستنے چندرا از رقیبان راہ + زبہر شب افسانہ بنشاند شاہ +

شب خانہ - سرای جسمین مسافر رات کو آکر شب باش ہون - سعدی - بنا کرد و نان داد و لشکر نواخت + ہم از بہر درویش شبخانہ ساخت +

شب سدہ - ماہ بہمن کی دسوین تاریخ فریدون نے بعد فتح ضحاک کے جشن کیا - اور یہ رات ہندوؤن کی ہولی کی اخیر رات کے قریب قریب کی جس رات یہ ہولی کو جلاتے ہین فردوسی یکے جشن کرد آن شب و بادہ خورد + شدہ نام آن جشن فرخندہ کرد +

شب ماندہ - رات کی باسی چیز محمد سعید اشرف ہیشود بہ تمام عالم ہر کہ ماند شب بہتد + نیست قدری در نظر ما نعمت شب ماندہ را +

شبنم گریہ - آنسو جو رونے کے وقت آنکھون سے نکلتے ہین - طالب آملی - از شبنم گریہ سبز کردہ + تا کاشتہ دانہ در گل ما +

شبنم گوشوارہ - گوشوارہ کے موتی ابو طالب کلیم در چمن جمال تو ای گل باغ رنگ و بو + شبنم گوشوارہ را آب گہر گلاب شد +

شبنم مژہ - شبنم مژگان - آنسو یعنی آنسو طالب آملی شبنم طراز بقل بود شاہد سکے کز شوق + بشبنم مژہ ام پاسے تا ز سر بستم - زلالی ایا ز از شبنم مژگان وضو کرد + بہ تربت خانہ محمود رو کرد +

شب تازی - رات کے وقت کسی پر حملہ کرنا - شبخون مارنا

شب بازی - رات کو کھیل کرنے والے لوگ - سوانگ نکالنے پتلیان نکالنے والے و مکر و فریب نظامی چنان بود شب بازی روزگار + کہ شد راد گرگون شد آموزگار +

شین با تا ی

شتر پیر شد و شا شیدن نیاموخت - اونٹ بوڑھا ہوا اور موتنا نہ سیکھا - یہ مثل اسکے واسطے ہے کہ بوڑھا ہو جاے مگر لیاقت نہ سیکھے - قطعہ از مولف - گذشت از عمر انسان حیف چل سال + مگر از علم سرمایہ نیندوخت + بزیر بار شد احمق شتر پیر + مگر تا حال شا شیدن نیاموخت +

شتاب آلود - بہت جلدی اور شتابی - شانی تکلو خبر دارد کہ شانی از تزوری دیش دارد + سحری خانہ رفتار شتاب آلود و بیند دوش

شتر بار سپرد - یہ بخیل کی حالت پر کہا جاتا ہے کہ اپنے ہاتھ سے وہ کچھ نہیں دیتا اور لوگ پوشیدہ اور چوری اسکے مال سے اونٹ لاد کر لیجاتے ہین سے بخیل از مال خود چیزے نہ بخشد + برد دزد دست و زد و از وی شتر بار +

شتر را بہ چمچہ آب میدہد - اونٹ کو چمچے سے پانی دیتا ہے یعنی اُسکے جسم کی مقدار نہین دیتا -

شتر غلط - کشتی کے فنون مین سے ایک فن کا نام ہے -

شتر دل - بے حوصلہ و بد دل و بی جگر آدمی طالب آملی طالب ثبات حملہ مو ریم نیست حیف + شیر نرم و لیک شتر دل فتادہ ام

شتر خان - شتر خانہ - اونٹون کے رہنے کا مکان سلیم بجز از موج وقت آسائش + میدہد یاد از شتر خانش +

شتاب خوردہ - شتاب زدہ - دوڑتا ہوا جلدی اور تندی کی حالت مین میرزا طاہر وحید دوش از در ہم درآمد بیاباں شتاب خوردہ از بادہ رنگ مستی از شعلہ تاب خوردہ صائب عرق بہر گل مید ود شتاب زدہ + نگاہ گرم کہ این نقش ترا بآب زدہ +

شتر حجرہ - کام جسکا وقوع مین آنا ممکن نہو اور دو چیزین جو باہم مخالف ہون - میر یحیی شیرازی شتر در حجرہ از گرما ست پنہان + شتر حجرہ ست حسرت ساربانان +

شتر گربہ - سخت و نرم ملائم و نا ملائم بات نا مناسب شنا ابہی کلیم شتر چون مست گردد میکشد بار + شتر گربہ ست کار مرد ہشیار +

ششتر دلی - نامردی - بد دلی - بی حوصلگی ۵ شتر گرچه پشت خود کشد بار + مگر مرد ششتر دل هست بیکار +

شین با جیم

شجر کلیم - وہ درخت جس سے موسی علیہ السلام نے وادی ایمن میں بجوالی کوہ طور تجلی انوار الٰہی دیکھا۔

شین با خای

شخالیدن - خراشیدن و خلانیدن - چھیلنا اور چبھونا۔

شخائیدن - چھیلنا - خراشنا - تراشنا۔

شخشیدن - پھسلنا - جگہ سے گرنا۔

شخلیدن - سیٹی بجانا - اور پژمردہ ہونا۔

شخودن - دانتوں سے کاٹنا - ناخنوں سے خراش دینا۔

شخولیدن - پکارنا - فریاد کرنا۔

شین با دال

شد مخالف - بی اصول نغمہ - بی سُرا راگ محسن تاثیر لیسکہ او ضاع جہان شد مخالف برداشت + تا طنبور لکہ بر خیز طنبور زند +

شد پہلوان - اس بلند آواز کو کہتے ہیں جو کشتی گیر کشتی کرنے سے پہلے سب کو سناتے ہیں۔

شدن - ہونا - مشہور لفظ ہی طاہر وحید - تا بنہالش شدہ چشم آشنا + خانۂ دل را شدہ بر گل بنا +

شین با رای

شراب صبح - وہ شراب جو مخمور علی الصباح خمار توڑنے کے واسطے پیتے ہیں - صبوحی بھی اسکو کہتے ہیں - صائب - روان شو چون شراب صبح از لبہای مخموران + گرہ تا چند در یک جا چو آب گہر باشی +

شرب الیہود - یہودی مسلمانوں کے خوف سے شراب بہت کم پیتے تھے تاکہ مستی ظاہر نہ ہو - سالک یزدی - کسی تا کے کند شرب یہود از بیم رسوائی + ایا غم پر کن ای ساقی کہ کار عیسی دارم +

شرم آلود - شرمناک - شرمگین - صائب - از حجاب حسن شرم آلود لیلی ہنوز + بید مجنون سر بہ پیش انداختن بار آورد +

شراب پشت دار - وہ شراب جو بہت قوی و بہی دو ائین ڈالکر کھینچی گئی ہو - میرزا صائب - از سیہ مستی کند کم خویش را ہر کس چشید + زان لب نوخط شراب پشت دار بوسہ را +

شراب خوار - شراب دار - شراب پینے والا - اور جسکے پاس شراب ہو - حافظ - ترسم کہ روز حشر عنان بر عنان رود + تسبیح و خرقہ رند شراب خوار +

عثمان بخاری - شرابدار شد و جامہ دار و مشرف و خل + وکیل خرچ و کدخدا و خوان سالار +

شراب شکر - قند سرخ کی شراب - میر یحیی شیرازی - ترانہ خال بود بر لب ای بت شیرین + نشستہ ہندوی میخوارہ و شراب شکر +

شراب گوڑ - یعنی شراب قند سیاہ - میرزا صائب - بادۂ انگور و آب خضر از یک چشمہ ایست + مرد دل در سینہ آتش ہر کس شراب گوڑ خورد +

شربت دار - جو شخص شربت بنا کر فروخت کرتا ہو یا اس خدمت پر کسی کا نوکر ہو - سیفی - شربتی دارد لبش بہر دل بیمار من + مردم و رحمی ندارد ماہ شربت دار من +

شرم حضور - وہ شخص جو صاحب شرم ہو - صائب - دارد ہنوز شرم حضور مرا نگاہ + پنہان ز من بخلوت آئینہ میرود +

شرمسار - شرمندہ خجالت کی حالت میں - سعدی - کرم بین و لطف خداوندگار + گنہ بندہ کردہ ست او شرمسار +

شراب شیراز - شیراز کی شراب - سلیم - سلیم معتقد نظم خواجہ حافظ باش + کہ رتبہ بیش بود در شراب شیرازی +

شر آمیز - جس آگ میں سے شرارے بہت اڑتے ہوں - صائب - نیست آرام در آن دل کہ ہوس بسیار ست + شرر آمیز بود شعلہ چو خس بسیار ست +

شربت الماس - چمکتی ہوئی تلوار +

شراب قورق - بادشاہ کے پینے کی شراب جو عوام کو نہ مل سکتی ہو - شفیع اثر - محروم نگاہش شدم از منع رقیبان + مانند شراب قورق این بادہ گران شد +

شراب انداختن - شراب افگندن - شراب بنانا - شراب تیار کرنا - علی خراسانی - ہر کہ با بلبل نشیند مست از می کم شود ما سیہ مستان عشق از گل شراب انداختیم + ولہ بادہ گر خام ست بزم عیش ما افسردہ نیست + کردہ ایم از خون صبوحی تا شراب افگندہ ایم +

شراب خانہ رسان - گھر کی بنی ہوئی شراب - عرفی - بنوش و پاک مدار این شراب خانہ رسان + کہ نیست خوردن این بادہ را پشیمانی +

شراب شیرین - میٹھی شراب جو تلخ نہو۔

شرارستان - جس جگہ سے شرارے نکلتے ہوں - محمد زمان راسخ - ہوس مجمع شرارستان اشکم + نگاہ واپسین مہمان اشکم +

شربت حیوان - شربت خضر - شربت مسیحا - آب حیات زندگانی کا پانی - علی خراسانی - گر تو آئی بپرسش شربت حیوان بر کف +

خضر را بر سر بیمار تو خواہم دیدن + شیخ العارفین حیات آنرا
شمارم کز خوبی لبت ماندم ساقی + بجامی میفروشم شرح خضر و مسیحا را
شرح کشاف انشا کردن - خواندن زیادہ گوئی کرنا - تکلف سے بولنا۔ شفیع اثر - لب بہ بند از کشف ای صوفی کہ تا دم میزنی + شرح کشافی زبہرت ہر یک انشا کردہ اند +
محمد سعید اشرف بر مصحف روی او نظر کن ناصح + بسیار مگوی و شرح کشاف مخوان +

شرمگین - شرمناک - شرمندہ - شرم آلود - شرم زدہ شرمسار - شرمیل عرفی بگرم چشمی من در نظارہ مستی + بشرمگینی من در نظارہ اشعار + صائب مدار بوسہ از ان ربی شرمناک طمع + کہ خضر تشنہ ازین چشمہ سار میگردد +

شراب زدہ - جو شراب پیکر سیر ہو چکا ہو رفیع واعظ تشنہ ام ای محتسب شراب زدہ + بیا و شیشہ تہی را بپیش من بردار +

شراب گذشتہ - شراب بی مزہ مفید باشی ہر چند چون کباب کند گریہ بسماع + از نشہ دو ہیچ شراب گذشتہ است +

شرم زدہ - شرمندہ - شرمسار حافظ ای شرم زدہ غنچہ مستور از تو + حیران و خجل نرگس مخمور از تو + گل با تو برابری کجا خواہد کرد کو نور ز مہ دارد و مہ نور از تو +

شرمگاہ - شرم کی جگہ عورات کی میر خسرو خالیست بہ شرمگاہست ای مہر گراو + در چشم بود دیدہ نباشد نگراو + یارب چہ سعاست بر آن تختہ عاج + یک نقطہ و چند حرف باریک بر او +

شراب پرتگالی - وہ شراب جو پرتگال مین بناتین - طالب آملی - کسی کیفیت چشم ترا چو من نہ داند + فرنگی قدر میداند شراب پرتگالی را +

شراب دہ منی سہ منی - اقسام شراب ہین میر معزی از جبل شراب دہ منی کم نکشی + و زجوو پیالہ بدو دم نکشی + یک بند ز سفرہ تو نکشاید کس + تا روی چو سفرہ فراہم نکشی +

شراب قندی شکر کی شراب طالب آملی قدح پر از می انگور کمن کہ طالب را + شراب قندی ہندوستان نشہ دارد +

شراب کہربائی - زرد رنگ کی شراب محمد قلی سلیم از خوان گل میکشد در باغ من از زعفران + چہرہ لعلی ز شراب زعفرانی میکنم +

شرم جاے - مرادف شرمگاہ - عورت کے شرم کی جگہ امیر خسرو خانے کہ بشرم جای آن نوش لب ست + بر چشمہ خورشید

نشانی ز شب است + جائیکہ مگس بلرزد از شبنم + خالش مگس ست و می نالرزد عجب ست +

شرمساری - شرمندگی۔ خجالت امیر شاہی سبزواری سیکشد سرو پیش بالایت + شرمساری ز قد کوتہ خویش +

شین معجمہ با سین مہملہ

شستہ عذار - بی ریش و امرد آدمی صائب آنکہ کیفیت دیدار خبر یافت + ہر شستہ عذاری بنظر عالم آب ست +

شست آویز - ایک طرح کی تعذیب کا نام ہے کہ مجرم کے دونون انگوٹھے ہاتھ کے رسی سے لٹکا کر باندھ دیتے ہین محسن تاثیر چھو دام زلف عنبر بیز کردہ + دل صد نافہ شست آویز کردہ +

شستگی الفاظ - صفائی الفاظ اور سلاست اور جزالت لفظی محسن تاثیر - صد شست بحر سخن شکستگی الفاظ ست + نیست جز سستی تر کو ہر شاداب سخن +

شست و شو دادن - دھونا صاف کرنا ابو طالب کلیم رسیل اشک چنان شست و شوی دیدہ دہم + کہ ہر نظارہ قریبی ببیند از نظرم +

شستہ شدن - نہایا جانا غسل دیا میت کا نعمت خان عالی بخاکم ارسندی آن قدر شناس + شود ی چشم پر آبی پر طاس + ہمسانا سیش او چون رفت بگریست + کہ خواہی شستہ شد پیل از

شین با شین

شش عروس عنا - چھ ستارے آسمانی سوای آفتاب عالمتاب کے - قمر عطارد زہرہ مریخ مشتری زحل -

شش ضرب - بازی نرد مین ایک چال ہے اور صوفیہ کے ذکر نفی اثبات مین ایک قسم کا ذکر ہے

شش و پنج - ایک قسم کے قمار کا نام ہے اور شش پنج زن شش پنج باز اسکو کہتے ہین جو اپنا تمام مال تلف کر دیوے اور حیلہ گر و مکار ہو میر خسرو تا شدی بہفت و نہ در پنج + نقد عصمت فنا در شش و پنج +

شش بانوی پیر - سات ستارے سوائے آفتاب عالمتاب کے افضل الدین خان خاقانی - شش بانو پیر کردہ بہ ہفت + عالم نبود بد ہفت در ہفت +

شش پر - ایک ہتیار کا نام ہے میرزا طاہر وحید بہر شش پرش را ازان راست کرد + کہ از شش جہت پر شد از تیر

شش روزہ - وہ چھ روز جسمین خالق جل شانہ نے تمام عالم موجودات کو پیدا کیا

آیت شریف اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ

ششش انداز - چھ مہرون کا کھیل کھیلنے والا جو تین ہاتھ مین رکھتا ہو اور تین ہوا مین پھینکتا ہو کوئی انمین زمین پر نہین گرنے دیتا نظامی - برون آمد زپردہ سحر سازی ششش اندازی بجای شیشہ بازی

شش طرف - چھ سمت - شرق - مغرب - جنوب - شمال - تحت فوق

شش پستان - وہ عورت ضعیفہ جسکی پستان نرم و سست شش یعنی پھیپھڑے کی طرح ہو گئی ہون سختی جاتی رہی ہو۔ افضل الدین خاقانی - جنگ ست شش پستان زنی رومی وطے زنگی تنی + مریم صفت آبستنی عیسی و دہقان مین درو +

شش ارکان - چھ رکن زندگی کے جسکو ستہ ضروریہ کہتے ہین جب تک انسان زندہ اُنکے بغیر نہو گا - اول ہوا جو محیط ابدان ہو دوسرے کھانا پینا جسکے بغیر زندگی مشکل ہو - تیسرے حرکت و سکون ظاہری جو خاص کام جسم کا ہو - چوتھے حرکت و سکون نفسانی مثلاً غضب و حلم و فرح و غم وغیرہ - پانچوین خواب و بیداری چھٹے استفراغ و احتباس یعنی خروج بول و غائط و جماع و فصد و احتباس عدم خروج ان چیزون کا -

شش خاتون - چھ ستارے سوائے آفتاب کے -

ششم زمین - روم کی ولایت -

شش آماسیدہ - جو آدمی نامرد و بزدل ہو -

شش قبرقہ - احمق نادان بیوقوف - واضح ہو کہ قبرقہ پسلی کی ہڈیون کو کہتے ہین - ایک شخص کا غلام نہایت بیوقوف تھا مالک نے اُسکو ہنسی سے کہا کہ تمام جہان کی پسلی کی ہڈیان سات ہوتی ہین اور تیری چھ ہین - غلام کو اس بات کا اسقدر غم ہوا کہ اُسی غم مین مر گیا - اُس روز سے شش قبرقہ بیوقوف کو کہنے لگ گئے -

شش دانگ - پورا پورا - نہایت درست ہر ایک مرین کامل عیاں

شش سری - یہ ایک قسم کا سونا نہایت عمدہ ہوتا ہی وجہ تسمیہ یہ ہی - خراسان مین ایک بت سراپا سونے کا تھا چھ اُسکے سر تھے مسلمانون نے جب اُسکو توڑا تو معلوم کیا کہ سونا اُسکا نہایت عمدہ ہی اس روز سے اُس سونے کا نام زر شش سری مشہور ہوا

شین با عین

شعلہ بالا - محبوب کی تعریف مین کہا جاتا ہی - مولف بیدار زہ فرا رسم دلبری با حسن زیبائی + پریوش گلعذاری شمع روئے شعلہ بالائی

شعلہ مزاج - گرم مزاج معشوق کے وصف مین بولا جاتا ہی حکیم انور لاہوری - سرو کے گرد وزآب اشک ما + گرمی آن شعر و شعلہ مزاج +

شعلہ فریاد - شور و غوغا جو فریاد کے وقت کیا جاتا ہی علی خراسانی گر باین قانون علی از دست گل فغان کنم + شعلہ فریاد ما گردد گواہ عندلیب +

شعلہ بار - نہایت گرم جس سے آگ برستی ہو حسین ثنائی درجوف آب کار عنایت اگر کند + گرد و لبسان پنجہ خود شعلہ بار دست +

شعلہ دیدار - شعلہ رخسار - شعلہ روی - معشوق کی تعریف مین بولے جاتے ہین قاسم مشہدی گریبان میدرم بخود چو بینم شعلہ رخسارے + نگاری شعلہ روی تند خوئی شعلہ دیداری +

شعلہ زار - شعلہ زبان - شعلہ ستان - شعلہ سوار یہ الفاظ مشہور ہین صائب آتش عشق زخاکستر ہند ست بلند + زن درین شعلہ ستان بر سر شوہر سوزد طالب آملی - نسیمی از چمن عشق آستین بفشاند + کہ گلستان مرا داغ شعلہ زار نکرد + مرزا رضی دانش فیض شمعیکہ شد افسردہ بمحفل نرسد + مردن شعلہ زبانان سخن خاموشی ست + میرزا جلال اسیر با سبے پر و بالان چہ برد دعوی پرواز + خاشاک باین شعلہ سواران بفرو شیم

شعلہ آواز - وہ مطبوع آواز جو دل مین اثر کر جاسے تاثیر - قوال بسیر کی تعریف مین چنانکہ آئینہ گیرند در چراغ قانی + عیان زگردن او شعلہ ہای آواز ست صائب فکر جانسوز مرا ایک نقطہ سنے انداز نیست + یک سپندم بزم من بی شعلہ آواز نیست +

شعبدہ باز - بازیگر - مکار - فریبی مولانا مظہر دلبر من چو خبر یافت زعزم سفرم + در دوید از سر حسرت سوی من شعبدہ باز +

شعلہ پوش - سراپا آگ - جلتا ہوا - طالب آملی منم کہ دود دلم شعلہ پوش می آید + لبم چو صبح تبسم فروش می آید +

شعر باف - ابریشمی پارچات - زربفت وغیرہ بنے والا طاہر وحید ولم ز بیت شعر بافت بند + کہ ہر تار باشد بدستش کمند + زدل کردہ تاراج تاب مرا + چو مخمل بریدست خواب مرا + از و عاشقانرا ست درمان و درد + زریک ریشہ سرزد گل سرخ و زرد + چہ سازم تان یار تا ساز نگار + کہ یا قدر ابریشم نرم تار +

شعلہ تاک - انگوری شراب علی خراسانی سوز جگر سوختہ ام از گل صہبا ست + داغ دل صد پارہ ام از شعلہ تاک ست +

شعلہ ناک - جلتا ہوا - نہایت گرم ابو طالب کلیم سہو شش با شد ولا آہ شعلہ ناک کش + کنون کہ ناوک او سینہ را گلستان کرد +

شعلہ جوال - شعلہ جوالہ - یہ ایک کھیل کا نام ہو کہ ایک لکڑی کے

دونون سرون پر چرب کپڑا باندھکر آگ لگا دیتے ہین اور اسکو اس زور سے گھماتے اور پھراتے ہین کہ آگ کا چکر بندھ جاتا ہی محسن تاثیر تا بگلشن رفت سرو آتشین رخسار من + طوق گردن ساخت قمری شعلۂ جوالہ را + ظہوری۔ گھوڑے کی تعریف مین چون بگردش فتاد در جولان + آب گردید شعلۂ جوّال +

شعلۂ جام شراب جو پیالہ مین ہو نورالدین ظہوری بعزم رسان شعلۂ جام را + گرم کن بجوشان من خام را +

شعر بستن شعر لکھنا۔ مضمون باندھنا محسن تاثیر قسمت نظم روزی ما را حوالہ کرد + سد رمق بہ بستن اشعار کرد و دایم۔

شعف دادن۔ مشتاق کرنا۔ شوق دلانا۔ ملا طغرا کعبۂ معظمہ کی تعریف مین۔ مرا چشم آہو شعف داده است + کہ ہر رنگ آن لیلی افتاده است +

شعلہ جولان۔ معشوق کی تعریف مین بولا جاتا ہی میرزا بیدل نے رخ آن شعلہ جولان پیکر فرسوده ام + ہمچو اخگر زیر دیوار شکست رنگ ماند +

شعلہ چین۔ مشہور و معروف ہی حکیم زلالی شقائق را نشان در آتشین ست + کہ وادان کدامین شعلہ چین ست +

شعبده باز۔ بازیگر۔ فریبی۔ مکار۔ محسن تاثیر تا شیر شد از خبر زبر رام تو جانان + سحر ست فسون سازی این شعبده باز +

شعر آمده۔ وه شعر جو خود بخود طبیعت سے نکلے آورد نہو تاثیر زقید ساختگی حسن شوخش آزاد ست + چو شعر آمده موزونیش خدا داد ست +

شعبۂ رقص زرینہ۔ نام ایک شعبہ کا موسیقی مین ملا طغرا خواند شعبۂ رقص زرینہ + شفقتہ کے ہماندر و دفینہ +

شعلۂ آه۔ آه کی سوزش اور جلن علی خراسانی در بزم تو چو شعلۂ آہی نشستم + در عشق تو بی روز سیاہی نشستم +

شعلہ زاده۔ شیطان۔ ابلیس صائب بر بان آدمیت ما قدسیان بس اند + گو شعلہ زاده تا ننماید سجود ما +

شعلہ نگاه۔ گرم نگاه۔ غضب کی نگاه عبداللطیف خان تنہا گشت دل در گرو شعلہ نگاہی ست کہ باز + مے پر چشم سمندر کہ دران دانہ شود +

شعلہ خوی۔ شعلہ قامت۔ شعلہ کار۔ شعلہ ور۔ یہ الفاظ معشوق کی تعریف مین بولے جاتے ہین نورالدین ظہوری نتواند آرزوی ہر دل نہاد خرمن + برقی ز شعلہ خوئی گر در نہاد باشد +

محمد زمان راسخ۔ کہ تا گر سر کشید آن شعلہ قامت + عیان شد زجد بالا وی قیامت + میرزا بیدل شعلہ کاران را بجا کستر قناعت کرد ست + ہر کجا عشق ست دہقان سوختن ہم حاصل ست + مفید بلخی مفید طبع بلندم چو شعلہ دارد گرم + جسن بر تو معنی و کان شعلہ گری + میرزا صائب از خس و خاشاک گرد پیش آتش شعلہ ور + چوب گل کے سے تواند ساختن حائل مرا +

شعلہ نوشی۔ آگ کو کھا جانا۔ عرفی عشق را بدنام کردی سینہ بر آتش بدار + شعلہ نوشی کن بہل بازیچہ پروانہ را +

شین با غین

شغل سنج۔ شغل کرنے والا۔ مشغول ہونے والا نظامی بدستوری او شوی شغل سنج + کہ دستور دانا بہ از مال و گنج +

شغل ور۔ صاحب شغل و صاحب کار میر خسرو گہی چو شغل وران تکیہ کرده بر بالش + گہی بکنج حرم گہ بصفہ بار ست +

شین با قاف

شفق زار۔ شام کی سرخی یا صبح کی جو آسمان پر ظاہر ہوتی ہے ملا طغرا۔ ہمین سا قیا پنبہ گو یا بود + کہ منصور حلاج بینا بود + ز روی خودش بر سر دار کن + ز خونش ہوا را شفق زار کن +

شفقستان۔ شفق کا مقام جو سرخ ہوتا ہی + درویش واله ہروی از دیده ز بسکہ خون روان ست + گردون ز زمین شفقستان ست +

شفق جلوه۔ جو سرخ رنگت دیوی میان ناصر علی ہوا تمام شفق جلوه شد تماشا کن + چہ کرده کہ دگر رنگ گل بیابانی ست +

شین با کاف

شکر اندا۔ جس چیز مین شکر بھری ہو نورالدین ظہوری ز ہر بجہ نسبت ظہوری بجا م + کام اگر شد شکر اندا چہ حظ +

شکستن بنا۔ عمارت کا گرا دینا۔ منہدم کرنا۔ خواجہ آصفی۔ سیل غم تو برون آباد من گذشت + ہر سو بنای خانۂ صبر و سکون شکست +

شکر خواب۔ بی فکری کی نیند میرزا صائب بجز سنگدلان خواب شیرین تلخ میسازد + شکر خوابی کہ من بر روی فرش بوریا دارم +

شکر آب۔ میٹھا شربت اور رنجش اور کدورت جو دو دوستون مین واقع ہو آئے جسکو شکر رنجی بھی کہتے ہین ملا شانی تکلو از یک جہان تلخ کہ مقصود ما نشست + در جام دوستی شکر آبی نمی نہی +

شکر لب۔ شیرین زبان شیرین سخن سعدی ہی شکر لب جوانی نی آموختی کہ دلہا بر آتش چو نی سوختی +

شکوہ آشوب - **شکوہ پرداز** - **شکوہ سنج** - **شکوہ مند** - شکایت کرنے والا - گلہ کرنے والا - مرزا معز فطرت - مطلبی جز شکر غمہای وفاو از تو نیست + خوانده باشی نامہ ہای شکوہ آشوب مرا + سالک قزوینی - ز سالک شکوہ پردازی نہ سنزاوار میباشد + کہ اول منزل یوسف بدین رہ چاہ میباشد + میرزا بیدل شخص نسیان شکوہ سنج غفلت احباب نیست + تا فراموشی بخاطر ہاست دریادیم ما +

شکر دخت - اچھی لڑکی مقابل شیرین پسر - لالی شکر دختے ز انگبیدن پر + سرین بالمر چون رشتہ در +

شکست - ٹوٹنا - ہزیمت پانا جنگ مین محمد قلی سلیم سحر نسیم کہ آن زلف تا بدار شکست + نخورد دست سیاہی تیر یکسو ر شکست +

شکست قیمت - قیمت کا کم ہو جانا - بھاؤ اور نرخ کا اُتر جانا - ع ز نا پسندی مردم عزیز خویشتنم + بود گرانی ما از شکست قیمت ما

شکم پرست - **شکم پرور** - بہت کھانے والا آدمی - اور جسکو اپنے ہی پیٹ کی فکر ہو - میر خسرو شکم پرست ز معنی ست در اسیار بہست تو بیرہ جو زر گو ہر سفیہ ستام + صائب بوالہوس از ان لب شیرین نظر بر لشہ نیست + این شکم پرور برای نقل صہبا می خورد +

شکر گنج - یہ خطاب حضرت قطب الاقطاب خواجہ فرید الدین چشتی اجودھنی پاک پٹی کا ہی باعث یہ تھا کہ حضرت مٹی ہاتھ مین لیتے تو قند بنجاتی - یہ کرامت بارہا حضرت سے ظہور مین آئی یہ بزرگ سلطان المشائخ نظام الدین زربخش دہلوی کے پیر تھے اور قطب الاقطاب قطب الدین بختیار کاکی دہلوی کے مرید طریقت مین انکو بڑا مرتبہ حاصل تھا - قطعہ معدن صدق و صفا گنج شکر + منبع جود و عطا شیخ وحید + قطب اقطاب زمانہ غوث دین + فرد عالم حضرت خواجہ فرید +

شکر پیچ - پڑیا یا تہ دینے کا کاغذ جسمین شکر کی پڑیا بندھی ہو میر خسرو کاغذ خام بود شکر پیچ + کاغذ پختہ بود معنی سنج +

شکر خند - **شکر خندہ** - تبسم اور خندۂ معشوق کا - عبد اللطیف خان تنہا - خواستم شد سمندر طوطی از رشک ہما + این نیستان شعلہ زار از برق شکر خندہ کیست + صائب جہان ز صبح شکر خندۂ تو روشن شد + کہ دیدہ است شکر اینقدر سفید شود +

شکر سفید - **شکر تری** - سپید کھانڈ جسکو بورا اور چینی بھی کہتے ہین ذوقی از لب لعل تو شد یاقوت سرخ + وز مذاق گفتگو شکر سفید + آرزو از خجالت آب میگردد مدام + از لب او قسمت شکر تری سست +

شکستن درد - زائل ہونا درد کا - سیفی اسفرنگی ہیچ خمارست درد تو کہ نگردد + جز بگران خواری شراب شکستہ +

شکستہ بند - وہ شخص جو ٹوٹے ہوئے جوڑون کو باندھے اور علاج کرے - محسن تاثیر می گلرنگ باشد تنگ بستہ شکستہ بند دلہای شکستہ +

شکر بار - نہایت شیرین یعنی میٹھی - صائب بسکہ می چسپیم کام و لب از شیرینیش + نقل نتوان کرد گفتار شکر بار ترا + اردو لب سے ملتے ہین شیرینی سے ہوتی ہو مزا بات + وصف کیا لکھون مین اُسکے لعل شکر بار کا +

شکر زار - نیشکر کا کھیت - گنے کا کھیت - صائب دل مقید بشکر زار ہوس نیست مرا + رشتہ حرص بپا ہیچ مگس نیست مرا +

شکر گر - حلوائی جو کھانڈ بناتا ہی - سید حسن غزنوی - گل شکر ست جمع بذات مبارکت + خلق تو گلفروش وز بانت شکر گرست +

شکست کار - کام کی بیرونقی - محتشم کاشی ز ہی طغیان حسنت بر شکست کار من باعث + ظہورت بر زوال عقل دعویدار من باعث +

شکستن کاروبار - بیرونقی و کساد کار - محمد قلی سلیم شکست کار دل من از دوست کاشتہ را - خدا چو چشم بد از چہرۂ تو دور کند +

شکم خوار - **شکم خوارہ** - بھوکا - اور طماع جو کبھی سیر نہو - شعر چو قرص گرم فلک دیگل کہین بکشود + ز آتش زچہ پیدا شد این شکم خواری + خواجہ سلمان - ای کریمیکہ ہمہ وقت ز خوان کرمت + معدۂ آز شکم خوارہ بلا ہاسے دارد +

شکم دار - جسکا پیٹ بڑھا ہوا ہو اور ہندی مین اُسکو توندلہ کہتے ہین ظہوری ہاتھی کی تعریف مین - ہی شد ز تشبیہ او معتبر + فلک از زمین پر شکم دار تر +

شگوفہ زار - سرسبز باغ ع شگوفہ زار شود ہر چمن کہ من گذرم ز بسکہ سینہ داغ از تنم فرو ریزد +

شگون گیر - جو شخص فال دیکھکر کام کرے - ظہوری در گذشتن نتوانند نگہ از گشتہ او + تا تسلی نہ بیند چشم شگون گیر مرا +

شکار انداز - شکاری - شکار کرنے والا - صائب دل پرخون او ان زلف شکار انداز سے خواہم + چہ گستاخم کہ خون کبک از شہباز میخواہم +

شکر آویز - مشہور لفظ ہی حافظ ترا رسد شکر آویز خواجگی گہ جود
کہ آستین بگریبان عالم افشانی +

شکر پرداز - شکر کرنے والا - سپاس کہنے والا - صائب
ہر سر خارے زبان شکر پردازی شدست + محمل لیلی ہمانان
در بیابان آمدہ ست +

شکر پنیر - ایک قسم کا میٹھا پنیر ہوتا ہو نہایت لطیف ملا فوقی
یزدی - شکر پنیر کلامم گزو مکیدہ نبات + زمن نگیر و بقال
ہم بہ نرخ سماق + دگر بعرض کشم در طویلہ سینہ قطم + خورم
ز مہتر اسپان دو صد تبر تخماق +

شکر خیز - جس زمین مین شکر پیدا ہو - صائب من و مصری
کہ شکر خیز بود خاک آنجا + کوزہ شہد بود حنظل افلاک آنجا +

شکر ریز - وہ نثار جو شادی کے روز دولہا دولھن کے سر
کرین - اور نرم اور شیرین کلام و آواز خوش کسی گانیوالے کی
نزاری قہستانی - شکر ریز عروسی چون کنم ساز + ببارم در شبستان
بصد ناز + سلمان سطربان تو جو بر عود شکر ریز کنند + روح را
مغز معطر شود و لب شیرین +

شکر پوش - قسم شیرینی کی ہو کہ الایچی و پستہ و بادام وغیرہ
میوہ جات کو شکر پوش کر دیتے ہین - یعنی انپر کھانڈ چڑھا دیتے ہین
صائب یار بر چشمم خندہ ہم آغوش کردہ + بادام تلخ راچہ
شکر پوش کردہ +

شکر چیش - وہ شکر جو نمونہ دکھلایا جاسے نظیری نیشاپوری
لب وادہ بمشتری شکر چیش + بس نرخ شکر گران نہادہ +

شکر فروش - شکر فشان + شکر بیچنے والا اور شکر بانٹنے والا
حافظ - شکر فروش کہ عمرش دراز باد چرا + تفقدی نکند طوطی شکر خوار را +

شکستن چشم و گوش - اندھا اور بہرا ہونا صائب ترسم گریہ
چشم گہربار شکند + این کاسہ گدائی دیدار شکند + حسین ثنائی
وصف عصاے حاجت قدت نمی کنم + تاگوش او گرانی گفتار نشکند +

شکنجہ کش - مشہور لفظ ہو طالب آملی سپاہ درد و غم از ہر طرف
ہجوم کند + کہ دل شکنجہ کش عیشہا دعشرتہاست +

شکر سماع - شکر سوار - عمدہ گانے والا اور عمدہ سوار -
حکیم سنائی - در زدو زدن شکر سماعی + در گو سے زدن
شکر سوارے +

شکر حرف - شیرین کلام خوشگو ظہوری شکر حرفان طبہ بسوز نجنبا ...

نگاہ تلخ شان زہر دھائی +

شکر برگ - شکر برہ - شکر بورک - شکر بوزہ - شکر پارہ
ایک مشہور شیرینی ہو نزاری قہستانی ہمچو سگ در بدر بیبوزہ + خواند
خرزہرہ را شکر بوزہ + ولہ بیا و بوسہ منہ خوان خوردنی کہ بود + تفاوتی
ز شکر برہ تا شکر بوسہ + نظامی شکر بوزہ با نوک دندان براز +
شکر خوارہ را کردہ دندان دراز +

شکر رنگ - سرخ رنگ جو پھیکا ہو جو انسان کے چہرہ پر بحالت
شرمندگی ظاہر ہوتا ہو غنیمت خندہ را از وہنش تا بجدائی نبود +
این گل از غنچہ شکر رنگ برون می آید +

شکر لنگ - جسکی رفتار مین تھوڑا سا لنگ ہو مشفقی بخاری
شو ز باد کج در است نیشکر لیکن + بجلوہ ہای قدش چون رسد شکر لنگ است

شکنجہ آب نمک - یہ ایک سزا ہی جو گنہگارون کو دیجاتی ہے اور نمک
پانی مین گھولکر انکو پلایا جاتا ہو محسن تاثیر از گریہ شرح جور تو کرباب بیک
نکتم + صد بحر را شکنجہ آب نمک کنم +

شگوفہ رنگ - سپید رنگ - خواجہ جمال الدین سلمان شگوفہ رنگ
شد مویت چو سر و آن بہ کہ برنائی + برعنائی کہ بر پیران نزیبد کسوت زیبا +

شکستہ دل - پریشان و غمگین و پشیمان قطعہ از مولف نیست
حاجت کہ درمیان جہان + بہر دنیا شکستہ دل باشی + بستہ باشی بہ بند
اہل و عیال + خستہ و زار و مضمحل باشی +

شکار افگن - شکار کرنے والا - شکاری - نظیری نوک خاری نیست
کز خون شکاری سرخ نیست + آفتی بود آن شکار افگن کزین صحرا گذشت

شکارستان - شکارگاہ جس جگہ شکار کرین طالب آملی نکردہ صید
گذشتیم زین شکارستان + سر کمند بپاے غزالہ نزدیم +

شکر چین - مشہور لفظ ہو - سید حسین غزنوی عرصہ جانفزاے
خاطر تو + مجمع طوطیان شکر چین +

شکر خوردن - شکر کھانا منہ میٹھا کرنا - نظامی ہمہ نارپستان بالا
چو تیر + ز پستان ہر یک شکر خوردہ شیر +

شکر در شیر کردن - آپس مین محبت و اختلاط کرنا صلح و صفا
تدبیر کردند + تو پنداری شکر در شیر کردند +

شکر دہان - شیرین کلام و خوشگو - در آن مجمع گروہ نکتہ دانان +
ہمہ شیرین لبان شکر دہانان +

شکرستان - جس جگہ شکر پیدا ہو خواجہ آصفی دارند بدور شکرستان
تو خوبان + چون نیشکر انگشت تحیر بدہنہا +

شکر سخن و شکر شکن - خوش کلام - حافظ شکر شکن شوند ہمہ
طوطیان ہند زین قند پارسی کہ بنگالہ میرود -
شکر و قند شکستن - شیرین کلامی کرنا - بابا فغانی تلخی نشنیدیم
ہم از ساقی مجلس + ہر چند کہ پیشش شکر و قند شکستیم +
شکر و شیر بودن - شکر و شیر بودن - آپس مین کمال اختلاط
و امتزاج کرنا - صائب زخلق خوش شکر و شیر باش با احباب +
زروی تلخ مکن تلخکام الفت را + مخلص کاشی بود تر و یم از اخلاص
ہر دم گوارا تر + کہ من در شیر جای آب از خامی شکر کردم +
شکستن توبہ و پیمان - اپنے اقرار و قول سے پھر جانا - بدعہدی کرنا
مؤلف - چرا شکست عہد این بندۂ نادان معاذ اللہ + چرا شد اینقدر
بیباک انسان الامان توبہ +
شکستن - توڑنا - اور ٹوٹنا - خم ہونا - خم دینا - آشفتہ و بیدماغ ہونا
فیضی - جعد ہی برخ سمن شکستہ + وست چمن از بنفشہ بستہ - زلالی
شہ غزنین چو زلف یار بشکست + دل و دینش بتار و مار پیوست +
شکستہ پیمان - مشہور لفظ ہے جھوٹ دل خود شکستہ پیمان +
بابا بہ نکار خود پشیمان +
شکستہ زبان - جو بخوبی کلام نکرسکتا ہو صائب خیز در شیشہ خانۂ
دل صحبت الامان + ہر جا کہ من شکستہ زبان گفتگو کنم +
شکم انداختن - اسقاط حمل کرنا - حکیم زلالی شکم انداختہ ابر بہاری +
شدہ آبستن گوہر نثاری +
شکم باز کردن - پیٹ کھولنا - کھانے کے وقت کمر بند ڈھیلا کرلینا - یا سیر ہوکر
کھا چکے تو بند جامہ کے کھولدینا تاکہ کھانا معدہ مین تحلیل ہوجائے -
کمال اسمٰعیل - خور روز خوان کرم تو بناز + نعمت بسیار و شکم کردہ باز +
شکم برآمدن - بلند ہونا - بڑھ جانا پیٹ کا بسبب حاملہ ہونے کے -
نصیرای ہمدانی - شکم برآمد و کلک ہرا لبان دوات + کہ شد ز نطفۂ
مدحش بجنبی آبستن +
شکم بر پشت چسپیدن - نہایت لاغر ہونا صائب از ریاضت
ہر کرا بر پشت می چسپید شکم + نالہ اش چون چنگ سیر آہنگ می آید برون
شکم بر زمین نہادن - بیٹھ جانا گھوڑے اونٹ بیل وغیرہ چارپایوں
کا جمال الدین سلمان - حلمت اگر بہ پیش فلک پا در آورد + خنگ
فلک ز ضعف نہد بر زمین شکم +
شکم چار پہلو کردن - پیٹ بھر کے کھانا - ابن یمین حرص را گرچہ بود
علت جوع کلبی + چار پہلو کند از خوان نوال تو شکم +

شکم خاریدن - پیٹ کھجلانا - حیلہ کرنا - بہانہ بنانا - عذر قائم کرنا
انوری - مردم از مشتری و زہرۂ چرخ + خود سعادت چرا طمع دارد +
کان یکی زاہد فسردہ دلی ست + کز ہمہ کار با شکم خارد +
شکم دادن - مشہور و معروف ہے شیخ حزین مصرع گردون گرانی
این بار شکم داد +
شکم داشتن - حاملہ ہونا - پیٹ والی ہونا ملا طغرا - بسی بنت العنب
شوخ ست ای خم حفظ او میکن + کہ تا غافل شدی این دختر زینا شکم دارد +
شکم دزدیدن - در خویش دزدیدن - ڈرنا - خوف کھانا - جی چرانا
جان چھپانا - نعمت خان عالی ز بس خونریز شد بیباک من
با خنجر مژگان + نگین از نام او ترسد شکم در خویشتن دزدد +
شکم سودن - خم کھانا - ٹیڑھا ہونا - جھک جانا عرفی شکم بر سیر
رسودی ابر سیراب + چراغ برق گشتی شاخ عناب +
شکم گرفتن - پیٹ پکڑنا - مشہور لفظ ہے میر خسرو - چو سبزہ خویش را
خط تو خواند جای آن باشد + کہ گل از خندہ بر خاک او فتد و غنچہ شکم گیرد +
شکنبہ بر سیما کشیدن - ایک قسم کی سیاست و تعذیب کا نام ہے
ابوطالب کلیم ممتاز محل کی تعزیت مین - ہر آنکو طبل را آزرد و آواز +
کنندش پوست سر طبلہ باز + شکنبہ طبل سان بر سر کشندش +
دو دستہ چو بہا بر سر زنندش +
شگفتن - خندیدن ہنسنا - کھلنا - خوش ہونا علی خراسانی
تا از گل می عارض دلدار شگفت ست + دل در سر مرغان گرفتار
شگفت ست + در خانۂ ما صورت گلہای چمن نیست + از عکس
رخ او در و دیوار شگفت ست +
شکار جرگہ - شکار قمرغہ - ایک قسم کا شکار ہے کہ بہت سے جمع ہوکر
جنگلی جانوروں کو گھیر کر ایک جگہ جمع کرتے ہین اور شکاری انکو
شکار کرتا ہے ہند مین اسکو ہتا جوڑی کہتے ہین ابوطالب کلیم

پس از صید دلہا بر اہم عطا + شہنشاہ عالم محیط سخا +
ز دلہای عالم توجہ نمود + کہ نخچیرگاہ شہنشاہ بود +
و ران صیدگہ شاہ گیتی فروز + بصید افگنی گرم شد چار روز +
چنان خوش نشین گشت نقش شکار + کہ یک روز شاہنشہ کامگار +
ز خم تفنگی کہ شد خاصیان + سہ صد جبر ان زمان +
چہل آہوا فگند از دست خویش + ہر یک بیفگند یکبار بیش +
ندارد کسی یاد در روزگار + پدید و شد قمرغہ بدینسان شکار +
شکارگاہ - شکار کھیلنے کا مقام جنگل - ابوطالب کلیم

شکارگاہ معانی ست گنج خلوت من + زہ کمان شکارم کمند وحدت من +
شکایت پیشہ - شکایت گستر - شکایت مند - شکایت کرنیوالے لوگ صائب - آسمان از دل نسوزد بہ شکایت پیشگان + دایہ بیزارست از طفلی کہ پستان میگزد + اوحد الدین انوری اوترا سے گفت کین گلبیز با اجمع کن + تا ترا لازم شود چندین شکایت گستری + حاجی باقر شیرازی کسی کز ترک درویشی شکایت مند میگردد +
شکر خمہ - جو تیر نشانہ پر جا لگے نظامی چون ترکمان تیر شکر خمہ ریخت + ز ہر ترنجی خوالش گریخت +
شکر بیہ - ایک حلوے کا نام ہو جسکو عربی مین ناطف کہتے ہین - صفدر فوقانی - بود زہر بلا اہل گرچہ دنیا + ترا بخشد مذاق شکر بیہ +
شکست شیشہ - وہ آواز جو شیشہ کے ٹوٹنے سے سنی جائے شرف الدین شفائی - بدست دل شکنی عاجزم کہ ہر نفسم + شکست شیشۂ خاطر بگوش می آید +
شکستہ - وہ چیز جو درست نہو - ٹوٹا ہوا ٹکڑا - اور وہ چیز جسمین کچھ کسر باقی ہو ہر چند اجزا اُسکے بالفعل متفرق نہون بخلاف خرد کی لفظ کے کہ اسمین صورت تفرقہ کی بالفعل لازم ہی نظامی شکستہ چنان گشتہ ام بلکہ خرد + کہ آبادیم را ہمہ باد برد - اور خراب و ضائع و بے رونق چنانچہ بازار شکستہ و لشکر شکستہ و خط شکستہ و زبان شکستہ باقر کاشی برون کردم ز پا خار شکستہ + برون رفتم ز گلزار شکستہ + بسودائے غمت سودی ندیدم + چو بازرگان بازار شکستہ +
شکستہ پناہ - جو کسی مظلوم کو اپنے پاس پناہ دیوے امان بخشے میر خسرو - سایہ مہر تو شکستہ پناہ + ذیل عفو تو پردہ پوش گناہ +
شکم بندہ - حریص وطماع - بہت سا کھانے والا - پیٹ بھر کر کھانیوالا سعدی شکم بند دست ست و زنجیر پای + شکم بندہ نادر پرستد خدای +
شکم پارہ - اسبغول جو ایک دوا مشہور ہے -
شکر پائی - لنگڑا جو بخوبی چل نہ سکے میر حسن دہلوی سخن می شکنی یا وقت گفتن + زننگی دہانت شد شکر پا +
شکر خا - شیرین میٹھا - صائب طمع بوسہ ازان لعل شکر خا دارم + خیر از خانہ دربستہ تمنا دارم +
شکر رنجی - کچھ رنجیدگی جو دو دوستون مین وقوع مین آوے
شکستن در چیزی - بند ہونا اور بند کرنا ایک چیز کا دوسری چیز مین چنانچہ آہ جگر مین اور آنسو آنکھون مین صائب

شدہ ست سینہ من ہمچو تیغ جوہر دار + ز بسکہ آہ شکست ست در جگر ما را
شکل حماری - شکل عروسی - شکل مامونی - یہ اشکال علم ہندسہ کی ہین میر محمد افضل ثابت چو علم ہندسہ حسن قبول در یابد + کنند شکل حماری بدل بشکل عروس +

شین باللام

شلغم - شلغم زدن - بی فائدہ گفتگو کرنا شرف الدین شفائی شلغم شلغم مزن کہ از تو + شلغم نخرند اہل ادراک +

شین بالمیم

شمع آسیا - وہ شمع جو چکی کے پاس روشن ہو
شمع بالا - محبوب کی تعریف مین بولا جاتا ہو ملا قاسم مشہدی ز سوز سینۂ من شمع بالائی خبردارد + کہ از بال و پر پروانہ دستے بر کمر دارد +
شمع محراب - وہ شمع جو مسجد کی محراب مین روشن ہو میر افضل از فروغ عاریت پاک ست وصلت خانہ ام + زردی رخسارۂ من شمع محراب من ست +
شمع قد - یہ جملہ معشوق کی تعریف مین بولا جاتا ہی آرزو شہید جلوۂ آن شمع قد گل پوشم + دماغ بلبل و پروانہ بر مزارم سوخت +
شمع مزار - وہ شمع جو مزار پر روشن ہو عبد الرزاق فیاض سالہا بیہودہ چون شمع مزار بیکسان + سوختیم و پرتو ما محفلے روشن نکرد +
شمامہ عنبر - یہ ایک گیند چاندی یا سونے کا مجمع بناکر اُسکے اندر عنبر بھر دیا جاتا ہو تا کہ بادشاہ و امرا اپنے ہاتھ مین رکھکر اُسسے خوشبو لیا کرین -
شمع ریز - وہ شخص جو شمع کی بتیان بناتے ہین محسن تاثیر چشم مخمور ترا نا دیدہ نرگس از قلم + شمع می ریزد کہ بر بالین بیمار آورد +
شمع ساز - مرادف شمع ریز - شمع بنانے والا ملا طغرا - چراغی کہ میسازی از جام گل + نمی آید از شمع سازان گل +
شمردن - شمار کرنا - حساب کرنا - قطعہ مکن در گنج دینار و درم جمع + کہ عمرت بگذرد و اندر شمردن + اجازت نیست چون یک حبہ آخر + ازان گنج گران با خویش بردن +
شمشیر در بغل خوابیدن - کمال احتیاط کے ساتھ سونا ابو طالب کلیم بنازم ترک سست را کہ تیغ اندر بغل خوابد + بخونریز اسیران آنچنین باید میان بستن +

طوق نقرہ و طلا - یہ ایک زیور کا نام ہے اور گلے مین پہنتے ہین ہندی مین اسکو ہنسلی کہتے ہین - تاثیر - گر چنین نور فزاید رخ تابان ترا ٭ میکشد طوق طلا طوق گریبان ترا ٭

طوبی قامت - طوبی قد - محبوب کی تعریف مین بولے جاتے ہین اور اسکے قد کی تعریف مین - آصفی ز طوبے قامتان بس باشدم سرو خرامانی ٭ چرا قمری صفت ہر لحظہ بر شاخ دگر باشم ٭ ولہ آصفی طوبے قدان را نشاء سے شد بلند ٭ التماس جرعہ زان مجلس عالی کنیم ٭

طوفان نژاد - جس سے طوفان پیدا ہو شرف الدین شفائی - گریہ طوفان نژادم سر بر خاش می شست ٭ زود رہ کردم و گرنہ کار طوفان کردہ بود ٭

طوق دار - غلام فرمان بردار اور قمری و فاختہ و طوطی و مقید بازنجیرے تابعت مہر ست وہ حلقہ بگوش ٭ گنبد گردان غلام طوق دار ٭

طوق باز - جسکی گردن مین طوق ہو - نظامی - سر زلف معشوق را طوق ساز در افگن بآن گردن طوق باز ٭

طوفان خروش - طوفان خیز - طوفان دیدہ - طوفان رسیدہ - طوفان زدہ - طوفان طراز - طوفان کدہ انکے معانی مشہور و معروف ہین میرزا بیدل - کیفیت طوفان کدہ گریہ مپرسید ٭ از بس ہم اشکم بنظر عالم آب ست ٭ میرزا صائب - طاقت کجاست روی عرقناک دیدہ را ٭ آرام نیست کشتی طوفان رسیدہ را ٭ ولہ از ما حدیث زلف و رخ دستان مپرس ٭ طوفان رسیدہ را زکنار و میان مپرس ٭ ولہ نہم آن سیل کہ دریا نکند خاموشم ٭ کوہ را کشتی طوفان زدہ سازد جوشم ولہ زابراہیم ادہم مپرس قدر ملک درویشی ٭ کہ طوفان دیدہ از آسایش ساحل خبر دارد ولہ داغ ناسور نقش پاہی ریاضی عشق ٭ تیغ سیراب ست موج بحر طوفان زاے عشق ٭ ابو طالب کلیم - دیدہ اسامان یک شبنم کلیم اول نبود ٭ این زمانش موج حسن یار طوفان خیز کرد ٭ طالب آملی - یک لحظہ نیست کین مژہ

طوفان طراز نیست ✤ وا این دل چو شمع طعمہ سوز و گداز نیست ✤

طوطی خط - جوان سبز خط سالک قزوینی - طوطی خطے کہ طعنہ زند بر خط لبش ✤ دارم سرے چو فاختہ بر طوق غبغبش ✤

طومار تصرف - جاگیر و عطیہ کی سند جو بادشاہ سے رعایا وغیرہ کو ملی ہو طومار و اصلات بھی اسی کو کہتے ہین -

طوطی مقال - شیرین زبان و شیرین کلام صفدر فوقانی - خطے مہ چہرہ شکر دہان ✤ دلبر شیرین زبان طوطی مقال ✤

طوفان کردن - کوئی بڑا کام کرنا - صائب فیض مردان در زبان بیخودی افزون ترست ✤ تیغ جوگر دید عریان بیشتر طوفان کند ✤ ولہ بتوان دیدن زکشتی اضطراب بحر را ✤ حسن طوفان بیشتر در خانۂ زین میکند

طوق بردن - یہ ایک ہنر نشانہ بازی کا ہے کہ ایک حلقہ طلائی کسی بلند موقع پر نصب کر کے کہتے ہین کہ جسکا تیر اسمین سے گذر جائے طوق لے جائے پس جسکا تیر حلقہ کے اندر سے گذر جاتا ہے طوق لیجاتا ہے اور یہی کام نشانہ کا بذریعہ نیزہ کے کیا جاتا ہے یعنی جو سوار گھوڑا دوڑائے ہوے آئے اور طوق کو اپنے نیزے کی نوک سے لیجائے طوق اسی کا ہو نظامی ✤ سیمین ترنج گوے آنگیختہ ✤ بر و طوقی از غبغب آویختہ ✤ بران طوق و گوے آن مہر جوے ✤ زمہ طوق بردہ زخورشید گوے

طوطی صاحب سلامت گو - وہ طوطی جسکو صاحب سلامت کے الفاظ پڑھائے جاوین ملا قاسم مشہدی - درمیان نوخطان باقی ہمہ نیرنگ بست ✤ طوطی صاحب سلامت گو خط شبرنگ است ✤

طوطی پس آئینہ - طوطی کی تعلیم دینے کے لیے یہ کام کیا جاتا ہے کہ آئینہ طوطی کے مقابل رکھ کر الفاظ بولے جاتے ہین طوطی کو جو اپنی شکل آئینہ سے نظر آتی ہے سمجھتا ہے کہ طوطی میرے روبرو وہی یہ لفظ بول رہا ہے حافظ در پس آئینہ طوطی صفتم داشتہ اند ✤ آنچہ استاد ازل گفت ہمان میگویم ✤

طوق عنبرینہ - نیا خط جو معشوق کے رخسار پر نکلے -

طوق ماہ - چاند کا ہالہ -

طای با ہای ہوز

طہارت جای - طہارت خانہ - نہانی اور وضو کرنے کی جگہ حکیم سنائی علم در دست جاہل خود رای ✤ چون چراغی ست در طہارت جاے ✤

طا با یاے

طی شدن - ختم ہونا - بس ہو جانا - میسر ہونا - بیدل - زخود گذری ہوگیرہ و منزلے باشد ✤ رہ ہر کشش طی شد بیک گام پریشانی ✤

چوتھی فصل

اردو اصطلاحات و محاورات مین

طای با الف

طاق پر رکھا رہنا - نکما و ناکارہ ہو جانا - الگ و جدا ہو جانا کیف عشق نے ایسا کیا بیخود ہمین ✤ شیشۂ مے طاق پر رکھا رہا ✤

طاق ہونا - اکیلا ہونا - بے مثال ہونا - طاقت ہونا قطعہ صفدر فوقانی اٹھنا اور بیٹھنا ہوا موقوف ✤ ایسا طاقت سے ہو گیا ہون طاق ✤ گھڑیان گنتا ہون اپنی زندگی کی ✤ کوئی دم مین حساب ہے بے باق ✤ حکیم انور لاہوری - عاشقون مین شہرۂ آفاق ہون ✤ عاشقی اور دل لگی مین طاق ہون ✤

طالع چمکنا - قسمت یا بھاگ جاگنا - نصیبہ کھلنا صفدر رامپوری ظلمت ہجر گئی ماہ منور چمکا ✤ بخت بیدار ہوے طالع صفدر چمکا ✤

طاق بھرنا - مسجد یا کسی بزرگ کے مزار پر چراغ جلانا -

طاے با باے

طباقی کتا - ٹکڑے کا دوست - مطلب کا یار - مفت خورہ - گھر گھر پھرنے والا -

طبق چھوڑنا - نذر نیاز کرنا - صہنک دینا - جان صاحب - پریون کا طبق چھوڑ ونگی دیوانی نہ ہو جاؤن ✤ کچھ کھوٹ ہے جو خواب مین دریا نظر آیا ✤

طبقہ الٹ جانا - زمانہ گردش مین آنا - وقت بدل جانا اور ہی رنگت نظر آنا - قطعہ از مؤلف - اچھے لوگون کا دار عالم سے نیست و نابود ہو گیا طبقہ ✤ اب وہ انسان رہے نہ وہ حیوان ✤ یک قلم کیا الٹ گیا طبقہ ✤

طبلہ کھڑکنا - طبلہ بجنا - ناچ رنگ ہونا - مؤلف - یہ دھڑ خصم مین جدائی کے ہمیشہ دل دھڑکتا ہے ✤ دھڑ عیش و خوشی سے رات دن طبلہ کھڑکتا ہے

طبیعت الجھنا - جی پریشان ہونا - پراگندہ خاطر ہونا -

طبیعت آنا - عاشق ہونا - فریفتہ ہونا - جی آنا - دل آنا - شوق جب طبیعت کسی پہ آئیگی ✤ جتنی حکمت ہے بھول جائیگی ✤

طبیعت بگڑنا - ناراض ہونا - رنجیدہ ہونا - برداشتہ خاطر ہونا - گھبرانا - جی متلانا - مولانا اکبر لاہوری - اچانک بے سبب انکی طبیعت جب بگڑتی ہے ✤ بلا ہوتی ہے نازل تازہ آفت ہم پہ پڑتی ہے ✤

طبیعت بھر جانا - جی بھر جانا - سیر ہو جانا -

طبیعت لڑانا - طبیعت کو لڑانا کسی تدبیر کی درستی کے لیے طبیعت پر زور ڈالنا -

طبیعت لڑنا - کسی بات کے حل کرنے مین طبیعت کا پہنچ جانا - مائل و راغب ہونا

ذوق - واہ کیا کیا طبیعت اپنی بھی عشق مین ابتدا سے لڑتی ہے -

طبیعت لگنا - دل کا مشغول ہونا جی لگنا مفتی حیدر - محبت کے بہت مضبوط ہین الفت کے سخت ہین ٭ اُکھڑتی پھر نہین ہرگز طبیعت جس سے لگتی ہے

طبیعت ہونا - جی چاہنا - رغبت ہونا شوق - ستیاناس جائے غارت ہو ٭ او ریہ جسکی کچھ طبیعت ہو ٭

طبعزاد - اپنی طبیعت سے نکلی ہوئی بات شعر ہون یا مضمون یا کوئی تجویز و اختراع

طبیعت دار - ہوشیار زود فہم -

طباق سا منھ - چوڑا چپٹا بھدا منھ - بے حیا - بے شرم یہ لفظ اکثر عورت کی نسبت بولی جاتی ہین -

طای با رای

طراری بھرنا - سرپٹ دوڑنا - فوراً کسی تحریر کو پڑھ لینا بے توقف کام کرنا -

طرح اڑانا - کسی کی وضع سیکھ لینا - انداز حاصل کرنا

طرح دینا - بے پروائی کرنا چشم پوشی کرنا - ٹال دینا - روگردانی کرنا - صفدر رقو قالی - دے کے آوازین بلا لیتے ہین پاس ٭ دوسرے اغیار کو پہچان کے ٭ پرسر رہ دیکھتے جب ہمکو ہین ٭ طرح دے جاتے ہین جانان جان کے ٭

طرح ڈالنا - بنیاد ڈالنا - تدبیر کرنا - نیو رکھنا کسی عمارت کی - چراغ دین روشن - خود گراتے ہین اس عمارت کو ٭ جسکی ہم پہلے طرح ڈالتے ہین -

طرح اڑانا - دوسرے شخص کی طرز و روش اختیار کر لینا - ڈھنگ سیکھ لینا - ناسخ - ہر نالے مین سو ٹکڑے جگر ہوتا ہے بلبل ٭ آسان نہین طرز اڑانے میرے دل کے ٭

طرحدار ہونا - اچھی وضع کا ہونا اچھے ڈھنگ کا ہونا صفدر رامپوری - ایک ہو لاکھ جوانون مین طرحدار بھی ہو ٭ رشک یوسف بھی ہو عاشق بھی ہو زردار بھی ہو -

طرفدار ہونا - طرفداری کرنا - پاس کرنا - حمایت کرنا - امداد پر ہونا نثار - سنیگا کون بھلا حشر مین مری فریاد ٭ وہان بھی تیری طرف ہونگے سب یہان کی طرح ٭ مولانا اکبر - اگر ہو باغبان ہی دشمن جان ٭ تو پھر کون بلبل کا طرفدار ہے ٭

طرحدار - خوبصورت - وضعدار - چھبیلا - رنگیلا جوان ؎ وہ دل کو ہر طرح سے چھین لیگا ٭ حسین جو دلربا ہو اور طرحدار ہے ٭

طرفۃ العین مین - بہت جلد اور شتاب - مؤلف - جو چاہے کرے طرفۃ العین مین ٭ وہ خلاق و رزاق و پروردگار ٭ کرے کسکی طاقت ہے

چون و چرا ٭ بحکم خداوند لیل و نہار ٭

طرفہ معجون - انوکھا - عجیب - نادر -

طرفہ یہ ہے - تعجب یہ ہے - انوکھی بات ہے -

طای با شین

طشت از بام - ظاہر ہونا - مشہور ہونا - شہرت پانا - راز کھل جانا - ؎ چھپ سکے کیونکر بھلا اغیار سے ٭ دوستو عشق اپنا طشت از بام ہے ٭

طشت چوکی - طشت اور چوکی جو پاخانہ پھرنے کے لیے پاخانہ مین رکھا رہتا ہے

طای با عین

طعن توڑنا - آوازہ کشی کرنا طعنہ مارنا - رمز سے کلام کرنا - بولی مارنا -

طای با فای

طفیلیا - خوشامدی پیچھے لگو اور وہ جس سے بذات خود کوئی کام نہ ہو سکے دوسرے کی امداد کا محتاج ہو قطعہ از مؤلف اپنا مرنا ہمین گوارا ہے غم فرقت مین تیرے اے دلبر ٭ پر نہ جائینگے تیری محفل مین ٭ غیر کے ہم طفیلیا بنکر ٭

طفل مکتب ہونا - نادان ہونا - بیوقوف ناتجربہ کار ہونا - مبتدی ہونا - طالب علم ہونا -

طای با لام

طلب بجھانا - خواہش کو رفع کرنا -

طلب بانٹنا - تنخواہ تقسیم کرنا -

طلسم باندھنا - انوکھی بات کرنا عجیب و غریب تماشا دکھلانا -

طای با نون

طنطنہ دکھانا - دبدبہ دکھلانا - شان و شوکت دکھلانا -

طای با واو

طور بےطور ہونا - حال بگڑ جانا - قریب مرگ ہونا غیر حالت ہونا مؤلف - مسیحا کیجیے میرے حال پر غور ٭ کہ اس بیمار کے ہین طور بےطور ٭

طوطی بلوانا - نام پانا شہرت حاصل کرنا - نظیر - بولے جو شوم بھڑوا مار کے سر پہ جوتی ٭ دو دن تو دوستون مین بلوا لے اپنی طوطی ٭

طوطی بولنا - مشہور ہونا - شہرت پانا - زمانے کا موافق ہونا معقول آمدنی ہونا - **قطعہ از مؤلف** - جہان مین ہین شرارت پیشہ جتنے ٭ انھین کا آج طوطی بولتا ہے ٭ بڑی عزت ہے انکی اور بڑا نام ٭ بڑا درجہ اور رتبہ بڑا ہے ٭

طوفان اٹھانا - طوفان مچانا - بہت سا غل شور مچانا - قیامت برپا کرنا - **قطعہ از مؤلف** - نہ پہونچے کان تک ایک اسکی آواز ٭

نہ رحم کسکے دل سنگین مین آیا ٭ قیامت ہمنے برپا کی بہت سی ٭

طوفان آنا۔ سخت بارش ہونا یا سخت آندھی چلنا سیلاب آنا مؤلف ۔ آہ کا اُٹھا دھوان ہر چار سو ٭ آنسوون کا ایک طوفان آگیا ٭

طوفان کھڑا کرنا ۔ طوفان اُٹھانا ۔ طوفان لگانا ۔ طوفان باندھنا ۔ طوفان جوڑنا ۔ کسی پر ناحق الزام قائم کرنا ۔ جھوٹی تہمت دھرنا ۔ بہتان بنانا ۔ مومن ۔ مین تو بولا ہی نہین کسنے کیا ہی شکوہ ٭ جھوٹ طوفان نہ اُٹھا خیر ہی برہم ست ہو ٭

طول پکڑنا ۔ طول کھینچنا ۔ بات کا بڑھ جانا ۔ کسی بیماری کا بڑھ جانا مؤلف ۔ طول دیتا ہین قصیدہ زلفون کا ٭ کیا کرون قصہ کھینچتا ہی طول ٭

طومار باندھنا ۔ طول طویل کہانی لکھنا جھوٹ کے پل باندھ دینا ۔

طویلے کی بلا بندر کے سر پڑنا ۔ ایک کام کا جرم یا الزام دوسرے شخص پر قائم ہو جانا ۔ قطعہ از مؤلف ۔ رقیب روسیہ پر ہی جو الزام ٭ ہمین ناحق لگا دیتے ہین دلبر ٭ اسی پر یہ مثل آتی ہی صادق ٭ طویلے کی بلا بندر کے سر پر ٭

طای با ہای ہوز

طہارت کرنا ۔ آب دست لینا ۔ استنجا کرنا ۔ وضو کرنا ۔ منہ ہاتھ دھونا ۔ نہانا ۔

طای با یاے

طیش مین آنا ۔ خفا ہونا ۔ جھنجھلانا ۔ جوش مین آنا ۔ غصہ کرنا ۔ قطعہ از مؤلف ۔ ہم جتنے نرم ہوتے ہین وہ گرم ہوتے ہین ٭ آتے ہین طیش مین سبھی ہر ایک بات پر ٭ پوری ہوئی نہ ایک بھی اس چند سال مین ٭ جتنی امیدین ہمکو تھین دلبر کی ذات پر ٭

پانچوین فصل

لغات متعلق علم طب کے بیان مین

طای با الف

طالیسفر ۔ یہ ایک درخت کا پوست ہی دارچینی سے ذرا موٹا تیز اور کم خوشبو اشقر مائل سیاہی زعفران کی بو طبیعت اسکی معتدل گرمی اور سردی مین دافع لقوہ و فالج ولفث الدم و بواسیر و قروح الامعاء و درد دندان ہی

طاؤس ۔ مشہور پرندہ ہی جسکو ہندی مین مور کہتے ہین دم اسکی بہت بڑی ہوتی ہی جب ناچتا ہی تو دم کو چتر کر لیتا ہی بلی کی سی اسکی آواز ہی برس مین ایکبار انڈے دیتا ہی گوشت اسکا گرم اور خشک سخت ثقیل اور دیر ہضم مگر شوربا اسکا درد پہلو اور ذات الجنب کو مفید ہی اور مقوی باہ ۔

طالیقون ۔ یہ ایک قسم کا تانبا زرد رنگ پیتل کے رنگ پر ہوتا ہی تانبے کی کان مین ملتا ہی آگ مین گرم کرنے اور ٹھوڑے کوٹنے سے سیاہ نہین ہوتا

طبیعت اسکی گرم و خشک سمیت اسمین غالب ہی اگر مو چینہ اس سے بناوین اور بال اکھاڑین تو پھر نہ نکلینگے اور اگر مچھلی کا کانٹا بناوین تو مچھلیان بہت پکڑی جائینگی اور اگر گرم کرکے کسی پانی مین ڈبوئین تو وہ پانی کوئی جانور نہ پئیگا

طای با باے

طباشیر ۔ مشہور دوا ہی جو بانس کی لکڑی سے نکلتی ہی اسلیے اسکو ہندی مین بنسلوچن کہتے ہین طبیعت اسکی سرد اور خشک مفرح و مقوی دل و معدہ و جگر ہی پیاس کو بجھاتی ہی اور دافع اسہال صفراوی و دموی ہی ۔

طباق ۔ اس نہال کو فارسی مین سپرغم کہتے ہین صغیر اور کبیر دو قسم پر منقسم ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک پھول صغیر کا مقوی کبد اور رود اور معدہ کے مفید ہی اور واسطے دفع سموم حیوانی تریاق کبیر کا پھول دافع مرض لقوہ اور جھول پتون کے عصارے کا دافع جنین ۔

طحلب ۔ وہ سبزی جو استادہ پانی پر آجاتی ہی ہندی مین اسکو کائی کہتے ہین طبیعت اسکی سرد تر ضماد اسکا واسطے بند کرنے خون اور دفع مرض باد و تحلیل اورام کے مفید ہی اگر خشک کرکے کھائین تو صفراوی دست بند ہو جاوین

طحال ۔ یہ ایک عضو کا نام ہی جو انسان کے اندرونی اعضا مین سے بائین طرف دل کے نیچے برنگ کبود موجود ہی نہایت نرم و تخمینہ طبیعت اسکی سرد و خشک دیر ہضم ردی الکیموس مولد خون ہی دوا ہی قاطع نزف الدم اور انار بال دینے والا زخمون کا ہی ۔

طای با راے

طرفا ۔ ایک درخت کا نام ہی جسکو ہندی مین جھاؤ کہتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک قابض و رادع و محلل و دافع جذام و یرقان ہی مسوڑھون کو طاقت دیتا ہی دستون کو بند کرتا ہی ۔

طراثیث ۔ یہ ایک بوٹی کا نام ہی جسکی پتی چنے کی پتیون کی طرح ہوتی ہی ذائقہ ذرا میٹھا طبیعت اسکی سرد خشک قابض حابس اسہال مقوی کبد و معدہ دافع سیلان خون و استسقای ہی ۔

طریخ ۔ فارسی مین اسکو تارخ کہتے ہین یہ ایک مچھلی بقدر ایک بالشت کے سفید رنگ دریای فارس مین کثرت سے ملتی ہی بڑی کم جسم پر گوشت اور لذیذ طبیعت اسکی گرم اور خشک مشتہی اور جالی قاطع بلغم و دافع تپ لرزہ کھانا اسکا روغن بادام مین بریان کرکے بدن کو موٹا کرتا ہی ۔

طرفیدوس ۔ ایک گھانس ہی بہت سی اسکی شاخین ہوتی ہین اور پتی ایک شاخ پر چنے کے حیوانی زہر دفع کرنے مین یہ استعمال کی جاتی ہی ۔

طراغشون - یہ ایک گھاس ہی کہ گیہون کے کھیت مین پیدا ہوتی ہی پتی نازک اور باریک اسکا پانی نکالکر سرمہ آنکھین پیسا جاتا ہے اور آنکھون مین لگایا جاوے تو دمعہ کی بیماری کو اچھا کرتا ہی-

طراغین - یہ ایک گھاس ہی بقدر ایک بالشت کے زمین سے اونچی ہوتی ہی بغیر پتی کے اور سر پر ایک پھل بقدر دانہ گیہون یا چھوٹی قسم کی انگور کے طبیعت اسکی گرم وخشک اسکا پانی اگر شراب کے ساتھ پیا جاوے تو رحمی رطوبات کو دفع کرتا ہی کھانسی کے دفع کرنے کیلیے اسکو استعمال کرتے ہین

طراغیون - یہ گھاس دو قسم کی ہوتی ہی ایک بڑی جسکی پتی ہوتی ہی گوند بھی اسکی ببول کے گوند کی طرح حاصل ہوتا ہی دوسری چھوٹی جسکی پتی نہین ہوتی اسکا پھل سرخ بقدر دانہ گیہون کے طبیعت ان دونون اقسام کی گرم وخشک ہی مدر حیض ہین اور مسقط جنین-

طرخون - یہ سبزہ فارس کے ملک مین بکثرت ہوتا ہی اور سبزیون کیطرح لوگ اسکو کھاتے ہین جنگلی اور باغی دونون قسم کا ہوتا ہی جنگلی کی جڑ کا عاقرقرحا ہی جو مشہور دوا ہی اور بستانی کھانے مین آتا ہی طبیعت اسکی گرم وخشک محلل ریاح و اخلاط لزجہ مفتح سدہ مقوی معدہ ہی منھ مین رکھین تو منھ کی بدبو جاتی رہتی ہی-

طرنقلین - یہ ایک بوٹی ہی جو ایک بالشت کے قریب زمین سے بلند ہوتی ہی شاخین باریک اور سیاہ اذخر کی طرح پھول بنفشی جڑ لمبی ورسخت طبیعت گرم اور خشک مقوی جگر اور مدر بول دافع صرع و استسقا درد رحم و عسر البول ہی-

طرنقویلیون - یہ سبزہ بقدر ایک بالشت کے زمین سے اونچا ہوتا ہی پتی اسکی مانند پتی نیل کے پھول اسکا صبح کو سپید دوپہر کو بنفشی رنگ اور سرخ ہو جاتا ہی جڑ اسکی خوشبو اور سپید بو سونٹھ کی سی طبیعت اسکی گرم وخشک مقوی معدہ وجگر قاطع اخلاط سرد دافع خفقان و سموم ہی-

طراشنہ - یہ گھاس دو قسم کی ہوتی ہی ایک قسم وہ پتی جسکی جنگلی شلغم کی سی پھول زرد جڑ سفید ہوتی ہی دوسری قسم کی سبزی مائل بزردی قد چھوٹا پتی باریک ہین طبیعت انکی گرم وخشک ہی اسکا عصارہ اگر سرمہ مین ملاکر آنکھون مین لگائین آنکھ کی سپیدی کو دفع کرتا ہی ضعف کبد وطحال و استسقا کا علاج ہی-

طای با فاء

طفشیل - اغذیہ قدیمہ سے ایک غذا کا نام ہی جو عدس مقشر سے کہ مین پکائی جاتی ہی قلیل الغذا مقوی معدہ مسکن تیزی خون تپ مرکب کا علاج ہی-

طاے با لام

طلع - فارسی مین اسکو موز کہتے ہین اور ہندی مین کیلا مشہور پھل ہی اسکے فوائد اور خواص موز کے لفظ مین تحریر ہونگے انشاء اللہ تعالی

طلع - درخت خرما کا شگوفہ طبیعت اسکی سرد اور خشک مقوی معدہ قابض طبع مسکن گرمی وتیزی خون دافع تشنگی واسہال ہی-

طلق - معرب تلک عربی مین اسکو کوکب الارض اور عرق العروس کہتے ہین فارسی اور ہندی مین ابرک مشہور ہی یہ ایک جسم معدنی پارہ خالص اور تھوڑی گندھک سے پیدا ہوتا ہی ارضیت اور یبس اسپر غالب ہی فاعل اسکی لسگی کا برودت ہی یمانی اندلسی ہندی تین قسم کا ہوتا ہی بہتر سب مین یمانی ہی آگ مین یہ کیلا نہین جلتا نوسادر وغیرہ ملاکر اسکا کشتہ کرتے ہین طبیعت اسکی سرد وخشک اسکا کشتہ بہ اردون بیماریون کا علاج ہی خصوصا اور جگر کی حرارت کو بہت جلد دفع کرتا ہی

طلای - انگور کے شیرہ کو آگ پر جوش دین نصف تک جل جاوے تو اسکو طلا کہتے ہین طبیعت اور خواص و تاثیر مین یہ انگوری شراب کے برابر ہی

طای با یای

طین قیمولیا - یہ وہ مٹی ہی جسکو کھریا مٹی کہتے ہین طبیعت اسکی سرد وخشک مجفف ومحلل وقابض وہاضم وحابس اسہال صفراوی ومسکن بخور من معدہ ہی

طین جلود - یہ ایک خاک سرخ تیرہ رنگ چکنی ہوتی ہی جس سے جانورون کے چمڑے رنگتے ہین طبیعت اسکی گرم وخشک ساتھ قوت قابضہ کے لیپ اسکا محلل اورام ہی اور ریاحی ودافع اسہال-

طین صوفی حمید - یہ ایک مٹی سفید خوشبو بلاد شیروان لقبہ صوفی حمید لاتے ہین حیوانی سموم کے دفع کے واسطے یہ مٹی تریاق اعظم ہی-

طین احمر - سرخ مٹی ہندی مین اسکو گیرو کہتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک ادویات مین مستعمل ہی-

طین اخضر - سبز رنگ مٹی شیراز سے لاتے ہین طبیعت اسکی سرد اور خشک ایران کی عورتین اسکو آگ مین بھون کر کھاتی ہین دل کے دھڑکنے کو تسکین دیتی ہی اور بدن پر ملکر نہانے سے بدن نرم وصاف رہتا ہی

طین اصفر - یہ زرد مٹی مائل بہ تیرگی حوالی شہر قسطنطنیہ سے لاتے ہین طبیعت اسکی سرد اور خشک قابض وحابس ہی نفث الدم ونزف الدم کی بیماریون کو دفع کرتی ہی اکثر لوگ اس سے زرد کپڑے رنگ لیتے ہین-

طین حر - یہ ایک مٹی ڈھیلی ہی کہ خالص بہت سبز مشابہ ریحان کے ہی اگر اسکو دھوان دین تو خوشبو اور خوش مزہ ہو جاتی ہی اکثر لوگ اسکو کھاتے ہین جنکو عادت مٹی کھانے کی ہوتی ہی کہ مضرت

اسکی اور مٹیون سے کم ہی۔

طین مصر۔ یہ مٹی بہت سپید خط دار اور خاکستری رنگ مصر سے لاتے ہین اور جلا کر کھاتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک دافع اسہال الدم و استسقا و ورم طحال و دیگر اورام کہنہ ہی۔

طین اقریطس۔ یہ خاک خاکستری رنگ کی ہی انگلی لگانے سے ٹوٹ جاتی ہی مشابہ پھٹکری کے اسکا ذائقہ ہی مگر اس سے کم طبیعت اسکی گرم و خشک دافع قرحہ چشم مانع اسقاط حمل و محافظ جنین و دافع اورام خبیثہ ہی۔

طین ساموس۔ یہ مٹی کئی قسم کی ہوتی ہی ایک سفید صاف بھی تھوڑی براق کھرنڈ ملتی ہوئی دوسری خاکستہ صاف بھی نرم تیسری بہت سفید نرم ہلکی جو زبان پر رکھین تو چپک جائے طبیعت انکی سرد اور خشک قاطع خون حیض و دافع سموم گرم و اورام خبیثہ ہی۔

طین ابیض۔ یہ ایک سپید مٹی لیسدار حجاز مین ملتی ہی طبیعت اسکی سرد و خشک اکثر ادویات مین مستعمل ہی۔

طین المختوم یہ ایک مٹی سرخ رنگ جزیرہ ملیون جو ایک جزیرہ جزائر مغرب سے ہی لاتے ہین وہان ایک عبادت گاہ ارطاس عابد کی بنی ہوئی ہی اور خادم مسجد کی ایک عورت رہتی تھی وہ مٹی کی ٹکیہ بنا کر اور اسپر مہر لگا کر رکھ چھوڑتی ہی اور بطور تبرک لوگون کو دیتی ہی اور نقد جسقدر کوئی دیوے لیتی ہی بادشاہان روم و یونان وغیرہ کے پاس بھی وہ قرص جاتے ہین طبیعت اسکی سرد و خشک مفرح و مقوی دل و معدہ دافع سموم ہی۔

طین۔ خاک ہندی ہین مٹی کو سریانی مین چشما کہتے ہین عمدہ مٹی وہ ہوتی ہی جو حر ہو یعنی خالص ہو شور و گندھک وغیرہ اسمین ملا ہوا نہو میٹھا پانی اسمین ہو یا وہ میٹھے پانی سے نکالی گئی ہو طبیعت مٹی کی عموماً سرد و خشک ہی مگر مٹی دریائے شور اور کڑوے پانی اور کان نمک کی گرم و خشک مجفف جالی مسدد حابس اسہال محلل اورام مسکن سوزش و گرمی معدہ ہی۔

طراثہ۔ یہ ایک بوٹی قطر کے مشابہ ہی بلکہ اس سے بڑی رات کو چراغ کی طرح چمکتی ہی زیتون یا بلوط کے درخت کے نیچے پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک یہ گھاس سموم قتالہ سے ہی اسکے سونگھنے سے بھی انسان بیہوش ہوجاتا ہی کھانے سے فی الفور مر جاتا ہی۔

طین مدینہ۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے شہر کی مٹی اور حضرت سید الشہدا امیر حمزہ کے مزار پر انوار کی مٹی حصول صحت کے لیے لوگ کھاتے اور شفا پاتے ہین کربلائے معلی کی مٹی وہی تاثیر رکھتی ہی۔

طین ارمنی۔ یہ مٹی کلیجی کے رنگ یعنی سرخ و سیاہ نرم اور چکنی اور شیرین اور خوشبو ہوتی ہی ارمینیہ اور ایران سے لاتے ہین طبیعت اسکی سرد و خشک قابض مقوی دل اور رحم و امعا و مقعد کے امراض کا علاج ہی۔

طین اندلسی۔ یہ ایک قسم کی مٹی سیاہ رنگ کثیف اندلس سے لاتے ہین واسطے تحلیل اورام کے ضماداً اور طلاءً نافع ہی۔

طین خراسانی۔ یہ مٹی بہت خوشبودار خوش مزہ ساتھ تھوڑی [illegible] کے بعض کبھی بعض بھون کر اسکو کھاتے ہین اور کستوری بھی اسمین ملا لیتے ہین طبیعت اسکی سرد و خشک مقوی معدہ مانع قے ہی اور دافع جوع کلبی و ہیضہ ہی۔

طین داغستانی۔ یہ مٹی داغستان و دربند سروان ملک آذربائیجان سے لاتے ہین کئی رنگ کی ہوتی ہی عمدہ قسم خاکی رنگ کی [illegible] اسکی سرد اور خشک مفرح قوی دافع خفقان و [illegible] طبیعت [illegible] ہی۔

طین فوقی۔ یہ ایک مٹی ناحیہ فوق بلادہ حلب سے لاتے ہین سیاہ اور سپید رنگ طبیعت سرد و خشک مجفف و قابض و حابس اسہال و ناشف رطوبات معدہ ہی۔

طین رومی۔ یہ خاک گلابی رنگ بعض سپید مائل بکبودی و خوشبو طبیعت اسکی سرد و خشک مجفف و قابض اگر یہ مٹی کاسنی کے پانی کے ساتھ پلکون کے ورم پر طلا کرین مفید ہو۔

طین فارسی۔ گل شیرازی اور گل سرشو بھی اسکو کہتے ہین یہ مٹی سپیدی زردی مائل ہی طبیعت اسکی سرد و خشک واسطے درد پیچ کے نافع ہی۔

طین قبرسی۔ یہ مٹی سرخ چکنے والی خوشبو ہی اگر توڑین تو اندر سے رنگین زرد رنگ نکلتی ہی ہاتھ مین ملین تو ہاتھ رنگین ہوجاتا ہی طبیعت اسکی سرد و خشک معدہ اور امعا کے کرمون کے مارنے کے لیے بہتر اس سے کوئی علاج نہین ہی اگر حقنہ کے ذریعہ سے دوا اندر پہونچائی جاوے تو ... کو دور کرتی ہی اور ورام کو تحلیل کرتی ہی۔

طین الکرمی۔ یہ مٹی کالی بدبو کوئلہ کی طرح بلاد سودیا سے لاتے ہین صنوبر کی لکڑی سے یہ نکلتی ہی طبیعت اسکی سرد و خشک سرمہ مین پیس کر آنکھون مین لگائی جاوے تو پلکون کے گرے ہوئے بال نکل آتے ہین پرانے زخمون کا یہ علاج ہی۔

طین ملتانی۔ یہ مٹی بریت دار درمیان سرخی اور زردی اور سفیدی کے ہی طبیعت اسکی گرم و خشک جالی و محلل اورام ہی۔

طین الجزیرہ المصطگی۔ یہ مٹی بریت دار شگفتہ جزیرہ مصطگی سے لاتے ہین

ہیپید مائل بخاکستری پانی مین ڈوب جاتی ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک
جالی ومفتح وجاذب خون ہی رخسارون کے رنگ کو روشن کرتی ہی جو
زخم آگ سے جلکر بدن پر پڑجائے اسکو جلد اچھا کرتی ہی۔

بیسوان باب

ظاے معجمہ کے ذکر مین اسمین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

لغات فارسی وعربی وغیرہ مین

ظاے با الف

ظاہر - سب کے سامنے سب کے روبرو برملا۔ باہر شہر کے جو میدان
ہو یعنی حوالی شہر وقصبہ مقابل باطن کے صفدر فوقانی۔ ہو الاول
ہو الآخر ہو الظاہر ہو الباطن ٭ ہو الخالق ہو الرازق ہو المالک ہو المولیٰ +

ظاے با باے

ظبی - بفتح اول وسکون ثانی آہو یعنی ہرن جو مشہور جنگلی جانور ہی۔
ظبا - بکسر اول اسکی جمع ہی۔

ظاے با راے

ظرافت - خوش طبعی ہنسی خوش مزاجی ظہوری بشکر لبان ظہوری
ظرافتے دارند مہ خوشم کہ بادۂ قابل لب ظریف شوم ٭
ظریف - صاحب ظرافت ۔خوش طبع ۔خوش مزاج ۔ زیرک آدمی ۔
یکے بد مزاج ست دیگر ظریف ٭ یکے صاحب زور ودیگر ضعیف ٭
ظرف - زیرکی وخوش طبعی وخوش مزاجی اور برتن جسمین کوئی چیز
رکھی جائے اور انسان کا حوصلہ۔ ملا وحشی ۔ این ظرف بین گرسنہ
لبان را بقطرۂ ٭ صد احتیاج ہست وتمنائے کنند ٭ مولف
اگر فراخی از خدا خواہی مباش ٭ تنگ ۔ ظرف وتنگ چشم و
تنگ دل ٭

ظاے با عین مہملہ

ظعن - کوچ کرنا ۔ چلنا ۔ رحلت کرنا ۔
ظعین - چلنے والا ۔ کوچ کرنے والا ۔
ظعینہ - وہ نوعروس جو ابھی ہودج یعنی حملہ مین ہو ۔

ظاے با فاے

ظفر - بفتحتین فتح وفیروزی ؎ حق میان تاجداران تاج زر بخشد ترا ٭
وقت میدان بر عدو فتح وظفر بخشد ترا ٭
ظفر - بضم اول انگلیون کے ناخن ۔

ظاے با لام

ظلمت - بفتحتین وبضم اول تاریکی ۔ اندھیرا ۔ امیر خسرو ۔ در خیال
روے وموے تست ہر شب ٭ ظلمت شب میکشم مہتاب ہم ٭
ظلمات - بفتحتین وبضم اول جمع ظلمت تاریکی اور وہ تاریکی جسمین
آب حیات ہی مولف بوقت خضر مخور زغم کہ درمیان جہان ٭ مقام
چشمۂ آب حیات ظلمات ست ٭
ظلیت - سایہ ہونا ۔
ظلف - بکسر اول وہ جانور چوپایہ جسکا سم پھٹا ہوا ہو جیسے گاے
اور بکری اور ہرن وغیرہ اور جن چوپایون مین گھوڑا اور گدھا اور
خچر اور گورخر وغیرہ کے سم پھٹے ہوے نہین ہین انکو حافرہ کہتے ہین ۔
ظل - بکسر اول وتشدید لام سایہ وخیال ونمونہ اور سایہ ابتدا
روز کا جو مشرق سے مغرب کی سمت پڑتا ہی ؎ شہنشاہ دیجاہ
ظل اللہ ٭ جو خود سایہ گستر دہ شام وپگاہ ٭
ظل ظلیل - سایہ دراز اور وہ سایہ جو ہمیشہ رہے تمام وکامل سایہ
؎ ۔ ذات والا ش بشکل آفتاب ٭ در جہان ظل ظلیل ایزدی ست +
ظلال - بفتح اول ابر کا سایہ اور وہ جگہ جو سایہ دار ہو ۔
ظلال - بکسر اول جمع ظل بہت سے سائے ۔
ظلم - بضم اول وسکون ثانی ستم وتعدی ؎ ناشب عجب دارم خدا ابرار را
این ظلم نمایان را ٭ کہ بیش چشم من آئینہ زان رخسار گل چیند ٭
ظلم - بفتحتین تاریکی اور تاریک ہونا ۔
ظلم - بضم اول وفتح ثانی جمع ظلمت بہت سی تاریکیان ٭
ظلوم - بفتح اول وضم ثانی نہایت ظلم کرنے والا ۔ بڑا ظالم ۔
ظلام - بفتح اول تاریکی اول شب یعنی پہلی رات کی تاریکی ۔
ظلام - بکسر اول جمع ظلمت بہت سی تاریکیان ۔
ظلام - بفتح اول وتشدید لام بہت ظلم کرنے والا ۔
ظل اللہ - خدا کا سایہ بادشاہ اولی الامر ۔
ظلمۃ - بفتح اول وثانی وثالث بہت سے ظالم
جمع ظالم کی ۔
ظلہ - سائبان وخیمہ وابر اور ہر چیز جو سایہ کرے ۔
ظلمانی - بفتحات تاریک ۔

ظاے با میم

ظما - بفتحتین پیاسا ہونا ۔
ظماء - بکسر اول بہت سے پیاسے لوگ ۔

ظاے با نون

ظنت - بکسر اول و تشدید ثانی کسی تہمت باندھنا - بہتان جوڑنا -
ظنون بفتح اول بدگمان -
ظن بفتح اول و تشدید ثانی گمان جو کسی کی نسبت ہو اور تہمت میر معزی
قبول بود ہمہ ظن من بادل کار ہہ کنون معائنہ دیدم ہر انچہ ہر دم ظن +
سعدی - بخاطر درم ہرگز این ظن نرفت + ندانم کہ گفت آنچہ بر من نرفت +

ظاے با ہاے

ظہار - بکسر اول باہم پشت ہونا -
ظہر - بضم اول زوال کا وقت اور وہ نماز جو مسلمان بعد زوال کے پڑھتے ہین -
ظہر - بفتح اول پشت یعنی پیٹھ -
ظہر - بفتحتین وہ درد جو پشت مین ہو -
ظہور - بضم پیدا ہونا - غالب ہونا نور الدین ظہوری ترا چہ رتبہ
کہ اندیشۂ وصال کنی + ادب خوش ست ظہوری چنین ظہور مکن +
ظہیر - یاری دینے والا - مددگار پشت پناہ اور وہ شخص جسکی پشت مین
درد ہو اور نام ایک شاعر کا جو فاریاب مین رہتا تھا ؎ دیوان ظہیر
فاریابی بدزد کعبہ بدزد گر بیابی +
ظہارہ - بکسر اول قبا کا ابرہ -

ظاے با یاے

ظئیر - بکسر اول و سکون ہمزہ جو بصورت یا ہے دایہ جو دوسرے شخص کے
بچے کو دودھ دیوے +

دوسری فصل

اردو لغات کے بیان مین

واضح ہو کہ اس فصل مین کوئی اردو لغت لائق اندراج دستیاب نہین ہوا
سب لغت عربی ہین جو پہلی فصل مین تحریر ہوے -

تیسری فصل

محاورات و اصطلاحات فارسی کے بیان مین

ظاے با را

ظرف زرحل - وہ برتن جسمین سونا حل کیا جاے ملا مفید بلخی نقاش
من کہ ہر دو جہان زو مشکل ست + مہ و رنگار خانہ او ظرف زرحل ست +
ظرفیت نداشتن - حوصلہ نرکھنا محسن تاثیر مغلوب گشت دلبر غالب
حریفمن + ظرفیتے نداشت نگار ظریف من +
ظرفش لبریز شدہ - برتن اسکا بھر گیا عمر اسکی تمام ہوئی ؎ نماند گر
دخل حرص وہوا + چو لبریز شد ظرف این خامکار +

ظاے با فاے

ظفر پیکر - ظفر توز - ظفر آیہ - یہ سب کلمات تلوار کی صفت مین
بولے جاتے ہین ؎ چو شمشیر ظفر پیکر برآورد + شد و امغز از مغز از سر آورد
ظفرستان - فتح مندی کا مقام ظہوری - واے بر حال ہوس کشتہ
امید گریز + عشق بر خاستہ میدان ظفرستان گشتست +

ظاے با لام

ظلم بپاے دیوار خود میکند - مثل ہے یعنی ظالم اپنی دیوار کی بنیاد
کھودتا ہے ؎ کند ظالم و ظلم از دست خود + بد از جہان پاے دیوار خویش
ظلمت آباد - عالم عدم و دنیاے فانی -
ظل زمین - رات -
ظلمتکدہ - عالم دنیا و مقام تاریک شوکت بخاری - باز ظلمتکدہ
بیرون نگذارم شوکت + کہ ز ابر یدہ مہتاب تماشا سخن ست +
ظلمات ثلاثہ تین تاریکیان جو یونس علیہ السلام کو پیش آئین
ایک رات کی تاریکی دوسری مچھلی کے پیٹ کی تاریکی تیسرے قعر دریا کی
تاریکی بعض کے نزدیک تین تاریکیان کدورت طبعی ہواے نفسانی صفات
حیوانی ہین -

چوتھی فصل

اردو محاورات کے ذکر مین

ظاے با الف

ظاہر داری برتنا - دکھاوے کی باتین کرنا - نفاق کرنا -
ظاہر پرست - ظاہری حالت پر نظر کرنے والا باطن سے بے خبر و دنیا دار جو
فی الحقیقت بے خبر باطن سے ہے + جو کہ ہو ظاہر نما ظاہر پرست +

ظاے با لام

ظلم دوست ہونا - ظالم ہونا - ظلم کو اچھا جاننا -

پانچوین فصل

لغات متعلق بعلم طب کے بیان مین

ظاے با فاے

ظفر قطورا - یہ ایک گھاس جنگلی اور بستانی دونون قسم کی ہوتی ہے بستانی
کی شاخین باریک بال کے برابر زمین پر پھیلی ہوئی جنگلی کی شاخین بھی
باریک ہین مگر ذرا سخت اور رنگ ساق کا سرخ ڈیڑھ بالشت ہین سے
اونچی ہوتی طبیعت دونون کی سرد خشک ہے اسکو خشک کر کے کوٹین
اور شہد کے ساتھ کھائین تو امعا کا زخم مندمل ہوتا ہے جس بول کی بیماری کو
دفع کرتی ہے اور پیسی ہوئی اگر کسی زخم پر ڈالین خون فی الفور بند ہو جاے -

ظفر القطط - ایک سبزے کی ڈالی مربع مشابہ ڈنڈی یا قلم کے با رنگ جیسی پتی پھول سوسن کا سا جڑ لمبی جسکو ایرسا کہتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک قابض قاطع رعاف دافع اسہال نافع بواسیر مصفی رحم ہی۔

ظفرہ - یہ ایک گھاس ہی جو زمین پر بچھی ہوئی ہوتی ہی شاخین اسکی باریک نرم پتی گول پھول زرد جڑ سیاہ طبیعت گرم خشک کھانا اسکا منع ہی کیونکہ یہ اپنی تیزی اور تندی کے سبب سے گوشت کو گلا دیتی ہی ضماد اسکا اُس جگہ پر کیا جاتا ہی جہان سے زائد گوشت اتارنا منظور ہوتا ہی

ظاے با لام

ظلف - سم گھوڑے کا ہو یا کسی اور چارپائے کا ہندی مین اسکو کھر کہتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک اسکی راکھ کو شراب مین ملا کر زخم پر لگایا جاوے تو مندمل کرتا ہی شہد کے ساتھ ضماد کرنا وجع المفاصل کو دفع کرتا ہی بکری کے سم کی راکھ سرکے مین طلا کرنا داء الثعلب کو مفید ہی

ظاے با یاے

ظیان - یاسمین بری جنگلی چنبیلی سفید ہندی مین اسکو جوہی جاہی بھی کہتے ہین پھول اسکا نہایت خوشبو اور خار دار باغی چنبیلی سے چھوٹا جڑ اسکی کالی اور باریک طبیعت اسکی جڑ کی چوتھے درجے مین گرم اور خشک اور باقی اجزا تیسرے درجے مین گرم ہین محلل و ملطف ہے اور اعصاب اور صندیا ورید کے امراض کا یہ علاج ہی سونگھنا اسکے پھول کا سر درد شقیقہ کو دور کرتا ہی فالج و لقوہ و استرخا اور پرانی کھانسی و ضیق النفس کو دفع کرتا ہی

اکیسوان باب

عین مہملہ کے ذکر مین اسمین بدستور پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

لغات فارسی و عربی وغیرہ کی

عین با الف

عاقرقرحا - ایک دوا کا نام ہی جسکی تشریح پانچوین فصل مین ہوگی۔

عاشورا - دسوان روز ماہ محرم کا جس روز سید الشہدا امام حسین علیہ السلام کربلا مین شہید ہوے تھے جو لوگ عاشورہ بہاے ہو زکیتے ہین غلط ہی یہ بیت سے کند قربان بروز عید قاتل کشتہ خود را ٭ براے خلق عید ست وی این سیل عاشورا ٭

عاریت - بتشدید و تخفیف یاے تحتانی مانگی ہوئی چیز چند روزہ چیز جسکا واپس دینا ضرور ہو سے نتو باز گیرد انجام کار چونکہ است این تنت جامہ عاریت ٭

عاہت - آفت و بلا و تکلیف -

عاہات - بہت سی آفتین و تکلیفین -

عاطفت - مہربانی کرنا سعدی سے کے عاطفت سیرت خویش کرد ٭ درم داد و تیمار درویش کرد ٭

عادت - خو جو کسی کام کے بار بار کرنے کے لیے پڑجاے حافظ سالہا نا شدہ ما و بگردان عادت ٭ چون بپرسیدن ارباب نیاز آمدہ ٭

عافیت - آرام آسایش - راحت و خوشی حافظ - جریدہ رو کہ گذرگاہ عافیت تنگ ست ٭ پیالہ گیر کہ عمر عزیز بے بدل ست ٭

عاقبت - اخیر اور انتہا اور انجام مولف خلق را راحت دہ دین دنیا رسان ٭ عافیت خواہی اگر در عاقبت ٭

عاقب - پیچھا کرنے والا - پیروی کرنے والا -

عادات - عادت کی جمع ہی بہت سی عادتین -

عابث - بہ ثاے مثلثہ بازی کھیلنے والا - بازی گر - کھلاڑی

عارج - بلندی پر چڑھنے والا - صاحب معراج -

عاج - ہاتھی دانت جو ایک مشہور چیز ہی سعدی - سے ویدم از عاج در سومنات ٭ مرصع چو در جاہلیت منات ٭

عاد - ایک قوم کا نام ہی جنپر ہود پیغمبر ہدایت کے لیے خدا نے بھیجا اور اونٹنی کا معجزہ ظاہر کیا مگر انھون نے نافرمانی کی اور ہلاک ہوے مولف حضرت حق عاد را برباد کرد ٭ ہود را از بند غم آزاد کرد ٭

عاقد - گرہ دینے والا - عہد کرنے والا -

عائد - پھرنے والا - عود کرنے والا -

عابد - عبادت کرنے والا - بندگی کرنے والا -

عاند - دشمنی کرنے والا - عناد کرنے والا -

عاذر - بفتح ذال معجمہ نام ایک شخص کا کہ بے ایمان مر گیا تھا اور حضرت عیسے نے چالیس سال کے بعد زندہ کر کے اسکو مسلمان کیا -

عاطر - عطر فروش - خوشبو رکھنے والا -

عاقر - بانجھ عورت جو بے اولاد ہو کبھی اسکے پیٹ سے بچہ پیدا نہوا ہو اس لفظ مین مذکر مونث برابر ہی -

عامر - عمارت کرنے والا - آباد کرنے والا - اور نام ایک مرد کا -

عار - ننگ و عیب و شرم - مولف - جو انسان خاک زاد و خاکسار ست ٭ کجا از خاکساری عار دارد ٭ ربیب النسا تحقی - پیش از ین اے عقل بر من طعن رسوائی مزن ٭ زانکہ مستان محبت را ملامت عار نیست ٭

عابر - عبور کرنے والا - گذر جانے والا - دریا سے اتر جانے والا -

عاشر۔ دسوان شمار مین دسوان حصہ۔
عاجز۔ عجز کرنیوالا۔ منت وزاری کرنے والا۔ مؤلف یکن دو دست
دعا پیش کار رسانداز ٭ کہ حق بہ بندۂ عاجز کند عطا اعزاز ٭
عارض۔ بکسر رائے حاضری دینے والا لشکر کا اور شمار دینے والا اور
فوج کا بخشی۔ فوج کا افسر اور جو چیز کسی دوسری چیز کو لاحق ہو جائے
اور بادل جو پراگندہ ہو جائے۔
عارض۔ بفتح رائے رخسارہ اور چہرہ میر معزی عارضش در زیر خط
دندانش اندر زیر لب ٭ چشمش اندر زیر مژگان و دل اندر بر نہان ٭
سوسن اندر سنبل ست و لولو اندر لالہ برگ ٭ نرگس اندر سوزن ست و آتش اندر پرنیان ٭
عاطف۔ مہربانی کرنے والا۔ پھیر دینے والا اور چھٹا گھوڑا دس
گھوڑون مین سے۔
عاکف۔ گوشے مین بیٹھنے والا۔ ایک جگہ پر قیام رکھنے والا۔
عارف۔ پہچاننے والا۔ صاحب معرفت اور خدا شناس آدمی۔ خدا کا ولی۔
عافی۔ عفو کر دینے والا۔ معاف کرنے والا۔ گنہ بخشنے والا۔
عاق۔ جو بیٹا باپ اور ما کا نافرمان ہو۔
عائق۔ منع کرنے والا۔ باز رکھنے والا۔
عاشق۔ صاحب عشق و محبت مؤلف میکند زندہ بشکل آب حیوان
جام عشق ٭ نام عاشق میکند روشن بعالم نام عشق ٭ ذرہ ذرہ گردد
از نور محبت جلوہ گر ٭ چون برآید شکل خور عاشق باوج بام عشق ٭
عاجل۔ جلدی کرنے والا۔ شتابی کرنے والا۔
عاطل۔ بیکار اور برہنہ اور خالی۔
عائل۔ درویش مفلس۔ بے دولت۔
عادل۔ عدل کرنے والا۔ برابر کرنے والا۔ پورا تولنے والا۔ توحید
مستقیم دو ازبخشش و بندہ نواز ٭ قدرت داد گر وشاہ و حاکم و عادل ٭
عاذل۔ بذال معجمہ ملامت کرنے والا۔
عازل۔ بزائے معجمہ بیکار کرنے والا۔ ایک طرف ہٹلانے والا۔ معزول کرنے والا
عاقل۔ صاحب عقل دانا ہوشیار مؤلف مثل بصورت زیبا ہے نہان
مائل ٭ کو دل بجالم فانی نمیدہد عاقل ٭
عامل۔ عمل کرنے والا۔ کام کرنے والا۔ مؤلف پی عبادت حق مستعد
بود ہر دم ٭ بود ہر آنکہ خدا دوست عالم و عامل ٭
عاصم۔ باز رکھنے والا۔ نگاہ رکھنے والا اپنے نفس کو بد خواہشون سے۔
عالم۔ بکسر لام صاحب علم و فضل جاننے والا صفدر فوقانی کند بد ولت
خود ناز صاحب دولت ٭ بعلم و فضل کند فخر عالم و فاضل ٭ بخاکساری و

عجز و نیاز سے بالد ٭ خدا پرست خدا دوست عارف و کامل ٭
عالم۔ بفتح لام جہان زمانہ موجودات و مخلوقات۔ توحید کردہ میر کہ
اے خالق کرم ٭ او نارود در زمانہ رنج و غم ٭ چارہ ساز دردمندان
توئی ٭ در تقسیم الصالی و رنج و الم ٭ تو خبر گیر جہانے روز و شب ٭
ہمدم و دمساز عالم دمبدم ٭
عام۔ مقابل خاص مشہور لفظ ہی اسیری لاہجی با زاہد بے ذوق مگو
سر انا الحق ٭ اسرار سلاطین چو بعامان نتوان گفت ٭
عازم۔ قصد کرنے والا۔ ارادہ کرنے والا۔
عادیان۔ وہ لوگ جو عاد کی قوم مین سے تھے۔
عافین۔ معاف کرنے والے جمع عافی۔
عامرہ۔ آباد کرنے والا اور آباد۔
عارفہ۔ شناسا عورت۔
عاصفہ۔ ہوا تند اور سخت۔
عانہ۔ ناف سے نیچے کا جسم جسکو ہندی مین پیڑو کہتے ہین۔
عامہ۔ عام لوگ۔
عارضی۔ جو چیز کسی چیز کے ساتھ لاحق ہوئی ہو اصلی نہو۔
عادی۔ وہ شخص جسکو کسی کام کے کرنے کی عادت ہو جائے اور کرنے پہ
مجبور ہو اور منسوب عاد کی قوم کے ساتھ اور دشمن عداوت کرنے والا۔
عامری۔ جو شخص بنی عامر سے ہو جو عرب مین ایک قبیلہ ہی۔
عاری۔ برہنہ یعنی ننگا اور مجبور۔
عامی۔ عام لوگ۔
عاصی۔ نافرمان گنہگار جمع اسکی عصاۃ ہی جیسے قاضی کی قضات نظامی
ازان ابر عاصی چنان ریزم آب ٭ کہ نار دو دگر حملہ بر آفتاب ٭
عائلی۔ درویشی و مفلسی و تنگدستی۔
عالی۔ بلند اور اونچا قصیدہ از مؤلف۔ در سیادت یافتی قدر بلند
در رسالت شان عالی یافتی ٭

عین با باے

عبا۔ بکسر اول صوفیون کی پوشش فقیرون کی گودڑی اور خرقہ
یکے در قبا و یکے در عبا ٭ یکے در بقا و یکے در فنا ٭
عبد المطلب۔ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے جد
بزرگوار کا نام ہی۔
عبب۔ پے در پے پینا پانی کا۔
عباب۔ پانی کا بہاؤ اور چڑھاؤ۔

عَبُوسَت - ترش روئی و ترش خوئی -

عِبْرَت - عبور کرنا نکل جانا ایک امر سے اور نصیحت پکڑنا درویش والہ ہروی
ہیچکس عبرت نمیگیرد ز حال دیگرے ٭ ہر کہ آمد در جہان کور آمد و بینا گذشت ٭

عُبُودِیَّت - بندہ ہونا - فرمان بردار ہونا سہ بندگان را بندگی زینت
بود ٭ عبد را فخر از عبودیت بود ٭

عِبَارَت - تعبیر کرنا - بیان کرنا - تشریح کرنا ایک مخفی امر کو لفظون مین لانا -

عِبَادَت - بندگی کرنا - فرمان برداری کرنا مؤلف - عبادت کن عبادت
کن عبادت ٭ کہ حق بخشد ترا نور سعادت ٭

عَبَث - بیہودہ - بیفائدہ - بے سود درویش والہ ہروی عنان فکر
چہ امید ہی نظیم بہشت ٭ ز قسمت ارچہ کنی ذکر بیش و کم عبث ٭

عَبْد - وہ شخص جو بندہ ہو اور خدا کا بندہ مؤلف - ترا کہ عبد خدا
آفرید و عابد باش ٭ کہ کار عبد عبادت بود بہر حالت ٭

عَبِیْد - بفتح اول و کسر با - بہت سے بندے یہ لفظ عبد کی جمع نہین ہی
بلکہ اسم جمع ہی کہ جمع کے معنی رکھتا ہی -

عُبَیْد - بضم اول و فتح با - تصغیر عبد کی -

عِبَاد - بکسر اول جمع عبد کی بہت سے بندے مؤلف زہے جہ اعلیٰ
رتبہ است بخشد خدا ٭ عبید گر شوی باشی ز عباد ٭

عبید اللہ بن زیاد - یزید لعین کے امرا و مصاحبون سے ایک شخص کا
نام ہی -

عُبَّاد - بضم اول و تشدید ثانی عبادت کرنے والا -

عَبِیر - ایک قسم کی خوشبو کا نام ہی جو صندل و رگلاب و کستوری سے بناتے ہین

عَبْہَر - وہ نرگس جسکا پھول بڑا ہو اور شہلا وہ نرگس ہی جسکا پھول اندر سیاہ ہو

عُبُور - گذر جانا کسی راستے سے یا دریا سے اتر جانا -

عَبْر - بفتح اول خواب کی تعبیر بتلانا -

عُبُر - بضم اول بسیار یعنی بہت اور گروہ و جماعت آدمیون کی -

عِبْر - بکسر اول وہ اجرت جو کشتیبان دریا سے اتار کر لیتا ہی یا محصول
بہیری کا جو حاکم کی طرف سے دریا کے گذر پر وصول کیا جاتا ہی -

عِبَر - بکسر اول و فتح ثانی عبرت پکڑنا نصیحت پکڑنا - آنسو بہانا -

عبد القادر - نام نامی حضرت غوث الاعظم محی الدین گیلانی جو امام شریعت
و پیر طریقت تھے اور سلسلہ قادریہ انسے منسوب ہی یہ بزرگ ۴۷۱ ہجری پیدا
پیدا ہوئے اور ۵۶۱ھ مین وفات پاکر بغداد مین مدفون ہوئے اور
نام ایک شخص کا جو موسیقی علم مین استاد تھا -

عَبُوس - بفتح اول بفتحتین ترش روئی و تند خوئی زہر گرینشکاں - اہی خشک گرید -

عَبَّاس - حضرت رسول مقبول علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حقیقی چچا کا
نام ہی جنکی اولاد خلفاے عباسیہ تھی اور نام فرزند دلبند مرتضیٰ علی
علیہ السلام کا جسنے معرکہ کربلا مین امام حسین علیہ السلام کے ساتھ شہادت پائی

عَبُونس - بفتحتین ترشروئی و تند خوئی اور نام ایک بیماری کا جس سے
بدن پر شکن پڑجاتی ہی -

عَبُوش - بفتح اول و ضم ثانی جو شخص ترشرو اور تند خو ہو -

عبد المناف - رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے جد کے جد کا نام ہی -

عَبِیق - بفتح اول و کسر بائے خوشبودار -

عبد الملک - بنی امیہ مین سے یہ خلیفہ مروان کا بیٹا سخت ظالم اور خونریز تھا

عبد اللہ - رسول مقبول علیہ الصلوٰۃ والسلام کے والد کا نام ہی مؤلف
ذرہ را خورشید کرد و داغ دل را ماہ کرد ٭ این عنایتہا محمد ابن عبد اللہ کرد ٭

عبد الجنہ - کالون جس سے آدمی ہوتا سوتا ڈر اٹھتا ہی اور یہ ایک بیماری ہی -

عِبْرَہ - بکسر اول وہ محصول جو دریا پر مسافرون سے لیا جائے -

عَبَدَہ - بفتحات اول و ثانی و ثالث عابد کی جمع بہت سے عبادت کرنے والے -

عَبْدُہ - بفتح اول و ضم دال اسکا بندہ نظامی ستارہ کہ بر چرخ
سایہ سرش ٭ زدہ سکہ عبدہٗ بر درش ٭

عَبْقَرِی - لطیف اور عمدہ کپڑا اور ہر ایک چیز جو نفیس اور قیمتی ہو منسوب
بعبقر اور عبقر ایک موضع ہی عرب مین -

عَبَّاسی - نام ایک پھول کا ہی جسکو گل عباسی کہتے ہین اور اسکے پھولون کا
رنگ سرخ مائل کبودی ہوتا ہی - اور خاندان خلفاے عباسی کا -

عِبْرِی - عبرانی - اہل کنعان کی زبان کا -

عین با تاے

عَتَّابِیہ - املا عتاب کا جیسے کہ کتاب کا املا کتیبا در رکاب کا املا رکیب ہی

عَتَب - بفتح اول غصہ پکڑنا - جھڑکنا -

عَتَبَہ - بفتح اول و ثانی فرجہ جو دو انگلیون سبابہ و وسطی یا وسطی
اور بنصر مین ہی -

عِتَاب - بکسر اول ملامت کرنا - غصہ پکڑنا - جھڑکنا - ناز کرنا -
سختی کرنا - نور الدین ظہوری شیرینی و تلخی برگ و ریشہ فرو ریخت ٭
نازم بگوار تلخی زہر عتابت آقا علی - نمے خواہد کسے آگہ شود از لطف
پنہانش ٭ بہ ہرلب گند با من عتاب آہستہ آہستہ ٭

عَتَبَات - بفتحات بہت سی دہلیزین اور آستانے اور سختیان اور
امور ناپسندیدہ -

عِتْرَت - بکسر اول خویش لوگ اور نزدیکی رشتہ دار لوگ -

عَتَاد - وہ اسباب جو مسافر کو راستے کے آرام کے واسطے ضروری ہو۔
عتید - جو چیز حاضر و مہیا ہو۔
عَتِیق - بروزن فعیل دیرینہ و کہنہ و آزاد و گرامی و برگزیدہ۔ سعدی
قطولی بیاب کعبۃ البیت العتیق ❊ حوالیہ من کل فج عمیق ❊
عِتق - بکسر اول آزاد ہونا۔
عَتَاق - بفتح آزاد ہونا غلاموں اور کنیزوں کا۔
عَتِیل بروزن فعیل تشنہ یعنی پیاسا۔
عُتُلّ - بضم اول و ثانی و تشدید لام سخت آواز اور ظالم اور نیزہ موٹا۔
عُتُوّ - بضم اول و ثانی و تشدید واو سرکشی و روگردانی۔
عُتْبِیہ بضم اول نام ایک شخص کا۔
عَتَبَہ - بفتحات دروازے کے دہلیز کی نیچی لکڑی جس پر پانوں رکھ کر گھر میں
داخل ہوں اور سختی و تکلیف و درشتی اور نام ایک شکل کا اشکال علم رمل سے
عُتِیّ - بالضم و بالکسر و تشدید یا سے حد سے گذرنا۔ تکبر کرنا۔ غرور کرنا۔ نہایت
ضعیف ہونا۔ بڑی عمر کو پہونچنا۔

عین با ثاء مثلثہ

عَثْرَت - لغزش کھانا سر کے بل گرنا۔
عَثَرات - بہت سی لغزشیں۔
عُثُر - گرنا۔ پھسلنا۔
عِثَار - عَثَارہ - سر کے بل گرنا۔

عین با جیم

عُجْب - بضم اول و سکون ثانی تکبر و خود بینی و غرور و فخر۔ مولف
کے روا باشد ترا ای خاکسار ❊ عجب خود بینی و فخر و افتخار ❊
عَجَب - بفتح اول و ثانی حیرت کی حالت جو کسی انوکھی چیز کو دیکھ کر طبیعت
میں پیدا ہو جسکو فارسی میں شگفت کہتے ہیں حافظ ز انقلاب زمانہ
عجب مدار کہ چرخ ❊ ازین فسانہ ہزاران ہزار دارد یاد ❊
عَجَبَا - تعجب کی حالت حیرت کا موقع۔
عَجَائِب - جمع عجب کی اور فارسی میں اسکو مفرد بھی استعمال
کرتے ہیں نظیری نیشاپوری - یافت گر دیوانہ جامی کعجب نہ عجب ❊
از عجائبہاے دوران دیو را خاتم رسد ❊
عَجِیب - نہایت عمدہ چیز جسکو دیکھ کر تعجب ہو تو حید۔ هر دو در در جستجوے
حبیب ❊ کہ بست از دل و جان مقاصد قریب ❊ چو دیوانہ در صحن
گلشن مگرد ❊ بیک گل کفایت کن اے عندلیب ❊ مشو غرہ بر آب و تاب
چمن ❊ کہ فانی ست این بوستان عجیب ❊

عَجَلَت - جلدی شتابی۔
عُجَالَت - جلدی کرنا اور جو چیز جلد حاضر کی جائے۔
عُجَارَات - انگور کے دانے۔
عَجَاج - بہر دو جیم گرد و غبار۔
عَجْز - بفتح اول و بکسر اول عاجز ہونا۔ ناتوان ہونا۔ کمزور ہونا۔ مولف
جبین عجز بخاک نیاز بسا بیند ❊ ببارگاہ خدا جملہ پیر و پیغمبر ❊
عَجُوز - بفتح اول بوڑھی عورت۔
عَجَائِز بوڑھی عورتیں جمع عجوز۔
عَجَف بفتح و کسر اول لاغری و ناتوانی۔
عِجَاف - وہ لوگ جو لاغر ہوں۔
عَجُول بفتح اول دوڑنے والا اور حیران۔
عِجْل - بکسر اول گاے کا بچہ بچھڑا۔
عَجِیل - شتابی کرنے والا اور دوڑنے والا۔
عَجْم - بفتح اول نقطہ دینا حروف پر اور اعراب دینا۔
عُجْم - بضم اول کند زبان اور رہنے والے ملک عجم کے۔
عَجَم - بفتح اول و ثانی وہ ملک جو سواے عرب کے ہے ایران و توران وغیرہ
اور دانے خرما و انگور کے نعتیہ از مولف۔ تو ہی کار فرماے ملک عرب
شہنشاہ فرمان رواے عجم ❊ بذات تو شد ختم یا مصطفے ❊ بہر دو جہان
لطف و جود و کرم ❊
عَجْن - خمیر کرنا آرد وغیرہ کا۔
عَجِین - خمیر کیا ہوا آٹا وغیرہ۔
عُجَالہ - بضم اول جو چیز جلدی سے حاضر کی جائے۔
عُجَّہ - بضم اول و تشدید جیم خاگینہ جو مرغی کے انڈوں سے بنایا جاتا ہے۔
عَجْوَہ - ایک قسم خرمے کا مدینہ میں ہے نہایت عمدہ اسکی تاثیر یہ ہے کہ جو
شخص سات کھجوریں ہر روز کھاے کوئی زہر اسکو موثر نہو۔
عُجُوبہ - اعجوبہ کا مخفف وہ چیز جسکے دیکھنے سے تعجب پیدا ہو محسن تاثیر
امی شیخ شہر با کہ توان این عجوبہ گفت ❊ بے پردہ گشت شید نہان از رداے تو ❊

عین با دال

عِدَا - بکسر اول جمع عدو جسکے معنی دشمن کے ہیں بہت سے دشمن۔
عُدَّا - تیاری و آمادگی و ساخت و ساز۔
عِدَّت - شمار کرنا گنتی کرنا اور وہ میعاد جو مطلقہ عورتوں اور بیوہ
عورتوں کو واسطے دوسرے خاوند کرنے کے شرعاً دی گئی ہے چنانچہ مطلقہ کے
واسطے تین ماہ اور بیوہ کے واسطے چار مہینے دس روز اور حاملہ عورت کے

واسطے تا وضع حمل۔

عُدات جمع عادی جسکے معنی دشمن اور ظالم اور حد سے بڑھنے والے کے ہین

عَدّ۔ شمار کرنا۔ گننا۔

اِعداد۔ بکسر اول حساب شمار۔

عَدید۔ گنتی اور گِنا گیا اور بہت وفراوان۔

عُدُول بضمتین نافرمانی کرنا۔ برگشتہ ہونا۔ راستے سے ہٹ جانا۔

عَدُول بفتح اول وضم ثانی گواہ مقبول و مرد راست گو و عادل اور اتونیالا

عِدل۔ ہم سنگ اور وزن مین برابر۔ ہمقدر و ہمرتبہ۔

عِدل۔ ایک طرف کا بار جو اونٹ یا خچر پر لادا جائے۔

عَدل۔ داد دینا اور داد دینے والا اور مرد نیک بخت جو لائق گواہی دینے کے ہو سعدی جہان رابہ از عدل معمار نیست ✤ کہ بالاترآ رسعدلت کار نیست

عدم نیستی مقابل وجود مؤلف بتو موجودی اندر وجود و عدم ✤ تو ہستی عیان در ہمیش و کم ✤

عُدوان۔ دشمنی کرنا۔ ظلم و زیادتی کرنا اور جمع عادی کی بہت سے دشمن

عَدْن بفتح اول وسکون ثانی کسی جگہ مین ہمیشہ رہنا اور نام بہشت کا اور نام ایک جزیرے کا حدود یمن مین اور اقامت کرنا۔

عَدنان۔ بفتح اول نام ایک شخص کا اجداد قریش سے۔

عَدُو۔ دشمن بد اندیش۔

عِدّۃ۔ گروہ و شمار اس مدت کا جو اسمین مطلقہ و بیوہ عورت کا نکاح اور شخص کے ساتھ جائز نہین۔

عُدوَہ۔ کنارہ رود یعنی دریا کا کنارہ۔

عین با ذال معجمہ

عَذرا۔ آشکارا یعنی ظاہر و دختر دوشیزہ اور بکر عورت جو شوہر کے ساتھ ہم بستر نہوئی ہو اور نام ایک معشوقہ کا جسپر وامق عاشق تھا اور نام برج سنبلہ کا کہ وہ بھی ایک لڑکی کی صورت پر ہے جسکے ہاتھ مین گیہون کا خوشہ ہے

عَذب شیرین یعنی میٹھا اور میٹھا پانی و خوشگوار۔

عَذاب سزا جو گنہگار کو دیجائے اور وہ تکلیف جو جسم کو پہونچائی جائے عرفی عرفی خمار عشق خماری ست بس الیم ✤ جامی کش عذاب کشیدن زہر چلیست ✤

عُذوبت۔ لذت شیرینی خوش مزگی پانی کی جو اسمین ہو۔

عِذار۔ رخسارہ مقام پیدا ہونے خط کے بالون کا ذوقی یہ عذار نیست خط مشک سا ایسے مابہر ✤ ابر بر خورشید تابندہ ہجوم آوردہ است ✤

عُذر۔ حیلہ و بہانہ جو مجرم و ملزم اپنی رہائی کے واسطے کرتا ہے سعدی گر صورتے چنین بقیامت درآورند ✤ عاشق ہزار عذر بگوید گناہ را ✤

عِذیوط۔ بکسر اول وسکون دال وفتح یاے وسکون واو وطاے مہملہ وہ شخص جسکا انزال کے وقت پاخانہ نکل جائے۔

عین با راے مہملہ

عِرق النسا۔ ایک بیماری کا نام ہے اور یہ ایک درد کہ لات کی ایک رگ مین ہوتا ہے اس رگ کا نام بھی عرق النسا ہے ہندی مین اسکو رانگھن باؤ کہتے ہین۔

عَرا بفتح اول بغیر مد کے درگاہ اور صحن گھر کا اور مد کے ساتھ کشادگی اور ویرانہ بے درخت و بے گیاہ جنگل۔

عِرا۔ بکسر اول وہ مہرہ شطرنج کا جو شاہ اور رخ درمیان شاہ کے حفاظت کے لیے حائل ہو۔

عُرفا۔ عارف لوگ۔ خدا پرست لوگ۔

عَرُوب۔ وہ عورت جو شوہر کو دوست رکھے اور وہ شوہر جو عورت کو دوست رکھے اور عورت خندہ خوش مزاج۔

عَرَب۔ مشہور ملک ہے سعدی دیدہ کن بینا بدیدار عرب ✤ سینہ کن روشن بانوار عرب ✤

عرفات۔ یہ ایک مقام مشہور مکہ معظمہ سے نو کوس پر حج کے روز حاجی وہین حاضر ہوتے ہین اور یہی جگہ پہنچنا ارکان حج ادا کیے جاتے ہین۔

عَرَصات۔ بفتحات جمع عرصہ اور قیامت۔

عُرات۔ برہنہ لوگ ننگے لوگ جنکے بدن پر کپڑا نہو۔

عُروج۔ بلندی۔ عزت مرتبہ چڑھنا۔ بڑھنا۔ بلند ہونا صفدر رفوقانی آید اندر کنج تاریک لحد ✤ گرچہ انسان تا فلک یابد عروج ✤

عَرعَر۔ بفتح ہر دو عین نام ایک درخت کا جو سرو کی قسم سے ہے پہاڑی سرو بھی اسکو بولتے ہین چیڑ بھی اسکا نام ہے فارسی مین مطلق آزاد کے معنی ہین محمد قلی سلیم۔ عرعر از ہیبت باغ جہان ✤ مغز سرکش با حضر خواجگان ✤

عَرُوس۔ بفتح اول عورت یا مرد جو نو کدخدا ہو مگر عرف مین عورت نو کدخدا کو کہتے ہین اور یہ لفظ جو بضم اول مشہور ہے محض غلط ہے قطعہ از مؤلف۔ زال دنیا ہست سالخوردا ے دوست ✤ گر تو مائل شوی خوری افسوس ✤ گو بظاہر بچشم دنیادار ✤ ہست آراستہ بشکل عروس ✤

عَرائس۔ جمع عروس بہت سے نو کدخدا مرد اور عورتین۔

عِرس۔ بکسر عین خاوند والی عورت۔

عُرُس - عُرُس - بضم اول و بضمتین شادی کا کھانا اور کھانے کی مجلس اور مجلس بزرگون کے فاتحہ کی اور سالینہ بزرگون کا -
عرش - تخت اور سقف یعنی چھت سعدی گریان بیتیمے کہ عرش عظیم بلرزد ہمی چون بگرید یتیم ؎
عَرِیش - ہودج اور نے بست جسپر انگور کی بیل چڑھاتے ہین -
عَرض - بفتح اول ظاہر کرنا کسی چیز یا امر کا دوسرے شخص پر اور گھر کا اسباب و ملامت و دیوانگی صائب - دہم چہ عرض سخن بر سیہ دلان صائب ؎ بخاک تیرہ چہ ریزم شراب بیغش را ؎
عُرُوض - بضم اول و دوم ظاہر ہونا - عارض ہونا -
عَرُوض - بفتح اول نام ایک علم کا ہے کہ اُسکے ذریعے سے نظم کے بحور دریافت کیے جاتے ہین -
عَرَض - بفتح اول و دوم وہ چیز جو قائم دوسرے کی ذات کے ساتھ ہو جیسا کہ رنگ کپڑے پر اور حروف کاغذ پر قائم ہین -
عِرض - بکسر اول ناموس اور عزت و آبرو -
عُرض - بضم اول کنارہ اور سمت و طرف و جانب -
عَرف - بفتح اول و سکون ثانی خوشبو -
عُرف - پہچان نکوئی اور احسان کی -
عَرَق - بفتح اول و دوم پسینہ بدن کا اور وہ پانی جو بذریعہ بھبکے ادویات سے حاصل کرتے ہین سعدی پر انداخت بیچارہ چندان عرق کہ شبنم بر آرد بہشتی ورق ؎
عَرق - بفتح اول و سکون ثانی گوشت ہڈی سے جدا کرنا اور وہ ہڈی جس سے گوشت جدا کیا جائے -
عِرق - بکسر اول و سکون ثانی رگ بدن کی اور جڑ بار یک درخت کی -
عِراق - دو ملکون کے نام ہین ایک عراق عرب دوسرا عراق عجم لغت مین عراق سے وہ ملک مراد ہے جو کسی دریا کے کنارے پر ہو چنانچہ عراق عجم رود جیحون کے کنارے پر واقع ہے خراسان و اصفہان اسمین ہین اور عراق عرب دجلہ اور فرات کے کنارے ہے اور بغداد وغیرہ اسمین ہین اور نام ایک راگ کا جو چاشت کے وقت گایا جاتا ہے سعدی سپہرم مدد کرد و نصرت وفاق ؎ گرفتم بباز وے دولت عراق ؎
عِراک - انبوہ کرنا - ہجوم لانا -
عَرّاک - بتشدید راے سخت مالش کرنے والا اور گوشمال دینے والا - لڑنے والا طالب آملی ہست شعرم بلند پے دعوی ؎ شاعرم بذکہ سنج نے عراک -

عَروسک - گڑیا جس سے لڑکیان کھیلتی ہین اور نام ایک میوہ قسم زرد آلو سے اور چھوٹا منجنیق جو ایک آلہ آلات جنگ قلعہ گیری سے ہے شرف الدین علی یزدی - وصف زرد آلو ارکتم بنیاد ؎ ساز مم اول دل از عروسک شاد ؎ میر خسرو بران شد کہ رو در حصارش زند ؎ عروسک زنان زیر خاکش کند ؎
عَرِم - بفتح اول و کسر ثانی نہر پانی کی اور وہ دیوار کہ روان پانی کے آگے واسطے بند کرنے پانی کے بنائین -
عَرَمْرَم - بکسر عین و فتح ہر دو راے ترکی ہین لشکر و فوج -
عُرجون - لکڑی خرما کے خوشہ کی جو درنتی کی طرح خم کھائی ہوئی ہوتی ہے -
عِرفان - پہچاننا صوفیہ عالیہ کے نزدیک پہچاننا ذات الٰہی کا و بمعنی شرم و حیا توحید - خدا ے جہان کرد بر حال زارت ؎ کرم بے نہایت عنایت فراوان ؎ ربود از درونت غبار کدورت ؎ دلت کرد روشن بانوار عرفان ؎ بعقل و خرد ساخت رہنما ے بہود ؎ عطا دولت دین و ایمان ؎ بشکرانہ کن سجدہ گر بندہ تو ؎ ادا کن ادا حق احسان ؎
عَرِین - بروزن قرین وہ جنگل جسمین بہت سے درخت ہون اکثر شیر کو اسکے ساتھ نسبت ہے اور شیر عرین کہا جاتا ہے یعنی شیر جنگل کا -
عَرّخو - بتشدید راے آواز بلی اور کتے کی جو لڑنے کے وقت نکالتے ہین -
عَرّابہ - ارابہ یعنی گاڑی جو مشہور چیز ہے -
عَرّادہ - بہ راے مشدد و دال مہملہ چھوٹا منجنیق جس سے پتھر قلعہ پر پھینکین نظامی ؎ عرادہ برگرد او رہ شناس ؎ نہ از گردش منجنیقش ہراس ؎
عَربدہ - بروزن ہرزہ بدخوئی و جنگجوئی ابوطالب کلیم ایکہ گفتی کہ مکن عربدہ زین پیش کلیم ؎ مستم از گردش آن چشم مکن تا نکنم ؎
عَرْصَہ - گھر کا صحن اور بساط شطرنج اور میدان سعدی دران عرصہ بر اسپ دیدند شاہ ؎ پیادہ دویدند اکثر سپاہ ؎
عَرْضَہ - بفتح اول عریضہ جو محکوم حاکم کی خدمت مین اپنا حال لکھ کر گزارش کرتا ہے ہند مین اسکو عرضی کہتے ہین ملا شالی تکلو بر آستان وصالش مباش غمزدہ شالی ؎ بود کہ عرضہ شوق ترا جواب آید ؎
عَرْقِیہ - رومال جس سے عرق پونچھتے ہین -
عُروہ - بضم اول و واو مفتوح گوشہ ہر چیز کا اور ہر چیز کا دستہ جیسا کہ کوزے کا دستہ جس سے پکڑ کر اسکو اٹھاتے ہین اور جو لوگ عروہ کے معنی رسن کرتے ہین خطا پر ہین -

عریکہ - بردزن طریقہ طبیعت اور کوہان اونٹ کا -
عراضہ - وہ تحفہ جو مسافر سفر سے اپنے دوستون کے واسطے لائے -
عُرضہ - بضم اول ہمت و حیلہ اور بچاؤ و سپر یعنی ڈھال اور وہ شے جو خودداری کے واسطے پیش کی جائے -
عَرَفہ - بفتحات نوتاریخ ماہ ذی الحجہ کی جس روز حاجی عرفات مین جاکر جمع کرتے ہین -
عروسی - شادی کدخدائی - بیاہ شادی سعدی عروسی بود نوبت ماتمت ❊ اگر نیک روزی بود خاتمت
عراقی - تخلص ایک شاعر کا ہے -
عرشی - تخلص ایک شاعر کا ہے -
عرائی - ویرانہ بے درخت جنگل -
عربی - عرب کا رہنے والا ❊ ہادی ہر دو جہان ذات رسول عربی ❊ والی کون و مکان ذات رسول عربی ❊

عین با زاے

عزا - صبر کرنا مصیبت پر یعنی کسی کے ماتم مین ہونا آقا حسین برلب کوثر بود با مرتضے ❊ ہر عزادار حسین ابن علی ❊ سنجر کاشی نے ہمدمی کہ پرسید ز شفقتم خبر ❊ نے دوستی کہ گیرد در ماتم عزا ❊
عَزَب - بفتحتین مجرد آدمی جسکے عورت نہو اور عورت جسکا خاوند نہو درویش والہ ہروی - نیستے سفتہ قریب ست خدا خیر کناد ❊ دختر رز عزب ست و پسر حرص عزب ❊
عزلت - جدا ہونا تعلق دنیائی سے گوشہ نشین ہونا مولف - ز زندان حرص و تعلق برست ❊ ہر آنکس کہ در کنج عزلت نشست ❊
عزیمت - ارادہ و قصد جو کسی کام کے لیے کیا جائے -
عزائمات - بہت سے ارادے جمع عزم کی -
عزبات - بکسر اول سست جسکی قوت باہ زائل ہو چکی ہو -
عزّت - قدر - توقیر - آبرو - عزیز ہونا - غالب ہونا - غلبہ پانا ملا طغرا پس از فوت گر بیکنی عزتم ❊ مئی لالہ گون ریز بر تربتم ❊
عِز - بکسر اول عزت و ارجمندی مقابل ذل کے مولف چرا احتیاج باشد مر حق دوست ❊ کہ عز و ذل دنیا را نخواہد ❊
عَز - بفتح اول غلبہ جو کسی پر حاصل ہو -
عزیز - پیارا دوست ارجمند و مرغوب و کمیاب و غالب و لقب وزیر مصر سعدی اگر بندہ چابک نیاید بکار ❊ عزیزش ندارد خداوندگار ❊ ولہ کہ در مصر چون من عزیزی نبود ❊ چو حاصل ہمین بود چیزے نبود ❊

عزوجل - غالب ہوا اور بزرگ ہوا ذات پاک الٰہی روشن شود ز ذرہ عیان آفتاب عالمتاب ❊ کند چو لطف و عنایت خدائے عزوجل ❊
عزرائیل - نام فرشتہ کا جو سب کی جانین قبض کرتا ہے -
عزازیل - نام شیطان کا اسوقت پکارا جاتا تھا جب یہ معلم الملکوت تھا جب مردود ہوا تو اسکا نام ابلیس مقرر ہوا -
عُزّال - نام ایک پردہ موسیقی کا -
عَزل - بفتح اول بیکاری و گوشہ نشینی ظہوری - مروت عزل گردید در دیوان نازاو ❊ عجب گرانقدر سے مہری از صد بیوفا آید ❊
عزم - ارادہ و قصد جو کسی کام کے لیے کرین حافظ - عزم دیدار تو دارد جان برلب آمدہ ❊ باز گردد یا بر آید چیست فرمان شما ❊
عزائم - جمع عزیمت وہ دعائین اور منتر جو جن و پری کی حاضری کے واسطے پڑھتے ہین اور قرآن کی آیتین جو بیمارون کی شفا کے واسطے پڑھ کر دم کرتے ہین صفدر رفوقانی - نگاہش سحر چشمش عین جادو ❊ عزائم خوان اسیر بند گیسو ❊
عزو - نسبت کرنا کسی چیز کے ساتھ اور صبر کرنا کسی کے ماتم مین -
عُزّیٰ - نام ایک درخت کا تھا عرب مین جسکی پرستش اہل عرب بڑے اعتقاد سے کرتے تھے اور بتون کی طرح اسکو بھی پوجتے تھے اور خالد بن ولید پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے حکم سے گئے اور اس درخت کو جلا دیا نعتیہ از مولف - توڑ ڈالے آپ نے لات و منات ❊ کردیا عزی کو حضرت نے ذلیل ❊

عین با سین مہملہ

عُسرت - بضم اول دشواری سختی اور تنگی و تنگدستی درویش والہ ہروی ہر چند کشتی زفاقہ عسرت ❊ از خلق نگیر غیر عزلت ❊
عسجد - زر و طلا و جواہرات موتی یاقوت سبزہ و نگا وغیرہ -
عُسر - بضم اول سختی تنگی و تنگدستی و دشواری مولف چیرائی تنگدل در تنگ دستی ❊ خدا فرمود بعد از عسر یسر ست ❊
عَسِر - بفتح عین و کسر سین دشوار و مشکل -
عسیر - دشوار و مشکل و تنگ -
عسکر - لشکر اور ہر چیز جو بہت ہو اور تاریکی رات کی اور نام ایک محلہ کا نیشاپور مین اور نام ایک گانون کا شوستر مین جس جگہ گنا بکثرت پیدا ہوتا ہے خاقانی - طبع کافی کہ عسکر ہنر ست ❊ چون ز عسکری ہمہ شکر ست ❊
عساکر - جمع عسکر بہت سے لشکر -

عسار - درویشی و تنگدستی۔
عسعس - اندھیرا ہوجانا۔ رات پڑ جانا۔
عسس - بضم اول و ثانی قدح بزرگ یعنی بڑا پیالہ۔
عسس - محافظ شہر کا کوتوال طالب کلیم - گر عسس کردرہا
محتسب میگیرد * تا ز کیفیت چشم تو خبر یافتہ ام *
عسل - شہد جو مشہور چیز ہے۔
عسن - بضمتین پرانی چربی۔
عسقلان - نام ایک شہر کا شام میں اور نام ایک نہر کا۔
عسلی - وہ زرد رنگ کپڑا جو قوم یہود دوش پر رکھتی ہے اسلیے کہ اور
اقوام میں انکو امتیاز ہو سعدی - آن حلاوت کہ تو داری نہ عجب
گر دست * عسلی پوشد و زنار بہ بندد زنبور *

عین با شین

عشا - بکسر اول تاریکی رات کی اور خفتن کے نماز کا وقت۔
عشا - بفتح اول و دوم وہ کھانا جو رات کو کھائیں اور شبکوری
جو ایک بیماری ہے اور بیمار رات کو اندھا ہوجاتا ہے۔
عشب - بضم اول سبز گھاس۔
عشرت - بکسر اول خوشی و خوشدلی توحید - شبان جہان عیان ایمان
ولایت * امیران دیسیا و ارکان دولت * کہ بودند در دار دنیای
فانی * شب و روز سرگرم در عیش عشرت * گذشتند و رفتند آخر
ز دنیا * نبردند با خود بجز داغ حسرت * مولوی معنوی - خیز تا عشرتی
بر انگیزیم * یک زمان از زمانہ بگریزیم *
عشرات - بفتحات جمع عشرہ دہائیاں جو دس سے لیکر نوے تک ہوتی ہیں
عشیۃ - رات کا وقت۔
عشیر - بروزن فقیر ہم حصہ و ہمسایہ پاس رہنے والا۔ ایک جگہ
زندگانی کرنے والا۔
عشائر - خویش و قبائل و رشتہ دار جمع عشیرہ۔
عشر عشیر - بروزن شکر فقیر دسواں حصہ سو میں سے ایک دہائی
یا سو دہائی۔
عشر - کسی چیز سے دسواں حصہ لینا اور ہر ایک سبزہ جس سے
دودھ نکلے چنانچہ درخت آک کا۔
عشق - بضم اول آشیانہ مرغ کا گھونسلا جسمیں وہ رہتا ہو۔
عشاق - بضم اول و شین مشدد جمع عاشق اور نام ایک مقام کا
بارہ مقامات موسیقی سے جسکو دو گھڑی دن رہے گاتے ہیں۔

عشوق - بہت عشق کرنے والا۔
عشق - بہت دوست رکھنا نہایت پیار کرنا مولانا جامی - نہ تنہا
عشق از دیدار خیزد * بسا کین دولت از گفتار خیزد *
غفلت - غافل ہونا - بےخبر ہونا - توحید - نہ عزت در جہان ماند نہ ذلت * نہ این کثرت بود باقی نہ قلت * نہ این جہل و نہ این جاہل بماند درین دنیا نہ این غافل نہ غفلت * بیا لا خانہ دولت مکن تا زہ * کہ گردد غارت آخر این عمارت *
غفج - عمیق گڑھا - ہولناک قبر و آبگیر یا لاب و تلوار اور لوہارون کی اہرن اور ہر ایک چیز جو سیدھی اور سطح ہو -
غفر - عیب چھپانا - گناہ بخشنا اور نام پندرھوین منزل کا منازل قمر سے اور جماعت و گروہ -
غفیر - بروزن فقیر بہت و جماعت و گروہ کو چھپانے والا و بخشنے والا -
غفار - بخشنے والا عیب چھپانے والا یہ نام حضرت باری تعالے کا ہے سواے خدا تعالے کے اور کسی کو غفار نہین کہہ سکتے - توحید - نمود چہرۂ روشن بہر طرف دلدار * گہے ز خانہ گہ از کوچہ گہ ز بازار * زہے رحیم و زہے راحم و زہے غفار * زہے شفیق و زہے مشفق و زہے ستار * چسان ز دیدہ بود حسن صورتش پنہان * کہ نقش دست نوشتہ بہر در و دیوار *
غفور - بخشنے والا یہ نام اسمائے گرامی ذات باری تعالی سے ہے - توحید - ظہور کرد چو در خاک ذات رب غفور * چو خور بمطلع ایجاد گشت روشن نور * گہے بدام ظہورش نمود گہ در در * گہے بدار رشد گہی در بور * شناخت ذات خداوند پاک را عارف * گہے ز تن گہے از بشر گہے از حور *
غفص - فربہ و سطبر یعنی لک اور موٹا -
غفران - آمرزش و بخشش -
غفغر - برہ کی پوستین نہایت نرم -

غفودہ - زندی زبان مین ہفتہ سات روز شنبہ سے جمعہ تک -
غفچی - جھیل یا لاب - گہری جگہ - تیز تلوار -

غین با لام

غلباء - بفتح اول وہ جگہ جسکے درخت آپس مین ملے ہوے ہون -
غلا - قحط ہونا - گران ہونا غلہ کا -
غلوفیریا - بیخ مہک جسکو اصل السوس کہتے ہین ہندی مین ملہٹی -
غلقا - ایک زہریلی گھاس ہے اسکے پتون سے دودھ نکلتا ہے اسکے پانی سے اگر تلوار کو آب دین تو اسکا زخمی کبھی اچھا نہین ہوتا -
غلات - حد سے گذرنے والے لوگ -
غلبات - بفتحات جمع غلبہ -
غلج - بکسر اول دوہری گانٹھ اور وہ سخت گرہ جو ہاتھ سے نہ کھل سکے -
غلنج - بکسر اول گدگدی کرنا یعنی بغلون مین انگلیان ہلا کر کسی کو ہنسانا -
غلغلاج - کسی چیز کو نہایت زور اور قوت سے ہوا مین پھینکنا -
غلفج - زندی زبان مین زلو یعنی جونک جو ایک آبی کیڑا سیاہ ہوتا ہے اور آدمی کا خون چوستا ہے -
غلبیر - بکسر و فتح اول غربال یعنی چھلنی جس سے آٹا چھانتے ہین -
غلیفر - غلیگر - معمار و نقاش و گلکار -
غلیواز - غلیواج - چیل جو مشہور پرندہ ہے ایک سال مادہ اور ایک سال نر رہتا ہے زغن بھی اسکو کہتے ہین -
غلس - تاریکی آخر شب - اندھیرا پچھلی رات کا -
غلط - خطا کرنا - بھول جانا - چوک جانا - سعدی - کرم خواندہ ام سیرت سروران * غلط گفتم اخلاق پیغمبران * میر خسرو - بروت خواہم الحمدی بخواہم * غلط ترسم کہ در بسم اللہ افتد -
غلاظ - بضم اول سطبر و درشت سخت اور لک -
غلاظ - بکسر اول غلیظ -
غلیظ - سطبر اور درشت مقابلے رقیق کے -
غلظ - موٹاپن اور سختی - گاڑھاپن -
غلاف - اوپر کا پردہ خول - سعدی - چو در لشکر دشمن افتد خلاف * تو بگذار شمشیر خود در غلاف *
غلق - بفتح اول دروازہ بند کرنا -
غلق - بفتح اول و دوم وہ لکڑی جو دروازے کے پیچھے لگی ہوتی ہے اور اس سے دروازہ بند کرتے ہین -
غلطاک - لڑھکنا ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر پھرنا اور جوڑی

گاڑی کی بھاپ کے ذریعہ سے گاڑی چلتی ہے۔ ظہوری۔ در جہانگیر بیت
بتو پیکشی ۔ ماہ و خورشید غلاک گردون۔

غلاک۔ ایک کوزہ ہوتا ہے مٹی کا یا پیتل کا اسکے منہ پر چمڑا باندھا ہوا ہوتا ہے اسمین سوراخ ہوتا ہے محصولیون کے پاس وہ رکھا رہتا ہے جو روپیہ پیسہ محصول کا آتا ہے اسمین ڈال دیتے ہین بعض بھاو بھی زر آمد پر وہ غلاک رکھتے ہین اور زندگی کی آمدنی اسمین ڈال دیتے ہین۔ قمارخانہ مین بھی غلاک رکھا جاتا ہے۔

غلول۔ خیانت کرنا غنیمت کے مال مین اور پانی چلتا ہوا درختون کے بیچ اور وہ کھانا جو ضعیف اور ناتوان آدمی کے پیٹ مین جلدی ہضم ہوجائے۔

غل۔ بضم اول وہ لوہے کا طوق جو مجرم کے گلے مین ڈالتے ہین اور تشنگی یعنی پیاس۔

غل۔ بکسر اول کینہ وخیانت وکدورت۔

غلیل۔ تشنگی وتشنہ۔ پیاس اور پیاسا اور کینہ جو دل مین ہو۔

غلل۔ بفتح ہر دو تشنگی وسوزش۔

غلل۔ بضم ہر دو بہت سے پیاسے جمع غلیل۔

غلغل۔ غلغلہ بضم ہر دو غین شور وغوغا۔ ملا طغرا۔ بہارست از شوق ہر بلبلے ۔ بشاخ طرب سبزہ تلقلے ۔ میر خسرو۔ ولولہ در عالم بالا فتاد ۔ غلغلہ در گنبد والا فتاد ۔

غلام۔ لڑکا بچہ اور خدمتگار۔ زرخرید۔ پایندہ۔ خواجہ حسن محمود غزنوی کہ ہزاران غلام داشت ۔ عشقش چنان گزشت غلام غلام شد ۔ در عاشقی میر حسن ماثنوی تمام ۔ شنیدہ ہر انکہ میر دہ تمام شد ۔

غلیان۔ جوش مارنا اور جوش ورحقہ جسپر چلم رکھکر تمباکو پیتے ہین۔ محسن تاثیر۔ زدست خویش چون غلیان کدورت میکشم ۔ ہمدمی کو تا زخود دودے برے خالی کنم ۔ طاہر وحید۔ چہ گویم ز قلیان وغلیان وجوش ۔ کہ گردد ہمچو غلیان دلم زرست جوش ۔

غلمان۔ بکسر اول جمع غلام مگر اہل فارس اسکو مفرد استعمال کرتے ہین۔ صائب۔ آنجا کہ ساعد تو برآید ز آستین ۔ غلمان رود ز دست گزد حور پشت دست ۔

غلتبان۔ نام ایک پتھر کا ہے جو گول اور لمبا ہوتا ہے اور مرد بے حمیت وبے غیرت دیوث جسکو اپنی عورت کی غیرت نہو اور غین کو قاف کے ساتھ بدلکر قلتبان بھی کہتے ہین۔ سعدی۔ خور از کوئیک روز سر بر زند ۔ کہ آن قلتبان حلقہ بر در زند ۔

غلیکن۔ پنجرہ اور جالی جو دریچہ مین لگتی ہے اور اسکے سوراخ سے باہر نظر جاسکتی ہے۔

غلیجن۔ پودینہ جو ایک خوشبودار سبزہ ہے اور عربی مین اسکو نعناع کہتے ہین۔

غلیزک۔ وہ کیچڑ اور میل جو جھونپڑون اور تالابون کی تہ مین بیٹھا ہوا ہوتا ہے۔

غلیوک۔ نام ایک کوشک کا چین مین۔

غلطان۔ لڑھکتا ہوا گول یہ لفظ اکثر مروارید کی تعریف مین بولتے ہین۔

غلو۔ بضم اول ودوم اصرار وضد اور حد سے گذرنا کسی امر کی تلاش مین اور مبالغہ جو حد سے زیادہ ہو۔ مسیح کاشی۔ ہر صبح از غلو گریہ شوق ۔ مردہ بر روے آب مے آیم ۔ مردہ ام از ہجوم غصہ و لے ۔ زندگان را بخواب مے آیم ۔

غلیو۔ حماقت ونادانی۔

غلالہ۔ بکسر اول نیم تنہ یا صدری جو قبا کے نیچے پہنین۔

غلالہ۔ بضم اول معشوق کی زلف۔

غلابہ۔ زبردستی وزور آوری۔

غلولہ۔ جوش وہجوم۔

غلمہ۔ بفتح اول شہوت کی تیزی۔

غلمہ۔ جمع غلام بہت سے غلام۔

غلیمہ۔ روشنائی یعنی جاٹ اور رند اوباش۔

غلغونہ۔ بضم ہر دو غین گلگونہ جو خوبصورت لوگ چہرے پر ملتے ہین۔

غلہ۔ بفتح ہر قسم کا اناج گیہون چنا وغیرہ۔

غلہ۔ بضم اول چھوٹا کوزہ اور آفتابے کی ٹونٹی اور تشنگی یعنی پیاس۔

غین با میم

غمرات۔ بہت سی سختیان اور انبوہین۔

غمد۔ بکسر اول تلوار اور چھری کا میان۔

غمر۔ بفتح اول بہت سا پانی اور کینہ کرنا اور پیاسا ہونا وجوانمرد سخی۔

غمر۔ بکسر اول کینہ اور تشنگی۔

غمر۔ نادان وناآزمودہ کار واحمق بیوقوف۔

غمار۔ بضم اول وفتح اول انبوہ وکثرت۔

غمگسار وغمخوار۔ دوست غم کھانے والا۔

غمز۔ بفتح اول اشارہ کرنا آنکھ سے سخت نچوڑنا تہمت کرنا سخن چینی کرنا۔

غماز۔ سخن چین آنکھ سے اشارے کرنے والا۔ طعنہ مارنے والا۔ عیب ظاہر کرنے والا مولف۔ نبخشد خداوند جل وعلا ۔ سخن چین ونمام وغماز را ۔

غمص۔ بفتح اول ودوم وہ میل سفید جو آنکھ سے نکلتا ہے۔

غموص۔ نام ایک قلعہ کا خیبر کے قلعون سے۔

غمض - بفتح اول وضاد معجمہ زمین پست اور ہموار یعنی گڑھا اور پوشیدہ اور وہ بات جو کسی کی سمجھ مین نہ آسکے -

غموض - بضم اول سونا - غنودگی مین آجانا -

غموض - باریکیان اور دقائق و نکات مشکل جو ہر ایک علم وفن مین ہون اور پوشیدہ باتین -

غمام - ابر یعنی بادل -

غمائم - بہت سے بادل -

غم - عربی مین بتشدید میم اور فارسی مین بتخفیف میم فکر اندیشہ اندوہ - سعدی - اگر گوئی غم دل با کسے گوے ✦ کز اندیشش بنقد آسودہ گردی ✦ صائب - غم دل میزداید چون صباح عید رخسارت ✦ غبار عید واجب میکند بر خلق دیدارت ✦

غمدان - غم کا مکان -

غمان - غمناک واندوہگین اور غم وفکر - فرید الدین عطار - گفتم کہ از غمان تو آہے بر آورم ✦ آن آہ در درون دہانم بسوختی ✦

غمزہ - ابرو اور آنکھ سے اشارہ کرنا معشوق کا - فیضی - چشم تو چون غمزہ نہانی کند ✦ سرمہ در ان چشم گرانی کند ✦

غمرہ - پانی کا پس خوردہ یعنی جو حصہ جو باقی رہے -

غمکدہ - غم خانہ غم کا گھر -

غمی - اندوہ وغمناکی مقابل شادی کے - مؤلف - چوا ہر حال فارغ بال باشی ✦ بشادی و غمی خوشحال باشی ✦

غین با نون

غنا - بکسر اول تونگری و دولتمندی و بے نیازی اور غنی ہونا - سعدی - یکے در غنا و یکے در غنا ✦ یکے در لقا و یکے در فنا ✦

غناء - بکسر اول اور اخیر ہمزہ نغمہ کرنا - گانا - سرود کرنا -

غناء - بفتح اول و اخیر ہمزہ سود اور نفع اور فائدہ -

غناء - بفتح اول و نون مشدد اور آخر ہمزہ انبوہ کا مقام چنانچہ قریۂ غناء وہ گانو جسمین بہت سے آدمی ہون اور روضۂ غناء وہ باغ جسمین بہت سے درخت ہون - سے - زاندرون دیتا ئے دون ویرانہ ایست ✦ گو بنظا ہر روضۂ غناست این ✦

غنیت - بضم اول و فتح یائے غنی ہونا - دولتمند ہونا - بے نیاز ہونا -

غنیمت - وہ مال جو کفار سے بعد جنگ حاصل ہو وہ مال جو مفت مل جائے - حافظ - غنیمت دان و مے می خور در گلستان ✦ کہ گل تا ہفتۂ دیگر نماند ✦

غنج - کرشمہ و ناز جو معشوق کرتے ہین -

غنجد - بضم اول پیچیدہ لپٹا ہوا - جمع ہوا ہو - اکٹھا ہوا ہو -

غنجار - غنجرہ - وہ گلگونہ جو خوبصورت لوگ چہرے پر ملتے ہین مولوی معنوی - پیش تو افتادہ بادیرہ سودائی عشق ✦ ریختہ گلگونہ اش یادہ شدہ غنجرہ ✦ استاد فرخی - دود خشروور لشکر فروشید از بیل ✦ چو ن لشکرا و داد خاک رغنجارۂ

غنجرش - فرندی زبان مین مینڈک جسکو فارسی مین غوک اور عربی مین ضفدع کہتے ہین -

غند باش - نام ایک غلے کا ہی جسکو لوبیا کہتے ہین -

غند شش - روئی کا گالہ -

غنجاب - نام ایک ساز کا ہی جو گانے کے وقت بجایا جاتا ہی -

غنجال - ہر ایک میوہ جو ترش ہو -

غنم - بز و گوسپند یعنی بکری -

غنائم - جمع غنیمت بہت سے لوٹ کے مال -

غنیم - لوٹنے والا - لٹیرا - دشمن -

غنج - وہ لکڑی جو تیلی کے کولہو کے اندر رکھی ہوتی ہی اور تل وغیرہ اُسکے نیچے پستے اور تیل نکلتا ہی -

غنود - خواب یعنی نیند -

غنچہ - کلی یعنی وہ پھول جو ابھی کھلا ہوا نہو - میرزا بیدل - صبا تکمہ غنچہ وا می کند ✦ گریبان صبرم قبا میکند ✦

غنہ - وہ آواز جو ناک سے نکلے یعنی گانے کے وقت وہ آواز ناک سے نکالی جاوے -

غلنبہ - غصہ اور خفگی کی آواز -

غندہ - روئی کا گالہ -

غنینہ - شہد کی مکھی -

غنقیلی - رومی زبان مین شلغم جو مشہور ترکاری ہی -

غنی - دولتمند - مالدار - بے نیاز - سعدی - غنی گر نباشی مکن اضطراب ✦ کہ سلطان نخواہد خراج از خراب ✦

غین با واو

غوغا - جمعیت و ہجوم و انبوہ و بانگ و فریاد - سعدی - بشہرے در از شام غوغا فتاد ✦ گرفتند پیری مبارک نہاد ✦

غوریا - کچا انگور -

غوشنا - ایک جانور جو پالون کے گوبر کی بھاپ کر خشک

کر لیتے ہین اور آگ مین جلاتے ہین

غوت - فلاخن جو چیز واسطے لوگ اپنے پاس رکھتے ہین اور اُس سے پتھر چلاتے ہین

غوشت - برہنہ مادر زاد بالکل ننگا جسکو عربی مین عور کہتے ہین -

غوایت - گمراہی -

غوث - فریاد رس اور فریاد اور ولی کامل جو صاحب تصرف ہو

مؤلف - غوث اعظم قطب عالم دستگیر + شاہ محی الدین ولی روشن ضمیر +

غوچ - میش نر بھیڈ و شا خدار جنگی -

غوشاد - ویرانہ جہان جن اور دیو رہتے ہون اور وہ میدان جسمین قافلہ اُترتا ہو اور وہ جگہ جسمین رات کو بکریان بٹھلائی جائین

غور - بفتح اول عربی مین عمق اور قعر اور گہراپن اور پست زمین اور نیچے اُترنا اور گھس جانا کسی جگہ مین -

غور - بضم اول اور واو مجہول نام ایک ملک کا عجم کے ملکون سے سعدی

شنیدستم از پادشاہان غور + یکے پادشہ خر گرفتی بزور ٭ صائب -

در مقامیکہ غور باید کرد ٭ قطرۂ بحر بیکران بست ٭

غوش - بضم اول اور واو مجہول برہنہ جسکے بدن پر کوئی کپڑا نہو اور گوبر حیوانات کا اور وہ لکڑی جس سے خدنگ تیر بناتے ہین اور کوتل گھوڑا جو سواری کے ساتھ جاتا ہے اور گوش یعنی کان -

غولتاش - خود یعنی لوہے کی ٹوپی جو سپاہی جنگ کے وقت سر پر پہنتا ہے ترکی مین اسکو دولغہ کہتے ہین -

غوص - پانی مین غوطہ لگانا -

غواص - پانی مین غوطہ لگانے والا - توحید - محمد حضرت باری

بحر فکرت خویش ٭ بر ارد گوہر مضمون بصورت غواص -

غوک - مینڈک مشہور آبی جانور ہے جسکو عربی مین ضفدع کہتے ہین -

غوک - معرب گوک گندہ و عمیق -

غونک - وہ گھاس جس سے سجی بناتے ہین -

غوشاک - گوبر خشک چارپایون کا اور احاطہ بکریون کے رہنے کا -

غولک - چھوٹی قلھیا یعنی کوزہ -

غوائل - سختیان اور برائیان -

غول - بواو معروف ایک قسم دیو کا ہے جو ہر ایک صورت مین اپنے آپ کو ظاہر کر سکتا ہے اور نام ایک ستارہ کا -

غول - بواو مجہول بہت سی سپاہ اور وہ سپاہ جسکا افسر میان ہو اور گوش یعنی کان -

غوام - سر کے بال جو پیشانی پر پڑے ہوے ہون -

غولین - وہ گھڑا جسکا منہہ چوڑا ہو -

غو - رعد کی گرج اور نقارے کی آواز اور ہر ایک آواز جو بلند اور مہیب ہو

غورہ - انگور جو خام یعنی کچا ہو -

غورہ - وہ غنچہ جو ابھی غلاف مین ہو - طغرا - دانہ پنبہ اگر

داغ مرا یاد کند ٭ دشت پر از غنچان جرس غورہ شود ٭

غوطہ - مشہور لفظ پانی مین جانا - طاہر وحید - شہد وصالش

چو بود در نظر ٭ غوطہ زند تلخی جان در شکر ٭

غوانی - جمع غانیہ وہ عورت جو اپنے خاوند سے خوش ہو اور بسبب خوبصورتی زیور پہننے کی حاجت نرکھے -

غواشی - بہت سے زین پوش اور خیمہ کے پردے اور بیہوش کرنے والی اور اندرونی بیماریان -

غوادی - وہ بادل جو صبح کو نمودار ہون جمع غادیہ -

غوچی - مغاک خرد چھوٹا سا گڑھا -

غوی - گمراہ - فاسق - فاجر -

غین یا یاے

غیب - جو چیز آنکھ کے روبرو نہو پوشیدہ مرچھپی بات - س -

نیست کس واقف ز علم غیب جز پروردگار ٭ آنکہ او گوید کہ من دانم

از او باور مدار ٭ سعدی - ہرگز نگفتی تا نگفتی جبرئیل ٭ جبرئیل

ہرگز نگفتی تا نگفتی کردگار ٭

غیبت - پیٹھ پیچھے کسی کے حق مین برا بولنا اور وہ تصریح ہو یا چھوٹ

فریدالدین عطار - روز بان از غیبت مردم ببند ٭ تا از آن غیبت نیفتی در گزند ٭

غیرت - رشک لینا - دیکھ نہ سکنا کسی کو وہ امر کو - شاہ شرف

غیرت از چشم برم روے تو دیدن ندہم + گوش نیز حدیث تو شنیدن ندہم ٭

غیابت - غائب ہونا اور وہ چیز کسی کو چھپالے عمق یعنی گہراپن -

غیبوبت - غائب ہونا - ناپدید ہونا -

غیث - بادل اور باران جو برستا ہے -

غیاث - فریاد رسی اور فریاد رس - س - بندہ ام پابند حرص و آز

غفلت الغیاث ٭ بیکسم درماندہ در زندان حیرت الغیاث ٭ قیت لطف است

اندرین موقع بجا لم الہی لطیف ٭ موقع امداد و افضال اعانت الغیاث ٭

غیار - زرد کپڑا جو یہودی بطور نشان کے اپنے پاس رکھتے ہین -

غیور - بروزن غفور صاحب غیرت - بہت غیرت والا -

غیر - بکسر اول ایک قسم کی پھنسیان ہین جو بدن پر نکلتی ہین -

غیر - بفتح اول وہ شخص جو اپنا نہو - مؤلف - جو حق روبرو حاضر

ناظرست ؛ چہ حاجت کہ مشغول گردی بغیر ؛

غِفیش۔ بکسر اول ہر ایک چیز جو کثرت سے ہو۔

غیض۔ بفتح اول تھوڑا پانی اور تھوڑی بخشش و جنگل و ویرانہ بکسر اول شگوفہ۔

غیظ۔ بفتح اول خشم و غضب و قہر اور وہ غصہ جو دل میں ہو۔

غیناق۔ نام ایک بستی کا ترکستان میں۔

غیلاق۔ نام ایک موضع کا دشت قپچاق میں۔

غِیل۔ بکسر اول جنگل اور ویرانے۔

غَیل۔ بفتح اول وہ دودھ جو عورت بعد جماع کے بچے کو دیوے یا بحالت حمل کے کہ وہ بچے کے واسطے مضر ہوتا ہے۔

غیم۔ بفتح اول وہ بادل جو آسمان کو چھپا لے

غیوم جمع غیم بہت سے بادل اور ابر مردہ جسکو اسفنج کہتے ہیں۔

غیلان۔ تخلص ایک شاعر کا اور جمع غول کی۔

غین۔ بادل جو محیط آسمان ہو اور تشنگی اور تیرگی و بلبل جو ایک جانور ہے باعتبار اس بات کے کہ اسکو ہزار داستان کہتے ہیں اور حرف غین کے عدد ہزار ہیں اور نام ایک حرف کا حروف تہجی سے۔

غیضہ۔ بیشہ جنگل۔

غینیہ۔ ترکش تیروں کا اور روئی دھنی ہوئی۔

غیبہ۔ فریاد و صدا و آواز بلند۔

غیداقی۔ ایک قسم تیر کا ہے نہایت سخت جو پتھر کو توڑ دیتا ہے غیداق جو ایک شہر ترکستان میں ہے اسمیں بنتا ہے۔

دوسری فصل

اردو لغات کے بیان میں

واضح ہو کہ اردو لغات میں سے کوئی لغت لائق تحریر اس فصل کے نہیں ملا اور جو درج نفائس اللغات وغیرہ ہیں وہ عربی و فارسی مستعمل باردو ہیں جو اس کتاب کے پہلی فصل میں تحریر ہو چکے اب دوبارہ انکا لکھنا فضول متصور ہو کر متروک ہوا۔

تیسری فصل

فارسی اصطلاحات و محاورات کے بیان میں

غین با الف

غارتگر۔ لوٹنے والا۔ قزاق۔ رہزن۔ چور۔ غارتگر سالک یزدی ۔۔۔ صبا و گلفروش و غارتگر چمن ؛ این یکے ۔۔۔ ۔۔۔ و آن یکے بغمس بدوش ؛

غاشیہ بافان ریش۔ ڈاڑھی بڑھا کر رکھنے والے بیہودے لوگ۔

غازہ کردن۔ روئی سے دانہ نکالنا کاتنے کے لائق کرنا۔ پشم کو درست کرنا جس سے وہ کاتنے کے لائق ہو جائے۔

غاشیہ در زیر بغل کشیدن۔ غاشیہ بر دوش کشیدن۔ اطاعت و فرمانبرداری کرنا۔ میر معزی۔ حاشش لله اگر زندہ شود حاتم طے ؛ پیش اسپ تو کشد غاشیہ در زیر بغل ؛ انوری۔ ہر کجا غاشیہ شہی امر تو بندد یازبر دوش کشد غاشیہ کیک و حمام ؛

غارتیدن۔ لوٹنا۔ غارت کرنا۔ نظامی۔ جہود سے مسی را ز راندود کرد ؛ و کان غارتیدن بدان سود کرد ؛

غالیدن۔ غلطیدن و غلطانیدن۔ لڑھکنا اور لڑھکانا۔

غارت خوردہ۔ غارت کا مال کھائے ہوئے۔ یا لٹا ہوا۔ طاہر وحید۔ چیست دانی عقل نادان آتش افسردہ ؛ چیست دانی فہم جاہل دزد غارت خوردہ ؛

غارت زدہ۔ جو لٹ چکا ہو۔ میرزا صائب۔ یوسف از قافلہ حسن تو غارت زدہ ست ؛ کیست امروز ز خوبان بسر انجام تو نیست ؛

غارتگاہ۔ لوٹ کا مقام میرزا محمد زمان راسخ۔ رو بیم از خویش تا غارتگہ داد ؛ بدر گاہش بے فریاد فریاد ؛

غین با بے

غبن فاحش۔ صریح خسارہ اور بہت نقصان۔

غبار آوردن چشم۔ خیرہ ہونا آنکھوں کا۔ کم نظر ہونا تاریک ہونا۔ محمد سعید اشرف۔ دیدۂ آئینہ پنداری غبار آلودہ است ؛ بسکہ در کوہ خجالت در حجاب روئے اوست ؛

غبار یتیمی۔ وہ کدورت جو بسبب یتیمی کے یتیم کے چہرے پر آجاتی ہے۔ صائب۔ از گوہرش غبار یتیمی نمیرود ؛ آنرا کہ چون صدف لب خواہش فراز شد ؛

غین با رے

غرض مند۔ حاجتمند۔ خواہش مند۔ باقر کاشی۔ عاشق نکند مال ہتی ؛ کس عقل نہ جوید از غرضمند ؛

غریدن کوس۔ نقارہ بجنا۔ نظامی۔ بغول سیہ بانگ بر زد خروس ؛ درآمد بغریدن آواز کوس ؛

غربال کردن۔ کسی امر میں بہت سی جستجو اور تلاش کرنا میرزا صائب۔ گر کند غربال صد رہ دور گردون خاک را نیست ممکن ہمچو من بیحاصلی پیدا شود ؛

غریدن۔ گرجنا بادل یا شیر درندہ و پلنگ و نقارہ وغیرہ کا۔

غریویدن۔ شور و فریاد کرنا۔

غربت زدہ۔ غربت دیدہ۔ مسافر وطن سے نکلا ہوا۔ صائب۔ زنگ در پردۂ بینائی بلبل شدہ است ؛ یک نفس شبنم غربت زدہ مہمان گل ہست ؛

ورنہ۔جامی عنبر از کف لی مغرو تو اند گرفت ❊ شام غربت دیدہ را صبح وطن خمیازہ است ❊

غریب زادہ ۔ لولی زادہ حرام زادہ ۔ کسی مسافر رستہ چلتے کا تخم ۔ کسبن عورت کا لڑکا ۔ شفیع اثر ۔ ترانہ کہ ز شوخی ندیم محفلہا ست ❊ غریب زادہ ہند و نژاد خامہ ماست ❊ علی قلی اعظم ۔ ہمچون بیاض چشم سیاہان خوش نگاہ ❊ ہندار غریب زادہ ایران سفید دوست ❊

غرہ بودن بر چیزے ۔ کسی چیز پر مغرور ہونا ۔ سے ۔ آہی مباش غرہ فسان و فسوس را ❊ ہر گز ندان توزہر گیا اصل سوس را ❊

غین با زائے معجمہ

غزل پرداز ۔ شاعر ۔ غزل لکھنے والا ۔ عرفی ۔ غزل پردازم اینک از دو بیت جو دو مصرع را ❊ کنم مطلع کہ حسن آفتاب از فرقدان بینی ۔

غزل باف ۔ شاعر ۔ غزل لکھنے والا ۔ شفیع اثر ۔ کمال تازہ خیالی ست ❊ غزل بافی ❊ کہ شاعر ست بہرہ زیادہ از نساج ❊

غزلخوان ۔ غزل پڑھنے والا ۔ گانے والا ۔ حافظ ۔ زلف آشفتہ و خوے کردہ خندان لب و مست ❊ پیرہن چاک و غزلخوان و صراحی در دست ❊

غژیدن ۔ بیٹھ بیٹھ کر چلنا تنگ ہو کر بیٹھنا ۔ ایک دوسرے پر چڑھ کر بیٹھنا ❊ یعنی خزیدن یعنی گھس جانا ۔

غزل گوئی ۔ غزل لکھنے والا شاعر اور گانے والا ۔ میر معزی ۔ گر نہ بیدل گشت بلبل چون کند چندین خروش ❊ ورنہ عاشق گشت قمری چون کند چندین فغان ❊ بوستان اکنون بجو بزم خسروان آراستہ ❊ و ندار ادو بلبل غزل گوئی ست و قمری مدح خوان ❊

غزل سرائی ۔ نغمہ و سرود یعنی گانا ❊ مؤلف ۔ گل ست جلوہ نما تا بکے درین گلزار ❊ غزل سرائی بلبل بوستان تا کے ❊

غین با فائے

غفلت کار ۔ غافل و بے خبر اور زنجان ۔ سمجھ ۔ بمکر ۔ حذر رامی فا فلان جاہل وار ❊ حذر رای جاہلان غفلت کار ❊

غفلت زدہ ۔ نہایت غافل و بے خبر ۔ شانی تکلو ۔ اشک حسرت نمک انباشتہ در چشم امید ❊ بخت غفلت زدہ در خواب گران ست ہنوز ❊

غین با لام

غلطیدن آسیا ۔ پھرنا اور چلنا چکی کا ۔ محسن تاثیر ۔ یا کام تر تر چشمہ ز سنت نکردہ ایم ❊ غلطد ز آب خود چو گہر آسیاے ما ❊

غلطیدن دیوار ۔ گر جانا ۔ مسمار ہونا دیوار کا ۔ صائب ۔ نہ خون فاختہ دیوار بوستان غلطید ❊ بجای خویشتن آن سرو پا بدار رفت ❊

غلط انداز ۔ جو شخص نشانہ پر تیر نہ لگائے چپ انداز بھی اسکو کہتے ہین ۔ درویش والہ ہروی ۔ ور باغ سوے خانہ بلبل شدہ بارِ انداختہ ز پا این ہمہ حرکات غلط اندازد ❊ میرزا جلال اسیر ۔ نازو نیاز ہر دو کماندار حیرت اند ❊ تیر نظارہ بیر غلط انداز میشود ❊

غلام گردش ۔ وہ جگہ جہان شاہی محل کے باہر چوکیدار پہرہ دیتے ہین نوکرون کے پھرنے کا مقام ۔ محمد سعید اشرف ۔ کیوان غلام بارگہ کبریائی تست ❊ گردون غلام گردش دولت سرائی تست ❊

غلام فلکم ۔ یعنی مین آسمان کا محکوم ہون جو میرے ستارے کی گردش میں وقوع مین آئیگا سو ہو جائیگا ۔ نورالدین ظہوری ۔ مست می خون دل و جام فلکم ❊ سر تسلیم نگر بکام فلکم ❊ در ساختہ ام بخواجہ ناشی غیر ❊ تا سازی او ببین غلام فلکم ❊

غلاف نشین ۔ جو چیز غلاف یعنی پردے مین ہو ۔ ناصر علی ۔ بے نور شد چراغ دل از ظلمت وجود ❊ این خنجر غلاف نشین زرق رنگ بود ❊

غلط بین ۔ جسکو صحت کی طرف خیال نہو ۔ صائب ۔ جامی رحم ست بران چشم غلط بین کہ ز جہل ❊ خواہہا بیند و بیدار نماید خود را ❊

غلط دادن ۔ کسی شخص کو مغالطہ مین ڈالنا ۔ دھوکا دینا ۔ حافظ ۔ چو گل گر خوردہ داری خدا را صرف عشرت کن ❊ کہ قارون را غلطها داد سودائی زر اندوزی ❊

غلطیدن ۔ لپٹ جانا پھیل جانا ۔ گر جانا ۔ طاہر وحید ۔ نہان در غبار دل گشت دریا ❊ چو اشکے کہ بر خاک غلطیدہ باشد ❊

غلط و واغلط زدن ۔ غلطیدن دو غلطیدن ۔ بیقراری کی حالت مین لوٹنا ۔ ادھر کا ادھر پہلو بدلنا ۔ محمد اسلم سالم ۔ شب جہاد ز بزم مے غلطید و غلطید شیخ ❊ از ذوق مسجد چہ با تمکین نشستہ و وشست ❊ طاہر وحید کبابی کی تعریف مین ۔ بر آتش گذارم چو پہلو بخواب ❊ ز نرم غلط و واغلط ہمچون کباب ❊

غلولہ کمان ۔ وہ کمان جسکو ہندی مین غلیل کہتے ہین ۔

غلام بارہ ۔ امرد پرست ۔ لونڈے باز ۔ محمد سعید اشرف ۔ بر دور او ز خیل غلامان بود حصار ❊ زین رو غلام بارہ توان گفت خواجہ را ❊

غلط کاری ۔ دھوکا دینا ۔ مغالطہ مین ڈالنا ۔ فریب دینا ۔ نظامی ۔ بترس از غلط کاری روزگار ❊ کہ چون ما بسے را غلط کرد کار ❊

غین با میم

غم پرست ۔ جو ہمیشہ غمگین رہتا ہو ۔ قلی قلی خان اعظم ۔ غم ستان ترا با عیش و عشرت کار نیست ❊ در شراب اعظم با سینہ خم افتادہ است ❊

غم پرورد ۔ جو شخص ہمیشہ غمناک رہتا ہو ۔ اسیری لاہجی ۔ عشق تو دل آزادہ را ❊ جان غم پرور دگار افتادہ را ❊

غم کشی - غمناک ہونا - دلگیر - نظامی - بیا ساقی آن می که فرخ پی ست ٭ بمن ده که داروی دردم می ست ٭ می کوست جلوه ای هر غمکشی ٭ ندیده بجز آفتاب آتشی ٭

غم گسل - محبوب جسکے دیکھنے سے غم دور ہو - ملا طغرا - کند تشقه چون آن بت غم گسل ٭ چراغی گزار د بمحراب دل ٭

غم آشام - ہمیشہ غمگین رہنے والا - ظہوری - غم آشامان بہم چون جام بخشند ٭ دو عالم را بهر کام بخشند ٭

غم آلوده - غمناک ہر وقت غم مین رہنے والا - ملا قاسم مشہدی - قطره اشکی که از مژگان غم آلوده ریخت ٭ عنکبوت گشت و بر جا کرد یا تم تنید ٭

غم خانه - غم کا گھر - ماتم خانه غمکده - طالب آملی - تیرگی بیجو شد از غمخانه افلاک ها ٭ شمع بزم خویش را در تحت صرصر سوختم ٭ ابوطالب کلیم - خانه سیل سرشت ازلی شگون ٭ روز یکه دهر غمکده ام را بنا نهاد ٭

غمزهٔ لاجوردی - رنگین غمزه اور ناز خنگ و غمزهٔ بے محل بے موقع ناز - ظہوری - افتاد اگر به دو چشم توچه باک ٭ از غمزهٔ لاجوردی ام ذوقی هست ٭

غین با نون

غنچهٔ آب - حباب جو پانی پر نمودار ہوتے ہین - مولف - رنگ و بوی بوستان هر گز ندارد اعتبار ٭ این گل غنچه سراپا غنچهٔ آب ست و بس ٭

غنچه خسپ - اپنے ہاتھ پانون کو جمع کرکے سونا - محسن تاثیر - سرکوئی تو چه حاجت بگلستان دارد ٭ غنچه خسپان تو در سایه دیوار تو بس ٭

غنچه لب - یہ جملہ معشوق کی تعریف مین بولا جاتا ہے - محمد اسحاق شوکت - بنای غنچه بر شراب تبسم ست ٭ شب کرد ام غنچه لب از گلستان گذشت ٭

غنچهٔ خاطر - تنگ دلی کی حالت مین - سنجر کاشی - غیر نشگفد از شعر ترمن سنجر ٭ غنچهٔ خاطر نشوم کان گل باغ حسد ست ٭

غنچه زار - گلزار - باغ جہان بہت سے پھول ہون - درویش واله هروی - غنچه زاری شده از لخت جگر مژگانم ٭ تا چه آن نخل قد از ان گل رو آرد بار ٭

غنچهٔ تریاک - کوکنار جس سے افیون نکالتے ہین -

غنچهٔ دل - تنگ دل ممسک - حالی - جان ز تن بیرون شدن پیش بخیل غنچه دل ٭ نیست مشکل آنقدر کز مشت زر آید برون ٭ خلیفه شاه محمد - از سموم غم بباغ وجود ٭ هر گز این غنچهٔ دلم نگشود ٭

غنچهٔ ارغوان - شراره آگ کا -

غنچه بستن - غنچه باندھنا یعنی بنانا - حافظ - جان فدای دہنت باد که در باغ وجود ٭ چمن آرای جهان خوشتر ازین غنچه نه بست ٭

غنچهٔ پیکان - غنچهٔ تیر - تیر کا پھل - صائب - در دل ما غنچهٔ پیکان او گلگل شگفت ٭ شاد گردد میهمان باشد چو صاحب خانه گرم ٭ زلالی - من کیستم آن ذره خورشید نظیرم ٭ هر طرف گله فتنه کند غنچه تیرم ٭

غنچه خسپیدن - غنچه خوابیدن - ہاتھ پانون جمع کرکے سونا - صائب - آه می زند و نفس در سینه افگار من ٭ غنچه می خسپد نسیم صبح در گلزار من ٭ صائب - رحمت دنیا حجاب دیدهٔ بیدار نیست ٭ بر بساط گل چو شبنم غنچه می خوابیم ما ٭

غنچه دہان - محبوب کی تعریف مین بولا جاتا ہے - میر خسرو - غنچه دہان من بیا تنگدلی من ببین ٭ بے تو چگونه زنده ام سنگدلی من ببین ٭

غنچه رستن و غنچه روئیدن و غنچه دمیدن - انکے معانی مشہور ہین - عبدالقادر بیدل - بستم گرهی ست گر نبوست کشته که بسیر سرو سمن در آ ٭ تو ز غنچه کم نه دمیده در دل کشا بچمن در آ ٭

غنچه شدن - غنچه بودن - اپنے آپ کو فراہم کرنا متامل ہونا - صائب - عندلیبی که در خیال گل ست ٭ هر کجا غنچه میشود چمن ست ٭ شفیع اثر - نقد ما چون زر گل در طبق اخلاص ست ٭ کف ما غنچه نگردد چو شود صاحب مال ٭

غنچه شکستن - کلی توڑنا - دل رنجیده کرنا - سالک یزدی - بیای اہل محبت چرا خلد خاری ٭ نه غنچه بشکستند و نه گلی خستند ٭

غنچه شگفتن - کلی کا کھلنا - خوشی حاصل ہونا - ذوقی - موسم گل گذشت و رفت بہار ٭ لیک این غنچهٔ دلم نشگفت ٭

غنچه کشادن و کشودن - کلی کھلنا اور کھلنا - طاہر وحید - پس از یکسال همچو غنچه گر ز شاخ بکشاید ٭ شود از لب خنده پیدا آن دہن آہسته آہسته ٭

غنچه نشستن - تنگ ہو کر بیٹھنا - غمگین بیٹھنا - صائب - فصل گل میگذرد بی قدح و جام مباش ٭ غنچه منشین گره خاطر ایام مباش ٭

غنچه کندن - کلی شاخ سے توڑنا - زلالی - دلے کو بے غم عشق ست زنده ٭ بود چون غنچهٔ از شاخ کنده ٭

غنودن - بفتح اول آسوده ہونا اور دراز کھینچنا - طالب آملی - گردیده بخواب که آیم بخواب ٭ عمر یست چو دیده بر سر نشتر غنوده ٭

غنودن - بضم اول و دوم آرام کرنا اور ماندہ ہونا - نظامی - غنوده تن مردم از رنج و تاب ٭ نظر هر زمانے در آمد بخواب ٭

غنیمت کشان - لوٹ کا مال اٹھانے والے - نظامی - دران پیش بینی خرد پیشه کرد ٭ که لختی ز چشم بد اندیشه کرد ٭ بفرمود شه تا غنیمت کشان ٭ دهند از شمار غنیمت نشان ٭

غنچه پیشانی - بد دماغی و غضب کی حالت مین بند پیشانی مقابل شگفته پیشانی - صائب - تازه رویان گلستان غنچه پیشانی شدند ٭ دلربا لاله و گل روی خندانی نماند ٭

غنچہ خندی - فرحت و مسرت و خندیدگی - ظہوری - زہر برگ گل
غنچہ خندی کنم * بہ تحسینش گلدستہ بندی کنم *

غنچۂ قالی - وہ نقش و نگار پھولوں کے جو قالین پر بنے ہیں خان آرزو
یکسر قماش ہستی یا رنگ غفلت ست * خوب است ہمچو غنچۂ قالین بہار ما *

غین با واو

غوک چوب - یہ ایک بچوں کا کھیل ہے جسکو گلی ڈنڈا کہتے ہیں ایک لمبی لکڑی ہاتھ میں اور چھوٹی جو بیچ میں سے موٹی اور دو طرف پتلی ہوتی ہے زمین پر رکھتے ہیں لمبی لکڑی سے چھوٹی لکڑی کے ایک سرے کو مارتے ہیں تو وہ اُڑتی ہے اُڑتی ہوئی کو پھر دوسری ضرب دیتے ہیں اس کھیل کو چالیک اور چلاک بھی کہتے ہیں -

غورہ ما مویز شد - یعنی ہمارا بچہ کیں میں بوڑھا ہوگیا اور حرکات پیرانہ اُس سے ظاہر ہونے لگے - باقر کاشی - از زندگی دو روزہ دلگیر شدیم * شد غورۂ ما مویز و پیر شدیم * طفلیم چو پیر گبودیم دو روز افسوس کہ بالغ نشدہ پیر شدیم *

غورہ زار - انگوری باغ - زلالی - ایاز نوشتن اور را پسر بود * کہ وزد و غورہ زار اوستا کر بود *

غوطہ خوار - پانی میں غوطہ لگانے والا - ملا طغرا در انتصار خان کی تعریف میں
نگشتی لتبلرم اگر غوطہ خوار * نبودی زطوفان بدین اشتہار *

غورہ در چشم کسے کردن - طیش کسی کا نقص کرنا - سالک یزدی
از چشم کبود چرخ سیدارم حذر * کاین ترش رو غورہ در چشم ایام میکند *

غوطہ گاہ - غوطہ لگانے کا مقام - زلالی - کشید از غوطہ گاہ اژدہا تیغ * چو برق نافت سوز از سینۂ میغ *

غین با یاے

غیزیدن - لغزش کھانا پھسلنا دونوں ہاتھ اور پاؤں کے زور بیٹھ کر رستہ چلنا جسطرح بچے چلتے ہیں -

غیب خانہ - نہان خانہ پوشیدہ مکان - طاہر وحید - چو لو شمع ز فانوس در تجلی بود * فروغ حسن تو از غیب خانہ تقدیر *

چوتھی فصل

اردو محاورات و مصطلحات کے ذکر میں

غین با الف

غارت غول ہونا - تباہ ہونا - برباد ہونا - تلف و ضائع ہونا ناپید ہونا - جاتا رہنا - گم ہونا - قطعہ از مؤلف بخشتا ہے نہ دہ گنج قارون کو ہاتھ ڈال سکتا نہ کوئی جسکا مول * جبکہ آسکا اخیر وقت آیا * ہوگیا ایک دم میں غارت غول *

غارت گیا - جاتا رہا - برباد ہوا - اور بددعا کا کلمہ - شوق - چھوڑ غارت گئی میرا پیچھا * کب تلک تو مجھے ستائیگا - مؤلف - ال و ملک و دولت و اسباب و رخت * تم گئے جسوقت سب غارت گیا *

غائب غلہ کر دینا - گم کر دینا - اُڑا دینا - خرچ کر دینا - باقی نہ رکھنا -

غین با باے

غبار ہونا - آسمان پر گرد ہونا دو شخصوں کے آپس میں رنجیدگی ہونا آنکھوں سے کم نظر آنا - صفدر رفوقانی - صورت جانان نہ آئیگی نظر * ہوگا گر آئینۂ دل پر غبار *

غپ شپ - بازاری باتیں جنپر یقین نہو -

غین با تاے

غٹ غٹ کرکے پی جانا - جلدی پی جانا سانس نہ لینا اور غٹ غٹ اُس آواز کا نام ہے جو پانی پینے کے وقت گلے سے نکلتی ہو - قطعہ مؤلف آگئے زاہد شراب خانہ میں * دیا ساقی نے جام جھٹ پٹ * پہونچی جب ہم دماغ میں خوشبو * ہوگئے بیسر وپی گئے غٹ غٹ *

غتر بتر ہو جانا - دو قوموں کا آپس میں مل جانا -

غین با دال

غدر مچانا - بدانتظامی کر دینا - لوٹ مچا دینا - فساد برپا کر دینا - شور مچانا - قطعہ مؤلف - ہند کے ملک ستاون بھی * کس مصیبت کا سال آیا تھا * سیکڑوں خاندان ہوئے برباد * نیک بد پیر و بال چھایا تھا * گردش آسمان نے ایسا وقت * ساری مخلوق کو دکھایا تھا * کس بلا و غم و مصیبت میں * مبتلا اپنا او پرایا تھا * نہ بچی جان اور نہ مال بچا * صدمہ دونوں نے یہ اُٹھایا تھا * جسکا بدلہ دیا بغیبت نے * غدر جو فوج نے مچایا تھا * اسمیں ماری گئی رعیت بھی * فتنہ جو فوج نے جگایا تھا *

غین با راے

غرض کا باولا - غرض کا دیوانہ مطلب کا یار - ہے دیوانہ مطالب کا زمانہ * غرض کا باولا سارا جہان ہے *

غرض کرنا - غرض نکالنا - مطلب حاصل کرنا - قطعہ مؤلف شکر کر تو اگر کوئی طالب * اپنے مطلب کو تیرے پاس آئے * ملے مقصود اہل مقصد کو * کوئی اہل غرض غرض کر جائے *

غرض نکالنا - مطلب لینا خواہش پوری کرنا - کام لینا قطعہ مؤلف اس زمانے کے دوست بن کر دوست * صرف اپنی غرض نکالتے ہیں * آنے

جب کوئی کام پڑ جاسے ✤ آپ باتون مین اسکو ٹالتے ہین ✤

غرق ہونا - ڈوب جانا کسی کام مین - نہایت مصروف ہونا قطعہ لطف

غرق کیا دنیا نے مین دنیا دار ہے ✤ نیک و بد کی کچھ خبر رکھتا نہین ✤ ایسا

دام حرص مین پابند ہے ✤ اپنی حالت پر نظر رکھتا نہین ✤

غرّہ بتانا - آج کل کرنا جب کوئی تقاضے کو آئے تو یہ کہ دینا کہ پہلی

تاریخ کو آنا - قطعہ مؤلف - جھوٹے وعدون مین وہ رشک مہر و ماہ ✤

روز سرگردان پھراتا ہے مجھے ✤ آج کل مین جب گذر جاتا ہے ماہ ✤

پھر نیا غرہ بتاتا ہے مجھے ✤

غرّہ کرنا - غرور کرنا - تکبر کرنا - گھمنڈ کرنا - فخر کرنا - اترانا - احسن

نازک بدن پہ اپنے کرتے ہو تم جو غرہ ✤ موسی کرینگے تجھکو فرعون سا بنا یا ✤

غرّہ کرنا - فاقہ کرنا - کھانا نہ کھانا - ناغہ کرنا - کام نکرنا - سجیستہ

وہ ماہ آج جو آیا تو کل کیا غرہ ✤ نشاط و عیش مین گذرا کبھی نہ سارا چاند ✤

غریبی آنا - مفلس و محتاج ہو جانا - کنگال ہو جانا -

غرفہ کی بات - پوشیدہ بات -

غرض کا یار - مطلب کا یار - غرض کا دوست - قطعہ مؤلف - اپنے

مطلب کا سب زمانہ ہے ✤ لوگ ہین دوستدار مطلب کے ✤ کوئی واقف

نہین ہے بے مطلب ✤ اہل مطلب ہین یار مطلب کے ✤

غریب الوطن - پردیسی - دوسرے دیس کا - قطعہ مؤلف - حق نے

دیا ہے تمھین ملک و مکان ✤ سیم و زر و دولت و فرزند و زن ✤ رحم کرو

اسپہ خدا کے لیے ✤ آئے مسافر جو غریب الوطن ✤

غریب خانہ - بطور انکسار کے اپنے گھر کو غریب خانہ کہتے ہین میر کبھی تو

سو یا تھا میرے گھر آکر ✤ جاگے طالع غریب خانے کے ✤

	غین بازاے معجمہ	

غزل کہنا - غزل تصنیف کرنا - شعر بنانا -

	غین باسین	

غسل کی حاجت ہونا - بدن کا ناپاک ہو جانا - نہانے کی حاجت ہونا -

	غین باشین	

غش ہونا - عاشق یا شیفتہ ہونا کسی کے خیال مین غلطان پیچان رہنا - برق

بند جلوے سے تری چشم تماشائی ہو ✤ غش کرے موسی عمران جو تماشائی ہو -

	غین باصاد	

غصہ پینا - جوش دل کو ضبط کرنا - خفگی کو روکنا - ظفر - ہم تو پی جاتے

لہو دشمن کا پر کچھ سو چکر ✤ دل مین اپنے غصہ اپنا اسے ستمگر پی گئے ✤

غصہ تھوک دینا - غصہ دور کرنا - غصہ کم کرنا - جانے دینا - معاف کرنا -

غصہ دلانا - افروختہ کرنا - خفا کرنا - ناراض کرنا - مؤلف - صحبت

اپنی غیر سے روبرو میرے جتاتا ہے ✤ رقیب روسیہ ناحق مجھے غصہ دلاتا ہے -

غصہ مین بھوت ہو جانا - نہایت غضبناک ہونا - مجنونانہ حرکات کرنا -

غصہ مین بھر جانا - غضبناک ہو جانا - مولانا اکبر لاہوری - خالی محفل

مین ہے غیرون سے ہمیشہ اختلاط ✤ بندہ آتا ہے تو کیون غصہ مین بھر جاتے ہو تم ✤

غصہ ناک بات بات پہ ہونا - بات بات پر خفا ہونا - ذرا ذراسی بات پر بگڑ جانا

	غین باضاد	

غضب آنا - غضب ٹوٹنا - کسی ناگہانی آفت یا بلا کا نازل ہونا -

غضب توڑنا - غضب ڈھانا - فساد برپا کرنا - شور و شر مچانا - غصہ آنا - غصہ کرنا

غضب کرنا - تعجب انگیز بات کرنا - انوکھی بات کرنا - کوئی عجیب بات

کرنا - ظلم کرنا - ظفر - بولتے تم تو کیا غضب کرتے ✤ سو ستم کرتے ہو تو چیپ چاپ ✤

غضب مین پڑنا - غضب مین گرفتار ہونا - کسی بلا یا مصیبت مین

گرفتار ہونا - ناک مین دم آنا - آفت مین پڑنا -

غضب ہونا - خفا ہو جانا - آگ ہو جانا - برا کام ہونا - کام بگڑ جانا

	غین بالام	

غلام کرنا - غلام بنانا - تابع کر لینا - عاشق کر لینا - شیفتہ و مفتون

کرنا - ولی - خوبرو خوب کام کرتے ہین ✤ اک نگاہ سے غلام کرتے ہین ✤

غلام ہونا - تابع ہونا - فرمان بردار ہونا - یار علی - یکون لونڈی

اسکی ہون نہ زلیخا کی طرح سے ✤ یوسف غلام ہے جو اسے دام ہو گیا -

غلامی اختیار کرنا - غلام ہونا - خادم بننا -

غلامی کا خط لکھنا - غلامی کی سند لکھنا -

غلط ٹھہرانا - تردید کرنا کسی کی بات کو جھوٹھا کرنا -

غلطی کھانا - خطا کھانا - بھول جانا -

غلک مین دھرنا - جمع کر لینا -

	غین بامیم	

غمخوار ہونا - دکھ درد کا ساتھی رنج و راحت کا شریک ہونا - منشی حیدر

دل زار اپنا ہے ہر وقت دلدار ✤ غم دلدار ہے ہر لحظہ غمخوار ✤

غمخواری کرنا - ہمدردی کرنا - دکھ یا درد بٹانا - مولانا اکبر - کون دل کی

بغیر اس دل کی دلداری کرے ✤ جان غمگین کی بجز غم کون غمخواری کرے ✤

غمخور ہونا - غم کھانے والا صابر متحمل بردبار ہونا - حکیم الور لاہوری

انسان وہی ہے دنیا مین جو دیندار ہو ✤ غمخور ہو حلیم ہو اور بردبار ہو -

غمخوری کرنا - غم کھانا برداشت کرنا جھیلنا متحمل و بردبار ہونا -

غم غلط کرنا - کوئی ایسا کام کرنا جس سے غم جاتا رہے یعنی خیال دل جاتے

قطعہ مؤلف - کچھ غرض رکھتے نہیں ہم یار اور اغیار سے ٭ تم ہیں جسکو
یاد اے ساقی فقط کرتے ہیں ہم ٭ جام مے پیتے جو ہیں ہم گاہ گاہ
تیرے بغیر ٭ اپنا بہلاتے ہیں دل اور غم غلط کرتے ہیں ہم -
غم کھانا - رنج کرنا - افسوس کرنا - صبر کرنا - ہمدردی کرنا مؤلف -
غیر کی فکر دل میں مت رکھو ٭ تم بہر حال اپنا غم کھاؤ
غمی ہو جانا - ماتم ہو جانا - کسی کا مر جانا -

غین با نون

غنیمت جاننا - قدر پہچاننا - سار جاننا - عزت کرنا مؤلف
خیر خوبی سے جو گذر جائے ٭ وہی دنیا میں دم غنیمت ہے + عیش و
شادی اگر نصیب نہو ٭ غم و رنج و الم غنیمت ہے ٭
غنچہ دہن - معشوق جسکا منہ تنگ اور نہایت خوبصورت ہو - مؤلف
اگر گلشن میں وہ غنچہ دہن آئے ٭ اسی دم رنگ گل بوٹوں کے اڑ جائے +
غنیمت ہے - بہر حال شکر کا مقام ہے جو ہو جائے سو بہتر ہے قطعہ مؤلف
قرب جانان اگر نصیب نہو ٭ دور سے دیکھنا غنیمت ہے ٭ گر نہ حاصل
ہو مسند شاہی ٭ فقر کا بوریا غنیمت ہے -

غین با واو

غوں غوں کرانا - ڈینگیں ہانکنا - لغو اور بیہودہ بک بک کرنا -
غوطہ مارنا - غوطہ لگانا - غائب رہنا - روبرو نہ آنا - کسی امر
میں نہایت سوچنا - بہت فکر کرنا - غور اور توجہ کرنا -
غوطہ میں آنا - بیہوش ہو جانا - غش آنا - سکتے میں آنا -
غوطہ دینا - پانی میں ڈبا دینا - غرق کر دینا -
غوطہ کھانا - رستہ بھول جانا - فریب میں آنا - دھوکا کھا جانا -
غوطہ مارنا - ڈبکی لگانا - غور کرنا - سوچنا - ناغہ کرنا - حاضر ہونا -

غین با یاے

غیرت سے مرنا - نہایت شرم کرنا - خجل و منفعل ہونا -
پانی پانی ہو جانا -
غیرت کھا کے ڈوب مرنا - شرم کے مارے ڈوب کر مر جانا
حیا کے مارے جان دے دینا -
غیر حالت ہو جانا - مرنے کے قریب پہنچنا - جان کنی کی حالت میں
ہونا - سعہ - اے مسیحا لیجیے جلدی خبر ٭ غیر حالت ہے ترے بیمار کی ٭
غیں میں لانا - تکرار کرنا - جھگڑا کرنا -

پانچویں فصل

نباتات متعلق علم طب کے بیان میں

غین با الف

غافث - بر وزن آفت ایک خاردار گھاس ہے پتی اسکی لمبی پھول
بنفشئی ذائقہ نہایت تلخ طبیعت اسکی گرم خشک ملطف و مقطع
و جاذب و جالی و مفتح سدد جگر ہے -
غار - بہ راے مہملہ شام کی ولایت میں یہ عالیشان درخت ہے اور
عمر اسکی ہزار برس سے کم نہیں اہل یونان اسکی بڑی عزت کرتے ہیں
اسکی لکڑی ہمیشہ اپنے پاس رکھتے ہیں یونانی متقدمین حکما اسکی لکڑی
کی ٹوپی بنا کر پہنتے تھے پتی اسکی نرم اور ذائقہ میں تلخ اور خوشبودار
پھل اسکا بقدر فندق کے ہوتا ہے پوست اسکا نازک سیاہ رنگ
مغز کے دو ٹکڑے زرد رنگ چکنا خوشبودار طبیعت اسکی گرم خشک
مغز اسکا گرم تر روغن بھی گرم تر محلل و مفرح و مقوی و مدر و تریاق
سموم ہے دافع صداع بلغمی و صرع و وسواس ہے ذہن کو بڑھاتا ہے -
غاریقون - بہ راے معجمہ ایک قسم مرغابی کی ہے جسکو قاز بھی کہتے ہیں طبیعت
اسکی گرم تر محلل و منفخ ریاح و دافع استسقا و درد مفاصل ہے -
غاغالس - یہ ایک گھاس ہے پتی اسکی نرم اور تلخ پھول اسکا بنفشئی
طبیعت گرم خشک ہے ضماد اسکا کان کے ورم کو دور کرتا ہے کھانا
اسکا کھانسی کو رفع کرتا ہے ضیق النفس کا علاج ہے -
غاریقون - یہ دوا ایک جنگلی صورت پر ہے جو سڑی ہوئی ہو جو بعض
درختوں پرانوں سالخوردہ کے پیٹ سے نکلتی ہیں یا انکے ریشے
جو سڑ گئے ہوں مختلف رنگوں میں مزہ میٹھا اور تیزی کے ساتھ اور
تلخی بھی نر اور مادہ دونوں قسم کا ہوتا ہے نر سخت زیادہ مادہ سے
اور گول اور حلقہ دار بہتر اور مستعمل مادہ سفید ہے جو تھوڑی رگڑنے
رگڑنے سے جاتی ہے سرخ اور سیاہ رنگ غیر مستعمل اور یہی ہیں یعنی زہر
میں طریق اسکے استعمال کا یہ ہے کہ بالوں کی چھلنی پر اسکو رگڑتے ہیں
تو لطیف اسکا نیچے آ جاتا ہے زہریلے اجزا اوپر رہ جاتے ہیں اسکو
کوٹنا بالکل منع ہے طبیعت نر مادہ دونوں اول درجے میں خشک اور
گرم تیسرے درجے میں مسہل بلغم و سودا و صفرا و ملطف اخلاط غلیظہ
دافع اورام سخت و دافع قولنج مقوی اعصاب و دل و دماغ ہے -
غالیون - یہ ایک سبزہ ہے عربی میں اسکو عاقد اللبن کہتے ہیں اسواسطے
کہ دودھ اسکی پتی ڈالنے سے فی الفور جم جاتا ہے پتی اسکی لمبی پھول زرد
اور باریک بہت خوشبو طبیعت گرم و خشک پھول اسکا جلے ہوئے عضو پر
لگانا نہیں فورًا اچھا کرتا ہے -
غالمون - غالیون اور اسکی ایک طبیعت اور ایک خواص ہے -

غالیہ - یہ دوا ادویات مرکبۂ قدیمہ سے ہی مخترعات جالینوس سے عنبر او رخصی الیان ورو غن بان وغیرہ عرقیات خوشبو سے بنائی جاتی ہی طبیعت اسکی گرم وخشک مقوی دل ودماغ ورحت بخش روح دافع دردسر فالج ولقوہ

غین با یاے

غبیرا - فارسی مین اسکو سبستی کہتے ہین یہ ایک درخت کا پھل ہی جو عناب کے درخت کی مقدار پر ہوتا ہی پتی اسکی خاکستری نر اور مادہ دو قسم کا غبیرا ہوتا ہی نر پھل نہین دیتا مادہ کو پھل لگتا ہی طبیعت اسکی سرد وخشک مقوی ومفرح دافع درد سر وکھانسی معدہ کو طاقت دیتا ہی -

غبار الرحی - فارسی مین گرد آسیا یعنی آسیا خانہ کے گرد مجفف ہی سعوط اسکا آنکھون کو صفا کرتا اعصاب کو تقویت دیتا ہی -

غین با دال

غداف - یہ ایک جانور کلاغ یعنی کوّے کی قسم سے ہے طبیعت اسکی گرم وخشک گوشت اسکا سخت مولد خلط فاسد ہی اور دافع درد زانو ومقوی بصر -

غین با راے

غراب - اسکو فارسی مین زاغ عربی مین کلاغ کہتے ہین غراب بھی انہین کے اقسام مین سے ہی واضح ہو کہ اسکی تین قسم ہین ایک ابلق اسکو غراب البقع کہتے ہین دوسرا سیاہ بڑا اسکو غراب اسود بولتے ہین تیسرے سیاہ چھوٹا اسکا غراب الزرع نام رکھا گیا ہی کیونکہ وہ کھیتون مین رہتا ہی اور ایک قسم جو غراب الزرع سے بھی چھوٹا ہی اسکو زغن اور زاغچہ کہتے ہین وہ مردار نہین کھاتا لوگ اور بالون اسکے سرخ ہین طبیعت ان اقسام کی اکثر گرم وخشک ہی اور سب کا گوشت ردی الغذا دیر ہضم مگر فائدے بھی ہین جو کتب طبیہ مین درج ہین -

غرب - نام ایک درخت کا ہی پتی سفیدی مائل پوست سفید اسکی شاخ کو وقت نکلنے شگوفہ کے چیر کر گوند نکالتے ہین طبیعت اسکی سرد وخشک قطور اسکے عصارے کا کان کے درد کو بند کرتا ہی پھولون کا پانی آنکھون کی سفیدی کا علاج ہی اسکے پوست کے جوشاندے سے غرغرہ کرین تو جونک جو حلق مین چمٹی ہوئی ہو بلا تکلف نکل آتی ہی پینا جوشاندے کا قولنج کو کھولتا ہی -

غری جلود - چمڑے کے سریش جس سے لکڑی کو جوڑتے ہین بہتر وہ ہی جو چھوٹون سے بنائی جائے طبیعت اسکی گرم وخشک پرانے زخمون کو اچھا کرتی ہی ٹوٹی ہوئی ہڈی اور سوختہ چمڑے کو درست کرتی ہی -

غری السمک - وہ سریش جو مچھلی کے گوشت سے بناتے ہین طبیعت اسکی گرم وخشک دافع برص ونفث الدم ہی پرانے زخمون کو اچھا کرتی ہی -

غری الجبن - یہ بھی ایک قسم کا سریش ہی کہ پنیر اور چونہ اور انڈے کی سپیدی سے بناتے ہین پتھر اور شیشہ اور چینی کو اس سے جوڑ لیتے ہین اور وہ پیوند نہ پانی سے چھوٹتا ہی نہ آگ سے -

غری - مطلق سریش جسکے اقسام بیان ہو چکے ہین -

غین با زاے معجمہ

غزال - ہرن اور ہرن کا بچہ جسکو فارسی مین آہو اور آہو بچہ اور ہندی مین مرگ کہتے ہین طبیعت اسکی گرم وخشک گوشت اسکا سریع الہضم مجفف وقلیل الغذا اثر اسکا مادہ سے بہتر ہی فالج واسترخا وتمام امراض عصبانی وخفقان بارد کو دفع کرتا ہی -

غین با ضاد معجمہ

غضار الصینی - چینی کا برتن خوب پسا ہوا اجالی ہی دانتون کو روشن کرتا ہی مسوڑھون کے خون کو بند کرتا ہی -

غین با لام

غلقی - یہ ایک جڑ طمولی کی شکل پر ہوتی ہی پتی اسکی مشابہ ناخن کے اور گول اور پھل کے اندر کوئی چیز مانند روئی کے بیچ امرود کے دانون کی طرح اسمین جو دود ھ نکلتا ہی مسہل قوی ہی اگر زیادہ ہو تو مہلک ہو جاتا ہی اسکے پانی سے جس تلوار کو آب چڑھائی جائے اسکا زخمی زندہ نہین رہتا -

غین با واو

غوتا غبتا - عصارۂ ریوند اسکو کہتے ہین یہ عصارہ زرد تیرہ رنگ مائل بسرخی اسکا ٹکڑا چراغ پر رکھین تو جلنے لگتا ہی پانی مین حل کرین تو پانی دودھ کی طرح غلیظ اور زرد رنگ ہو جاتا ہی بعض کہتے ہین کہ سوا اسکے ریوند کے ایک اور نبات کا عصارہ ہی کا مشابہ گندنا کے ہی طبیعت اسکی گرم وخشک مسہل ومخرج اخلاط ہی جسین خلط کو فاسد پاتا ہی نکال ڈالتا ہی معدہ مین دیر تک نہین رہتا بذریعہ قی اور دستون کے مواد فاسدہ کو لیکر نکل آتا ہی -

غوشنہ - نوع کماۃ یا قطر سے ہی ساتھ شوربے کے دھوبی اس سے کپڑے دھوتے ہین جلد سپید ہو جاتے ہین طبیعت اسکی سرد وخشک اکثر ادویات کے ساتھ مستعمل ہی -

تئیسوان باب

فاے معجمہ کے ذکر مین اسمین بھی بدستور پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

لغات عربی وفارسی وغیرہ کے بیان مین

فاے با الف

فال طغرا - یہ ایک قسم کی فال ہی کہ قرآن شریف ہاتھ مین لیکر اور نیت اپنے کام کی قائم کرکے کھولتے ہین اگر بسم اللہ یا خدا کا نام آ جائے تو بہت

مبارک سمجھتے ہیں۔ س۔ خدا از صفحۂ طغرا سے ماشود روشن ✽ کہ فال مصحف روئے بتان کشادستم ✽

فاستہ۔ نگین و محبوب پردہ نشین۔

فاشرا۔ ایک جنگلی انگور کا نام ہے جسکی بیل عشقہ کی طرح درختوں پر چڑھ جاتی ہے خوشہ اسکا بہت چھوٹا ہوتا ہے جسمیں آٹھ دس دانوں سے زیادہ نہیں ہوتے چمڑے کو اس سے دباغت دیتے ہیں پکے دانے اسکے سرخ اور پختہ نہایت سرخ ہوتے ہیں عربی میں اسکو عنب الحیہ کہتے ہیں۔

فاوا۔ واو کے ساتھ شرمندہ اور رسوا شرمندگی اور رسوائی۔

فاوانیا۔ تیسرا حرف واو درخت عود الصلیب تشریح ہیں سے باب میں لکھی گئی ہے۔

فاریاب۔ ملک خراسان حوالی بلخ میں ایک بستی ہے جسمین ظہیر الدین ظہیر فاریابی شاعر بے بدل سکونت رکھتا تھا۔

فاراب۔ یہ ایک شہر دریائے سیحون کے کنارے ترکستان کے ملک میں آباد ہے جسمیں معلم ثانی شیخ ابونصر فارابی سکونت پذیر تھے شہر سوا اسے فاریاب کہتے ہیں۔

فانی۔ یکسر نو فوت ہونے نیست و نابود ہونے والا مرجانے والا۔

فاضلات۔ وہ بچا پانی جو نہرون سے نکل جائے اور کوئی زمیندار اسکو اپنے کام میں نہ لائے طہوری۔ فاضل زسرے گذرد آب تیغ او چمن بارہا گذشتہ ام این آب تا گلوست ✽

فالج۔ ایک بلغمی بیماری کا نام ہے جس سے آدھا جسم آدمی کا بیکار ہو جاتا ہے اور ادھی فتیاب ہو ملفوظ و متورم ہو اور وہ اونٹ جسکا کوہان بڑا ہو۔

فادج۔ بہ دال مہملہ زہر مہرہ جو ایک مشہور پتھر ہے۔

فاتح۔ فتح کرنے والا کھولنے والا مشکلکشا۔ مدحیہ۔ یار غار شش حضرت صدیق دلدار ش عمر ✽ با حیا و حلم عثمان فاتح خیبر علی ست ✽

فاسخ۔ فسخ کرنے والا تباہ کرنے والا اور تباہ ہونے والا اور پلٹ دینے والا کسی ارادے کا اور فسخ کر دینے والا ایچ کا۔ مؤلف۔ ناسخ ادیان محمد مصطفےٰ ست ✽ فاسخ ہر عزم بد خود بان دین ✽

فاقد۔ گم کرنے والا نیست و نابود کرنے والا۔

فواد۔ بروزن مراد باعتبار اسکے کہ واو ہمزہ ہے باب الف میں لکھا گیا معنی اسکے دل جو ایک عضو اندرونی اعضا میں سے ہے۔

فارد۔ فرد اور یگانہ اور جدا اور اکیلا و تنہا۔ فارسی میں ایک بازی نرد کا نام ہے اور پہاڑی گائے۔

فاژہ۔ خمیازہ کھینچنا۔

فالودہ۔ معرب پالودہ۔ فتابہ مثل عنش۔

فاسد۔ فساد ڈالنے والا خرابی کرنے والا۔

فانید۔ فانیذ۔ اخیر میں دال مہملہ و ذال معجمہ شکر سفید قند اور قسم ایک حلوے کا سعدی۔ نہ بنگاہ حاتم کیے نیک مرد ✽ طلب دہ درم سنگ فانید کرد ✽

فاتر۔ سست و زبون اور نیم گرم پانی۔

فاجر۔ مرد بدکردار و زانی۔ س۔ بود مغرور بر زہد و عبادت گر چہ ہر عابد ✽ نہ حق ہر فاسق و فاجر امید مغفرت دارد ✽

فاکر۔ فکر کرنے والا اندیشہ کرنے والا۔

فادزہر۔ زہر مہرہ جو مشہور پتھر ہے جسکو عربی میں حجر التیس کہتے ہیں۔

فاژ۔ خمیازہ اور سانپ کا منہ وغیرہ۔

فاغر۔ ایک پھول کا نام ہے جسکو ہندی میں رائے چنپا کہتے ہیں۔

فاصر۔ ایک شہر چین کے ملک میں جسکے متصل ایک جنگل ہے اور اس جنگل میں ہرن کستوری والے ہوتے ہیں۔

فارہ۔ سے حبہ جنگی فارسی میں موشان کہتے ہیں واحد اسکا فارہ ہے۔

فاخر۔ فخر کرنے والا بڑائی کرنے والا چراغ الدین روشن۔ چو خاکست طینت انسان ✽ چہ حاجت کہ باشی تو فاخر و فخار ✽

فاطر۔ پیدا کرنے والا ظاہر کرنے والا۔ ولہ۔ خدا خالق ملک کون و مکان ✽ خدا فاطر آسمان و زمین ✽

فائز۔ پہنچنے والا مقصد حاصل کرنے والا رہائی اور فتحمندی پانے والا۔

فاژ۔ فاژہ۔ وہ حرکت طبعی جس سے انسان کا منہ کھل جاتا ہے ہندی میں اسکو جمہائی کہتے ہیں۔ میر خسرو۔ خواب گر عہد کند بس از چہ معنی غنچہ را ✽ فاژہ می آید مگر خاصیت عہد گرفت ✽ ولہ۔ میکند چون زبیداری فاژ ✽ دہانش نماید بایزہ راژ ✽

فارس۔ گھوڑے کا سوار اور گھوڑے کا مالک اور نام ایک ولایت ایران سے جسکے متعلق شیراز اصفہان کرمان یزد چار شہر ہیں۔ سعدی۔ اقلیم فارس را غم از آسیب دہر نیست ✽ تا بر سرش بود چو توی سایۂ خدا ✽

فاس۔ تبر جس سے لکڑیاں چیرتے ہیں۔

فانوس۔ مشہور چیز ہے جسمیں چراغ جلاتے ہیں اور ہوا نہیں لگتی اور وہ شخص جو محفی و محفی ہو۔ لوحیہ۔ کجاست حکمت لقمان و فضل بطلیموس ✽ کجاست علم فلاطون و طب جالینوس ✽ خدا است مالک ملک خدا است فانوس خلق ✽ خدا است قادر و قیوم و قائم و قدوس ✽ وجود ذات اللہ جلوہ از شمع خدا ✽ چو جان بر دہ جسم چراغ در فانوس ✽

فالیس- یونانی مین باقلا جو ایک مشہور چیز ہی-
فاتغوس- یونانی مین نام ایک دوا کا جسکو شیطرج کہتے ہین-
فالوغس- نام ایک مرغ کا جسکو لک لک کہتے ہین-
فالی نوس- ایک دوا کا نام ہی جسکو ہندی مین شاہترہ کہتے ہین
نہایت تلخ ہوتی ہی خون صفا کرتی ہی-
فاش- ظاہر و آشکار سب کے روبرو ۔ زلفش ر دے نماید
چو حضرت لقاش ✽ شوند وہم و گمان دور در از گرد و فاش ✽
فاہیش- اختصار فر اپیش-
فاحش- حد سے گذرنے والا بدی مین اور ہر ایک بدی جو حد سے گذر جائے
فائض- فیض پہونچانے والا-
فاقع- نہایت زرد رنگ-
فارغ- خلاصی پائی ہوئی نجات پائی ہوئی بے تردد و بے فکر و بے اندیشہ-
فافا- وہ جسکی زبان لکنت کرتی ہو اچھی طرح بول نہ سکتا ہو-
فائق- بڑھا ہوا چڑھا ہوا بہتر و برگزیدہ - مؤلف - ہر کہ در علم و ہنر
شائق بود ✽ در زمانہ لائق و فائق بود ✽
فالق- شگافت دینے والا چیرنے والا- نکالنے والا ۔ خالق الارض
و السما یزدان ✽ فالق الحب و النور رحمان ✽
فاتق- شگافت دینے والا-
فاق- تیر کا سوفار اصل مین خاق اس کھچے تاگے کا نام ہی کہ کمان کھچے
جانے کے وسط مین بغرض ایک انگشت کے پیٹتے ہین تا سوفار کو اسپر
بند کرکے تہ کھینچین - طاہر وحید بہار کی تعریف مین - شاخ گلبن
بدیدہ بلبل ✽ بر سر شاخ شکل غنچہ و گل ✽ بود آن گاہ تیر و گاہ کمان ✽
بود آن گاہ فاق و گہ پیکان ✽
فاروق- فرق کرنے والا حق اور باطل مین اور لقب حضرت عمر رضی اللہ
علیہ خلیفہ ثانی جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ سلم اور نام ایک
تریاق کا کہ درمیان صحت اور مرض فرق کر دیتا ہی ۔ آنکہ اندر حق
و باطل فرق کرد ✽ پیشوا سے دین عمر فاروق بود ✽ مسیح کاشی - خوردہ
فاروق فقر پینہ من ✽ زانکہ از آسمان گزندے نیست
فاسق- گنہگار - بدکار-
فاتک- دلیر و شجاع و بہادر - لڑویا-
فال- شگون لینا - اور دریافت کرنا آیندہ حال بذریعہ کسی کتاب
یا الہ رمل وغیرہ کے - نظامی - کی راست ان کرد بر نام خویش ✽
بر ولیت فال سر انجام خویش ✽ و لہ - مزن فال بد کارد حال بد ✽
مبادا کسے کو زند فال بد ✽
فاصل- جدا کرنے والا فیصل دینے والا - حد قائم کرنے والا-
شرف الدین شرف - سی کن اندر نماز خود کہ از حق قائم است
حد فاصل درمیان مسلم و کافر ہین ✽
فاضل- صاحب فضل و علم و ہنر ۔ ہر آنکہ ہست ہنرمند عالم
و فاضل ✽ بذکر و فکر خدا ہر زمان بود شاغل ✽
فاعل- کام کرنے والا - صاحب کار - بار سل وحید - خدا ست
مالک و پروردگار و رازق خلق ✽ خدا است قادر صناع و خالق و
فاعل ✽ خدا است منتقم و دادبخش بندہ نواز ✽ خدا است
دادگر و شاہ و حاکم و عادل ✽
فام- رنگ و لون و قرض و وام ۔ زہر شد بر ما شراب
لالہ گون ✽ چون ز بزم آن ساقی گلفام رفت ✽
فاجام- لقیہ میوہ جو بعد اتار لینے میوہ کے درخت پر رہ جائے-
فاطن- زیرک و دانا و عقلمند-
فئتین- دو گروہ - دو جماعت - دو فریق-
فان- فنا ہونے والا - نابود ہونے والا قطعہ از مؤلف - آہ بر
رنگ و بوے این گلزار ✽ دل حرامست بلبل نادان ✽ کہ بانجام کار
این گلشن ✽ گفت حق کل من علیہا فان ✽
فاترسین- اسپند یعنی ہرمل جو دفع نظر بد کے لیے آگ پر جلاتے ہین
بعض کے نزدیک یہ نام یونانی مین خردل یعنی رائی کا ہی جو مشہور تخم ہی-
فاسطاریون- یونانی زبان مین یہ ایک تخم کا نام ہی جسکو عربی مین
رعی الحمام فارسی مین گرسنہ کہتے ہین کبوتر اسکو خوش ہو کر کھاتے ہین-
فاسقون- روم مین ایک جنگل کا نام ہی-
فالنجیقن- یونانی مین ایک نبات کا نام ہی جسکا پھول سوسن کی
طرح ہوتا ہی اور تخم سیاہ سورسے دانے کی طرح-
فاتن- فریفتہ کرنے والا - فتنہ برپا کرنے والا-
فاخرہ- گرانمایہ اور عمدہ اور اچھا یعنی عمدہ مال جواہرات وغیرہ-
فارہ- بفتح راے موش مادہ چوہیا اور نافہ کستوری کا-
فارہ- بکسر راے تیز رفتار و زیرک و دانا-
فئہ- گروہ و جماعت و اجتماع-
فائحہ- فائح - خوشبو دینے والا-
فاکہہ- میوہ مانند انگور و خرما وغیرہ-
فاطمہ- وہ عورت جسنے دو برس کا بچہ دودھ سے لیا ہو اور نام نامی

دختر نیک اختر رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم ؛ زوجۂ مطہرہ علی المرتضیٰ شیر خدا علیہ السلام ۔ سعدی ۔ خدایا بحق بنی فاطمہ ؛ کہ بر قول ایمان کنی خاتمہ ؛

فاتحہ ۔ نام سورۃ الحمد کا جو قرآن کے اول ہی اور آغاز ہر چیز کا اور وہ عورت جو کھولنے والی ہو اور درود کہ جو کسی کی روح کو پہونچایا جائے ۔

فاختہ ۔ مشہور پرندہ ہی ۔

فاضلہ ۔ بزرگ اور افزون اور وہ رقم جو اصلی رقم سے عند الخرچ بڑھ جائے یعنی کسی کے پاس دس روپیہ امانت تھے خرچ مین پندرہ خرچ ہوگئے تو پانچ روپیہ فاضلہ ہوئے ۔

فاصلہ ۔ وہ مسافت جو دو چیزون کے درمیان ہو جیسا کہ لاہور امرتسر مین پچیس کوس فاصلہ ہی اور وہ حد جو دو چیزون کو الگ الگ کر دیوے ۔

فاجہ ۔ دہن دریدہ یعنی جمہائی ۔ ابونصیر بدخشانی ۔ ساقی ز شیشہ ریز بساغر شراب ناب ؛ خصم نشاط فاجہ و خمیازہ شد مرا ؛

فائدہ ۔ سود و نفع جو کسی تجارت وغیرہ سے حاصل ہو ۔

فالودہ ۔ مشہور خوراک ہی ۔

فاجشہ ۔ یونانی مین جند بیدستر جو ایک مشہور دوا ہی ۔

فاغیہ ۔ نیلوفر کی جڑ جو دوا مین مستعمل ہی ۔

فاغیہ ۔ حنا کے پھول جو خوشبودار ہوتے ہین ۔

فانہ ۔ وہ لکڑی جو کشادہ سوراخ مین اصلی لکڑی کے علاوہ ترکھان ٹھوک دیتا ہی تاکہ پہلی لکڑی مضبوط ہو جائے نکلنے نہ پائے ۔

فاحشہ ۔ بدکار عورت زناکار ۔

فاقہ ۔ بھوکا رہنا ۔ کھانا نہ ملنا ۔ افلاس و تنگدستی ۔

فارسی ۔ مشہور زبان ہی جو پارس بن پہلو بن سام بن نوح کے ساتھ منسوب ہی

فانی ۔ فنا ہونے والا نیست و نابود ہونے والا ۔ مؤلف ۔ چہ بندی دل درین دنیائے فانی ؛ کہ دارد چند روزہ میہمانی ؛

فا با تائے فوقانی

فتا ۔ جوانمرد شجاع و بہادر ۔ ؎ چون بلا پیش آیدت ہر روز خوان بفتا دیار ؛ لافتا الا علی لاسیف الا ذوالفقار ؛

فتوت ۔ جوانمردی ۔ مروت ۔ احسان ۔ مؤلف ۔ بسا پہلوانان اہل شجاعت ؛ دلیر و جوانمرد اہل فتوت ؛ گذشتند و رفتند ۔ آخر ز دنیا ؛ نبردند با خود بجز داغ حسرت ؛

فترت ۔ سستی اور ضعف اور وہ زمانہ جو درمیان دو پیغمبرون کے ہو ۔

فتات ۔ جوان عورت ۔ بالغ عورت ۔

فترات ۔ جمع فترت کی ضعیفان و سستیان ۔

فتح ۔ کشائش ۔ کھلنا ۔ اور کھولنا ۔ میر نجات ۔ مشت زلحمہ بہ فولاد زندجا دارد ؛ فتح بر قبا لئہ بند او زند جا دارد ؛

فتوح ۔ بہت سی کشائشین اور آمدنیان اور خوشیان ۔ توحید ۔ در امید بمفتاح لطف تو مفتوح ؛ کشادہ از تو بروی زمانہ باب فتوح ؛ شود بفضل تو گلزار نار ابراہیم ؛ نجات یافت ز گرداب آب کشتی نوح ؛ بنود لطف مزیدت زیادہ رتبۂ خاک ؛ کہ شد ز نور تو در روی ظہور جلوہ روح ؛

فتور ۔ سستی و خرابی و بدانتظامی ۔ توحید ۔ نماند راجہ نہ خاقان نہ قیصر و فغفور ؛ نہ بابر و نہ ہمایون نہ اکبر و تیمور ؛ چو وقت مملکت شان گذشت آخر کار ؛ برفت دولت و آمد بملک و مال فتور ؛

فتر ۔ فرجہ جو درمیان سبابہ اور ابہام دو انگلیون کے ہوتا ہی

فتش ۔ کھودنا اور ڈھونڈھنا ۔ جستجو کرنا ۔

فتق ۔ کھولنا شگاف دینا اور نام ایک بیماری کا جس سے ایک خصیہ بڑا ہو جاتا ہی

فتراک ۔ وہ دوال جو بہت سے زین گھوڑے کے بندھا ہوتا ہی اور سوار جو شکار مارتا ہی اُس دوال سے باندھ لیتا ہی ۔ سعدی ۔ بگفتش بیا تا چہ داری خبر ؛ چرا سر نہ بستی بفتراک بر ؛

فتن ۔ جمع فتنہ بہت فتنے و جھگڑے ۔

فتن ۔ بفتح اول و دوم بروزن چمن نام ایک شہر کا دکن ملک ہند مین جو پٹن مشہور ہی اور نام ایک قصبہ کا پنجاب مین جسکو پاک پٹن بولتے ہین

فتیان ۔ بہت سے جوانمرد ۔

فتان ۔ بفتح اول و تشدید تائے فتنہ انگیز ۔ مفتی حیدر لاہوری ۔ ہزار ان بر پا کند تازہ قیامت فا تش ؛ فتنہ انگیز د ہمیشہ نرگس فتان او ؛

فتنہ ۔ آزمائش و بلا و شر و ہنگامہ و فساد و عذاب و دیوانگی و عاشق و فریفتہ و معشوق ۔ رضی دانش ۔ فتنہ از بزم میخواران نشد امشب بلند ؛ سرگذشت کا کلی را در میان ہی افگنم ؛ سعدی ۔ فتنے افتاد فتنہ در شام ؛ ہر کس از گوشۂ فرا رفتند ؛

فتحہ ۔ حرکت زبر کی جو حروف پر ڈالی جاتی ہی اور کسرہ حرکت زیر کی اور ضمہ حرکت پیش کی اور سکون حرکت جزم کی اور تشدید حرکت شد کی ۔

فتیلہ ۔ روئی یا سوت کی بتی جو چراغ مین ڈالی جاتی ہی یا کسی اور جگہ استعمال کی جاوے ۔ ملا طغرا مشہدی ۔ تا بہ فتیلہ زلف تو از بہر داغ ما ؛ روئیت ز تاب مہر فروزد چراغ ما ؛ شفیع اثر ۔ دل غمت رسیدہ اندوہگین شگفت ؛ از غنچۂ فتیلہ گل آتشین شگفت ؛

فتانہ ۔ ریزہ ہر چیز کا ۔

فتوی ۔ شرع کا حکم جو مفتی دیوے ۔ سعدی ۔ اگر شرع فتوے

دہد بر بلاکس ٭ الا آنکہ داری زرشتنش باک ٭

فتی - جوانمرد - بہادر شجاع -

فتوحی - نیم تنہ صدری جو گلے مین پہنتے ہین -

فا با جیم

فجا - بکسر اول اچانک پکڑ لینے والی چیز - امر مفاجات -

فجیعت - بروزن حقیقت مصیبت و آفت -

فجعت - بروزن حرکت دردمندی و مصیبت -

فجاجت - بکسر اول خامی و ناپختگی -

فج - بفتح اول و تشدید ثانی کھلا ہوا راستہ - سعدی - فطوبی لباب

لبیت العتیق ٭ جوالیہ من کل فج عمیق ٭

فجور - بدکاری - زناکاری - شراب خواری - توحید - خدا از بندہ تائب

کند معاف قصور ٭ شود اگرچہ تلف عمر او بفسق و فجور ٭

فجار - بضم اول و تشدید ثانی بدکار -

فجار - بفتح اول و تشدید ثانی بہت بدکاری کرنے والا آدمی - مولف

امید عفو زد گاہ کبریا دارد ٭ ہمیشہ بندہ بدکار فاسق و فجار ٭

فجر - صبح کا وقت آفتاب نکلنے سے پہلا - مولف - خدا را یاد کن ہر روز

وہر شب ٭ بذکرش بگذران ہر سحر و ہر شام ٭

فجل - بضم اول و ضمتین ترب یعنی مولی -

فجل - بفتح اول و دوم سست ہونا موٹا ہونا -

فجل - بکسر اول و فتح دوم سست و نامرد و بیکار - نکما - آدمی -

فجفج - بطریق اخفا آہستہ باتین کرنا کانا پھوسی ہندی مین تج تج

فجرہ - بدکار و زناکار لوگ فاجر کی جمع -

فاے با حاے

فحوا - فحوی - مضمون معانی اصل مطلب -

فحش - حد سے گذر جانا بدی مین بدی کرنا -

فحص - جستجو کرنا ڈھونڈھنا - کھودنا -

فحل - نر مقابل مادہ کے مرد مقابل عورت کے اور ستارہ سہیل -

فحول - بہت سے نر اور مرد جمع فحل کی -

فحم - بفتح اول و دوم انگشت یعنی کوئلا جسکو زکال بھی کہتے ہین -

فحاوی - جمع فحوی مضامین و معانی و مطالب -

فا با خاے معجمہ

فخامت - بزرگی و عزت و توقیر و سطبری و بلندی -

فختہ - بفتح اول روشنی چاندکی چاندنی -

فخ - ایک قسم کا جال ہے جس سے مرغوں کو شکار کرتے ہین -

فخذ - بفتح اول ران جو مشہور عضو ہے -

فخار - بفتح اول و دوم ناز کرنا -

فخار - بکسر اول ناز کرنے والا -

فخار - مٹی کا برتن جو آگ پر پکایا گیا ہو اور مٹی جو خشک ہو -

فخور - بفتح اول و ضم دوم ناز کرنے والا و متکبر و سرکش -

فخور - ناز کرنا -

فخر - بڑائی ناز قدر و منزلت - میر سعدی - فخر دارد بر زبان

چون نے او بنیہ لیصر ٭ فصل دارد بر لبیر چون مدح او خواند زبان ٭

فخیم - بزرگ و بلند قدر و صاحب مرتبہ -

فخر الدین - اس نام کے ایک امام فخر الدین رازی عالم اجل فاضل متبحر

تھے اور دوسرے فخر الدین فخر جہان دہلوی چشتی ولی کامل گذرے ہین -

فخفرہ - بروزن مسخرہ وہ غلہ جسکو جوار کہتے ہین -

فخری - تخلص ایک شاعر کا جسکا نام شمس تھا صیا جمالی اسکے

شاگرد کی ہے - محسن تاثیر - فخری بعسل صید فخارش ٭ قند از شہر فخر جہان تمارش ٭

فا با دال

فدا - سربہا - سر خریدا اور وہ چیز جو قربان کی جائے - میرزا صائب -

چمن را اگر سید رروی چون بہار من ٭ ایک گل چینان فدا میکرد خون لالہ زار من را ٭

فدامت - درشتی و سختی و جفاکاری -

فدفد - صحرا و زمین ہموار کھلا میدان -

فدک - نام ایک گاؤن کا جسمین ایک باغ تھا رسول مقبول صلی

اللہ علیہ وسلم نے وہ باغ کسی کو نہین دیا تھا جب اسکا میوہ آترتا

قانون نواز — قانونی — قانون بجانے والا اور قانون ایک ساز کا نام ہے جو مطرب بجاتے ہین — محمد افضل ثابت — آور دسطر سے بیتہ مجموعۂ نشاطہ ٭ دیدیم ساز صحبت قانون نواز را ٭ سیفی — زبسکہ دلبر قانونیم صفا دارد ٭ بر اہل حسن بقانون گرفتہا دارد ٭

قائم انداز — جو شخص شطرنج اور نرد کھیلتے ہین استاد ہو کسی سے مات نہ کھائے اور آدمی بہادر و دلیر — نظامی — توانگہ کہ مرن شوی دستیاب ٭ زن بیوہ را دادہ باشی جواب ٭ من ار با تو چیریم بنگام کین ٭ بوم قائم انداز از روے زمین ٭

قاج فروش — جو شخص خربزہ و ہندوانہ و خیار وغیرہ کے ٹکڑے کرکے بھانکین بیچتے ہین — طاہر وحید — ز قاجی کہ جانان بیاران فرو خت + دل لخت لخت من از غصہ سوخت ٭ ولہ — عدو خواہ باشد جوان خواہ پیر ٭ چہ بیک قاج او گردد از عمر سیر ٭

قاشق تراش — چمچہ بنانے والا — طاہر وحید — چگویم ازان یار قاشق تراش ٭ ندیدم کہ قاشق بسوزد چو آتش ٭

قافلہ کش — قافلہ کھینچنے والا — قافلہ کشیدن — قافلہ کھینچنا

قافلہ گاہ — مقام کاروان کا — شاہ محمد ہروی — او قافلہ کش متاع دین را ٭ جا قافلہ گاہ سنت مبین را ٭ درویش والہ ہروی — عشق قافلہ حسن کشد بہرہ چشم ٭ محمل ہر کہ بپی دل والہ جرس ست ٭ محمد قلی جامع — از بس کہ دل مردم بر ہست چشم براہ ست ٭ در کعبۂ سر نقش قدم قافلہ گاہ ست ٭

قاقم پوش — سفید پوش آدمی — عرفی — بصبح قاقم پوش و بشام اکسون باف ٭ بہ صبح آب فشان و بچشم آتش بار ٭

قاصرات الطرف — وہ عورتین جو سواے اپنے شوہر کے کسی اور کی طرف آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھین —

قاقم اندام — معشوق کی تعریف مین بولا جاتا ہے — میر خسرو — قاقم اندام را اشارت کرد ٭ تا شود سوے پردہ را ہ نورد ٭

قفل وسواس - ایک آہنی چیز بنی ہوئی ہوتی ہی جسکا باندھنا اور کھولنا بغیر انتقال سے نہین ہوتا ہندی مین اُسکو گورکھ دھندا کہتے ہین - یوسف والہ - قفل وسواس ست درکف رشتہ آمال ما + بیشمار وصد جا گرہ تا یک گرہ وا میشود ✿

قفاگیران - دادخواہان ومظلومان - حکیم نزاری - ز سوز سینہ پیران تبر سید ✿ بحشر از قفاگیران تبر سید ✿

قفل بردہان و دست کسے زدن - خاموش کرانا - حسین ثنائی - آن حلیمم من کہ قفل الحذر + بردہان و دست مہمان میزنم ✿

قفل بر زبان کسی انداختن و زدن - خاموش کرنا بولنے نہ دینا - کمال اسماعیل - عقل را ادراک صنعت دیدہ ہا بردوختہ ✿ نطق را وصف تو قفلی بر زبان انداختہ ✿

قفل برلب خود نہادن - خاموش ہونا چپ کرنا - باقر کاشی - قفل ابدی برلب خاموش نہادم + یعنی بجہان محرم یک راز ندیدم +

قفل پیچیدن - قفل مروڑنا تالی کے بغیر کھولنا - صائب - عاجزم از باز کردن ہاے آن بند قبا ✿ ورنہ قفل صد در گلزار پیچیدہ ام +

قفل دررہ بودن - رستہ بند ہونا - ملا طغرا - خضر چو دید کہ قفلست دررہم ز رفیق ✿ کلید تفرقہ بر پردۂ بیابان زد ✿

قفیز سر آمدن - پیمانہ بھر جانا - عمر آخر ہونا مرگ کا پیغام آنا - حکیم فردوسی - بشد خستہ گستہم ولماک نیز ✿ برآمد زسر دو سپہبد قفیز ✿

قفاگاہ - پیٹھ پیچھے سر کا پچھلا حصہ - میر خسرو مغلون کی تعریف مین - پشت چو کیمخت سر اسپے درفش ✿ جرم قفاگاہ سزاوار کفش ✿

قفس سیمابی - آسمان - سالک یزدی - منم آن مرغ کہ در بیضہ ندارم آرام ✿ بیقراری کشدم در قفس سیمابی ✿

قفل رومی - باربد کی تیس لحن مین سے ایک لحن کا نام ہی - نظامی - چو قفل رومی آوردی در آہنگ + کشادی قفل گنج از روم و از زنگ ✿

قاف بالام

قلم دست وپا - شتالنگ اور آرنج کی ہڈی - نعمت خان عالی - قاصد نہ مژدہ نہ پیامے نہ وعدہ + یا ے قلم چہ شد قلم یا شکستہ ہست +

قلعہ سرخاب - عراق مین ایک قلعہ کا نام ہی - شیخ - زلفت گرفت مملکت ملک روم وشام + رنگ خنات قلعہ سرخاب فتح کرد ✿

قلعہ گلاب - کیلویہ پہاڑ پہ ایک قلعہ ہی ایران کی سلطنت کے ماتحت اور بڑی میعاد کے قیدی وہان رکھے جاتے ہین - طاہر وحید - از ہجران معشوق عاشق در اضطراب ست + بلبل ز رشک مینا در قلعہ گلاب ست +

قلم سُرب - انگریزی قلم جسکو پنسل کہتے ہین تاثیر عالمگیری مین محمد ساقی مستعد خان نے لکھا ہی کہ پچیسوین شوال سنہ بتیس جلوس عالمگیری مین بادشاہ متوجہ تسخیر قلعہ بیجاپور تھا اور شاہی مورچال کا ملاحظہ بادشاہ بذات خود فرما رہا تھا کہ میر عبدالکریم المخاطب بامیر خان نے یہ بدیہی مصرع سرب کے قلم سے لکھ کر حضور مین پیش کیا - فتح بیجاپور زود ہی میشود ✿ ۱۰۹۹ اور عرض کی کہ اس مصرع سے تاریخ سنہ ہجری حاصل ہی بادشاہ سُنکر خوش ہوا اور فرمایا کہ خدا ایسا ہی کرے چنانچہ اُسی ہفتہ مین قلعہ فتح ہوا اور سکندر بیجاپور حاضر ہوگیا -

قلعہ الموت - یہ قلعہ قہستان مین ہی اور حسن بن زید نے ۲۴۶ھ مین بنا کیا -

قلم دست - ہاتھ سے کام کرنے والا کاتب مصور و نقاش وغیرہ - طغرا - شقائق کش لوح جام وسبو ✿ قلم دست طراحی رنگ وبو + جو افگند سایہ قلم دست تاک ✿ رقم شد خط جام بر لوح خاک ✿

قلب اندود - قلب کار - ملمع کی ہوئی چیز جو اندر مس یا چاندی ہو اور اوپر سونا اور ملمع بنانے والا - میر خسرو - ہر کجا قلب کار دزد بود ✿ گر سیاست کنند مزد بود ✿

قلم فولاد - لوہے کا قلم جو مشہور ومعروف ہی - صائب - کار من درگرہ از بیہنری افتادست ✿ وارد از جوہر خود موقلم فولادم ✿

قلعہ سپید - یہ ایک قلعہ شیراز کی پہاڑ پر ہی وکنایۃ دختر باکرہ یعنی کنواری لڑکی - سعید اشرف - خویش را ہر چہ وابستہ دختر کردن ✿ نفس را بندی این قلعہ سپید کردن ✿

قلعی گر - وہ شخص جو برتنون پر قلعی کرتا ہی - ملا طغرا - چو دیدہ سپیدی زدیک وطبق ✿ ✿ قلعی گر استاد بر یک نسق ✿

قلم کار - وہ چیز جو قلم سے لکھی گئی ہو یا منقش ہو کاغذ کپڑا وغیرہ - محمد سعید اشرف - سبز ونہاے قدح نیست ور دخامہ ما ✿ زداغ بادہ قلمکار گشتہ جامۂ ما ✿

قلم نیشکر - گنا اور گنے کا ٹکڑا - سالک یزدی - از بس بیاد آن لب شیرین گداختیم ✿ طوطی گمان کند قلم نیشکر مرا ✿

قلم نرگس - نرگس کی شاخ -

قلم تراش - کارد - چاقو جس سے قلم بناتے ہین - محسن تاثیر - بنگر قلمتراش چہ با خامہ میکند + از ہمدمان خامہ کیے در امان مباش +

قلم تاک - انگور کے درخت کی لکڑی کا ٹکڑا جو بجاے تخم زمین مین گاڑتے ہین - راضی - باثر سعی کن کہ شہرۂ دہر ✿ قلم تاک از خط جام ست ✿

قلم جدول - وہ قلم جس سے جدول کشی کرتے ہین - اشرف - غیر حرف راستی در نامہ مین ثبت نیست ٭ سر نوشتم از قلم جدول نگر تحریر شد ٭

قلب داران - بہادر و دلاور لوگ اور وہ بہادر جو درمیانہ فوج مین رہتے ہین - نظامی - کشیدند صف قلبداران روس ٭ ازان قلبی آراستہ چون عروس ٭

قلم از چیزی بستن - قلم بنانا قلم راست کرنا - ملا طغرا در تعریف بغداد مصور بہ نقاشی آن بقاع ٭ قلم بستہ از موے خط شعاع ٭ ظہوری - سحر چون در فن صورتگری بست ٭ قلم از طرۂ حور و پری بست ٭

قلم افشان - وہ قلم جس سے کاغذ پر سونے کی افشان کرتے ہین - مقیم بلخی - دار د انگشت نما معنی رنگین سفید ٭ در صف اہل سخن چون قلم افشانم ٭

قلم امتحان - ازمایش کا قلم - طالب آملی - خوشیم خوش کہ کہ زخون بہاے خاطر خویش ٭ رقم طراز قلمہاے امتحان گشتم ٭

قلم بر گرفتن و بر داشتن - معاف کرنا حساب سے نکال دینا - مرفوع القلم کرنا اور اسی قسم سے ہے جملہ بر فلان قلم نیست - صائب - خشکی سود اقلم در ناخنش لشکستہ ست ٭ آنکہ میگوید قلم بر مردم دیوانہ نیست ٭ ولہ - در جنون گفتم قلم بر دار د از من روزگار ٭ در بن ہر ناخنم سود انیستانی نشکست ٭ نظامی - زدیوان دہقان قلم بر گرفت ٭ زبے مایگان کم درم بر گرفت ٭

قلم بر سر زدن - مرادف قلم زدن - صائب - ما سیہ بختان تفاوت از قلم بر سر زدیم ٭ ہمچو مژگان سر زیک چاک گریبان بر زدیم ٭

قلمبند کردن - لکھنا اور لکھتے لکھتے بس کر دینا - ذوقی - نکرد و انقطہ کم یا زیادہ ٭ کہ در تحریر شد نوک قلم بند ٭

قلم پاک کن - وہ کپڑا جس سے قلم پونچھتے ہین - ملا طغرا - پی خورد گل قلم در تراش ٭ بسوسن قلم پاک کن ہم قماش ٭

قلم تراشیدن - قلم بنانا - درست کرنا - نظامی - دبیران نگر تا بروز سپید ٭ قلم چون تراشند از مشک بید ٭ نہان هر آنشکار را بر نہاد ٭ ز گنجینہ زین تا بنجا را بر نہد ٭

قلم تیز کردن - قلم کو قط لگانا لکھنے کے لائق کرنا - نعتیہ از مولف - رقم کرد نام محمد بتخت ٭ دبیر فلک چون قلم تیز کرد ٭

قلم جدید کردن - تحریر کرنا - رقم کرنا - میر خسرو - تیر فلک کو بقلم موشگافت ٭ پرکرد قلم جسے ثناے تو یافت ٭

قلم داخل خط العا اخفش - کسی کے لکھے ہوئے خط کو اصلاح دینا - صائب - کس نیاز دقلم داخل خط بتا در ا ٭ رہ مدد در خط مشکین نگاہ ٭

قلم در سیاہی نہادن - کسی کی بدبختی لکھنے پر مستعد و آمادہ ہونا - سعدی - بر نگیش سر در تباہی نہاد ٭ عطارد قلم در سیاہی نہاد ٭

قلم در کشیدن - خط کش کرنا - محو و نا پدید کرنا - سعدی - شنیدم کہ شاپور دم در کشید ٭ چو خسرو بنامش قلم در کشید ٭

قلم راندن - قلم چلانا - لکھنا - رقم کرنا - نظامی - چو خطش قلم راند بر آفتاب ٭ یکے جدول انگیخت از مشکناب ٭

قلم رفتن - مقدر ہونا - تقدیر مین ہونا - میر خسرو - مینویسد زخون من تعویذ ٭ چہ توان کرد چون قلم رفت ست ٭

قلم زدن - لکھنا - تحریر کرنا - و خط کش کرنا - درویش واله ہروی - قلم زد و سال تاریخ جلوسش در سفر الاک ٭ یکے از ظالمان کم گشت تاریخ وفات او ٭ حافظ - حافظ آنروز طربنامۂ عشق تو نوشت ٭ کہ قلم بر سر اسباب دل خرم زد ٭

قلم زن - لکھنے والا کاتب - محرر منشی - سعدی - قلمزن نکو دار د شمشیر زن ٭ نہ مطرب کہ مردی نیاید ز زن ٭

قلم ساختن - قلم کر دینا - کاٹ دینا - صائب - ازان شد ادم شمشیر راہ عشق نازکتر ٭ کہ ہر کس پا برون از راہ بگذارد قلم سازد ٭

قلم سر کردن - لکھنے کے لیے مستعد ہونا - لکھنے لگنا - صائب - اگر ذوق سخن داری برو صائب قلم سر کن ٭ کسے این عقدہ را بے ناخن انجاز نکشاید ٭

قلم سوسن - شاخ سوسن - محمد قلی سلیم - ز لطف جوہر آتش بہ عنبر شد ورا ٭ ہنوز چون قلم سوسن استخوان سبز ست ٭

قلم شدن - کٹ جانا - الگ ہونا - محسن تاثیر - بجو پیچید قلقل از سواد خال ہندو بیت ٭ قلم شد و از چینی از حدیث تندی خو بیت ٭

قلم کردن - کاٹنا - دو ٹکڑے کرنا - تراشنا - محمد اسحاق شوکت - رسانیدم دو مصرع را بہم تیغ دو دم کردم ٭ تہی مغزی کہ ہمچون نی بدست آمد قلم کردم ٭

قلم مو - بالون کا قلم - یا ریک قلم - سعید اشرف - براے آنکہ کشم دائم انتظار ترا ٭ بدیدہ چون قلم مو شدست مژگان جمع ٭

قلم دیدہ - جو بات تحریر مین آ چکی ہو - نظامی - نظامی کہ در رشتہ گوہر کشید ٭ قلم دیدہ ہا را قلم در کشید ٭

قلم کش - [illegible] - محسن تاثیر - ابروے او [illegible] اشارہ بعاشق [illegible] [illegible] قلم کشیدہ [illegible]

قلمدان رخانہ - قلمدان [illegible] [illegible]

قلابۂ کشتی - سیخ کھینچنے کا قلابہ - اسمٰعیل کاشف سروی کی تعریف میں
بر روے زمین چو طفل در راہ ٭ لنگرک میخورد بر لب آب ٭ از دیدۂ سبوے
طرف وا بان ٭ قلابۂ کشتی ست مژگان ٭
قلم بستن بر کسی - تحریر سے باز رکھنا لکھنے نہ دینا - نظامی - در اژرنگ
ار ترنقش چینی برند ٭ قلم بست بر مانی نقشبند ٭
قلم شکستن بر کسے - حوالہ کرنا اور سپرد کرنا قلم کا کسی کو - نظامی -
پس انگہ قلم بر عطارد شکست ٭ کہ امی قلم را نگیرد بدست ٭
قلم شنجرفی - سرخ رنگ کی تحریر - آرزو - شدہ از یاد رفتش خون
بالا ٭ مژہ من قلم شنجرفی ست ٭

قاف با میم

قمار ورراہ قمار - یہ ایک مثل ہے کہ قمار وہی کھیلے جو کھیل جانتا ہو
اور اسکے طریق سے واقف ہو - ملا طغرا - دلا بہر وفایش دلیر
دست مبر ٭ کہ گفتہ اند حریفان قمار ورراہ قمار ٭
قمار باز - جوا کھیلنے والا -
قمر سم - گھوڑے کی تعریف میں کہا جاتا ہے - حکیم زلالی - ز کوب
نعل اسپان قمر سم ٭ رہ از رفتار شان در راہ نوگم ٭
قمار خانہ - جس جگہ جوا کھیلا جائے - مؤلف - آیا جو اس جگہ
وہ ہار گیا ٭ دنیا ایسا قمار خانہ ہے -

قاف با نون

قندیل ترسا - چاند اور سورج -
قند آب - شربت اور قندی شراب -
قندیل شب - رات کی سیاہی اور چاند -
قنطر کردن اسپ - گھوڑے کو قیزہ کرنا -
قندیل یخ - قندیل کی صورت جو یخ سے بناتے ہیں - نظامی - نزا با من
دم خوش در نگیرد ٭ بہ قندیل یخ آتش در نگیرد ٭
قند دزدی شیرین باشد - مثل ہے ہندی میں بھی کہتے ہیں چوری کا
گڑ میٹھا - میر خسرو - بود در خواب کہ بوسش کردم ٭ قند
دزدی چہ بلا شیرین ست ٭
قند مکرر - دوبارہ مصری جس چیز کی دوسری دفعہ لذت
حاصل کی ہو - طاہر غنی - دیدہ چو آن دو لب شیرین دید ٭ معنی
قند مکرر فہمید ٭
قندیل تیر - ترکش جسمیں تیر رکھے جاتے ہیں - طاہر وحید - کہ
قشد ز لطف تو اش دستگیر ٭ شد دلش از نالہ چو قندیل تیر ٭

قندیل دو سر - کنایتاً آسمان -
قندک - چوروں اور عیاروں کا چراغ جسکی روشنی بہت کم
ہوتی ہے - حکیم زلالی - باد از باد شود شمع و نفش دستہ گل ہیچو
آن دزد کہ از گزند رباید قندک ٭
قند دوبارہ - قند مکرر جسکے معانی بیان ہو چکے ہیں - محسن تاثیر
نگران دولت قند دوبارہ ٭ بہ حسرت چید شکر پارہ پارہ ٭
قند پارسی - ایک قسم کے قند لطیف کا نام ہے - حافظ - شکر شکن
شوند ہمہ طوطیان ہند ٭ زین قند پارسی کہ بہ بنگالہ میرود ٭
قند عسکری - ایک قسم کے لطیف قند کا نام ہے - باقر کاشی - پیچان
ترست زلف تو یا گفتہاے من ٭ شیرین ترست لعل تو یا قند عسکری ٭
قند گرجی - قند محمودی - قند مصری - قند کے اقسام ہیں - حافظ -
کہ نام قند مصری بر د آنجا ٭ کہ شیرینان ندا دند انفعالش محسن تاثیر
ہمہ ز شرم عارضت از ہالہ زندانی شود ٭ قند گرجی از لب
لعل تو نصرانی شود ٭ حکیم زلالی - لبش تا سینہ در شکر
نشستہ ٭ تبسم قند محمودی شکستہ ٭

قاف با واو

قوام گرفتن کار - درستی و آرایش پانا کام کا شعر - اگرچہ راے
قوام از جہان شدہ بست برون ٭ ز راے است ہمہ کارہا گرفتہ قوام ٭
قوی بال - قوی حال - قوی بازو - قوی پنجہ - قوی دست - قوی ار
قوی زور - قوی شوکت - یہ سب تعریفی جملے ہیں - نظامی - عنان نگاور
بمیدان سپرد ٭ نمود آن قوی دست را دستبرد ٭ قوی دست را
فتح شد رہنمون ٭ بر نہار خواہی در آمد زبون ٭ میر خسرو - یکے را
ز شاہان صاحب سریر ٭ قوی دست از دشمنان شد اسیر ٭ سعدی
اگرچہ ممکنت قوی حال بود ٭ خداوند جاہ و زر و مال بود ٭ ولہ -
بکارہاے گران مرد کار دیدہ فرست ٭ کہ شیر شرزہ در آرد بزیر خم کمند ٭
جوان اگرچہ قوی بال و پیلتن باشد ٭ بجنگ دشمنش از بیم بگسلد
پیوند ٭ ملا نادم لاہیجانی - سرتاسر آفاق جہان معرکہ آراست ٭
استاد قوی پنجہ و شاگرد قوی زور ٭

قاف با ہاے

قہقہۂ صبح - صبح کی خندیدگی -
قہقہۂ شیشہ - شراب کے شیشے کی آواز - عرفی -
قہقہۂ شیشہ طبل کوچ زند ٭ بر سر ہوش خیمہ
انداز د ٭

قاف بایاے

قیمت سنج ۔ قیمت گر ۔ قیمت مقرر کرنے والا ۔ س ۔ گفتہ چندین
متاع گوہر و گنج + کہ نیاید بوہم قیمت سنج + پیش کردن بگوہر لے
چراست + خواست باید ہر آنچہ باید خواست +

قیامت زار ۔ قیامت کدہ ۔ قیامت کا مقام ۔ جائے آفت
و رنج ۔ عرفی ۔ من قیامت زار عشقم دیدہ کو تا بنگرد + صد بہشت
و دوزخ از ہر گوشہ صحرا سے من + درویش والہ ہروی ۔ دل بہر
کہ سپر دیم پریشان تر ساخت + این قیامت کدہ رہ عکس آباد نگرد +

قید فرنگ ۔ فرنگیون کی قید جو مشہور ہی ۔ محسن تاثیر ۔ دلگیری
وطن شدہ قید فرنگ + در غربت ست ہیچو حنا آب و رنگ ما +

قیامت کردن ۔ کوئی امر عجیب و غریب وقوع مین لانا ۔

قیامت پیشہ ۔ قیامت پیکر ۔ قیامت جلوہ ۔ قیامت خرام ۔
محبوب کی تعریف مین بولتے ہین ۔ صائب ۔ فلک راسبزہ خوابیدہ
واند قدر رعنایش + قیامت جلوہ گلکا نرا قدو بالا نخیزین باید + المدرد
شمع محفل امشب آن شوخ قیامت پیکر ست + بر چراغ شکست
رنگ صبحی دیگر ست +

قیامت نگاہ ۔ محبوب کی تعریف مین ۔ ارادت خان واضح ۔
چشم مستکسی بر سر جنگ ست اینجا + از قیامت نگہی جور فرنگ ست اینجا +

قیطول زمردشاہ ۔ یہ ایک قلعے کا نام ہی جو زمردشاہ باختری نے
قندھار کے علاقہ مین تعمیر کیا تھا چونکہ اُسنے اپنے وقت خدائی کا
دعوے کیا تھا نادرشاہ ایرانی نے اُسکی عمارت کو گرا دیا مگر آثار
اُسکے ہنوز باقی ہین ۔

قیمہ سموری ۔ ایک قسم کا قیمہ ہی جو نہایت باریک ہوتا ہی ۔ محسن تاثیر ۔
گر زلف عنبرین دل گاہ گاہ بیکشد + قیمہ سموری آن خط سیاہم میکشد +

قیمت مندی ۔ نرخ و قیمت و بہا ۔ نظامی ۔ ز گوہر سفتن
استادہ ہراسد + کہ قیمت مندی گوہر شناسد +

چوتھی فصل

اردو محاورات اور اصطلات کے بیان مین

قاف بالف

قابو پر چڑھنا ۔ قابو مین آنا ۔ کسی کے بس اور اختیار مین ہونا ۔ ذوق
عشق کے ڈھب پہ نکوئی سمجھ انسان چڑھا + اسکے قابو پہ چڑھا تو یہی نادان چڑھا +
س ۔ بلا کالی ہی وہ زلف گرہ گیر + نہ آنا اُسکے قابو مین نہ آنا +

قارورہ دیکھنے والا ۔ طبیب و معالج جو بیماریون کا علاج کرتا ہی ۔

قارورہ ملنا ۔ دو شخصون کا پوشیدہ اتفاق ہونا دوستی قائم
ہونا ۔ رابطہ بڑھ جانا ۔

قاضی گلہ نہین کریگا ۔ اگر فلان کام کروگے تو قاضی اُسکی شکایت نہین کریگا
وہ کام شرع کے خلاف نہین ہی ۔

قافیہ بندی کرنا ۔ قافیہ ملانا ۔ بے مضمون شعر نہ لکھنا صرف قافیہ
ساتھ قافیہ ملا دینا ۔ تک بندی کرنا ۔ تک جوڑنا ۔ س ۔ شعر لکھنے کی
لیاقت ہی کہان + قافیہ بندی کیا کرتے ہین ہم ۔

قافیہ تنگ کرنا ۔ اشعار مین ایسے قافیے لانا جسکے جواب مین دوسرا
تنگ آجائے ۔ حیران و پریشان کرنا ۔ دق کرنا ۔ ستانا ۔ مارنا ۔ عاجز
کر دینا ۔ شاہنامہ اردو ۔ رہو تم مین جاتا ہون اب بہر جنگ +
کرون تیغ سے قافیہ اسکا تنگ ۔ مؤلف ۔ کھلی مجلس مین ہم کو سنے
رہے ہین + رقیب روسیہ کا قافیہ تنگ +

قانون چھانٹنا ۔ بحث کرنا ۔ دلیل کرنا ۔ بیجا حجتین کرنا ۔

قائزہ کرنا ۔ منہ زور گھوڑے کو لگام دیکر اُسکی دُمچی پر باندھ دینا
تا کہ گھوڑا سر اونچا رکھے اور کہین جا نہ سکے اور کسی پر حملہ نہ کرے ۔

قائل معقول کرنا ۔ لاجواب کرنا ۔ بند کر دینا ۔ جھوٹا ثابت کر دینا ۔

قائم اُٹھنا ۔ شطرنج کی بازی مین دونون فریق کا برابر رہنا ۔ کسی کی مات نہونا ۔

قباحت نکلنا ۔ بُرا نتیجہ پیدا ہونا ۔ کسی کے حق مین بُرا ہونا ۔ دقت پیدا ہونا ۔

قبالے ڈالنا یا ڈھیلے کر ڈالنا ۔ کسی پر پورا قبضہ پا لینا ۔ اُسکے گھر کے
قبالے کا غذ تک نہ چھوڑنا ۔ لُٹا ڈالنا ۔ بے عزت کرنا ۔

قاضی الحاجات ۔ حاجتون کا پورا کرنے والا ۔ خدا سے تعالے جل شانہ
اور زر و سیم ۔ صفدر رقو قالی ۔ زر کو کوسے خد انہین کہتا ہے لیک
کہتے ہین قاضی الحاجات +

قائم مزاج ۔ جو شخص مزاج کا مستقل ہو ۔

قائم مقام ۔ مختار کار ۔ سربراہ ۔ عوضی ۔

قانون گو ۔ صدر پٹواری جسکے پاس تمام علاقہ کی زمینون کا حساب
رہتا ہی ایک تحصیل مین رہتا ہی اور ایک صدر ضلع مین ۔

قاضی قدوہ ۔ بڑا معتبر صاحب اولاد ۔

قاضی کا پیادہ ۔ کچہری کا سپاہی ۔

قاف بایاے

قبر کھودنا ۔ قبر بنانا ۔ قبر کھود دینا ۔ دفن کرنے کے لیے گڑھا کھودنا
نہایت زد و کوب کرنا ۔ لوتھ ڈال دینا ۔ مارتے مارتے ادھموا کر دینا ۔

قبر کے مُردے اُکھاڑنا ۔ مُردون کا ذکر کرنا ۔ خوابیدہ فتنہ کو بیدار کرنا

پچھڑانے جھگڑون کو تازہ کرنا۔

قبر مین پانون لٹکائے بیٹھے ہین۔ قریب المرگ ہین۔ مرنے کو تیار رہین۔ بہت ضعیف ہوگئے ہین۔

قاف با حاے

قحط پڑجانا۔ کال پڑجانا۔ غلہ گران ہوجانا۔

قاف با دال

قد نکالنا۔ بڑا ہونا۔ جوان ہونا۔ بالغ ہونا۔ سه جھکا دی گردن تسلیم ہر سرو خیابان نے ۔ جو نکالا قد موزون جبکہ اس سرو خرامان نے ۔

قدرت رکھنا۔ لائق ہونا۔ کسی کام کی قابلیت رکھنا۔

قدم اٹھاکر چلنا۔ جلدی جلدی چلنا۔ تیز چلنا۔

قدم بڑھانا۔ جلد جلد چلنا۔ مداخلت کرنا اپنی حد سے بڑھنا۔ دخل دینا۔ پیش قدمی کرنا۔ قبضہ بڑھانا۔ مؤلف۔ سالکان طریق حق طلبی ۔ ہر قدم پر قدم بڑھاتے ہین۔

قدم بقدم چلنا۔ پوری پوری اطاعت کرنا کسی کے قدمون کے نشان پر قدم رکھتے ہوے چلنا۔ مخالفت نکرنا۔ قطعہ از مؤلف۔ جو پیرون کے پیرو ہین اہل سلوک ۔ اطاعت کا بھرتے دم دمبدم ۔ رہ راستی مین بصدق و صفا ۔ وہ چلتے ہین انکے قدم بر قدم ۔

قدم پکڑنا۔ قدمبوس ہونا۔ قدم چومنا۔ قدم کو ہاتھ لگانا۔ قدم لینا۔ بزرگون کے پانون کو بوسہ دینا۔ بڑون کے قدم چھونا۔ پیرون پڑنا۔ پابوسی کرنا۔ حکیم محمد انور لاہوری۔ جو سالک راہ خدا کوئی تم کو ملے ۔ جھکا کو گردن تسلیم اور قدم پکڑو ۔ مولانا اکبر۔ جو ہو بیکسون کا کوئی دستگیر ۔ قدم چوم لو ایسے دلدار کے ۔ انشاء اللہ خان۔ قدم کو ہاتھ لگاتا ہون اٹھ کہین گھر چل ۔ خدا کے واسطے تو نے پانون بہت پھیلا ۔

قدم بھاری ہونا۔ منحوس قدم ہونا۔ آتش۔ قدم بھاری ہمارا ہوگا ہمیں باغ عالم مین ۔ وہ ٹہنی چھٹ گریگی جس پر اپنا آشیان ہوگا۔

قدم دکھانا۔ رفتار دکھانا۔ چال دکھانا۔

قدم رکھنا۔ زمین پر پانون رکھنا۔ کسی کام مین دخل دینا۔ مداخلت کرنا۔ قطعہ از مؤلف۔ دم مین دم ہے تب تلک ہے ذکر خدا ۔ بر زبان اپنے دمبدم رکھنا ۔ راہزن جس مین نفس و شیطان ہین ۔ ایسے رستے پہ ست قدم رکھنا ۔

قدم رنجہ فرمانا۔ قدم رنجہ کرنا۔ کسی کے گھر جانا۔ تشریف ارزانی فرمانا۔ تکلیف کرنا۔ تکلیف اٹھانا۔ شعر۔ مسیحا قدم رنجہ فرمائیے ۔ کہ ہے آخری وقت بیمار کا ۔ نہ رہ جانے پائے ہر لحظہ جو رکھتا ہے وہ شوق دیدار کا

قدم قدم جانا۔ آہستہ آہستہ چلنا۔

قدم گاڑنا۔ قبضہ کرنا۔ پانون جمانا۔ دخل لینا۔ مضبوطی کرنا۔

قدم لگنا۔ قدمون کو بوسہ دینا۔ پانون چھونا۔ کسی کی پناہ و حفاظت مین آنا۔

قدم مارنا۔ تیز چلنا۔ پانون اٹھاکر چلنا۔ آتش۔ عرصۂ جنگ سے خونریز زمین ہی یہان کی ۔ بیشۂ عشق مین مردون کی طرح مار قدم ۔

قدم نکالنا۔ گھوڑے کو چال سکھانا۔ قدم چلنے کی تعلیم دینا۔

قدم باز۔ خوش رفتار تیز قدم گھوڑا وغیرہ۔

قاف با راے مہملہ

قرار آنا۔ آرام ملنا۔ چین پڑنا۔ تسلی ہونا۔ مؤلف۔ غیر جاتے ہین جبکہ محفل سے ۔ اپنے دل کو قرار آتا ہے ۔

قرار پانا۔ ٹھہرنا۔ مقرر ہونا۔ فیصلہ ہوجانا۔ مولانا اکبر الہ آبادی۔ رقیب جائیگا جسوقت یار آئیگا ۔ قرار اپنا دل بیقرار پائیگا ۔

قراقر ہونا۔ پیٹ بولنا۔ نفخ ہونا۔

قرآن اٹھانا۔ سر پر قرآن رکھنا۔ قرآن پر ہاتھ رکھنا۔ قرآن کی قسم کھانا۔ رند۔ جس بات کی چاہو قسم اک مرتبہ لو ۔ ہر بار تو قرآن اٹھایا نہین جاتا ۔

قرآن ٹھنڈا کرنا۔ بسبب کہنہ ہوجانے اور بوسیدہ ہوجانے اوراق کے دریا مین ڈال دینا۔

قرآن کا جامہ پہننا۔ قرآن کو اپنا لباس بنالینا۔ ہمہ تن قرآن بنجانا۔ نہایت نیک و پارسا بننا۔ کسی امر مین یقین دلانے کے لیے بھاری تدبیر کرنا۔ میر۔ مت جانیو کہ ہوگا یہ بے درد اہل دین ۔ گر آئے شیخ پہن کے جامہ قرآن کا ۔

قرآن کا دور کرنا۔ دو حافظون کا بار بار قرآن پڑھنا ایک دوسرے کو سنانا۔

قرآن ہدیہ کرنا۔ قرآن فروخت کرنا۔

قربان جانا۔ قربان ہونا۔ تصدق ہونا۔ نثار ہونا۔ واری واری جانا۔ کسی پر مرنا۔ نہایت محبت کرنا۔ رباعی از مؤلف۔ محمد چہرہ گر ہمکو دکھائین ۔ رخ پر نور سے پردہ اٹھائین ۔ بصدق دل دل و جان اپنے دونون ۔ نثار انپر کرین قربان جائین ۔

قرض اتارنا۔ کسی کا قرض چکانا۔ کسی کا حساب بیباق کردینا۔

قرض اٹھانا۔ ادھار دینا یا لینا۔

قرق کرنا۔ ضبط کرنا کسی کی جائداد کو قرضہ میں۔
قرارداد۔ تصفیہ فیصلہ عہد و پیمان۔
قرض حسنہ۔ بے سود قرض اور وہ رقم جو رشتہ داروں کی غمی وشادیوں پر بطور امداد دی جاتی ہے۔
قرار واقعی۔ پورا پورا۔ ٹھیک ٹھیک۔ قطعی۔ کامل۔

قاف با زائے معجمہ

قزاق اجل کا۔ موت کا فرشتہ۔ مصرع نظیر۔ قزاق اجل کا لوٹے ہے دن رات بجا کر نقارا ؛

قاف با سین مہملہ

قسمت الٹ جانا۔ قسمت پھوٹ جانا۔ بھاگ پھوٹنا۔ نحوست آنا۔ عورت کا خاوند مر جانا۔ کوئی سخت صدمہ پہونچنا۔ نقصان ہونا۔
قسمت پھرنا۔ قسمت جاگنا۔ قسمت کھلنا۔ بھاگ جاگنا۔ تقدیر کھلنا۔ طالع چمکنا۔ طالع مسعود کا دورہ ہونا۔
قسمت کا لکھا۔ تحریر ازلی۔ قسمت کی خوبی۔ ذوق۔ دیکھو قسمت کا لکھا اُسنے پڑھا خط سو بار ؛ دھیان پر سر نامہ مضمون کسی عنوان چڑھا +
قسمت کا ہیٹا۔ کرم ہین۔ بدنصیب۔ کم بخت۔ کم طالع۔
قسمت کرنا۔ حصہ کرنا۔ بانٹنا۔
قسمت لڑنا۔ تقدیر کا موافق آنا۔ قطعہ از مؤلف۔ اگرچہ محفل دلدار میں ہے ؛ رقیب روسیہ کا دخل بھاری ؛ مگر کرینگے خود وہ صلح ہمسے ؛ اگر لڑ جائیگی قسمت ہماری ؛
قسمت کا پھیر۔ گردش زمانہ کی تقدیر کا بگاڑ۔ ناموافقت روزگار۔ مفتی حیدر لاہوری۔ وصال یار میں ہے جسقدر دیر ؛ سراپا اپنی قسمت کا یہ ہے پھیر ؛
قسمت کا دھنی۔ خوش نصیب صاحب قسمت۔ صفدر فوقانی محبت کی ملے دولت اُسی کو ؛ عزیزو جو کہ قسمت کا دھنی ہو۔

قاف با صاد

قصائی کا پلا۔ موٹا آدمی۔ جسیم و لحیم۔
قصائی کے کھونٹے سے بکری باندھنا۔ بے رحم بدمزاج آدمی کے ساتھ لڑکی بیاہ دینا۔ کسی غریب کو خوفناک جگہ پر ڈال دینا۔
قصائی کی نظر دیکھنا۔ قہر کی نگاہ دیکھنا۔ چشم نمائی کرنا۔ ڈانٹنا۔
قصہ پاک ہونا۔ جھگڑا ختم ہونا۔ مقدمہ انفصال پانا۔ مر جانا۔ جان مجھی تسلیم ہونا۔ مفتی حیدر لاہوری۔ رنج و غم سے چھوٹ کب سکتا ہے خاکی آدمی + جب تلک اس جسم خاکی کا نہ قصہ پاک ہو ؛ ذوق۔ یا تو پاس دوستی تجھکو بت بیباک ہو ؛ یا مجھی کو موت آجائے کہ قصہ پاک ہو ؛
قصہ کوتاہ کرنا۔ قضیہ کم کرنا۔ جھگڑا چکانا۔ معاملہ ختم کرنا۔ از مؤلف قصہ کوتہ کردے اے قاتل میر اسر کاٹ کے ؛ تاکہ جھگڑا ختم ہو اور درد سر جاتا رہے +

قاف با ضاد

قضا ادا کرنا۔ مذہبی فرائض جو وقت پر ادا نہوے ہوں ادا کرنا۔
قضا پڑھنا۔ چھوڑی ہوئی نماز کو ادا کرنا۔
قضا کرنا۔ مذہبی فرض وقت پر ادا نکرنا۔
قضا سے مرنا۔ اپنی موت سے مرنا۔
قضائے حاجت کرنا۔ پاخانہ پھرنا۔
قضیہ مول لینا۔ ناحق کسی بلا میں پھنسنا۔
قضا کار۔ اتفاقاً۔ تقدیر سے۔
قضا و قدر۔ تقدیر الٰہی۔ خدا کی رضا۔
قضیہ دلال۔ جھگڑا اور فساد برپا کرنے والا۔

قاف با طائے مہملہ

قطرہ آنا۔ بغیر ارادے کے پیشاب کا قطرہ نکل جانا۔
قطع تعلق کرنا۔ علاقہ چھوڑ دینا۔ غرض نرکھنا۔ دوستی ترک کرنا۔ شعر۔ قطع کیجیے نہ تعلق ہمسے ؛ کچھ نہیں ہے تو عداوت ہی سہی۔

قاف با لام

قلعی کھلنا۔ قلعی جاتی رہنا۔ برتن کا اصلی رنگت پر آجانا۔ بھید کھل جانا۔ چھپی بات کا ظاہر ہونا۔ آتش۔ ہوگا کبھی جو اُس رخ روشن کا سامنا ؛ قلعی کھلیگی آئینہ مہر و ماہ کی۔
قلعی کھولنا۔ دوسرے کا عیب و صواب ظاہر کرنا۔
قلق رہنا۔ دل پر صدمہ یا رنج باقی رہنا۔ ؎ وصل کی رات بھی کچھ دلپہ قلق رہتا ہے + رنگ رخ صبح کے اندیشے سے فق رہتا ہے۔
قلم اٹھا کر لکھنا۔ قلم برداشتہ لکھنا۔ جلد جلد لکھنا۔ گھسیٹ کر لکھنا۔
قلم انداز کرنا۔ چھوڑ دینا۔ ترک کر دینا۔ تحریر میں نہ لانا۔
قلم بنانا۔ قلم کو چھیل چھال کر درست کرنا۔ تحریر کے لائق بنانا۔
قلم بند کرنا۔ لکھ لینا۔ درج کر لینا۔
قلم پھیرنا۔ خط کش کرنا۔ کاٹ ڈالنا۔
قلم چلانا۔ بہت سی کتابت کرنا۔
قلمدان دینا۔ درجہ وزارت کا بخشنا۔
قلم کرنا۔ کاٹ ڈالنا۔ تراشنا۔
قلم لگانا۔ ایک پودے میں سے شاخ کاٹ کر دوسری جگہ جمانا۔

قلم مارنا - کاٹ ڈالنا - چھیک دینا -
قلم ہاتھ مین نہ اٹھانا - لکھنے کا ارادہ نکرنا - لکھنا موقوف رکھنا -
قلم یاری دینا - تحریر پر گذارہ کرنا - لکھ پڑھ کر پیٹ پالنا -
قلمی کرنا - لکھنا تحریر کرنا -
قلمین چھوڑنا - کنپٹی کے پاس بالون کو نہ منڈانا قلم کی شکل بنوانا -
قل ہو اللہ پڑھنا - نہایت بھوک لگنا بھوک سے تنگ آکر خدا کو یاد کرنا -
قل ہو جانا - خاتمہ ہو جانا - ہو چکنا - فاتحہ بخیر ہو جانا - ناسخ -
وصل کے ایام ہین وہ شور قلقل ہوگیا ٭ اب تو ساقی کی جدائی مین مرا قل ہوگیا
قلیا تمام کرنا - خاتمہ کرنا - مار ڈالنا - کام تمام کرنا - برق - کیا
فائدہ جو قلقل مینا کا دور ہی ٭ اپنی فراق یار نے قلیا تمام کی ٭

قاف یا ہاے

قہر توڑنا - بہت غصہ کرنا - خفگی کرنا -
قہقہہ اڑانا - مضحکہ اڑانا - مسخری کرنا - ہنسی کرنا -

قاف یا یاے

قیامت اٹھانا - شور وغل برپا کرنا -
قیامت آنا - آفت یا بلا آنا - مصیبت پڑنا - شوق - پیچ والے کی
شامت آئیگی ٭ پہلے ہمپر قیامت آئیگی ٭
قیامت توڑنا - ظلم کرنا - نہایت خفا ہونا -
قی آنا - معدہ اچھلنا - کراہت آنا - نفرت معلوم ہونا -
قید لگا دینا - شرط باندھنا - پیچ لگا دینا - مقید یا پابند کرنا -
قینچی باندھنا - پہلوان مخالف کی ٹانگون مین اپنی دونون ٹانگین
ڈالکر مجبور کر دینا - گھوڑے کو دونون رانون کے تلے دبانا -
قینچی سی زبان چلنا - بے تکان بولنا - متواتر کہے جانا - تڑاق پڑاق جواب دینا -
قینچی لگانا - کاٹنا - کترنا - چھانٹنا - قلم کرنا -

پانچوین فصل

نباتات متعلق علم طب کے بیان مین

قاقالیا - یونانی لغت مین ایک نبات کا نام ہی پتے اسکے سفید اور بڑے
اور پھول مشابہ پھول بردانیا کے طبیعت اسکی گرم تر خیساندہ اسکی
جڑ کا واسطے رفع خشونت ریہ اور مری اور سرفہ کے نافع ہی اور قائم مقام رب السوس کا
قاتل الکلب - کچلہ کو کہتے ہین زہر اسکا کتے پر بہت جلد اثر
کرتا ہی اور وہ فی الفور مر جاتا ہی -
قادوسیقنج دوا یہ مجہول الکیفیت دواے جبلی کی قسم سے ہی طبیعت اسکی گرم
خشک محلل ریاح غلیظ ومحرک باہ دافع کھانسی کہنہ مفرح دل ہی -

قار - عوام اسکو قیر کہتے ہین اور جو اسکو رال سمجھتے ہین غلط سمجھتے ہین
اسواسطے کہ رال ایک درخت کا گوند ہی اور یہ ایک چیز سیاہ رنگ
ساتھ گرم پانی کے چشمے سے نکلتی ہی نکلنے کے وقت سیال ہوتی ہی تھوڑے
عرصہ مین سخت ہو جاتی ہی کشتیون اور دیوارون اور حماموں اور
چھتون پر پانی کی درزون کے بند کرنے کے واسطے لگاتے ہین طبیعت
اسکی گرم وخشک ہی منضج اخلاط لزجہ مددگار ہضم طعام مقوی معدہ
وکبد وطحال ہی ومانع تاثیر ہواے وبائی طاعون وغیرہ -
قاقلہ کبار - بڑی الایچی مشہور چیز ہی اسکا درخت دو تین گز بلندی کا
جاتا ہی پتی مشابہ پتی انار کے پھول سپید مائل بسرخی پھل صنوبری
شکل مثلث غیر متساوی الاضلاع طبیعت اسکی گرم خشک مفرح
مقوی معدہ ہاضم طعام محرک ڈکار حابس بطن ہی -
قاقلہ صغار - چھوٹی الایچی مشہور چیز ہی اسکا درخت دو گز تک بلند ہی
انار کی سی پتی پھل خوشہ دار خوشبو طبیعت اسکی دوسرے درجے مین
گرم وخشک ساتھ قوت تریاقیت کے مفرح وملطف وجالی ومحلل ودافع
درد سر ودرد گوش ہی منھ کو خوشبو کرتی ہی معدہ کو صفا رکھتی ہی دل کو
طاقت بخشتی ہی خفقان کو دفع کرتی ہی -
قاقم - یہ ایک جانور کے چمڑے کا نام ہی جو بلی سے چھوٹا اور چوہے سے
بڑا ہوتا ہی دم اسکی چھوٹی ہوتی ہی اسکے بال بہت نرم اور گرم ہین
اور قیمتی امرا اسکی پوستین بناتے ہین سنجاب سے قیمت زیادہ پاتا ہی
مگر سمور سے گرمی مین کم ہی ابدان معتدل کو موافق ہی -
قانصہ - پرندہ جانورون کا حوصلہ جسکو فارسی مین سنگدان
اور ہندی مین چینہ دان اور پوٹا کہتے ہین یہ پرندون کے پیٹ
مین معدہ کی جگہ ہوتا ہی بط اور موٹی مرغی کا حوصلہ سب سے اچھا ہی
اور کھیا نا اسکا مولد خون صالح ودافع خفقان ہی -
قاقلی - یہ ایک نبات مشابہ اشنان اور بڑی اور سبز زیادہ
اس سے اونٹ اسکو بہت رغبت سے کھاتا ہی کہ اسکے مزاج کے موافق ہی
طبیعت اسکی گرم وخشک اسکے کھانے سے ڈکار خوشبو آتی ہی
ضعف معدہ اور درد کمر کو دور کرتی ہی مدر بول ودودھ کو بڑھاتی ہی
باہ کو حرکت دیتی ہی -
قاطالیقی - قایاطیقی - یہ ایک نبات ہی کہ اسکی چھوٹی آس کے
پتون کی طرح اور زیتون کے پتون سے ملتی ہوئی دو قسم اسکے ہین
ایک کا پھل مٹر کی صورت پر ہوتا ہی اور جڑ بارہ یا اذخر کی
جڑ کی طرح چھ سات سرے رکھتی ہی جب سوکھتی ہی ٹیڑھی ہو جاتی ہی

دوسرے قسم کا سر چھوٹے سیب کے مانند جیرا اور پتے زیتون کے سے پھل چھوٹا مقدار چنے کے پینا اسکا باعث محبت اور نقش کا ہی۔

قاف بایاے موحدہ

قبج - فارسی مین اسکو کبک ہندی مین چکور بولتے ہین مشہور پرندہ ہی طبیعت اسکی گرم وخشک گوشت اسکا لطیف تر سب گوشتون سے ہی کثیر الغذا سریع الہضم مولد خون صالح دافع فالج ولقوہ واستسقا وغیرہ ہی

قاف باتاے مثناۃ

قتاد - یہ ایک درخت ہی جسکو عربی مین شجرۃ القدس اور فارسی مین کم کہتے ہین کانٹے اسکے ٹیڑھے پھول زرد رنگ ہی جو گوند اس سے نکلتا ہی اسکو کتیرا کہتے ہین طبیعت اسکی گرم وخشک دافع کھانسی وضیق النفس و قرحہ ریہ ہی اسکے پتون کو پیس کر سرکہ اور شہد مین ملاکر بدن پر لگائین تو جلد کو صاف کرتا ہی بدن پر روشنی لاتا ہی اسکی جڑ مین اسقدر تیل ہوتا ہی کہ رات کو جلکر شمع کی طرح روشنی دیتی ہی

قاف باثاے مثلث

قثاء - بکسر اول وثاے مثلث مشدد مشہور چیز ہی جسکو فارسی مین خیارزہ اور ہندی مین ککڑی کہتے ہین بیل اسکی بہت لمبی زمین پر بچھی ہوتی ہی طبیعت اسکی دوسرے درجے مین سرد تر اور مغز اسکا رطب اور الطف ہی حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا ہی کہ فرماتے تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کہ کھاؤ تم ککڑی کو ساتھ نمک کے کہ فائدہ بخشے تمکو یہ پھل جالی ہی پیاس کو دور کرتا ہی حرارت اور صفرا اور خون کی تیزی کو دفع کرتا ہی پیٹ کو ملین کرتا ہی۔

قثاء - خیارا اور بادرنگ بھی اسکا نام ہی ہندی مین اسکو کھیرا کہتے ہین مشہور پھل ہی کھانا اسکا درد سر گرم کو دفع کرتا ہی یرقان کو علاج ہی تحلیلہ اسکا روح حیوانی کو مدد دیتا ہی۔

قثاء الحمار - فارسی مین اسکو خیارزہ اسپند کہتے ہین ایک قسم ککڑی کی ہی جو ذائقہ مین تلخ اور خراب ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک محلل اور جالی اور منقی دماغ اور مسہل مرکہ صفرا و بلغم خام و زرد آب دافع فالج ولقوہ وصرع وصداع ہی۔

قاف بادال

قدید - ہر ایک خشک چیز کو قدید لتے ہین خواہ وہ آگ سے خشک ہوئی ہو خواہ دھوپ سے یا سایہ مین اور خشک گوشت جنگلی جانورون یا دریائی کا بہترین گوشتون مین سے وہ خشک گوشت ہی جو فربہ جانور اور فربہ پر گوشت کا ہو عموماً خشک گوشت کی طبیعت گرم وخشک ہی۔

قاف باراے

قراصیا - یہ ایک درخت کا پھل ہی جسکو آلو بالو اور آلو بوعلی اور آلی بالی کہتے ہین شاخین اور پتے سرخ رنگ زردآلو کی طرح خام سبز اور کسیلا نیم رس سرخ اور ترش پختہ بنفشی رنگ اور میٹھا ترش چاشنی دار ساتھ تھوڑی تلخی غیر محسوس کے بیج اسکے چھوٹے بقدر چنے کے پوست سخت مغز سپید طبیعت خام کی سرد اور خشک اور قابض پہلے درجے مین نیم رس بھی سرد اور خشک پختہ چاشنی دار گرم تر ساتھ قوت قابضہ کے اطبا اجازت نہین دیتے کہ کھانے کے بعد یہ کھایا جاے کیونکہ معدے کو ضعیف کرتا ہی شیرہ اسکے تخم کا سونف کے عرق کے ساتھ پینا سنگ مثانہ کو نکالتا ہی پیشاب اور حیض کو جاری کرتا ہی سوزش بول کو نافع ہی۔

قردمانا - تیسرا حرف دال ہی یہ ایک نبات مشابہ کردیا کے ہی پتی اور پھل اور پھول مین مگر یہ کہ پھل اسکا اس سے لمبا زیادہ گھاس اسکی بابونہ کی گھاس کے ساتھ ملتی ہی اور شاخین متفرق اور کج ہین پتے بھی کم ہین طبیعت اسکی گرم وخشک مسخن ہی اور سرخ کرنے والا بشرے کا اور پگھلانے والا اخلاط لزجہ کا مقوی اعضاے باطنی دافع سدہ جگر وطحال و قولنج و درد گردہ و عسر البول و دم مار و جمیع ہوام

قرقوشقما - یہ نام روغن زعفران کے ثفل کا ہی کہ قرقو زعفران کو کہتے ہین اور شقما کے معنی ثفل کے ہین طبیعت اسکی گرم خشک منضج ومقوی اعصاب محلل صلابات مدر بول دافع تاریکی چشم مقوی معدہ و جگر

قراد - یہ مشہور جانور ہی جسکو فارسی مین کنہ اور ہندی مین چچڑی کہتے ہین اکثر گاے اونٹ اور کتے کے بدن کے ساتھ یہ چمٹی رہتی ہی اور خون اسکا چوستی ہی کتے کی چچڑی کے خون کو اگر شقلب پر جو آنکھون کی پلکون کے اندر پیدا ہوکر بینائی کو نقصان پہونچاتے ہین لگائین تو بال اکھڑ جائین اور آئندہ پیدا نہون۔

قرد - یہ ایک جانور چارپایہ ہی جسکو فارسی مین بوزنہ اور ہندی مین بندر کہتے ہین ہندی مین جسکا منھ لال ہی اسکو بندر اور جسکا منھ کالا اور بدن خاکستری اسکو لنگور اور ہنومان بولتے ہین یہ دونون قسم دم رکھتے ہین اور جسکا منھ سیاہ مشابہ آدمی اور ہاتھ پانون اور انگلیان لمبی اور دم نہین ہوتی اسکو فارسی مین نسناس اور ہندی مین بن مانس نام ہی یہ قسم لوگون کو کم تکلیف دیتا ہی سنی شیعہ کے نزدیک اسکا گوشت حرام ہی حضرت امام مالک اسکو حلال تحریر فرماتے ہین یہ جانور آدمی کے ساتھ مشابہت اکثر عادات مین

سکتا ہی ہاتھ سے چیزون کو اُٹھاتا ہی ہنستا ہی کھیلتا ہی کبھی دوپاؤن سے چلتا ہی طبیعت اُسکی گرم خشک طلا اُسکے خون کا واسطے منع کرنے اُگنے بالون کے مجرب ہی اُسکا خون اگر گرم گرم پیے تو زبان مین طاقت گویائی کی نہ رہے اگر اُسکے چمڑے کی چھلنی بنائے اور اُس سے غلہ چھانئے تو کوئی کیڑا غلہ کو نہ لگے زہر آلود کھانے کو بندر جھٹ پہچان جاتا ہی اور دیکھ کر چلاتا ہی۔

قرع المر۔ کڑوا کدو جسکو ہندی مین تونبڑی کہتے ہیں بیل اسکی مشابہ بیل کدو خوردنی کے ہی مگر پھل اُسکا اُس سے چھوٹا ہوتا ہی طبیعت اِسکی گرم اور خشک ہی اور کھانے سے قے آتی ہی ضیق النفس اور کھانسی تر کہنہ کا علاج ہی اِسکے پھولون کا پانی دافع یرقان ہی اِسکی جڑ گرم اور خشک محلل اورام سرد ہی اور اوجاع سرد کا علاج

قرمز۔ یہ ایک جانور نہایت چھوٹا جیدار درخت کے پتون مین ملتا ہی بقدر دانہ مسور کے سرخ رنگ بعض کے نزدیک یہ شبنم ہی جو بعض درختون پر گرتی ہی وہ چیز مشابہ دانہ مسور کے ہوتی ہی اور اُسکے سر پر کوئی چیز اونچی مانند سر جانور کے آہستہ آہستہ بڑھ کر چنے کے برابر ہو جاتی ہی اور پھٹ کر اُسکے اندر سے ایک کیڑا چھوٹا سرخ نکلتا ہی وہی کرم ہی جسقدر پرانا ہو رنگ اُسکا تیز ہوتا جاتا ہی اُسی کا رنگ نقاشون کے استعمال مین آتا ہی ریشم رنگا جاتا ہی پشم کو رنگتے ہین طبیعت اُسکی سرد اور خشک ہی اگر عورت ساق روز دو درم ہر روز پیے تو حیض آنا قطع ہو جائے اگر ساتھ سرکہ کے نوش کرے تو حمل ہونے نہ پائے ضماد اُسکا جراحات عظیمہ کو بند کرتا ہی اور بھی فائدے اُسکے بہت سے درج کتب ہین۔

قرطاس۔ کاغذ جسپر کتابین لکھی جاتی ہین ہر ایک ملک مین یہ قسم قسم کا بنایا جاتا ہی طبیعت اُسکی عموماً سرد خشک بعض کے نزدیک گرم خشک ہی اُسکی خاکستر رعاف کو بند کرتی ہی بخور اُسکا زکام کو مفید ہی منجن مسوڑھون کو مضبوط کرتا ہی سرمہ اُسکا آنکھون کی بیاض کو دفع کرتا ہی

قریس۔ ایک غذا کی قسم سے ہی مانند مصوص کے جسکا ذکر باب المیم مین مذکور ہوگا بعض کے نزدیک گوشت کے پانی کا یہ نام ہی جو سرد اور منجمد ہوا ہو اور گوشت مچھلی کا ہو یا چارپایہ کا۔

قریص۔ یہ ایک غذا ہی کہ لحوم لطیفہ مچھلی و بزغالہ و چوزہ مرغ سے ساتھ سرکہ وغیرہ ترشیون اور تازے اور خشک میوون کے بناتے ہین طبیعت اِسکی معتدل ساتھ برودت و رطوبت کے مسکن صفرا و خون حاد و قاطع بلغم محرور المزاجون کو نافع ہی۔

قراطاط۔ پھل ایک درخت کا ہی بقدر فلفل کے اور ترش زرشک کی طرح افعال اور خواص مین زرشک کی طرح ہی

قرط۔ یہ ایک نبات ہی جو نہایت شیرین ذائقہ مین ہی یہ گھاس مصر مین پیدا ہوتی ہی بلکہ اسکی زراعت ہوتی ہی گھوڑے اسکو کھا کر فربہ ہوتے ہین اسکے پھل کو رسیم کہتے ہین گرم تر تازہ پانی اُسکا پینا مسہل ہی اور خشک حابس۔

قرظ۔ بہ ظائے معجمہ کیکر کے درخت کا نام ہی جسکو اُم غیلان بھی عربی مین کہتے ہین صمغ عربی گوند اسی سے نکلتا ہی لکڑی اسکی خاردار نہایت مضبوط ہوتی ہی طبیعت اسکی سرد خشک ساتھ قوت قابضہ کے مسواک اسکے جڑ کی دانتون کو مضبوط کرتی ہی منجن بھی اسکی جڑ کا یہی عمل کرتا ہی اُسکی پتون کا جوشاندہ حابس اسہال ہی بخور اسکا مستحکم کرنے والا اعصاب مسترخیہ کا ہی اور التیام دینے والا زخمون کا۔

قرع۔ کدو جو مشہور چیز ہی عربی مین اُسکو یقطین بھی کہتے ہین بیل اُسکی درختون اور دیوارون پر چڑھ جاتی ہی زمین پر پھیلتی ہی جڑ اسکی پتلی تھوڑی شیرین اور مسکر دو قسم کا یہ پھل ہی ایک شیرین جو سب کھاتے ہین دوسرا تلخ جسکو تونبڑی بولتے ہین اُسکا ذکر اِسی فصل مین تحریر ہو چکا ہی شیرین کبھی گول اور لمبا ہوتا ہی اس کے پھل کے ساز بھی بنائے جاتے ہین طبیعت اسکی سرد اور تر مبرد اور مرطب مفتح سدد مدر بول ملین بطن دافع یرقان و حمیات حادہ ہی۔

قرنفل۔ فارسی مین اسکو میخک ہندی مین لونگ کہتے ہین مشہور و معروف چیز ہی طبیعت اُسکی گرم و خشک ساتھ قوت تریاقیت اور تفریح کے مقوی ارواح و اعضائے رئیسہ باطنی و دماغ و ذہن و فکر و دردسر بارد و کھانسی و ضیق النفس و خفقان و وحشت ہی۔

قردن السنبل۔ اِس جڑ کو ہندی مین سینگھیا کہتے ہین جو سپید اور چمکدار ہوتی ہی طبیعت اُسکی گرم خشک پینا اور کھانا اُسکا جائز نہین بسبب سمیت کے کہ اُسمین ہی ضماد اُسکا چرانے دردون اور ورمون کو دفع کرتا ہی روغن اُسکا بھی یہی عمل کرتا ہی۔

قرطم۔ اِسکو حب العصفر اور بزر الاخریض فارسی مین خسک دانہ ہندی مین کسنبہ کا بیج کہتے ہین کسنبہ جس سے کپڑے سرخ رنگے جاتے ہین اُسی کا پھول ہی طبیعت اُسکی گرم خشک ساتھ قوت مسہلہ کے ہی رقیق بلغم کو نکالتا ہی مالیخولیا و وسواس اور توحش خفقان جذام و جرب و حکہ وغیرہ اکثر امراض سوداوی کا دافع ہی اگر ادویات مناسبہ کے ساتھ اِسکو مرکب کرین اور بیمار کو دین۔

قاطارغوین - یہ ایک نبات سا ٹھہ بہت سی شاخون گرہ دار کے ہو پتی اُسکی مشابہ پتی گندم کے بیج یا جو کے کا سا نہایت تیز طبیعت اُسکی گرم اور خشک کہتے ہین کہ جو مرد اور عورت دونون چالیس روز تک اُسکا ناشتا کرین بمقدار آدھے درم کے ساتھ چہار رہ مثقال پانی کے بعد اُسکے مباشرت کرین انشاء اللہ تعالے عورت حاملہ ہو اور لڑکا

قراطن - مار العسل ساذج یعنی شہد پانی مین پکایا ہوا جو لقوہ اور فالج کی بیماریون کو مفید ہی -

قرۃ العین - یہ ایک نبات حوض و جھیل و تالاب وغیرہ ستادہ پانیون مین پیدا ہوتی ہی قبہ اُسکا پانی سے باہر آجاتا ہی اُسکے درمیان پھول زرد رنگ ساق اور پتی مشابہ کرفس کے دندانے دار گول سب اجزا خوشبو دار معطر طبیعت اُسکی گرم اور خشک مسخن و محلل و حابس نزف الدم مدر بول و حیض ہی گردہ کے کنکرون کو نکالتی ہی ہاضم طعام ہی رخسارون کے رنگ کو سرخ کرتی ہی باصرہ کو طاقت بخشتی ہی یرقان کو دفع کرتی ہی -

قرطمان - یہ ایک درخت مشابہ درخت چنار کے دریاے عمان کے جزائر اور کنارون پر ہوتا ہی خشک بور اُسکا بقدر دو مثقال کے واسطے رفع اسہال کے مفید ہی -

قرقمان - یہ ایک چیز مانند قار کے بعض پرانے درختون کے جوف مین ملتی ہی خصوصاً درخت خرما و مقل حجازی مین پائی جاتی ہی طبیعت اُسکی گرم و خشک حابس نزف الدم و اسہال قرحہ مین ہی اور ریل اور درد ہی منجن اسکا واسطے تقویت دانتون اور مسوڑھون کے فائدہ بخش ہی

قرن - فارسی مین شاخ حیوان اور ہندی مین سینگ کہتے ہین اگرچہ ہر ایک حیوان کے سینگ الگ الگ تاثیرین رکھتے ہین مگر عموماً طبیعت انکی سرد و خشک مجفف و قابض مانند نمک مغسول کے اکثر سینگ جلایا ہوا استعمال کیا جاتا ہی آنکھون مین ڈالنا اُسکی راکھ کا نزول الماء کے پانی کو اُترنے سے روکتا ہی یرقان کو دفع کرتا ہی

قرصعنہ - یہ ایک نبات خار دار ہی پتی اُسکی زمین پر بچھی ہوئی ساق گرہ دار بالشت بھر اونچی پتی اور کانٹے سبز و سپید ذائقہ مین تیز اور شیرین فارس اور عرب مین پیدا ہوتی ہی طبیعت گرم اور خشک محلل اور ہاضم سریع الانحدار مولد خلط صالح بھی دافع تاثیر سموم ہی -

قرطم ہندی - نبات اُسکی بلند اور تر پتی لمبی زیادہ بستانی سے طبیعت اُسکی گرم اور خشک اُسکی پتی اور پھل عقرب کے زہر کا علاج جسکو عقرب نے کاٹا ہو جب تک منہ مین اُسکی پتی اور پھل رکھے

زہر کی تاثیر نہوگی اور واسطے دفع زہر کے دو درم پتی اور کچیسل کالی مرچین ڈالکر پینا مجرب ہی -

قرفۃ الدار چینی - دارچینی کا پوست اور چھلکا طبیعت اُسکی گرم اور خشک مقوی اعضاے باطنی و دافع فالج و لقوہ و صرع و وجع المفاصل وغیرہ امراض عصبی ہی -

قرنفل بستانی - یہ نبات باغی قسم ریحان سے ہی جسکو ہلسی کہتے ہین خوشبو اُسکی لونگ کی خوشبو کے ساتھ مشابہ ہی عرق اسکا بھی لونگ کے عرق کے ساتھ خوشبو مین ملتا ہی اسواسطے فارس کے رہنے والے اسکو قرنفل بستانی کہتے ہین -

قرنفل شامی - یہ ایک نبات ہی عربی مین اسکو قرنفلیہ بولتے ہین ساق اُسکی بقدر ایک گز کے پتی بیلاب کی سی پھول بنفشئی خوشبو مانند لونگ کے جڑ اسکی مشابہ جڑ خربق سیاہ کے اور بو مین مانند دارچینی کے طبیعت اسکی گرم خشک دافع صرع و زکام و سرفہ و عسر البول ہی بیٹھنا اُسکے جوشاندے مین واسطے احتباس حیض و اسقاط جنین کے مفید ہی -

قاف با زاے معجمہ

قزاح - یہ ایک نبات شہر قزاوان مین مشابہ سولف کے پیدا ہوتی ہی اونٹ اُسکو کھاتا ہی پتے اُسکے سولف کے پتون سے زیادہ پتلے پھول زرد خوشبو دار ذائقہ سولف کا سا طبیعت اُسکی گرم اور خشک محلل ریاح و محرک دکا و مسکن اوجاع یا ردہ ریاح و حیض

قاف با سین مہملہ

قسب - وہ خرما جو نیم پختہ ٹوٹ کر گرا اور پیٹ چیر کر اور جوش دیکر خشک کیا ہو اُسکو خرماے شکم دریدہ بھی کہتے ہین شیرین زیادہ ہوتا ہی عمدہ وہ ہی جو دانہ موٹا اور گٹھلی چھوٹی ہو طبیعت اُسکی گرم و خشک مقوی معدہ منضج و محلل اخلاط ہی -

قسن - یہ ایک قسم بیلاب کا ہی جسکو پھل نہین لگتا پتے چھوٹے چھوٹی دار شاخین پتلی طبیعت گرم اور خشک پینا پانی اُسکے پتون و ساق کا مدر بول و حیض ہی اور جو اُسکا مخرج جنین ہی اُسکی جڑ کا پانی اگر سرکہ کے ساتھ پئین تو بیلاے کے زہر کا اثر جسم پر نہین ہوتا -

قسط - ہندی مین اُسکو کُٹھ کہتے ہین یہ ایک جڑ ہی مشابہ جڑ نفاخ کے نبات اسکی بے ساق زمین پر پھیلی ہوئی پتی اُسکی چوڑی اُسکی جڑ کو ہندی مین پُہکر مول کہتے ہین تین قسم کی ہوتی ہی ایک شیرین سفید زردی مائل سبک اور خوشبو اسکو قسط بحری اور عربی کہتے ہین

دو سرا شاخ مائل بہ سیاہی مغز اُسکا مائل بزردی موٹا اور ہلکا اور کم ہو اُسکو قسط ہندی کہتے ہین تیسرا مائل بسرخی وزن مین سنگین مشابہ لکڑی شمشاد کے خوشبو بغیر تلخی کے یہ سمی اور قاتل ہے اور جس قسط سے بو بسیر کی آوے زبون ہے طبیعت اسکی گرم اور خشک مقوی اعضاے رئیسہ محرک باہ دافع امراض باردہ رطبہ جاذب خون مقوی دماغ و دافع درد سر ہے۔

قسطرون۔ یہ ایک نبات ہے جو ہر سال جمتی ہے ساق اُسکی بقدر ایک گز کے بلند پتے مشابہ پتے بلوط کے طبیعت اُسکی گرم خشک ساتھ خواص تریاقیہ کے دافع صرع وخون و امراض کبد وطحال و یرقان ہے۔

قاف با شین معجمہ

قشار کندر۔ ریزے ہین کہ کندر کے ٹکڑون کے رگڑنے سے گرتے ہین طبیعت اُسکی گرم اور خشک قابض و مجفف ہے ضماد اُسکا زخمون پر تازہ گوشت پیدا کرتا ہے پینا اُسکا امعا کے زخمون کو اچھا کرتا ہے رحم کی رطوبت کو زائل کرتا ہے۔

قشر۔ ہندی مین چھلکا اور چھال جو ہر ایک درخت سے اُتاری جائے ہر ایک درخت کا چھلکا الگ تاثیر رکھتا ہے چنانچہ قشر اترج یعنی پوست ترنج مقوی معدہ و دماغ و معطر دہان اور پوست انار کا مسہل مخرج کرم معدہ و امعا و قاطع خون بواسیری و پوست بیخ کرفس ملطف و مفتح و مدر بول دافع امراض کبد و طحال ہے و پوست درخت خیارشنبر دافع تکالیف وضع حمل ہے و بیرون و بیرونی پستہ قابض و مقوی و امعا و پوست نارنج مفرح و دافع قے و غشیان و مخرج کرم معدہ و پوست تخم مرغ جالی مجفف قروح و قاطع رعاف و بیاض عین ہے۔

قشمش۔ یہ ایک قسم کا انگور ہوتا ہے جسکا دانہ نہایت چھوٹا ہوتا ہے جو ہر ایک قسم سے عمدہ اور شیرین ہوتا ہے طبیعت اور افعال اُسکے انگور سے ہین جو تحریر ہو چکے ہین۔

قاف با صاد مہملہ

قصب۔ فارسی مین اُسکو نی ہندی مین بانس اور نل اور سرکنڈا کہتے ہین بعض انمین سے مجوف اور بعض غیر مجوف ہوتے ہین نی اسی کا نام ہے جو اندر سے پولا ہوا اور نی قلم جس سے لکھتے ہین اور اندر سے پولی ہے اسی قسم سے ہے طبیعت اسکی سرد اور خشک راکھ اُسکی سعفہ اور داد کی دوا ہے گنج جو سر کی بیماری مشہور ہے اس راکھ سے جاتی رہتی ہے منجن اسکا دانتون کو روشن کرتا ہے اور آنکھون مین ڈالنا اس رطوبت کا جو بانس کے پتون مین جمع ہوتی ہے آنکھ کی سفیدی کو دور کرتا ہے بانس کی پیسی ہوئی شہد کے ساتھ کھائین تو کھانسی جاتی رہتی ہے مدر بول و حیض پتون کا جوشاندہ نفث الدم کو مفید ہے۔

قصب السکر۔ فارسی مین اسکو نیشکر ہندی مین گنا اور پونڈا کہتے ہین یہ نبات ایک نعمت نعماے الٰہی سے انسان کو مرحمت ہوئی ہے کہ ہر ایک شیرینی اُس سے بنائی جاتی ہے گڑ شکر کھانڈ مصری سب اسکے شیرہ سے بنتے ہین اقسام اُسکے بہت ہین طبیعت اُسکی گرم تر دافع خشونت سینہ او ریہ اور سرفہ و جالی رطوبات متولدہ مسمن بدن مدر بول منقی مثانہ ملین بدن محرک باہ دافع سوزش معدہ ہے۔

قصاص۔ نام ایک قسم کے مٹر کا کہ غلاف اُسکا پتلا اور دانہ بہت چھوٹا سفید ہوتا ہے خلر بھی اُسکو کہتے ہین اور ذکر اُسکا فصل خاے معجمہ مین تحریر ہو چکا ہے۔

قصب الذریرہ۔ ہندی مین اُسکو چراینہ کہتے ہین مشہور چیز ہے طبیعت اُسکی گرم خشک ملطف و محلل ساتھ قوت قابضہ کے مقوی دل و جگر دافع استسقا و درد سینہ و جگر و رحم اور عسر البول و تقطیر البول و محلل اورام ہے۔

قاف با ضاد

قضاعہ۔ عربی مین مادہ سگ آبی کو کہتے ہین اور ہندی مین اودبلاو سرمہ اور ضماد اُسکے دماغ کا واسطے دفع تاریکی آنکھ کے بے مانند ہے۔

قاف با طاے

قطا۔ ایک پرندے کا نام ہے جسکو فارسی مین سنگخوار اور ہندی مین بٹ لوا کہتے ہین یہ دو قسم کا چھوٹا اور بڑا ہوتا ہے بڑا بقدر کبوتر خط دار اور زرد رنگ چھوٹا بقدر بڑی چڑیا کے خط دار زردی مائل سر پر تاج کم آب جنگلون مین رہتا ہے طبیعت اُسکی گرم خشک ہے گوشت اُسکا مقوی معدہ و کبد دافع فالج و سردی اعصاب و استسقا و قولنج بلغمی ہے۔

قطلب۔ یہ ایک درخت مشابہ درخت بہی کے پتے بہی کے سے بقدر آلو کے بدون بیج کے پختہ ہوکر زعفرانی و سرخ یا توتی رنگ ہوتا ہے شیرین اور خوشبو شیرہ اُسکا چوس لین تو ثفل گھاس جیسا باقی رہجاتا ہے طبیعت اُسکی سرد اور خشک پھل اُسکا تریاق سموم قتالہ ہے ضماد اُسکے پتون کا ورمون اور دملون کو اچھا کرتا ہے مقعد کے امراض کا علاج ہے جلے ہوے عضو کو فوراً آرام کرتا ہے۔

قطائف۔ سنبوسہ جو مشہور خوراک ہے گیہون کے میدے کا بناتے ہین اور گھی مین تلتے ہین کثیر الغذا مسمن بدن و مبہی ہے۔

قطف۔ یہ ایک سبزہ ہے جسکو فارسی مین اسپاناخ و سفناخ ہندی مین پالک کہتے ہین طبیعت اُسکی سرد و تر ہے پکا کر کھانا اسکا سریع الہضم

اور مولد خلط صالح ہی مسکن عطش و دافع تپ گرم محلل اورام گرم ہی۔

قطن ۔ فارسی مین اُسکو پنبہ ہندی مین روئی کہتے ہین یہ وہ مشہور درخت ہی جسکے پھل سے تمام زمانہ مشرق سے غرب تک طرح طرح کے لباس پہنتا ہی پھول اُسکا زرد خوبصورت ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم وخشک اور پھول گرم تر ہی پینا اُسکا جنون کو دفع کرتا ہی خفقان کا علاج ہی

قطف بحری ۔ یہ ایک سبزہ ہی جسکو ہندی مین بتھوا کہتے ہین طبیعت اُسکی گرم تر ہی پکا کے کھانا اُسکا دورے کو زیادہ کرتا ہی محرک جماع ہی باہ کو بڑھاتا ہی۔

قاف با عین

قعب ۔ عربی مین یہ نام شیر کا ہی اور نام ایک نبات کا جسکی ایک ساق ہی اور پتی اسپناخ یعنی پالک کی سی ذائقہ سونف کا سا اندلس کی ولایت مین یہ پائی جاتی ہی۔

قعبل ۔ یہ ایک جڑ ہی مشابہ شلغم کے سرخ رنگ طبیعت اُسکی گرم وخشک جنون کو دور کرتی ہی ورم الطحال کا علاج ہی۔

قاف با فاے

قفر الیہود ۔ یہ ایک پتھر کا نام ہی جو بحیرہ یہودیہ سے حاصل ہوتا ہی زمین قدس سے لاتے ہین جو اچھا ہوتا ہی اور مقامات سے بھی لیا جاتا ہی بہتر اور تریاق کے استعمال کے لائق بنفشئی براق لطیف خوشبودار ہی جسمین مٹی اور کنکر نہو طبیعت اسکی تیسرے درجے گرم وخشک قائم مقام مومیائی کا ہی نفت اور قیر اور قطران اور عنبر کی جگہ بھی اُسکا استعمال کرتے ہین دھوان اُسکا دافع زکام اور نزلہ ہی

قاف با لام

قلفونیا ۔ صنوبر کے درخت کا گوند ہی جو خودبخود اُس سے نکلتا ہی تین قسم کا یہ گوند ہی ایک سیال یعنی تر جو بستہ نہین ہوتا مانند قطرون کے دوسرا وہ درخت سے سخت نکلتا ہی سیال نہین ہوتا بہتر وہ جو بعد طبخ کے بستہ ہوتا ہی۔

قلب ۔ بفتح اول دل جو اندرونی اعضا مین سے مشہور عضو ہی اور رحم مین حضرت خالق کے حکم سے سب سے پہلے یہی عضو بنتا ہی یہ عضو مبدا اور معدن حرارت غریزی کا ہی روح حیوانی کا مسکن ہی ہر ایک عضو سے گرم زیادہ ہی متحرک رہتا ہی مرنے کے وقت بھی سب سے پیچھے سرد ہوتا ہی گوشت اُسکا بہت سخت اور دیر ہضم ہی جانورون مین بہتر دل بکری کا ہی اور پرندون مین مرغی جوان کا طبیعت اسکی گوشت کی نمونا گرم اور خشک مگر طیور کے دل مین گرمی زیادہ تاثیر مین مقوی دل و دافع خفقان و دیر ہضم ہی۔

قلت ۔ حب القلت مین اُسکا ذکر درج ہو چکا ہی فصل حاے با یاے مین۔

قلقطار ۔ بہر دو قاف زاج سفید اُسکا ذکر زاج مین مذکور ہو چکا ہی۔

قلقاس ۔ یہ ایک سبزہ ہی جسکے پتے بہت چوڑے ہوتے ہین اور جڑ اسکی کھانے مین آتی ہی جسکو اروی کہتے ہین مشہور ترکاری ہی طبیعت اسکی گرم تر مسمن اور محرک باہ ہی اکثر لوگ اُسکو کھاتے ہین۔

قلقدیس بعض اُسکو زاج سفید بعضے زاج سرخ بعض زاج زرد جانتے ہین بعض ایک قسم کے زاج سفید کو قلقدیس سمجھتے ہین جسکو فارسی مین زاج شتر دندان کہتے ہین اصل یہ ہی کہ قلقدیس تین قسم کا ہی ایک قسم سفید سنگ جلد ٹوٹنے والا یہ تیز اور بہتر سب اقسام سے ہی دوم وہ جسمین مٹی زیادہ ہو اور غلیظ اور خشن ہوتا ہی تیسرے نرم متساوی الاجزا اور شست جو پانی مین ڈالنے سے سیاہ ہو جاتا ہی

قلومس ۔ یہ ایک نبات ہی جو پانچ قسم پر منقسم ہی اول سپید پتی والی جو نر اور مادہ ہوتی ہی دوسری سیاہ پتی والی تیسری جسکی شاخین لمبی ہین چوتھے وہ جسکے پتے انجیر کے سے ہوتے ہین پانچوین جسکے پتے بڑے اور غلیظ اور تند بو ہین اس قسم کو لوگ تمباکو جانتے ہین طبیعت ہر ایک قسم کی گرم خشک محلل اور جالی ساتھ قوت قابضہ کے دافع امراض بلغمی وضیق النفس وسرفہ وغیرہ ہی۔

قلانش ۔ یہ بھی ایک نبات ہی جسکو خوخ الدرج کہتے ہین امرود کے ساتھ اسکی مشابہت ہی مزہ اُسکا پھیکا تھوڑی لزوجت کے ساتھ عصارہ اسکا نفث الدم کو دفع کرتا ہی۔

قلقل ۔ فارسی مین انار دانہ دشتی ہندی مین کورجکنا اسکا نام ہی یہ ایک نبات مشابہ نبات قنب کے ساقین بھی مائل بسرخی طبیعت اسکی گرم تر نہایت مقوی باہ مسمن بدن مفرح طبع ہی۔

فلسموفودیون ۔ یہ ایک نبات ہی نہایت خوردبقدر ایک بالشت پتھرون اور سخت زمینون مین پیدا ہوتی ہی طبیعت اُسکی گرم خشک دافع تقطیر البول و ادرار حیض و اخراج جنین ہی۔

قلومائن ۔ یہ ایک نبات پہاڑی اور باغی ہی ساق اُسکی مشابہ ساق باقلا پتے مشابہ پتے بادرنگ کے اور پھول مشابہ پھول ایرسا سوسن طبیعت سرد خشک حابس رعاف دافع نفث الدم معدہ ہی ضماد اُسکا جو پتے کوٹ کر بنایا جاے پرانے زخمون کو بند کرتا ہی۔

قلی ۔ سجی جس سے رنگ کپڑے دھوتے ہین مشہور چیز ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک ساتھ تھوڑی سی سمیت کے پینا اُسکا ایک قیراط

واسطے تقویت معدہ و تہیج طعام و پیدا کرنے بھوک و قطع بلغم و دفع قے مؤثر ہی

قاف با میم

قمل - قمقام - یہ دو چھوٹے جانور ہین کہ انسان و دیگر جاندارون کے کپڑون اور بالون مین پیدا ہوتے ہین قمقام کے پانون بہت ہوتے ہین اور بالون کی جڑ مین چمٹے رہتے ہین اور قمل چھ ہاتھ اور پانون رکھتا ہی اور منھ سے کاٹتا ہی اور سر اور دم اُسکی باریک ہوتی ہی جو کپڑون مین پیدا ہوتا ہی سپید اور بالون مین سیاہ رنگ اگر بال سیاہ ہون اُسکو فارسی مین سپش اور ہندی جون کہتے ہین پسینا اور فضلات ردیہ سے اسکی پیدائش ہی چند عدد جون زندہ باقلا کے سوراخ مین رکھ کر نگل جائین تو تپ ربع جاتی رہے اگر احلیل کے سوراخ مین جون رکھین احتباس بول دفع ہو -

قمری - مشہور پرندہ ہی فاختہ سے چھوٹی خوش آواز خوش منظر خوش سیرت اُسکی آواز ہی بعض کہتے ہین کہ وہ یا کریم کا ذکر کرتی ہی سپید اور زرد اور خاکستری رنگ کا یہ جانور ہوتا ہی پنجرے مین بند رہ سکتا ہی کبوتر کی طرح کھلا نہین رہتا گوشت اُسکا سرد مزاج والونکو موافق ہی کیونکہ طبیعت اسکی گرم و خشک ہی اسکے انڈے اگر شیرخوار بچے کو کھلائین جلد باتین کرنے لگے جس گھر مین یہ جانور رہتا ہو گھر والون پر جادو کا اثر نہین ہوتا -

قاف با نون

قنا - قنی - نام ایک نبات کا ہی جسکے پتے پودینہ کے سے ہوتے ہین نام مین مشہور نام اُسکا کلنج ہی اسواسطے باب کاف بالام مین بیان اسکا تحریر ہوگا

قنب - ہندی مین اسکو بنگ اور بھنگ کہتے ہین اور ہزارون لوگ اسکو گھوٹ کر پیتے ہین اور ایسے عادی ہوتے ہین کہ بے پیے بغیر اُنکی زندگی مشکل ہوتی ہی چرس بھی اسی کا بنایا جاتا ہی جسکا دھوان چلم مین رکھ کر پیتے ہین بعض اُسکے عادی ہوکر دیوانہ و ہلاک ہوجاتے ہین ہر ایک ملک مین یہ نبات ہوتی ہی پتے اُسکے تیسرے درجے مین سرد خشک بیج اسکے گرم خشک ہین اور خواص درج کتب طبیہ ہین -

قنفذ - مشہور جانور تیرانداز ہی جسکو ہندی مین سینہ کہتے ہین خارپشت کلان فارسی مین اسکا نام ہی اگر کوئی اسکو پکڑنا چاہتا ہی تو وہ جمع ہوکر اپنے انکو ہلاتا ہی اور اسکے جسم سے خار نکلکر دشمن پر جا پڑتے ہین جنگلی - پہاڑی - دریائی تینون قسم کا یہ ہوتا ہی طبیعت اُسکی گرم خشک گوشت اُسکا مجفف و محلل قوی راکھ اُسکی جالی ہی -

قنطوریون کبیر - یہ ایک نبات ہی ساق مشابہ ساق حماض بلندی میں دو گز تک شاخون پر قبہ خشخاش کی طرح پھول سرخی لیے مشابہ پتے جوز کے جڑ موٹی لمبی دو گز تک اور سخت اور سرخ رنگ بھری عصارہ اُسکا سرخ خون کی رنگت پر طبیعت اسکی دوسرے درجے مین گرم اور خشک اور عصارہ اُسکی جڑ کا قوی تر ہر جزو سے محلل و قابض و جالی و دافع ضیق النفس و عسر النفس و سرفہ کہنہ ہی -

قنطوریون صغیر - یہ ایک نبات حوض و تالاب کے کٹرے پانی کے کنارے پیدا ہوتی ہی ایک بالشت تک بلند پھول سرخ مائل بہ بنفشی مشابہ گل شبو پھل گیہون کا سا ذائقہ مین سب اجزا تلخ جڑ چھوٹی سی اور بے فائدہ طبیعت اُسکی تیسرے درجہ گرم و خشک لطیف تر اور قوی تر کبیر سے ہی ہر فعل مین -

قندس - معرب کندس کا ہی جسکا بیان حرف کاف بالون مین تحریر ہوگا انشاء اللہ تعالے اور کندس آبی کتے بلغاری کو کہتے ہین جسکے خصیون کو جندبیدستر کہتے ہین اور اُسکے چمڑے کی پوستین بناتے ہین طبیعت اُسکی گرم و خشک پہننا اُسکے پوستین کا گرم کرنیوالا بدن اور دور کرنے والا بیماری نقرس کا -

قنبیط - یہ ایک نبات کرنب کے اقسام مین سے ایک قسم ہی پتے اُسکے مشابہ پتے چقندر کے مزہ تلخ اور شیرین ملا ہوا وسط مین ایک ساق اور ساق پر پتون کا ایک مجمع بطور پھول کلی کے بیچ اُسکا فرنگ کی ولایت سے لایا گیا ہی ہر سال اُسکی زراعت ہوتی ہی سردی جسقدر زیادہ ہو اُسکی خوبی بڑھتی جاتی ہی طبیعت اُسکی گرم خشک مدر بول مولد خون ہی لوگ اُسکو کثرت سے کھاتے ہین -

قبنبیل - معرب پھل ایک درخت پہاڑی کا ہی درخت اسکا مشابہ درخت معصفر کے پھل مشابہ نارنج کے سخت ہوکر پھٹ جاتا ہی اسمین ایک چیز سرخ تیرہ رنگ نکلتی ہی اور زمین پر گرتی ہی لوگ اُسکو اٹھا لیتے ہین وہی قبنبیل ہی طبیعت اُسکی گرم و خشک ہی اسکے کھانے سے معدہ کے کرم سب نکل آتے ہین اور مسہل رطوبات لزجہ کا ہی -

قنبرہ - یہ ایک پرندہ خوش شکل اور خوش آواز ہی اور سر پر تاج ہدہد اور طاؤس کی طرح رکھتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک اور گوشت اُسکا اور چڑیون کی طرح ہی خواص مین مگر خاصیتاً اورون سے قوی تر اور مصلح الغذا واسطے اُن بیمارون کے ہی جنکی بیماریان بلغمی ہین -

قنابری - ایک نبات ہی کہ ربیع کی ابتدا مین جمتی ہی اور آخر ربیع تک رہتی ہی پتے اُسکی اسفناج کی شکل پر شاخ پتلی پھول سپید بیج غلاف مین لقدر دانہ چنے کے طبیعت اُسکی گرم اور خشک لطیف اور جالی

اور مقطع منقی سینہ مدر بول وحیض وشیرہ عرق ہی۔

قاف با واو

قوطولیدون - ایک نبات ہی کہ پتے اُسکے گول اور ساق چھوٹی بیج اُسکے متصل ساق کے اطراف مین جڑ اُسکی مانند زیتون کے طبیعت گرم وخشک قابض وردادع وجالی ومحلل مسکن سوزش معدہ ہی۔

قوقی - یہ ایک جانور بحری مشابہ آدمی کے طبیعت اُسکی گرم وخشک گوشت اُسکا واسطے صرع اور اختناق رحم کے مفید ہی۔

قاف با ہاے

قہوہ - پھل ایک درخت کا ہی کہ یمن اور حبشہ اور تترادیہ مین ہوتا ہی اُسکو جوش دیکر پیا کرتے ہین اسکو بن کہتے ہین تشریح اُسکی باے باثون مین تحریر ہوگی اور نام ایک قسم کی غلیظ شراب کا ہی۔

قاف با یاے

قیقہر - رال مشہور چیز ہی گوند ایک درخت کا ہی بعض کہتے ہین کہ سال کے درخت کے پوست کے نیچے سے نکلتی ہی طبیعت اُسکی گرم وخشک محلل وجالی ومنقی دماغ دافع صرع واستسقا وادرار حیض ہی۔

قیصوم - یہ نبات مادہ اور نر دو قسم کا ہوتا ہی نر کی شاخین پتلی اور پھل چھوٹا مشابہ افسنتین کے پھول کم رنگ اور چھوٹا مادہ کے پھول سے مائل بسپیدی مادہ مشابہ درخت شاخین اور پتے بڑے اور برروایت لیسدار شاخون کی سرا اور کنارون پر پھول گول زرد طلائی رنگ اور خوشبو تیز مزہ تلخ پھل مانند حب الاس کے گرمیون مین پھولتا ہی کہتے ہین کہ مادہ اُسکا برنجاسف اور نر قیصوم ہی طبیعت اُسکی گرم وخشک قوت تحلیل اُسکے پھول کی افسنتین سے زیادہ نطول اُسکا دافع درد سر بارد اور جوشاندہ ضیق النفس کا علاج ہر ایک قسم کے زہر کو دفع کرتا ہی اگر شراب کے ساتھ بیمار کو پلائین حمول اُسکا مخرج جنین ہی۔

قیروطی - موم روغن کو کہتے ہین یعنی موم مین روغن کنجد یا کوئی اور روغن جو آگ پر رکھ کر موم کے ساتھ ملا دیا گیا ہو یہ موم روغن واسطے نرم کرنے اکثر اورام کے استعمال کیا جاتا ہی۔

پچیسوان باب

کاف تازی کے بیان مین اسمین بھی بدستور پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

عربی وفارسی وغیرہ لغات کے ذکر مین

کاف تازی با الف

کالا - ضروری اسباب درخت سواے حیوان کے اور ژندی بان مین بانگ٭ فریاد وشور وغوغا - **جامی** - چو کالا را شود جوینده بسیار٭ فزون گردد بدو میل خریدار٭

کارکیا - خداوندگار - حاکم فرمان فرما اور ایک عنصر عناصر اربعہ سے۔

کاکا - بڑا بھائی اور باپ کا بھائی اور وہ غلام جو تمام عمر گھر مین پرورش پاتا رہا ہو اور خدمت کرتے کرتے ضعیف ہوگیا ہو۔

کایا - جسم صورت و شکل - مؤلف - کبھی مردہ کبھی زندہ کبھی خوش ہین کبھی غمگین ہے عزیزو ایک دن مین ہم کئی کایا پلٹتے ہین ہے

کات - سناروں کا ایک اوزار کا نام ہے جس سے چاندی سونے کا تار وغیرہ کاٹتے ہین -

کاٹ - قطع و برید کپڑے وغیرہ کی -

کانچ - روده اندرونی مقعد جو بعض کمزور بیماروں کی پاخانہ پھرنے کے وقت باہر آجاتا ہے -

کاغذ مشہور لفظ ہے ہندی فارسی مین مستعمل پہلی فصل مین بھی اسکا ذکر درج ہوچکا ہے عربی مین اسکو قرطاس کہتے ہین - نعتیہ از مؤلف - وصف احمد مین لکھون گر کاغذ ہے کاغذ زر ہو سر بسر کاغذ ہے جسمین معراج کا لکھون کچھ حال ہے اڑکے پہونچے وہ عرش پر کاغذ ہے زلف مشکین کا ذکر گر لکھون ہے کرون تحریرات بھر کاغذ ہے

کابک - فارسی اردو مین مستعمل ہے کبوترون کا دربا - کبوترون کا گھر -

کالک - سیاہی -

کاجل - چراغ کا دھوان جسکی سیاہی لکھنے کی بنتی ہے چھاپہ کے کام مین بھی وہی آتا ہے اور عورات با میزش مسکہ وغیرہ کے آنکھون مین بجائے سرمہ ڈالتی ہین فارسی مین اسکو دودہ کہتے ہین شعر - مژگان دونون ابرو خنجر سینہ شگاف ہے تس پہ وہ کاجل کی دھاری دھار ہے تلوار کی ہے

کال - قحط و خشک سالی اور وہ وقت جو کسی کام کے واسطے مقرر ہو عربی مین اسکا ترجمہ اجل ہے -

کائین پھل - ایک درخت کا نام ہے جسکو عربی مین دار شیشعان کہتے ہین -

کام - مشہور لفظ ہے فارسی مین اسکو کار کہتے ہین اور عربی مین شغل - مولانا اکبر لاہوری - بتان دہر نہایت ہی خوبصورت ہین ہے مگر خدا ابھی ان سے نہ ڈالے اپنا کام ہے

کاؤن - کاؤن - شور و غوغا اور کوون کی آواز عربی مین اسکو غاق غاق فارسی مین کاغ کاغ بولتے ہین -

کاٹھ - لکڑی جسکو فارسی مین چوب اور عربی مین خشب کہتے ہین اور وہ لمبی لکڑی سوراخدار جسمین مجرم لوگون کے پاؤن ڈالکر مقید کردیتے ہین عربی مین اسکو مقطرہ اور فارسی مین کلند بولتے ہین -

کاٹھی - گھوڑے کا زین جو اسپر ڈالکر سوار ہوتے ہین اور تلوار کا غلاف عربی مین جسکو قراب بولتے ہین ہندی اور فارسی مین میان -

کالی زیری - ایک دوا ہے جسکو زیرہ سیاہ کہتے ہین اور عربی مین کردیا -

کانا پھوسی - آہستہ آہستہ کانون مین باتین کرنا عربی مین اسکو نجوی اور فارسی مین سرگوشی کہتے ہین -

کانجی - ایک ترشی بنائی جاتی ہے انچور وغیرہ سے اور ہندو لوگ اسمین پکوڑیان ڈالکر کھاتے ہین -

کائی - وہ سبزی جو حوض و تالاب کے پانی پر آجاتی ہے عربی مین اسکو طحلب کہتے ہین -

کاف با بائے

کبرا - بفتح اول ہر ایک چیز جو سیاہ و سپید ہو -

کبڑا - خمیدہ پشت - ٹیڑھی پیٹھ والا -

کپا - وہ برتن جو کچے چمڑے کا بنایا جاتا ہے اور اسمین گھی اور تیل وغیرہ ڈالتے ہین فارسی مین دبہ کہتے ہین -

کپڑا - جامہ جو پہنا جاتا ہے عربی مین اسکو ثوب کہتے ہین -

کباب - بریان گوشت سیخ پر یا بغیر سیخ کے - مفتی حیدر لاہوری - عاشق دل سے کھاتا ہے کباب ہے خون دل پیتا ہے وہ جائے شراب ہے

کپڑاہند - وہ بدبو جو کپڑے کے جلنے سے نکلتی ہے -

کپاس - وہ روئی جس سے بنولے نہ نکالے گئے ہون -

کبابی - کباب بنانے والا -

کبڈی - ایک کھیل کا نام ہے جو لڑکے آپس مین کھیلتے ہین -

کاف با تاے

کتا - مشہور جانور ہے جسکو فارسی مین سگ اور عربی مین کلب کہتے ہین - تعقیہ - جنگ مین شیرون کو ہولکا رتا ہ ہو چوکتا احمدی دربار کا ہ

کیتا - سگ مادہ کلبہ -

کھترا - جو صاف نہو ناصاف وخراب ہو -

کتنا - وہ جون جو موٹی ہو یعنی کرم جو کپڑون مین پڑجاتے ہین اور کاؤ میش کا بچہ -

کٹرا - علٰحدہ محلہ جو ایک شخص کے نام سے مشہور ہو چنانچہ حاجی امان خان کا کٹرا احمد خان کا کٹرا وغیرہ -

کٹنا - دیوث دبیے غیرت و دلال مرد جو وہ عورت اور مرد سے زنا کرائے اور ان سے اجرت حاصل کرے -

کٹورا - پانی پینے کا برتن جسکو فارسی مین پیالہ عربی مین سقایہ کہتے ہین -

کٹھرا - کاٹھڑا چوڑا طشت جو لکڑی کا بنا ہوا ہو -

کٹھیا - کوٹھیا کچی مٹی کا غلہ دان جو غلہ رکھنے کے لیے زمیندار بناتے ہین -

کٹھیا - فقیرون کا جھونپڑا -

کٹ - جس سے سیاہ کپڑے رنگتے ہین -

کٹار - مشہور ہتھیار ہے جو کمر سے باندھتے ہین -

کتر کترن - ٹکڑا جو کسی چیز سے کتر کر الگ کیا گیا ہو

کترنی - قینچی جو مشہور چیز ہے عربی مین اسکو مقراض کہتے ہین -

کٹائی - کاٹ قطع برید کسی چیز کی -

کٹائی - وہ اجرت جو غلہ کی کوفت مین لیجائے اور کوٹنا شالی وغیرہ کا -

کٹنی - عورت دلالہ قحبہ دحتالہ -

کٹھالی - بوتہ جسمین زرگر چاندی سونا وغیرہ گلاتے ہین -

کاف با جیم

کچا - خام مقابل پختہ کے - چراغ دین روشن - نہ ٹوٹے دیکھنا رہنا خبردار ہ کہ ہے تار محبت کچا دھاگا ہ

کچرا - وہ خربزہ جو پختہ نہو -

کچلا - یہ پھل گول گول نہایت سخت ہوتا ہے نباتی زہرون مین سے یہ زہر جسم کے پٹھون کو کھینچ لیتی ہے اور آدمی تشنج کی حالت مین مرجاتا ہے خصوصاً کتے کو یہ زہر بہت جلد مارتا ہے -

کچھوا - مشہور دریائی جانور ہے جسکو فارسی مین سنگ پشت کہتے ہین -

کچ - خامی و شیشہ جس سے قارورہ اور چوڑی وغیرہ بناتے ہین -

کچور - ایک مشہور دوا ہے -

کچہری - حاکمون کے بیٹھنے کا مقام -

کچائی - کچاپن خامی بیوقوفی -

کچوری - مشہور چیز ہے جو حلوائی لوگ میدہ اور گھی سے بناتے ہین خستہ اور لذیذ ہوتی ہے -

کاف با دال

کدال - آہنی اوزار زمین کھودنے کا جسکو عربی مین مخرق کہتے ہین تاشہ بیدزراگمچہ

کدو - مشہور بیل اور پھل ہے جسکو عام وخاص کھاتے ہین اسکا تخم دوا مین مستعمل ہے عربی مین اسکا نام یقطین ہے -

کاف با را

کرگا - وہ جسپر پاؤن رکھ کر جولاہے کپڑا بنتے ہین عربی مین اسکو نسیج کہتے ہین اور فارسی مین پاچال -

کرم کلا - یہ مشہور سبزہ ہے جسکو عربی مین کرنب کہتے ہین پوری کیفیت اسکی پانچوین فصل مین تحریر ہوگی انشاء اللہ تعالےٰ -

کریلا - مشہور چیز ہے عربی مین اسکو خیار الحمار بولتے ہین -

کڑوا - تلخ عربی مین اسکو مر کہتے ہین اور الحق مر حضرت نے فرمایا ہے یعنی سچ کڑوا ہے - مولانا اکبر - ابتدا مین اگرچہ ہے اکبر وہ لب شیرین کا ذائقہ میٹھا ہ کام جان مین لیک آخر کار ہ سخت ہے تلخ اور بہت کڑوا ہ

کروڑا - وہ حاکم جو بہت سے حاکمون پر نگران حال مقرر ہو عربی مین اسکو ناظر اور بسیط کہتے ہین - قطعہ از مولف - عبادت کا کرو شام وسحر کام ہ کہ ہے اس زندگی کا وقت تھوڑا ہ اجل کرنے نہ دیگی کام تمکو ہ جب آپہونچیگا سرپر وہ کروڑا ہ

کڑا - نہایت سخت مقابل نرم کے عربی مین اسکو صلب کہتے ہین اور فارسی مین سخت اور وہ چاندی یا سونے کا حلقہ جو عورتین بطور زیور ہاتھون یا پاؤن مین پہنتی ہین فارسی مین اسکو یارہ و برنجین و دستوانہ کہتے ہین اور عربی مین سوار بکسر سین -

کڑکا - بہت سخت آواز جو کسی سے نکلے -

کروٹ - پاسا عربی مین اسکو جنب اور فارسی مین پہلو کہتے ہین -

کڑواہٹ - کڑواپن عربی مین اسکو مرارت اور فارسی مین تلخی -

کرٹ - یہ ایک دانہ ہے جو کسم کے درخت کا بیج ہے عربی مین اسکو حب العصفر اور فارسی مین تخم کسم کا زیرہ کہتے ہین -

کروڑ - ایک مشہور عدد ہے جو سو لاکھ کا ہوتا ہے - حکیم انور لاہوری گئے لاکھون مین اور آئے کروڑون مین مگر یہان ایک بھی ہلنے نہ پایا + لگے کیونکر مسافر کا ٹھکانا + گیا فی الفور جو اس گھر مین آیا +

کگریچ - پرندون کے پرجھاڑنے کی حالت -

کڑک - فارغ ہونا مرغی کا انڈے دے کر اور کڑک بیٹھنا فارسی مین اسکو کرک اور عربی مین مُقَقِّۃ کہتے ہین -

کڑیل - لمبا جوان - زبردست - زور آور -

کرم - نصیب - بخت - طالع - قسمت - مقسوم -

کرم یا کرم - وہ رسوم مذہبی جو ہنود کسی کے مرنیکے بعد کرتے ہین -

کرن - شعاع آفتاب سورج کی روشنی -

کرآہ - دردناک آواز بیمار کی ہائے وائے -

کرتہ - گلے مین پہننے کا لباس جسکو قمیص کہتے ہین -

کرارہ - بڑا کنارہ دریا کا -

کڑاہ - بڑا برتن چوڑے منہ کا جسمین حلوائی دودھ کو جوش دیتے اور شیر پنیان بناتے ہین -

کرکری - بدہضمی جو گھوڑے کو ہوتی ہے -

کرنی - آہنی اوزار معمارون کا جس سے وہ کہگل کرتے ہین گل مالہ بھی اسکو کہتے ہین -

کری - نرم ہڈی جو جسم مین ہوتی ہے عربی مین اسکو غضروف کہتے ہین -

کریانی - وہ لوہے کا اوزار جس سے نان پز دانہ تراگ کو نیچے اوپر کرتے ہین -

کڑی - وہ لمبی لکڑیان جو مکانات کی چھتون پر ڈالتے ہین -

کڑاہی - یہ برتن کڑاہ سے چھوٹا ہوتا ہے -

کڑبڑی - دو رنگی سیاہ و سپید -

کاف با سین

کسان - زمیندار - زراعت کرنے والا -

کسم - مشہور پھول ہے جس سے کپڑے سرخ رنگتے ہین -

کسبی - کسب کرنے والا اور عورت پیشہ دار جو زنا کا پیشہ کرے -

کستوری - مشہور چیز خوشبودار ہے جسکو فارسی مین مشک اور عربی مین مسک کہتے ہین - زلف عنبر بو کی خوشبو دیکھ کے کیسی کستوری کی قیمت گھٹ گئی -

کسوٹی - ایک قسم کے سیاہ پتھر کا نام ہے جسپر سونا گھسکر اُسکی قیمت معلوم کرتے ہین -

کستی - زمین کھودنے کا آہنی اوزار جسکو فارسی مین کلند اور عربی مین معول کہتے ہین -

کاف با فاے

کفگیر - جس سے کف اُٹھاتے ہین یہ ایک آہنی یا مسی آلہ ہوتا ہے ہنڈیا جب جوش پاتی ہے تو کف اُسکا اس سے اُتار لیا جاتا ہے -

کفن چور - وہ شخص جو مُردون کے کفن چرالیتا ہے عربی مین اسکو نبّاش کہتے ہین اور فارسی مین کفن دزد -

کاف با کاف

ککڑی - بضم اول کاتے ہوئے سوت کی لکڑی جو تکلے پر بٹتی ہے عربی مین اُسکو کُبّۃ اور اردو جاجہ کہتے ہین اور فارسی مین دُکچی -

ککڑی - بفتح اول مشہور چیز ہے جسکو فارسی مین خیار زہ اور خیار دراز اور عربی مین قثا کہتے ہین -

ککھوالی - کچھرالی - یہ ایک دنبل کا نام ہے جو زیر بغل انسان کے ہوتا ہے عربی مین اُسکو خنین اور فارسی مین بغلک کہتے ہین -

کاف با لام

کلغا - ایک پھول کا نام ہے فارسی مین اسکو تاج خروس اور عربی مین عرف الدیک کہتے ہین -

کلہاڑا - تبر جس سے لکڑیان چیرتے ہین -

کلہیا - مٹی کا چھوٹا سا برتن اور کوزہ -

کلیجا - اعضاے اندرونی مین سے ایک عضو کا نام ہے جسکو فارسی مین جگر کہتے ہین - نظیر - اگر کچھ منہ سے بولون تو مزا اُلفت کا جاتا ہے اگر چپکا رہون تو یہ کلیجہ منہ کو آتا ہے ؎

کلپ - وہ آہار جو دھوبی کپڑون کو لگاتے ہین -

کلانچ - جست مارنا - کودنا - اُچھلنا - نظیر - غزال جو کڑی بھولے ہرن گرے چوپٹ ؎ بھرے جو اپنی گلی مین کبھی وہ شوخ کلانچ -

کلوار - شراب بیچنے والا جسکو کلال بھی کہتے ہین فارسی مین او رترکی سوچی -

کلور - وہ گائے جو جوان ہو اور ہنوز بچہ نہ دیا ہو -

کلس - جو گنبدون کی چوٹی پر تانبے کا بناکر اور سونے کا ملمع کرکر نصب کردیتے ہین فارسی مین اُسکو سرطوق کہتے ہین -

کل - دیروز اور فردا دونون دنون کو اردو مین کل کہتے ہین اور بمعنی آرام و آسایش - مؤلف - کٹ گئی عمر درد و فرقت مین ؎ نہ کلی مین گذر گئے برسون ؎ اب بھی ہمسے وہ بیوفا ہر روز کیا کرتے ہین آج کل پرسون ؎

کلکل - شور و غوغا بیہودہ باتین - لغو تقریرین -

کلیل - ناچنا - کودنا گھوڑے گاے وغیرہ کا جس سے انکی طبیعت کی نشاط پائی جائے نسیم - کچھ گائین کلیلین کررہی تھین ؎ بن بن مین ہری و چر رہی تھین ؎

کلابتون - مشہور لفظ ہے جو نقری یا طلمی سے بٹا جاتا ہے -

کلچہ - ایک قسم کی خمیری روٹی کا نام ہے جسکو عربی مین کعک کہتے ہین اور فارسی مین کلک -

کلمہ - بات جو بامعنی ہو پہلی فصل مین یہ لغت درج ہے کیونکہ یہ لفظ فارسی اور اردو مین مستعمل ہے -

کلائی - پہونچے سے کُہنی تک جسم کو کلائی کہتے ہین عربی مین ساعد۔
انیس - خود گلا کاٹون مجھے خنجر عنایت کیجیے ٭ بوجھ سے دُکھ جائیگی نازک کلائی آپ کی ٭ حکیم محمد انور لاہوری - کل نہ آئی سحر تلک مجھکو ٭ شب جو اسکی کلائی یاد آئی ٭
کلتھی - ایک غلے کا نام ہے جسکو ماش کہتے ہین -
کلگی - جیغہ جو سر پر امرا باندھتے ہین -
کلنی - چچڑی جو کُتون اور بیلون اور اونٹون وغیرہ چارپایون کے جسم سے چمٹ کر خون پیتی ہے عربی مین اُسکو قراد اور فارسی مین کنہ کہتے ہین -
کلونجی - مشہور تخم ہے جسکو فارسی مین سیاہ دانہ کہتے ہین -
کلہاڑی - چھوٹا تبر لکڑیان چیرنے کا -
کلی - غرغرہ منہ کو پانی سے صاف کرنا -
کلی - غنچہ پھولون کا - مولانا اکبر لاہوری - نبات اُس شوخ کی ہر ایک ہے بات ٭ سخن ہر ایک مصری کی ڈلی ہے ٭ گہر دندان گل خوشرنگ خسار ٭ لب خاموش پھولون کی کلی ہے ٭

کاف بامیم

کمانا - کمائی کرنا - روپیہ پیدا کرنا اور وہ کمانا جس سے ترکھان برمہ چلاتے ہین اور لکڑی مین چھید کرتے ہین -
کمیلا - مذبح یعنی وہ جگہ جس جگہ بکری بھیڑی وغیرہ ذبح کی جائین -
کملی - پشم کی ایک چادر کا نام ہے جو غربا لوگ پہنتے ہین -
کمائی - پیدا کیا ہوا مال - قطعہ از مولف - فقط یہ کمائی کے دو چار دن ہین ٭ ضرورت ہے جس مال کی وہ کما لو ٭ جو اسوقت کے کھانے پینے سے بچ جائے ٭ وہ آخرت کا وہ توشہ بنا لو ٭
کمری - وہ درد جو بھاری بوجھ اُٹھانے کے سبب سے کمر مین پیدا ہو -
کملی - وہ پوشش جو بکری کے بالون سے بنائی جائے -

کاف بانون

کن پھٹا - جوگی جسکے کان پھٹے ہوئے ہوتے ہین -
کنٹھا - ایک قسم کے زیور کا نام ہے جو گلے مین پہنا جاتا ہے بعض سونے کا بناکر پہنتے ہین بعض موتیون کا بعض قسم قسم کے پتھرون کے گول بنے ہوئے دانون کا -
کنٹھ مالا - ایک زنانہ زیور کا نام ہے اور نام اُس بیماری کا جسکو خنازیر کہتے ہین اور وہ چند گرہین گلے مین پیدا ہو جاتی ہین جس سے انسان کو سخت تکلیف پہونچتی ہے -
کنجڑا - ساگ پات سبزی بیچنے والا دوکاندار -

کنڈا - خشک گوبر جو جلایا جاتا ہے -
کندی گر - ریشمی اور عمدہ کپڑون کو صفا کرنے اور جلا دینے والا -
کنکر - مشہور چیز ہے جسکو جلا کر چونہ بنایا جاتا ہے -
کنیر - ایک درخت پھول جسکے مشہور ہین ذائقہ اُسکا نہایت تلخ ہے عربی مین اُسکو دفلی کہتے ہین -
کنجوس - بخیل ممسک مال جمع رکھے نہ خود کھائے نہ کسی کو دے مر جائے تو وارث لین یا حاکم کے کام آئے - قطعہ از مولف - نہین آتا دنیا مین نیکی کے کام ٭ جو ہو مال مردود کنجوس کا ٭ پہونچتا کسی کو نہین فائدہ ٭ زمانہ مین اس مال منحوس کا ٭
کنٹک - بخیل اور بدخلق آدمی جو کسی کی بات نہ سُنے کسی کے سمجھائے نہ سمجھے خود رائے خود پسند -
کنڈل - دائرہ اور ہالہ جو چاند پر پڑتا ہے کبھی آفتاب پر بھی نمودار ہوتا ہے -
کنگال - مفلس و نادار و محتاج آدمی -
کنول - یرقان کی بیماری جس سے جسم زرد ہو جاتا ہے -
کنچن - زر خالص خالص سونا مصفا و مجلا اور وہ شخص جو جورو سے زنا کرائے اور اُس ناجائز آمدنی سے گزارہ کرے -
کندن - نہایت خالص سونا - مولف - مصفا اور مجلے دانت موتی سے دمکتے ہین ٭ وہ رخسارے کہ جنسے حُسن کندن سا چمکتا ہے ٭
کنگن - ایک زیور کا نام ہے جو عورتین ہاتھون مین پہنتی ہین -
کنبہ - خویش قبیلہ ہم جدی لوگ -
کنٹھ - اونچا ہونا گلے کی ہڈی کا جو نشان بلوغت وابتدائے جوانی کا ہے -
کندہ - وہ لکڑی جسپر بندوق کی آہنی نالی نصب ہوتی ہے اور وہ سوراخدار کاٹھ جسمین مجرم کے پانون رکھ کر قفل لگا دیتے ہین -
کنگرہ - کنگرہ جو عالیشان عمارتون و قلعہ کی دیوارون مین رکھتے ہین -
کنپٹی - وہ جگہ جو آنکھ اور کان کے درمیان ہے -
کنجی - جس سے قفل کھولتے ہین فارسی مین اُسکو کلید اور عربی مین مفتاح بولتے ہین -
کنچنی - عورت رقاصہ خوش پوش و زناکار -
کنڈی - حلقہ آہنی جس سے دروازہ بند کیا جاتا ہے -
کنسلائی - یہ ایک کرم ہے بہت پتلا اور چھوٹا ہوتا ہے اگر کان مین چلا جائے تو نکلنا مشکل ہوتا ہے عربی مین اُسکو حریش کہتے ہین پانون اُسکے بہت سے ہوتے ہین -
کنکری - باریک کنکر جو زمین سے نکلتا ہے -
کنگری - جو گوٹہ کناری وغیرہ زنانے کپڑون مین لگائی جاتی ہے -
کنگھی - شانہ جو بالون مین کرتے ہین استاد - نہ ہر کانے کا بہت

اور بھوڑا سانپ کا ۞ تیری کنگھی نے صنم ہر دانت توڑا سانپکا ۞
دونوں ابرو دونوں زلفین چار موذی ہین بہم ۞ ایک بچھو کا جوڑا
ایک جوڑا سانپ کا ۞

کاف با واو

کوا - مشہور پرند سیاہ رنگ ہے جسکو زاغ اور کلاغ و غراب کہتے ہین
اور وہ گوشت جو گلے مین لٹکتا ہے -

کنوارا - بیشون غنہ وہ مرد جسکی ابھی شادی نہوئی ہو -

کوبا - جس سے مینخ ٹھونکین یا مٹی توڑین -

کورا - بہ واو مجہول وہ مٹی کا برتن جسمین پانی نہ پڑا ہوا اور نیا کپڑا جو دھویا نہ گیا ہے

کوڑا - بفتح اول وہ مہرہ جس سے کاغذ صاف کرتے ہین عربی مین اسکو ... کہتے ہین

کوڑا - بضم اول و واو معروف خس و خاشاک و خاکروبہ جو جھاڑو
دینے کے بعد نکلتا ہے عربی مین اسکو کناسہ کہتے ہین -

کوڑا - بضم اول و واو مجہول چابک جو گھوڑے کو مارتے ہین -

کوکرمتا - کھونبی جو برسات کے موسم مین بشکل بیضہ زمین سے نکلتی ہے -

کولا - بواو معروف جسم کا وہ مقام جہان ازار بند باندھا جاتا ہے -

کونا - بہ واو مجہول کنج - گوشہ -

کونڈا - مٹی کا چوڑا برتن جسمین دہی جماتے آٹا گوندھتے ہین اور
بھی بہت سے کام کرتے ہین -

کویا - بواو مجہول آنکھ کا گوشہ جو ناک کی طرف ہے عربی مین اسکو ماق کہتے ہین

کویلا - مشہور چیز ہے جلی ہوئی لکڑی فارسی مین انگشت و زگال و زغال کہتے ہین -

کوٹھا - مکان بالاخانہ - گھر مسقف - مکان دروازہ دار -

کوٹ - قلعہ حصار حاکم نشین مکان فارسی مین اسکو دز عربی مین
حصار اور ترکی مین قورغان کہتے ہین -

کونچ - وہ موٹا پٹھا جو انسان کی پاشنہ یعنی ایڑی کے اوپر ہوتا ہے -

کوکر لینڈ - بند ہونا کتے کا کتیا کے ساتھ جفتی ہین -

کوند - بجلی کا چمکارا -

کواڑ - دروازے کے تختے - ع - امت عاصی ہے حضرت کے
طفیل ۞ بند کب کرتے ہین رحمت کے کواڑ ۞

کور - بواو مجہول وہ حاشیہ جو کپڑون کو لگاتے ہین -

کوس - ایک مسافت مقررہ کا نام ہے جو تیسرا حصہ فرسنگ کا ہے -

کول - لقمہ - نوالہ -

کونمل - نقب جو دیوار مین لگاتے ہین -

کنوان - اسکو فارسی مین چاہ کہتے ہین - میر حسن - ع - دیکھا کہ
صحرا ہے اک لق و دق ۞ کہ رستم جسے دیکھ ہو جائے فق ۞ نہ انسان ہے
وہان نہ حیوان ہے ۞ فقط اک کف دست میدان ہے ۞ مگر بیچ مین اسکے
اک ہے کنوان ۞ نکلتا ہے آہون کا اس سے دھوان ۞

کولھو - وہ آلہ جسکے ذریعہ سے تلون اور سرسون وغیرہ سے تیل نکالتے ہین -

کودو - ایک غلے کا نام ہے جو بطور ارزن کے ہوتا ہے -

کوڑھ - مہلک بیماری کا نام ہے جو خون کے فساد سے پیدا ہوتی ہے
اعضا جھڑ جاتے ہین عربی مین اسکو جذام کہتے ہین -

کوکھ - وہ جگہ جو زیر پہلو ہے اور ہڈی نہین رکھتی -

کنواری - وہ دوشیزہ لڑکی جسکی شادی نہوئی ہو -

کوٹھی - غلہ دان جسمین غلہ رکھتے ہین اور وہ مکان جو باغ کے
وسط مین ہو اور فی زماننا وہ مکان جسمین صاحبان عالیشان سکونت رکھتے ہون

کوچی - جولاہون کا برش جس سے سوت کو آہار لگاتے ہین اور
سناروں کی کوچی جس سے زیور کو صاف کرتے ہین -

کوڑھی - کوڑھا جسکو کوڑھ کی بیماری ہو -

کوڑی - خرمہرہ جو مشہور چیز ہے -

کاف با ہاے ہوز

کھارا - وہ پانی جو کھارا ہو -

کھانا - طعام جو آدمی کھاتا ہے -

کھبا - وہ شخص جو بائین ہاتھ سے کام کرے -

کھپرا - وہ تیر جسکا چوڑا پھل ہو -

کھتا - وہ چاہ جو زمین مین واسطے ذخیرہ کرنے غلہ کے کھودا جائے -

کھٹا - ترش مزہ جسکو عربی مین حامض کہتے ہین -

کھٹکا - بیم و ہراس و اندیشہ و خوف -

کھٹمٹھا - جو چیز ذائقہ مین میٹھی اور کھٹی ہو جیسے کہ سکنجبین -

کھچڑا - یہ ایک قسم کی آش کا نام ہے چنے اور جوار گندم وغیرہ سے پکاتے ہین

کھرا - یہ ایک بخار سردیون کے موسم مین ہوا مین ظاہر ہوتا ہے جس سے
کدورت پھیل جاتی ہے گرد و غبار کے سبب سے کچھ نظر نہین آتا -

کھرا - وہ روپیہ یا چاندی سونا جسمین کھوٹ نہو -

کھرپا - گھاس کھودنے کا آہنی آلہ و اوزار -

کھریرا - وہ آہنی آلہ جس سے گھوڑے کا بدن صاف کرتے ہین -

کھسرا - ایک قسم چیچک کی بیماری کا نام ہے -

کھلونا - وہ چیز جس سے لڑکے کھیلتے ہین -

کھمبا - ستون جو عمارت کے نیچے بنائے جاتے ہین

کھنکھجورا - یہ ایک کرم زہردار ہے جسکے بہت سے پانون ہوتے ہین
فارسی مین اسکو ہزارپا کہتے ہین اور عربی مین سبعین-
کھوپرا - مغز جوز ہندی عربی مین لب النارجیل کہتے ہین-
کھوسا - وہ شخص جسکی داڑھی مونچھ نہو-
کھونٹا - میخ - کیلا-
کھوٹا - وہ روپیہ جو قلب ہو کھرا نہو اور منافق آدمی-
کھیرا - بادرنگ جو ایک قسم کا کھیرا ہے-
کھیسا - تھیلا - تھیلی - خریطہ-
کھاٹ - چارپائی و پلنگ جسپر سوتے ہین-
کہاوت - مثال و تشبیہ-
کھوسٹ - پرندہ جسکو بوم و چغد و الو بھی کہتے ہین-
کھونٹ - چادر اور چادر کا کنارہ-
کھیت - وہ زمین جسمین زراعت ہو اور وہ میدان جسمین جنگ ہو-
کھوج - مشہور لفظ ہے جسکو عربی مین سراغ کہتے ہین تلاش و جستجو
کھٹ - بدصورت اور غیر متناسب الاعضا آدمی-
کھرنڈ - وہ چھلکا جو زخم پر آجاتا ہے-
کہار - ہندوون مین یہ ایک قوم ہے جو خدمت کرنا پالکی اٹھانا
پانی بھرنا اونکا کام ہے-
کھر - ناخن گائے بکری ہرن وغیرہ کے جانورونکے سم یعنی پانون-
کھرکھرے - وہ آواز جو بار بار کان مین پڑے عربی مین اسکو خشخشہ کہتے ہین-
کھرچپیہ - وہ کھینچنا آواز کا گلے سے گانے کے وقت-
کھنکھار - صاف کرنا گلے کا آواز کے ساتھ-
کھنک - وہ چیز جو بہت خشک ہو-
کھیر - ایک قسم کے کھانے کا نام ہے جو دودھ اور چانول ملاکر پکاتے ہین
نظیر - نقطے جو کل یار کی ضیافت کی تھی منگا کے قرض پکایا پلاؤ و قلیا
مگر وہ آپ نہ آیا رقیب کو بھیجا ہزار حیف کہ قسمت کے ہم نے برے بلیا
ادھر تو قرض اٹھایا ادھر نہ آیا یار پکائی کھیر تھی قسمت کا ہو گیا دلیا
کھال - چمڑا جو جسم پر ہوتا ہے - پوست حیوانات-
کھٹمل - مشہور کرم ہے جو چارپائی دلہ یا وغیرہ مین ہوتا ہے اور خون انسان کا چوستا ہے
کھوکھل - کھوکھلا - ہر ایک چیز جو اندر سے پولی ہو-
کھیل - بازی نرد و شطرنج چوپڑ وغیرہ کی - مفتی حیدر - دن جوانی کے
کٹ سارے گئے تھے کھیل کے یا گھاٹ پر بڑھاپا آگیا دن جو باقی ہین
غنیمت جان لو اب کوئی موقع نہین تو کھیل کا

کھرچن - وہ کھانا جو بسبب زیادہ آنچ کے دیگ کی تہ مین جلکر
دیگ کی تہ کے ساتھ لگ جائے کھرچے بغیر نہ اترے-
کھڑاؤن - کفش چوبین یعنی لکڑی کے جوتے عربی مین اسکو قبقاب کہتے ہین
کھلیان - خرمن گندم و جو وغیرہ جو زمیندار نے کاٹ کر جمع کیا ہو
دانہ اس سے نکالا گیا ہو-
کھو - بھیڑیے کا گھر جسمین وہ رہتا ہو-
کھاری - شور پانی - نمکین پانی-
کھانسی - ایک بیماری کا نام ہے جسکو فارسی مین سرفہ کہتے ہین-
کہانی - داستان و قصہ و فسانہ-
کھائی - خندق جو قلعہ کے گرد حفاظت کے لیے کھودتے ہین-
کھٹائی - ترشی جسکو عربی مین حموضہ کہتے ہین-
کھجلی - خارش جو بدن پر ہوتی ہے-
کھچڑی - ایک قسم کا کھانا ہے جو دال ماش اور چانول ملاکر پکاتے ہین-
کھڑکی - دریچہ جو کسی دیوار مین ہو-
کھلائی - وہ عورت جو بچہ کی پرورش اور کھلانے پر ملازم ہو-
کھلڑی - پوست حیوانات جانورون کے بدن کے چمڑے-
کھلی - جو تیل نکالکر باقی رہ جاتی ہے-
کھمبی - برسات کے موسم مین پیڑے کی شکل پر زمین سے خودرو
نکلتی ہے لوگ اسکو پکاکر کھاتے ہین-
کھندڑی - گودڑی وہ کپڑا جو ٹکڑے ٹکڑے سیا گیا ہو عربی مین اسکو
مرقع کہتے ہین اور فارسی مین ژندہ بولتے ہین-
کہنی - ساعد سے بازو تک ہاتھ عربی مین اسکا مرفق کہتے ہین-
کھوپڑی - دماغ کی بالائی ہڈی-
کھوجی - سراغ نکالنے والا کھوج نکالنے والا - نشان اور پتا لگانے والا-
کھودنی - ایک آہنی اوزار کا نام ہے جس سے زمین کھودتے ہین-
کھیتی - مزروعہ زمین کاشت کی ہوئی-

کاف یا یاے

کیچوا - نام ایک کرم سرخ رنگ کا ہے جو نمناک زمین مین پیدا ہوتا ہے
جیسا کہ انگلی سے زیادہ موٹا نہین ہوتا عربی مین اسکو شحم الارض
اور خراطین اور فارسی مین شکند کہتے ہین-
کیڑا - مشہور لفظ ہے فارسی مین اسکو کرم اور عربی مین دود کہتے ہین بیشمار اقسام اسکے ہین
کیکڑا - دریائی جانور ہے آٹھ پانون اسکے بہت ہوتے ہین عربی مین
سرطان اور فارسی مین خرچنگ و چنگار کہتے ہین-

کیلا - بہ یاے معروف میخ لکڑی کی۔

کیلا - بہ یاے مجہول نام ایک میوے کا جسکو موز اور طلح فارسی و عربی مین نام ہے۔

کیوڑا - مشہور درخت ہی جو ہندوستان اور گرم ولایتون مین ہوتا ہے پھول اسکا نہایت خوشبو ہی جسکا عرق کھینچکر دور دور ملکون مین بیجاتے ہین شربت بھی بنایا جاتا ہے۔

کیسٹ - دُرد جو روغن و شراب وغیرہ کی تہ مین بیٹھ جاتا ہے۔

کیچ - کیچڑ مشہور لفظ ہی جو بسبب بارش اور چھڑکاو پانی کے زمین پر ہو جاتی ہی فارسی مین اُسکو گل کہتے ہین اور میل جو سفید رنگ آنکھون سے نکلکر گوشون پر جمع ہو جاتا ہی اسکو رمص عربی مین اور فارسی مین چرک چشم کہتے ہین۔

کیسر - زعفران مشہور چیز ہی جسکی کیفیت ادویات مین تحریر ہی۔

کیس - خروس کا تاج - مرغی کی کلغی۔

کیل - میخ آہنی عربی مین اسکو مسمار اور سک کہتے ہین۔

کیاری - زراعت کا ایک حصہ جسکی اونچی کیاری بنائی گئی ہون عربی مین اُسکو رکیب کہتے ہین۔

کیڑی - جونک مشہور سیاہ کرم ہے۔

کینچلی - سانپ کا پوست جو وہ خود اُتار ڈالتا ہی عربی مین اُسکو سلاخ بولتے ہین اور فارسی مین پوست مار۔

تیسری فصل

فارسی محاورات واصطلاحات کے بیان مین

کاف با الف

کارفرما - مالک - حاکم - بادشاہ - فرمان روا - قاسم - در احیاے سخن میکردی قاسم مسیحائی ٭ اگر در سخن میداشت صائب کارفرمایم ٭

کاغذ توتیا - کاغذ سرمہ - وہ کاغذ جسمین سرمہ رکھا گیا ہو - بابا فغانی - نسخۂ سحر ساحری کاغذ توتیا شود ٭ گر بکرشمہ سر دہی نرگس سرمہ سائی را ٭ قاسم مشہدی - رشتۂ شمع گر از زلف سیاہ تو کنند ٭ کاغذ سرمہ شود بال و پر پروانہ ٭

کاغذ حلوا - وہ کاغذ جسمین حلوا رکھ کر حلوائی خریدار کو دیتا ہی - محسن تاثیر - سل شکر بار او خط چو پدید آکند ٭ قطعۂ یاقوت را کاغذ حلوا کند ٭

کام روا - جسکا مقصود حاصل ہو چکا ہو - حافظ - من اگر کامروا گشتم و خوشدل چہ عجب ٭ مستحق بودم و اینہا بزکاتم دادند ٭

کاسۂ مینا - آسمان۔

کار آب - شرابخواری یعنی شراب پینا - درویش والہ ہروی - شیخم و نہ فاسق این شہر ہم گزیدہ ٭ ہم خاک کعبہ رُفتن ہم کار آب کردن ٭

کامیاب - جو شخص مقصود حاصل کرچکا ہو - توحید - عفو کن عفو اے شہ عالی جناب ٭ زانکہ دارم جرم بیحد و حساب ٭ گمرہان را رہنمائی میکنی ٭ بر طریق نیک و بر راہ صواب ٭ ہست ہر ذرہ ز لطفت مستفید ٭ ہست ہر ذرہ ز فیضت کامیاب ٭

کارطلب - پہلوان بہادر کام کرنے والا - صفدر فوقانی - دست در کار ہمت و دل بایار ٭ صاحب کار مرد کارطلب ٭

کار آب و آتش ست - یعنی آگ پانی کا کام بہت مشکل ہی - داراب بیگ جویا - ہر قدر پختم خیالش ہمچنان خام ست خام ٭ کار چشم و دل ہمانا کار آب و آتش ست ٭

کارسخت - کارگران - مشکل کام جو ہر کوئی نہ کرسکے - سعدی - بکارہاے گران مرد کاردیدہ فرست ٭ کہ شیر شرزہ در آرد بزیر خم کمند ٭

کاسہ پشت - کوزپشت پیر وضعیف و کنایۂ آسمان۔

کافر نعمت - ناسپاس اور نعمت کا چھپانے والا ناشکر کرنے والا - صائب - اگر بر زخم کافر نعمتان باشد گران پیکان ٭ بزبان شکر گردد زخم ما را در دہان پیکان ٭

کارپیچ - وہ کپڑا جو کشیدہ گر و کلابتون دوز اپنے کام کا لفافہ بناتے ہین تاکہ گرد و غبار مین انکا عمدہ کام خراب نہو جاوے۔

کارسنج - دانا و صاحب لیاقت و عقلمندی - نظامی - ز بسیار راہ و گنج جہان ٭ سخن راند با کارسنج جہان ٭

کاف مسطح - لوطیون کی اصطلاح مین فرج و شرمگاہ - نورالدین ظہوری - خامہ اش کامد کلید مخزن اسرار کون ٭ ساخت آن کاف مسطح قفل گنج شایگان ٭

کاکل صبح - وقت اول صبح - محمد قلی سلیم - شور عجبی در چمن از بلبل صبح ست ٭ این شانہ سزاوار خم کاکل صبح ست ٭

کار آمد - کام کا آدمی جس سے کوئی کام نکلے - محسن تاثیر - بجز فرہاد کو را تیشۂ آخر بکار آمد ٭ باین فرزانہ دہ یک مرد کار آمد نمے آید ٭

کاربند - محکوم فرمان بردار اور عمل کرنے والا - حافظ - مغنی بیا بشنو و کاربند ٭ ز قول من این پند دانا پسند ٭

کار دستہ خود نمی برد - مثل ہی یعنی کوئی شخص اپنے عزیز کو نقصان نہین پہونچاتا چاہے کیسا ہی وہ ظالم ہو۔

کار را کارگر می شناسد - مثل ہی یعنی کام کو کام کرنے والا پہچانتا ہی - مولانا اکبر - وزن ہر یک بار داند باربر ٭ کارہا را میشناسد کارگر ٭

کارکرد - کام کرنا اور عمل کرنا - میر خسرو - براے از رہ لطف کرد ہمہ ٭ باندازۂ کارکرد ہمہ ٭

کارکن را کارفرما بر سر کار آورد - مثل ہی یعنی جب تک کام کرنے والے کی

قدر دانی کا فرمائے کارکن کوئی کام نہیں کر سکتا۔

کاغذ باد ۔ کنکوا ۔ پتنگ جو لڑکے ہوا میں اڑاتے ہیں۔ ملا طاہر غنی ۔ کسب عشق بود روز اولی استادش ٭ کتاب صرف ہوا نیست کاغذ بادش ٭

کافر نہاد ۔ جو دل سے منکر اسلام کا ہو ۔ میرزا صائب ۔ چنان از دل کافر نہادم ز حیات خود ٭ کہ قطع رشتۂ جان قطع زنار است پنداری

کار امروز بفردا مگذار ۔ مثل ہے یعنی آج کا کام کل پر نہ چھوڑ کر جی لگے ۔ صفدر رفوقانی ۔ کارکن کار تو اے صاحب کار ٭ کار امروز بفردا مگذار ٭

کار برہم ۔ بسے موجود کام کا خراب کرنے والا ۔ ابتر کرنے والا کام کا ۔ مخلص کاشی ۔ از دو کونم قطع سودا کرد و در خونم نشاند ٭ ہست تیغ غمزہ ات کار برہم کار ساز ٭

کاردار ۔ کار گزار ۔ صاحب کار ۔ کام والا ۔ صاحب خدمت ۔ عامل ۔ خادم ۔ سید حسو دسلمان ۔ کمینہ کار سازت آسمان ہست ٭ کمینہ کاردار روزگار ہست ٭ درویش والہ ہروی ۔ کردم ہمہ عمر دو صد کار و نکردم ٭ کارے کہ بود روز جزا کار گزارم ٭

کاروان سالار ۔ کاروان کش ۔ کاروان گاہ ۔ ان کے معانی مشہور ہیں ۔ میرزا صائب ۔ کاروان گاہ حوادث جائے خواب امن نیست ٭ در رہ سیل خطر کشا میان خویش را ٭ صفدر رفوقانی ۔ کاروان وست عاصی بمنزل میبرد ٭ چون شہنشاہ عرب شد کاروان سالار ما ۔ ظہوری ۔ ز عطاری نافۂ یاسمن ٭ صبا کاروان کش بملک ختن ٭

کاسہ مار ۔ ایک قسم کے سانپ کا نام ہے ۔ شرف الدین شفائی ۔ قدرت انگیختہ ز خاک نفاق ٭ کاسہ مارے بصورت آدم ٭

کاغذ گر ۔ کاغذ بنانے والا ۔ طاہر وحید ۔ ز کاغذ گرم باشد آن اضطراب ٭ کہ شیرش نگنجد بچندین کتاب ٭

کاغذ گیر ۔ وہ روشندان جس پر کاغذ لگا دیا جائے تاکہ روشنی بدستور رہے دھوپ اور سرد ہوا اس کے اندر نہ آسکے ۔ طاہر غنی ۔ یا پنہان ز نظر گشت چو شد دیدہ سپید ٭ مانع پرتو خورشید بود کاغذ گیر ٭

کافور بار ۔ کافور خوار ۔ نہایت سرد ۔ نظامی ۔ بر آمد ز کوہ ابر کافور بار ٭ مزاج زمین گشت کافور خوار ٭

کامگار ۔ مقصود مند ۔ مراد مند ۔ نظامی ۔ ولیکن بدان دولت کامگار ٭ بنا شد بسے عمر او پایدار ٭

کامل عیار ۔ بہت درست اور تمام عیار ۔ صائب ۔ رتبۂ کامل عیار از خاک ظاہر میشود ٭ تن اینجا کہ کودکان دو دامن صحرا انگیز ٭

کاسہ باز ۔ بازی گر جو کاسے سے کھیل کرتے ہیں کنایۃً حیلہ گر و مکار ۔ سیحیی شیرازی ۔ از حریفان قمار بردہ بسے ٭ کاسہ بازی چنان ندیدہ کسے ٭

کاسہ لیس ۔ فضلہ خور ۔ بیہودہ خوشامدی ۔ دریوزہ گر ۔ جھوٹا کھانے والا ۔ ظہوری ۔ درخوشامدہا ندبا ہم چرب نیست ٭ کاسہ لیس ہر ولی نعمت نیم ٭ صائب ۔ خویش را فربہ نے سازم زخوان دیگران ٭ چون مہ نو کاسہ لیس مہرتابان نیستم ٭

کاسۂ نرگس ۔ نرگس کا پھول ۔ نور الدین واقف ۔ از تہیدستی لب من کی شکایت آشناست ٭ ہمچو نرگس کاسہ ام خالی ست اما بے صداست ٭

کاسہ گرم تر از آش ۔ ایک مثل ہے یعنی مدعی سے زیادہ گواہ مقدمہ میں زور دیتا ہے مثلاً مدعی سست گواہ چست ۔ ظہوری ۔ بر سر خوان وصل مہرویان ٭ کاسہ از آش گرم تر مانیم ۔

کاشی تراش ۔ معمار ۔ کاشی کا کام کرنے والا ۔ طاہر وحید ۔ ز معمار بنیاد کاشی تراش ٭ مرا راز پوشیدہ گردید فاش ٭

کاویانی درفش ۔ فریدون بادشاہ کے علم کا نام ہے منسوب بکاوہ آہنگر جس نے خروج کرکے ضحاک کو قتل کرکے فریدون کو بادشاہ بنایا اور علم فریدونی کا نام کاویانی درفش رکھا ۔

کاکل شمع ۔ شمع کا دھواں ۔ حکیم زلالی ۔ سوے بزم ایاز آمد پانی جمع ٭ پریشان تر ز چین کاکل شمع ٭

کاغذین باغ ۔ پھولوں کے تختے جو شادیوں کے موقع پر بناتے ہیں ۔ ناظم ۔ کاغذی باغم سراپا چون نباشم زخمدار ٭ جز بریدن نیست کردار چمن پیرائے من ٭

کار آب و گل ۔ عمارت جو بنائی جائے ۔ میر خسرو ۔ سدتے کار آب و گل پرداخت ٭ و ندران کوی خانۂ نو ساخت ٭

کاغذ اطفال ۔ کاغذ کا کنکوا اور پتنگ جو لڑکے ہوا میں اڑاتے ہیں ۔ نصیرائی ہمدانی ۔ زبس گذشتہ عشقم بزور رشتۂ آہ ٭ سبک چو کاغذ اطفال در ہوا رفتیم ٭

کاسۂ چشم ۔ حدقہ آنکھوں کا ۔ مولوی معنوی ۔ کاسۂ چشم حریصان پر نشد ٭ تا صدف قانع نشد پر در نشد ٭

کام ناکام ۔ ناچار ضرورۃ ۔ مؤلف ۔ دست از دو ارفانی چار ناچار ٭ سفر در پیش زدنیا کام ناکام ٭

کار آفرین ۔ ذات خالق جل و علا ۔ نظامی ۔ زبان تو عجز کار اندر افشان ٭ زبان کار آفرین کار ساز فلک ٭

کار از پیش رفتن - شدن - بردن - برداشتن - کام کرنا اور
ہونا - انجام کو پہونچانا - کمال خجندی - در ہجر تو چندانکہ بدیدیم زگریہ
جز اشک ندیدیم کہ کاری بر دار پیش - باقر کاشی - باین دست تہی
یارب چہ کار از پیش بردارم ۔ کہ دشمن گوئے از میدان برد زر برد
بیرون ۔ طاہر وحید - عجب کاری ست کار عشق گرفرہاد نتواند ۔
وحید ناتوان ما باشکاف از پیش بردارد ۔ مظہری کشمیری - اقبال
حسن کار تو از پیش مے برد ۔ ورنہ صلاح کار ز ندانستہ کہ غلط ست
صائب - از کوشش تو میرود از پیش کارہا + پائی بخواب رفتہ نادر رہ کار ہاست +
کار از کار برخاستن - ایک کام سے دوسرا کام نکل آنا - ایک اَمر
دوسرا پیدا ہونا - اوحدی - اگر بر دست بوس او نہا شد اوحدی دست
نہ پا پیش بوسہ بستان کہ کار از کار برخیزد ۔
کار از کار گذشتن - کوئی کام چارہ اور تدبیر سے گذرنا - صائب -
اے کارساز خلق بفریاد من برس ۔ زان پیشتر کہ کار من از کار بگذرد ۔
کار از کسی رفتن - کار یکسو شدن - مستقیم شدن - کام نکلنا -
کام ایک طرف ہونا - کام بن جانا - مضبوط ہونا - حافظ - کار از تو
میرود مددے اے دلیل راہ ۔ انصاف میدہیم کہ زراہ افتادہ ایم +
ناصر خسرو - ای صبح سعادت بنما از افق غیب ۔ باشد کہ شود کار من
غمزدہ یکسو ۔ میر معزی - کارم شد از وصال تو نجا و یدمستقیم ۔
گوئی وصال تو سبب استقامت ست ۔
کار افتادن با کسے - کسی کے ساتھ کام پڑنا - رضی دانش -
ما سیہ روزان ہمی از فتنہ ایمن نیستیم ۔ خال شد پامال خط باز لف کار افتادہ است +
کار انجام دادن - کار بند کردن - کام ختم کرنا اور بند کرنا - صائب -
صائب چہ فارغ اند ز اندیشہ حساب ہمچے کہ کار عاقبت انجام دادہ اند +
مسیح کاشی - گرچہ ہستم زر خالص چکنم چون گشتم ۔ ریزہ تر ز انکہ
کسے بند کند کار من ۔
کار باز شدن - کام کھلنا - کام ہو جانا - صائب - ز عشق کار جہان
باز میشود صائب ۔ خوشا کسی کہ توسل باین جناب گرفت ۔
کار بالا گرفتن - کار بالا رفتن - کار بلند شدن - کار بالا بردن
رونق پکڑنا اور بڑھنا اور بڑھانا کسی کام کا - ابوطالب کلیم -
کار محنت گر درین رہ اینچنین بالا رود ۔ رہ نوردان را ز راہ خار مہا پاشید +
حافظ - شدم عاشق ببالائے بلندش ۔ کہ کار عاشقان بالا گرفت ست ۔
کار بخدا افتادن - تدبیر اور چارہ سے گذر جانا کام کا اور حوالہ بخدا کرنا
محسن تاثیر - حق شناسان زبی مطلب آسمان دونند ۔ کار چو شوار چوافتد بخدا می افتد +

کار برآراستن - کام آراستہ کرنا - سرکنج رہنما و کردستور او بدبراہ ۔ بیابان برآراستہ کار راہ
کار براحت رسیدن - مشکل آسان ہو جانا - نظامی - چو کار از رنج
براحت رسید ۔ یکے شنت دیگر آمد پدید ۔
کار براہ بردن - اجراے کار کرنا - حسن بیگ فیع - تا نداری
از کسے سررشتہ تو دز انگاہ ۔ کار خود را کی توانی بر دچون سوزن براہ +
کار بر کسی آسان کردن - کسی کو امداد کرنا تاکہ مشکل کام آسان
ہو جائے - صائب - غفلت ما کار بر ابلیس آسان کردہ است ۔
صید بندان را مدد از صید غافل میرسد ۔
کار برہم زدن - کام خراب و ابتر کرنا - جمال الدین سلمان - دریا
کرز و کار جہان ہمہ برہم ۔ چشم تو و عذرش ہمہ الیست کہ بستم ۔
کار بساز کردن - کام اچھی طرح سے کرنا - محمد ابراہیم فارغ - دنیا
چو تو چشم باز کردی ہیچ ست + ہر کار کہ تو بساز کردی ہیچ ست ۔ چون
صورت آئینہ تماشا خوش ست ۔ چون دست طمع دراز کردی ہیچ ست
کار بستن - تعمیل کرنا کسی کے حکم کی کام اچھی طرح سے کرنا - نظامی
شہ آسایش خواب را کار بست ۔ دو ہفتہ ازان چار دیوار بست ۔
کار بگوشہ چیدن - بھول جانا کام کا - صائب - بگوشہ ہمہ کارہا
چیدہ اند ۔ از و گوشہ کاری اردیدہ اند ۔
کار بند شدن - کام کا بند ہونا اور تعمیل کرنا کسی کے حکم کی سے اگر
بندہ از بندگان خدمت ۔ بحکم خدا ایشود کار بند ۔
کار پیش رفتن - کام پیش جانا - خواجہ سلمان - گر سر ترک کلاہ
فقر داری اے فقیر ۔ چار ترکت باید اول تا رود کار تو پیش ۔ ترک اول
ترک مال و ترک ثانی ترک جاہ ۔ ترک ثالث ترک راحت ترک رابع ترک خویش +
کار تمام ساختن - تمام کرنا کسی کام کا - شانی تکلو - از یک نگہ
کہ ماۓ صد سالہ عاشقی ست + کارم تمام کردہ و من قاصلم ہنوز ۔
کار تنگ گرفتن - کار تنگ آوردن - تکلیف دینا اور تنگ پکڑنا کام کا کسی پر -
ابوطالب کلیم - بر طاقت ما کار چنین تنگ بگیرید ۔ ای خوش کہ ازین ملک ببند بدیبا فرا
نظامی - تو بیٹین گرا و با تو جنگ آورد + بروتیغ تو کار تنگ آورد ۔
کار چون زر کردن - کار چون نگار شدن - کام بخوبی انجام پانا - نظامی - زما
ہر بلی را تو نکو کنی ۔ بزر کارہا ہر دو چون زر کنی ۔ صائب - از زر کار من چون زر
شود غافل کہ چرخ ۔ چون گل عنا مرا از کاسۂ زر خون دہد + میر معزی - سرکس
کہ بفرمان تو رام ست و مسخر ۔ از دولت و اقبال تو کارش چو نگار ست +
کار از گوشت گذشتن - نہایت تکلیف کی حالت کو پہونچنا - استاد فرخی -
تو ندانی کہ مرا کار گذشت ست از گوشت ۔ تو ندانی کہ مرا کار رسیدست بجان +

کار داشتن - کام رکھنا - معاملہ رکھنا - ظہوری - ذوق جنبش
بر تماشائی گل رخسار داشت * گر نگہے برد نزد و آئینہ با خود کار داشت *
کارد بر استخوان رسیدن - کمال تکلیف پہونچنا - میر حسن دہلوی سراپا
جفا بر حال پیش کہ کارد * بر استخوان رسید نہ استخوان بگذشت *
کارد بر حلق مالیدن - ذبح کرنا قتل کرنا - سعدی - شنیدم گوسپندی را
بزرگے * رہانید از دہان و دست گرگی * شبانگہ کارد بر حلقش بمالید * روان
گوسپند از وی بنالید * کہ از چنگال گرگم در ربودی * چو دیدم عاقبت خود گرگ بودی *
کار در پا افگندن - کسی کا تمام خراب کرنا - سعدی - بیندازد در پاے
کار کسے * کہ افتد کہ در پاش افتی بسے *
کار دراز کردن - طول دینا کسی کے کام کو - نظامی - چو آئی سوے
کشور خویش باز * مکن کار کوتاہ و بر خود دراز *
کار در گرہ ماندن - در گرہ افتادن - مطلب حاصل نہونا - صائب -
نماند کار بہر گز در گرہ پیر گاران را * کہ از دیوار پیش راہ یوسف در شود پیدا *
کار را بالا بردن - بلندی پر لیجانا کام کا - میرزا جلال اسیر - چون غبارم
جلوۂ بیباکی از جا بردہ است * خاکساری ہین کہ کارم را چہ بالا بردہ است *
کار زار بودن - کام سخت اور دشوار ہونا - میر معزی - نیشاپوری
کاندر صف رزم و نبرد * گر کار زار تو بر خصم کار زار شود *
کار زار شکستن - فتح حاصل کرنا جنگ میں - نظامی - ہمی گفت
بہمن باسفندیار * کہ گر نشکنی بشکنی کار زار *
کار راستن - کار ساختن - کار بسیج کردن - کار یکرو کردن کسی کے
کام کو درست کرنا - تجہیز و تکفین کرنا میت کا - ایک طرف کرنا کام کا
نظامی - جہاندار از آن کار شد تنگ دل * کہ سالار گیلی در آمد بگل *
بفرمود بر ساختن کار او * بشرطے کہ باشد سزا وار او * عروس گرانمایہ
را نیز کار * برآراست تا شد بہو نان دیار * سلطان مصطفے میرزا -
ہر چہ یاد باد حرفی چند میگویم یاد * کار خود در عاشقی این بار میسازم
تمام * شب بشکہ با سلام کار خویش یکرو کردہ ام * غمزہ کافر بناشد نامسلمانی دگر *
کار کسی ساختن - کسی کا کام تمام کرنا - مشرف تبریزی - شمع را دیدم کہ
از راز شب وصل آگہ است * صبح چون نزدیک شد کارش بیکدم ساختم *
کار کسی شدن - کسی کا کام ہوجانا مرجانا - عبد اللہ سلطان - ساقی
مجلس باین تمکین اگر می میدہد * تا بما خواہد رسیدن کار ما خواہد شدن *
کار محکم کردن - مضبوط کرنا کام کا - صائب - گرفتم عقل محکم کرد کار
خویش را صائب * رہ سیل قضا را سد اسکندر نمی بندد *
کاسہ بخون زدن - کاسہ خون زدن - خون پینا نہایت غم و الم میں - صائب
صائب بخون دل نزند کاسہ چون کند * ہر کس کہ نیست دست بجام لبالبش *
کاسہ بر سر شکستن - کسی کا راز افشا کرنا اور رسوا کرنا اسکو - ظہیر - کس
چہ میداند کہ بیمانت نیمانددرست * کاسہ گر از روی مستی بر سر بالش نمی *
کاسہ بند کردن - تملق اور چاپلوسی کرنا - اشرف - میکند از بیدردی
نوشخند * پیش و مش دختر رز کاسہ بند *
کاسہ خون کشیدن - خون پینا نہایت غم و الم کی حالت میں - میر رضی قلی بیگ
مانند لالہ کاسہ خود در کشد بخون * ہر کس کشود چشم تماشا درین چمن *
کاسہ پیش کسی داشتن - سوال کرنا - حاجت مانگنا - نظیری - چشم بہ
فیض نظیری ہمہ خوبان دارند * کاسہ در پیش گدا داشتہ سلطانی چند *
کاسہ سرنگون - مفلس و تہیدست و نادار - رفیع واعظ - چشم و چراغ
گلشن ہستی تو ئی اگر * مانند لالہ کاسہ ترا سرنگون شود *
کاسہ شدن - کور پشت ہونا - کبڑا ہونا - ظہوری رباعی - ای در خط دلربائی تو
روی نگاہ * در سجدۂ او دیدہ بزانوے سیاہ * بر مائدہ تفرجش کاسہ
شود * از غایت ازدحام پہلوے نگاہ *
کاسہ کشیدن و نوشیدن و زدن - شراب کا پیالہ پینا - صائب - از خون
شکوہ ام چون لالہ داغی نشد رنگین * کشیدم کاسہ ہای خون و بر لب خاک
مالیدہ ام * ولہ - پیمانہ کاسہ زہر مرگ را نوشند * جماعتیکہ بآمو تعمت و ناز نہ
کاسہ گردان - گدا اور دریوزہ گر اور مجلس کا ساقی جو شراب
پلاتا ہے - خاقانی - در طریق کعبہ جان چرخ زرین کاسہ را * از
پی دریوزہ جانے کاسہ گردان دیدہ اند *
کاسہ گرفتن - پیالہ لینا شراب پینا - حافظ - ساقی بصوت
این غزلم کاسہ میگرفت * میگفتم این سرود و می ناب میزدم *
کاشتن - بونا زراعت کرنا - مخلص کاشی - داغ من کسے نظر
بمرہم نداشت * پنبہ را و زمین اول کاشت *
کاغذ دفتر شکستن - دفتر کے کاغذ کو شکن دینا - فرد کی صورت پر
بنانا - انوری - تا عدو لشکرش ز رقم آرد قضا * از ورق آسمان کاغذ دفتر شکست *
کاغذین پیرہن - کاغذین جامہ - زمانۂ قدیم میں رسم تھی کہ دادخواہ
جسپر کمال ظلم ہوا ہوتا کاغذ کا پیراہن پہن کر عدالت میں جاتا -
سیف الدین اسفرنگی - کاغذین جامہ چو صبح آمدہ برآرم بہ شمع *
تا کجا خواہد رسیدن زین تظلم کار من * بابا فغانی - ز خوبان دادخواہم
فغانی مہربانی کو * کہ سازد کاغذین پیراہن از طومار افسون ہم *
کافور خوردن - رجولیت کو زائل کرنا نامرد ہونا - نظامی - چو با
لشکر نو گردم ستیز * ز مردانگی خورد کافور تیز *

کتف سارہ - گھوڑے کی گردن جو زین کے آگے ہوتی ہے - مختاری -
بکتف سارہ چو آوردز الوا ازاد بار ٭ چشم خانہ فرو رفتہ دیدہ از نابار +
کتف گاہ - دوش اور شانہ آدمی کا - نظامی - ز دوش بر کتف گاہ و
بر دوش از جا ٭ چنان کان ستمگر در آید زپا ٭
کتاب سمدی - کار بیہودہ و چیز بے اصل و بے حقیقت و لغو - رباعی -
شیدائے منافق کہ سراپاش بدست ٭ ہم مرتد و ہم دوست ہم تخم و دست +
باآنکہ کلوخ چین بود اشعارش ٭ دیوانش بسکتر از کتاب سمدست ٭

کاف با جیم

کج حساب - کج خرام - جسکا حساب اور چال چلن درست نہو - مخلص کاشی
کج حساب آنچہ با برام رہ داد دگرست ٭ کام ہرگز نگرفت ست چو ماہی قلاب ٭
کج بصیرت - جسکی بصیرت درست نہو - محسن تاثیر - ندارد حاصلی با کج
بصیرت دوستی کردن ٭ کسے را یک جہت با خویشتن احول نمے بیند ٭
کج بحث - جھگڑا کرنے والا - تکرار بڑھانے والا - صائب - مہر خاموشی
حصار شد ز کج بحثان مرا ٭ ماہی لب بستہ را اندیشۂ قلاب نیست ٭
کج فرج - کج معاملہ - بدخلق - بدخو - بدمعاملہ - محسن تاثیر - زکج معاملہ
امید خیر نتوان داشت ٭ سپہر کار کسی را بکار ما نکند ٭ میر خسرو - توگر
از دم فراخی لقمہ خوریاک ٭ رہا کن کج فراجان را بخاشاک ٭
کج پلاس - بدمعاملہ و مفسد و کج پلاسی بدمعاملگی و فساد انگیزی
ملاشانی تکلو - بسکہ با من کج پلاسی کرد چرخ بے پلاس ٭ دوش
سختم را پلاس داد خواہی شد لباس ٭
کج فعل - کج فہم - کج قلم - انکے معانی مشہور ہیں طغرا در ہجو ملای جاہل -
کج فعلیش با یہ زار قلم ٭ خورد ہچو نال قلم پیچ و خم ٭ اسیری لاہجی نیشتر
ہیچ نگفتیم بزاہد ٭ با جاہل کج فہم معانتوان گفت ٭ صائب - فیرگان تو
از کج قلمی دست ندارد ٭ ہرچند ز خط حسن تو دریاست حساب است +
کج کلاہ - مغرور و متکبر و سرکش - ۵ - در گروہ راستبازان سروری
حاصل کند ٭ راستی پیشہ کند گر بادشاہ کج کلاہ ٭

کاف با رائے

کرم این کار ست - یعنی اس کام کا وقت ہے گویا وہ اس کام کا کیڑا ہے
مخلص کاشی - صبر کردن بصفائی تو بسے مرغوب است ٭ کرم این کار
ہر ابیشتر از ایوب ست ٭
کرائیہ فلان چیز نمیکند - یعنی اس مرتبہ کے لائق نہیں - صائب -
جہان کرائیہ دیدن نمیکند صائب ٭ چو غنچہ سر بگریبان بردن میار و بیرو +
کردہ کار - صاحب تجربہ و آزمودہ کار - استاد و حقیقی - ساد و ثنا شد

ارزنو بہ تنبل سوار تو ٭ عفرت کردہ کار تو ندکردہ کار تر ٭
کرسی دار - ایک کرسی دار کے نیچے رکھی جاتی ہے اور مصلوب اُسپر
پانوں رکھکر دار پر جاتا ہے - غزالی مشہدی - چو کرسی پسند شد
شحنۂ عشق را کہ او ٭ کرسی دار عاشق کرد قد خمیدہ را ٭
کرسی زر - آفتاب عالمتاب اور بادشاہوں کے جلوس کی کرسی -
چو خورشید بر کرسی زر نشست ٭ مرصع ترنجے گرفتہ بدست ٭
کرسی زیر دار - کرسی دار جسکی تشریح ہو چکی ہے - محمد قلی سلیم
بہر آسمان این مشوکین شحنہ در آخر ٭ کند کرسی زیر دار تخت پادشاہی را
کرم شب افروز - کرم شب تاب - کرم شب چراغ - مشہور کرم ہے
جو برسات کے موسم میں پیدا ہوتا ہے بہت چھوٹا جب اُڑتا ہے تو اسکے
پروں کے نیچے چراغ کی سی روشنی چمکتی ہے سعدی - مگر دیدہ باشی
کہ در باغ و راغ ٭ بتابد بشب کرمکے چون چراغ ٭ یکی گفتش اے
کرمک شب فروز ٭ چہ بودت کہ بیرون نیائی بروز ٭ نظامی - بیک
خندہ گرت تابد چو مہتاب ٭ شب افروزی کنم چون کرم شب تاب - عبد الغنی
قبول - بر فلک اے وزد شب از انجم چو کرم شب چراغ ٭ گہ عیان
بینی وگاہے گم چو کرم شب چراغ ٭
کرسی حروف - برابر ہونا حروف خط کا کتابت میں غزالی مشہدی
ہر کہ حد خود شناسد کے شود محتاج غیر ٭ حرف کرسی دار مسطر
سے بے نیاز از سطر ست ٭
کردن - کرنا کسی کام کا - سعید اشرف - عمارتے اگر از دل
بناتوانی کردم ٭ درون کعبۂ تحقیق جا توانی کرد ٭
کرسی زانو - زانو کی کرسی زور و طاقت نشست و برخاست - ابوطالب کلیم
تاب و توان کرسی زانو چو کم شود + باید خیال بیہدہ از سر بدر کند ٭
کرم پیشہ - صاحب بخشش و جوانمردی - سعدی - پیندار گر سفلہ
قارون شود ٭ کہ طبع لئیمش دگرگون شود ٭ دگر در نیابد کرم پیشہ
نان ٭ نہادش توانگر بود ہمچنان ٭

کاف با زائے

کژ مزاج - بدخلق - بدخو آدمی بدمزاج - میر خسرو - آن کژمزاجی
کژ دغا مانند فرزین کژرود ٭ چون بیدق فرزین شدہ سر زیر کن کون بازبر +
کژ خاطر - کژ دل - وہ شخص جسکا مزاج استقامت پر نہو موزون
و ناموزون میں فرق نکرے - حافظ - چون صبا مجموعۂ گل را بآب
لطف شست ٭ کژ دلم خوان گر نظر بر صفحۂ دفتر کنم ٭
کژ زبان - وہ شخص جو بخوبی کلام نکر سکے - نظامی - طفل چون در

اگر بزبان منبر چہل سالہ برد درس خوان ٭

کژ ابرو - ٹیڑھی ابرو الا محبوب کی تعریف میں بولا جاتا ہے - نظامی
کمان کژ ابرو بمژگان تیر ٭ ز پستان جوشن بر آوردہ شیر ٭

کژ زخمہ - جسکا زخمہ آہنگ سے خارج ہو - نظامی - بفرمود تا آن
دو سرہنگ را ٭ دو کژ زخمہ دخارج آہنگ را ٭

کژدم فسای - بچھو کا زہر بذریعہ منتر کے جھاڑنے والا - میر معزی
زلف کی تعریف میں - ہزار مردم کژدم فسائی دیدستی ٭ بیا و
کژدم مردم فسا ببین اکنون ٭

کاف با سین

کسب ہوا - ہوا کھانا - فرحت حاصل کرنا - میرزا صائب -
در محیط آفرینش چون حباب شوخ چشم ٭ کار ما سرگشتگان
کسب ہواے بیش نیست ٭

کس کباب - دیوث اور قلتبان - میر شاہ - آن قحبہ کہ طالع
وے آمد مریخ ٭ از ہیبت اژدہاے کیرم زد و مریخ ٭ دی کیر چو لولا
ہر کند ز بیخ ٭ تا از پے کس کباب گرداند سیخ ٭

کس نداند کہ پس پردہ چہ خوب ست چہ زشت - مثل ہے یعنی پردہ کے
پیچھے کوئی نہیں جانتا کہ کیا چیز ہے -

کس کش - دیوث اور قلتبان بے غیرت -

کس ہرگز نگوزد - مثل ہے -

کساد ساختن - نقصان کرنا کسی چیز کا نرخ کم کر دینا خسارہ کرنا -
درویش والہ ہروی - بیا بیا کہ بیاد تو مردم چشمم ٭ کساد ساختہ نرخ متاع جان را

کستہ زن - بے غیرت دیوث قلتبان جسکو اپنی عورت کی غیرت نہو -

کسر شان - کم ہونا عزت و آبرو کا نقصان پہونچنا - زیان ہونا -
صائب - سینہ بے کینہ دارم کہ چون زنبور شہد ٭ مے شود
شیرین دہان از کسر شانم خلق را ٭

کس نہ خار دشت من جز ناخن انگشت من - مثل مشہور ہے کہ
اوقت مصیبت کے اپنا کام آتا ہے بیگانہ مدد نہیں دیتا ہے -

کس گربہ - خر مہرہ یعنی کوڑی -

کاف با شین معجمہ

کشور خدا - کشور کشا - کشور گیر - بادشاہ فرمان فرما - ملک کا
مالک - میر معزی - ہمی نباز د تیغ و نگین و تاج و سریر ٭ بشہریار
ولایت کشاے کشور گیر ٭ سعدی - اگر کشور خداے کامران ست ٭
وگر درویش حاجتمند نان ست ٭ دران ساعت کہ خواہند این و
آن مرد ٭ نخواہند از جہان بیش از کفن برد ٭

کشتۂ سیماب - پارے کا کشتہ جو کیمیا گر ادویات کی ترکیب سے
بناتے ہیں نیز وہ غلیظ کیا ہوا سیماب جو آئینہ کی پشت پر لگا کر اسکو جلا
کرتے ہیں - محمد سعید اشرف - تیغ بینا رنگ خوبان را ز خون کردن
چہ باک ٭ کے کند آئینہ پنہان کشتۂ سیماب را ٭

کشتی بخشک بستہ است یعنی بزدل و خسیس و ممسک و بخیل ہے -
محمد سعید اشرف - گشت ممسک خواجہ چون گردید مال او زیادہ ٭
بست کشتی را بخشک آخر کہ دریا آتش ست ٭

کشادن بخت - کشودن بخت - نیک وقت اور نیک زمانے کا آنا
نحوست و تنگدستی کا دور ہونا - محسن تاثیر - نوید باغ شدی
گلشن از صفا افتادہ حنا بہ بند کہ بخت بہار بکشاید ٭ طالب آملی
بخت کہ کشودہ بود امروز ٭ پیشانی روزگار چین داشت ٭

کشتمند کشتمان - زمین مزروعہ کھیتی جسمین زراعت بوئی جائے -
حکیم اسدی - وز منزل زمین کرد سلطان پسند ٭ ہر آب و خوش و میوہ و کشتمند ٭

کشت زار - کھیتی - مزروعہ زمین - محمد صاحب کاشی - بغیر لالۂ حسرت
چہ روید از گل ما ٭ بکشت زار جہان بین کہ چیست حاصل ما ٭

کشتی سوار - جو شخص کشتی پر سوار ہو - ناصر علی - بر وجہ عقل نتوان شد
حریف عشق بی پروا ٭ عنان در قبضۂ دریا بود کشتی سواران را ٭

کشتی گیر - کشتی کرنے والا - پہلوان - سلیم - بخفر و خفتگان میدان
محبت تنگ ماست ٭ چو کشتی گیر عریانی اسلاح جنگ ماست ٭

کشتی لنگر گیر - لنگر کی ہوئی کشتی جو دریا میں ٹھہری ہوئی ہو - محمد سعید اشرف
بود معذور گر درو جد آید سالک وصل ٭ کہ کشتی نیست لنگر گیر چون گردید دریائی ٭

کشور ور - کشورستان - بادشاہ حاکم ولایتوں کا مالک - استاد
فرخی - سال و مہ لشکر کش و لشکر شکن ٭ روز و شب کشور ور و کشورستان ٭

کشوردار - شہر اور ولایت کا حاکم - نصیر ہمدانی - نکشاید در و
دروازۂ کعبہ بر رخ عشق ٭ تا در اقلیم دلم عشق کشوردار ست ٭

کشکول ساز - کشکول بنانے والا - ملا طغرا - بود چو کفگیر دستش
دراز ٭ کہ گیرد نقارے ز کشکول ساز ٭

کش مکش - کشاکش - کش و واکش - تنگی تقاضا - فرمایش
پے در پے - ظہیرائی نہاوندی - سر زلفش نمیدارد بناخن سر زرہ ٭
بر در میکدہ خوش کشمکش کشائی کردیم ٭ مفتی حیدر - بال شو پا بند
زلف پیچدار ہے تا بفتی درمیان کشمکش ٭ رقیب و وعظ شیخ و علوم
و اغلاط ز آمد و رفت نفس اینکہ با ما زندگی پیوستہ در کش و اکش ست ٭

کش و فش - شان و تجمل و کر و فر و خود نمائی - سریع و اغلظ - ما فریدیۂ دوستار و کش و فش نہ ایم ہیچ نیست و اغلظ جز بنی دآل پا کش پیرایۂ

کشیش - نصرانیوں و عیسائیوں کا سرگروہ جسکو پادری کہتے ہیں

توحید - مجوس تابع فرمان و بندۂ تو کشیش + غلام زار مسلمان مطیع حکم جہود +

کشاکش - تنگ تقاضا - تکلیف رنج - فرمائش پے در پے - میرزا شفیع کہ بہ بیش انداز دگہ کشد بر نجیرش + یا ذرلف او یا دل خوش کشاکشی دارد +

کشایش - حاصل مصدر کشادن - کھلنا - فتوحات - آمدنی -

کشادہ زلف - محبوب کی تعریف مین بولتے ہین -

کشادہ کف - سخی - جوانمرد - کھلے ہاتھ والا -

کشادہ دل - کھلے دل والا - سخی - جوانمرد -

کشادہ زبان - فصیح و بلیغ صاحب تقریر - توحید - بوصفش زبان آوران جہان + کشادہ زبان بیان ہر زبان +

کشانیدن - کھچوانا - کشش دلانا - عرفی - ہمانکہ شوق طوفش مرا بطوفان داد + بہ نسیم جذبہ کشاند زورطہ ام بکنار +

کِشتن - بکسر اول بونا زراعت کرنا - توحید - چو دنیا بود مزرع آخرت + بکن تا توانی بجز کشت کار +

کشتی بساحل زدن - کشتی کو کنارے کی طرف لیجانا - علی خراسانی - میرنجم از جوش غم دل بر لب پہلو بجو باد + کشتی خود را درین طوفان بساحل میزنیم +

کشتی در فشان - شراب کا پیالہ -

کشتی کشان - ساقی شراب پلانے والے اور ملاح کشتی چلانے والے - خسرو - کرد طلب کشتی دریا فشان + کشتی زر داد بکشتی کشان +

کشتی شدن - دریا مین تیرنا -

کشتی قائم بودن - کشتی مین دو پہلوانون کا برابر رہنا -

کشتی گرہ شدن - برابر رہنا کشتی مین -

کشتی نشین - کشتی سوار - ناصر علی - من ای کشتی نشینان دیدہ ام طرز شنا کش را + شاید در رود بدن سیر دریا ساحل ما را +

کش زدن - کش مارنا اور کش نام ہے ایک فن کا فنون کشتی مین سے اور شراب پینا - میرزا جلال اسیر - صبح مخموریست ہی غلطد بہ بستر سینہ چاک + شب مستی کہ از جام شفق کش میزند +

کشکشان - مخفف کشان کشان - از مثنوی اسرار شہود عشق ہر ساعت گریبانم درد + کش کشانم سوے جانانم برد +

کشادن کشودن - مشہور و معروف ہین - صائب - زآہ تا نشود

نرم دل کواکب را + کہ دود آہ زچشم شرار بکشاید + رضی دانش شہاب بجرے او و داد زسحر گرفتم + آتش زدل کشودم آب از جگر گرفتم +

کشیدن - کھینچنا یہ لفظ فارسی مین اکثر موقع پر استعمال کیا جاتا ہے جیسے کہ کمان کھینچنا - تصویر کھینچنا - کھانا پینا - آہ کھینچنا - دیوار کھینچنا وغیرہ قاسم مشہدی - اے مصور چون کشی یوسف زلیخا را بکش + ہر کجا معشوق ما را عاشقی ما را بکش + ظہوری - آنکہ این دم داد تیغ غمزہ را + راحت از زخم تو در مرہم کشید +

کشادہ رو - خوش مزاج آدمی - اردو - نیک وہ ہین جو نیک خو ہونگے + نیک خلق اور کشادہ رو ہونگے - درویش والہ ہروی اگرچہ کوہ غمی بر دل ست والہ را + کشادہ روے بیا رت ہمیشہ چون صبح نست +

کشادہ - مشہور لفظ ہے معنی اسکے کھلا ہوا - حکیم خاقانی صبح نشینان چو شب ریختہ اشک طرب + اشک فشردہ قدح شمع کشادہ شراب +

کُشتن گاہ - مقام قتل جس جگہ کوئی مارا جائے - سعدی - جو انسے بدانسکے کرم کردہ بود + تمناسے پیری برآورد دبود + بچری گرفت آسمان ناگہش + فرستاد سلطان بکشتن گہش +

کُشتہ - بضم اول مارا ہوا قتل کیا ہوا - رضی دانش سینہ با جان گدازان کربلاے حسرت ست + آرزوی کشتہ ہر سو شہید افتادہ ست +

کِشتہ - بویا ہوا اور نام ایک ترش میوہ کا ہے جسکو زردآلو کہتے ہین میرحسن دہلوی - عنابہاے لوگہ دشنام گا دبوس + شیرین وخوش ترش بشکل ہمچو کشتہ اند +

کشتی بادہ - پیالہ شراب کا جو کشتی کی صورت پر ہوتا ہے - دانش موج گل از در و دیوار چمن میگذرد + کشتی بادہ بیارید کہ گل طوفان کرد +

کشتی دریوزہ - وہ کشتی جو فقرا ہاتھ مین پکڑ کر گدائی کرتے ہین -

کشتی گاہ - دریا کا کنارہ جس جگہ کشتی باندھی رہتی ہے - انوری - آخر الامر چو کشتی بسلامت بگذشت + جستم از کشتی و آمد بلب کشتی گاہ +

کُشندہ کُشند - مارنے والا - قتل کرنے والا - میرزا صائب - اول علاج ما بنگاہ کشندہ کن + آنگاہ نخیر را ہدف نوشخندہ کن +

کشادہ پیشانی کشادہ جبین - خوش مزاج خوش طبع شگفتہ رو سعدی - بجا ہے کہ روے تازہ روی و خندہ رو + فرو نبندد کار کشادہ پیشانی + نظیری نیشاپوری - ازین کشادہ جبینان ثبات عشق مجوی + کہ گل دہند بجز دارد یک تمر نہ دہند +

کاف با عین

کعب گرگ - بھیڑیے کے گٹے کی ہڈی - اکثر قاصد اور بہت سے چلنے والے

لوگ اُسکو پاؤن مین باندھتے ہین اور کہتے ہین کہ اُسکے باندھنے سے پیادہ چلنے والا آدمی جسقدر چلے تھکتا نہین - نظامی - زغروان نبے فتنہ آید بزرگ ✤ کہ در پاے پیکان بود کعب گرگ ✤

کعبہ رو - کعبہ کی طرف جانے والا - کمال خجند - نالان بسیہ کوی تو آییم کہ ذوقی ست ✤ در قافلۂ کعبہ روان بانگ جرس را ✤

کعب پیالہ - پیالے کی بیندی جو نیچے لگی ہوتی ہے - سعید اشرف - کعب پیالہ از کف او نشاء ریز شد ✤ این جام را نہر دو طرف میتوان کشید ✤

کاف با فاے

کف بیضا کف موسی - ید بیضا جو معجزہ حضرت موسی کا تھا - الوری زیر بان جیب تو معجزات ✤ سواد زین کف بیضا گرفتہ سلمان ساوجی لفی از بحر دست او کف موسی بن عمران ✤ دم از باد خلق او دم عیسی بن مریم ✤

کفش پیش پای او نمی تواند گذاشت - فلان شخص نہایت کمرتبے کا ہے کہ اُسکے آگے جوتی بھی نہین رکھ سکتا - محسن تاثیر - چون القصد جلوہ آید قامت رعناے تو ✤ سرو نتواند گذارد کفش پیش پاے تو ✤

کفش بردار - جوتی اُٹھانے والا - خادم - خدمتگار - نوکر طالب آملی - ای سکندر طالعی کز راہ عدل ✤ کفش بردارت شود نوشیروان ✤

کف افسوس - افسوس کے ہاتھ - میرزا عبد القادر - توان زد بے تامل صد زمین و آسمان برہم ✤ کف افسوس گر باشد ندامت دستگاہان را ✤ - رود آخر چو وقت کار از دست ✤ بصد حسرت کف افسوس مالد ✤

کفل پوش - زین پوش گھوڑے کا - نظامی - ہمہ زین زرین یاقوت کار ✤ کفل پوشہاے جواہر نگار ✤

کف رفتن - چرانا کسی چیز کو اور فریب سے لیجانا عیاری و طراری کرنا - سعید اشرف - بہر کف رفتن نہد انگشت بر حرفم حسود ✤ خردہ گیری خرمنم را خوشہ چینی کردن ست ✤

کف زدن - دستک مارنا تالی پیٹنا - طاہر وحید - چون شرر ہر کہ دلش گرم خیال تو شود ✤ رقص از کف زدن سنگ تواند کردن ✤

کفش از پا بیرون کردن - کندن - افگندن - صائب تنگدستان را رقیب جسم بیرون آمدن ✤ راہ رو را کفش تنگ از پای بیرون کردن ست ✤ لہ ہر کہ ترک آن نکرد از زندگانی برنخورد ✤ راحتے گر ہست کفش تنگ در کندن است ✤ سہراب بیگ - سر ہر خار زرین باد یہ خنجر بازی ✤ اضطراب کہ دگر کفش ز پا افگندہ ست ✤

کفش بان - جوتیوں کا نگہبان کفش بردار - ترکی ندیم - جنت لقتے زر استان نجف ست ✤ رضوان بہشت کفش بان نجف ست ✤ ہرچند کہ پایہ از فردوس ست ✤ آن نیز گلے ز بوستان نجف ست ✤

کفش پوشیدن - جوتے پہننا مقابل کفش کندن کے جسکے معنی جوتے اُتارنے کے ہین - طالب آملی - ز بس نازکی گرد وحش رنجہ پا ✤ اگر کفش پوشد ز رنگ حنا ✤

کفش پیش آوردن گذاشتن - نہادن - جوتے آگے رکھنا - جوتے پہنانا - نظامی - چو مقبل کمر بست پیش آر کفش ✤ لشاید طپانچہ زدن بر درفش ✤ قاسم مشہدی - کفشے کہ پیش پاے گدایان شہان نہند ✤ فردا چو سر ز خاک برآرند افسر ست ✤

کف کردن دہان - حسرت کا پانی منھ مین آجانا -

کفن بافتن - کفن بننا - کپڑا کفن کا بنانا - جمال الدین عبد الرزاق - کسیکہ قصد تو دارد چنان بود بمثل ✤ کہ کرم پیلہ کہ با خود بدست خویش کفن ✤

کفن بر درع دوختن - مرنے پر مستعد ہونا مرجانا - نظامی - درخت کیانی فرو ریخت بار ✤ کفن دوخت بر درع اسپندیار ✤

کفن بریدن - کفن کاٹنا - قطع کرنا - شفیع اثر - آمادۂ قنار اپر دوے نیک و بد نیست ✤ ساعت کسے نپرسد بہر کفن بریدن ✤

کفن پارہ کردن - بیماری سے اچھا ہونا - کسی سخت بلا سے رہائی پانا - موت کے پنجے سے چھوٹنا - ناظم گیلانی - میتوانم کہ علاج دل صد پارہ کنم ✤ چارۂ مرگ لبا زم کفنے پارہ کنم ✤

کفن و تیغ بدست گرفتن - کمال منت و زاری سے پیش آنا جرم معاف کرانا - شرمساری اُٹھانا - میر خسرو - دلش از بیم ستان شکست گرفت ✤ کفن و تیغ را بدست گرفت ✤ پیش شہ رفت کرد زاری بیش ✤ شرمسار از گناہگاری خویش ✤

کف نیاز برداشتن - دعا کرنا - دعا کے لیے خدا کی جناب مین ہاتھ اُٹھانا - صائب - تا چون صدف کنند ترا مخزن گہر ✤ بردار سوے عالم بالا کف نیاز ✤

کفش آہو - ہرن کے سُم - محمد قلی سلیم - بند ہر گہ قدم بر سبزۂ او ✤ ز پاے خود برآرد کفش آہو -

کفش جستہ - وہ نعلدار کفش جسکی ایڑی بلند ہو - سلیم - غزالان را سم از شوخی شکستہ ✤ ندارد تاب بستن کفش جستہ ✤

کف پاے - ایک فقیر کا نام ہے جو استاد و مکتب کے لڑکون کو دیتے ہین - مسیحا صاحب تخلص - بود عجب نازکی پای آن نگار ✤

رنگ حنا اگر کف پائے بران زند ؎

کاف با لام

کلاک پیرا - لکھنے والا اور قلم بیچنے والا - ملا طغرا - اگر کلاک پیرا نمے شد پیرہ عطارد قلم از کجا مے خرید ؎

کلاک خسپ - وہ آدمی جو بے خان و مان ہو رات کو تنوروں اور بھٹیوں پر سوتا ہو کیونکہ کلاک منقل اور آتشدان کے معنی میں میر نجات - گرم خدمت بسر کوی تو در فرمائیم ؎ با دل چاک چو اہتر ز کلاک خسپائیم ؎

کلفت سرشت - غم و الم کی حالت میں ابتدائی پیدایش سے - ابو طالب کلیم - درین کلفت سرا چون من دگر کلفت سرشتی کو ؎ دمم خوش نفس بر نیارد و در دل ہر کس کہ جا کردم ؎

کلید وقت - وقت معلوم کرنے کا گھنٹہ - محسن تاثیر - کلید وقت و ساعت گیستم سمجھئے چو او دارم ؎ کہ جز سر گشتگی ہر گز درے نگشود بر رویم ؎

کلید پیچ - ایک قسم کا پیچ ہوتا ہے کہ رقعہ کو سپر کلید کی طرح لپیٹ دیتے ہیں اور بھیجتے ہیں - محسن تاثیر - بہ تمہید صد گشاد بود اضطراب ما ؎ کار کلید پیچ کند پیچ و تاب ما ؎

کلاہ نمد - فقیروں کے پہننے کی ٹوپی جو نمدے سے بناتے ہیں شوکت بخارا - سنجاک کوے تو ای قبلہ سر افرازان ؎ بسر کلاہ نمد دیدہ ایم افسر را ؎

کلاہش در ہوا می رقصد - نہایت خوشی کی حالت میں ہے - زلالی - خور از شادی کہ شد فراش راہش ؎ ہنوز اندر ہوا رقصد کلاہش ؎

کلاک شکر - نیشکر یعنی گنا جو مشہور ہے - انوری - ز لفظ او نگر اندیشہ گرد کلاک شکر ؎ ازان قبل کہ میان دلش ہمہ شکرست ؎

کلہ شیر - شیر کا چہرہ جو اکثر باغات میں نہر کے پانی نکلنے کی جگہ بناتے ہیں اور اس سے پانی نکل کر حوض میں پڑتا ہے - میر محمد افضل ثابت - دہان شیر فلک شد تنور این طوفان ؎ چو آب حوض کہ آید برون ز کلہ شیر ؎

کلہ منار - وہ مینار جس میں دشمنوں کے سر رکھ کر بنایا جائے - راضی - بہشت خالی ازین رہ آخرت گذشت ؎ بسان کلہ منارست اگر ہزار سرست ؎

کلہ نگار - فراش جو فرش بچھاتا ہے - بدر چاچی - فرمان صدور یافت کہ آئین دلفریب ؎ پیدا کنند کلہ نگاران پر ہنر ؎

کلہ پز کلیچہ پز - کلہ پکانے والا اور کلیچہ پکانے والا - طاہر وحید کلہ پز کی تعریف میں - مرا کلہ پز کردہ بدست و پا ؎ خبر نیست از پا و از سر مرا ؎ خواجہ نظامی - ز آتش گل باغ جمشید بود ؎ کلیچہ پز خوان خورشید بود ؎

کلہ ناقوس - سنکھ جو عبادت گاہوں میں منہ سے بجاتے ہیں میر فضل ثابت - عجب کہ دم زند از نالہ تا نخچہ صو معہ جلیس ؎ تیج درم کردہ کلہ ناقوس ؎

کلاہ شب پوش - وہ ٹوپی جو رات کو پہنتے ہیں - محمد قلی سلیم - سر ہم زبی چو شود گرم بارشاہ خودم ؎ چو شمع افسر من شد کلاہ شب پوشم ؎

کلہ بنگ - تھوڑی سی بتی بنگ کی مٹھی بھر بنگ جو بنگی گھوٹ کر پیتے ہیں - فوقی یزدی - ہیچ زنیم کلہ بنگ ما فارغ از قید آسمانیم ؎

کلاک کبوتر دم - وہ قلم جو تراشا ہوا ہو - سعید اشرف - گرنہ شوق دل از کلاک کبوتر دم کنم ؎ نامہ زین لقریب خود بال کبوتر میشود ؎

کلاغ گرفتن - زدن - طعنہ مارنا - سرزنش کرنا - شاہ طاہر خندی - زاغ گیرد ہم بر بلبل شوریدہ کلاغ ؎ غنچۂ شوخ زند خندہ و نرگس چشمک ؎

کلام نرم کردن - سخن سنجیدہ و ملائم کہنا - صائب - گذشت عمر و نکردی کلام خود را نرم ؎ ترا چہ حاصل ازین آسیای دندان ست ؎

کلاہ احمد بر سر محمود نہادن و گذاشتن - دوسرے شخص کے مال پر مدار رکھنا - درویش والہ ہروی ؎ سے لفلاکت بدست توبہ فتادم ؎ بر سر شنبہ کلاہ جمعہ نہادم ؎

کلاہ از سر خود برداشتن - اپنا حال لوگوں کے آگے ظاہر کرنا - نظامی - ز سر ترک برداشت گفتا منم ؎ ہژبری کہ زینگونہ شیر افگنم ؎

کلاہ از سر برداشتن - کسیرہ ظاہر کرنا - طاہر وحید - یعنی زسوز عشق جز درد پریشانی ؎ بزنگ شمع برداری اگر از سر کلاہ من ؎

کلاہ از سر انداختن - افگندن - افتادن - مشہور و معروف ہیں صائب - در تماشائی تو افتاد کلاہ از سر چرخ ؎ خبر از خویش نداری چہ قدر رعنائی ؎ ولہ نگند از سر گردنکشان عالم خاک ؎ کلاہ عقل تماشائی طاق ابروئیش ؎

کلاہ بر آسمان افگندن - انداختن - بہت خوش ہونا خوشی کرنا - سلمان ساوجی - بوستان بر دوستان افشاند زین بہجت نثار ؎ آسمان بر آسمان انداخت زین شادی کلاہ ؎ تلی قلیخان اعظم - نظر بروی تو خورشید ناگہان انداخت ؎ کلاہ خویش ز شادی بر آسمان انداخت ؎

کلاہ شکستن - ٹیڑھا کرنا - گوشہ کلاہ کا فخر کرنا - اپنی بڑائی و اعزاز کا اظہار کرنا - صائب - حسن چون آرد بچنگ دل سیاہ خویش را ؎ بشکند بہر شگون اول کلاہ خویش را ؎

کلاہ گوشہ شکستن و خستن - غرور و فخر ظاہر کرنا - صائب - چو غنچہ ہر کہ بلخت جگر قناعت کرد ؎ کلاہ گوشہ تواند بہ زر گل شکست ؎ لوثری شیروانی - ہیچ سر بر آستانت نسود ؎ کہ کلہ گوشہ بر سپہر نشکست ؎

کلاہ نہادن - تاج پہنانا - عزت دینا - آبرو بڑھانا - میر خسرو -
شاہ و یدش چو پیر کار آگاہ * بولی عندلیش نہاد کلاہ *
کلک بر سرکسی بستن - کسی کے سر بہتان باندھنا - آفت میں
مبتلا کرنا - محسن تاثیر - خندہ بر برق زندگی خاکستر ما * چہ
کلک بستۂ ای آتش می بر سر ما *
کلک در بنان افگندن - قلم دوات میں ڈالنا - لکھنے کو مستعد ہونا -
خواجہ سلمان - ابر مے گرید چو کلک اندر بنان می افگند * چرخ
مے نالد چو تیر اندر کمان می آورد *
کلوخ چینی کردن - یکجی اور کچی عمارت کرنا - سالک قزوینی -
کسیکہ فکر خیالات خود متین بکند * ز فکر خام بتعمیر از کلوخ چین بکند *
کاغذ نمدی بال تدرو - یہ ایک قسم کی ٹوپی نمدے کی ہوتی ہے اور
گوشے اسکے تدرو کے پروں کی طرح بنائے جاتے ہیں - میر نجات -
کاکلش سنبل و عارض گل بالائش سرو * بر سرش طرفہ کلاہ نمدی بال تدرو *
کلاہ زنگلہ - چوبی ٹوپی جسکے ساتھ زنگولے بندھے ہوئے ہوتے ہیں
اور گنہگاروں کے سر پر رکھ کر انکی تشہیر کرتے ہیں - شرف الدین
شفائی - مبادا محتسب طبع بہر رسوائی * کلاہ زنگلہ بخجہ بر نہد مسرت *
کلاہ بارانی - وہ ٹوپی جو بارش میں پہنتے ہیں - درویش والہ ہروی -
بچشم از تو جدا گفتہ ام کہ اشک میریزد * بسر ز ابر نہادم کلاہ بارانی *
کلاہ تتری - تاتاری ٹوپی جو امرا پہنتے ہیں - سعدی - حاجت
بکلاہ ترکی داشتنت نیست * درویش صفت باش و کلاہ تتری دار *
کلک فرنگی - وہ قلم جسمیں سیاہی بھری ہوئی ہو الگ سیاہی کی
حاجت نہیں ہوئی - ارادت خان واضح - احوال دل بکلک
فرنگی نوشتہ ایم * خوش سرمہ در گلوے قلم کردہ ایم ما *

کاف با میم

کمان پشت - کوزپشت - کبڑا - خم کمر - ظہوری - قسم بصید فگن
خم کش کمان پشتی * کہ آہ راز دستش تیر بر نشان آمد *
کم بخت - کم طالع - بے دولت - مفلس - نادار - مولف ہیچ و ل
دلدار بودی بر شبم اندر کنار * بخت کم بختم اگر بیدار بودے کاشکے *
کمر وحدت - کمند وحدت - سوت یا ریشم یا چمڑے سے ایک
تسمہ بنا کر فقرا اسکے ہیں یا کمر میں باندھتے ہیں ہندی میں اسکو
لنگوٹ بولتے ہیں - ابو طالب کلیم - قصیدہ عالم قدسی دریں نشست *
کمند وحدت سے پیر خویشش افگن * صائب - زبس ظالم این عمر
بے کنارم پس * کہ خوشتر از کمر وحدت است گرد کمم *

کماچ - ایک قسم کی روٹی کا نام ہے اور نیز وہ گول ٹکیا لکڑی کی
جو خیمہ کی چوب کے سر پر رکھ کر چوب خیمہ کے نیچے ستادہ کرتے ہیں تنفیجتا ہوا کی
بگفتا کاغذی کو کاغذ رنگین پر کارسے * کہ پیدا آمد کماچ
سرخ از خشخاش افشانی *
کمان بلند - بلند کمان مقابل کمان کوتاہ - محتشم کاشی - سزاے جان
گرامی فداے ناوک نازی * کہ گاہ گاہ شود پر کش از کمان بلندش *
کمر بند - کمر باندھنے والا اور معشوق اور وہ چیز جس سے کمر باندھیں
اور امر کمر باندھنے کا یعنی کمر کو باندھ - حکیم سوزنی - حیز کمر بند
زمین بوس تو نیست * ہر کہ برروے زمین تاجور است * میر خسرو
کمر بند سن آمد پیش سن خندہ زنان امشب * تو قف کن کہ
یکدم بنگرم پروین و جوزا را *
کماندار - کمان والا - تیر چلانے والا - ابو طالب کلیم - بر سر خاکش
بجاے شمع تیرے می نہند * ہر کہ قربان کمانداران ابرو میشود *
کمان گر - کمان گوشہ - کمان گیر - معنی اسکے مشہور و معروف ہیں
میرزا طاہر وحید - کمان گر کہ حاجت نیست اور انشان * ستم میکشد
دل از وہر زمان * نظامی - کمان گوشہ ابرویش خم گرفت * بہ تیر ابرویش
گوینده را دم گرفت * طالب آملی - ناوک عشقم گر نشست کماں گیر قضا
گر بسنگ خارہ مے آیم تا پر میروم *
کمر بر کمر - کمر در کمر - پاس پاس متصل آپس میں ملی ہوئی - نظامی - کمر بر کمر
کوہ بر کوہ راند * کہ بر کوہ کمر کوہ ھیبت جہاند * ولہ - غلامان گل چہرہ
و دلربائی * کمر در کمر گرد شحنش سپاہی *
کمر دار - کمر بستہ - مستعد و تیار -
کمر سار - گھوڑے کا تنگ -
کم عمر - جس شخص کی عمر کم ہو - نظامی - سہ چیز است کان در سہ
آرامگاہ * بود بیرسنہ کم عمر و گرد د تباہ * بہ ہندوستان اسپ و
در پارس پیل * بہ چین گربہ زینسان نماید دلیل *
کمان کش - کمان کھینچنے والا - تیر مارنے والا - رضی دانش -
خراش سینۂ بخچیں دل بدرد آورد * کمان کشان ہمہ مغرور سیاق شست اند *
کمان پاک - سخت کمان اور زورین کمان - سالک قزوینی -
وارد کلام پاک دلاں بیشتر اثر * زور خدنگ بیش بود از کمان پاک *
کم سال - کم عمر - لڑکا خرد سال - عبد اللہ ہاتفی - جہاں دیدہ
پیر گوید دلم * نہ کم سال و نادان و بے حاصلم *
کمان از طاق بلند آویختن - کمال کا دعوی کرنا - صائب -

ترزور طبع معنی آفرین صائب طمع دارم ؛ کہ از بطاق بلند عرش آویزد کمان من ؛

کمان افراشتن - کمان اُٹھانا - تیر چلانے پر مستعد ہونا - میر معزی - بستہ گردد دست مکاران چو بکشاید کمین ہیبت گردد و پشت جباران چو افرازد کمان ؛

کمان انداختن - افگندن - کمان پھینک دینا - جنگ سے باز آنا - سنجر کاشی - ہلال را بحریفان نمودہ ام سنجر ؛ کہ پیش ابروے آن جنگجو کمان انداختند ؛ علی خراسانی - شد یک محنت من چون شوند بے دردان ؛ فگندہ اند حریفان کمان دعوی را ؛

کمان بر سر کسی زدن - کسی کو تیر مارنا - ابو طالب کلیم - مژگان تو خنجر برخ ماہ کشیدہ ؛ ابروت زدہ بر سر خورشید کمان را ؛

کمان بطاق بلند گذاشتن - آویختن - کمال کا دعویدار ہونا - اپنے آپ کو صاحب لیاقت سمجھنا - رابط اصفہانی - حسن تو بکلک تر آنست جہان را ؛ ابروے تو بر طاق مہ آویخت کمان را ؛ ابو طالب کلیم - بر چرخ این ہلال نباشد کہ دست حسن ؛ آویختہ بطاق بلندی کمان تو ؛

کمان بلند کردن - اُٹھانا کمان کا بقصد تیر چلانے کے میرزا ملک مشرقی - کمان زنیر تظلم چگونہ خواہم من ؛ کہ ذرۂ نتوانم بلند کرد از جا کس ؛

کمانچہ زدن - شورش میں لانا - مولانا جامی - مینخواستم کمانچہ زدن اہل زہد را ؛ این کار را بکام دل من رباب کرد ؛

کمان را بزہ کردن - کمان را چلہ کردن - کمان کو چلہ چڑھانا تیر چلانے کے لیے - میرزا صائب - از چشم غزالان جرم خواب سفر کرد ؛ ابروے تو زور کہ بزہ کرد کمان را ؛ ولہ - این کمان را از زہ پیمان کہ خواہی چلہ کرد ؛ بادہ پر زور چون نکشود زابرو چین ترا ؛

کمان بہمن - کمان شیطان - کمان رستم - قوس قزح جو مقابل سورج کے ابر میں نمودار ہوتا ہے - محمد قلی سلیم - خدنگ غمزہ بہ قصد اہل دین مکند ؛ حذر کہ ابروی خوبان کمان شیطان است ؛ نظیری نیشاپوری - بجز او کہ زیر آورد ز فلک کمان رستم ؛ در چارہ اگرفتہ بصلابت ہفت خوانی ؛

کمان رازہ کردن - کمان کو چلہ کرنا - سعدی - مگذار کہ زہ کند کمان را ؛ دشمن کہ بہ تیر میتوان دوخت ؛

کمر تنگ بستن - کسی کام پر مستعد ہونا - نظامی - عنان تاب شد شاہ فیروز جنگ ؛ کمر بست بر کین بدخواہ تنگ ؛

کمر سیخ کردن - کمر سیدھی کرنا - سانس لینا - آرام پکڑنا - محسن تاثیر - از سختیِ شکست میسر خراب کردی ؛ کمری سیخ نکردم کہ بام کردی ؛

کمر شکستن - کمر ٹوٹنا - یا توڑنا - ملا قاسم مشہدی - نکہت کمر عتاب شکست ؛ دریای فلک شتاب شکست ؛

کمر کشادن - کشودن - باز کردن - گسستن - ترک تردد کرنا یا باز رہنا کسی کام سے - نظامی - چو من زین ولایت کشادم کمر ؛ تو خواہی ستان افسر خواہ سر - صائب - درین خرابہ کمر باز میکند سیلاب ؛ بگوشۂ دل ویرانہ این شتاب کجاست ؛ ولہ - غلط سنجان عامی دشمنان اند ؛ کمر در صحبت اغیار بگسل ؛

کمر کشیدن - استوار کرکے باندھنا کمر کا - نظامی - کمر بر کلاہ فریدون کشید ؛ سر تخت بر تاج گردون کشید ؛

کمر زبان - فرمان بردار - اطاعت کرنے والا اور وہ شخص جو مالک کے حکم میں عذر نکرے - نظامی - ہمانا کہ عشقم بزرین کمر داشت ؛ چو من کمر زبان عشق بسیار داشت ؛

کمر زدن - اپنے عجز کو ظاہر کرنا - میرزا صائب - در کمر زدن یادلی آنہا کہ دیدہ اند ؛ چون شمع میکنند دہان در دہان کمر ؛

کم سخن - جو بات کم کرے بہت نہ بولے - عبد اللہ ہاتفی - با کم سخنیش میتوان ساخت ؛ آسیب بلا کہ کم نگاہ ہست ؛

کمند حلقہ کردن - شکار یا جنگ کے لیے مستعد ہونا - صائب - میکند ہردم کمند حلقہ از تار نگاہ ؛ نیست سیری مردمان چشم او را از شکار ؛

کمان ابرو - محبوب کی تعریف میں کہا جاتا ہے - میرزا صائب - زآہ آتشین من نشد نرم آن کمان ابرو ؛ چہ حیرت است اینکہ از آتش کمان کج زود میگردد ؛

کمان حلقہ - وہ کمان جسکا چلہ نہو - شفیع اثر - بہ کیش ہوشمندان خودنمائی نیست دستورم ؛ کسے آگہ نباشد چون کمان حلقہ از زورم ؛

کمان کوتاہ خانہ - جس کمان کا خانہ چھوٹا ہو - یغمای یزدی - از پستی دیوار و در کاشانہ ؛ بر گوشہ نشین مخندای فرزانہ ؛ از تیر دوای او حذر کن زنہار ؛ پر زور بود کمان کوتاہ خانہ ؛

کمان گروہہ - گولہ چلانے کی کمان جسکو ہندی میں گلول اور غلیل کہتے ہیں - طالب آملی - ہمتش در کمان گروہہ نہد ؛ نہ فلک را چو یک گلولۂ خاک ؛

کمرگاہ - کمر کی جگہ یعنی کمر جسکو میان بھی کہتے ہیں - خواجہ سلمان - موے نہادہ سر بکمرگاہ تو مگر ؛ آید کہ با تو دست ہوس در کمر کند ؛

کمر ہفت چشمہ - ایک قسم کے کمر بند کا نام ہے جو مرصع بجواہر ہوتا ہے چونکہ سات قسم کے جواہرات اسپر نصب ہوتے ہیں ہفت چشمہ اسکو کہتے ہیں اگلے بادشاہ اسکو کمر پر باندھتے ہیں - نظامی - شہ ہفت کشور برسم کیان ؛ یکی ہفت چشمہ کمر بر میان ؛

کم کاسہ - بخیل و ممسک و خسیس آدمی - یحییٰ کاشی - ہمت کم کی سنگی از خست کا فر نعمتان بیش ہیں بہتر بود در بند مہمانی مباش ٭

کم بغلی - کم دولتی - مفلسی - ناداری - عبد الغنی قبول - گاہی گاہی ببر مرحمے آید ٭ معنی کم بغلی ہا این ست ٭

کم بودگی - بے قدری و کم استطاعتی و بے عقلی و بے نفسی - نظامی - وگر بارہ گفت این چہ کم بودگی ست ٭ شفاعت درین پردہ بیہودگی ست ٭

کاف با نون

کند و کوب - تشویش و بیقراری و اضطراب - سعدی - نگفت اندر دکار کردی نہ چوب ٭ شب و روز زو خانہ در کند و کوب ٭

کنارہ گرد - وہ جو اطراف پر پھرے اور درمیان نہ آئے - صائب - کنارہ گرد خطرہای بیکران دارد ٭ میانہ رو ز دو جانب نگاہبان دارد +

کند سواد - جو لکھنے ہین کند ہو - سنجر کاشی - از تلامیذ تو ابلیس یکی کند سواد ٭ و ز مریدان تو محمود یکے حلقہ بگوش ٭

کند بصر - کند بیان - کند جواب - کند چشم - کند دست - کند ذہن - کند رائے - معانی انکے معروف و مشہور ہین سعدی - وگر کند رائے ست در بندگی ٭ زجان داری افتد بخربندگی - ظہوری - عالم کند چشمی کردہ ام از تیز بینائیم ٭ کنم وقت تماشا ہیچو عینک جا بچشمہا ٭ مخلص کاشی - نازک رقیمان دست ندارند ز صنعت + گر ذوق تماشا نبود کند بصر را ٭ نور الدین ظہوری - خود میدہم انصاف ز حد رفت سوالم ٭ از تیز زبانیم لبش کند جواب ست ٭

کندہ کار - کندہ گر - وہ شخص جو تانبے وغیرہ کے برتنون پر کندی کا کام کرے اور اس کام کو کندہ کاری کہتے ہین - طغرا - عجب دارم از کندہ کار قدح ٭ کہ بر داشت دست از کنار قدح ٭

کنش گنشت - کام اور عمل - طاہر وحید - ندارد بآن حسن اعمل و کنش ٭ کسی بیش ازین طاقت سرزنش ٭

کنار خشک و اشتن - مفلس و تہیدست ہونا - محمد قلی سلیم - وصل تو گران بہاست ای گوہر ما + ہمچون دریا کنار خشکی داریم ٭

کنارہ ورق چیدن - ورق کا گوشہ کاٹنا - طاہر وحید - کنارۂ ورق شعلہ از چیدہ کسی ٭ ز شرم نامہ من روسیاہ شد مقراض +

کنایہ زدن - کنایہ آمیز بات کرنا - طاہر وحید - شگفتی ہمین کہ چشم زابرو بنمایہ ہست ٭ گو میزنی کنایہ نگار اہمین ہمین ٭

کند زدن - جست مارنا + و رم کرنا - بھاگ جانا - الگ ہو جانا - طالب آملی - ندارم توقف ورنہ چو تیر از کمان جستہ ٭ ازین ہمہ ہمرا ہی لطف را

سے حلاوت میرزدم کندے ٭

کندن - اکھاڑنا - جدا کرنا - چگنا - بھاگنا - جدا ہونا - مفید بلخی - از سایہ من آن بت بر کینہ میکند ٭ چون بیکسی کہ از شب آدینہ میکند ٭ واری از دمے کہ وصلت در دست آورد ٭ نامت کشیدہ نگین سینہ مے کند ٭

کاف با واو

کور آب - ریتا چمکتا ہوا جو دور سے پانی نظر آتا ہے سراب بھی اسکو کہتے ہین - عنصری - بہر آب از دو سوے کور آب ٭ کم کنی جان و مرو نیابی شور آب ٭

کوزہ نا دیدہ آب - کورا کوزہ مٹی کا جسمین پانی نہ پڑا ہو - قاسم مشہدی - ز اشتیاق تو ہیئت دارم و لے ٭ تشنہ تر از کوزۂ نا دیدہ آب ٭

کوتاہ دست - کوتاہ دیدہ - کوتاہ بین - معانی انکے مشہور ہین - سعدی - میان دو بدخواہ کوتاہ دست ٭ نہ فرزانگی باشد ایمن نشست ٭ ولہ - در او ہم اثر کرد میل اثر ٭ نہ بیند جو کوتاہ بینان بشر ٭ صائب - از رخش خواہند جائے بوسہ نافہمیدگان ٭ در حرم محراب میجویند کوتہ دیدگان ٭

کوچہ سلامت - وہ رستہ جسمین کوئی خوف نہ ہو - صاحب دیوانشوکت - عشرت طفلانہ جہان ٭ در کوچہ سلامت زنجیر بودہ است ٭

کودک سرشت - جسکا مزاج طفلانہ ہو - نظامی - ہمہ کوسہ و بیرو کودک سرشت ٭ بخوبی روند ارچہ ہستند زشت ٭

کور بخت - بد بخت - بدنصیب - بدقسمت - خواجہ سلمان - فرخفاش ست کور از کور بختی زانکہ او + دشمنی در خفیہ با خورشید خاور میکند +

کودک مزاج - کودک مشرب - جسکا طفلانہ مزاج ہو - صائب - آہ کہ کودک مزاجی ہاے ابناے زمان ٭ از بجد ایام طفلی را زسر باید گرفت ٭ محسن تاثیر - آن دنی طبعان کہ مغروران جاہ و منصب اند ٭ از خرد بیگانگی چند کودک مشرب اند ٭

کوہ سنج - وزن دار اور بھاری جو وزن ہین نہ آسکے سوا تخمینہ کے - نظامی - یکی را بدست آگند کوہ گنج ٭ لسنجیدہ ہا میدہد کوہ سنج +

کوچہ بند - وہ دیوار جو کوچے کے اخیر مین بنی ہو - صائب - سیلاب را ملاحظہ از کوچہ بند نیست ٭ ز نہار پیش دیدہ من آستین مگیر ٭

کوچہ گرد - کوچون مین پھرنے والا - یلہ گرد - رضی دانش - طفل اشکم کوچہ گرد از آستین بیکسی ست ٭ دیدہ بر حالش ندارد دل گرفتا زخود ست + کوزہ چون پر شود آب از سرش میریزد - مثل ہے یعنی جب آدمی

کمال کو پہونچتا ہے زوال کا زمانہ شروع ہوتا ہے۔
کوزہ گر از کوزہ شکستہ آب میخورد۔ مثل ہے یعنی کمہار کو ثابت برتن میں پانی پینا نصیب نہیں ہوتا موچی ہمیشہ ننگے پاؤں نظر آتا ہے۔
کوہ اسد۔ ایک پہاڑ آتشبازی کا نام ہے۔
کوچہ شکر۔ اصفہان میں ایک تنگ کوچے کا نام ہے۔ محسن تاثیر۔ حرف زان لب چہ عجب مختصر آید بیرون ٭ بایداز کوچہ تنگ شکر آید بیرون ٭
کوزہ قمار۔ وہ کوزہ جسمیں آدمی قمار کی بستا جز قمار کا ڈالتا ہے۔
کوزہ گر۔ کوزہ ور۔ کوزہ بنانے والا اور مالک کوزے کا۔ میر خسرو۔ باغ زہر غنچہ شدہ کوزہ ور ٭ گردش چرخ از گل تر کوزہ گر ٭
کوفتہ خاطر۔ رنجیدہ خاطر۔ پریشان۔ درویش والہ ہروی۔ از تنگی جا ورد تو شد کوفتہ خاطر ٭ درد تو دل در الم انداز الم ہم ٭
کوفتہ خوار۔ دیوث بے غیرت۔ زنا کی کمائی کھانے والا۔
کون خر۔ احمق و بے تمیز آدمی۔ سعدی۔ گر بے ہنر بمال کند کبر بر حکیم ٭ کون خرش شمار اگر گاو عنبرست ٭
کوہ تنو۔ لفت کے علاقے میں ایک پہاڑ کا نام ہے۔ محسن تاثیر۔ قرص مہ و خور کہ بر تر آمد ٭ از کوہ تنو باد بر آمد ٭
کوہ جگر۔ آدمی بہادر او شجاع۔ خاقانی۔ دریا کشان کوہ جگر بادہ بکف ٭ کز لفت باد لرزہ دریا بر افگند ٭
کوزہ باز۔ کوزہ کے ساتھ کھیل کرنے والا۔ ملا طغرا۔ گل نغمہ و ملا راز اہتزاز ٭ کند بر سر چاہ خود کوزہ باز ٭
کوزہ پز۔ کوزہ پکانے والا کمہار۔ طاہر وحید۔ نشد پختہ از کوزہ پز نان من ٭ از او سوخت ہر چند ایمان من ٭
کوکب افروز۔ ستارہ روشن کرنے والا۔ حسین ثنائی۔ آفتابی کہ از زوال بری ست ٭ کوکب افروز آسمان من ست ٭
کوتاہ اندیش۔ جو شخص تال اندیش نہو انجام کار کو نہ سوچے۔
کودکش۔ کمناس میلا اٹھانے والا۔
کورنش۔ ترکی میں آداب تسلیمات۔
کوکب کفش۔ وہ میخیں جو جوتے میں لگاتے ہیں۔ کمال اسمٰعیل۔ کوکب چرخ ہمچو کوکب کفش ٭ میدہد بوسہ بر کف پایت۔
کوہ تیغ۔ بہت سی تلواریں۔ نظامی۔ برون آمد از پردہ کوہ چرخ میغ ٭ ز ہر تیغ گوئی یکے کوہ تیغ ٭
کوتہ حرف۔ کوتہ زبان۔ کوتہ نظر کوتاہ نفس معانی اسکے مشہور و معروف ہیں۔ ظہوری۔ چہ بیجاست در قصہ اہل راز ٭ ز کوتاہ حرفان

زبان دراز ٭ صائب۔ بر کشتی می نغمۂ نے بادم اوست ٭ ای مطرب کوتاہ نفس بانگ بہ نی کن ٭ ولہ۔ نیست از کوتہ زبانی برلبم مہر سکوت ٭ تیغہا پوشیدہ در زیر سپر باشد مرا ٭ ولہ۔ ہمان دسوزن کوتہ نظر در آزارم ٭ اگرچہ ہمچو مسیحا فلاک سوار شدم ٭
کورنمک۔ وہ شخص جو پاس نمک کا نرکھے اور اپنے ولی نعمت کا خواہ مخواہ بدخواہ ہو۔
کوچک دل۔ خوش خلق رحم دل جو سب کے ساتھ اختلاط رکھے۔ صائب۔ سہل باشد عشق گر از خاک بردارد مرا ٭ مہر از کوچک دلی بسیار شبنم را الوا ٭
کوردل۔ دل کا اندھا۔ باطنی اندھا۔ میر خسرو۔ دیدہ کن کور دلان خیال ٭ سرمہ کش دیدہ وران کمال ٭
کورچشم۔ نابینا۔ اندھا جسکو نظر نہ آئے۔
کورفہم۔ عقل کا اندھا۔
کوہ سیام۔ وہ پہاڑ جس سے ابن مقنع نے اپنا چاند نکالا تھا۔ استاد فرخی۔ اسپ تو ہنگام جنبش نسبتے دارو زباد ٭ وقت آرامش نہادی دارد از کوہ سیام ٭
کوتاہ شدن۔ تمام ہونا۔ ختم کرنا۔
کوتاہی کردن۔ تقصیر کرنا۔ دریغ رکھنا۔ باقر کاشی۔ تاب پائے دار آمد از نسیم شیون کتان ٭ ہیچ جا در حق من زنجیر کوتاہی نکرد ٭
کوچہ خموشان۔ قبرستان جہاں مردے دفنائے جاتے ہیں۔ ملا طغرا۔ یاد شہادت عشق در کوچہ خموشان ٭ کا سودگی زیابر دعوغا ہی زندگانی ٭
کوچہ دادن۔ رستہ دینا۔ رستہ کھولنا۔ محسن تاثیر۔ چرخ از جان شنود تا اُچا کا مرا ٭ زلف شب کوچہ دہد آہ سحرگاہ مرا ٭
کوچیدن۔ کوچ کرنا۔ چل دینا۔ فوقی یزدی۔ وفا چو دید کہ انصاف ازجہان کوچید ٭ فغان ز سینہ بر آورد و گفت کو پدرم ٭
کور باطن۔ منافق۔ کند فہم۔ کج طبع۔ صائب۔ ندارد چشم ازین کور باطنان انصاف ٭ کہ گشتہ است بہ عنقا ہم آشیان انصاف ٭
کوس بر پیل بستن۔ جنگ پر مستعد ہونا۔ نقاروں کو ہاتھیوں پر لادلینا۔ عبد اللہ ہاتفی۔ چو بر پیل بندم کوس نبرد ٭ بر آریم از دست قبچاق گرد ٭
کوس بر کشیدن۔ کوچ کرنا۔ روانہ ہونا۔ نظامی۔ بہندوستان برکشید ہم کوس ٭ چو ہندو شد از گرد مہ آبنوس ٭
کوس بلند کردن۔ آوازہ ڈالنا۔ شہرت دینا۔ مشہور کرنا۔ نصیرائی بدخشانی۔ زبسکہ نرد وفا باکسی نباختہ ٭ بلند ساختہ کوس بیوفائی را ٭

کوس خوردن - ہنگامہ اور آسیب پہونچنا - فردوسی - زناگہ برو اندر افتاد طوس ﴿ تو گفتی ز پیل دمان خورد کوس ﴿

کوس زدن - نقارہ بجانا - فیضی - آن ساز نما کہ چون زنی کوس فیروز جہان ہزار افسوس ﴿

کون جنبان - رقاص یعنی ناچنے والا اور مسخرہ آدمی - محمد قلی سلیم - تیز آموز در صحرا سماع بیخودی کردن ﴿ کہ سبحہ دار باشی چند کون جنبان محفلہا ﴿

کون جنبانیدن - تعظیم دینا - ناچنا - رقص کرنا - خواجہ سلمان - خواجہ از فرط بزرگی ہمچوکون شد از دماغ ﴿ لاجرم بہر بزرگان کون نہ جنبانند ز جای ﴿ رعایت وضع بزرگی گیر من دارد کہ او ﴿ چون بہ بیند کودکے از دور برخیزد ز جاے ﴿

کون خاریدن - جھنجھلانا - پشیمان ہونا - دنیا کی مذمت مین - اولش ہر کہ پشت پای نزد ﴿ آخر از دست او بخارد کون ﴿

کون پیش شکم نہادن - پیٹ کے خاطر کون دینا - سلیم - ای سرتاپا تن تو آئینۂ صاف ﴿ چون تیغ مژہ برآمدی خوش غلاف ﴿ رفتی بضیافت حریفان آخر ﴿ کون را بپیش شکم نہادی چون ناف ﴿

کوہساران - کوہستان - پہاڑ کا ملک - صائب - راہبر و راہ بال پردازست سختیہای سفر ﴿ کوہساران میشود سنگ فسان این سیل را ﴿

کوتاہ پاچہ - کوتاہ پال و کوتاہ قد اور نام ایک جنگلی جانور کا کہ بکری کے قد کے برابر ہوتا ہے گوزن کی صورت پر اور اسکی پشت پر سیاہ خال ہوتے ہین سینگ بھی رکھتا ہے ہندی مین اسکو کھیٹا کہتے ہین طغرا - ز کوتہ پاچہ محبوبی نیابد ﴿ صنوبر دلفریب از سرفرازی ست ﴿

کوچگاہ - کوچ کا مقام جس جگہ سے لشکر کوچ کرے - نظامی - شنیدن خبر ایشان ازین کوچگاہ ﴿ بالبرز خواہیم بردن براہ ﴿

کوزہ نگاہ - کور چشم - اندھا - نابینا - ظہوری - ابرو چشم زد کوزہ نگاہان نکنیم ﴿ پردہ از گرد رہے بافتہ رخسارہ ما ﴿

کوزہ فقاع رخشانہ - پیزاد و انیش بکانے کا - یحیی شیرازی - زند از رہ دانش آتش بانہ ﴿ بسان کوزۂ فقاع رخشانہ ﴿

کون سوختہ - ابرو بے تنگ و ناموس - غزالی - در گلشن عشق بے تماریم ﴿ کون سوختہ ہاے روزگاریم ﴿

کوہ روندہ - پہاڑ چلنے والا کنایۃً ہاتھی گھوڑا - نظامی - یکے کوہ روندہ درآورد ﴿ چو پولاد کوے روان شد ز جاے ﴿

کوہ - سرتاپا تمام - کمال اسمعیل کاشی - کے رفت بگلگشت خیالم رسد کوہ ﴿ سنجر کاشی - کوہ تا کوہ ہمہ جا صورت رسانید بخرد ﴿ کہ شود سنگ لالہ از کشتن فریادشیان ﴿

کوتاہ پای - خرگوش جو مشہور جانور ہے - میر خسرو لونکی تعریف مین - بود دلیر پنجہ آہو رباے ﴿ دست درازیش بکوتاہ پاے ﴿

کاف باہاے

کہن پیوند - خانہ زاد گھر کا پرورش یافتہ - میر خسرو - غلامی کہن پیوند باشد ﴿ نہ بندہ بلکہ خویشاوند باشد ﴿

کہن لنگ - وہ شخص یا چیز جو اپنی جگہ سے ہل نسکے - نظامی - سمندر چو پروانہ آتش روا ست ﴿ ولیکن این کہن لنگ و آن خوشخرامست ﴿

کہن سال - بڑی عمر کا پیر ضعیف - صائب - ریشۂ نخل کہن سال از جوان افزون ترست ﴿ بیشتر دلبستگی باشد بدنیا پیر را ﴿

کہن پوستین - وہ شخص جو بسبب کبر سنی کے کہ جسکے بدن کا چمڑا پوستین کی طرح ہوگیا ہو - نظامی - کہن پوستینے درآمد بجنگ ﴿ چو از ژرف دریا برآید نہنگ ﴿

کہن سلسلہ - پرانا قیدی - کہنہ زندانی - محتشم کاشی - بہر ضبطم مجنون کہن سلسلہ ام ﴿ فتنہ از گیسوی او سلسلہ خواہست امشب ﴿

کہنہ فعلہ - مجہول و مکار و تجربہ کار - عبد الغنی قبول - پیر دیر شنیدم قبول نیست خبر ﴿ ز کہنہ فعلگی بادہ نوجوانان را ﴿

کاف بایاے

کیر خر کون خر - احمق اور بیوقوف - باقر کاشی ایک شاعر کدائی کی ہجو مین - بودست خواجہ لقب لاہنر ﴿ ہر دو بہم کیر خر و کون خر ﴿

کیسہ دار - وہ شخص جو ارزانی مین غلہ خریدے اور گرانی مین فروخت کرے - میر الہی ہمدانی - از بس بزخمہاے جگر کیسہ کردہ اند ﴿ دلشاد گشتہ ام کہ شدم مرد کیسہ دار ﴿

کیمیای احمر - گوگرد سرخ جس سے مس کا سونا بناتے ہین - دارا بیگ جویا - مہی ہا ہین دل مردگان آب حیات ست ﴿ بہ رنگ خسار تراہم کیمیای احمرست ﴿

کینہ پرور - کینہ توز - کینہ توزندہ - کینہ خواہ - صاحب غضب و غصہ جسکے دل مین غصہ ہو - نظامی - دلیران بصحرا شتابند رخت ﴿ بکین خواہ زنگی کمر کردہ سخت ﴿ عرفی - آن کینہ پروری کہ ز نقش تو دم زند ﴿ وان خون گرفتہ کہ بکینت کشد رقم ﴿ بانیغ روزگار کند قصد کار زار ﴿ با قہر کردگار بمیدان نہد قدم ﴿ لب آمل - لعل لب کہ شہر را چاشنی ہوتا ہے وہ جس مین غصہ زیادہ ہو کہن ابرو کینہ تو را چنانکہ سوزنی - تا بود مست کہن شہر خدا مستست ﴿ یرخ کینہ توزندہ کی ابیند کشتہ کین ام ازو ﴿

پیشہ دار - کینہ کوش - کینہ سنج - کینہ کش - کینہ گر مشہور الفاظ ہیں - میر خسرو -
باش کہ تا در رسد آن کینہ کوش ٭ مہر را بیند و ماند خموش ٭ دلہ بترس
از کینہ دارنیم گشتہ ٭ کہ بدگیرند مار نیم گشتہ ٭ نظامی - بجای
فرستادن نزل و گنج ٭ چرا با ہزبران شدی کینہ سنج ٭ فردوسی -
چو او کینہ کش باشد و رہنمای ٭ سواران کشتی ندارند پای ٭ جلال اسیر -
رسوم دوست پرستی زمن ہمی آید ٭ طریق کینہ گری با عدو نمیدانم ٭
کیمیا ساز - کیمیا سنج - کیمیا گر - کیمیائی مشہور الفاظ ہیں - نظامی -
بگو اے سخن کیمیائی تو چیست ٭ عیار ترا کیمیا ساز کیست ٭ میر خسرو -
کیمیا سنج کو بہ مقصود ٭ کرده حل جملہ توتیای وجود ٭ سعدی - کیمیا گر
بغصہ مرد و برنج ٭ ابلہ اندر خرابہ یافتہ گنج ٭ نادم گیلانی - زعکس
زخم خاک ہر کوچہ زر شد ٭ ترا کیسہ خالی و من کیمیائی -
کیسہ مال - حمامی جو کیسہ ہاتھ پر چڑھا کر لوگوں کے بدن کو مالش
کرے - ملا عطا اعجاز - دامن کف بزرگوہر ہاے روحانی کنی ٭
دست گر در کیسۂ خالی کنی چون کیسہ مال ٭
کیبیدن - رنجیدہ ہونا - آزردہ ہونا - ایک طرف جانا - ایک جگہ سے
دوسری جگہ جانا - سنجر کاشی - است عشقم کبیدہ ام از ملت عقل ٭
مرد آن کس کہ نداند کہ ملت نیست ٭
کیسہ از چیزی دوختن - اُس چیز کا مالک ہونا - نظامی - ز گنجش
زمین کیسہ بر دوختہ ٭ سمن سیم و خیری زر اندوختہ ٭
کیسہ بر چیزی دوختن - فائدے کی امید کسی چیز سے رکھنا - صائب -
چشم بر زرع کنم از جفای تو ٭ آن کیسہ ہا کہ دوختہ ام بر وفاے تو ٭
کیسہ بسود و زیان پر کردن - نفع و نقصان اپنے ذمہ پر لینا - ظہوری -
گرچہ تیغش اجل و بد دشتی ٭ کیسہ پر کنم بسود و زیان ٭
کیسہ بصابون زدن و کیسہ پاک انداختن - خالی کرنا کیسے کا
اور خرچ کرنا جو کچھ اُسمیں ہو - خاقانی - از چشم و زبان پیش
تو شدگو ہر فشان ٭ تو عمر اورا بہر زمان کیسہ بصابون میزنی - حافظ -
کیسۂ سیم و زرت پاک بباید انداخت ٭ این طمع ہا کہ تو از سیمبران میداری ٭
کیبیدہ - بروزن چیبدہ - آزردہ و رنجیدہ -
کیر کاشی - یہ چیز کاشان میں بشکل آلہ تناسل کے بناتے ہیں سیالورہ
بھی اُسکو کہتے ہیں اور طبق زن عورتیں اسکو استعمال کرتی ہیں -
شرف الدین شفائی - اگرش حاجت او فتد بجلال ٭ میکند کیر کاشی استعمال ٭

چوتھی فصل

محاورات و اصطلاحات اردو کے بیان میں

کاف با الف

کاتک کی کتیا - چھنال عورت - بدکار عورت کیونکہ کتیا کاتک کے
مہینے میں مستی میں آجاتی ہے -
کاٹ پھانس کرنا - کسی کی آمدنی میں سے کچھ رکھ لینا - غبن کرنا - بھانجی مارنا -
کاٹ چھانٹ کرنا - غبن کرنا - خیانت کرنا - کسی کی جڑ کاٹنا -
وضع کرنا - مجرا لینا - کاٹ لینا -
کاٹ کرنا - پانی کا رستہ کر لینا - کاٹ ڈالنا - زخمی کرنا - توڑ
کرنا - جواب دینا -
کاٹ کھانا - ڈسنا سانپ وغیرہ کا نقصان اُٹھانا - گھاٹا جھلنا -
مولانا اکبر - سانپ ہیں دونوں گیسوی پیچان بخیر نامت کہ کاٹ کھاتے ہیں ٭
کاٹ کھانے کو دوڑنا - ترش روئی کے ساتھ پیش آنا - تند مزاجی
سے بولنا - سخت تقریر کرنا -
کاٹھ چبانا - روکھی سوکھی کھا کر دن کاٹنا - بری حالت میں زندگانی
کرنا - مشکل سے اوقات بسر کرنا -
کاٹھ کا گھوڑا - لنگڑے آدمی کی لاٹھی -
کاٹھ گھوڑا چلنا - کاٹھ میں ٹھوکنے اور کوڑے مارنے کا اختیار ہونا
زور چلنا - صاحب حکومت ہونا - قطعہ از مولف - کرلو جو کام کرتے
ہو ٭ جب تلک کاٹھ گھوڑا چلتا ہے ٭ ایکدن ختم ہوگا آخر کار ٭
وقت جو تھوڑا تھوڑا چلتا ہے -
کاٹھ میں پانوں ٹھوکنا - قید کر دینا - حوالات میں دیدینا -
کاٹھ ہو جانا - نہایت لاغر ہو جانا - بے حس و حرکت ہو جانا - سخت ہو جانا
کاٹی اُنگلی پر نہیں موتنا - یہ ایک مشہور ہو گیا ہے کہ اگر اُس سے
کہا جائے کہ ہماری کاٹی ہوئی اُنگلی پر پیشاب کر دے تو نہیں کرتا
نافرمان ہے ذرا کام نہیں کرتا -
کاٹے نہیں کٹتا - مصیبت کا وقت کاٹنا مشکل ہے عیش کے
برسوں گذر جاتے ہیں معلوم نہیں ہوتے
کاچھ کچھنا - لباس بدلنا - سوانگ بھرنا - نظیر - سب کاچھ کچھے
سب ناچ نچے اُس رسیا چھیل رجھانے کو ٭
کاچھ کھولنا - ازار بند کھولنا - پاجامہ اتارنا - ننگا
ہو جانا - بے شرم ہو جانا -
کارخانہ پھیلانا - تجارت وغیرہ شروع کرنا -
کارستانی کرنا - چالاکی کرنا - استادی دکھانا - مکر و فریب میں لانا -
کاغذ سا - نہایت ہلکا اور پتلا -

کاغذ سیاہ کرنا۔ کچھ باتیں کاغذ پر لکھنا۔ خراب باتیں لکھ کر کاغذ برباد کرنا
کاغذ کرنا۔ سند لکھ دینا۔ تمسک رہن نامہ بیعنامہ وغیرہ تحریر کر دینا۔
کاغذ کھول دینا۔ کسی کی پوشیدہ بات کو ظاہر کر دینا۔ بھید کھول دینا۔
کاغذی گھوڑے دوڑانا۔ جابجا خطوط بھیجکر کسی امر کی خبر کر دینا
کافور ہو جانا۔ بھاگ جانا۔ چل دینا۔ رفوچکر ہو جانا۔ گم
ہو جانا۔ ضعیف رام پوری۔ صبر کافور ہوا ہوش ہوئے
سر سے ہوا * رفتہ رفتہ ہوئے آثار جنون کے پیدا * مجھ سے
وہ بال کھولے ہوئے چڑھ گئے جو کوٹھے پر * فلک سے ہو گئی
کافور شب ماہتاب گھٹا * ناسخ۔ رکھتے ہی پھاہا جو کٹھا شعلہ سیر کے
داغ کا * ہو گئی کافور سردی مرہم کافور کی * شوق۔ دیکھ کر دونوں
عارض پر نور * رنگ چہرے کا ہو گیا کافور *
کالا کلوٹا۔ نہایت کالا سیاہ رنگت کا۔
کالا منہ کرنا۔ منہ کو سیاہ کرنا۔ بے عزتی کرنا۔ داغ لگانا۔ بدنام
کرنا۔ زنا کرنا۔ بدفعلی کرنا۔ خراب کرنا۔ مشتہر کرنا۔ دیس سے نکال دینا
چھوڑ دینا۔ ذوق۔ باقی ہے ذوق کو ابھی حسرت گناہ کی *
کالا کریگا منہ بھی جو داڑھی سیاہ کی *
کال کر جانا۔ مر جانا۔ فوت ہو جانا۔
کالک کا ٹیکا لگنا۔ بدنامی آنا۔ رسوائی ہونا۔ ذلت و خرابی وقوع میں آنا
کالک کا ہاتھ لگانا۔ کسی کو بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔
کال کے بس ہونا۔ وقت کے تابع ہونا۔ زمانے کے اختیار میں ہونا
کالی بلا۔ بدشکل۔ بدصورت سیاہ فام۔ سخت مصیبت۔ از
حد آفت۔ ناسخ۔ جو دن ہے سو ہے دیو سپید اپنی نظر میں * جو رات
تیرے ہجر میں ہے کالی بلا ہے * ... دیا دل ہمنے زلفوں کو خطا کی
خبر کسکو تھی اس کالی بلا کی * مولف۔ دل اپنا دوں میں اس
زلف دوتا کو * بلائیں لوں میں اس کالی بلا کی *
کالی پیلی آنکھیں کرنا۔ غصے میں آنکھیں بدلنا۔ نہایت خفا ہونا
کالے تل چابنا۔ کالا دانہ کھانا۔ نہایت برے کام کرنا
برے کاموں کی سزا پانا۔
کالے سر کا۔ جوان آدمی جو بوڑھا نہو۔
کالے سر کا ایک نہ چھوڑنا۔ چھنال عورت کی نسبت بولتے ہیں
کہ جوان آدمی ایک نہ چھوڑنا سب سے زنا کرانا۔ ... سعید نامہ
سیہ روئی وہ ... نہ چھوڑا اُسنے کوئی کالے سر کا *
کالے کے آگے چراغ نہیں جلتا۔ کالے سانپ کے منہ کے سامنے
چراغ کی روشنی پھیکی معلوم ہوتی ہے مرشد۔ آدمی کے سامنے چھوٹے قسم
آدمی کی کچھ قدر و منزلت نہیں ہوتی۔ ذوق۔ سچ کہا ہے کسی نے کالے کے
نہیں جلتا چراغ * چھپ گیا مہ رخ پہ تیری زلف شبگون دیکھ کر *
کالی ہانڈی سر پر دھرنا۔ بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔
کام آنا۔ استعمال میں آنا۔ برتاؤ میں آنا۔ خرچ ہو جانا۔
لڑائی میں مارا جانا۔ مصحفی۔ بے بصر ہوتے ہیں محتاج کہیں عینک
کے * کام اپنے کہیں آتی ہیں پرائی آنکھیں * ... دل ہمارا بھی
اُسے چاہے خدا خیر کرے * کوئی قاتل میں یہ غل ہے کہ کوئی کام آیا *
کام بڑھانا۔ محنت زیادہ کرنا۔ کام ختم کرنا۔ کام کو اٹھا کر رکھنا۔
کام بگاڑنا۔ کوئی چیز خراب کر دینا۔ مطلب بگاڑنا۔ بات میں
خلل ڈالنا۔ ... یار ہے مہربان مگر افسوس * غیر اپنا بگاڑتے ہیں کام
کام بگڑنا۔ بات میں فرق آنا۔ دوالہ نکل جانا۔ بے آبرو
ہونا۔ عزت بگڑ جانا۔
کام بنانا۔ کام پورا کرنا۔ مطلب نکالنا۔
کام پڑنا۔ تعلق یا واسطہ ہونا۔ سروکار ہونا۔ مولف۔ نیک و بد
دونوں ہوتے ہیں معلوم * جس گھڑی آسے کام پڑتا ہے *
کام پر لگانا۔ کسی بیکار کو کام پر مقرر کر دینا۔ نوکر کرا دینا۔ کسی دھندے کے سر کر دینا
کام تمام کرنا۔ کام ختم کرنا۔ پورا کرنا۔ مار ڈالنا۔ قتل کر دینا۔ میر
الٹی ہو گئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا * آخر اس
بیماری دل نے اپنا کام تمام کیا۔
کام چڑھانا۔ کام لگانا۔ کام شروع کرنا۔
کام چلانا۔ بندوبست کرنا۔ انتظام کرنا۔ کاربرآری کرنا۔
جوں توں کر کے اپنا کام نکالنا۔ پورا ڈالنا۔ قطعہ از مولف۔ جب اس
دنیائے فانی میں نہیں ہے * ہمیشہ کے لیے اپنا ٹھکانا * نہ دینا دل
تو اس بے وفا کو * فقط دو روز کام اپنا چلانا *
کام چلنا۔ کام جاری ہونا۔ بخوبی کاربرآری ہونا۔ فائدہ ہونا۔
کام چمکنا۔ کام کی ترقی ہونا۔ فائدہ کی صورت نظر آنا۔ کام بڑھ جانا۔
کام دینا۔ کام سپرد کرنا۔ نوکری یا خدمت دینا۔ کسی کی
خدمت یا ملازمت کرنا۔
کام سے جاتا رہنا۔ مطلب کا نہ رہنا۔ بگڑ جانا۔ خراب
ہو جانا۔ بیکار ہو جانا۔ موقوف اور برطرف ہو جانا۔ نامرد
ہو جانا۔ ڈھیلا پڑ جانا۔ مولف۔ مرد غافل جو خدا اسکے نام سے
بیگانہ رہا * ویسا وہ بگڑا کہ سب کے کام سے جاتا رہا *

کام کرنا ۔ شغل کرنا ۔ دھندا کرنا ۔ میر تقی ۔ کام پل مین میرا
تمام کیا ۔ غرض اِس شوخ نے وہ کام کیا ؎ میر ۔ نالون سے میرے
رات کے غافل نہ رہا کر ؎ اک روز یہی دل مین ترے کام کرینگے ؎

کام کھینچنا ۔ مرجانا ۔ فوت ہوجانا ۔ خاتمہ پر آنا ۔ میر ۔ شاید کہ کام
صبح تک اپنا کھینچیگا میر ۔ احوال آج شام سے درہم بہت ہی یان ؎

کام مین کام نکالنا ۔ ایک کام کے ساتھ دوسرا کام نبٹا دینا ۔
ایک پنتھ دو کاج کرنا ۔

کام مین لانا ۔ استعمال مین لانا ۔ برتنا ۔ خرچ کرنا ۔ اُٹھانا ۔

کام نکالنا ۔ کام لینا ۔ مطلب برآری کرنا ۔ کارروائی کرنا ۔

کام ہوجانا ۔ مطلب حاصل ہوجانا ۔ مراد برآنا ۔ مرجانا ۔ جان بحق
تسلیم ہونا ۔ خاتمہ ہوجانا ۔ یار علی ۔ آخر کیا اِس آپ کی تاخیر نے
ہمین ؎ کس کام مین رہے کہ یہان کام ہوگیا ؎

کان اُڑے جانا ۔ پھٹے جانا ۔ پھوٹے جانا ۔ شور و غل کے
باعث کانون پر صدمہ پہونچنا ۔ لمبی داستان سنتے سنتے گھبرا جانا ۔

کان اینٹھنا ۔ اُکھاڑنا ۔ کھینچنا ۔ کان مروڑنا ۔ گوشمالی کرنا ۔
دھمکانا ۔ خفیف سزا دینا ۔

کان بجنا ۔ ہروقت آواز آنا ۔ خواہ مخواہ یہ خیال کرنا کہ ہمسے فلان شخص کچھ کہتا ہے

کان بھرنا ۔ کان بھر دینا ۔ کسی شخص کی کسی کے روبرو بدگوئی کرنا ۔
غیبت کرنا ۔ در پردہ بُرا کہنا ۔ ذوق ۔ کوئی غماز نہین میری طرف سے
اے دوست ؎ کان اُسکے میری فریاد ہی بھر دیتی ہے ۔

کان پڑنا ۔ سُن لینا ۔ سُنائی دینا ۔

کان پکڑکے اُٹھا دینا ۔ کسی کو زبردستی سے مجلس سے اُٹھا دینا ۔ نکال دینا

کان پکڑنا ۔ اپنے دونون کانون کو اپنے ہاتھون سے کھینچنا ۔
کسی امر سے باز آنا ۔ عہد کرنا ۔ اقرار کرنا ۔ یار علی ۔ کان پکڑیگا زمانہ
ترے نکتون سے ؎ ہوگی خفت تجھے یہ تیری جفا کے بعد ؎ رشک ۔
پھول آگئے ترے پکڑتے ہین کان ؎ نرگس آنکھین اگر چُرا گئی ہین ؎

کان پھوٹ جانا ۔ شور و غل کی کثرت سے کچھ نہ سُنائی دینا ۔ بہرا ہو جانا ۔

کان تلے کے چھوڑنا ۔ افشائے راز کرنا ۔ بھید کی بات کہنا ۔ ایسی
بات کہنا جو دوسرے کو ناگوار گذرے ۔

کانٹا سا کھٹکنا ۔ کسی شے کا ناگوار معلوم ہونا ۔ خار دکھائی دینا
بُرا لگنا ۔ ذوق ۔ فرقت سے ترے تارِ نفس سینے مین مرے ؎
کانٹا سا کھٹکتا ہے نکل جائے تو اچھا ؎

کانٹا سا نکل جانا ۔ آسانی کے ساتھ کسی تکلیف سے نجات پانا ۔

کانٹا لگنا ۔ کانٹا چبھ جانا ۔ جانورون کا لاغر ہوجانا ۔ سے ۔ کانٹا
لگا ہے گلچین کس مرغ کو چمن مین ؎ پھولے نہین سماتے گل اپنے پیرہن مین ؎
بحر ۔ ساقی رہی بہار نہ گلزار رہ گیا ؎ کانٹا لگا نہ پھول کا یہ خار رہ گیا ؎

کانٹا مارنا ۔ مرغون کی لڑائی مین ایک دوسرے کو پاؤن کی ہڈی مارنا ۔

کانٹا نکالنا ۔ کسی شخص کو مصیبت سے رہائی دلانا ۔ تکلیف سے بچانا ۔

کانٹا نکلنا ۔ غم دور ہونا ۔ رنج جاتا رہنا ۔ بحر ۔ یارب اُس گل کی محبت
مین دم اپنا نکلے ؎ جان بھولے سے جو بچ جائے تو کانٹا نکلے ؎

کانٹا ہوجانا ۔ دُبلا اور لاغر ہوجانا ۔ جان صاحب ۔ مین تو لیا
کرتی ہون نظرون مین ہر اک کو ؎ کانٹا سی ہون آنکھون مین ترا زو سے زیادہ

کانٹون پر لوٹنا ۔ تکلیف و مصیبت اُٹھانا ۔ دُکھ جھیلنا ۔ آتش ۔ بے یار
فرش گل مری آنکھون مین خار تھا ؎ لوٹا کیا مین کانٹون کے اوپر تمام رات ؎

کانٹون مین گھسیٹنا ۔ گھسیٹنا ۔ گنہگار بنانا ۔ تکلیف دینا ۔ آزار پہونچانا

کانٹے بونا ۔ کسی شخص کے ساتھ بدی کرنا ۔ بُرائی کا بیج بونا ۔ آتش ۔
شگفتہ سبزۂ خط کا نہ ہوا ے دل ہرگز ؎ شعور اپنے لیے آپ نہ بو تو کانٹے ؎

کانٹے پڑنا ۔ نہایت تشنگی کے باعث زبان خشک ہوجانا ۔ جرأت ۔
پڑگئے منھ مین جو مجھ سے خستہ تن کے کانٹے ؎ تھے یہ بوئے ہوئے
اُس غنچہ دہن کے کانٹے ؎ ناسخ ۔ آئی بہار تشنہ مئی ہون پلاد
پھول ؎ ہوا سے میکی فرش پڑگئے کانٹے زبان مین ؎

کانٹے کھانا ۔ قید بھگتنا ۔ داغی ہونا ۔

کانچ نکال دینا ۔ سخت مارنا ۔ زدوکوب کرنا ۔ مارتے مارتے بُرا حال کردینا

کانچ نکل جانا ۔ برداشت کی طاقت نہ رہنا ۔ نقصان پہونچنا ۔ خسارہ اُٹھانا ۔

کان دبا کر چلے جانا ۔ چپ چاپ چلے جانا ۔ جواب نہ کرنا ۔

کان دبا لینا ۔ کسی کی خراب بات سُنکر جواب نہ دینا ۔ خاموش ہو رہنا ۔

کان دھی دے جانا ۔ پہلوتہی کرنا ۔ بہانہ کرنا ۔

کان دکھانا ۔ کان کا میل نکلوانا ۔

کان دھرنا ۔ کسی کی بات غور سے سُننا ۔ واسخ ۔ کیون نکرتے ہجر مین
ہم دل سے باتین صبح تک ؎ کان دھر کر کوئی بھی سُنتا نہ وہ افسانہ تھا ؎

کان الس مین پڑنا ۔ دھوکے مین آنا ۔ سوچ مین پڑنا ۔

کان کاٹنا ۔ سبقت لیجانا ۔ نہایت چالاکی دکھانا ۔ بڑھ جانا ۔ شوق ۔
تو نے بے غیرتون کے کاٹے کان ؎ سو نصیحت کرون نہین کچھ دھیان ؎

کان کا کچا ۔ وہ شخص جو اوروں کی بات کا جھٹ یقین کرلے
سچ یا جھوٹ کی طرف خیال نکرے ۔

کان کھانا ۔ شور کرنا ۔ غل مچانا ۔ ایک بات کہے جانا ۔

کان کھڑے کرنا - چوکنا ہو جانا - کنوتیان بدلنا - ہوشیار ہو جانا -
کان کھڑے ہونا - ڈر جانا - اندیشے مین پڑنا -
کان کھول دینا - جتا دینا - واقف کر دینا - سمجھا دینا - ہشیار کر دینا - سودا - جب اپنے بند قبا تمنے جان کھولدیے ٭ صبا نے باغ مین جا گل کے کان کھولدیئے ٭
کان لگنا - کسی کی بات سننے کے واسطے متوجہ ہونا -
کان مین پڑا رہنا - معلوم رہنا کسی بات کا -
کان مین پھونکنا - کسی کا عیب کسی کو بتلا دینا - اغوا کے طور پر کسی کو کچھ کہدینا جس سے وہ غضبناک ہو جائے - ذوق - آہی کان مین کیا اس صنم کے پھونک دیا ٭ کہ ہاتھ رکھتے ہین کانونپہ سب اذان کیلیے ٭
کان مین ڈالدینا - سنا دینا - جتا دینا - ہوشیار کر دینا - واسخ - بتایا لفظ تمنا کے تمکو معنی کیا ٭ تمھارے کان مین اک حرف ہمنے ڈالدیا ٭
کان مین روئی دے کر یا تیل ڈالکر ہو بیٹھنا - کسی بات کی طرف خیال نکرنا - سننے سے غرض نہ رکھنا - ے - بلبل کا ایک نالہ سوزان نہین سنا ٭ کیا ان گلون نے ڈالدیا تیل کان مین ٭
کان مین کو نکالنا - سنا دینا - کان مین ڈالدینا
کان لوز اکر دینا - دق کر دینا - ناک مین دم کر دینا -
کان مین کھٹکنا - برا معلوم ہونا - ناگوار معلوم ہونا -
کان مین کہنا - چپکے سے کوئی بات کہہ دینا -
کان نہ کھڑ انا - چپکے سے سن لینا - چون نکرنا -
کان نہ ہلانا - سنکر خاموش رہنا - منظور کر لینا - کچھ عذر نکرنا - ے - مجھسے مانگے اگر وہ جانان جان ٭ بندہ آمین نہین ہلاتا کان ٭
کانون پر ہاتھ دھرنا - انکار کرنا - مکر جانا - بے خبری ظاہر کرنا - غالب - گو ایک بادشاہ کے سب خانہ زاد ہین ٭ دربار دار لوگ بہم آشنا نہین ٭ کانونپہ ہاتھ دھرتے ہین کرتے ہوے سلام - اس سے یہ ہی مراد کہ ہم آشنا نہین ٭ میر - غم مین دل صبر و ہوش اسے پیارے ٭ ہاتھ کانونپہ رکھ گئے سارے ٭
کانون کان نہ جاننا - خبر نہونا - بے خبر ہونا - بالکل آگاہ نہونا - ے - میری اگر سنو تو کبھی شور و شر نہ ہو ٭ الفت کی کانون کان کسی کو خبر نہو ٭
کانون مین انگلیان دینا - کان بند کر لینا - کسی کی بات کی طرف توجہ نکرنا - آتش - انگلیان کانون مین دیتا ہے دم رفتار یار ٭ ہر قدم پر آتی ہے آواز شیون زیر پا ٭
کانون مین بول مارنا - آواز سنکر جواب نہ دینا -

کانون مین رس پڑنا - رسیلی باتون کے سننے سے حظ حاصل کرنا - مزا لینا -
کان ہونا - اطلاع ہونا - نصیحت ہونا - خیال ہونا - تجربہ حاصل ہونا -
کاوے دینا - حلقہ باندھ کر گھوڑے کو چکر دینا -
کایا پلٹ ہونا - ایک قالب سے دوسرے قالب مین ہو جانا - بالکل رنگ و روپ بدل جانا - کچھ سے کچھ ہو جانا -
کاے کاے کرنا - شور مچانا - غل کرنا -
کافر نعمت - ناشکرا - حق ناشناس - نعمت کھا کر انکار کرنے والا - ذوق - کھا کے زخم تیغ قاتل جو بجا لائے نہ شکر ٭ کوئی ہے اس سے زیادہ کافر نعمت نہین ٭
کاٹھ کباڑ - ٹوٹی پھوٹی اور پرانی چیزین -
کار خیر - بھلائی اور صواب کا کام -
کالا پہاڑ - کوہ سیاہ - ہاتھی اور انسان کا سر -
کالا چور - جسکا نام معلوم نہو - کوئی ہو کوئی آدمی - فرضی آدمی -
کاغذ کا پتلا باز - کاغذی آدمی - دبلا اور چالاک آدمی - ے -
کالے کوس - لمبے لمبے کوس - فاصلہ دور و دراز - رنگین دیکھیے کب خدا ملائیگا ٭ اپنے رنگین گئے ہین کالے کوس ٭
کاگا رول - کوؤن کی کاے کاے - شور و غوغا -
کالا بال - موے زہار - پشمین - بے حقیقت چیز - سودا - چور کب اسکا دور مانے ہے ٭ کالا بال اسکو اپنا جانے ہے -
کام تمام - اخیر وقت - انجام کا وقت - حالت نزع - شوق - لب دوا دوش ہے بے ہنگام ٭ اسکا تو ہو چکا ہے کام تمام ٭ جرأت - ہوگئے وصل کا ہم سنتے ہی پیغام تمام ٭ کام دل کچھ نہ بر آیا کہ ہوا کام تمام ٭
کاٹو تو خون نہین - لہو نہین - کسی خوف یا ڈر اور دہشت سے زرد ہو جانا - نسیم - کاٹو تو لہو نہین بدن مین ٭ دونون کی رہی جان تن مین ٭
کالا منہ نیلے پانون - نہایت بدنام اور رسوا -
کاٹھ کا الو - نہایت بے وقوف احمق -
کاٹھ کی پتلی - کاٹھ کی پتلی احمق عورت -
کاغذ کی ناو - کاغذ کی کشتی جو کسی لائق نہین ہوتی - میر حسن مصرع - سدا ناو کاغذ کی بہتی نہین ٭
کالا منہ ہو - بد دعائی کلمہ ہے - مومن - چل پرے ہٹ مجھے نہ دکھلا منہ ٭ اے شب ہجر تیرا کالا منہ ٭
کام دیو - خواہش انسانی - قوت باہ -
کام سے کام رکھو - اپنے کام سے کام رکھو - اپنے مطلب کا خیال

نکو خیر ولی کے جھگڑون مین نہ پڑو ۔ قطعہ از مولف ۔ عبادت کا کرو
ہر روز و شب کام ٭ یہی شغل اپنا صبح و شام رکھو ٭ پڑو مت غیر کے
جھگڑون مین ہرگز ٭ بس اپنے کام سے ہی کام رکھو ٭

کاٹ پھانس آتی ہی ۔ چالاکی جانتا ہی ۔ عیاری برتتا ہی ۔ ہوشیاری
دکھاتا ہی ۔ شوق ۔ دیکھکر میری عقل جاتی ہی ٭ جو تجھے
کاٹ پھانس آتی ہی ٭

کاٹھ کے گھوڑے ۔ ہندو کا جنازہ ۔

کاٹھ کی ہنڈیا ایک دفعہ چڑھتی ہی ۔ لکڑی کی ہنڈیا مین صرف ایک
دفعہ پک سکتا ہی ۔ جھوٹ بولنے والے کا فریب کوئی ایکبار کھاتا ہی
دوبارہ اُسپر اعتبار نہین ہوتا ۔ قطعہ مولف ۔ جب ایکبار وعدہ
وفا تم نکر سکے ٭ آیندہ تیری بات پہ ہو کسکو اعتبار ٭ آئے دوبارہ
کون تمھارے فریب مین سچ ہی کہ ہنڈیا کاٹھ کی چڑھتی ہی ایکبار ٭

کاٹے کٹے نہ مارے مرے ۔ ایسا سخت جان ہی کہ کسی طرح نہین مرتا ۔ ع
نہ کاٹے کٹے ٭ نہ مارے مرے ٭ وہ نازو ادا پر تمھارے مرے ٭

کاجل کی کوٹھری ۔ بدنامی کا گھر ۔ خراب صحبت ۔ مولف ۔ از دنیا
کوٹھری کاجل کی ہی ٭ اسمین جو جاے وہ آئے روسیاہ ٭

کالا آدمی ۔ ہندوستانی آدمی یورپین لوگ ہندوستانیون کو
حقارتاً کالا آدمی کہتے ہین کہ وہ خود گورے ہین ۔ مولف ۔ دل سفید
اُسکے لیے درکار ہی ٭ ہو بظاہر گرچہ کالا آدمی ٭ اسکے گورے منھ سے
ہی کیا فائدہ ٭ ہو اگر دل کالے والا آدمی ٭

کالا پانی ۔ دریاے شور سمندر جسکا پانی رنگت مین کسی قدر کالا ہی
اور جزیرۂ انڈمان جسمین ہندوستان کے عمر قیدی رہتے ہین ۔

کالے منھ اندھیرے ۔ صبح سے اول وقت بہت سویرے ۔

کان پر جون نہین چلتی ۔ نہین رینگتی ۔ کہنے کا اثر اسکو اسقدر
نہین ہوتا جسقدر کہ کان پر جون چلتی ہی انسان کو خبر ہو جاتی ہی
اسیر ۔ فریاد قیس کتنی ہی اسے ساربان ضعیف ٭ جون رینگتی
نہین کبھی لیلی کے کان پر ٭

کان پڑی آواز سنائی نہین دیتی ۔ بڑا شور ہی نہایت غوغا ہی
جسکے سبب سے بات سنائی نہین دیتی ۔

کاف با بے

کباب کرنا ۔ رشک دینا ۔ جلانا ۔ تکلیف پہونچانا ۔ رنج دینا ۔ دکھ دینا ۔

کباب ہونا ۔ حسد یا غصے کے مارے جل جانا ۔

کبڈی کھیلتے پھرنا ۔ بیکار پھرتے رہنا ۔ کھیلتے پھرنا ۔

کپا لڑھنا ۔ بھاری نقصان ہونا یا بادشاہ یا امیر کا مرجانا ۔

کپال کریا کرنا ۔ ہندون کا مردے کی جلی ہوئی کھوپڑی کو کسی بانس
یا لکڑی سے پھوڑنا تا کہ بخوبی جل جائے ۔

کپا ہو جانا ۔ موٹا ہو جانا ۔ خفا ہو جانا ۔ منھ سُجا بیٹھنا ۔

کپڑون سے ہونا ۔ حیض سے ہونا عورت کا ۔

کپڑے اتارنا ۔ کسی کو لوٹ لینا ۔ برہنہ ہونا ۔ ننگے ہونا ۔

کپڑے رنگنا ۔ فقیر ہونا ۔ جوگی ہونا ۔

کاف با تے

کتاب کا کیڑا ۔ وہ کرم جو کتاب کو لگ جاتا ہی اور وہ شخص
جو کتابون کا مطالعہ کرتا ہو ۔

کتر بیونت کرنا ۔ کاٹنا چھانٹنا کپڑے وغیرہ کا سودے سلف
مین سے رکھ لینا ۔

کترنی چلنا ۔ قینچی سی زبان چلنا ۔

کتیا کا پلا ۔ کتے کا بچہ ۔ نطفہ بے تحقیق ۔ ولد الزنا ۔ حرام کا نطفہ ۔

کتیا کے چھنالے مین پھنسنا ۔ دوسرے شخص کے جرم مین
پکڑا جانا ۔ اورون کی بلا مین پھنسنا ۔

کتے کا بھیجا کھانا ۔ بیہودہ گوئی کرنا ۔ بیفائدہ بولے جانا ۔ بے سود بکتے جانا

کتے کی موت مرنا ۔ بے عزت ہو کر مرنا ۔ حرام موت مرنا ۔

کتا چھینی ہونا ۔ از حد دشمنی و عداوت ہونا ۔

کٹ بدھا کرنا ۔ زد و کوب کرنا ۔ پیٹنا ٹھوکنا ۔

کٹتی کہنا ۔ کسی کے برخلاف تقریر کرنا ۔

کٹ مستا ۔ طاقت ور ۔ تنہ زور ۔ جوان ۔ میر ۔ پیری مین بھی جوان رکھا ہی
دختر تاک کی صحبت نے ٭ یعنی پی پی مئی انگوری میر ہوئے کٹ مستی ہو ٭

کٹورا بجنا ۔ نہایت آبادی ہونا ۔ گرم بازاری ہونا ۔

کٹورا چلانا ۔ کٹورے کو منتر کے زور سے چلا کر چور کو دریافت کرنا ۔

کٹھالی کرنا ۔ سونے چاندی کو کٹھالی مین گلانا ۔ زد و کوب کرنا ۔ خوب مارنا ۔

کتے کا کفن ۔ نہایت سستا اور خراب کپڑا ۔

کتے خسی ۔ ذلیل کام ۔ خراب نوکری ۔ اصل مین یہ لفظ
کتے کی خصلت تھا ۔

کٹھ پتلی ۔ کاٹھ کا پتلا ۔ لکڑی کا کھلونا ۔ بیکار آدمی ۔ نکما ۔

کتے کی دم ہی ۔ وہ شخص جو بہت سے سمجھانے سے نہ سمجھے اپنی بیوقوفی
سے باز نہ آئے ۔ ناسخ ۔ ہی بھی مین مردم کج طبع بھی کتے کی دم ٭
راست انکو کیجیے سو بار ہون سو بار کج ٭

کاف با جیم

کچا پکا کرنا - نیم پختہ کرنا - کچھ کچا کچھ پکا کرنا - معاملہ ٹھہرانا -

کچا جانا - اسقاط حمل ہونا - ادھورا بچہ پیدا ہونا -

کچا کرنا - دل توڑنا - پست ہمت کرنا - ذلیل کرنا - شرم دلانا -

کچا ہونا یا کچیا جانا - ہمت ہارنا - ارادہ توڑنا - شرمندہ ہونا -

کچائی نکالنا - خامی دور کرنا - کمی کو پورا کرنا - مارتے مارتے پتلا حال کر دینا -

کچ پیندیا - بات کا کچا - اقرار کا جھوٹا - متلون مزاج - کمزور - ناتوان -

کچ دلا - بزدل - ڈرپوک - ذرا سے صدمے سے رو دینے والا -

کچریان بیچنا - پچ پچ کرنا - شور و غل کرنا - اودھم مچانا - گھر کو سر پر اٹھا لینا -

کچومر کر ڈالنا - نکالنا - سخت مار مارنا -

کچھری لگانا - بھیڑ لگانا - ازدحام کرنا -

کچھ کا کچھ کہنا - خلاف کہنا - خلاف واقع بیان کرنا -

کچھ کا کچھ - کچھ سے کچھ ہو جانا - حالت دگرگون ہونا - حالت پلٹ جانا - ✽ - انقلاب دہر کا کیا اعتبار ✽ ایک دن میں کچھ کا کچھ ہو جائے ہے ✽

کچھ کر دینا - کچھ کام کر دکھانا - نمایاں خدمت کرنا -

کچھ کھا لینا - زہر کھا لینا - افیم کھا لینا - سحر - بھجوا دو گھر میں بیچ کے اے جان حاضری ✽ بھوکا تمہارے دید کا کچھ کھا کے مر گیا ✽

کچھ کہہ بیٹھنا - خلاف مرضی یا ناگوار بات کہہ دینا - گالی دے بیٹھنا -

کچھ کھو کے سیکھنا - نقصان اٹھا کر ہشیار ہونا -

کچھ نہیں کیا - ذرا بھی نہیں کیا - کوئی بات نہیں کی - کوئی کام نہیں کیا - مولانا اکبر - آئے تھے جہان میں کام کرنے ✽ افسوس کہ کچھ نہیں کیا ہے ✽

کچھ ہو جانا - سایہ کا اثر ہو جانا - کوئی بیماری ہو جانا - کچھ ظہور میں آنا -

کچھ ہو رہنا - کچھ دال دلیا ہو جانا - کچھ فیصلہ ہو جانا - کسی قدر قابلیت پیدا کرنا -

کچی ٹوٹنا - خردسال لڑکی کا ازالۂ بکر ہونا -

کچی کلی ٹوٹنا - خردسال بچے کا مر جانا -

کچی گولیاں کھیلنا - لاکھ کے بجائے مٹی کی گولیوں سے کھیلنا جو جلد ٹوٹ جاتی ہیں - جھٹل کھیلنا - ناتجربہ کار ہونا - کچا کام کرنا - شوق - اور وہ ہوتیاں ہیں البیلی ✽ میں نہیں کچی گولیاں کھیلی ✽

کچے گھڑے پانی بھرنا - ناممکن بات کا کرنا - غلامی کرنا - فرمان برداری کرنا - جرأت - اشک بھر لاؤ نہ دل دے کے میاں جرأت تم ✽ ابھی بھرنے ہیں تجھے کچے گھڑے پانی کے ✽

کچے گھڑے کی چڑھنا - شراب کا نشہ ہو جانا -

کچھ اور - کوئی چیز یا بات اور -

کچھ ایک - تھوڑا سا - کسی قدر -

کچوری سے گال - موٹے موٹے پھولے ہوئے گال -

کچا جین - کسی بات کے پیچھے لپٹ جانے والا آدمی - سخت تقاضا کرنے والا -

کچ بچ - کچر بچر - کچر گھان - بال بچے - لڑکے بالے - خردسال اولاد -

کچھ نہیں - ذرا بھی نہیں - کوئی بات نہیں -

کچے پکے دن - آغاز حمل سے پانچویں مہینے تک -

کچھ تو - کسی قدر - تھوڑا بہت -

کچا ساتھ - کچا کنبہ - چھوٹے چھوٹے بال بچے -

کچھ کچھ - تھوڑا سا - قریب قریب - کسی قدر -

کچھ نہ کچھ - تھوڑا بہت - کسی قدر -

کچھ نہ پوچھیے - کچھ حال نہ دریافت کیجیے - بس خاموش رہیے کہنے کی بات نہیں ہے - صفدر فوقانی - ناحق ہے ہم پہ جوش غضب کچھ نہ پوچھیے ✽ ہے بے سبب عتاب سبب کچھ نہ پوچھیے ✽

کچھ بات بھی - کوئی وجہ بھی - کیوں - کس واسطے - حکیم انور لاہوری - یہ غصہ اور غضب کس واسطے ہے ✽ بھلا کچھ بات بھی رنجیدگی کی ✽

کچھ دال میں کالا کالا ہے - کوئی سبب ہے کوئی وجہ ہے اس میں کوئی بات ضرور ہے - جرأت - بال ہیں بکھرے بند ہیں ٹوٹے ٹوٹا کان کا بالا ہے ✽ جرأت ہم پہچان گئے کچھ دال میں کالا کالا ہے ✽

کچہری کے کتے - عدالت کے رشوت خوار ملازم -

کچی آسامی - غیر مستقل نوکری - چند روزہ ملازمت - غیر موروثی کاشتکار -

کچی پیشی - مقدمے کی پہلی پیشی -

کاف با دال

کدال بجنا - مکان کا گرایا جانا - مسمار ہونا -

کاف با رے

کراؤ کرنا - رانڈ عورت کے ساتھ نکاح کرنا - چادر ڈال لینا - اوڑھنا اڑھانا -

کرائے پر چلانا - کسی عورت کو خرچی پر بٹھانا -

کرایہ وار اترنا - عورت کا حاملہ ہونا -

کر بیٹھنا - کسی کام کو شروع کر بیٹھنا - کسی امر کو اختیار کر لینا -

کر دیکھنا - کسی کام کو کر کے اسکی بھلائی یا برائی کا امتحان کر لینا -

کرسی دینا - مکان کو اونچا کرنا - تعظیم دینا -

کرسی نشین ہونا - صاحب عزت ہونا - اعلے درجے کو پہونچنا -
کرکرا کر دینا - خراب کر دینا - بگاڑ دینا -
کرکری اُٹھنا - پیٹ مین درد ہونا - باؤ گولہ اُٹھنا -
کر گذرنا - کسی کام کو کرکے چھوڑنا - ضد سے نہ ٹلنا - ہٹ سے باز نہ آنا - مؤلف - نہ تو مرنے سے اپنے ڈرتے ہین ٭ نہ تو محنت سے خوف کرتے ہین ٭ ہین جو مرد اپنی بات کے پورے ٭ جو دل مین آئے کر گذرتے ہین ٭
کرم پھوٹنا - قسمت پھوٹنا -
کرم ٹھوکنا - اپنی قسمت کو بُرا بولنا - طالع کو رونا
کرم کا بلیا - صاحب نصیب خوش قسمت بھاگوان -
کرم کرنا - بخشش کرنا - سخاوت کرنا مفتی حیدر - مسیحا ادھر بھی کرم کیجیے ٭ بُرا حال ہے تیرے بیمار کا ٭
کروٹ بدلنا - ایک پہلو سے دوسرے پہلو لیٹنا - انقلاب ہونا صورت بدلنا - ع - یار سے نہ کبھی آکے ہوا ہم بستر ٭ کروٹ ایسی نہ زمانے کو بدلتے دیکھا ٭
کریا ٹکاٹنا - بے عزتی کرنا - ذلیل اور رسوا کرنا -
کریا کرم کرنا - کسی کے مرنے کے بعد مذہبی رسوم ادا کرنا -
کریال مین آنا - پرندون کا خوش ہو کر پر جھاڑنا -
کریال مین غلہ لگنا - خوشی مین غمی ہونا - حلوے مین نمک پڑ جانا -
کریز کرنا - پرندون کا پُرانے پر جھاڑنا -
کڑا سمان - قحط کا زمانہ تنگی کا وقت -
کڑا کا بیتنا - فاقہ ہو جانا -
کڑا کر دینا - سخت کر دینا - کس دینا - کھینچ دینا - نرخ بڑھا دینا -
کڑاکے کا جاڑا - سخت سردی -
کڑاہی باندھنا - جادو کے زور سے آنچ لگنے نہ دینا -
کڑاہی کرنا - کسی بزرگ کی نیاز کا حلوا پکانا -
کڑاہی مین ہاتھ ڈالنا - قسم کے طور پر جلتے ہوئے تیل مین ہاتھ ڈالنا -
کڑک بانکا - چھیل چھبیلا - طرحدار - وضعدار -
کڑک بولنا - ناغہ ہونا - خالی جانا -
کڑک دوڑنا - تیزی کے ساتھ دوڑنا -
کڑوا دل کرنا - سختی جھیلنا - رنجیدہ ہونا -
کڑوا لگنا - بُرا معلوم ہونا - ناگوار گذرنا -
کڑوا ہونا - ناراض ہونا - رنجیدہ ہونا - فریر - واسے محرومی گلے پر رہ گیا جلکر مرے ٭ منھ ہوا شخص کا میٹھا جب وہ کڑوا ہو گیا ٭

کڑی اُٹھانا - سختی اُٹھانا - مصیبت جھیلنا -
کڑی کہہ بیٹھنا - سُنانا - کہنا - سخت کلام کرنا - گالی دینا - بُرا بولنا نظیر - کوئی گھڑی اگر وہ ملائم ہوا تو کیا ٭ کہہ بیٹھینگے پھر ایک کڑی دو گھڑی کے بعد ٭
کرم پھوٹا - بدنصیب - بد اقبال -
کڑوے کسیلے دن - مصیبت کے دن - تنگی کا زمانہ -
کڑیل جوان - شہ زور - طاقت ور -
کرکری خانہ - وہ مکان جسمین پُرانا اسباب رکھا رہے -
کڑی آنکھ - قہر کی نگاہ - غصے کی نظر - ناسخ - سواد جو تری زلف کا اے جان ہے مجھکو ٭ ہر حلقۂ زنجیر کی پڑتی ہے کڑی آنکھ ٭
کڑوی کھچڑی - کڑوی روٹی - وہ کھانا جو کسی کے مر جانے کے روز اُسکے وارثون کو دیا جاوے -
کڑبڑی ڈاڑھی - آدھی سفید آدھی کالی ڈاڑھی -

کاف با سین مہملہ

کس کھانا - نقصان اُٹھانا - گھاٹا کھانا -
کسک آنا - خفیف سا صدمہ پہونچنا - سحر - مزاج پوچھا کسی کا تو انکا منھ دُکھا ٭ کسک سی ہاتھ مین آئی اگر سلام کیا ٭
کسک مٹانا - خواہش مٹانا - خارش دور کرنا -
کسم کا آزار ہونا - متواتر حیض آنا - خون جاری رہنا -
کسوٹی پر چڑھانا - کسوٹی کے پتھر پر سونا گھس کر اُسکی قیمت معلوم کرنا -
کسی کی آگ مین گرنا - پڑنا - دوسرے کا کام آپ کرنا - دوسرے شخص کی مصیبت اپنے سر پر لینا -
کسی کے حق مین کانٹے بونا - کسی کی بُرائی کرنا - داغ - عدو کے نیش زن کی آپ سُنتے ہین وہ کہتا ہے ٭ کہ جب آتا ہے کانٹے ہمارے حق مین بو جانا ٭
کسی کے ہاتھون سے تنگ آنا - کسی کے سبب سے عاجز آ جانا - مجبور ہو جانا -
کسی کے ہو کر رہنا - کسی شخص کا محکوم و پابند ہو جانا -
کس کھیت کی مولی ہو - تم محض بے قدر ہو - تمکو کوئی کچھ چیز تصور نہین کرتا
کس مرض کی دوا ہو - تم کسی لائق نہین -
کس شمار قطار مین ہو - تم کسی گنتی مین نہین محض ناچیز ہو -
کسی کے گھی گھڑے کسی کے پتھر پڑے - کوئی دولتمند مالدار کوئی مفلس و نادار -

کاف با شین معجمہ

کشٹ اُٹھانا - مصیبت اور تکلیف اُٹھانا -
کشیدہ خاطر رہنا - رنجیدہ خاطر رہنا - آزردہ رہنا -

کشیدہ کاڑھنا - کپڑے پر سوئی کا کام کرنا -

کاف با فاے

کفر توڑنا - اڑ توڑنا - کسی کی ضد اور ہٹ کو توڑنا - ناخوش کو
خوش کرنا - ع - لائے اُس بت کو التجا کرکے ✤ کفر توڑا خدا خدا کرکے ✤
کفر کا کلمہ بولنا - شرک کا کلمہ زبان سے نکالنا - ع - خدا کے واسطے
اُس بت کی خاطر - زبان سے کفر کا کلمہ نہ بولو ✤
کف لے آنا - جلد غصے ہو جانا - بگڑ جانا - جوش میں آنا - آتش -
خفا دم چاہنے والوں کے ہونگے غوطے کھا کھا کر ✤ بہت کف
لائیگا وہ طفل خوش اسلوب دریا میں ✤
کفن پھاڑ کے بولنا - دفعتہً بول اُٹھنا - سوتے سوتے بول اُٹھنا -
کفن سر سے لپیٹنا - اپنی زندگی کو خطرے میں ڈالنا -
کفن کاٹھی کرنا - تجہیز و تکفین مردے کا کرنا -
کفران نعمت کرنا - احسان فراموشی کرنا -
کفش خانہ - غریب خانہ - بطور انکسار - اپنا گھر -
کفر کھچڑی - خراب صحبت - لچوں شہدوں کا مجمع -

کاف با کاف

ککڑ والا - تمبا کو پلانے والا - حقہ پلانے والا -
ککڑی کھیرا کرنا - بُرا بولنا - کوسنا - بد دعائیں دینا - نظیر - سیان
جس کو جو تو کرتا ہے ککڑی کھیرا ✤ کوسنا ہر گھڑی ہر آن کا ہوتا ہے بُرا ✤
ککڑی ہو جانا - سکڑ جانا - اینٹھ جانا - ذرا سا ہو جانا -
ککڑی کا چور - ذرا سی چیز چرانے والا -
ککڑ خانہ - وہ جگہ جہاں عام لوگ بیٹھ کر حقہ پیتے ہیں - ناقص جگہ -

کاف با لام

کل اُچھالنا - کل کو بٹا لگانا - خاندان کو بدنام کرنا -
کلام اللہ اُٹھانا - قرآن شریف کی قسم کھانا -
کلائی کرنا - ایک دوسرے کی کلائی پکڑ کر زور آزمائی کرنا - سحر - پنجۂ
دندان تیری کنگھی نے موڑا سانپ کا ✤ کیسوں نے کلائی ہاتھ توڑا سانپ کا ✤
کل بگڑ جانا - کسی اوزار کا خراب ہو جانا - کسی عضو کا بیکار ہو جانا -
کل بے کل ہو جانا - بے چین و بے آرام ہو جانا -
کل پڑنا - آرام ملنا - راحت پہونچنا - داغ - کوئی دم کوئی گھڑی
کل نہیں پڑتی دل کو ✤ میں بیان کس سے کروں آٹھ پہر کی صورت ✤
کل جیبھا - کالی زبان والا - منحوس - بد دعا جسکی پڑتا ثیر ہو -
کل سرا - کالے سر والا -

کل سے بیٹھنا - آرام سے بیٹھنا - راحت ملنا -
کل کا پتلا - وہ شخص جسکی کل دوسرے کے ہاتھ میں ہو ذاتی لیاقت
نہ رکھتا ہو - فغان - آدمی کہتے ہیں جسکو ایک پتلا کل کا ہے ✤
پھر کہاں کل اُسکو جب کل ہو ذرا بگڑی ہوئی -
کل کا لڑکا - چھوٹی عمر کا بچہ - نوجوان -
کل کل کرنا - مچانا - شور کرنا - تکرار کرنا -
کل موڑنا - پھیرنا - گھمانا - کل کو جاری کرنا کسی کے دل کو اپنی طرف کر لینا -
کل ہاتھ میں ہونا - اختیار میں ہونا - بس میں ہونا -
کلمہ پڑھانا - مسلمان کرنا -
کلمہ پڑھنا - ایمان لانا - مسلمان ہونا - جرأت - کلمہ پڑھے ترا
تجھے دیکھے جو اک نظر ✤ کافر اثر ہے یہ تیری کافر نگاہ کا ✤
کلمۂ کفر - شرک کا کلمہ جو کسی کی زبان سے نکلے - صفدر فوقانی - بتوں کے
رخ پہ ہے جلوہ خدا کا ✤ اسے تم کفر کا کلمہ نہ جانو ✤
کلنک کا ٹیکا لگانا - رسوا کرنا - عیب لگانا -
کلول ٹلنا - آفت یا بلا کا دور ہونا - میر - میں غش آگیا تھا وہ
بدن دیکھ ✤ بڑی کلول ٹلی ہے جان پر سے ✤
کلیجا اُچھلنا - دھڑکن ہونا - خوف یا دہشت کے باعث سے بیچین
ہونا یا کمال خوشی کے سبب سے -
کلیجا اُڑا جانا - طبیعت کا گھبرانا - جی پریشان ہونا -
کلیجا اُلٹ جانا - جی اُلٹ جانا - نجب - اقرار وصل کرکے پھر انکار
ظلم ہے ✤ تم کیا پلٹ گئے کہ کلیجا اُلٹ گیا ✤
کلھیا سا - بہت تنگ - سکڑا ہوا چھوٹا سا مکان -
کلھیا میں گڑ پھوٹنا - خفیہ کام ہونا -
کلھیا میں گڑ پھوڑنا - پوشیدہ کام کرنا -
کلیجا بڑھ جانا - دل بڑھنا -
کلیجا بیندھنا - چھیدنا - تکلیف دینا - صدمہ پہونچانا -
کلیجے پر چوٹ لگنا - دل پر صدمہ آنا -
کلیجا پکنا - پک جانا دل کا - نہایت رنجیدہ ہونا - جرأت - دل اپنا
یہاں تک اس عشق کے ہاتھوں سے پکا ہے کہ تار اشک بھی جوں سلاک گوہر آبلہ پا ہے ✤
کلیجا پھٹنا - دلوں میں فرق آنا - رنجیدگی باہم دو شخصوں کے ظاہر ہونا -
کلیجا تر ہونا - فائدے کی صورت نظر آنا - خوش ہونا -
کلیجا تھام تھام کر رونا - نہایت غم کی حالت میں گریہ و زاری کرنا -
کلیجا تھام کر رہ جانا - غم کو ظاہر نہ کر سکنا -

کلیجا ٹوٹا جاتا - نہایت بھوک لگنا -
کلیجا لوٹنا - دل پر صدمہ پہونچنا - دل پر چوٹ لگنا - میر - کبھی میر اس طرف آکر جو چھاتی کوٹ جاتا ہے - خدا شاہد ہے اپنا تو کلیجا لوٹ جاتا ہے -
کلیجا اوک توک ہونا - برداشت یا سہارے کی طاقت نہ رہنا نہایت بیچین ہونا -
کلیجا ٹھنڈا کرنا - آرام پہونچانا - تسکین دینا -
کلیجا ٹھنڈا ہونا - تسکین ہونا - تسلی ہونا - بحر - تم گلے سے آلگے ٹھنڈا کلیجا ہوگیا - میرے دل میں جو پھپھولا تھا وہ اولا ہوگیا -
کلیجا جلانا - اپنے دل کو جلانا -
کلیجا چھن جانا - کلیجا چھلنی ہو جانا - کسی کی طرف سے نہایت رنجیدگی حاصل ہونا طعن وتشنیع سنتے سنتے تھک جانا - ع - بس ناصح یہ تیر ملامت کمان تلک - ہو ہاتھون سے تیرے آہ کلیجا تو چھن گیا -
کلیجا دھڑکنا - دھک دھک کرنا - دل پر اضطراب ظاہر ہونا ڈرنا - خوف کرنا -
کلیجا دھک سے ہو جانا - کسی خوف یا صدمے کا صدمہ اچانک دل پر پہونچنا - جان صاحب - ہوگیا دھک سے کلیجا آوئی مین تو ڈر گئی - گھر مین بی مہتاب کے ٹوٹا جو تارا رات کو -
کلیجا سلگانا - جلانا - رنج دینا جی جلانا - تکلیف پہونچانا - جرأت - یہ کہے شب وصل مین سلگا نہ کلیجا - ہو ہے نہ لپٹ مجھسے کہ پنڈا ہے ترا گرم -
کلیجا کاڑھ کے - کلیجا نکال کے دینا - کسی شخص کو زر نقد یا کوئی اور چیز جو نہایت عزیز ہو دینا -
کلیجا کاڑھ - نکال لینا - ڈاین کی طرح جادو کے زور سے جگر نکالکر کھا جانا - کسی کو موہ لینا - عاشق بنا لینا - بہت سی جنس اچھی اچھی چیزین چھانٹ لینا - کسی کی دولت پونجی چرا لینا -
کلیجا کانپنا - ڈر لگنا - خوف معلوم ہونا -
کلیجا کٹنا - خونی دست آنا - بیجا روپیہ صرف ہونا -
کلیجا کھرچنا - بھوک لگنا - اشتہا معلوم ہونا -
کلیجا کھلانا - کسی کو خوب روپیہ کھلانا - کمال خاطر و مدارات کرنا - ع - شاد ہو ہو کے کھلاتا ہون کلیجا اپنا - غم کبھی کیا یا - کر تکا کہ مدارات نہ کی -
کلیجا منھ کو آنا - جی اتھل پتھل ہونا - نہایت جی گھبرانا - بیتابی و قلق ہونا - نظیر - اگر کچھ منھ سے لولون تو مزا الفت کا جاتا ہے - اگر چپکا رہون تو یہ کلیجا منھ کو آتا ہے -
کلیجا ملنا - دل کو مسوسنا - دل صدمہ پہونچانا - رنج دینا - سحر - رنج فرقت کو یہ دو پتی نہین ایذا کوئی - دل مین بیٹھا ہوا ملتا ہے کلیجا کوئی -

کلیجے پر سانپ لوٹنا - بیقراری کی حالت مین ہونا - ع - کلیجے پر ہمارے لوٹتا ہے سانپ سا اُسدم - شب پلدا مین جب لف مسلسل یاد آتی ہے -
کلیجے پر گھونسا سا لگنا - دل پر نہایت چوٹ لگنا - صدمہ پہونچنا - جرأت - کہے غصے مین پھر آیا او بھی چلے ہوے - ایک گھونسا سا کلیجے پر لگا جاتے ہو تم -
کلیجے پر ہاتھ دھر کے دیکھنا - اپنا سا حال دوسرے شخص کا بھی تصور کرنا -
کلیجے یا جگر سے دھوان اٹھنا - دل کی سوزش ظاہر ہونا - آتش نکلنا - جرأت - لگائی آگ کسنے میرے گھر کو - دھوان اٹھتا ہے کیون میرے جگر سے -
کلیجے سے لگا کے رکھنا - نہایت عزیز جاننا -
کلیجے کا ٹکڑا - لخت جگر - پیارا فرزند -
کلیجے مین ہاتھ ڈالنا - کلیجا نکال لینا - دل چھین لینا - دل مین جگہ کرنا - دل آزاری کرنا - میر حنا سے یار کا پنجہ نہین ہے گل کے رنگ - ہمارے اسنے کلیجے مین ہاتھ ڈالا ہے -
کلمے کا شریک - ہم مذہب - مسلمان بھائی -
کل اُچھال - ننگ خاندان - اپنے آبا و اجداد کو بدنامی دینے والا -
کلکلان کو - آیندہ کو - اتفاقاً - قضا کار -
کلمہ گو - مسلمان - ایماندار آدمی -
کلجگ کا پرچھاوا ہے - زمانے کا اثر ہے - بہت برا زمانہ آگیا ہے -
کل کی بات ہے - تھوڑے دن کی بات ہے -
کلمے کی انگلی - سبابہ - انگشت شہادت -
کلھیا مین گڑ پھوڑا ہی پھوٹتا ہے - پوشیدہ کام نہین ہوسکتا -

کاف با میم

کمال کرنا - اپنے کمال سے کسی کو دھوکا دینا - کوئی انوکھی عجیب بات ظاہر کرنا -
کمالینا - کمزور کردینا سست نہ چھوڑنا - کچھ پیدا کرنا -
کمان پرجانا - فوجی خدمت پر جانا - لڑائی پر مامور ہونا -
کمان چڑھنا - فتحیاب ہونا - جیتنا -
کمان دغنا - حکم ہو جانا - بندوق چلنا -
کمبختی آنا - برے دن آنا -
کمبختی کا مارا - بدنصیب - بدقسمت -
کمبختی نے تو نہین گھیرا - شامت تو نہین آئی - تقدیر نے دھکا تو نہین دیا - شوق - اب مین سمجھی جو قصد تیرا ہے - تجھکو کمبختیون نے گھیرا ہے -
کمپا مارنا - ایک لکڑی سے جسکو کمپا بولتے ہین کسی پرندے کو پکڑ لینا - برق - ناحبیب پار گیا تیغ کے لو دیا - طائر سدرہ کو صیاد نے کمپا مارا -

کمپو پڑنا۔ لشکر کا اُترنا۔ فوج کا قیام ہونا۔
کمپو کا بگڑا ہوا۔ سرکش۔ باغی۔ مفسد۔
کم سُننا۔ بہرا ہونا۔ اونچا سُننا۔
کمر باندھنا۔ مستعد و تیار ہونا۔
کمر جھک کے اُٹھنا۔ کمزور ہو جانا۔ بڈھا ہونا۔
کمر پکڑنا۔ سہارا دینا۔ مدد کرنا۔
کمر ٹوٹنا۔ کوزپشت۔ کبڑا۔ نامرد۔ ڈھیلا۔
کمر ٹوٹنا۔ کمر کی طاقت نہ رہنا۔ کسی عزیز کا مر جانا۔ جرأت۔
نازک کمر جب اپنی تو نے سفر پہ باندھی + کیونکر کمر کسی کی رے نازنین ٹوٹے +
کمر توڑنا۔ کمزور و ناتوان کر دینا۔ ذوق۔ توڑا کمر شاخ کو کثرت نے
ثمر کی چند دنیا میں گرانباری اولاد غضب ہے۔
کمر ٹھوکنا۔ کسی کام کے کرنے پر مستعد کرنا۔
کمر جھکنا۔ کوزپشت ہو جانا۔ ضعیف ہو جانا۔
کمر رہ جانا۔ چل پھر نہ سکنا۔ تھک جانا۔
کمر سیدھی کرنا۔ چلتے چلتے ذرا آرام لینا۔ لیٹ جانا۔
کمر کا ڈھیلا۔ نامرد۔ کمزور۔
کمر کرنا۔ کبوتر باز اپنی ٹکڑی کے کبوتروں کو آدھو آدھ الگ الگ
کر دیتے ہیں اُسکو کمر کہتے ہیں۔ گھوڑا بھی اپنی کمر کو اچھال کر جاتا ہے
کہ سوار بیری پشت سے گر پڑے اُسکو بھی کمر کرنا کہتے ہیں یہ ایک
عیب گھوڑے میں ہوتا ہے۔ ناسخ۔ کیا ہو اے طفل تجھی تاب کمر کا اثر +
تری ٹکڑی کے کبوتر بھی کمر کرتے ہیں۔
کمر کھولنا۔ آرام لینا۔ کسی کام کے کرنے سے دست بردار ہونا۔
کھول ڈالی قتل کر کے ہمکو قاتل نے کمر + آج سرکش پھر گئے خالی تمنچا ہو گیا +
کمر لگنا۔ گھوڑے کی پیٹھ کا زخمی ہو جانا۔
کمر مارنا۔ فوج کے بڑے حصے پر حملہ کرنا۔
کمہار کا آوا۔ پزاوا جسمیں برتن پکاتا ہے۔ کنایۃً ماں کا پیٹ۔
کمیلہ کرنا۔ ذبح کرنا۔ چھری چلانا۔
کمی نہ کرنا۔ بس چلنے میں کسر نہ کرنا۔ پورا زور لگانا۔ داغ۔ ستم کبھی
کرنا جفا بھی کرنا نگا الفت کبھی نہ کرنا + ہمیں قسم ہے ہمارے سر کی ہمارے حق میں کمی نہ کرنا
کم کا مضبوط۔ دیر تک ٹھہرنے والا۔ زور آور۔ طاقت ور۔ بہادر۔
کم ظرف۔ تھوڑے حوصلے کا آدمی۔ سفلہ۔ شوق۔ ایک ساغر میں
ہوش اُڑ گئے واہ رے کتنے کم ظرف ہو معاذ اللہ +
کم بختی کے دن۔ مصیبت کا زمانہ۔ بُرا وقت۔

کاف با نون

کنارہ کرنا۔ کنارہ کشی کرنا۔ کنارہ کش ہونا۔ الگ ہونا
علیحدگی اختیار کرنا۔ باز آنا۔ بچنا۔
کنارے کنارے چلنا۔ الگ الگ چلنا۔ بچکر چلنا۔
کنارے لگانا۔ منزل مقصود تک پہونچانا۔ دریا پار کر اتار دینا۔
کنارے لگنا۔ دریا پار ہونا۔ ختم ہونا۔ مرنا۔
کنارے ہو جانا۔ ایک طرف ہو جانا۔
کن آنکھوں سے دیکھنا۔ گوشۂ چشم سے نگاہ کرنا۔ نیچی نظروں سے دیکھنا
کنٹھا اُٹھانا۔ تسبیح ہاتھ میں لیکے قسم کھانا۔ گنگا جلی اُٹھانا۔ بحر۔
ہمسے تھو غبار یہ یاور نہیں ہیں + گوشتے خاک پاک کا کنٹھا اُٹھا لیا +
کنٹھ بیٹھنا۔ گلا بیٹھنا۔ آواز بھاری ہونا۔
کنٹھ سوکھ جانا۔ پیاس سے حلق خشک ہونا۔
کنٹھ کرنا۔ حفظ کرنا۔ نوک زبان کرنا۔ ازبر کرنا۔
کنٹھ نکلنا۔ یا پھوٹنا۔ بلوغت کو پہونچنا۔ جوانی کی علامت ظاہر ہونا
کنٹھی باندھنا۔ کسی کا چیلا یا مرید ہونا۔
کنٹھی دینا۔ چیلا یا مرید ہونا۔
کنچن برسنا۔ ہر سمت سے روپیہ کی آمد ہونا۔
کنچن نیر۔ نہایت صاف پانی۔ دوہا۔ دلی نگر سہاونا برسے
کنچن نیر + سب کے کنٹھ بڑور کے لے گئے عالم گیر +
کندن بن جانا۔ صفا ہو جانا۔ ستھرا نکل آنا۔
کندھا دینا۔ سہارا لگانا۔ کسی کے جنازے کو کندھے پر اُٹھانا۔
کندھا ڈال دینا۔ بیل کا اپنے کندھے سے جُوے کو گرا دینا۔ ہمت ہارنا۔
کندھا لگنا۔ کندھے کا زخمی ہونا۔
کندھے لگانا۔ بچے کو کندھے لگا کر سُلا دینا۔
کندی کرنا۔ موگری سے کوٹ کر کپڑے کو صفا کرنا۔ زدوکوب
کرنا۔ مارنا۔ پیٹنا۔
کن سوئی لینا۔ دوسرے کی بات چھپ کے سُننا۔
کنکسا۔ نہایت سرد۔ بہت ٹھنڈا۔
کن کرنا۔ کھڑی کھیتی پر جا کر اناج کا اندازہ کرنا۔
کنواں ٹوٹنا۔ کنوئیں کا پانی کم ہو جانا۔ ناسخ۔ سفلہ ہو جاتا ہے وقت
امتحان بے آبرو + ہے دلیل اس مدعا پر ٹوٹ جانا چاہ کا +
کنواں جوتنا۔ کنوئیں سے پانی کھینچنا۔
کنواں چھوڑ دینا۔ کنوئیں سے پانی کھینچنا موقوف کرنا۔

کنوتیان بدلنا - گھوڑے کا کان کھڑے کرنا -
کنوڈا کرنا - شرمندہ کرنا - لجانا - ممنون کرنا - احسان سے دبانا -
کنوین مین بانس ڈالنا - ٹٹولنا - ڈھونڈھ بھال کرنا - تلاش کرنا -
کنوین جھانکنا - نہایت جستجو کرنا - تلاش کرنا - سحر - یہ جگہ وہ ہے فرشتون نے کنوین جھانکے ہین ٭ پاک آلایش دنیا سے بشر کیا ہوگا ٭
کنوین جھکانا - سانپ کنوین دکھانا یہ باولے گتے کے کاٹے کا ایک ٹوٹکا ہے تاج سجانا - ناک مین دم کرنا - تنگ کرنا - میر حسن -
ذرا چاہ کا دیکھ اپنی مزا ٭ جھکاتی ہون کیسے کنوین مین بھلا -
کنوین مین بولنا - باریک اور دبی آواز سے بولنا - قریب الرگ ہونا
کنیہ نکالنا - بغض اور غصہ نکالنا -
کنی دینا - چھپنا - کنیانا - لحاظ کرنا - ڈرنا ہے
کنی کھانا - کنکوے کا ایک طرف جھکنا - شرمانا - آنکھین سامنے نہ کرسکنا
کنکر پتھر - جواہرات ہیرا - موتی - پنا - حقارۃً - ناکارہ چیزین -
کن ماتر - نہایت قلیل - بہت تھوڑا -
کندہ ناتراش - احمق آدمی - بیوقوف -
کنجڑے کا غلہ - وہ برتن جسمین کنجڑا کوڑیان جیسے اپنی جنس کی بکری کی جمع کرتا ہے - ملا جلا حساب - گڈبڈ - کھچڑی - ابتری بے ترتیبی -
کنجڑون کی بولی - فحش گالی - سائیسون کی زبان -
کنجڑے قصائی - کم ذات لوگ -
کنگھی چوٹی - بناؤ سنگار - آرایش - ے - وا ے اندھیر کیٹ گئی شب وصل ٭ کنگھی چوٹی مین مسی کاجل مین ٭

کاف با واو

کورہت اتارنا - کوار پن اتارنا - ازالہ بکارت کرنا -
کوا ٹوٹ تو ٹر کھانا - مفلسی کی حالت مین دن کاٹنا -
کو پا کاری کرنا - زدوکوب کرنا - خوب پیٹنا -
کوتاہ کرنا - مختصر کرنا - بیباق کرنا - چکا دینا -
کوتھلا بھرنا - پیٹ بھرنا -
کوٹھا بگڑنا - ہاضمہ بگڑنا - معدہ خراب ہونا - عورت کا رحم خرابی مین آنا - اولاد کا پیدا نہونا -
کوٹھی بیٹھنا - دوکان مین گھاٹا آجانا - دیوالہ نکلنا - ٹاٹ الٹ جانا
کوٹھے پر بیٹھنا - کوٹھا لیکے بیٹھنا - زناکاری کا پیشہ کرنا - رحمت - انکھو نہین لحاظ کسیکا مجھکو شرم ہے ٭ بیٹھونگی کوٹھا لیکے مین بھنڈی براین ٭
کوچہ گردی کرنا - واہی تباہی پھرنا -

کوچا کریلا - وہ بچہ جسکو سیتلا نکلی ہو - داغ دغیلا -
کوچ کرنا - روانہ ہونا - سدھارنا - مرجانا - حالی - کوچ سب کر گئے دلی سے ترے قدرشناس ٭ قدر یان رہ کے اب اپنی نہ گنوانا ہرگز ٭
کوچے - کونچین کاٹنا - کسی کے دونون پاؤن ایڑی اور ٹخنے کے درمیانی پٹھے کاٹ ڈالنا - لنگڑا کر دینا - ناسخ - تونے جس روز سے قاتل مرے کوچے کاٹے ٭ بوالہوس نے ترے کوچے کا گذر چھوڑ دیا ٭ سحر -
کوچہ گردی سے کسی صورت قدم رکھتے نہین ٭ کاٹ ڈالون اپنے کوچے ہی بھی تجویز ہا ٭
کودون دلانا - کودون ایک سخت ناج کا نام ہے جسکا دلنا مشکل ہے سخت کام کرانا - محنت شاقہ لینا -
کودون دیکے پڑھنا - استاد کو کودون ناج دیکر علم پڑھنا -
کورا بچ جانا - صاف کسی صدمے سے رہائی پانا -
کورا رکھنا - کچھ فائدہ نہ پہونچانا - محروم رکھنا -
کورے استرے سے سر مونڈنا - تیز استرے سے حجامت بنانا - سب کچھ چھین لینا -
کوڑا کرنا - گھوڑے کو تازیانہ لگانا - صبا - توسن طبع کو کریا لین ہو مین کوڑا کیا کیا ٭ ایک اک گام پہ پلٹا ہے یہ گھوڑا کیا کیا ٭
کوڑی کا ہو جانا - کوڑی کی قیمت کا ہو جانا - بے قدر ہو جانا کام کا نرہنا - آتش - ہر چند سے اسکے ہاتھ مین ساغر شراب کا ٭ کوڑی کا ہو گیا ہے کٹورا گلاب کا ٭
کوڑی کا کر ڈالنا - بے عزت کرنا - حبیب - دانتون نے اسکے عشق کی بازار مین حبیب ٭ کوڑی کا کر دیا گہر آبدار کو ٭
کوڑیان کرنا - کوئی جنس سستی فروخت کر دینا -
کوڑی کوڑی جوڑنا - مصیبت سے مال جمع کرنا -
کوڑی کوڑی کو حیران ہونا - نہایت مفلس و نادار ہونا -
کوڑی پاس نہونا - مفلس و محتاج ہونا -
کوڑی کوس دوڑنا - نہایت محنت سے روپیہ پیدا کرنا -
کوڑی کو نہ پوچھنا - نہایت بیقدری ہونا -
کوڑی کو تین تین بکنا - یا ہونا - نہایت ارزان و سستا ہونا - ظفر -
کوڑی کا اس جہان مین نقش و نگین ہے ٭ کوڑی نہو تو کوڑی کے پھر تین تین ہین ٭
کوڑی کے کام کا نہین - محض نکما اور ناکارہ -
کوڑیون کے مول بکنا - ہونا - ارزان اور سستا بکنا - آتش - محبت کوڑیون کے ہو اگر مول ٭ نہی آدم نہ لے یہ دردسر مول ٭

کوزے مین دریا کو بند کرنا - بہت سی چیز کو چھوٹے برتن مین الگ دکھلا دینا - ذوق - ضبط گریہ نے تماشا طرفہ تر دکھلا دیا ؎ جسم کے کوزے مین دریا بند کر دکھلا دیا ؞

کوسون بھاگنا - دور دور رہنا - پاس نہ آنا - مؤلف - غضب ہے ہجر کے رہتے ہین وہ پاس نہ ہوا خواہون سے کوسون بھاگتے ہین ؞

کوکھ ماری جانا - عورت کا بانجھ ہو جانا - بے اولاد رہنا -

کولا کاٹنا - بوٹیان نوچنا - کھال اُتارنا -

کولھو کاٹ کر موگرا بنانا - قیمتی اور بڑی چیز کو کاٹ کر نہایت اور چھوٹی چیز بنانا - بیوقوفی کا کام کرنا -

کولھو کے بیل کی طرح پلنا - محنت و مشقت کرنا -

کولھو مین پلوانا - کسی کو کولھو مین پلوا کر مروا ڈالنا - سخت سزا دینا -

کولے مین لے لینا - بغل مین لے لینا - بغلگیر ہونا - جرأت - پہ دلِ پُر اُسے کولے مین اگر مین تو عجب کیا ؎ بے مرہم ابھی زخم مرے دل کا ہرا ہے -

کونڈا کرنا - کسی بزرگ کی نیاز دینا - جان صاحب - ہمسا کی مرے سر کی قسم آئیو ضرور ؎ کونڈا کرونگی جمعے کو سید جلال کا ؞

کونڈی سونٹا بجنا - بھنگ گھٹنا اور پینا -

کوئی کسی کی قبر مین نہین جائیگا - کوئی کسی کے بدلے نہین مریگا -

کوئی کسی کا رنج نہین اُٹھائیگا -

کوکھ کی آنچ - پیٹ کی آگ مادری محبت -

کوڑی بھر - قدر قلیل - کم مقدار چیز -

کوڑ مغز - احمق بے وقوف -

کوڑیون کے مول - بہت کم قیمت پر -

کولھو کا بیل - تیلی کا بیل - نہایت محنتی -

کوڑیا غلام - بے قدر غلام - بے عزت ملازم مفت کا نوکر -

کوٹھی والیان - کسبن عورتین -

کوئی نہین پوچھتا کہ تیرے منھ مین کتنے دانت ہین - بڑا امن چین اور آزادی کا زمانہ ہے کوئی کسی کا مزاحم حال نہین ہے -

کوئی دن تک یاد کروگے - اب تو آپ ہماری قدر نہین کرتے لیکن ہمارے بعد کسی قدر زمانہ تک ہمکو یاد کیا کروگے -

کوڑی کوڑی - بالکل تمام وکمال - ذرا ذرا -

کاف با ہاے

کھاتا پیتا - آسودہ حال - خوش گذران -

کھاتے پیتے لاتین مارنا - آسودگی مین خدا کی شکایت کرنا - ناشکری کرنا -

کھاٹ پر پڑنا - بیمار پڑنا -

کھاٹ سے اُتارنا - بیمار کو زمین پر اُتار رکھنا جسکا قریب المرگ ہونا -

کھاٹ سے لگ جانا - نہایت بیمار ہونا -

کھاری کنوین مین قند ڈال دینا - ضائع کرنا - تلف کرنا - کھو دینا - سحر - قنادگر سُنے تجھے شیرین دہن کے وصف ؎ کھاری کنوون مین قند کے کوزون کو ڈال دے ؞

کھاٹ سُنا - گلہ شکایت - بات چیت -

کھال اُتارنا - کسی کے جسم کی کھال اُکھاڑنا - جان سے مارنا -

کھال اُدھیڑنا - سخت زد و کوب کرنا -

کھال کھینچنا - جان سے مارنا - قتل کرنا - آتش - شانہ کبھی جو اُنکی زلفون کے بال کھینچے ؎ مشاطہ کے وہ بیشک غصے مین بال کھینچے ؞

کھانا دینا - دعوت یا ضیافت کرنا -

کھانڈے کی دھار پر چلنا - خطرناک مقام پر جانا - بیخوف اور بے لگاؤ ہونا - عادل او منصف ہونا -

کہان کا آنا - کہان کا جانا - ترک ملاقات کرنا - کسی سے نہ ملنا داغ - کہان کا آنا کہان کا جانا وہ جانتے ہی نہین یہ رسمین ؎ وہان ہے وعدے کی بھی یہ صورت کبھی تو کرنا کبھی نکرنا ؞

کھانے کمانے کا ٹھیکرا - روزی کا باعث -

کھٹا کھانا - سخت سست باتین سُننا - گالیان کھانا -

کھٹا میٹھا ہونا - منھ مین پانی بھر آنا - جی للچانا - ظفر - جب نظر آئی مجھے شوخ کے سینے کی بہار ؎ کھٹا میٹھا سا لگا ہونے مرا دل ایکبار ؞

کھٹا ہو جانا - ترش ہو جانا - بیزار ہو جانا - افسردہ خاطر ہو جانا -

کھٹائی مین پڑنا - زیور کا اُجالنے کے لیے کھٹائی مین پڑنا - کسی مصیبت و دقت مین پڑنا - میرزا دوالاجاہ - لیمون پر جان اپنی ہم تمھاری ترش روئی سے ؎ کھٹائی مین پڑے رہتے ہین جیتے ہین نہ مرتے ہین یا آرزو - تجلی گرے الٰہی مہاجن کی جان پر ؎ کیا پڑ گئین کھٹائی مین کانون کی بالیان ؞

کھٹائی مین ڈال دینا - کسی کھٹیڑے جھگڑے مین ڈال دینا - صبا - جواب صاف دیدو فائدہ کیا ترشروئی سے ؎ ہمین کیون ڈال رکھا ہے اجی تنے کھٹائی مین ؞

کھٹراگ مین پڑ جانا - بیفائدہ اور فضول کام مین پڑ جانا - صبا - پڑے ہین عشق کے کھٹراگ مین ہم اسے مطرب ؎ کسے خیال ہے دھرپد تو اپنے تروٹ کا ؞

کھٹکا لگا رہنا - فکر و تشویش میں رہنا -

کھٹیا سینا - چارپائی پر پڑے رہنا - بیمار رہنا -

کھٹیا تو ہونا - گذارہ ہونا - گذر ہونا - میل جول ہونا -

کھٹی چھاچھ سے بھی جانا - تھوڑے فائدے سے بھی جاتا رہنا -

کھٹی میٹھی باتیں سننا - بُری بھلی باتیں سننا -

کھجلی اٹھنا - خارش اٹھنا - مار کھانے کو جی چاہنا - خواہش نفسانی کا زور کرنا -

کھچڑی آنا - بیری کے درختوں پر پھول آنا -

کھچڑی پکانا - پوشیدہ صلاح و مشورہ کرنا - پوشیدہ سازش کرنا -

کھچڑی پکنا - لوگوں میں پوشیدہ پوشیدہ کسی امر کا تذکرہ ہونا - شعر
بات یہی ہے جو یہ کھچڑی سی سمیوں میں جس سے ۔ اب تلک اُم اسکی
گلی دال نہ چاول گل سکا ۔

کھچڑی ہونا - بالوں کا سیاہ و سپید ہو جانا - گڈمڈ ہو جانا - مل جل جانا -

کھر اپنی نکھارنا - اپنے آپ کو خوش معاملہ ظاہر کرنا -

کھر پا جانی سنبھالنا - سائیسی کرنا - گھاس کھودنے جانا -

کھری کہنا - صاف صاف کہنا سچ بولنا - لاگ لپیٹ نہ رکھنا -

کھرل کرنا - پیسنا - نہایت باریک کرنا -

کھری سنانا - صاف صاف کہنا ذرا لحاظ نہ رکھنا - لگی لپٹی نہ رکھنا -

کھر کھوج کھونا - مٹانا - نام نشان نہ رکھنا - کسی چیز کا نَاس کر دینا -

کھڑا پچھاڑیں کھانا - کسی چیز کے رنج میں کھڑا ہو کر گر پڑنا -
نہایت درجہ کا سوگ اور ماتم کرنا -

کھڑا پیٹنا - سخت ماتم کرنا -

کھڑا ترسنا - کسی امر کے حاصل ہونے کے واسطے منتظر رہنا کہ
کب حاصل ہوتا ہے - احسن - ترس تجھکو نہیں اے شوخ آتی کیا ہے
ترسائی ۔ تیرے دیدار کو میں دیدۂ تر سوں کھڑا ترسوں ۔

کھڑا رہنا - منتظر رہنا - ٹھہرنا - راہ دیکھنا -

کھڑا کر کے دکھانا - ٹھینگا دکھانا - خواہ مخواہ کو کچھ نہ دینا - انگوٹھا کھڑا کر کے دکھانا -

کھڑا کرنا - ٹھہرانا - روکنا - قائم کرنا - برپا کرنا -

کھڑے گھاٹ دھلوانا - دھوبی سے کپڑے خم چڑھائے بغیر
کھڑے کھڑے دھلوا لینا -

کھسٹ نکالنا - کسی کا عیب یا نقص ظاہر کرنا - نکتہ چینی کرنا - حجت نکالنا -

کھسر پھسر کرنا - کانا پھوسی کرنا - سرگوشی کرنا -

کھکیڑ اٹھانا - سخت محنت و رنج اٹھانا - ذوق - آوارگی سے کوئے
محبت سے ہاتھ اٹھا ۔ اسے ذوق یہ اٹھا نہ سکیگا کھکیڑ اتو -

کھل بیٹھنا - فراغت سے بیٹھنا - آرام سے بیٹھنا - مصحفی - مکان
مصحفی اسکو تو سمجھو آپ کا گھر ہے تکلف کچھ نہیں کھل بیٹھیے یہاں بے حجابی سے ۔

کھل کھیلنا - بے شرم ہو کر کام کرنا - کسی کا خوف نہ رکھنا - جرأت -
گالیاں دینے لگے نام مرا لے کے تم ۔ کچھ مری چاہ کے کھلے جانے
ہی کھل کھیلے تم ۔

کھلی میں اڑانا - ہنسی اڑانا - بیوقوف احمق بنانا - نسخ - باغ میں
اُس گل کو لیجا کر ہنسایا چاہیے ۔ کلیوں میں عندلیبوں کو اڑانا چاہیے ۔

کھلے سورٹھ کہنا - سب کے روبرو سورٹھ راگ گانا - جو کہنا -
برملا کہنا - لحاظ نہ رکھنا -

کھلیوں میں لینا - مذاق کرنا - ہنسی کرنا - پھبتی اڑانا - شعر
شرم غنچہ کو ہی تیرے دہن سے ورنہ ۔ کلیوں میں اسے اک گل خنداں لیتا -

کہنا ٹال دینا - کسی کا حکم نہ ماننا -

کہنا سننا - اختیار - دخل - پہونچ - حکم احکام - صفدر رفوقانی
گلشن میں بلبل بھلا کیوں وقت بہار ہے اسکا چلتا ہے ہر اک باغ میں کہنا سننا ۔

کھنڈت کرنا - کسی کام میں خلل پڑنا -

کھنڈے استرے سے سر مونڈنا - ستانا - تکلیف دینا -
رنج پہونچانا - دق کرنا -

کنگھی لگ جانا - نہایت لاغر ہو جانا - ہڈی پسلی دکھائی دینے لگنا -

کہنے میں آجانا - کہا مان لینا - انکار نہ کرنا -

کھوپری چٹکنا - سر درد ہونا - چکرانا - سر پھٹا جانا - شعر
شراب عشق کی حدت سہار ہے کیونکر یہ چاول نشہ کا ہے کھوپری چٹکتی ہے ۔

کھوپری کھا جانا - مغز کھا جانا - دق کرنا -

کھوٹ ہونا - نقص ہونا - عیب ہونا - خرابی ہونا - بغض و
عداوت ہونا - شعر - یکرنگ آشنا نہیں ہمنے پرکھ لیا ۔
منہ پر ہیں دوست آپ مگر دل میں کھوٹ ہے ۔

کھوٹی کرنا - کہنا - برائی کرنا - بدگوئی کرنا - جرأت - گر میں کہوں
کہ ہے تو کی کھوٹی تمنے جان ۔ تو کس ادا سے بولے کہ ہاں ہم میں کھوٹ ہے -

کھوج کھونا - پتہ و نشان گم کرنا -

کھود کر پوچھنا - تحقیقات کرنا - چھان بین کرنا - دریافت کرنا -

کھو کر سیکھنا - نقصان اٹھا کر تجربہ حاصل کرنا -

کھونٹا سا گڑ جانا - میخ کی طرح گڑ جانا - قائم ہو جانا - ٹھیک بیٹھ جانا -

کھونٹے پر مارنا - مضبوط ہونا - بیر مارنا -

کھونٹے سے بندھ جانا - دوراعلق ہو جانا - نکاح ہو جانا -

کھونٹے کے بل کودنا - کسی کی حمایت پر لڑنا -
کھونٹی نہ چھوڑنا - ایسی حجامت کرنا کہ بال کی کھونٹی کہیں نظر نہ آئے - بجوبی غارت کرنا - لوٹنا - صفایا کر دینا -
کھوئے جانا - گم ہو جانا - حواس باختہ ہونا - لاجواب ہونا -
کھوے سے کھوا چھلتا تھا - آدمیوں کی اتنی کثرت تھی کہ شانے سے شانہ رگڑا جاتا تھا -
کھیت پڑنا - لڑائی میں بہت سے آدمیوں کا مارا جانا - سحر ۔ کبھی تو سبزہ شمشیر امتحان دیکھیں ہیں کبھی دکھیت پڑے کشتہ دل ہری ہو جا +
کھیت چھوڑ جانا - شکست کھانا - لڑائی سے بھاگ جانا -
کھیت رہنا - لڑائی میں مارا جانا -
کھیت کرنا - زراعت کرنا - کھیتی کرنا
کھیر کا دلیا ہو جانا - انقلاب ہونا - قسمت کا الٹ جانا - کچھ کا کچھ ہو جانا - ہے - اپنی قسمت کی یہ کیا ہیر پھیر نکلیا دلیا نکالی کھیر تھی
کھیس کھلنا - خاک کھانا - جھوٹ بولنا - جھک مارنا -
کھیسا کھانا - تجربہ کار جہاں دیدہ -
کھیل بگاڑنا - کسی کا بنا ہوا کام خراب کرنا - ہے - حکم و پانکا بنگا کب تلک یہ کھیل ہاں + چوتھے دن گزرے تو بس سارا بگڑ جائیگا کھیل
کھیل بنانا - مباشرت کرنا -
کھیل سمجھنا - کسی کام کو سہل یا آسان تصور کرنا - شوق سے کیا دیدہ و دل سمجھا ہے + کیا ملاقات کھیل سمجھا ہے +
کھیل کرنا - کھیلنا - تماشا کرنا - ہنسی ہنسی ٹالنا -
کھیل کھلانا - ناچ نچانا - دق کرنا - ستانا مارنا -
کھیل کھیل ہو جانا - ٹکڑے ٹکڑے ریزہ ریزہ ہو جانا -
کھیلن کا نہ رہنا - نہ دین کا رہنا نہ دنیا کا - کسی کام کا نہ رہنا -
کھاری کنواں - بے فیض آدمی -
کہاں کہاں - بہت دور بے ٹھکانے -
کہنے کی باتیں ہیں - وہ باتیں جنکی اصل نہو -
کہنے کو - نام کو ذکر کو
کھل کے - خلاصہ اچھی طرح سے - آرام سے - حسب دلخواہ میر تقی
جوں صبح اس چمن میں نہ ہم کھل کے ہنس سکے + فرصت رہی سو میر بھی اک نفس رہی تھی +
کھلا خزانے - کھلے بندوں - کھلا بازار - علانیہ - کھلم کھلا - ظاہر اسب کے سامنے - آرزو - کھل کر ندیا گیا کبھی دل

غارت کیا ہے کیا تصور قلب دلبر نے کھلے بندوں لیا حکیم الٰہی لاہوری میں جو آئے تو مانگ لو حق سے + معرفت کے کھلے خزانے ہیں - مولانا اکبر
لاکھوں یوسف یہاں سے آ کے گئے ہو + سدا عشق کا کھلا بازار ہے +
کھوٹا پیسا یا کھوٹا بیٹا وقت پر کام آتا ہے - اسکا مطلب ظاہر ہے کہ کھوٹا پیسا بھی کبھی چل جاتا ہے اور کھوٹا بیٹا بھی کسی مشکل کے وقت کام آتا ہے - ناسخ - سچ مثل ہے کبھی کام آتا ہے کھوٹا بیٹا +
صنم دیر ہوئے طالب ایمان ہم سے +
کھیل ہے - تماشا ہے - آسان کام ہے - ادنےٰ بات ہے - قطعہ از مؤلف
کھیل کر اسکو کوئی جیتا نہیں + کس قدر مشکل یہ دنیا کھیل ہے + ہر کوئی مشغول اس بازی میں ہے + فی الحقیقت یہ اچنبھا کھیل ہے +

کاف یا یاے

کیا انھیں کے سر سہرا باندھا گیا یعنی اس کام کا مدار کیا انھیں پر ہے
کیا بگڑتا - کیا نقصان ہوتا کیا بگڑتا - جان صاحب - میں بات کری جو انہوں میں تمھے اے صاحب + ذلیل ہوتی یہ بندی تمھارا کیا جاتا +
کیا کیا - بہت کچھ بہت سا بخوبی - داغ - بعد استاد ذوق کے کیا کیا + شہرت افزا کلام داغ ہوا -
کیا کیا کچھ - کون سی بات باقی رہی - سب کچھ کیا - ہے - نہ پوچھ کیا کیا نہ تیرے عشق میں سمجھو نے کیا + صبر ایوب کیا گریہ یعقوب کیا +
کیا ہوتا - کچھ بھی نہ ہوتا - ذرا اثر نہ کرتا - ذوق - کیا ہوتا جو سمجھاتا آہستہ بچا کر ہے دوست + دشمن کا سخن ذہن نشین ہو ہی چکا تھا +
کیڑا دینا - کسی کی خواہش نفسانی مٹانا -
کیڑا کلبلانا - خواہش نفسانی کا زور ہونا -
کیڑا لگنا - کیڑا کھا جانا - خراب ہو جانا - آتش - رو کے دل ہے دیکھ کر شبنم کو کہتا ہو وہ گل + کیا ہی کچھ بھی ہے کہ کیڑا لگ گیا بانات میں +
کیل نکالنا - خوب ٹھیک کرنا -
کینچلی بدلنا - پوشاک بدلنا - اچھے کپڑے پہننا -
کینڈا کرنا - اندازہ کرنا - تخمینہ پھیلانا -
کیل کانٹا درست رکھنا - سامان درست رکھنا -
کیا خوب - واہ واکیا کہنی - بڑی اچنبھے یا اچنبھے کی بات ہے -
کیا خبر - کچھ خبر نہیں - معلوم نہیں - داغ - کسی کو کیا خبر کیوں خیر و شر پیدا کیا تو نے + کہ کچھ تو خدائی میں وہ بے ربط شاہ تیرا +
کیا درزی کا کرچ اور کیا مقام - چونکہ درزی کے اوزار سوئی تاگا قینچی وغیرہ میں اسواسطے اسکا سفر و مقام یکساں ہے -

کیل کا کھٹکا نہین - کچھ اندیشہ نہین - سحر - در دہن کے لیے خاشی
مناسب ہی یہی ہی قفل نہین جسمین کیل کا کھٹکا -

کیون نہو کیون نہین - بیشک ضرور کلمۂ تحسین و آفرین - ناسخ سکون کیا
طرز سخن ہی جو اسے آتی نہین - کیون نہو شاگرد ہی ناسخ تیرا کُ استاد کا -

کیا واسطہ - کیا وجہ - کیون - کس لیے - ظفر - کیا سبب کیا واسطہ
کیا کام تھا بتلائیے - گھر سے جو نکلے نہ اپنے تم ظفر دو دن تلک -

کیا بات ہی - کیا کہتے ہین - کیا خوب - غالب - واعظ نہ تم پیو نہ کسیکو
پلا سکو - کیا بات ہی تمھاری شراب طہور کی -

کیا پروا ہی - کچھ حاجت نہین - ضرورت نہین -

کیا جان ہی - کیا طاقت ہی - کیا مجال ہی - ذوق - تن کی کیا جان کہ
جان اپنی نکلنے پائے - ہو بشرطے ترے آنے کا بھروسا ہمکو -

کیا جانے - کیا جانیے - خدا جانے معلوم نہین - میر - ہمارے قتل
مین کیا جانے کیا ہو ایس پیش - کھچے وہ تیغ کی صورت ترے سیر طرح
داغ - کیا جانے چپ ہی کیون تیری صورت کو دیکھ کر - آئینہ مین
نہین ہون کہ حیران ہو گیا -

کیا چیز ہی - ہیچ ہی - ناچیز ہی - کچھ بھی نہین - مؤلف - چیز کیا ہی
دولت و حسن و جمال - ملک و مال و سیم و زر کیا چیز ہی - چھوڑ کر
ہر چیز کو جاتا ہی جب - سر و را لعل و گہر کیا چیز ہی -

کیا منھ ہی - کیا حوصلہ ہی - کیا مقدور ہی - مومن - سنگ اسود نہین ہی
چشم بتان - بوسہ مومن طلب کرے کیا منھ -

پانچوین فصل

ادویات و لغات متعلق علم طب کے بیان مین

کاف با الف

کاک جنگیھا - یہ ایک ہندی دوا ہی دافع کرم شکم و امتلاے
بلغمی ہی اور اگر کوئی کچا کشتہ پارے کا کھا کر بیمار ہو جاے
تو یہ دوا اُسکے ضرر کی دافع ہی -

کات - فارسی مین نام ایک قسم کے چانولون کا ہی جو ایک برس
بوئین تو سات برس تک پھل دیتا ہی نیز نام ایک دوا کا ہی جسکو
ہندو کتھ کہتے ہین وہ گوند اور دوسرا ایک درخت کا ہی جسکو
کھیر بھی بولتے ہین وہ درخت بہت بڑا ہوتا ہی لکڑی اُسکی سرخ
جوہر دار سخت کانٹے دار پتے املی کے سے ہین اُسکی لکڑی پکا کر
کتھ نکالتے ہین اُس سے رطوبت نکلکر اُسپر جم جاتی ہی بہتر وہ ہی کہ
خود بخود درخت سے نکلے طبیعت اُسکی سرد خشک قابض و حابس

در ادع ہی مسّمن اُسکا مسوڑھون کو مضبوط کرتا ہی زخمون کو اچھا کرتا ہی
قاتل کرم شکم ہی یرقان اور جذام اور فساد خون کی دوا ہی دافع
جریان منی و کثرت احتلام -

کالا کوٹ - ہندی مین ایک نبات کی جڑ شکل اور رنگ مین
مشابہ جدوار نفشی اور بچھناگ کے نواح تبت مین پیدا ہوتی ہی
بہتر وہ ہی جو چمکتی ہوئی سخت ہو طبیعت اور خواص اُسکے سم الفار
یعنی سنکھیا کے سے ہین زہر قاتل ہی -

کامخ - آخر مین خاے معجمہ یہ ایک نان خورش جو لونہ و دودھ
و خمیر و سے بناتے ہین طبیعت اُسکی گرم و خشک ردی الکیموس اور
متعطش اور مفسد معدہ و طحال ہی -

کافور - یہ ایک درخت کا گوند ہی جو زیر باد او جزیرہ ماچین مین
ہوتا ہی درخت بڑا اور لکڑی اُسکی سفید ہوتی ہی اُس سے کافور نکلتا ہی
جو بہت اقسام کا ہوتا ہی ایک کا نام ریاحی ہی جو مشابہ مصطگی کے ہوتا ہی
اور خود بخود درخت سے نکلکر منجمد ہو جاتا ہی یہ اعلیٰ اقسام سے ہی بعض کے
نزدیک وہ شبنم ہی جو درخت پر جم جاتی ہی - دوم قیصوری ہی جو مقام
قیصور سے آتا ہی اُسکا درخت بہت بلند دیودار کی طرح ہوتا ہی اُسکو
چیر کر کافور نکالا جاتا ہی - تیسری قسم کا کافور درخت کی لکڑی کو جوش
دیکر کافور نکالتے ہین جعلی کافور بھی بنایا جاتا ہی جو اُسی درخت کے پتون
اور جڑ سے بنایا جاتا ہی طبیعت اُسکی سرد خشک مفرح مقوی دماغ
اور دل ہی تپ دق و ذات الجنب سل و اسہال حارہ کو دفع کرتا ہی
رافع تشنگی و سوزش جگر و گردہ و حرقۃ البول قاطع باہ ہی -

کاشم - یہ ایک نبات ہی بہشتی ساق اُسکی چھوٹی اور پتلی مانند
شبت کے اور پتے مانند اکلیل الملک کے پھل سیاہ تھوڑا لمبا
سونف سے نہایت خوشبو طبیعت اُسکی گرم اور خشک محلل ریاح
منضج اخلاط خام دافع سرفہ و رطوبت معدہ گرم معدہ و استسقا و مدر بول و حیض ہی

کاچولون - کانچ کا میل دافع بلغم و قولنج و سپیدی چشم و خارش
و جرب ہی -

کانا پچھو - یہ ایک چیز اقسام سمارغ سے ہی جو برسات کے
موسم مین زمین سے بیضے کی صورت پر نکلتا ہی امراض چشم کو مفید ہی -

کاذی - بسر احرف و ذال معجمہ کیوڑا مشہور درخت اور پھول
نہایت خوشبودار ہی چھوٹی قسم کو کیتکی بولتے ہین اسکا درخت
بچھو سے ملتا مگر اُس سے چھوٹا ہی اور خاردار عرق اُسکا
بکثرت نکال کر اقالیم دور و دراز مین لیجاتے ہین طبیعت اُسکی

گرم اور خشک مفرح و مقوی دماغ و حواس و اعضا دافع خفقان
و جدری یعنی سیتلا ہی اور بھی فائدے اسکے بیشمار کتب میں درج ہیں۔

کاکڑا سینگی۔ ہندی دوا ہی بکری کے سینگ کے غلاف کی صورت پر
رنگ سرخ مزا کسیلا اور کڑوا درخت اُسکا مشابہ کیلا کے
طبیعت گرم خشک دافع کھانسی ضیق النفس اور ہچکی و قے و اسہال الدم ہی۔

کالی زیری۔ یہ ہندی میں ایک نبات کے تخم کا نام ہی پتی اسکی
تھوڑی لمبی دندانہ دار پھول کاسنی کا سا رنگ سیاہ تلخ طبیعت
اُسکی گرم و خشک دافع مواد بلغمی و کرم معدہ و امعا ہی اور جاذب
بارد کو تسکین اور اورام بارد کو تحلیل کرتا ہی شاخین اسکی
سمیت سے خالی نہین اسواسطے مستعمل نہین ہین۔

کانجی۔ ترشی اور اقسام ترش چیزون سے بناتے ہین اُسکو سرکہ
ہندی بھی کہتے ہین طبیعت اُسکی سرد تر جالی و مقوی اعضا
مسکن تو حرارت و حدت و صفرا ہی۔

	کاف با یاے موحدہ	

کباب۔ بھونا ہوا گوشت جو مشہور ہی اقسام اسکے بہت ہین
طبیعت اسکی گرم اور خشک اور باعتبار اختلاف گوشتون کے
مختلف مولد خون و مقوی اعضا مسخن بدن محرک اشتہا و باہ اور مرطوب معدہ و کبد ہو تو فہ
کبریت۔ فارسی مین اسکو گوگرد ہندی مین گندھک کہتے ہین
کان سے نکلتا ہی سرخ اور زرد مائل بسبزی و سپیدی و کبودی ہوتا ہی
سرخ اُسکا شفاف اور چمکنے والا ہوتا ہی کان مین یہ رات کو چمکتا ہوا
دکھائی دیتا ہی کانین اسکی ہرمز علاقہ فارس و جزائر دریاے
عمان مین ہین اور بسبب دہنیت کے آگ پر جلتا ہی طبیعت اسکی
گرم اور خشک محلل و مسخن و ملطف و مجفف و جالی و جاذب ہی دافع
زکام و نزلہ و سرفہ اور نکالنے والا بلغم اور پیپ سینے اور پھیپھڑے سے ہی۔

کبابہ۔ اخیر مین یاے شانشہ یہ ایک پھل کا نام ہی جو خشبو اور
سیاہ درخت اراک کا ہو عمدہ وہ ہی جسکے بیج چھوٹے ہون طبیعت
اسکی گرم و خشک ہی اگر پانچ درم اسکو پیس کر ہموزن شکر ملائین
اور پھانکین اور اُسپر سرد پانی پیین تو مسہل ہو جاتا ہی اور مقوی معدہ ہی درد
پشت کو بھی دفع کرتا ہی اور درخت اراک کو ہندی مین پیلون کہتے ہین

کبیکج۔ اس نبات کے چند اقسام ہین ایک کی پتی دھنیے کی سی
پھول زرد اور بنفشئی ساق ایک گز تک بلند اور باریک جڑ سپید
اور تلخ دوسرے قسم کی پتی بڑی تیز ذائقہ کی زیادہ تیسری صنف کی
ساق بہت چھوٹی اور پھول طلائی نہایت بدبو چوتھے صنف کے

پھول سپید طبیعت ہر ایک کی گرم خشک نافع اورام و ثبور و جرب
ضماداً اور مثقال زہر قاتل ہی سفوف اُسکا ہموزن گیہون کے آٹے
مین ملا کر جسم پر لگائین تو داغ کا کام دیتا ہی۔

کبد۔ فارسی مین جگر ہندی مین اُسکو کلیجا کہتے ہین جو ایک عضو
اندرونی اعضاے رئیسہ سے ہی مبدا و قوت طبیعی و محل ہضم کیموس
بہترین کبد طیور کا ہی یا گوسپند یکسالہ کا طبیعت اسکی گرم تر دیر ہضم
سریع التعفن کلیجا بکری کا بالخاصیت محرک صرع ہی اور گدھے کا
نافع صرع کلیجا چکور اور کلیجا چوہے کا دافع صرع اور کلیجا کتے اور باولے کتے کا
باولے کتے کے زہر کو دفع کرتا ہی اور پانی بکری کے کلیجے کا جو بریان
کرنے کے وقت اُس سے ٹپکتا ہی اکتحالاً دافع شبکوری ہی اور جس
شخص نے سیر کھا لیا ہو وہ چھپکلی کا کلیجا تاگا باندھ کر نگلجائے کسی قدر
دیر کے بعد تاگے کے ذریعہ سے اُسکو کھینچ لے سیر کلیجے کے ساتھ چپکا ہوا ہوگا

کبر۔ یہ ایک نبات خاردار ہی شاخین اسکی زمین پر پھیلی ہوئی پتی
تھوڑی چوڑی پھول سفید کھیرے کی صورت پر شیرین مائل بہ تلخی
طبیعت گرم خشک مفتح و جالی و محلل دافع فالج و استرخا و خدر
و وجع مفاصل و عرق النسا و نقرس ہی۔

کبستون۔ یہ پتہ اور تخم کسی نبات کا ہی جو بلاد حبشہ سے لاتے ہین
کشنیز شامی کی صورت پر گول اور تلخ طبیعت اُسکی گرم اور خشک واسطے
اسہال اور اخراج کرم کے کوٹ کر شہد یا شکر ملا کر کھاتے ہین۔

کبابہ۔ یہ ایک درخت کا پھل ہی جو چین اور روم سے لاتے ہین
صغیر اور کبیر دو قسم کا ہوتا ہی کبیر کو حب العروس کہتے ہین جو حب بلسان
کے مشابہ ہوتا ہی اور صغیر کو فلنجہ و افلنجہ مع الفا بولتے ہین اور اس
مقام پر کبیر مراد ہی طبیعت اسکی گرم و خشک نہایت ملطف و مفتح ہی
دافع درد سر چبانے سے منھ خوشبو ہوتا ہی مسوڑھون کو مضبوط کرتا ہی
مدر بول ہی سنگریزے مثانہ کے نکالتا ہی محلل اورام دافع قروح و جروح ہی۔

	کاف با تاے	

کتم۔ یہ لفظ عربی فارسی مین اسکو وسمہ کہتے ہین جس سے بال سیاہ
کیے جاتے ہین اور یہ نبات سواے نیل کے ہی پتے اسکے مشابہ پتے
آس کے ساق غیر معروف پھل بقدر ایک مرچ کے ہوتا ہی ریگستان مین
پیدا ہوتا ہی نیل سے پتا اسکا زیادہ لمبا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم
خشک خضاب اُسکا پانی اور نمک کے ساتھ درد سر ریحی اور بلغمی کو
دور کرتا ہی اسکے جوشاندہ کے پینے سے بکثرت قے آتی ہی باولے کتے کا زہر
بذریعہ قے کے نکل جاتا ہی اسکے خضاب کی سیاہی دیرپا ہی۔

کتان - ہندی مین اسکو السی کہتے ہین مشہور نبات ہی پتی پتلی پھول لاجوردی قریب اکہروٹ کے اسکا پوست مانند بردی کے درخت سے اُترتا ہی کپڑے بنائے جاتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک پہننا اُسکے لباس کا دافع حرارت اور بیج اسکا مفتح سدہ دماغ اور قروح اُسکے سوختہ کا قاطع خون اور التیام دینے والا زخمون کا ہی-

کتیلہ - ایک نبات ہی لمبائی اسکی ایک بالشت سے ایک گز تک سخت لکڑی پتی مانند پتی آس کے طبیعت اسکی گرم خشک ہی بسبب نہایت گرمی کے امراض باردہ کو دفع کرتا ہی شراب مین یہ ملایا جاتا ہی اور شراب کا لطف زیادہ ہوجاتا ہی اور اس شراب کو عرب شراب الحبشیہ کہتے ہین

کاف با ثاے مثلثہ

کثیرا - مشہور کتیرا بہ تاے مثناۃ ہی - ایک خاردار درخت کا گوند ہی طبیعت اسکی گرمی اور سردی مین معتدل ہی خون کو غلیظ کرتا ہی قاطع نفث الدم وسرفہ وخشونت سینہ وحلق وقرح ریہ مقوی معدہ دافع درد گردہ ومثانہ ہی-

کاف با جیم

کچنار - ہندی مین یہ ایک مشہور درخت ہی فصل بہار مین پہولتا ہی کلیان اسکی لوگ گوشت مین پکا کر کہاتے ہین لذیذ ہوتا ہی پھول اُسکے سپید وسرخ وارغوانی ہوتے ہین طبیعت اُسکی سرد خشک قابض ومقوی معدہ وحابس ودافع اسہال وفساد خون وجذام وخنازیر ہی

کچلون - سیسہ کا نماسہ جو مشہور چیز ہی بھوک زیادہ کرتا ہی خون کے فساد اور صفرا کو گھٹاتا ہی-

کاف با دال

کدرم - ہندی مین اسکو کودون کہتے ہین ایک قسم کا غلہ ہی طبیعت اسکی سرد خشک مقوی ومغلظ معدہ ومقلل منی ہی-

کاف با راے

کردیا - لبعضی مین سکوان دوا ایک نبات باغی اور جنگلی ہوتا ہی شبت کے سے پتے سپید پھول تخم زیرہ کے مانند طبیعت گرم خشک ملطف ومحلل ریاح مصلح اغذیہ لفاخہ مانع صعود بخارات بطرف دماغ ہی سبز پتہ اسکا آنکھون کی روشنی کو بڑھاتا ہی ضیق النفس وخفقان کو دور کرتا ہی-

کریلا - مشہور ترکاری ہی جسکو عام وخاص کہاتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک مسہل محلل ریاح وقاطع بلغم ومقوی اعصاب وباہ ومولد منی دافع حمیات ودرد مفاصل ونقرس باردہ واستسقا ہی-

کرا - ہندی مین [illegible] ہی طبیعت اسکی سرد خشک مشتہی دافع فساد صفرا

وخون وبلغم وبواسیر وجذام حابس اسہال ہی-

کرنب - مشہور سبزہ ہی جسکو عام کرم کا ساگ کہتے ہین بہت سے اُسکے اقسام ہین باغی اور جنگلی ہوتا ہی طبیعت گرم اور خشک مفتح ملین گوشت کے ساتھ پکایا ہوا جید الغذا مسکن درد سر دافع تیرگی چشم وسرفہ ودرد طحال ہی-

کراث - بضم کاف وفتح راے وثاے مثلثہ عربی لفظ ہی فارسی اور ہندی مین اُسکو گندنا کہتے ہین کہانے مین آتا ہی طبیعت اسکی گرم وخشک مفتح وملطف ہی طلا اُسکے پتون کا ساتھ سرکہ کے سر پر نافع کو بند کرتا ہی کہانا اُسکا منقی ریہ مقوی باضمہ وکمر ملین طبیعت دافع قولنج مدر بول وحیض ہی-

کراث - بفتح اول وثاے مثلثہ ایک پہاڑی درخت کا نام ہی پتی لمبی اور پتلی شاخین نرم دودہ سے بھری ہوئی چھتا ہین ہوتا ہی دودہ اُسکا کہانے مین ملا کر مجذوم کو کہلادین تو جذام کو دفع کرتا ہی-

کردناج - بہ دال مہملہ یہ ایک قسم کے کباب کا نام ہی کہ بعد نیم پخت گوشت مرغ وغیرہ کے آگ پر بھونین طبیعت اسکی گرم وخشک ہی اہل ریاضت کے بدن کو طاقت دیتا ہی-

کرکند - ایک سرخ رنگ پتھر مشابہ یاقوت ہی جسکو ہندی مین پیکو کہتے ہین مفرح ومقوی دل دافع خفقان وتوحش ہی-

کرفس - مشہور دوا ہی ہندی مین اسکو اجمود اجوائن کہتے ہین طبیعت اسکی گرم وخشک ضماد اُسکا جو کے آٹے کے ساتھ آنکھ کے ورم کو تحلیل کرتا ہی کہانا اُسکا ضیق النفس ودرد پہلو اور ہچکی کو دفع کرتا ہی اور بہی فائدے اسکے بکثرت درج کتب طبیہ ہین-

کرش - عربی لفظ ہی فارسی مین شکنبہ ہندی مین اوجہڑی کہتے ہین اور یہ ایک چوپایون کے اندرونی اعضا مین سے ایک عضو ہی مع انتڑیون کے طبیعت اسکی بعض نے گرم تر بعض نے سرد خشک لکھی ہی کثیر الغذا دیر ہضم مولد خلط غلیظ مورث سکتہ وصرع وتاریکی چشم ہی-

کرع - پایۂ گوسپند یعنی بکری کے پائے جنکو لوگ پکا کر کہاتے ہین طبیعت انکی گرم تر مولد خلط لزج غیر غلیظ دافع خشونت سینہ وحلق وسرفہ ملین سینہ سریع الہضم جید الکیموس ہین-

کریل - کریر مشہور درخت ہی طبیعت اسکی گرم ملین دافع فساد بلغم وباد ودمامیل وشورہ آماس وبواسیر وفالج واستسقا ہی-

کریل - ایک ہندی میوہ ہی جسکو نمک مرچ لگا کر کہاتے ہین نہایت لذیذ ومقوی باہ ومغلظ منی وقابض وحابس ہی-

کرم - فارسی مین اُسکو تاک اور رز اور ہندی مین داکھ کا جھاڑ کہتے ہین اُسکے پھل کا نام انگور ہی جو کئی قسم کا ہوتا ہی طبیعت اُسکی سرد خشک جالی و مجفف و قابض ہی ضماد اُسکے پتون کا جو کے آٹے کے ساتھ درد سر گرم کو دفع کرتا ہی عصارہ پتون کا مقوی معدہ مانع قی و قاطع قی الدم ہی-

کرگدن - عظیم الجثہ جانور ہی جسکو ہندی مین گینڈا کہتے ہین ہاتھی سے چھوٹا بھینسے سے بڑا ہوتا ہی پوست سیاہ شکن دار اور سخت ہی صورت اُسکی خنزیر کے ساتھ ملتی ہی پیشانی پر ایک سینگ زور آور تا ہی کہ ہاتھی پر غالب آجاتا ہی اسکے چمڑے کی جو ڈھال بنائی جائے قیمتی ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک بخور اسکی شاخ کا بواسیر اور عسر ولادت کو نافع ہی اور وہ تیل جسمین اسکا چمڑا جلایا جاوے ہر ایک دمل اور زخم کو اچھا کرتا ہی-

کرہن - ایک نبات کی جڑ ہی بہت سرخ خواص اور ذائقہ مین مانند عاقرقرحا کے طبیعت اسکی گرم خشک فالج اور عصبی بیماریون کو مفید ہی

کرسنہ - ہندی مین اسکو مٹر کہتے ہین مشہور غلہ ہی جو کھانے مین آتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک منقی سینہ و شش دافع کھانسی و عسر النفس ہی- منجن اسکا مسوڑھون کو مضبوط کرتا ہی-

کروندا - ایک ہندی درخت کا پھل ہی جو مشابہ درخت لیمون کے کے خاردار پھول سرخ مائل بسپید پھل بقدر عناب کے گول ترش اور چاشنی دار اچار مربا شربت اُس سے بناتے ہین طبیعت اُسکی سرد تر مسکن صفرا و تشنگی ہی بھوک لگاتا ہی حابس اسہال ہی-

کرکی - یہ ایک پرندہ بلند پرواز ہی جسکو فارسی مین کلنگ ہندی مین کونج کہتے ہین گوشت اُسکا گرم و خشک مقوی بدن دافع قولنج ہی-

	کاف با زاے معجمہ	

کزبرۃ الثعلب - یہ ایک نبات باریک تاگے سے پریشان زمین پر پھیلی ہوئی سرخ رنگ پتی چھوٹی ڈنڈا اُسکے دار پھول پتلا سرخ رنگ کوہستان مین ہی طبیعت اُسکی گرم خشک سرمہ اُسکے عصارہ کا آنکھ کو روشن کرتا ہی شبکوری کو مفید ہی ضماد اُسکا خنازیر کو نافع ہی کھانا اُسکا منع ہی کہ کھانے سے ایک حالت نشے کے ایسی طاری ہوتی ہی کہ حلق بند ہو جاتا ہی اور آدمی ہلاک ہو جاتا ہی

کزوان - تیسرا حرف واو بعض کے نزدیک یہ یا در تجویہ ہی اور بعض کے نزدیک سواے اسکے غرض کہ یہ نبات ہی خوشبودار مزہ اور بو مشابہ اترج کے اور تیزی فلفل کے ساتھ ملتی ہوئی طبیعت اسکی گرم و خشک مفرح و مطیب نفس مقوی دل و فم معدہ دافع خفقان و سموم سرد خصوصاً سم نیش بچھو کے ہی-

کزانگبین - یہ شبنم ہی جو جھاؤ کے درخت پر گر کر جم جاتی ہی ترنجبین کی طرح اور جو درخت بید پر پڑتی ہی علاوہ ہوتی ہی طبیعت اُسکی گرمی اور خشکی مین معتدل جالی ساتھ قوت مسہلہ کے منقی دماغ و مقوی اعضاے تنفس و آلات غذا نافع ملین سینہ و آواز ہی-

کزبرہ - تیسرا حرف باے موحدہ کشنیز جسکو ہندی مین دھنیا کہتے ہین طبیعت اُسکی سرد اور خشک پینا سات مثقال اُسکے پانی کا نیند لاتا ہی قطور اُسکا آنکھون مین مانع پیدا ہونے آبلہ سیتلا کا آنکھون مین ہی اور بھی فائدے اسکے درج کتب طبیہ مین

	کاف با سین مہملہ	

کسموقا - پانچوان حرف قاف ایک گھاس ہی زمین پر پھیلی ہوئی پتے اسکے مشابہ پتے مرزنجوش کے پھل مشابہ چھوٹے بیر کے طبیعت اُسکی گرم خشک ہی اسکے پھل اور پتون کو گڑ ملا کر رکھ چھوڑتے ہین جب کسی کو بچھو کاٹتا ہی تو وہ سفوف کھلا دیتے ہین فوراً آرام ہو جاتا ہی

کسب - فارسی مین کنجارہ ہندی مین کھلی کہتے ہین یعنی ثفل اور پھوک جو بعد نکالنے تیل کے باقی رہ جاتا ہی بہت ثقیل اور ردی الغذا مولد قولنج اور سدہ ہی-

کسول - ایک پھل بقدر ایک انگلی کے لمبا مشابہ املتاس کے روم مین پیدا ہوتا ہی طبیعت اُسکی سرد خشک ہی قاطع خون اور حابس اسہال دموی ہی-

کسیرو - یہ ایک جڑ نبات ہندی کی ہی جو تالابون اور گہرے پانیون مین پیدا ہوتی ہی گھاس سے بوریے بنتے ہین جڑ اسکی گول جاے پھل کے مقدار پر ہوتی ہی پوست اُسکا کالا مائل بسرخی مغز اُسکا سپید شیرین اور لذیذ خوشبو طبیعت سرد تر مقوی دل دافع خفقان و ہیضہ و اسہال صفراوی و دموی و سوداوی ہی-

کسوندی - یہ ایک ہندی نبات ہی بلند آدمی کے قد کے برابر ہو جاتی ہی پتی مشابہ پتی سنا مکی کے پھول زرد طبیعت گرم خشک دافع سموم مشروبہ و مسرشہ ہی اسکی جڑ کو گھسکر اور جڑ مین ملا کے گولیان بنا رکھتے ہین جسکو سانپ کاٹے وہ گولیان اُسے دیتے ہین آرام ہو جاتا ہی

کسیلی - یہ لکڑی اور پوست ایک نبات کی لکڑی کا مشابہ سلیخہ کے سیاہ طبیعت گرم خشک [illegible] دانتون کے درد کو [illegible] کھانا اسکا معدہ کو قوت دیتا ہی [illegible] [illegible] قاتل کرم

کاف با شین معجمہ

کشت بر کشت ـ یہ ایک گھاس پتلی رسی کی طرح آپسمین لپٹی ہوئی زرد مائل بسیاہی پھول مشابہ گل حب النیل کے طبیعت گرم خشک محلل و ملطف و مسہل بلغم قاطع اور شیر دافع اورام باردہ اور جرب ـ

کشوث ـ ہندی مین اسکو امل بیل اور اکاس بیل کہتے ہین یہ گھاس پتلی رسی کیطرح زرد رنگ پھول ریزہ ریزہ مائل بسپیدی بیج گول بہت چھوٹے طبیعت اسکی گرم خشک مفتح سدہ معدہ و کبد منقی عروق بدن ملین طبیعت دافع خناق ـ

کشمش ـ ایک قسم چھوٹے انگور کا ہی جسکو زبیب کہتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک مسہل اور مبہی ہی اور خواص اسکے زبیب کی تشریح مین مذکور ہوچکے ہین ـ

کاف با عین

کعب ـ فارسی مین اسکو قاب اور شتالنگ کہتے ہین اور پانون کی ایک مشہور ہڈی ہی ہندی مین گٹا نام ہی بہترین کعب گاے اور بیل کا ہی اور بیل کا جلا ہوا کعب سپرز کی بیماری کو دفع کرتا ہی باہ کو تقویت دیتا ہی سرمہ اسکا آنکھون کی روشنی بڑھاتا ہی مسوڑھون و دانتون کو تقویت دیتا ہی ـ

کعک ـ معرب کاک ہی جسکے معنی کلیچہ کے ہین طبیعت اسکی گرم خشک حابس ابطان مجفف رطوبات ہی اور مضر قولنج کی ـ

کاف با فاے

کف الہر ـ ایک گھاس ایک بالشت تک اونچی ریزہ شاخین ہر شاخ پر چار پتی گول پھول زرد خوشبودار بقدر زیتون کے ہی کھانا اسکا حمل کا مددگار ہی ذرور اسکا قروح خبیثہ کو اچھا کرتا ہی ضماد اسکا ثالیل کو قطع کرتا ہی ـ

کف الضبع ـ ایک سبزہ کم برگ پتی اسکی گول بقدر پتی کرفس کے شاخین پتلی پھول زرد طلائی اور سپید طبیعت گرم خشک سرمہ اسکا آنکھون کی سپیدی کو دفع کرتا ہی ذرور اسکا دافع ثالیل اور ضماد اسکا اچھا کرنے والا داء الفیل کا ہی ـ

کف آدم ـ ایک گھاس ہی بقدر ایک گز کے بلند پتی گول جو سخت بعض کہتے ہین کہ گھاس بہمن سرخ کی پتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک دافع خفقان محلل ریاح مقوی جگر ہی ـ

کف المریم ـ ہندی مین اسکو ہتھا جوڑی کہتے ہین یہ گھاس زمین پر پھیلی ہوئی ہی شاخین اسکی سخت ایک بالشت بلند ہین پتی گول پیچیدہ پھول زرد کم رنگ لوگ اسکو اپنے پاس رکھتے ہین کہ موجب ازدیاد عزت و حرمت کا ہو ـ

کفری ـ فارسی مین غنچہ خرما و شگوفہ خرما اسکو کہتے ہین جس سے ہنوز خوشہ نہ نکلا ہو طبیعت اسکی گرم خشک مقوی دل و روح و دماغ و کبد دافع آکلہ و قروح خبیثہ قاطع اسہال ہی اور عرق اسکا جو مانند گلاب کے کھینچتے ہین قابض و مقوی دل و معدہ دافع خفقان ہی ـ

کاف با کاف

ککوڑا ـ ہندی سبزہ ہی دافع جوشیدگی شباب یعنی مہاسے جو اکثر چہرے پر نکلتے ہین و رافع تپ اور جڑ اسکی دافع زہر مار ہی ـ

ککروک ـ یہ ایک بیل ہی جو پاس کے درخت پر چڑھ جاتی ہی پھل اسکا تھوڑا المیا خاردار خام سبز پکا ہوا زرد اور سرخ بیج زرد رنگ اہل ہند اسکے پھل کے ورق کاٹ کر اور گھی مین بھون کر کھاتے ہین طبیعت اسکی معتدل دافع سرفہ و درد شش و تپ کہنہ ہی ـ

ککروندا ـ یہ ایک گھاس ہی دو گز تک اونچی شاخین بہت پتے کاسنی کے سے پھول زرد جڑ باریک و سپید طبیعت گرم خشک دافع درد شدید و استسقا و بواسیر و سموم ہی حابس اسہال ہی ہیضہ کو دور کرتا ہی ـ

کاف با لام

کلب ـ فارسی مین سگ ہندی مین کتا کہتے ہین مشہور جانور ہی صدہا قسم اسکے ہوتے ہین شہری کتا جنگلی کتا دریائی کتا پہاڑی کتا وغیرہ طبیعت اسکی عموماً گرم خشک پتا اسکا زہر قاتل ہی سرمہ اسکا آنکھ کی سپیدی کو دور کرتا ہی پیشاب تازہ اسکا نقرس کا علاج ہی قطور اسکے دودھ کا آنکھون کے بیاض کو دفع کرتا ہی طلا کرنا اسکے سرگین کا محلل اورام سخت ہی پیشاب دافع ثالیل ہی ہڈی اور عصب کتے کا ساتھ ہڈی اور عصب ٹوٹی ہوئی آدمی کی پیوند قبول کرتا ہی اور بھی فائدے اس مفید جانور کے درج کتب طبیہ ہین ـ

کلخ ـ یہ ایک سبزہ ہی پتے اسکے مشابہ پتے سیب کے ہین طبیعت اسکی سرد خشک قابض دافع نفث الدم و اسہال دموی و زہر مار ہی سعوط اسکا دافع رعاف ہی بیج اسکے جو بہت گرم ہین مدر عرق ہین ـ

کلہار پھول ـ ایک نبات کا ہی جو تالابون اور جھیلون مین پیدا ہوتی ہی یہ نبات نیلوفر سے زیادہ قوی ہی پتے بھی بڑے پھول بھی بڑے ہی پھول کا رنگ سپید و سرخ خوشبو بعض سپید اور بیچ مین زیرہ زرد جسکو کیسر بولتے ہین طبیعت پھول کی سرد تر حمیات صفراوی و یرقان کا دفع کرتا ہی پیاس کو دور کرتا ہی اور زردی درمیانی پھول کی سرد خشک ہی

... طبیعت گرم و خشک ... ہے۔

کلگا۔ پوست ایک درخت ہندی کا ہے ہندی مین اُسکو سیدہ لکڑی کہتے ہین طبیعت اُسکی گرم ہے بحالت ٹوٹ جانے ہڈی اور اُکھڑ جانے جوڑکے شد باوضا د کرنا نافع ہے۔

کلکش۔ نورا اور جلا ہوا چونا جو سپید ہو چکا ہو وصدف سوختہ و خر مہرہ سوختہ وغیرہ طبیعت اُسکی جو ہنوز پانی اُسپر نہ پڑا ہو گرم خشک ہرتال کے ساتھ ملا کر لگائین تو بال مونڈ دیتا ہے رعاف کو بند کرتا ہے مقوی اعضا و حابس اسہال ہے۔

کلیان کوتھ۔ ایک خاردار درخت ایک گز تک بلند بنگال و بردوان و میدنی پور مین بہت ہوتی ہے طبیعت اُسکی گرم خشک آدھا مثقال پوست اسکی جڑکا ریوند چینی ہم وزن مین ملا کر درد ڈھال پر لگائین فوراً آرام ہو ہر ایک ورم کی تحلیل کا پورا علاج ہے۔

کلیہ۔ فارسی اور ہندی مین گردہ اُسکا نام ہے جو ایک عضو اعضائے اندرونی سے ہے طبیعت اُسکی سرد اور خشک کھانا اسکا مقوی گردہ و کمر جیسی اسکی ہلین ہے ... دیر ہضم ردیع الغذا ... ہے

گل داؤدی۔ مشہور پھول ہے زرد اور سپید اور بنفشی تین قسم کا ہوتا ہے بو اُسکی بہ نسبت کی طبیعت گرم خشک عرق اُسکا مقوی مفرح دل و دافع و مخرج سنگ گردہ و مثانہ و مدر بول وحیض ہے

گل مہندی۔ یہ پھول ہند اور بنگال مین بہت ہے بارش کے موسم مین پھولتا ہے سرخ و گلابی و بنفشی و سپید رنگ پھول اُسکے ہوتے ہین ایک پھول مین کئی رنگ بھی ہوتے ہین طبیعت اُسکی گرم ... مقوی باہ و دافع سوزش اعضا جو آگ یا گرم پانی سے جل گیا ہو

... لبلاب یعنی بیل کی قسم سے ہے درختون پر چڑھ جاتی ہے پھول پھل نہین ہے اسکی لکڑی جس جگہ لگائین لگ جاتی ہے طبیعت گرم خشک اہل ہند اسکو سرد و خشک جانتے ہین کھانسی اور یرقان عشی اور ... اور اقسام حمیات یعنی تپون کا علاج ہے مقوی ... مولد منی ہے اگر گھی کے ساتھ کھا دین ریاح اور سودا کو دفع کرے اگر مصری کے ساتھ کھا دین صفرا کی تیزی کو کم کرے اگر شہد کے ساتھ کھا دین بلغم کو قطع کرے شیرہ اُسکا جو سبز اور تازہ سے لیا جاوے قوی زیادہ ہے نہین تو خشک کو پانی مین جوش دیکر نکال لیتے ہین۔

کاف با میم

کمات۔ کماۃ۔ ایک چیز ہے کہ بعفونت زمین سے بہار کے موسم مین ریگستان و نمناک زمینون سے گول سرخ رنگ بے ساق نکلتی ہے

... پتا بھی نہین ہوتا اُسکو لوگ خام پکا کر کھاتے ہین بعض سپید رنگ ہوتی ہے اور جو ستارہ رنگ ہے اُسکا کھانا زہر قاتل ہے طبیعت اُسکی سرد تر ہے پانی اُسکا اکتحالاً آنکھون کو روشن کرتا ہے غذا اُسکی ثقیل و دیر ہضم قلیل الغذا بطی الانحدار مولد خون بلغمی و سکتہ و فالج ہے۔

کماشیر۔ کسی درخت کا گوند ہے طبیبون کے اقوال اسمین مختلف ہین کہ آیا وہ کس درخت کا گوند ہے طبیعت اُسکی گرم خشک مسہل زرد آب دافع استسقا ہے بھی مدر بول و حیض و مسقط جنین ہے۔

کمادریوس۔ ایک نبات بالشت بھر اونچی مشابہ بلوط شکل اور رنگ اور تشقق مین مزہ تلخ پھول بنفشی اور پھولون مین زیرہ جڑ ارغوانی طبیعت گرم خشک مقطع اخلاط غلیظ ملطف و مسخن بدن دافع قرحہ چشم و ناصور ہے

کمافیطوس۔ یہ بوٹی ہر سال تازہ پیدا ہوتی ہے کئی قسم مین منقسم ہے ایک قسم اسقدر بلند جاتی ہے کہ اور کوئی اُس سے زیادہ نہین جاتی شاخین سرخ چھوٹے صنوبر کے سے بوبھی صنوبر کی سی پھول باریک اور زرد بیج کرفس سے چھوٹے۔ دوسری قسم کی شاخین ایک گز تک اونچی پھول زرد بیج سیاہ بو صنوبر کی سی اس قسم کو نر کہتے ہین اور اقسام سکے بھی دوسری قسم سے ملتے ہوئے ہین بعض کے پھول سرخ اور سپید بھی ہین طبیعت ہر ایک کی گرم خشک مفتح سدہ و منقی و جالی مسہل بلغم غلیظ ہے ... کو صفائی دیتی ہے مخرج جنین ہے۔

کمرکھ۔ یہ نام پھل کا ہے جو ہندی میں لمبا بقدر آدھے بالشت شش پہلو خام سبز پختہ زرد کھٹا اور میٹھا ذائقہ مین درخت اُسکا بہت بلند بقدر اکھروٹ کے درخت کے طبیعت اُسکی سرد خشک قابض و مسکن تیزی صفرا و تشنگی دافع قے و اسہال صفراوی ہے۔

کمون۔ بیج ایک نبات کا ہے ... سے پتلا سیاہ اور زرد ... گول قبہ مانند ... کے فارسی کرمانی شامی و نبطی ہوتا ہے اور ہر ایک قسم بری و بستانی طبیعت اُسکی گرم خشک مسخن و ملطف و مقطع و محلل و مجفف و قابض ہے حابس رعاف جالی غشا و دافع قرحہ چشم ہے۔

کمزہرہ۔ یہ نبات کوہستانی ہے زمانی ملکون مین پیدا ہوتی ہے شاخین بہت سی اور پتیان ملی ہوئی اسکا پتا اگر توڑا جائے تو دودھ سفید نکلتا ہے شاخون کے سر پھول مانند ... کے بقدر مٹر کے اور ایک کیڑا بھی اسپر ریشم کے کیڑے کی طرح پایا جاتا ہے جو نقش سیاہی ... ہوتا ہے طبیعت اُسکی گرم خشک ساتھ قوت سمی کے جو بعض حیوانون کے لیے قاتل ہے ... تریاق ... ہوام ... ہین۔

کمشیر۔ فارسی ... ہین ...

مشابہ پتے شفتالو کے پھول بھی اسی کے پھول کی طرح کوہی و بستانی شیرین و ترش و میخوش ہی سرد ملکون مین گرم ملکون سے اچھا ہوتا ہی طبیعت اسکی معتدل مائل بحرارت مفرح و مقوی و جالی ساتھ قوت قابضہ کے اور بلا ... سے مرطب دماغ و دافع نزلات مانع صعود ابخرہ بطرف دماغ ہی۔ ایک قسم اس سے کمثرے حامض ہی جسکو سینے بھی کہتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک مقوی معدہ و کبد مشتہی طعام مسکن غلیان خون و حدت صفرا دافع تشنگی و قی و اسہال۔ ایک اور قسم کمثرے بری ہی درخت اور پھل اسکا چھوٹا اور بے آب ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد خشک قابض و حابس اسہال اور ذرور اسکا مجفف جراحات ہی۔ ایک اور قسم کمثرے جبلی یعنی پہاڑی طبیعت اسکی سرد خشک زیادہ بری سے نہایت قابض اسکا پھل چھوٹا اور سیلا بہت سخت اندر اسکے بہت سے بیج اسکو زمین مین داب رکھتے ہین جب منضمل ہو جاتا ہی نکال کر بیج جدا کرتے ہین اور بریان کرکے کھاتے ہین معجونات و مرکبات مین بھی داخل کرتے ہین فارسی مین اسکو انجلاک کہتے ہین

کاف با نون

کنکرزد - بسکون راے معجمہ جو پانچوان حرف ہی گوند حرشف کا ہی جسکو فارسی مین کنگر کہتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک منقی بلغم وصفرا ساتھ آسانی کے اگر سکنجبین و گرم پانی کے ساتھ پیئین۔

کندر - گوند ایک درخت خاردار کا ہی جو دو گز تک اونچا ہوتا ہی پتے اسکے مشابہ پتے مورد کے مائل بہ تلخی برسات مین انہین سے گوند لیتے ہین جو گول اور سرخ ہی کندر ہی اور جو سپید ہی کندر اناثی ہی اور جو تھیلیون مین ملکر گول ہو گیا ہو مدحرج کہلاتا ہی اور ریزے پوست اور پتے جو انمین رگڑے جانے سے جدا ہو جاتے ہین قشار کندر نام پاتا ہے اور جو آٹا ہو گیا ہو دقاق کندر ہی نشانی خالص کی یہ ہی کہ آگ مین جلد مشتعل ہو طبیعت اسکی گرم خشک منقی روح حیوانی اور دماغی محلل ریاح حابس سیلان خون مقوی دل و قوت حافظہ صاف کرنے والا آواز کا دافع خفقان و عسر النفس و سرفہ ہی۔

کندش - جڑ ایک نبات کی مشابہ کنگر کے ہوتی ہی پتی اسکی سبز مائل بہ سپیدی شام کے ملک مین ریشمی کپڑے اس سے دہوتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک پیاس لگاتی ہی خون کو جلاتی ہی بلغم کو کاٹتی ہی خدر و فالج کو دفع کرتی ہی۔

کندریسی - یہ ایک نبات ہی پتی جسکی گاجر کی سی سولف سے ملتی ہوئی کندر کی سی بو طبیعت گرم اور خشک مدر و محلل و منضج اور اکثر افعال مین قائم مقام کندر کے ہی۔

کنگھی - لفظ ہندی ہی فارسی مین درخت شانہ اسکا نام ہی اسواسطے کہ پھل اسکا کنگھی کی طرح ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک امراض سینہ و بواسیر و آرام و تپ غیر نوبت کو دفع کرتا ہی ضماد اسکے پتون کا محلل اورام ہی اور مضمضہ جوشاندہ کے پانی سے دانتون کے درد کو دفع کرتا ہی

کاف با واو

کوجا - یعنی گل کوزہ ہندی دوا ہی مسہل دافع فساد اخلاط اربع مقوی دل قابض شکم مصفی رنگ رخسارہ دافع خفقان۔

کوکلا - ایک ہندی جانور کا نام ہی گوشت اسکا قابض شکم مقوی باہ دافع فساد بلغم و باد ہی۔

کوئیٹ - پھل ایک ہندی درخت کا مشابہ گول خربزہ چھوٹے کے ہی پوست سخت اور سپید مغز ترش اور پختہ میخوش معطر طبیعت اسکی سرد او خشک مفرح و قابض و مقوی دل و معدہ و کبد ہی غرغرہ اسکا دافع جوشش دہان و درد گلو کھانا اسکے مغز کا مانع نکلنے چیچک اور دافع زہر سانپ و بچھو و رتیلا کا ہی۔

کوشنبل - یہ نبات ہی پتے اسکے مشابہ پتے نارنج کے ساق دو گز تک تخم سیاہ بقدر آلو بالو کے جڑ کالی مگر اندر سے سپید طبیعت گرم خشک مورث بے خوابی و مسکر و بیہوشی دافع سلس البول و بول فی الفراش و اوجاع مفاصل و امراض باردہ ہی۔

کویلہ - ہندی لغت ہی پھل ایک درخت کا ہی مشابہ نارنج کے سب اجزا مین مگر درخت اسکا نارنج سے چھوٹا ہی اور پھول کم بو پتی بہت نازک مگر ذائقہ اور شیرینی مین نارنج کے برابر ہی طبیعت سرد تر دافع خفقان مسکن تیزی خون و صفرا دافع تشنگی و سوزش معدہ و کبد و مدر بول ہی۔

گوبھی - مشہور ترکاری ہی جسکا پھول کھانے مین آتا ہی اسکے اقسام بہت ہین طبیعت اسکی سرد خشک قابض شکم و مقوی ہی۔

گوندنی - مشہور ہندی میوہ ہی ملین منضج ہی معدہ کے گرم نکالتا ہی کھانسی کو دور کرتا ہی مصفی آواز ہی سوزاک کو اچھا کرتا ہی۔

کاف با ہاے ہوز

کہربا - یہ گوند ایک درخت کا ہی جو بلاد روس و بلغار و ممالک مغربیہ سے لاتے ہین اور اس درخت کو جوزیہ بجاے حطی زاے ہوز نام ہی برفانی پہاڑون مین ہوتا ہی جو دو قسم پر منقسم ہی رومی اور شمعی رومی کا گوند عمدہ ہوتا ہی سخت شفاف صاف طلائی رنگ اور اگر اسکو ہاتھ مین

اُٹھا لیتا ہی قسم ثانی اس سے ضعیف ہی حکما کے نزدیک سندروس اور کہربا ایک ہین فرق یہ ہی کہ سندروس ہند مین مل جاتا ہی اور تھوڑی سی گرمی مین گھاس اُٹھا لیتا ہی اور کہربا سخت زیادہ ہی اُسکو گرمی زیادہ درکار ہی جلا خوب ہو جاتا ہی طبیعت اُسکی گرمی و سردی مین معتدل ہی اور دوسرے درجے مین خشک ہی مفرح و مقوی دل و حابس نفث الدم قاطع نزف الدم حابس رعاف و نزلات ہی۔

کھرنی۔ یہ ایک بڑا درخت ہندی ہی پتے اُسکے پتلے اور پھل لمبا بقدر انگلی کے کچا سبز پختہ زرد اور شیرین طبیعت اُسکی گرم تر مفرح دل مقوی اعضا دافع ثقل و بیہوشی و تشنگی و سرفہ و قرحہ مثانہ و بول ہی بھوک لگاتا ہی باہ کو زیادہ کرتا ہی بنگال اور گجرات مین بکثرت ہی

کاف بایاے

کیاکو۔ یہ ایک لکڑی ہی جوزی رنگ بہت سخت ریشے اسکے اور لکڑیون کی طرح سیدھی نہین ہین بلکہ اُریب ہین کوئی ذائقہ اور بو غالب نہین جہازون مین یہ لکڑی صرف ہوتی ہی اطبا اسکا برادہ استعمال مین لاتے ہین طبیعت اُسکی گرم اور خشک ملطف و محلل و جالی مصلح اخلاط محترقہ مجفف قوی واسطے اکثر امراض بلغمی کے دافع فالج و استرخا و درد مفاصل و عرق النسا و نقرس و جذام و اقسام آتشک و قروح خبیثہ ہی چوب چینی اور عشبہ سے اسکا عمل قوی ہی

کیک داشہ۔ یہ ایک گھاس ہی جس مقام پر اُسکو بچھا دین کیک یعنی پسو جو موذی جانور ہی بھاگ جاتے ہین اور اگر اُسکے تخم کو پیسکر فرش پر بکھیر دین تو بھی کیک بھاگ جاتے ہین۔

کینتی۔ ہندی مین یہ ایک نبات کا نام ہی جو قسیم بیارہ سے ہی پاس کے درخت پر لپٹ جاتی ہی یا زمین پر پھیل جاتی ہی پھول اُسکا کاسنی رنگ کا ہوتا ہی طبیعت گرم اور خشک ہی سانپ کا زہر اُسکے کھاندے پلانے سے دفع ہو جاتا ہی

چھبیسوان باب

کاف فارسی کے بیان مین اسمین چار فصلین ہین ایک فصل لغات ادویات کی اسمین تحریر نہین ہوئی کیونکہ وہ سب لغت کاف تازی باب ز بیسا تدراج پا چکے ہین۔

پہلی فصل

فارسی وغیرہ لغات کے ذکر مین

کاف فارسی با الف

گا۔ ترکی مین ترجمہ حرف با کا جو واسطے الصاق اور صلہ کے آتا ہی اور ترجمہ حرف را کا جو ربط کا حرف ہی۔

گاد۔ صیغہ ماضی گادن سے ہی جسکے معنی گائیدن یعنی جماع کرنے کے ہین۔

گاؤ ود۔ شرندی زبان مین پہاڑی بیل یا گاے

گاو عنبر۔ دریائی گاے جسکا سرگین عنبر ہی۔ سعدی۔ گر بلہ پیشہ بمال کند کبر بر حکیم ✽ کون خرش شمار اگر گاو عنبر است ✽

گا ذر۔ دھوبی جو کپڑے دھویا کرتا ہی۔ سعدی۔ مکن فراخ روی در عمل اگر خواہی ✽ کہ روز رفع تو باشد مجال دشمن تنگ ✽ تو پاک باش برادر مدار از کس باک ✽ زنند جامہ ناپاک گا ذران بر سنگ ✽

گاذروام۔ فنون کشتی مین سے ایک فن کا نام ہی۔ میر نجات۔ دست شوید ز حیات آنکہ نگاہش یکبار ✽ بر سر سنگ محبت تزندش گاذروام ✽

گاوسر۔ گاوسار۔ فریدون کے گرز کا نام ہی جسکی صورت گاو کی تھی۔ قطعہ از مؤلف۔ آنکہ میدہشت ہمچو افریدون ✽ تاج بر فرق و گاوسر در دست ✽ بسرش چون رسید شیر اجل ✽ گردن زور و توش بشکست ✽

گاور بفتح واو ایک درخت کا نام ہی جسکے گوند کو گاوشیر کہتے ہین۔

گار۔ اُسکے معنی کرنے والا اور صاحب چنانچہ گنہگار۔ ستمگار۔ خدمتگار۔ خداوندگار۔ سعدی۔ کرم بین لطف خداوندگار ✽ گنہ بندہ کردست و او شرمسار۔ فریدالدین عطار۔ بادشاہا جرم ما را درگذار ✽ ما گنہگاریم و تو آمرزگار ✽

گاز۔ مقراض جس سے چاندی سونا کترتے ہین و اشجع کا نگلگیر اور گیا یعنی گھاس

گازہ۔ جگہ اور مقام۔

گاؤرس۔ بفتح واو نام غلہ جسکو ہندی مین چینا کہتے ہین۔

گاؤمیش۔ مشہور جانور ہی جسکو بھینس کہتے ہین۔

گزاف۔ لاف و گزاف بڑائی کی باتین۔

گازرک۔ ایک پرندے کا نام ہی جسکو ہندی مین ممولا کہتے ہین اور عربی مین صعوہ۔

گاشلک۔ ایک قسم کھانے کی ہی جو اوجھڑی مین ڈالکر اور منہ بند کرکے آگ مین پکاتے ہین۔

گالبنگ۔ ایک گھاس کا نام ہی جو بہار کے موسم مین گیہون کے

کھیت میں پیدا ہوتی ہی اُسکا پھل جو گیہون کی شکل پر ہوتا ہی اگر کوئی کھاتا ہی تو سست ہو جاتا ہی-

گاوک - بفتح واو کنہ یعنی چچڑی جو بہت چھوٹا جانور ہوتا ہی اور اونٹ و بیل وغیرہ چارپایون کے جسم پر چمٹ کر خون اُنکا چوستا ہی-

گاوشنگ - ہر چیز مقشر جسکا چھلکا اُتر چکا ہو-

گال - باریک غلہ جیسے چینا کنگنی وغیرہ اور قبہ روئی کا جسمین سے روئی نکالتے ہین اور ایک قسم عنکبوت کا جسکا رتیلا نام ہی اور نیش اُسکا سخت زہریلا ہوتا ہی اور خروس جو مشہور مرغ ہی و فریاد و آواز کرنا- فریب بینا- بازی کھیلتا اور وہ سرگین چارپایہ جو جسم کے ساتھ لگ کر خشک ہو جاتے ہو-

گام - قدم اور پانون اور وہ مسافت جو وقت رفتار کے دونون پانون مین ہو اور گھوڑے کی رفتار - میر معزی - ہر گہ کہ شاد کام زند گام بر زمین ✽ بر فرق دشمن تو بیاشد غبار خویش ✽

گان - لائق و سزاوار اور یہ لفظ آخر اعداد پر واسطے تعین تعداد کے آتا ہی چنانچہ دوگان و سہ گان اور بجاے ہا کے واسطے جمع کے بھی آخرین کلمون کے آتا ہی چنانچہ بندگان و استادگان و تشنگان وغیرہ و بمعنی بوستین یعنی ملنا کسی کو کنایۃً جماع و مباشرت- مولوی معنوی- چونکہ اندر مرد خوی زن نہد ✽ او مخنث گردد و گان سہد ✽ توحید- بندہ پرور پادشاہ دو جہان ✽ روز و شب روزی رسان بندگان ✽

گاوبان - بیل کا مالک- بیلون کی خدمت کرنے والا چرواہا- نظامی- چو شیرے کہ آتش بدم در زند ✽ دم گاوبان را بہم بر زند ✽

گاوزبان - مشہور دوا ہی جسکو عربی مین لسان الثور کہتے ہین-

گاوگردون - برج ثور جو دوسرا برج آسمانی ہی-

گاو - مشہور چارپایہ ہی جسکو بیل کہتے ہین - ذوقی - چو شغل کشتکاری پیش گیرد ✽ شود حاضر ز گردون گاو گردون ✽

گانٹھ باندھنا ۔ ایک بات قائم کرنا ۔ دل مین عہد کر لینا ۔
گانٹھ کا پورا ۔ مالدار آدمی ۔ دولتمند ۔ مؤلف ۔ آئے بازار محبت مین وہی ۔۔ عقل کا اندھا ہو پورا گانٹھ کا ۔
گانٹھ مین باندھنا ۔ اپنے قبضے مین کر لینا ۔
گانٹھ کا پیسا ۔ اپنا مال ۔ اپنا روپیہ ۔ محمد انور حکیم ۔ فی الحقیقت وقت پڑا ہی کام ۔۔ ہو جو پیسا خاص اپنی گانٹھ کا ۔۔
گانٹھ کاٹنا ۔ کیسہ کتر لینا ۔ جیب کتر لینا ۔ چوری و رہزنی کرنا ۔ کسی چیز کی قیمت اصل قیمت سے زیادہ لینا ۔ ٹھگنا ۔ لوٹنا ۔ قطعہ از مؤلف ۔ آجکل کے جو بد معاش ہین لوگ ۔۔ جیسے لگے ہاتھ دم مین چاٹتے ہین ۔۔ رستے چلتون کی گٹھڑی لوٹتے ہین ۔۔ راہ جاتے کی گانٹھ کاٹتے ہین ۔۔
گانٹھ کھونا ۔ مال ضائع کرنا ۔ نقصان اُٹھانا ۔ اپنی گرہ کا روپیہ خرچ کر بیٹھنا ۔
گانٹھ کٹنا ۔ جیب کتری جانا ۔ ٹھگا جانا ۔
گانٹھ کرنا ۔ اتفاق کرنا ۔ مال جمع کرنا ۔ جوڑنا ۔ غبن کرنا ۔ روپیہ الگ کرنا ۔
گانٹھ کھولنا ۔ صلح کرنا ۔ شکر رنجی دور کرنا ۔ خوب خرچ کرنا ۔
گانڑ پھاڑنا ۔ ناک مین دم کر دینا ۔ دق کرنا ۔

گانڑ پھٹنا ۔ کسی امر سے تنگ ہونا ۔
گانڑ پھٹ کر حوض ہو جانا ۔ کسی سے نہایت ڈرنا ۔ زیادہ خرچ کے باعث دیوالہ نکل جانا ۔
گانڑ چلنا ۔ پیٹ جاری ہونا ۔ دست آنا ۔
گانڑ رگڑنا ۔ سخت منت کرنا ۔ خوشامد کرنا ۔ سخت محنت کرنا ۔
گانڑ سے گھوڑا کھولنا ۔ گانڑ سے گل کترنا ۔ ناممکن الوقوع امر کے لیے بے فائدہ محنت کرنا ۔
گانڑ غلامی کرنا ۔ گانڑ چاٹنا ۔ گانڑ دھونا ۔ پرلے درجے کی خوشامد کرنا ۔
گانڑ کی خبر نہ رہنا ۔ غافل ہو کر سو جانا ۔
گانڑ گردن ایک ہو جانا ۔ محنت کرتے کرتے تھک جانا ۔ تنگ آجانا ۔ تھک کر چور ہو جانا ۔
گانڑ گلے مین آنا ۔ تنگ آجانا ۔ عاجز آجانا ۔
گانڑ مین انگلی کرنا ۔ دق کرنا ۔ ستا مارنا ۔
گانڑ مین گھسا جانا ۔ خوشامد کرنا ۔ للو پتو کرنا ۔
گانڑ مین لنگوٹی تک نہ رہنا ۔ مفلس محض ہو جانا ۔
گاؤ خورد ہونا ۔ تلف و برباد ہونا ۔
گاؤ زوری کرنا ۔ سانڈ کی سی طاقت دکھانا ۔
گاؤ کھپ کرنا ۔ سب کچھ چر جانا ۔ مال غبن کرنا ۔
گاہکی پٹنا ۔ سودا بن جانا ۔ معاملہ ہو جانا ۔
گائے کا بچھا تلے اور بچھیا کا گائے کے تلے کرنا ۔ حکمت عملی اور تدبیر کے ساتھ کوئی کام چلانا ۔
گانڑ جوڑ بخیہ ۔ نہایت گہری دوستی ۔
گانڑو کا حمایتی بھی کبھی جیتا ہے یعنی ناکارہ آدمی کا حمایتی کبھی نہین جیتتا ۔

کاف فارسی با یاے

گپا کھانا ۔ کسی کا دم کھانا ۔ جماع کر لینا ۔
گپ گپ کھانا ۔ جلدی جلدی کھانا ۔

کاف فارسی با تا

گت بنانا ۔ کسی باجے کے سُرون کو گانے بجانے بولون کے موافق کر لینا ۔ خوب پیٹنا ۔ برا حال کرنا ۔ سچ سدھا کر ناچ اپنا خود ہی دلوانہ کیا ہمکو ۔۔ ہمین سے پوچھتے ہو پھر کہ یہ کیا گت بنائی ہے ۔
گت بھرنا ۔ راگ کے بول کے مطابق ناچنا ۔
گت ہونا ۔ کام مین آجانا ۔ خرچ ہو جانا ۔
گتھی پڑ جانا ۔ سوت کا اُلجھ جانا ۔ معاملہ پیچ در پیچ ہو جانا ۔

گٹ پٹ ہو جانا - آپس میں مل جانا -
گٹکری لینا - گانے کے وقت مسلسل آواز نکالنا -
گٹھری کرنا - جمع کرنا مال کا - حریف کو کشتی میں دوہرا کر لینا -
گٹھری مارنا - مال مارنا - چرانا - لوٹنا - ٹھگنا - فریب سے لینا -
گٹھوت گانٹھنا - سازش کرنا - مشورہ کرنا -

کاف فارسی با جیم

گجر دم ہونا - صبح ہونا - سویرا ہونا -
گجھا دبا بیٹھنا - فریب سے کسی کی دولت حاصل کرنا -

کاف فارسی با دال

گدگدی دل میں ہونا - خود بخود ہنسی آنا - ستوحی جی میں آنا - صبا - سرگین آنکھوں کے بوسے لیے گستاخی سے + گدگدی دل میں ہوئی اُنکی حیا سے پیدا +
گدگدی کرنا - انگلیوں کی حرکت بغل میں کرکے کسی کو ہنسانا - ہومن - کسکی ملنے کا تصور ہے شب و روز کیوں * گدگدی دل میں کوئی آٹھ پہر کرتا ہے +
گدھے پر چڑھانا - سوار کرنا - بدنام و رسوا کرنا -
گدھے کو حلوا کھلا کر لاتیں کھانا - بُروں کے ساتھ نیکی کرکے بُرائی حاصل کرنا -
گدھے کے ہل چلوانا - کسی آباد جگہ کو مسمار کرنا -
گدی بھاننا - کسی کی گردن مارنا -
گدی سے زبان کھینچنا - ایک قسم کی سزا ہے جو بے رحمی سے دیجاتی ہے -
گدا بنانا - رسوا و بدنام کرنا -
گدھاپن - بیوقوفی - نادانی آدمی کی -

کاف فارسی با راے

گران گزرنا - ناگوار ہونا - بُرا معلوم ہونا - مولانا اکبر - غیر جلسے میں بزم میں لیکن * میرا آنا گران گذرتا ہے *
گرد بیٹھنا - غبار کا جم جانا - خاک آلودہ ہو جانا - آتش - مجھ ناتوان کی خاک جو اُٹھ بیٹھی ہوئی شراب * اُٹھ اُٹھ کے بیٹھ بیٹھ گئی گرد راہ کی *
گردش میں آنا - تباہی یا مصیبت میں آنا - حکیم الہ نور لاہوری - چرخ کے مانند دن اور رات چکر کھاتے ہیں + گردش گردون دون میں جو کوئی آجاتے ہیں +
گرد کو نہ پہونچنا - برابر نہ ہو سکنا - مقابلہ نہ کر سکنا - سودا - غرض وہ گرم عنان ہو کے جب چمکتا ہے * نہیں پہونچتی ہے برق اسکے گرد کو زنہار +
گردنا دینا - گردنی کی آنا - گدی پر ایک چانٹا لگانا -
گردن پر بوجھ ہونا - کسی کا احسان مند ہونا -
گردن پر خون ہونا - کسی کے قتل کا عذاب یا گناہ ہونا - صفدر رشید قانی - بیستے قتل کیے تیرے دست رنگین سے ہزاروں خون ہوئے ہیں حنا کی گردن پر +

گردن پھنسانا - کوئی ذمہ داری سر پر لینا - اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا -
گردن پھیرنا - نافرمانی کرنا - حکم نہ ماننا - نعتیہ از مؤلف - کون گردن پھیر سکتا ہے نبی کے حکم سے * خم اطاعت میں ہے جنکی گردن گردون دون *
گردن توڑنا - کسی کو مارنا - کوٹنا - سزا دینا - حکیم الہ نور لاہوری - سر جھکانا جو کوئی حضرت کے در پر چھوڑ دے * ایسے گردن کش کی گردن کیوں نہ گردون توڑ دے *
گردن جھکانا - اطاعت کرنا - فرمان برداری کرنا - سجدہ کرنا - پاؤں پڑنا - قطعہ از مؤلف - عزیز و بندے بنجاؤ خدا کے * قدم راہ طریقت میں بڑھاؤ * سرافرازی اگر تم چاہتے ہو * کرو سجدہ اُدھر گردن جھکاؤ *
گردن کا ڈورا - ناچنے کے وقت گردن کی ایک انداز کے ساتھ جنبش -
گردن کا منکا ڈھلنا - قریب مرگ ہونا -
گردن کٹنا - مارا جانا - قتل ہونا - تباہ و برباد ہونا - حق تلف ہونا -
گردن مارنا - قتل کرنا - جان سے مار ڈالنا - مفتی حیدر لاہوری - سر جھکانا اُس خدا کے روبرو ہے نفس اور شیطان کو گردن مارنا +
گردن مروڑنا - قتل کر دینا - ذبح کرنا -
گردن میں ہاتھ دینا - پیار کرنا - اختلاط جتلانا - محبت ظاہر کرنا -
گردن میں ہاتھ دیکر نکال دینا - بُری حالت سے بے عزت کرکے نکال دینا
گردن ہلانا - کسی بات سے انکار کر دینا - ۵ - خدا کا مال نہ دل سے فرمان * خبردار اُس سے مت گردن ہلانا *
گرد ہو جانا - مغلوب ہو جانا - پتہ نہ لگنا - شعر - مجنون دشت گرد تھا مانند گرد باد * ہمنے اُڑائی خاک تو وہ گرد ہو گیا - نظیر - لیجے عالم میں یہ آٹا دال بھی کیا فرد ہے * حسن کی آن ادا در سب اُسکے آگے گرد ہے *
گرفت کرنا - عیب پکڑنا - نکتہ چینی کرنا - قصور نکالنا -
گرگٹ کے سے رنگ بدلنا - ایک حالت پر نہ رہنا - گرگٹ جانور کے رنگ بدلتے رہنا - کبھی کچھ کبھی کچھ ہو جانا - بارہ گلی - خوشیدار کیا کہوں اُنھیں آنکھوں کے سامنے * گرگٹ کی طرح رنگ زمانہ بدل گیا *
گرم بولنا - غصہ سے بات کرنا -
گرم کرنا - حرارت پہونچانا - بھڑکانا - غصہ دلانا - تیز کرنا - گھوڑے کو ایڑ لگانا -
گرم ملنا - سرسری ملاقات کرنا - چلتے چلتے بات کرنا - ثنا یاں

عاشق سے گرم ملنا پھر بات بھی نکھنا ٭ کیا بیمروتی ہو گیا ہو فاسیاں ہیں
گرم ہونا - غصہ ہونا - تیز ہونا - بگڑنا -
گرمیاں کرنا - محبت جتانا - اختلاط ظاہر کرنا - فریب عشق -
مجھے اب گھر کو جانے دیجیے آپ ٭ گرمیاں اور سے کیجیے آپ ٭
گرمی کرنا - شرارت کرنا - شوخی کرنا - غصہ کرنا - حرارت بڑھانا -
آتشک - مجھ سے گرمی بھی وہ کرتا ہو تو دوہری گرمی ٭ خود جلانا
مجھے خود آگ بولا ہونا ہے ٭
گرمی نکالنا - غصہ نکالنا - جماع کی خواہش کو مٹانا -
گرمی ہو جانا - حرارت بڑھ جانا - آتشک ہو جانا -
گرہ باندھنا - گانٹھ باندھنا - پلے باندھنا - ناسخ - سیقدر ہے
اہل دنیا میں تو نایت کا رواج ٭ بس ہو تو مثل صدف باندھیں گرہ میں آپ کو
گرہ پڑ جانا - عداوت ہو جانا - دل میں بل پڑ جانا - سے - نہ کھلی
پڑ گئی تھی یار کے دل میں جو گرہ ٭ سعی ہر چند میرے ناخن تدبیر نے کی ٭
گرہ کا کھلنا - نقصان ہو جانا - بال بلعت ہونا - صلح ہو جانا - غصہ دور ہونا -
گرہ لگانا - گانٹھ باندھنا - معاملہ بنانا - سودا کرنا -
گرہ میں پیسہ ہونا - مالدار ہونا -
گریبان پکڑنا - گریبان میں ہاتھ ڈالنا - گردن پکڑنا - سخت تقاضا کرنا -
گریبان پھاڑنا - چاک کرنا - چاک چاک کرنا - دیوانہ ہو جانا -
کپڑے پھاڑ ڈالنا - ناسخ - پھر بہار آئی نکلیے گھر سے دامن چھاڑ کر ٭
سوئے صحرائے جنون چلیے گریبان پھاڑ کر ٭ سودا کیونکر نہ چاک چاک
گریبان دل کروں ٭ دیکھوں جو تیری زلف کو میں دست شانہ میں ٭
گریبان میں منہ ڈالنا - چھپانا - اپنی حالت پر خود شرمسار ہونا -
اپنا عیب و صواب خود دیکھنا - درد - اے درد مراقبہ تو کرتے ہو
ولے ٭ ٹک اپنے گریبان میں منہ ڈالیے گا ٭ جب اپنے گریبان
میں منہ ڈال کے دیکھا ٭ دل سے نہ زیادہ کوئی دشمن نظر آیا ٭ میر سوز
گریبان میں ذرا منہ ڈال دیکھو ٭ کہ تم نے اس وفا پر ہم سے کیا کی ٭
گڑبڑ جھالا - بوندا باندی - بادل - ہوا - بیائی - بدنظمی - ابتری -
گڑبڑ کرنا - آپس میں ملا دینا - گڈ بڈ کرنا -
گڑگڑانا - بکسر ہر دو کاف منت خوشامد کرنا -
گڑگڑانا - بضم ہر دو کاف پیٹ کا بولنا - گڑگڑ کرنا - بدہضمی ہونا -
گڑنگ مارنا - ہانکنا - ڈینگ مارنا - شیخی بگھارنا -
گڑھا بھرنا - گذارہ کرنا - پیٹ بھرنا -
گڑھ فتح کرنا - قلعہ جیتنا - سخت مصیبت سے رہائی پانا -

گریا سنوارنا - غریبانہ بیاہ کرنا - یار چلی گریا سنوار دو گی
ارے بھیک مانگ کے ٭ شاطہ کہ ادھر تو سرانجام ہو گیا -
گڑیاں کھیلنا - لڑکیوں کا کھیل کھیلنا -
گڑے مردے اکھاڑنا - پرانے جھگڑوں کو تازہ کرنا - دبی آگ کو
کریدنا - سودا - سودا کے ہوتے وامق و مجنون کا ذکر کیا
عالم عبث اکھاڑے ہے مردے گڑے ہوئے ٭
گیارہ - ولادت کا دن اور جمعرات کا دن -
گرم خبر - جو خبر پے در پے سنی جائے -
گڑیوں کا کھیل - آسان کام -
گرما گرم - جو چیز تازہ اور گرم ہو اور شوخ و شنگ معشوق -
گڑیوں کا بیاہ - غریبانہ شادی بے شرعی نکاح -
گرما گرمی سے - نہایت تیزی اور جوش سے -
گرم بازاری - خریداری کسی چیز کی -
گرم کپڑے - جاڑے کا لباس -

کاف فارسی با زائے معجمہ

گزر جانا - ہو چکنا - تمام ہونا - مر جانا - میر - تری ہی رہگذر میں یہ
جی جا رہا ہو شوخ ٭ سنیو کہ میر آج ہی کل میں گذر گیا ٭
گزی گاڑھا پہننا - غریبانہ گذران کرنا -

کاف با کاف فارسی

گگن کھیلنا - اونچا اچھلنا -
گگن ہونا - نہایت بلند ہونا - تارا ہو جانا

کاف فارسی با لام

گلا اٹھانا - لٹکا ہوا کوا گلے کا انگوٹھے سے اٹھا کر درست کر دینا -
گلا آنا - گلا اچھل جانا - ورم ہو جانا - چھالے پڑ جانا - ناز میں - گلا
آ جائیگا تجھے کا میرے ٭ چپاتی روز خالی چسنیاں ہو ٭
گلا بیٹھ جانا - گلا پڑ جانا - آواز بھاری ہونا - ریزش ہو جانا - شعر
٭ فریاد بلبل گلوں نے سنی ٭ گلا چیختے چیختے پڑ گیا ٭
گلا بندھانا - اپنے آپ کو کسی امر میں ذمہ دار کر لینا - قرضہ لینا -
نکاح کرنا - سے - زلف میں دل کو ہم پھنسا بیٹھے ٭ گلا اس
بند میں بندھا بیٹھے ٭
گلا بندھنا - کسی امر میں مقید ہو جانا - قرضدار ہو جانا - پابند ہو جانا -
گلا پڑنا - گلا سوج جانا -
گلابی جاڑا - خفیف سا جاڑا -

گلا پکڑنا۔ کوئی خراب چیز گلے سے نہ اُترنا۔
گلا پھاڑنا۔ گلا پھاڑ کے بولنا۔ چیخنا۔ چلانا۔
گلا پھرنا۔ گانے کے وقت زیر و بم آواز بخوبی نکلنا۔
گلا دبانا۔ گلا مسوسنا۔ گھونٹنا۔ ناسخ۔ عشق مین یہ ہی کہ دم پیدا خفا
ہوتا ہی ٭ گھونٹتا ہی جو کوئی سست گلا مینا کا ٭ بحر۔ سوائے صبر
کیا چارہ جو وہ بیداد کرتے ہین ٭ گلا غیرت دباتی ہی اگر فریاد کرتے ہین ٭
گلا کاٹنا۔ قتل کرنا۔ ذبح کرنا۔ ظلم کرنا۔ ستانا۔
گلا ہلانا۔ راگ گانا۔ ٹکٹکری لینا۔
گل بندھ جانا۔ خوب سُلگ جانا لکڑی وغیرہ کا۔
گل بہیان ڈالنا۔ گلے ملنا۔ محبت کرنا۔ پیار سے بغلگیر ہونا۔
گل پھولنا۔ کوئی نئی بات پیدا ہونا۔ جان صاحب۔ باجی دن رات کا
پھر وہی بکھیڑا نکلا ٭ کوئی گل پھولیگا پھر سوت کا چرچا نکلا۔
گل تنک ہونا۔ سر پر کھڑے ہونے تک کی خبر نہ ہونا۔ نہایت غافل ہونا
گل چلانا۔ قادر انداز جو شخص تیر نشانے پر لگائے۔ آتش۔ خال مشکین سے
شکار اہل قلم کیجے ٭ گل چلے تیر سے کرتے ہین نیستان خالی ٭
گلچھرے اُڑانا۔ فضول خرچیان کرنا۔ عیش اُڑانا۔ اسیر۔ پائی دولت
مال اڑا قتل کیا مجھکو کیا ٭ خوب گلچھرے اُڑاتا ہی تیغا یار کا ٭
گل حکمت کرنا۔ مٹی سے کسی شیشے یا برتن کو خام کر دینا یعنی اسکو آگ
مین رکھنے کے لیے مٹی لگا کر مضبوط کرنا۔
گل دینا۔ داغ دینا۔
گل دینا۔ لگانا۔ پھانسی دینا۔ مولف گلشن فیض۔ گلے لگے بت
فرنگی کے ٭ وجب القتل ہین تو گل دیگا ٭
گل ڈب کرنا۔ غصب کرنا۔ مال مارنا۔
گل کاٹنا۔ تراشنا۔ کترنا۔ لینا۔ شمع کا جلا ہوا حصہ قینچی سے کتر لینا
گلکاری کرنا۔ پھول بوٹے بنانا۔
گل کترنا۔ کاغذ کے پھول بنانا۔ انوکھا کام کرنا۔ ذوق۔ سوٹکڑے ہین
اپنی کے برنگ گل صد برگ ٭ کیا دشت نوردی مین کترتا ہی جنون گل ٭
جرأت۔ چھوڑا گلزار سے دور او پر بلبل کترے ٭ ہائے صیاد جفا پیشہ
نے کیا گل کترے ٭
گل کھانا۔ معشوق کے چھلے یا انگشتری وغیرہ کو گرم کرکے اپنے ہاتھ یا چھاتی
یا پیشانی پر داغ دینا اور اُسکو عشق اپنے کا نشان بنانا۔ ناسخ۔ جا بجا جسم
مین شاخ گل جھم نا تواں کو بلبلا مین کیا ہی خوش اسلوب مین نے اپنے
تن پر کھانے گل ٭ گل کھائے ہین معشوق کے چھلون کے نشان ٭

ہاتھون پہ گمان ہی میرے طاؤس کے پر کا ٭
گل کھلانا یا پھلانا۔ کوئی کنئی او عجیب بات نکالنا۔ بحر۔ شاخین
نکالی جاتی ہین اب بات بات مین ٭ دو چار دن مین دیکھیے
کیا گل کھلائے رنج ٭
گل کھلنا۔ شگوفہ کھلنا۔ نئی بات ظاہر ہونا۔ برق۔ نہ چھوٹے
تا قیامت گل کھلے طرفہ تماشا ہو ٭ لہو سے تیغ قاتل پر چمن بنجائے جوہر کا
گلہ گزاری کرنا۔ کسی کی شکایت کرنا۔
گلے بندھنا۔ شہد کا جمع ہونا۔ جوانی پر آجانا۔ دولتمند ہوجانا۔
گلیان چھاننا۔ کوچہ گردی کرنا۔ واہی تباہی پھرنا۔
گلے پر چھری پھیرنا۔ قتل کرنا۔ ذبح کرنا۔
گلے پڑنا۔ بے مرضی کوئی چیز ہاتھ آنا۔ بحر۔ کچھ ایسی گلے پڑگئی
ابرو کی محبت ٭ تلوار کا ڈورا رگ گردن نظر آیا ٭
گلی ڈنڈا کھیلنا۔ وقت ضائع کرنا۔
گلے سے اُترنا۔ حلق سے اُترنا۔ نگلا جانا۔
گلے کا ڈھولنا۔ گلے کا تعویذ۔ ناحق کا بوجھ۔ ناگوار چیز۔
گلے کا ہار ہونا۔ لپٹ جانا۔ پیچھے پڑجانا۔ بحر۔ مین نام پھول کا لیکر
گنا ہگار ہوا ٭ شراب جان کے قاضی گلے کا ہار ہوا ٭
گلے لگانا۔ چھاتی سے لگانا۔ آغوش مین لینا۔ پیار کرنا۔ نظیر۔ اک روز
کہا یار کو مین پاکے اکیلا ٭ مرتا ہون مری جان گلے مجھکو لگالے ٭ منھ
پھیر کے شرما کے لگا کہنے کہ اچھا ٭ کہنا نہ کسی سے یہ قسم پہلے تو کھالے ٭
گلے لگنا۔ گلے سے لگنا۔ ملنا۔ ہم آغوش ہونا۔ بغلگیر ہونا۔ ملاقات
کرنا۔ ماہر۔ بس اب تو جانے دو رنجش گلے سے لگ جاؤ ٭ تڑپ
رہا ہی یہ دل مرغ نیم جان کی طرح ٭
گلے منڈھنا۔ ڈالنا۔ لگانا۔ باندھنا۔ کوئی چیز کسی کو زبردستی
سے دینا۔ نکاح کر دینا۔
گلے مین اٹکنا۔ بدمزہ اور خراب معلوم ہونا۔ منھ مین نہ چلنا۔
گلے مین زنجیر پڑنا۔ کسی معاملہ مین اپنی مرضی کے بغیر پابند ہونا۔
ناحق کسی آفت مین پڑجانا۔

کاف فارسی با میم

گمان بھرا۔ مغرور و متکبر و خود نما۔
گھمنڈ کرنا۔ غرور و تکبر کرنا۔

کاف فارسی با نون

گنتی گنوانا۔ حاضری لکھوانا۔ نام درج کرانا۔

گنج ڈالنا۔ گنج لگانا۔ انبار لگا دینا۔ ڈھیر لگا دینا۔ سحر۔ شعد مر کی
راہ مین اک گنج ڈالتے اہی بکر وہ ہمارے پاس نہ قارون کا خزانہ ہوا +
گنڈ کٹنا۔ کسی مصیبت سے رہائی پانا۔
گندہ سہانا۔ کسی کی بو سونگھنے کو جی نہ چاہنا۔
گندی باتین کرنا۔ گالیان دینا۔ بُرا بولنا۔
گنگا جلی اٹھانا۔ ہندو کا قسم کھانا۔
گنگا لابھ ہونا۔ گنگا پر جا کے مرنا۔
گنگا نہانا۔ کسی مصیبت سے رہائی پانا۔ گنگا کا اشنان کرنا۔
گن ماننا۔ احسان ماننا۔
گنی بوٹی اونچا شوروا۔ گزارے کے موافق آمدنی۔
گنڈے دار۔ بے قاعدہ۔ رلا ملا۔ نیک و بد۔
گنبد کی آواز۔ جیسا کہنا ویسا سننا۔
گنوار کا لٹھ۔ احمق و بیوقوف آدمی۔
گنجے کو ناخون نہ دے۔ سفلہ کو خدا دولت نہ دلوے ورنہ لوگون کو
ستائیگا۔ سعہ۔ ملے دولت جو کمینے کو تو مشکل ہوگی * یہ مثل
سچ ہے خدا گنجے کو ناخون نہ دے *
گنگا جمنی۔ ہر ایک دو رنگی چیز سونے چاندی کا ملا ہوا زیور۔

کاف فارسی با واو

گو اچھالنا۔ بے عزتی اور رسوائی کرنا۔
گود پسار کے کوسنا۔ ہاتھ کھول کے بد دعا دینا۔
گود پھیلانا پسارنا۔ پلہ پھیلا کر سوال کرنا۔
گودڑ کا ٹھنا۔ پھٹے پرانے کپڑون مین پیوند لگانا۔
گودڑ مین گندوڑا۔ گودڑ مین لعل۔ غریب آدمی کے گھر مین
صاحب کمال بچہ۔ مفلسی کی حالت مین صاحب کمال۔ آتش۔ روا
ملفت ایام مین بھی قدر نیکون کی * پھٹے کپڑون مین بھی ہم انکو
سمجھے لعل گودڑ کا۔
گود کا بچہ۔ شیر خوارہ۔
گور کا منہ جھانک کر پھرنا۔ گور مین لات مار کر کھڑا ہونا۔
سخت بیمار ہو کر اچھا ہو جانا۔
گورکھ دھندا۔ لوہے کے چند حلقے ایک دوسرے مین پڑے ہوے
جسکے کھولنے موندنے مین عقل چرخ ہوتی ہے۔ مصیبت کا کام پیچیدہ امر
بکھیڑا۔ جھگڑا۔
گور بے گڑھا۔ مردہ کی تجہیز و تکفین کا سامان میسر نہ ہونا ہے حال تیرے
کشتگان بیچارون کا * ہوا نہ گور گڑھا ان ستم کے مارون کا *
گور کنارے جا لگنا۔ مرنے کے قریب پہونچنا۔ کیسر۔ ظلم ہوے ہین
کیا کیا ہم صبر کیا ہے کیا کیا ہم * آن لگے ہین گور کنارے اسکی گلی مین جا جا ہم
گور کے مردے اکھیڑنا۔ پرانے واقعات بیان کرنا۔ آتش۔
کہتے ہین ذکر لیلی و مجنون جو چھیڑیے * چپ رہیے بس نہ گور کے مردے اکھیڑیے
گور گڑھا کرنا۔ مردے کو دفن کرنا۔
گوڑی پڑنا۔ پاؤن پڑنا۔ منت کرنا۔
گوڑی پسار دینا۔ ہمت ہار دینا۔ شکست ہو جانا۔
گوڑی ٹوٹنا۔ چلنے کی طاقت نہ رہنا۔ تھک جانا۔
گوڑی توڑنا۔ پھرنا۔ تھکانا۔ پاؤن توڑنا۔
گوڑی جمانا۔ جگہ قائم کرنا۔ ٹھیٹس جمانا۔
گوڑی کرنا۔ مال حاصل کرنا۔ فائدہ اٹھانا۔
گوز شتر سمجھنا۔ ناکارہ خیال کرنا۔
گو سے گہنا وناکر دینا۔ نہایت ذلیل کرنا۔
گوشت سے ناخن جدا کرنا۔ رشتہ دارون مین عداوت و تفرقہ ڈالنا۔
گوشت سے ناخن جدا ہونا۔ کسی امر محال کا واقع ہونا۔ غالب۔ دل سے
مٹنا تیری انگشت حنائی کا خیال * ہو گیا گوشت سے ناخن کا جدا ہو جانا *
گوشت کا لوتھڑا۔ موٹا اور بیوقوف آدمی۔
گوش گذار کرنا۔ خبر سنا دینا۔ کان مین کہہ دینا۔
گوشمالی دینا۔ کان مروڑنا۔ گوشمالی دینا۔
گو کرنا۔ کپڑے میلے کر دینا۔
گو کھانا۔ اغلام کرنا۔ جھوٹ بولنا۔
گولا اٹھانا۔ قسم کھانے کے واسطے گرم لوہا اٹھا لینا جیسے کہ تیل میں ہاتھ ڈالنا
گولا دھار برسنا۔ سخت بارش ہونا۔
گولر کا پیٹ پھڑوانا۔ بھید کھلنا۔ راز ظاہر کرنا۔
گول کرنا۔ چھپا چھپا کر باتین کرنا۔
گول گول کہنا۔ صاف صاف بیان نکرنا۔
گول مال کرنا۔ گڈ بڈ کر دینا۔ ملا جلا دینا۔
گول ہول ہو رہنا۔ خاموش ہو رہنا۔ جواب نہ دینا۔
گولی بچا جانا۔ چالاکی سے کسی مصیبت سے بچ جانا۔
گولی پلانا۔ بندوق مین گولی بھرنا۔
گو موت کرنا۔ دایہ گری کرنا۔
گون گانٹھنا۔ نکالنا۔ مطلب برآری کرنا۔ جون تون کام نکال لینا۔

گونگے کا خواب یا سپنا - پوشیدہ بات جیسا کہ گونگا اپنے خواب کو ظاہر نہین کر سکتا - اسیر - پوشیدہ دل کا حال ہو کیا سوچیے مآل + تعبیر کیا کہے کوئی گونگے کے خواب کی ٭
گونگے کا گڑ کھانا - چونکہ گونگا گڑ کی لذت بیان نہین کر سکتا مطلب اس جملے کا خاموش رہنا کچھ نہ کہنا -
گوھار لڑنا - ایک آدمی کا بہت آدمیون کے ساتھ لڑنا کیونکہ گوہار گروہ کو کہتے ہین -
گول بات - پیچیدہ بات جسکا مطلب معلوم نہو -
گون کا یار - مطلب کا یار -
گولر کا پھول - نایاب چیز کیونکہ گولر کا پھول نہین ہوتا -
گولی مارو - دفع کرو - دور کرو - لعنت بھیجو -

کاف فارسی با ہاے

گھات چلانا - جادو کرنا - موٹھ چلانا -
گھات مین رہنا - ہونا - بیٹھنا - کسی کے مارنے کی فکر مین ہونا - موقع تاکنا - حکیم انور - آدمی جانبر بھلا ہو کسطرح ٭ جب اجل رہتی ہو اسکی گھات مین ٭ صبح آ پکڑے گی وہ یا شام کو ٭ دن مین آ پہونچیگی وہ یا رات مین ٭
گھاٹ گھاٹ کا پانی پینا - جا بجا پھرنا - ملک ملک کا سفر کرنا -
گھاس کاٹنا - کھودنا - بے سوچے جلدی سے کوئی کام کرنا - کام خراب کرنا -
گھال میل رکھنا - آپس مین اختلاط رکھنا - ربط ضبط محبت پیار رکھنا -
گھال میل کر دینا - دو چیزون کو آپس مین ملا دینا -
گھاو بھر جانا - زخم اچھا اور نقصان پورا ہو جانا - فائدہ ملجانا -
گھائی بتانا - فریب دینا - ٹھگنا - دھوکا دینا -
گھائین مائین کر دینا - مال چھپا لینا - الگ کر دینا -
گھٹا کھلنا - سود نرخ چڑھانا - پھوٹ جانا - تجارت مین نقصان ہو جانا -
گھٹا امنڈنا - ابر چھا جانا - بادل گھر آنا -
گھٹتی کا پہرا - تنزل کا زمانہ - خراب وقت -
گھٹنون مین سر دبانا - شرمانا - افسوس مین ہونا - سوچ اور فکر مین پڑنا -
گھٹنون چلنا - بچون کی طرح چلنا - سست کام کرنا - کام مین کچھ رک جانا -
گھٹی مین پڑنا - کوئی عادت بچپن سے ہونا -
گھڑا باندھ کرنا - شادی کرنا - نکاح کرنا -
گھڑا چلنا - لگنا - بند سانس آنا - نزع مین ہونا - قریب المرگ ہونا - رشک - آنکھین تری جو آئین تو بیمار چشم کو ٭ مرنے کے انتظار مین گھڑا لگا رہا +

گھر بار کے ہونا - خانہ دار ہونا - عیال دار ہونا -
گھر بسنا - گھر آباد ہونا - شادی ہو جانا -
گھر بگاڑنا - گھر تباہ کرنا - بدکاری مین پڑ جانا -
گھر بگڑنا - عورت خاوند مین نا اتفاقی ہونا - عورت کا مر جانا -
گھر بنانا - مکان بنانا - دولت جمع کرنا - عورت کو گھر مین لانا - قطعہ از مؤلف - جبکہ رہنے کے لیے آئے نہین ہم دوستو ٭ اس مسافر گھر کو اپنا گھر بنا بیٹھے ہین کیون ٭ ایسے گھر مین باوجود درد و رنج و اضطراب ٭ اسقدر بے سوچے سمجھے دل لگا بیٹھے ہین کیون +
گھر بھرنا - دولت جمع کرنا -
گھر بیٹھنا - گھر کا مسمار ہو جانا - بیکار ہو جانا -
گھر پھٹنا - نا اتفاقی پیدا ہونا - ایک دوسرے کا دشمن بن جانا -
گھر پھوڑنا - نقب لگانا - چوری کرنا - گھر والون مین نفاق ڈال دینا -
گھر پھونک تماشا دیکھنا - روپیہ عیاشی و آتشبازی مین خرچ کر ڈالنا - آسیر - دل جلا کر رخ محبوب کا جلوہ دیکھا ٭ ہمنے گھر پھونک کے کیا خوب تماشا دیکھا
گھر تک پہونچنا - سراغ نکالنا - نشان معلوم کرنا - پیچھا نہ چھوڑنا -
گھر جانا - بکسر اول قابو مین آ جانا - مصیبت مین پھنس جانا -
گھر چڑھ کر لڑنا - کسی کے گھر جا کر لڑنا - ذوق - مرے خیال پہ وہ چشم فتنہ گر چڑھ کر ٭ یہ خانہ جنگ ہو آئی ہی لڑنے گھر چڑھ کر ٭
گھر چلانا - گھر کا بندوبست کرنا - انتظام کرنا -
گھر دیکھ لینا - کسی کے گھر مانگنے کو بار بار جانا - مؤلف - مرگ نے چھوڑا بس کسی کو نہین ٭ اسنے ہی سب کے گھر کو دیکھ لیا +
گھر سے دینا - اپنی گرہ سے دینا -
گھر سے کھونا - گھر کا روپیہ برباد کرنا -
گھر سینا - بیکار گھر مین بیٹھ رہنا -
گھر کا - اپنا - اپنی مالکیت کا - مؤلف - ساتھ لیجائیگا تو کیا اس سے + مال ہو جسقدر تیرے گھر کا ٭
گھر کا آنگن بن جانا - برباد و تباہ ہو جانا -
گھر کرنا - مکان بنانا - عیالدار ہو جانا - ؎ - یون میرے دل مین چبھتی ہی دندان کی اسکی تاب ٭ ہیرے کی جیسی کنی کسی کو سہ مین گھر کرے ٭
گھر کا بھولا - بڑا دانا - کنایت شعار اسکے معنی برعکس طنز لیے جاتے ہین
گھر کا نام ڈبونا - خاندان کو برباد کرنا -
گھر کی طرح بیٹھنا - دوسرے کے گھر مین اپنے گھر کی طرح آرام پانا -

گھر کیطرح رہنا - بے تکلف ہو کر رہنا - رشک - ادھر ادھر پڑے
پھرتے ہو کیا نظر کیطرح + جو آئے ہو مرے گھر میں تو بیٹھو گھر کیطرح -
گھر کے گھر بند ہونا - وبا پڑ جانا بہت سے آدمی مرجانا -
گھر کے گھر رہنا - نقصان نہونا -
گھر گھالنا - گھر برباد کرنا ستیاناس کرنا - جرات - ابھی تو تجنے
پردے ہی میں اک عالم کا گھر گھالا + مجھے یہ فکر ہے صورت دکھاؤگے تو کیا ہوگا
گھر گھر مانگتے پھرنا - گدائی کرنا -
گھر میں آنا - حاصل ہونا مل جانا -
گھر میں ڈالنا - بیوہ عورت سے نکاح کرنا -
گھر والا - عورت کا خاوند گھر کا مالک -
گھری چھننا - گاڑھی بھنگ چھانی جانا پختہ دوستی ہوجانا یا بھاری عیاری وقت ہونا
گھری گھٹنا - گاڑھی بھنگ گھولی جانا -
گھری نیند سونا - غافل ہو کے سونا -
گھڑیاں گننا - انتظار کرنا راہ دیکھنا - جرات - وعدے پہ کوئی
تڑپنے لیے شام سے سحر تک + آہیں بھرا کیا ہے گھڑیں گنا کیا ہے -
گھڑی ساعت کا نقشہ ہونا - نزع کی حالت میں ہونا کلبلانا
نواب رامپور - ترے کوچے میں مدت سے ہے ہمپر نزع کا عالم + گھڑی
ساعت کا نقشہ تمنے دیکھا ہے یہیں برسوں -
گھڑی میں گھڑیاول ہونا - ایک گھڑی میں کچھ کا کچھ ہوجانا معاملہ
دگرگون ہوجانا - شعر - ہر وقت دگرگون ہے زمانہ کا حال + دو شنبے
ہو جو ہوتا ہے مہینے سے ہو سال + امید ترقی کی تنزل میں رہی +
اے کشتہ یاس ہے گھڑی میں گھڑیال -
گھس پٹی دینا - مارنا زدو کوب کرنا -
گھس لپس کر اترنا - لباس پھٹ کر اترنا -
گھسٹے گھسٹے پھرنا - مارے مارے پھرنا بیکار پھرنا -
گھس کھدا - گھانس کھودنے والا غریب آدمی -
گھس گھس کر چلنا - کپڑا مضبوط ہونا دیرپا ہونا -
گھس لگانے کو نملنا - کوئی چیز اسقدر بھی نملنا جو اسکو گھس کر لگاتے -
گھس مس کرنا - کانا پھوسی کرنا آہستہ باتیں کرنا -
گھمک کر بولنا - چمک کر بولنا بلند آواز نکالنا -
گھگھی بندھ جانا - دہشت کے مارے بول نسکنا خوف آواز نہ نکلنا
گھل مل کر رہنا - اتفاق سے رہنا محبت سے رہنا -
گھمسان کی لڑائی ہونا - عام جنگ ہو جانا اپنے بیگانے کی تمیز نہ رہنا

گھنٹہ ہلانا - بیکار بیٹھے رہنا کچھ کام نکرنا -
گھنگرو بولنا - مرنے کے قریب ہونا -
گھنگھور گھٹا - سیاہ بادل ابر تیرہ و تار - ناسخ - آگ برسے تو نہیں
جاے عجب فرقت میں + ہے دو دل سوزان تہیں گھنگھور گھٹا -
گھن لگ جانا - مہلک بیماری ہو جانا - راحت - بھلی چنگی تھی میں
گھن لگ گیا ہے جوانی میں + لنگوڑے چہرے والے نوچ کھائیں دوا تیری +
گھنے رکھنا - کسی چیز کو گرو رکھنا -
گھوڑا اٹھانا - گھوڑا دوڑانا - سہ حامد سے کام لیجیے یکام فکر شعر +
میدان کارزار میں گھوڑا اٹھائیے -
گھوڑا اکھر گیا - گھوڑا پسینے پسینے ہو گیا -
گھوڑا چڑھانا - بندوق کی جانب کو ٹانٹے پر چھوڑنے کیلیے چڑھانا
گھوڑا ڈالنا - باگ ڈھیلی چھوڑ دینا -
گھوڑا مارنا - ایڑی یا چابک مارنا -
گھوڑے بیچکر سونا - بے فکری کی نیند سونا -
گھوڑے چڑھانا - ختنہ کی برات کرنا -
گھوڑے کی شادی کرنا - گھوڑا فروخت کر دینا -
گھول پینا - شربت کی طرح گھولکر پی لیا کسیکا کہنا نہیں سنا -
گھولا گھولنا - کسی معاملہ میں دیر لگانا تعویق کرنا ڈھیل ڈالنا -
گھولے میں پڑنا - کھیڑے میں پڑنا -
گھولے میں ڈالنا - توقف میں ڈالنا -
گھونٹ لینا - پانی کا گھونٹ پینا یا حقہ کا دم لگانا -
گھونسا پلانا - حقہ لگانا -
گھونس دینا - رشوت دینا -
گھونگھٹ کھانا - لڑائی سے پیٹھ پھیرنا - جرات - جون نقاب سے
الٹ اپنا لڑائی ہمسے آنکھ + فوج صبر و تاب طاقت وہیں گھونگھٹ کھاگئی
برق غصہ سے جو بل زلف سیہ فام نے کھایا + سو مرتبہ گھونگھٹ سیہ شام نے کھایا
گھی سا - نہایت نرم اور چکنا -
گھی کا کپا لڑھکنا - سخت نقصان ہونا کسی بڑے امیر یا بادشاہ کا مرجانا
گھی کا ڈورا - گھی کی دھار باندھی ہوئی -
گھی کھچڑی ہونا - آپس میں صلح ہوجانا -
گھی کے چراغ جلانا - خوشی منانا خوش ہونا - آتش - آنکھیں کرکے
سرمئی جو نور جمال یار + گھی کے چراغ طور کے اوپر جلا دئے میں
گھی کے چراغ جلنا - نہایت خوشی ہونا امانت پوری ہونا مراد بر آنا -

گھی کے کپّے سے جا لگنا - کسی مالدار سے ملاقات ہو جانا -

گھر کی بات - آسان بات سہل کام -

گھری بات - مشکل باریک بات -

گھر کا مرد - خاندان ایک لائق آدمی -

گھر گھر عید - عام خوشی عالمگیر خوشی - مولانا اکبر لاہوری -
[illegible] شب برات + عید گھر گھر ہے ہلال ابرو سے دلدار سے -

گھر کی مرغی دال برابر - گھر کی قیمتی چیز بھی مفت تصور کی جاتی ہے -

گھن چکر - آتشبازی کا چکر اور آدمی جو بیوقوف اور احمق ہو -

گھونگھٹ کی دیوار - پردہ کی دیوار -

گھر کے لوگ - جورو بچے عیال و اطفال -

گھر کو ڈر اشناس ہول - چیز تو گھر میں ہو اور ہول بازار میں -

گھڑی کی گھڑی میں - بہت جلدی -

گھاٹس کھاؤ - میوہ فروش خریدار کو کہتا ہے کہ تم میوہ کے لائق نہیں گھاس کھاؤ -

گھر کا رستہ لو - چلو اپنے ہو رخصت ہو گھر کو جاؤ -

گھر گھسٹرو - وہ شخص جو عورتوں میں بیٹھا رہے -

گھامڑ ہی - گھامڑ اس گائے کو کہتے ہیں جسکو گرمی کی بیماری ہو اور ہمیشہ ہانپتی رہے دو مہینے اسکا بگڑ جاتا ہے اور آدمی بیوقوف کو بھی کہتے ہیں [illegible]

گھر باری - عیالدار کنبہ والا -

گھر بیٹھے - بےفکری کے ساتھ -

گھر جلے کسیکا تاپے کوئی - نقصان ہو کسیکا فائدہ اٹھاوے کوئی - سے - آنکھیں سینکے باغبان دل میں لگے بلبل کے آگ + گھر کسیکا باغ عالم میں جلے تاپے کوئی -

گھر کا آدمی - رشتہ دار قرابتی -

گھر کا بھیدی - حال کا واقف محرم راز -

گھر کاٹ کھاتا ہے - کسیکو دوڑتا ہے یعنی رہ سکتا جی نہیں لگتا دل اداس ہوتا ہے -

گھر کی کھیتی - اپنی چیز موروثی مال - سے - سر منڈوائی اسکے زاہد اگر ریش منڈوائے + نکل آئیگی پھر داڑھی کہ ہے گھر کی کھیتی ہے -

گھر والی - گھر کی مالک منکوحہ عورت -

گھڑی گھڑی - بار بار دم بدم ہر دفعہ -

گھونگھٹ مسیبی - شعر چیز درست جو شعر سے لگے گر یہ مسکین بغر اشراف کی [illegible]

گاف فارسی یا یے

گیا بچہ ڈالنا - گابھہ ڈالنا - اسقاط حمل ہونا -

گیا گذرا - نکمّا ناکارہ بیکار خراب بُرا - میر - کوچہ یار سے بجا کھینگے کیسی ہی ہونگے ہم گئے گذرے - میر سوز - سوز کے قتل پہ کمر مت باندھ ایسا جاتا ہے کیا گیا گذرا -

گیا وقت پھر ہاتھ نہیں آتا - اچھا موقع بار بار نہیں ملتا اور جو وقت گذر جاتا ہے پھر ہاتھ نہیں آتا - میر حسن - سدا عیش دوران دکھاتا نہیں + گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں -

گئی کرنا - درگذر کرنا پہلوتہی کرنا جانے دینا کمی کرنا غفلت کرنا - رشک - عشق کیا صبر و تحمل کی اگر بات گئی + ظلم میں تو بھی نکرا و بت بذات گئی - ولہ - اسکے ستم کی چاہیے فریاد کچھ نہ کچھ + روز جزا ہے آج تو اے دل گئی نکر -

گئے گذرے ہونا - بیکار ہونا نا طاقت ہونا رہ نصوانہ ہونا ختم ڈوب جانا -

گیدڑ بھبکی - گیدڑ کی سی خالی حملہ آوری خالی دھمکی - ناسخ - گیا اعدا کی گیدڑ بھبکیان + الغیاث اے شیر یزدان الغیاث -

ستائیسوان باب

حرف لام کے بیان میں اسمیں پانچ فصلیں ہیں

پہلی فصل

فارسی و عربی وغیرہ لغات کے ذکر میں

لام با الف

لا - عربی لفظ ہے فارسی میں اسکے معنے نیست اور اردو میں نہیں - حکیم انور لاہوری - لا بخوان وکن نفی کون و مکان تا بہ الا اللہ شود اثبات آن -

لالا - بندہ و غلام و خادم و روشن و تابندہ با لحاق لفظ لولو - سعدی - زابر انگند قطرۂ سوی یم + ز صلب آورد نطفۂ در شکم ازان قطرہ لولو سے لالا کند + وزین صورتے سرو بالا کند -

لالسرا - خواجہ سرا جسکا عضو تناسل کٹا ہوا ہو -

لالکا - کفش یعنے پاپوش و تاج خروس کا -

لا برلا - تو بتو تہ بتہ -

لا دوا - جسکی دوا نہو مہلک بیماری - توحید - از تو میخواہد دوائے درد دل ہر لا دوا + چارہ جو بیداز تو ہنگام بلا ہر مبتلا -

لازب - چپکنے والی چیز چسپان ہونے والی اور وہ ٹھیکری جسکا
التشان اچھے ہونے کے بعد بھی قایم رہے -
لاریب - بے شک و بے شبہہ -
لاب - یونانی زبان مین آفتاب اور نام ادریس علیہ السلام کے
فرزند کا اور نام ایک حکیم کا جسنے اسطرلاب ایجاد کی تھی نیز بمعنے
لابہ یعنے خوشامد و تملق - علی خراسانی - چہر بزم ستارہ زمژگان
بہر سو + شود ستر زمژگان من دامن لاب -
لاجواب - جسکا جواب نہو بے نظیر لاثانی - توحید - لاجوابی
لاجوابے لاجواب + بے حسابے بے حسابے بے حساب + گاہ از ذرہ
شوی پرتو فگن + گاہ روشن میشوی از آفتاب + مستفیض از فیض
تو خورد و کلان + ذرہ و خورشید و دریاے و حباب -
لاعب - کھیلنے والا -
لاک پشت - کچھوا جو ایک دریائی جانور ہے -
لات - ایک بت کا نام ہے کہ شعیب علیہ السلام کی قوم اسکو
پوجتی تھی - سعدی - نہ از لات و عزے برآورد گرد + کہ
توریت و انجیل منسوخ کرد -
لاہوت - عالم ذات جو سالک کو اس مقام پر فنا فی اللہ کا رتبہ
حاصل ہوجاتا ہے - قطعہ از مولف - گہے در گسوت ناسوت
بودم + گہے در عالم ملکوت رفتم + گذشتم چون زجولانگاہ جبروت
شدم فانی و در لاہوت رفتم -
لایموت - جسکو موت نہو خداے جل شانہ کی ذات
لاج - برہنہ یعنے ننگا - اور رشوت جو کسی کام مین لیجاے اور سنگ دانہ یعنے کمتیا -
لاخ - بازی و فریب و ظرافت -
لایح - چمکتا ہوا اور روشن -
لاقح - بکسر قاف آبستن یعنے حاملہ اور وہ ہوا جو ابر سے پیدا ہو -
لاخ - جگہ اور مقام مگر بغیر ترکیب کے نہین بولا جاتا ہے چنانچہ سنگ
لاخ پتھریلی زمین اور دیو لاخ دیوون کے رہنے کی جگہ -
لامخ - نوح علیہ السلام کے باپ کا نام ہے جو لمک کا بیٹا تھا چونکہ
لامخ اپنے باپ کے روبرو مر گیا تھا نوح کو لمک نے پرورش کیا -
لابد - ناچار ناگزیر ضرور ضرورت لفظ عربی مین ترجمہ ناچار کا ہے
کیونکہ لا کلمہ نفی کا ہے اور بد کے معنے چارہ -
لاد - دیوار کا ردہ اور دیوار اور آبادی اور پھول اور شگوفہ
اور قلعہ و حصار اور اصل ہر چیز کا وجہ و سبب اور نام ایک قسم کے

دیبا کا جو نہایت لطیف ہوتا ہی اور مٹی جسکو عربی مین تراب کہتے ہین -
لاتعد - بیشمار و بے حساب -
لاغر - بے گوشت دبلا مقابل فربہ کے - صائب - میکند چون موے آتش
دیدہ مشق پیچ و تاب + رشتۂ زنار از شرم میان لاغرش -
لاچار - ناگزیر مگر اسکی ترکیب غلط ہے ناچار صحیح و درست ہے -
لاہور - مشہور شہر دار السلطنت ملک پنجاب ہے اور مسکن مولف کتاب
ہذا کا - مولف - معدن فیض شہر لاہور ست + منبع فضل و مطلع نور ست -
لال شہباز - ایک ولی کا نام ہے جسکو لال شہباز قلندر کہتے ہین مزار اسکا سندھ کے ملک مین ہے -
لاقیس - نام ایک شیطان کا ہے جو نماز کے وقت ولین وسوسے اٹھاتا ہے -
لاس - وہ ابریشم جو کم قیمت ہو -
لاغوش - خرگوش جو مشہور جنگلی جانور ہے -
لالس - بہروولام نام ایک ابریشمی کپڑے کا اور چہرہ انسان کا جسکو
وجہ کہتے ہین -
لامس - لمس کرنے والا چھونے والا -
لاش - ہیچ و ناکارہ مخفف لاشیٔ اور جسم مردہ کا اور تاخت و تاراج
و ضایع و زبون و فرومایہ و بے اعتبار -
لامع - روشن و درخشان یعنے چمکتا ہوا -
لاذع - بکسر ذال سوزان اور سوزندہ جلتا ہوا اور جلانے والا -
لاغ - ہزل ظرافت خوش طبعی ہنسی مسخری - سعدی - اگر مرد لہوست
بازی و لاغ + قوی تر شود دیوش اندر دماغ -
لادغ - ایک بیماری کا نام ہے -
لاف - وہ کلام جو فضول ہو اور اس سے خودستائی و خود آرائی ہویدا
پائی جاے اور دعوے بے اصل - عواصی یزدی - ماہ تمام داشت
بروے تو لاف حسن + زد وقت صبح گاہ بروخندہ آفتاب -
لاحق - وہ چیز جو پیچھے سے آکر ملے - ذوقی - بازدار دبندہ را از قرب
حق + آن تعلق ہا کہ لاحق میشود -
لاصق - لگا ہوا ملا ہوا پیوند کیا ہوا -
لایق - صاحب لیاقت و سزاوار سہ - از لیاقت آدمی لایق بود +
سرکہ دار د شوق او شایق بود -
لالنگ - زلہ و لیس خوردہ یعنے جھوٹا کھانا اور گدائی کے ٹکڑے -
لامک - وہ پگڑی جو پگڑی کے اوپر باندھین -
لادک - بفتح دال وہ بڑا ظاہر جسمین آٹا گوندھتے ہین -
لال - بفتح اول سرخ اور گنگ جو بول نسکتا ہو - توحید - در گلستان

جہان ہر ماہ و سال + چار سو روشن از نور جمال + خامہ در تحریر وصفش
سینہ چاک + در ثنا نوک زبان ہر وقت لال۔
لاالعقل۔ احمق و بیوقوف۔
لاطائل۔ بیفائدہ۔
لایزال۔ جسکو زوال نہو ذات الہی۔ توحید۔ حضرت خلاق اکبر لایزال +
لاشریک و بے نظیر و بے مثال۔
لاحل۔ نہایت مشکل۔
لاحول۔ نہیں ہے طاقت کلمہ نفرت کا ہے۔
لائم۔ ملامت کرنے والا۔
لاالعلم۔ جو علم و عقل نہ رکھتا ہو۔
لام۔ نام ایک حرف کا حروف تہجی سے جسکے عدد تیس ہیں اور بہت سی
زرہیں جمع لامہ کی جسکے معنے زرہ کے ہیں اور ہندے کی ٹوپی جو فقرا سر پر رکھتے
ہیں اور زیور اور زینت اور آرایش و کمربند و میان بند اور وہ لام جو عنبر
اور مشک و سپند سوختہ و نیل و لاجورد کی سیاہی سے لڑکوں کی پیشانی پر
دفع چشم زخم کے لیے لکھ دیتے ہیں۔ انوری۔ سخت چون الف ندارد ہیچ
چہ کشی از پے قبولش لام۔
لاجرم۔ ناگزیر و بالضرور و لاعلاج کیونکہ لا کلمہ نفی کا ہے اور جرم بفتحتین
چارہ و علاج۔ سعدی۔ لاجرم مرد عاقل و کامل + ننہد بر حیات دنیا دل۔
لازم۔ جو ہمیشہ ساتھ کسی چیز کے ہے مقابل متعدی۔ اسیری لاہجی۔ سعونا
مشوق می آرد بکف + ہر کہ باشد لازم درگاہ عشق
لانسلم۔ کلمہ انکار ہے یعنے ہم نہیں مانتے۔ سعدی۔ فقیہان طریق جدل
ساختند + لم و لا نسلم در انداختند۔
لاونعم۔ نیست و بلے نہیں اور ہان۔ سعدی۔ کشادند باہم در فتنہ باز +
بلا و نعم کرد گردن فراز۔
لالایان۔ خدمتگاران بہت سے نوکر چاکر۔
لاشکن۔ نام ایک پہاڑ کا ہے۔
لاچین۔ ترکی میں شاہی شکاری۔
لادن۔ بفتح دال عنبر عسلی جو ایک قسم خوشبو کا ہے۔
لارجان۔ ایک پہاڑ طبرستان میں ہے متعلق ولایت مازندران وہان
ایک چشمہ پانی کا ہے اور چشمہ سے پانی قطرہ قطرہ گرتا ہے گرتے ہی پتھر بنجاتا ہے
لاعون۔ خرگوش جو مشہور جانور ہے۔
لامان۔ ژندی زبان میں نان یعنے روٹی۔
لان۔ جگہ و مقام و محل و انبوہ و غار و مغاک۔

لابن۔ شیر فروش دودھ بیچنے والا۔
لاو۔ سفیدی جس سے دیوارین سپید کرتے ہیں۔
لالو۔ نردبان و زینہ پایہ اور نام ایک بچون کے کھیل کا کہ مٹی اور لکڑی سے
بنا کر تاگے کے ساتھ زمین پر چکراتے ہیں۔
لابہ۔ تملق و چاپلوسی و فریب و خواہش و فروتنی و عجز و اخلاص اور دم
ہلانا کتے کا۔ امیر خسرو۔ کار ز دست شدم از دست بکار در نشد + لابہ نمود مشفق تسبیح بیار در نشد
لاشہ۔ زبون و لاغر و ضعیف حیوان و انسان خصوصاً گدھا اور مردہ آدمی
اور حیوان کا۔ سعدی۔ وان پیر لاشہ را کہ سپردند زیر خاک + خاکش
چنان بخورد کز و استخوان نماند۔
لادہ۔ بدال مہملہ احمق و بیوقوف۔
لالہ۔ مشہور پھول ہے جسکے بہت سے اقسام کتابوں میں لکھے ہیں۔ محمود۔
اے داغ بر دل از غم خال تو لالہ را + شرمندہ ساختہ آہوئے چشمت غزالہ را
لانہ۔ خانہ زنبور بھڑوں کا چھتہ۔ سعدی۔ شنیدم کہ شخصے غم خانہ خورد +
چو زنبور در سقف او لانہ کرد۔
لاغیہ۔ ایک گھانس شیر دار کا نام ہے اور بیہودہ گو عورت۔
لاہرہ۔ ایک قسم کی کشتی کا نام ہے جس سے عبور دریا کرتے ہیں
لاحقہ۔ جو چیز پیچھے سے ملی ہو۔
لامحالہ۔ بالضرور۔
لامسہ۔ نام ایک قوت کا ہے جلد بدن میں جس سے ادراک نرمی و سختی
و سردی و گرمی کا ہو سکتا ہے۔
لامہ۔ زرہ آہنی جسکو سپاہی جنگ میں پہنتے ہیں۔
لاوہ۔ بفتح واو وہ کھیل بچون کے جسکو ہندی میں گلی ڈنڈا کہتے ہیں۔
لادہ۔ بفتح دال ایک گھانس ہے جسکے پوست سے رسیان بانٹتے ہیں ہندی میں
اسکو سن کہتے ہیں۔
لایہ۔ پردہ دیوار کا اور کپڑے کی تہ۔
لازقہ۔ چپکنے والی چیز مثل سریش وغیرہ۔
لالی۔ دُرد یعنے شراب کا میل جو نیچے بیٹھ جاتا ہے۔ خواجہ آصفی۔
زبخت لاے محبت ز دیر گذشت + رسیدہ بود بلاے و لے بخیر گذشت
لآلی۔ بفتح اول والف ممدودہ بروزن بجالی جمع لولو بڑے موتی اور
بضم اول جیسا کہ مشہور ہے خطا ہے۔ سعدی۔ بر گل سرخ از شبنم افتادہ
لآلی + ہمچون عرق بر عذار شاہد غضبان۔
لالی۔ بروزن حالی مرید علیہ لال کا گنگ جو زبان سے نہ بول سکے۔ اسیر
لاہجی۔ شد طوطی ناطق با فصاحت + در وصف رخ تو گنگ و لالی۔

لامانی - زرہ پوشی و فریب و دروغ و گزاف -
لانی - لان کا رہنے والا اور لان ایک پہاڑ ہے مضافات آذربایجان مین اور تریاک لانی منسوب اسکے ساتھ ہے
لابدی - نہایت ضروری ہونے والی بات - مولف - ضروری ست از دار فنا بے سفر + ز دنیاے دون رفتنت لابدی ست -
لائی - کیچڑ اور گارا جو حوضون کی تہ مین بیٹھ جاتا ہے اور شراب کا میل اور تہ گری ہوئی اور بات و کلام اور نام ایک قسم کے بافتہ ابریشمی کا -
لاابالی - شخص بیباک و بے پروا -

لام با باے موحدہ

لبا - بکسر اول خلط یعنے غلیظ دودھ جو بعد بچہ دینے چارپائی کے تین روز تک دوہا جاتا ہے ہندی مین اسکو کھیس اور پیوسی کہتے ہین -
لب چرا - چنے اور میوہ وغیرہ جو شراب پینے کے وقت مجلس مین رکھا ہوا ہوتا ہے اور بعد پینے پیالہ شراب کے اس سے تبدیل ذائقہ کرتے ہین ہندی مین اسکو چیپنہ کہتے ہین -
لب - بضم اول و تشدید ثانی عقل و خلاصہ و مغز ہر چیز کا اور مغز بادام -
لب - بفتح ہونٹھ عربی مین جسکو شفت کہتے ہین - میرزا صائب - لبہاے آلودہ بلاے دل و جان ست + زان تیغ حذر کن کہ بخون تر شدہ باشد -
نظامی - لب از نار دانہ دلاویز تر + زبان از تبرزد شکر ریز تر -
لبالب - بھرا ہوا پیالہ وغیرہ - ــہ - خسرو سبیل تو ام مست شبانہ لبت یکدو لبالبم بدہ تا بخمار در کشم -
لب بلب - بھرا ہوا پیالا اور آدمی جو خاموش ہو - طاہر وحید شمشیر گری کی تعریف مین ــہ - پے دشمنان سخت آتشی عجب + ز باہیچ و کان شدہ لب بلب -
ذوقی - گہے در حیرت و گہ در غضب بود + ہمیشہ سبز الولب بلب بود -
لباب - مغز و خلاصہ ہر چیز اور نام ایک کتاب کا -
لبوب - بہت سی چیزونکی خلاصی اور مغز -
لبیب - بر وزن نصیب صاحب مغز و دانا و لئیق -
لبلاب - عشق پیچان جو مشہور بیل ہے -
لباسات - جمع لباس جیسا کہ نباتات و جمادات جمع نبات و جماد کی ہے -
لبث - بہ ثاے مثلثہ درنگ اور دیر کرنا -
لباد - بضم اول آلہ لکڑی کا جو بیلون کی گردن مین باندہ بہلی یا ہل چلاتے ہین ہندی مین اسکو جوا کہتے ہین اور پنجابی زبان مین پنجالی - نظامی - کشاورز زرگاو بند و لباد + ہم از گاو آہن بجو بد مراد -
لباد - بفتح بارانی جامہ جو نمدے سے بناتے ہین -

لبد - بضم اول و فتح ثانی بہت سا مال جو جمع رکھا ہوا ہو -
لبید - چھوٹی سی گون جسمین غلہ بھرتے ہین اور نام ایک شاعر عرب کا -
لباس - پہننے کے کپڑے - صائب - لباس فقر بر خاکی نہادان زود می چسپد + کہ آسان بر زمین نرم نقش بوریا بندد -
لبس - بضم و فتح اول پوشاک پہننا -
لبس - بکسر اول پوشاک و لباس -
لبیش - وہ رسی کا چھینکا جو گاے و بیل کے منہہ پر چڑھا دیتے ہین تا کہ رستہ چلتے کسی کھیتی مین منہہ نہ ڈالے -
لبق - زیرکی و ہشیاری -
لبیک - حاضر ہون یہ کلمہ حاجی بار بار عرفات مین کہتے ہین -
لبنک - دیمک جو ایک جانور زمین مین ہوتا ہے اور لکڑی وغیرہ کو کھا جاتا ہے -
لبن - بفتحتین شیر یعنے دودھ بکری گاے بھینس وغیرہ کا -
لبن - بفتح اول و کسر ثانی جمع لبنہ بہت سی کچی اینٹین
لبان - ایک گوند کا نام ہے جسکو کندر کہتے ہین -
لبون - شیردار دودھ والا جانور -
لبنان - نام ایک پہاڑ کا شام مین -
لبینلیون - ایک دوا کا نام ہے جسکو شیترہ و شیترج کہتے ہین -
لبان - چمکتا ہوا اور روشن اور وہ روشنی جو پے در پے ظاہر ہو -
لبلبو - چقندر جو مشہور چیز ہے -
لبیشم - حلقہ ریسمانی جو گاے بیل وغیرہ کے منہہ پر باندہ دیتے ہین تا کہ وہ کسیکی کھیتی مین منہہ نہ ڈالے -
لبنہ - بکسر اول خشت یعنے اینٹ -
لباچہ - بالاپوش اور نام ایک قسم کی قبا کا -
لبادہ - جوا جو بیلون کی گردن پر باندہ ہل چلاتے ہین - کمال اسماعیل - آتش خشم تو چون زبانہ برآرد + شیر فلک بر نہد لگام و لبادہ -

لام با تاے

لت - مارنا گوشت شلاق کرنا اور لوہے کا گرز اور نام ایک قسم کے کپڑے کا اور پارہ یعنے ٹکڑا اور نام ایک دریا کا دیلمان کے ملک مین اور شکم یعنے پیٹ اور پاؤن یعنے لات - صفدر فوقانی - برین دولت بزرگ لت گر تو مروی + مشوہر گز لت انبان و لت انبار -
لتر - نیم مین بتر بزی جو تین مثقال ہوتا ہے اور وہ برتن جسمین شراب وغیرہ رکھتین
لتنبر - لتنبار - بندہ شکم پر خوار سست و کاہل -
لترہ - پارہ پارہ و دریدہ ناشستہ ٹکڑے اور آدمی جو موٹا ہو [illegible]

لتّہ - پرانے کپڑے کا ٹکڑا۔

لام با تاے مثلثہ

لثق - تر ہونا نمناک ہونا بھیگ جانا ہوا کا ٹھہر جانا۔
لثوم - چومنا بوسہ دینا۔
لثہ - مسوڑا دانتوں کے پاس کا گوشت۔
لثقہ - تپ بلغی ایک بیماری ہی۔

لام با جیم

لجاجت - مبالغہ کرنا بار بار کہنا۔ حکیم انور لاہوری - پیش دنیا دار ہمہ اہل دین + بہر دنیا کے لجاجت میکنند۔
لجاج - ستیزہ و تکرار و لڑائی کرنا ہی۔
لجج - بضم اول و فتح ثانی جمع لجہ جسکے معنی دریاے عمیق کے ہین۔
لجوج - تکرار کرنے والا بار بار کہنے والا۔
لجلاج - وہ شخص جو اچھی طرح کلام نکر سکے زبان اسکی بولنے مین پھسلتی ہو اور نام اسکا جسنے بازی شطرنج کو ایجاد کیا بعض کے نزدیک یہ نام قمار باز شطرنج پیشہ کا ہی۔ سنجر - سنجر کسی نبرد زمین داد این قمار + در نرد عشق طرح لجلاج داد ہ ام
لجم - لب یعنی ہونٹھ اور نام ایک قوم کا جنکے بزرگ چھالی تنگی رکھتے تھے۔
لچک - رومال منھ پوچھنے کا جو مربع ہوتا ہی اور تکلف سے کام اسپر کیا ہوتا ہی عورات اسکو سر پر بھی باندھ لیتی ہین یحییٰ شیرازی - وفا از زن طلب کردن ز نامردی ا ز وجی + نمی بینی کہ چرخ از ماہ نو بر سر لچک دارد۔
لجام - معرب لگام عنان بھی اسکو کہتے ہین - والہ ہروی - زیر فلک ہر چہ ہست گشتہ مسخر ترا + کردہ شکوہت لجام در سر این چار وا۔
لجم - کیچڑ جو حوضوں اور تالابوں کی تہ مین بیٹھ جاتی ہی اور کچا انگور جو پختہ نہو۔
لجین - خالص چاندی جسمین کھوٹ نہو۔
لجن - بفتح اول کیچڑ اور وہ چیز جسکو کیچڑ لگا ہوا ہو۔
لچن - فحبہ و فاحشہ عورت اور برہنہ
لجہ - بضم اول و تشدید جیم دریا مین وہ جگہ جہان پانی عمیق ہو - طالب آملی - کشش کرد القدر بالجہ غم جانب ساحلت + کردل در زیر بار نالام غرق سیاہی شدہ
لچہ لیچ - زانی و برہنہ - ناظم ہروی - مدد ہند کر کساد شود جنس کون عشق چوپنی رو ہمرہ لچہ لیچ بملک عراق نہ - فوقی یزدی - از لچہ ستوان کرد کام از لچہ لیچ حاصل + یارب کہ ہیچ مغلم بے سیم و زر نباشد۔
لجی - آب عمیق گہرا پانی اور پر آب دریا۔

لام با حاے حطی

لحا - جمع لحیہ بہت سی داڑھیان۔

لحد - گور یعنے قبر جسمین مردہ کو دفن کرتے ہین - قطعہ - سجکیس از مال دنیا جہان + مال دنیا در لحد با خود نبرد + گر چو بلبل از عالم فانی سفر + لقد و جنس خود بدیگر کس سپرد
لحاظ - بکسر لام آنکھ مین رکھنا کسی چیز کو دیکھتے رہنا۔
لحاظ - بفتح اول دنبالہ آنکھ کا۔
لحاف - بالاپوش و پر بینے کا کپڑا - نظامی - لحافی بر افگند بر پشت بور + در آمد بزین آن تن پیل زور۔
لحوق - لاحق ہونا پیچھے سے ملنا۔
لحم - گوشت یعنے ماس - توحید - تو در عظمی تو در لحمی تو در عصبی تو در شحمی + تو در روحی تو در جانی تو در جسمی تو در اعضا۔
لحیم - گوشت فربہ موٹا آدمی اور جانور - ذوقی - رود ز ورد از سر تن اہل زہد + شود خاک جسم لحیم و شحیم
لحیان - رمل کی سولہ شکلوں مین سے ایک شکل کا نام ہی۔
لحن - خوش آواز جو نغمہ کے ساتھ ہو - ناصر خسرو - ہمچو بلبل لحن و دستانہا زنند + چون لبالب شد جہان از بلبلہ۔
لحظہ - گوشہ چشم سے ایکبار دیکھنا۔
لحیہ - بکسر اول داڑھی جو مردون کے چہرہ پر ہوتی ہی۔
لحمہ - باز کا طعمہ اور پود کا سوت جسکو جولاہے بانا کہتے ہین۔
لحقہ - پیچھے پہونچنے والی لاحق کی جمع ہی۔

لام با خاے معجمہ

لخا - ترکی زبان مین کفش و موزہ و پاپوش یعنے جوتی۔
لخت - لوہے کا گرز اور ٹکڑا ہر چیز کا اور خود یعنے کلاہ آہنی اور پانوں کی جوتی اور چھری قصابوں کی
لخج - زاج سیاہ اور استعارہ یعنے بھی جو مشہور چیز ہی۔
لخچ - ایک گھانس ہی جس سے بوریا بنتے ہین۔
لخالخ - ضعیف و لاغر و کم گوشت۔
لخاف - چھوٹے چھوٹے ٹکڑے سپید پتھر کے۔
لخشک - نام ایک آش و حلوے کا ہی۔
لخشان - وہ جگہ جس سے پانوں پھسل جائے۔
لخچہ - آگ کا شعلہ اور شرارہ۔
لخشہ - آگ کا شعلہ
لخلخہ - چند خوشبو چیزین جو آپسمین ملا کر بیمار کو سنگھاتے ہین۔

لام با دال

لدّ - الد کی جمع ہی سخت گمراہ اور لڑائی کرنے والا۔
لدغ - کاٹنا سانپ بچھو وغیرہ کا بعض کے نزدیک لدغ اس نیش کو کہتے ہین

جو دم کی طرف سے ہو جیسے کہ زنبور و کژدم وغیرہ۔

لدیغ۔ وہ شخص جسکو کژدم اور سانپ نے کاٹا ہو۔

لدغہ۔ کاٹنا سانپ اور بچھو کا۔

لدنی۔ الہامی علم جو کسی استاد سے نہ حاصل کیا گیا ہو امداد غیب سے ملا ہو۔

لام با ذال

لذت۔ مزا اور ذائقہ جو کسی چیز سے حاصل ہو۔ ابوطالب کلیم۔ لذت بوس رکاب از کف پاے تو گرفت + کہ نیاید بہ بیان پاے شمارد عددی۔

لذیذ۔ جو چیز لذت دار ہو اور مزے دار۔ توحید۔ ذکر حق بخشد طلبگار خدا را ذائقہ + دولت دنیا سے دون باشد پے دونان لذیذ۔

لذائذ۔ جمع لذت بہت سی لذتین۔

لذع۔ جلانا آگ کا کسیکو اور سوزش دینا۔

لذاع۔ جلانے والا سوزش دینے والا۔

لام با رائے مہملہ

لرد۔ میدان گھوڑے دوڑانے کا۔

لر۔ بضم اول احمق و بیوقوف اور نام ایک قوم کا جو قہستان میں ہے۔ سالک یزدی۔ ملول دارم از ظرافت ہمچو سالک ورنہ من + صد ظرافت پیشہ را زیک سخن لر میکنم

لر۔ بفتح اول بلغل دولاغر و ضعیف اور پانی کی نہر اور ترکی میں علامت جمع کی چنانچہ اسپ لر بہت سے گھوڑے۔

لرلر۔ بفتح ہر دو لام خدا تعالےٰ کا نام ہے۔

لرز۔ لرزش۔ لرزہ۔ کانپنا حاصل مصدر لرزیدن سے۔ خواجہ سلمان۔ لرز تو چو سودا بسر خصم در افتاد + ہر جنت بدل خصم چو اندیشہ در آمد میر خسرو۔ سہم تو گر بر فلک آرد شتاب + لرزہ کند چرخ چو دریاے آب۔

لزاب۔ چپکنے والی چیز۔

لزوجت۔ چسپیدگی یعنے چپکنا۔

لزج۔ ہر چیز جو چپکنے والی ہو مثل سریش وغیرہ۔

لزیر۔ دانا و بزرگ و ہنرگار۔

لزوم۔ عربی میں لازم ہونا اور فارسی میں نہایت نرم کمان جس سے کمان دار مشق تیر اندازی کی کرتے ہین۔

لزن۔ کیچڑ اور گارا۔

لام با سین مہملہ

لسع۔ کاٹنا سانپ اور بچھو کا۔

لسان الحمل۔ ایک گھانس ہے جسکے تخم کو بارتنگ کہتے ہین۔

لسان۔ زبان جو مشہور عضو ہے۔ ؎ ہست در وصف تو ہر اہل زبان + ہر زمان رطب اللسان عذب البیان۔

لسان۔ بفتح اول و تشدید ثانی آدمی صاحب زبان و صاحب کلام۔

لسن۔ بفتح اول و کسر ثانی و زباندان۔

لسن۔ بضم اول و ضم ثانی بہت سے فصیح و زباندان

لسن۔ بضم اول و سکون ثانی جمع السن جسکے معنے فصیح و زباندان کے ہین۔

لسن۔ بفتح اول و ثانی فصاحت و زباندانی۔

لام با شین معجمہ

لشکر۔ فوج و سپاہ عربی میں عسکر۔ نظامی۔ دو سالار ہر دو لشکر پلنگ + فرازآوریدند لشکر بجنگ۔

لشش۔ کیچڑ جو حوضون کی تہ میں ہو۔

لشن۔ اخیر میں نون ہر ایک چیز نرم اور لغزندہ اور نقش سادہ و ہموار۔

لشکری۔ فوج کا سپاہی۔

لام با صاد

لص۔ بکسر اول و تشدید ثانی دزد و سارق یعنے چور چوری کرنیوالا لصوص اسکی جمع

لام با طائے مہملہ

لطمات۔ بہت سے طمانچے اور تھپیڑے

لطافت۔ نرمی و نازکی و پاکیزگی۔ کمال اسماعیل۔ ازان عارض لطافت می تراود + ازان قامت قیامت می تراود۔

لطیف۔ نیکوکار و پاکیزہ و نرم۔ صائب۔ صائب مرا ز ہجر پری نیست شکوہ بر خاطر لطیف تو بود باد آگہی

لطف۔ نرمی و تازگی کار اور کردار میں۔ خاقانی۔ لطف صد از کردگار از لب تو یک سخن + صد ستم از روزگار واز دل تو یک جفا۔

لطائف۔ بہت سے لطیفے۔

لطیم۔ سیلی خوردہ مار کھائے ہوئے۔

لطمہ۔ طمانچہ تھپیڑ دھکا۔ میر خسرو۔ باچو نہد بر سر دریا خسے + لطمہ خورد از کف دریا بسے۔

لطیفہ۔ ہر ایک اچھی چیز اور بات جو فرحت انگیز و پسندیدہ ہو۔

لطائف ستہ۔ نقشبندیہ میں مقرر ہے کہ سالک جب تک چھ لطائف کو طے نکرے مراتب علیا سے معرفت کے نہین پہونچتا اول لطیفہ نفس محل اسکا ناف ہے دوسرا لطیفہ قلب محل اسکا دل ہے زیر بغل چپ تیسرا لطیفہ روح ہے محل اسکا سینہ سے جانب راست چوتھا لطیفہ سر ہے محل اسکا فم معدہ جو مابین چپ سینہ کے ہو پانچوین لطیفہ خفی محل اسکا عین پیشانی ہے چھٹے لطیفہ اخفیٰ محل نخفت سر ہے۔

لام با ظاے معجمہ

لظی - نام ایک دوزخ کا اور آگ جو شعلہ زن ہو۔

لام با عین

لِعب لعب - بازی اور کھیل اور لابہ - والہ ہروی - این لعبہا میکند
بابا + با او احدے نکرد اینجا۔
لعاب - وہ پانی جو منھ سے نکلے اور غلظت اور چپچپاہٹ رکھتا ہو۔
حسین ثنائی عنکبوتے دانش کز غایت بیدانشی + روز و شب بر دوک تا دالی لعابی میزند۔
لعبت - وہ صورت جو کپڑے سے بناتے ہین اور لڑکیان اُس سے کھیلتی ہین۔
لعنت - نفرین پھٹکار جو مشہور لفظ ہی۔ سعدی - یکے مال مردم
بہ تلبیس خورد + چو برخاست لعنت بر ابلیس کرد۔
لعوق - رقیق دوا جسکو بیمار چاٹے۔
لعل - سرخ اور نام ایک مشہور جوہر کا ہی جو بہت اقسام رکھتا ہی۔
اکثر دمی پیازی تمری لحمی و دوشابی عنابی بلقمی اور کسبی وغیرہ سب سے
اچھا اکثر دمی ہی - ابوطالب کلیم - جراحتہاے چشم از اشک خونی کے شود
بہتر + خراش دیدہ افزون میشود از لعل پیکانی۔
لعلی - سرخ رنگ اور نہایت سرخ - صائب - صائب درین دو ہفتہ
کہ گل جوش میزند + چون داغ لالہ بادہ لعلی بدہ زرچنگ۔

لام با غین معجمہ

لغوب - رنجوری درماندگی بیماری۔
لغت - وہ زبان جو خاص کسی ملک یا قوم کی ہو۔
لغات - جمع لغت بہت سی زبانین۔
لغز - گنجا جسکے سر پر بال نہون۔
لغز - بضم لام وفتح غین سوراخ موش اور وہ کلام جسکے معانی صاف
نہون جسکو فارسی مین چیستان کہتے ہین۔
لغزش - پھسلنا کسی جگہ سے۔
لغ - بکسر اول یہ لفظ ترکی مین افادہ اثبات کا کرتا ہی اور معنی اسکے ہست یعنی ہے
لغ - بفتح اول صاف اور بغیر بالون کے اور زمین جسمین گھاس نہو اور
انڈا مرغ کا جو گندا ہو چکا ہو۔
لغو - بفتح اول بیہودہ بات بیفائدہ تقریر۔
لُغو - بضم اول خاص زبان جو کسی قوم کی ہو۔
لغونہ - زیب و زینت و آرایش۔

لام با فاے

لِفت - بکسر اول شلغم جو مشہور چیز ہی۔

لفج - بفتح اول گوشت کا ٹکڑا جسمین ہڈی نہو اور ہونٹھ جو موٹے اونٹ کی طرح
ہون اور فاحشہ عورت بدکار۔
لفاح - بہ حاے حطی بیروج کا پھل جسکو مردم گیاہی کہتے ہین اور بادنجان
جو زرد ہو چکا ہو۔
لفظ - منھ سے نکالنا اور بات کہنا - مفید بلخی - شاہنشہ قلم و معنی نازکم
باشند لفظہاے مرصع سر برمن۔
لف - پیچیدن یعنے لپیٹنا۔
لفیف - وہ چیز جو لپیٹی ہوئی ہو۔
لفچن - وہ شخص جسکے ہونٹھ بڑے ہون۔
لفرہ - نالایق فرومایہ کمینہ آدمی۔
لفچہ - گوشت جسمین ہڈی نہو - نظامی - بفرماے تا مطبخی در نہفت
نہد لفچہ آن را کند خاک خفت۔

لام با قاف

لقا - دیدار یعنے دیکھنا اور چہرہ - صائب - صائب نتواند گہرا شک
ریزد + آنرا کہ نظر بر رخ خورشید لقا نیست۔
لقب - وہ نام جو کسیکے مدح یا مذمت پر مبنی ہو - میر معزی - چو دو نیر القب
نہم آفتاب و بحر + کز بحر ننگ دارد و از آفتاب عار۔
لقاح - حاملہ اور حاملہ ہونا۔
لقوماجس - نام حکیم جو ارسطو کا باپ تھا۔
لقط - گری ہوئی چیز کو راستہ سے اُٹھانا۔
لقیط - وہ بچہ جو راستہ مین پڑا ہوا اُٹھایا جاے۔
لق و دق - ہموار زمین اور بے آب جنگل۔
لق - بے مو اور صاف و مکر و فریب اور مرغ کا انڈا جو گندا ہو۔
لقلق - معرب لکلک جو ایک جانور ہی۔
لقمان - مشہور حکیم بیٹا باعوریہ کا ایوب نبی کا بھانجہ اور داؤد نبی کا شاگرد تھا
لقطہ - پڑی ہوئی چیز جو رستہ سے اُٹھائی جاے۔
لقیہ - ملاقات میل ملاپ۔
لقمہ - اسقدر کھانا جو ایک دفعہ منھ مین رکھکر کھا لیا جاے - میر یحیی
شیرازی - جز و بدن نمیشود ارباب فقر را + گر لقمہ بعاریہ بیچون تفک خورند
لقوہ - مشہور بیماری ہی جس سے چہرہ انسان کا ٹیڑھا ہو جاتا ہی۔

لام با کاف

لکا - بفتح اول کفش یعنے جوتی اور کچا چمڑا بید باعنت اور وہ پوست
جو نہایت نرم ہوا اور گل سرخ یعنے گلاب کا پھول۔

لکا - بضم اول لاک کا سرخ رنگ ملک ولایت و سرزمین دریچہ -
لکد کوب - لگد کوب - ضرب ہر ایک قسم کی جو کپڑا جسم پر دی جاوے طالب
آملی - مرافتادہ چو بینی غمین مشو طالب + کہ من زر و زانل بسترہ لگد کوب نظامی
لگد کوبہ گرزہ ہفت جوش + برآوردہ از گاؤ گردون خروش -
لکشت - گرفتگی زبان کی بولنے کے وقت یعنے ہکلاپن -
لکات - مرجین خراب و زبون -
لگد - لات مارنا پاؤن سے مارنا - سعدی - چہ نیکو زدہ است این مثل
پیر دہ + ستور لگد زن گرانبار بہ -
لک - بفتح اول صد ہزار یعنے سو ہزار کا ایک لاکھ اور بیہودہ باتین اور آدمی
جو ابلہ و احمق و نادان ہو -
لک - بضم اول گندہ و ستبر و ناتراشیدہ اور پرانے لتے کپڑے کے -
لکوک - بہت سے لک لاکھون -
لکلاک - مرغ آبی جو تور و مضرب جسکا لق لق ہے -
لگام - لجام - عنان یعنے باگ گھوڑے کی -
لکام - بضم اول و کاف تازی بے آب و بے شرم و بے حیا اور نام ایک پہاڑ کا
لگن - بفتحتین ہاتھ دھونے کا طشت جسکو چلفچی و چلاچی بھی کہتے ہیں اور
بمعنی شمعدان و منقل کے بھی - اشرف - ہلال نیست کہ ہر طرف نیکاوان
چمن ست + کہ آفتابہ زرین مہر را لگن ست -
لکھنؤ - یہ ایک مشہور شہر ہند مین دریائے گومتی پر آباد ہے اور وہ کا دار الحکومت
کہلاتا ہے پہلے چھوٹا سا شہر تھا نواب برہان الملک ابو المنصور خان صفدر
جنگ نے اپنی وزارت کے عہد مین دریائے گومتی پر پنج منزلہ محل بنایا اور
پنج محلہ نام رکھا بعد ازان نواب آصف الدولہ نے وہین سکونت اختیار کی اور
دولتخانہ وسیع تعمیر کرایا جامع مسجد و امام باڑہ بھی بنوایا از سر نو سے آبادی
بڑھنی شروع ہوئی اور عالیشان شہر بن گیا -
لکہ - داغ اور بارچہ -
لگنہ - بکسر لام پاؤن کی انگلیون سے ران تک جسم آدمی کا -
لکاتہ - فاحشہ و بدکارہ عورت -
لکلک - بفتح ہر دو لام بیہودہ باتین اور لغو تقریرین بکواس -
لکھنوتی - سابق زمانہ مین ایک شہر ولایت ہند ملک بنگال مین آباد تھا

لام با میم

لما - بتشدید عربی ہے فارسی مین اسکے معنی ہرگاہ اور اردو مین جسوقت -
لماہ - بتخفیف میم نام ایک دوا کا ہے جسکو عنب الثعلب بھی کہتے ہیں -
لمعات - بہت سی روشنیان اور نام ایک کتاب کا حدیث کے علم مین -

لمتر - فربہ و قوی جسم -
لمس - بفتح اول گھسنا کسی چیز کا ہاتھ کے ساتھ یا عضو کا عضو کے ساتھ [illegible]
حاجت اور جماع -
لموع - جمع لمعہ چمکنا اور روشنی دینا -
لمک - نام پدر نوح علیہ السلام -
لم یزل - ہمیشہ رہنے والا اور بے زوال خدا کی [illegible] -
لمہ - استراحت و آسائش [illegible]
اوار بزی و لب غربال جان [illegible]
لمعان - چمکنا روشنی دینا -
لمغان - نواح غزنی مین ایک علاقہ اور بستی کا نام ہے
لمہ - وہ بال جو بنا گوش سے زیادہ بڑھ گئے ہوں -
لمعہ - بفتح اول چمکارا اور روشنی - طالب آملی - تا شب ماہ شعلہ [illegible]
در زمان بپاسے + تا تیغ مہر لمعہ زند در جہان بیان -
لمعہ - بضم اول وضو کے وقت کسیقدر حصہ کسی عضو کا خشک رہجانا -

لام با نون

لنج - بضم اول لب جسکو عربی مین شفت اور ہندی مین ہونٹ کہتے ہیں [illegible]
اور وہ شخص جسکے ہاتھ یا پاؤن بخوبی کام نہ دے سکتے ہوں -
لنج - بفتح اول خرام یعنے ناز و ادا کے ساتھ چلنا اور باہر نکالنا کسی چیز کا [illegible]
لنگ کمر - فنون کشتی مین سے ایک فن کا نام ہے -
لنگر - وہ سنگین جو کشتیون کے ساتھ باندھا جاتا ہے اور دریا مین پھینکا
کشتی کو ٹھہراتے ہیں اور باورچی خانہ جہان سے عام و خاص کو خیرات کا کھانا
کھانا ملتا ہے - کمال اسمٰعیل - دشت و پا سے تن درین دریا + از خود
این لنگر گران بکشا -
لنتر - فربہ و قوی ہیکل فا ہموار اور کاہل و سرین یعنے چوتڑ -
لنگ کشش - کشتی کے فنون مین سے ایک فن کا نام ہے -
لنباک - نام ایک شخص کا جو بہرام گور بادشاہ کا سقہ تھا [illegible]
لنگ - بفتح اول جسکا ایک پاؤن ہو کار ہو اور عضو تناسل [illegible]
لنگ - بضم اول فوطہ اور لنگی جو مشہور کپڑا ہے
لنگ - بکسر اول ران سے ناخن پا تک سارا آدمی کی [illegible]
پنڈلی اور ہندی مین عضو تناسل
لنگاک - زشت و زبون نا خوش -
لنجان - صفاہان مین ایک ملک ہے جسمین چاول بہت [illegible]
لنگن - ریزہ ریزہ اور بیت جو [illegible]

لنگوٹہ - تہ بند چھوٹا جو کمر پر باندھتے ہین یہ لغت ہندی مستعمل بفارسی ہی
بمعنی پناہ و پردہ اور لنگ یعنے عضو تناسل کے ڈھانکنے والا -
لَبنہ - بفتح اول ہر چیز جو مدور ہو مانند انار و نارنج وغیرہ -
لُنبہ - بضم اول فربہ موٹا مقابل لاغر کے -
لَنجہ - بفتح خرام یعنے رفتار جو ناز و ادا کے ساتھ ہو -
لنگری - بڑا طشت بہت فراخ برتن جو لنگر خانہ مین رہتا ہو محسن تاثیر
منشین بہ بحر سفرۂ شاہان کہ اندرو + گرداب شاہ کاسۂ طوفان لنگری ست

لام با واو

لوا - بکسر اول فوج کا علم اور نشان لشکر کا - ذوقی - رحلت از دنیا سے
دون کردند و رفتند از جہان + سر فرازان زمانہ صاحب تاج و لوا -
لوقا - نام ایک حکیم یونانی کا جسنے قسطا نام کتاب احکام آتش پرستی مین تصنیف کی
لوشا - نام ایک رومی حکیم کا ہی جو نقاشی و مصوری مین ثانی نہین رکھتا تھا
لوچ پا - وہ لکڑی جو جولاہے کپڑا بننے کے وقت پانو مین رکھتے ہین -
لوبیا - ایک غلہ کا نام ہی جو باقلا سے دانہ اسکا چھوٹا ہوتا ہی
لوترا - وہ زبان جو دو شخص آپسمین بولین اور سمجھین اور کوئی نہ سمجھ سکے -
لوجیا - یونانی زبان مین طلبا اور درائہ
لوقا - ایک دوا ہی جسکو قنطوریون بھی کہتے ہین -
لواہب - جمع لاہب جسکے معنے شعلہ زن آگ کے ہین -
لوزیات - وہ حلوا جسمین مغز بادام ڈالے گئے ہون -
لوعات - دل کی سوزشین جو محبت مین ہون -
لوعت - جلنا دل کا دوستی مین -
لوت - بواو معروف برہنہ یعنے ننگا عریان تن -
لوت - بواو مجہول طرح طرح کے لذیذ کھانے اور لڑکا جو بے ریش ہو -
لوت لوت - طرح طرح کے کھانے لذیذ -
لوث - آلایش آسودگی - شیخ العارفین - بندۂ جام شرابیم خرین با لکہ
برو + لوث آلودگی از خرقۂ پشمینۂ ما -
لوزینج - معرب لوزینہ -
لوچ - عریان و برہنہ یعنے ننگا - ملا طغرا - صاحب از پردۂ حیا لوچی +
دختر ہیچ و خواہر لوچی -
لوج - نام ایک ملک کا ولایت ایران مین اور وہ شخص جو احول ہو -
لواعج - جمع لاعجہ بہت سی سوزشین جو عشق و محبت و پیار مین عاشقکے دلمین ظاہر ہوتی ہین
لوح - بضم اول وہ فاصلہ اور فرق جو آسمان اور زمین مین ہی -
لوائح - روشنیان جمع لائحہ اور نام ایک کتاب کا تصوف مین

لَوح - بفتح اول تختہ لکڑی کا ہو یا پتھر یا ہڈی کا اور چمکنا بجلی کا اور ظاہر
ہونا ستارون کا - طالب آملی - مگر ز غمزۂ شیرین بہ تیشہ و ادا لماس +
کہ لوح فتنہ تراشید کوہکن نازک -
لوخ - وہ گھانس جس سے بوریا بناتے ہین -
لورکند - وہ مغاک جو بسبب اجراے پانی سیل کے زمین مین پڑجاتے ہین
لوید - دیگ جسمین کوئی چیز پکائی جائے - نظامی - زری تا دہستان و
خوارزم و جند +
لوند - خراب آدمی فاسق فاجر اور منعم نعمت خان عالی جہان کی ہجو
مین - خو نمے نکنند از لوندی + ہر چند کہ مردمان خاف اند + از ضرب دستہای چو
ہاون + سر تا بقدم بشکل ناقند -
لور - وہ مغاک جو سیلاب سے زمین پر پڑجاتا ہین اور کمان حلاج کی جس سے
وہ روئی دھنتا ہی اور نام ایک قسم کی کشتی کا -
لوتر - ساختہ زبان جو دو شخص آپسمین بولین اور کوئی نہ سمجھے
لوراور - بہر دو ہا دگمی کا کپڑہ -
لوز - بادام جو مشہور میوہ ہی -
لوس - تملق و چاپلوسی و خوشامد -
لوطوس - ایک دوائی کا نام ہی جسکو اندوقی بھی کہتے ہین -
لوقس - رنگ سپید جو مقابل سیاہ کے ہی -
لوش - بیخبر و بیہوش اور کیچڑ اور گارا اور وہ شخص جسکا منہ ٹیڑھا ہو اور جنگلی
لواش - گھوڑے کی پچھاڑی اور وہ رسّی جس سے نعل بندی کے وقت
گھوڑے کا منہ اور لاتین باندھتے ہین - میر نجات - شیخ راد لشدہ تو سن
چون لندس کن + اول بدوست لواشہ کن و پابندش کن -
لوط - مرسل پیغمبر تھے عورت ان کی کافرہ تھی اور قوم اغلام کی آفت مین
گرفتار تھی آخر انکے شہر زمین سے اٹھائے گئے اور آسمان کے قریب پہنچا کر
پھینک دیے اور اسپر پتھرون کی بارش ہوئی -
لواخط - آنکھون کے دنبالے -
لوامع - روشنیان اور پرتوے اور نشان -
لوع - دودھ دوھنا اور پینا اور پینے والا -
لواف - رسیان بنانے والا جسکو فارسی مین شالنگی کہتے ہین - طاہر وحید
منم عاشق خستۂ مستمند + ز لواف افتادہ ام در کمند + ز سوے کہ او ریسمان
بافتہ + رگم را بتار غمش تافتہ -
لوف - ایک دوا کا نام ہی جسکو فارسی مین پیل گوش کہتے ہین -
لوک - بضم اول و واو مجہول ایک قسم کے اونٹ کا نام ہی کہ بھاری بھاری

اٹھاتا ہی اور وہ شخص جو زانوں اور ہاتھ کے بل چلے جسطرح بچے چلتے ہین یا لنگ
نہ چل سکتا ہو۔ **مسیح کاشی** ۔ درین خرابہ من آن بیزبان بی نانم + کہ
بخش خویش بہ سست ولنگ و لوک آرم + کشادہ ام لبشا این دو دست
کوتہ لوچ + کہ خرچ را خود ازین رشک در خدوک آرم۔

لورانک ۔ گھی کا کپہ۔

لورک ۔ حلاجی کا کمان اور کمان تیر چلانے کی۔

لولی نیل ۔ سال نہنگ جو ترکو نمین مقرر ہی۔

لول ۔ بے شرم و بے حیا و بی شرمی و بے حیائی اور آفتابہ یعنی لوٹی دار۔

لوم ۔ بفتح اول ملامت کرنا و بخل و امساک۔

لولشم ۔ بفتح شین معجمہ ایک پھول کا نام ہی۔ **نظامی** ۔ بر لشیم تنے ملک
لولشمی + روندہ چو لولو برابر لشیمی۔

لوکان ۔ وہ جو زانون اور ہاتھون کے بل چلتا ہو۔

لوریان ۔ ایک قوم بازیگر کا نام ہی۔

لولئین ۔ لوٹی دار آفتابہ لوٹی دار لوٹا۔ **داعی الجدانی** ۔ ساقی
قدح مادمعین لوکجاست + آن آئینہ خدائے بین لوکجاست + خواہم کہ
طہارتے دہم باطن را + آن لولہ شکست لولئین لوکجاست۔

لوخن ۔ ماہ یعنی چاند۔

لون ۔ رنگ سپید ہو یا سرخ وغیرہ۔

لوشن ۔ کیچڑ جو حوض مین تہ نشین ہو۔

لولو ۔ مروارید لآلی اسکی جمع ہی۔

لو ۔ ایک قسم کا حلوا و پشتہ زمین و بلندی اور ہونٹھ یعنی لب۔

لوالو ۔ بے عزت آدمی۔

لوزینہ ۔ بادامی حلوا۔

لواہشہ ۔ فنون کشتی مین سے ایک فن کا نام ہی۔

لوہرہ ۔ گاومیش دشتی۔

لولشہ ۔ کوٹا ہوا غلہ جو بھوسی سے جدا نہوا ہو۔

لودہ ۔ سبد یعنی ٹوکرا جسمین میوہ فروش میوہ بیچتے ہین۔

لورہ ۔ زمین سیلابی جسمین مغاک پڑے ہوے ہون

لوسانہ ۔ چاپلوسی و فروتنی۔

لوشابہ ۔ چرب و شیرین و دلکش۔

لوکہ ۔ آٹا گیہون کا ہو یا کسی اور غلہ کا اور روٹی جس سے نوالے جدا کیے ہوے ہون

لونہ ۔ گلگونہ جو عورتین منہہ پر ملتی ہین۔

لوہ ۔ غلیواز یعنی چیل جو مشہور پرندہ ہی۔

لونیرہ ۔ نام اس لڑکی کا جو ہابیل کے ساتھ توام پیدا ہوے تھے
چنانچہ اقلیمیا قابیل کے ساتھ۔

لولی ۔ منسوب بلول جسکے معنی بیحیائی اور بے شرمی کے ہین۔ **حافظ** ۔ فغان
کین لولیان شوخ شیرین کار شہر آشوب + چنان بردند صبر از دل کہ ترکان خوان یغمارا

لوذعی ۔ زیرک و دانا و عقیل۔

لوطی ۔ رند اور بچہ باز بیباک و نامقید۔

لوری ۔ ایک طائفہ بازیگرون کا نام ہی۔

لوای ۔ جھنڈا علم نشان فوج کا ۔ **مولانا مظہر** ۔ بہر جانب کہ خورشید
لوایت سایہ افگندی + ملازم بودہ ام چون سایہ نور عالم آرا را۔

لام با ہاے ہوز

لہب ۔ آگ کا شعلہ۔

لہیب ۔ جلانے والی آگ۔

لہراسپ ۔ نام ایک بادشاہ کا ہی۔

لہات ۔ وہ گوشت پارہ جو انسان کے حلق مین لٹکتا ہی۔

لہفت ۔ لعبت جو لڑکیان کپڑے کی بناکر کھیلتی ہین۔

لہج ۔ دھوبیون کے کپڑے دھونے کا اڈا۔

لہز ۔ اخیر مین ز اسے معجمہ ملنا اور کسیکی چھاتی پر مکہ لگانا۔

لہف ۔ افسوس کھانا غمناک ہونا۔

لہلہان ۔ ایک دوائی تخم کا نام ہی جسکو بالنگو بھی کہتے ہین۔

لہو ۔ بازی یعنی کھیلنا جماع کرنا۔ **صفدر فوقانی** ۔ عمر در لہو و لعب
درباختی + نقد وقت خویش ضائع ساختی۔

لہ ۔ ترکی مین بمعنی با یعنی ساتھ۔

لہنہ ۔ ناشتا کھانا جو صبح صبح کھاتے ہین۔

لہجہ ۔ نہار کھانا و وضع کلام و آواز خوش۔

لہبلہ ۔ ابلہ و نادان و خود پرست۔

لہی ۔ رخصت و اجازت۔

لام با یاے

لیلا ۔ سیاہ رنگ و معشوقہ قیس کی۔

لیلیا ۔ زندی زبان مین رات۔

لینت ۔ ملایمت و نرمی۔

لیت ۔ فارسی مین اسکے معنے کاشکے ایسا ہوتا۔

لیامت ۔ ملامت کرنا۔

لیرت ۔ خود آہنی جو جنگ کے روز سر پہ رکھتے ہین۔

لیشت - بہ ثاے مثلثہ شیر درندہ -
لیلاج - شطرنج کے مہرہ کا نام ہی - مسیح کاشی - گر تختہ زد شاہ
نابوت شکستہ شیر را لیلاج ہم بیادہ زان تختہ برد کردن -
لیلنج - بمعنی ارد نیل کا جس سے کپڑے سیاہ کرتے ہین -
لینج - تانبے کا میل جو کان سے نکلتا ہی
لیاذ - بہ ذال معجمہ پناہ پکڑنا -
لیپار - مربا جو مختلف میون کا کہانڈ کے شیرے مین ڈالا جاتا ہی -
لیخ - کشک لباب دہان -
لیزر - بزا معجمہ وہ جگہ جس سے پانون پھسل جاے -
لیسو - بے شرم و بے آبرو -
لیشخس - بہ ثانی فوقانی مثلثہ سرسام بلغمی -
لیخ - بزدل و کم ہمت -
لیف - ریشہ پوست درخت خرما -
لیق - دوات کا صوف -
لیک - غلام بے ریش یا کنیز خوبصورت فضلہ اور لیس خوردہ -
لیاک - نام ایک مرغ کا ہی جسکو خرچال بھی کہتے ہین اور پیمانہ
جس سے غلہ وغیرہ ناپتے ہین -
لیبک - احمق آدمی -
لیولنگ - برف جو آسمان سے برستی ہی -
لیام - بخیلان و بدبختان جمع لئیم
لیم - نرم گمان -
لین - نرمی مقابل سختی کے -
لیان - چمکارہ آئینہ اور تلوار کا -
لیذیون - نام ایک دوا کا ہی جسکو شیطرج کہتے ہین -
لیمو - مشہور ترش پھل ہوتا ہی
لیلو - تالاب و آبگیر
لیقہ - سیاہ کپڑا اور جیتھڑا اور صوف دوات کا - خلاق معانی -
نکرد لیق دوات سشو درین سودا ہمی بپیچد برخویش زلف حورالعین -
لیوہ - بروزن شیوہ احمق و نادان - مسیح کاشی - من چون سشوم
بیکس و بے آبروے وریش ہ در بہن و شت دو خرم خاک لیوہ -
لیاشیہ - شاخ درخت خرما -
لیلی - قیس کی معشوقہ جو مجنون مشہور تھا - سعد کجا شیرین کجا خسرو
لیلا لیلی کجا مجنون - شیخ امروز اند - ایک وحشت کار فرمائی -

لیالی - جمع لیل بہت سی راتین -

دوسری فصل

اردو لغات کے ذکر مین

لام با الف

لاسا - وہ چپکنے والی چیز جس سے جانورون کو پکڑ لیتے ہین اور سریش جو ایک مشہور چیز ہی
لات - ایک پانون جسکو فارسی مین لگد کہتے ہین - مولف - جنکی ہوتی ہی
دوستی حق سے - وال دولت کو لات مارتے ہین -
لاج - شرم و حیا و ننگ و ناموس -
لالچ - حرص اور خواہش اور طمع -
لاڈ - ناز فارسی مین اور عربی مین دلال کہتے ہین اور جنے ناز و نعمت مین پرورش
پائی ہو اسکو لاڈلا بولتے ہین -
لاگ - تعلق و علاقہ و رابطہ و دلبستگی و دشمنی و بغض و عداوت -
لال - سرخ جو ایک مشہور رنگ ہی
لادو - وہ گھوڑا یا گدہا وغیرہ جسپر بوجھ لادا جاے -
لاکھ - سو ہزار کا عدد اور وہ لاکھ جس سے لکڑی وغیرہ رنگتے ہین
لاٹھی - ہاتھ مین رکھنے کی چھڑی -
لالچی - حرص کرنے والا طمع کرنیوالا -

لام با یاے موحدہ

لپاٹیا - جھوٹھا اور وہ کہ بہت بکنے والا فضول گو -
لپ - مقدار کف دست -
لپٹ - گرمی آگ کے شعلہ کی اور خوشبو -
لپیٹ - پیچ حلقہ فارسی مین نوردہ -
لپیٹن - وہ کپڑا جسمین کوئی چیز لپیٹی ہو -

لام با تاے

لترا - سخن چین و نمام و غماز -
لتہا - وہ چارپایہ جسکو دولتی مارنے کی عادت ہو -
لتورا - نام ایک مرغ ابلق کا ہی جو فاختہ سے چھوٹا ہوتا ہی -
لٹیرا - لوٹنے والا غارتگر -
لٹ - زلفون کے بال -
لٹکن - آویزہ جو ایک زیور کا نام ہی
لتہاڑ - لگدزن کرنا ایک دوسرے کو دولتی مارنا -
لتہ - بہ تشدید کپڑے کا ٹکڑا کپڑے کا -

لتھیر - نام ایک قسم کے ... کی ...

لام با جیم

لچکا - خم و پیچ و تاب -
لچھن - طور و روش طرز و طریق و کردار -
لچھمن - نام راجچندر اوتار کے بھائی کا -
لچہ - خراب آدمی بدچلن فاسق فاجر -
لچنی - خراب عورت بدچلن -

لام با دال

لدا - وہ بوجھا جو گدھا وغیرہ پر ڈالا جاے -
لدّو - لادنے کے لائق گھوڑا گدھا وغیرہ -
لڈو - ایک قسم کی شیرینی کا نام ہے -

لام با راے

لڑاکا - سب سے لڑنے والا -
لڑبڑا - جسمین لزوجت ہو -
لڑکا - خرد سال بچہ - قطعہ از مؤلف - چھوٹ جائینگے خود بخود سب دو دو + وقت آخر جو بڑا دم چھوٹا + ہوئنگے صورت سے شیری سب برابر + زن و فرزند لڑکی و لڑکا
لڑ - کسی رسی یا تاگے کے چار تار مین سے ایک تار جسکو فارسی مین تاہ کہتے ہین -
لڑکپن - خرد سالی بچپن نادانی پن - مؤلف - ہوا بوڑھا مگر طبیعت مین + وہی بچپن ہی لڑکپن ہے
لڑائی - جنگ خصومت نزاع عداوت - ع - جتنا ہو ظلم و ستم جور و جفا منظور + پر کبھی آنکھ لڑائی تو لڑائی ہوگی -
لڑکی - دختر جو خرد سال ہو -
لڑکوری - صاحب اولاد عورت -
لڑی - وہ رشتہ جسمین موتی پروے ہوے ہون - لعت از مؤلف - دانت وہ روشن ستارون کی لڑی باندھے ہوے + موتیون کا گچھ خوبی سے بہتر اصل آب علی -

لام با سین

لسوڑا - وہ درخت جسکا پھل سپستان ہے -
لس - چسپیدگی جس سے کوئی چیز چپک جاتی ہے -
لسن - جسکو فارسی مین سیر عربی مین فوم کہتے ہین -
لسی - چھاچھ مٹھا جو چیز ہے -

لام با شین

لشکر - فارسی لفظ ہے فوج یا جتھا ہے -

لام با کاف

لکڑہارا - لکڑی بیچنے والا -
لکھا - نوشتہ شدہ مقسوم قسمت -
لگا - آمیزش و رابطہ و توسل و وسیلہ -
لکڑ - چوب کلان بڑی لکڑی -
لگام - باگ گھوڑے کی -
لگان - کشتی کا لنگر مارنا اور موقع مراد پر پہونچنا -
لگسی - لمبا بانس جو گان نما جس سے درخت سے میوہ اتارتے ہین -
لکڑی - جسکو فارسی مین چوب کہتے ہین - قطعہ از مؤلف - غم سے چھوٹے وہ کسطرح جسکو + فکر ہو نون تیل لکڑی کا - کبھی دنیا سے دون کی پابندی کبھی روز جزا کا اندیشا -

لام با لام

للکار - شور پکار فریاد -
للچاؤ - آرزومندی خواہش چاہ -
للو پتو - خوشامد آرزومندی -
للی - نامرد جو عورت پر قادر نہو -

لام با میم

لمکنا - جسکے کان لمبے ہون -
لمگرونا - جسکی گردن لمبی ہو -
لمچھڑ - لمبے قد کا آدمی -

لام با نون

لنبا - دراز قد کا آدمی احمق بے عقل - ع - لمبے احمق ہین مگر حضرت عمر ٹھگنے فتنے ہین مگر حضرت علی رض
لنبوترا - دراز قد لمبے قد کا آدمی -
لنجا - جسکے ہاتھ پانون بیکار ہون -
لنڈورا - جسکی دم نہو -
لنگڑا - جسکی ایک لات بیکار ہو -
لنگر - کشتی کا لنگر جس سے کشتی چلتی ہوئی ٹھہر جاتی ہے اور چھانہ جہان عام کھانا تقسیم ہوتا ہے -
لنگور - ایک قسم بندر کا ہے جسکی دم بہت لمبی ہوتی ہے -
لنگوٹی - وہ چھوٹا کپڑا جس سے بطور مشکل شرمگاہ ڈھانکتے ہین -
لنگی - تہبند جو کمر پر باندھتے ہین -
لنجی - بیدست و پا عورت -

لام با واو

لوا- ایک جانور ہی جسکو عربی مین سلوی کہتے ہین بٹیر سے چھوٹا ہوتا ہی-

لوبیا- ایک قسم غلہ کا ہی-

لوتھڑا- گوشت کا بڑا ٹکڑا-

لوٹا- ایک قسم کا برتن ہی جسکو آفتابہ فارسی مین کہتے ہین-

لولا- بواو معروف جسکے ہاتھ یا نون بیکار ہون-

لولا- بواو مجہول بغیرت دیوث شرو-

لونڈا- بچہ کم عمر لڑکا-

لونیا- نمک بنانے والے جو ایک قوم ہندوستان مین ہی-

لوہا- مشہور دہات ہی جسکو آہن فارسی مین عربی مین حدید کہتے ہین-

لوٹ- غارت تاراج-

لونڈے باز- بچہ باز اغلامی-

لوگ- عام وخاص خلق خدا-

لونگ- مشہور چیز ہی جسکو قرنفل کہتے ہین-

لون- نمک جو مشہور ہی-

لو- تعلق خاطر و توجہ اور گرم ہوا اور روشنی-

لوتھ- مردہ کی لاش اور جسم بیجان-

لوری- وہ کلمات جو زبان سے کہکر عورتین بچون کو سلاتی ہین-

لومڑی- مشہور جانور ہی-

لونڈی- کنیز پرستار خادمہ-

لام با ہا

لہنا- رقم گرفتنی اور مقسوم و نصیب-

لہار- آہنگر لوہے کا کام کرنے والا-

لہاس- وہ رستا جو کھجور کے پٹھے سے بٹتے ہین-

لہسن- جسکو سیر اور فوم کہتے ہین-

لہچون- لوہے کا برادہ-

لہولہان- خون سے بھرا ہوا-

لہو- خون جو بدن سے نکلتا ہی سو دم لیگا کسطرحسے ہو جسکا گلا ہی بند ہوگیا جنیگا جسکے بدن لہو نہو

لہسنیہ- ایک قسم کے جواہرات کا نام ہی-

لام با یا

لیپ- تر دوائی جو کسی بدن کے عضو پر لگائی جاوے-

لید- گھوڑے کا سرگین-

لینڈ- سخت پاخانہ آدمی کا-

لے پالک- متبنی جسکو بیٹا بناکر پالتے ہین-

لیزم- نرم کمان-

لیس دین- داد ستد جو آپس مین ہو-

لیک- خط جو راہ وغیرہ کے چلنے سے زمین پر پڑجاتا ہی اور باریک انڈے جون کے جو کپڑے اور بالون کے ساتھ چپکے ہوے ہوتے ہین-

لیئی- جو گیہون کے میدے کی بناکر کاغذ اور چمڑے کو لگاتے ہین-

تیسری فصل

فارسی اصطلاحات ومحاورات کے بیانمین

لام با الف

لاجوردقبا- معشوقکے اوصاف مین بولا جاتا ہی جیسے کہ گل پیرہن خصوصاً جسکا لباس نیلگون ہو- ابو نصر نصیرائی بدخشانی- بہر طرف حریم اسرد روز و شب چرخ لاجورد قبا-

لالہ لب- محبوب کی تعریف مین بولا جاتا ہی

لاعلاج- لاعلاجا- ناچار اور ناگزیر- محمد سعید اشرف- دیدم کہ علاج جنون گلگون نیست + یک چند بیا لاعلاجا خوردم-

لالہزار- لالہ زاران- مزید علیہ- قدسی کرمانی- بہر گریہ ابر تازہ بہار بخند گل و بشگفد لالہ زار- ولہ- دمید از آب چشمم لالہ زاران + کہ میانم با یام بہاران

لالہ طور- طور کی آگ اور ذات کا جلوہ- صائب- اگرچہ لالہ طور ست روے روشن او + چراغ صبح بود با بیاض گردن او-

لالہ عذار- محبوب کے اوصاف مین بولا جاتا ہی

لاے جگر- خون جگر- جگر کا خون- قاسم مشہدی- آنجا کہ دید سیر لاے جگر بود + سائل دگر بخواب نہ بیند کریم را-

لابہ پرداز- لابہ گر- خوشامدی فریبی مکار- عرفی- خصمت جو زرو بہ صفتے لابہ گر آید + از سردی او تب شکند شیر اجم را-

لالہ بنا گوش- محبوب کے اوصاف مین بولا جاتا ہی- زلالی- بیا اے ساقی لالہ بنا گوش + گل خلوت نشینان قدح نوش-

لالہ صد برگ- وہ پھول جسکو ہندوستان مین ہزارہ کہتے ہین شفیع اثر- بسکہ بر بالاے ہم داغ محبت چیدہ است + دل برنگ لالہ صد برگ آید در نظر-

لالہ موم- وہ پھول مصنوعی جو موم سے بناتے ہین- مفید بلخی- نیم علاج طلب بہر سینہ مجروح + کہ مرہم ست مرا داغ ہمچو لالہ موم-

لالاے چشم- مردمک چشم آنکھ کی پتلی-

لالہ سرنگون- ایک قسم کا لالہ ہی-

لالۂ غلیان - وہ آگ جو غلیان پر رکھتے ہیں۔ محسن تاثیر۔ ہرزہ نفس زہے وفا
سراغ نزارد + لالۂ غلیان نشان داغ ندارد۔
لائیدن - لاف مارنا ہرزہ گوئی کرنا۔
لافیدن - لاف مارنا۔
لاندن - لانیدن - ہلانا جھاڑنا۔
لاجرعہ - ایک ہی دفعہ پی جانا دم نہ لینا۔ ظہوری - جان از خمار رشک
ظہوری بلب سید + کو رطل بزم بجز کہ لاجرعہ سر کشیم
لانگاہ - لافیدن یا رنگیلی جگہ اور موقع۔ صائب - دل دو نیم نداری بگوشہ
بنشین + بلانگاہ محبت بیک گواہ مرو۔
لالۂ پیکانی - قسم ایک پھول کا ہے۔ مغز فطرت - دوش مژگان خدنگ تو دم بیا
آمد + چمن سینہ پر از لالۂ پیکانی شد۔
لالۂ چوغاشی - ایک قسم کا لالہ ہے۔ واراب بیگ جویا - خال ہندو سیہ
بر خسارش + چمن لالہ ہائے چوغاشی ست۔
لالۂ عباسی - گل عباسی جو مشہور پھول ہے۔ تاثیر - برو اندوہ ز دل تہمت
زرداری ہم + داغ بر دل نبود لالۂ عباسی را۔

لام با باے

لب آفتاب - وہ دھوپ جو سایہ کے پاس ہو۔
لب لب - آواز کہتے کے کھانے یا پانی پینے کی۔
لباس پرست - ظاہر پرست۔ سہ - نہ عزیز تر از کعبہ اے لباس پرست
خراب گشتہ دلی را برو عمارت کن۔
لب فلان چیز نیست دندان فلان چیز نیست - یعنے استعداد و لیاقت
و شائستگی و حوصلہ اس چیز کا نہیں رکھتا۔ مسیح کاشی - مارا لب چشیدن
صہبائے وصل نیست + این بادہ را مگر بلب گل توان چشید۔
لب خند - لب خندہ - نرم ہنسنا صرف دانت سپید کرنا۔ محمد سعید اشرف -
دیدن روے تو زیبندہ بود آئینہ را + بہ تماشاے تو لب خندہ بود آئینہ را
طاہر وحید - برقع از رخ بیکطرف افگند + عالمی زندہ کرد از لب خند۔
لب لعل - لب لعلے - لب سرخ۔ محمود - لب لعل تو ہست آرام دل +
بر آید از و عاقبت کام دل + طاہر وحید - پیمانہ مہر بوسہ لبہائے لعلی ست +
صد بار پیش شیشہ می کاسہ بند کرد۔
لب آلودن - تھوڑا سا پی لینا زیادہ نہ پینا۔ شعر - چو آب شہر شراب ست
اے دلارام + مکن با آب شہر آلودہ لب را۔
لباس گردانیدن - لباس بدلانا۔ سہ - تا شرم داشت منصب تغییر داشتن
گردانیدن لباس تو تغییر رنگ بود۔

لب باز گرفتن - بہ رواشتن - لب ہٹانا۔ سعدی - لب باز لب چو چشمہ
خروس ابلہی بود + بر داشتن بگفتن بیہودہ خروس۔
لب بدندان خستن - خائیدن - گزیدن - غضب یا تعجب یا ندامت یا
حیرت کی حالت میں لبوں کو کاٹنا۔ میر خسرو - لب لین کرم دید یا خود شنید +
تعجب کنان لب بدندان گزید۔ و لہ - لب بچہ خائی برائے کشتن من + خود
فلک پشت دست میخاید۔
لب برچیدن - بند کرنا لبوں کا واسطے رونے یا ہنسنے کے۔ باقر کاشی -
خوش آن سیری کہ بر یاد جوانی + لبے برچینم و طفلانہ گویم۔
لب بستن - خاموش رہنا چپ رہنا۔ سہ - چو گوش خلق بند ست
از نصیحت + ہمان بہتر کہ من ہم لب ببندم۔
لب تر کردن - تھوڑا سا پانی پینا۔ سعدی - چنان آسمان بر زمین
شد بخیل + کہ لب تر نکردند زرع و نخیل۔
لب تہ دندان کشیدن - چپ ہو جانا۔ ظہوری - لب تہ دندان کش از
حرف کنار + این حکایت درمیان عیب ست عیب۔
لب جنبیدن - لب ہلنا بولنے لگنا۔ حسین ثنائی - ہجران زدہ را لب
تبسم + جز در رخ دوستان نجنبد۔
لب چشیدن - چکھنا ذائقہ دریافت کرنا۔ صائب - بوسہ شیرین
دہانان را مگر با تیغ قند + کردہ ام لب چش شیرینی چو دشنام تو نیست۔
لب خوش کردن - لب شیرین کرنا منہ میٹھا کرنا۔ عباس قلی - تلخ اند گر چہ
آدمیان در مذاق ہم + لب خوش نمیکنند بشہد وفاق ہم۔
لب دادن - بوسہ دینا رخصت دینا عہد و اقرار کرنا مرادف زبان دادن۔
ظہوری - لب بحرف نگارستان داد + رخ بخون جگر نگردہ نگار۔
لب دزدیدن - تبسم کرنا شرم کرنا۔ محمد اکبر دولت آبادی - بلب دزدی
دہان را غنچہ گون کرد + دہان غنچہ را یکبار خون کرد۔
لب زدن - خاموش ہونا چپ رہنا۔ میر خسرو - چو لب بنی بہی و در میان
نگیرد آئی + من آن شراب نگویم کہ جان بگردانی۔
لب شیرین کردن - ہنسنا مسکرانا۔ مفید بلخی - غنچہ اش ہر گہ لبے از خندہ
شیرین میکند + پرتوش روشن چراغ حسن پروین میکند۔
لب کسی گرفتن - بولنے نہ دینا چپ کرنا۔ میر خسرو - سخن گوید از چشمہ ہا لب ست
تو دریا + روان آب لبہاے دریا بگیرد۔
لباس روغنی - چہ بہ لباس حلوائیوں اور تیلیوں کی پوشاک۔ محمد قلی
سلیم - تو نگر آشنائے عشق چون شد دشمن خویش ست + چو عنبر زرکش
بہ آتش اگر لباس روغنی دارد۔

لباس شمعی - سبز لباس ہے جسکو پہلیاہو نگیا کہتے ہیں -
لباس قلمی - قلمی چھینٹ کا لباس -

لام با تاے فوقانی

لت خوردن کار - برہم و درہم ہونا کام کا - ملا طغرا - دل گر از سینہ کار غم ازوی مطلب + لت خوردہ کار جو کاسب زردکان بر خیزد -
لثہ بدہان تپاندن - منھ کے آگے رومال رکھ لینا ہنسی وغیرہ کی حالت میں -
لتہ چین - جو شخص پرانے چیتھڑے چنتا ہو -
لت خوردن - مار کھانا -
لت خوردن مہرہ - نرد کا مہرہ مارا جانا - بیت - بیم از دخل ہم نفسان مسئلہ گشتہ را + این ہست از خوردن لت مہرہ نادرستشدرست -

لام با راے مہملہ

لرزیدن - کانپنا کسی چیز کا غم کھانا ڈرنا اور شفقت کرنا - صائب - از قلاچ چرخ میلرزم با بروے خویش + جام لبریزم بدست رعشہ دار افتادہ ام - ولہ - بد ور خط از ان چاہ زنخدان بیش میلرزم + ہر آسیب چہ حسن لطیش برجان بیش میلرزم -

لام با شین

لشکر شناس - لشکر کا اندازہ کرنے والا اور عارض تخمینہ لگانے والا - نظامی - سپاہے نہ چندانکہ لشکر شناس + باندازہ آن رساند قیاس -
لشکر کش - لشکر کا افسر سپہ سالار - ظہوری - ویران نشود ولایت عقل + لشکر کش عشق گر جنون ست -
لشکر شکوف - لشکر شکن - بہادر پہلوان جنگ آور لوگ - سعدی - کہ لشکر شکوفان و مغفر شکاف + نہان سلح جویند و پیدا مصاف - نظامی - چنین ست در لشکرش تیغ زن + زہے لشکر آرائے لشکر شکن -
لشکر گاہ - لشکر کے اترنے کا مقام - میر معزی - گرگاری لشکری بر کوہسار + از چہ خویش + ابر نتواند کہ لشکر گہ زند بر کوہسار -
لشکر پناہ - افسر لشکر کا - نظامی - بدان آمدن شاد شد شاہ + گشت از ان پہلوانان لشکر پناہ -

لام با عین

لعل ناب - سرخ شراب - حافظ - از پے تفریح طبع و زیور حسن طرب + خوش بود ترکیب زرین جام با لعل ناب -
لعل رنگدار - جس لعل میں رنگ ہو اور عیب ہو - معز خطرات شود چون خواہش پیمانہ نوشی چشم مست را + کند رنگدار موج بادہ لعل می پرستش را -
لعبت باز - پتلیوں کا تماشا کرنے والا - میرزا بیدل - مشو حیران لعبت ہا در نظارہ گردون + بلعبت باز بنگر کز لبس چادر گند بازی -

لعاب شمس - سراب یعنی چمکتا ہوا ریتہ -
لعل فلک - آفتاب -
لعاب لعل - شراب سرخ اور آفتاب -
لعاب نحل - مکھی کا لعاب یعنی شہد -
لعل از سنگ زادن - مشقت سے ملنا کسی چیز کا -
لعل خفتان - امیر حمزہ کی سمت جیب کے اور امین سے ایک امیر کا نام ہے - صہ بجانب - زدست سیب ساقی آنکہ مجلس + بلکہ قاسم لعل خفتان بینا -
لعل روان - لعل سفتہ - شراب سرخ - نظامی - کہے لعل سفتہ بہ پیمانہ خورد + گہے گوش بر لعل نا سفتہ کرد -
لعل فشان - ساقی شراب پلانے والا - امیر خسرو - لعل فشان ساقی زرین کمر + گشتہ چو خورشید فلک لعل گر -
لعبت خانہ - تصویر خانہ بت خانہ - میر معزی - بروے خویش کو سے برزن من + چو لعبت خانہ نوشاد دارد -

لام با غین

لغت دان - لغت ساز - زبان دان - ملا طغرا - اقوال کی تحقیق لغت ساز قاموس خواندگی ست + شفا ان علم نوازندگی ست -
لغزیدن - پھسلنا لغزش کھانا - صائب - مگر گویا از ان آئینہ رخسار شد صائب + کہ میلغزد زبان در حالت گفتار طوطی را -

لام با قاف

لقمہ در گلو ایستادن - روو - نہایت حسیس اور بخیل ہر کہ لقمہ کھا نہیں سکتا - کمال خجندی - اگر بلب لقمہ ستی ز غم نعیم کمال + ہزار لقمہ کسے بنک حکونہ خورد -
لقمہ آہن چشیدن - زخم تلوار کا کھانا -
لقمہ آہن کشیدن - زنجیر پہننا -

لام با کاف

لک و لنج - ہونٹ یعنی لب پیش نہہ کہ - فوقی یزدی - چون بگرد سر لک و لنجش کہ لنبہد و قنبیدہ منتخب ست -
لک و پک - اثاث البیت گھر کا اسباب -
لکد بر ابر زدن - بادل پر لات مارنا غرور و تکبر کرنا -
لکد بر گور حاتم زدن - سخاوت کا دعوے کرنا -
لکد خوردن - لکد کوب خوردن - لات کھانا - لا وحشی - از دست روزگار لکد کوب بسے خوردہ ام ... عشق ہر کہ می پرد ایام خود لبس -
لگام انداختن - سرکشی سے باز رہنا -
لگام بر اسپ کردن - کشیدن - نہادن - گھوڑے کو لگام دینا - میر معزی

چون بیچون شاہ مشرق پاے کرد اندر رکاب + کرد دست صبح تو پایے بکام لگام + وله تا نہاد اقبال تو بر گردن گردون لگام + ملک بے آرام و توسن ایام گشت و آرمید۔ انوری سگ بگولی کفایت تو کشد + بہ سر توسن سپہر لگام

لگام خائیدن۔ سرکشی و نافرمانی کرنا۔ میر خسرو۔ لاجرم در زیر ران بد رائے تو + ابلقش اکنون ہمی خاید لگام۔

لگام دادن۔ متوجہ ہو کر اطاعت میں لانا۔ نظامی۔ ہمہ ملک ایران مرا شد تمام + بہندوستان داد خواہم لگام۔

لگام از سر گرفتہ۔ بے لگام سرکش نافرمان۔ عشرتی۔ مرا در خانہ از جنس سوا آئے لگام از سر گرفتہ استری ہست۔

لام با میم

لمن الملک زدن۔ اپنے آپ کو بادشاہ تصور کرنا تکبر و خودی کرنا۔ نظامی۔ کیست درین دائرہ دیر پاے + کو لمن الملک زند جز خداے۔ صائب۔ فگند گوش بہ پروانہ مغرولی خط + حسن غافل لمن الملک زنان ست ہنوز۔

لام با نون

لنگر دار۔ بہت بھاری وزن دار۔ صائب۔ عشق می آرد دل افسردہ مارا بشور + مضطرب از طوفان بود دریاے لنگر دار ما۔

لنگر شمشیر۔ سنگینی تلوار کی از روے قیمت و جوہر وغیرہ کے۔ داراب بیگ جویا۔ تا ازان ابروے خونریز بدل کار کنند + ترسم از لنگر شمشیر سپہ تاب کسے۔

لنگر گیر۔ لنگر دار کشتی جو لنگر کی گرانی سے ایک مقام پر استادہ ہو۔ اشرف۔ بود معذور گر وجد آید سالک واصل + کہ کشتی نیست لنگر گیر چون گردید دریا

لنگر بجو دگرفتن۔ اپنی جگہ پر قایم رہنا۔ صائب۔ بحر پر شور جنون لنگر نمیگیرد بجود + کے زسنگ کودکان دیوانہ شورش کم شود۔

لنگیدن۔ لنگ کردن۔ آہستہ چلنا سفر میں کسی جگہ مقام کرنا۔ سنجر کاشی۔ طلب ایدم تیغ ست رہ در منزل اول + ز ہمراہی من لنگد خضر گر ہم سفر گردد۔ صائب۔ ہر کرا درد طلب ست زپا ننشیند + ہست در قافلہ ریگ روان صائب لنگ

لنگوتہ لبستن۔ دنیا چھوڑنا گوشہ نشین ہونا۔ شاہ داعی شیرازی۔ دل بفراغت وہ و لنگوتہ بند + از جہت زر نہ بجان لوتہ بند۔

لنگر انداختہ۔ مرد متحمل و بردبار۔

لن ترانی۔ خطاب الٰہی جو موسی علیہ السلام کو بجواب رخوست ربانی کے ہوا۔

لام با واو

لوح تربت۔ وہ تختہ پتھر کا جو قبر پر نصب کرتے ہیں۔ قاسم مشہدی۔ فنا شدیم و ندیدیم خاطر جمعی + ز سنگ تفرقہ کردند لوح تربت ما۔

لوح مرقد۔ لوح قبر۔ لوح مزار۔ وہ پتھر جو قبر پر نصب ہو۔ محسن تاثیر۔ صد امیدم با در بیاران گو کہ من شہادت عشق + آن لوح مرقد بیش در سنگ نیستون نارسنیدہ

اردو۔ لوح مزار پہ یہی مصرع لکھ دیجئیے + مرجائیے پہ دل نہ کسی سے لگائیے۔

لوح مشق۔ تختہ مشق لڑکون کا۔

لوح پاک۔ تختہ جو سادہ ہو۔ صائب۔ عالمے از راست گوئی دشمن ما گشتہ اند + ما چہ میکردیم چون آئینہ لوح پاک را۔

لوح طلسم۔ وہ تختہ جسپر نقش طلسم لکھا ہوا۔ شفیع اثر۔ زبس غبار کدورت ز آسمان دیدم + بزیر خاک چو لوح طلسم پیچیدم۔

لوح دیوان۔ وہ لوح طلائی جو کتاب کے آغاز پہ بمقام بسم اللہ بناتے ہین۔ شفیع اثر۔ بسکہ دارد طبع ارباب سخن افسردگی + سیدہ پیر لوح دیوان یاد از لوح مزار

لوزینہ لگا و دادن۔ بیل کو حلوا کھلانا بے موقع کام کرنا۔

لوح سادہ۔ سادہ لوح۔ وہ تختہ جسپر کچھ نہ لکھا ہو اور آدمی بیوقوف۔

لوح ناخواندہ۔ علم لدنی۔

لوح تعلیمی۔ لڑکون کی مشق کا تختہ۔ مولانا جامی۔ ز خط سبزہ خاکش لوح تعلیم + کشیدہ جوے آبش جدول سیم۔

لام با یاے

لیلۃ البدر۔ چودھوین رات چاند کی جس رات چاند پورا دکھائی دیتا ہے۔

لیلۃ القدر۔ وہ بزرگ رات جو آخیر دس رات ماہ رمضان مین آتی ہے اور قرآن ناطق ہے کہ اس ایک رات کی عبادت ہزار ماہ کے برابر ہے۔ صفدر فوقانی۔ دو ابرویش ہلال و چہرہ اش بدر + دو گیسویش سواد لیلۃ القدر۔

لیسیدن۔ چاٹنا چنانچہ خاک لیس کاسہ لیس وغیرہ

چوتھی فصل

اردو محاورات کے بیان مین

لام با الف

لات جانا۔ بے شیر ہو جانا گائے بھینس وغیرہ کا اور دودھ دوہنے کے وقت لاتین مارنا لگنا

لات مارنا۔ نفرت کرنا بیزار ہونا ٹھوکر مارنا۔ جرات۔ مواہون جسکے لیے مین ہزار حیف وہ شوخ + کبھی نہ لات بھی آکر مزار پر ماری۔

لاتون کا دیو باتون سے نہین مانتا۔ سرکش آدمی مار کھائے بغیر سیدھا نہین ہوتا۔

لاٹھی پو لگا کرنا۔ جوتی پیزار کرنا مارنا۔

لاٹھی مارے پانی جدا نہین ہوتا۔ کسیکی دراندازی سے قریبی رشتہ دار جدا نہین ہوسکتے۔

لاجواب کر دینا۔ بولنے نہ دینا بند کر دینا۔

لاجون مرنا ۔ لاج آنا ۔ لاج لگنا ۔ شرم کرنا لحاظ کھانا آبرو کے واسطے بچنا
لاحول پڑھنا ۔ شیطان سے بچنے کے لیے دعا مانگنا خدا سے پناہ مانگنا
لاڈ لڈانا ۔ چاؤ چوچلے مین پالنا ناز اُٹھانا ۔
لارا لیری لگانا ۔ لیت لعل کرنا ۔ آجکل کرتے رہنا ۔
لاسا لگانا ۔ کسیکے پیچھے کوئی آفت لگا دینا ۔
لاسے پر لگانا ۔ فریب مین لانا فریفتہ کرلینا ۔
لاش پر لاش پڑنا ۔ بہت سے آدمیون کا قتل ہونا ۔
لاش ٹھوالنا ۔ قتل کرنا یا رڈالنا ۔
لاف مارنا ۔ شیخی کرنا جھوٹھی بڑائی کرنا ۔
لاکھا لگانا ۔ جمانا ۔ پان کھاکر ہونٹھ سرخ کرلینا ۔
لاکھ سر کا ہوجانا ۔ قید کرنا ہمت کرنا کسیکے کہنے کا خیال مین نہ لانا ۔
لاکھ کا گھر خاک کردینا ۔ مال و دولت برباد کردینا ۔
لاکھ کا گھر خاک ہوجانا ۔ مفلس ہوجانا کنگال ہوجانا تباہ ہوجانا
لاکھ من کا ہوجانا ۔ وزن دار ہونا صاحب دولت ہونا قدر و منزلت بڑھجانا
لاگ رکھنا ۔ تعلق رکھنا دشمنی رکھنا آن بن رکھنا ۔
لاگ کھلانا ۔ کوئی جادو کی ہوئی چیز کھلا دینا ۔
لاگ لگنا ۔ عشق پیدا ہونا محبت قایم ہونا ۔ میر ۔ جسکے دل کو تیری زلفون سے میان لاگ لگے + اسکی آنکھون مین جو رہی بھی ہو تو ناگ لگے
لاگو ہونا ۔ مزاحم ہونا پیچھے پڑنا سر ہونا ۔ میر حسن ۔ اگر اب مین لاگو ہون اسکی کبھی + تو پھر چھوک ہو تجھے تم تبھی ۔
لال انگارا ۔ غضبناک غصہ کی حالت مین ۔ قطعہ از مولف ۔ آدمی خاکی بنا تھا خاک سے + آگ کا پتلا بنا کس واسطے + اپنی طینت اور اصلیت کو بھول + لال انگارا ہوا کس واسطے ۔
لال پڑجانا ۔ سرخی پر آنا پک جانا غصہ مین ہونا ۔ ف منہ کے کھانے کی علامت ہے شفق کا پھولنا + لال وہ مجھپر ہوئے رونا بھی کم ہوجائگا ۔
لال پیلی آنکھیں کرنا ۔ غصہ ہونا غضبناک ہونا ۔
لال خان کے لکڑے سے باندھنا ۔ پہلی بادشاہت کے وقت کوتوالی مین ایک بڑا لکڑ زمین مین گاڑا رہتا تھا مجرمون کو اسکے ساتھ باندھکر سزا دیتے تھے اسکو لال خان کا لکڑ بولتے تھے مارنا سزا دینا ۔
لال لنگوٹ والا ۔ بوزنہ یعنے بندر ۔
لالہ کھیا کرنا ۔ لالہ اور بھائی کہکے بات کرنا محبت اور پیار سے بلانا ۔
لالے پڑنا ۔ نا امیدی ہونا آفت مین پڑنا ۔ آتش ۔ کچھ ار لب یار کی تعریف کرون کیا + وہ لعل کہ دیکھے سے پڑین جان کے لالے ۔

لالی رہجانا ۔ آبرو رہجانا سرخرو ہونا ۔
لال کتاب ۔ حساب کتاب کی کتاب ۔
لاگ ڈانٹ ۔ آن بن شکر رنجی ۔
لاگ لپیٹ ۔ طرفداری حمایت فریب چھل بکر تعلق ۔
لاگدار ۔ یار آشنا محبتی رشتہ دار ۔
لال بجھکڑ ۔ بیوقوف احمق جو اپنے آپ کو عقلمند تصور کرے ۔
لال سوداگر ۔ وہ سوداگر جو ادھر سے اسباب خریدے اور ادھر فروخت کردے
لالون کا لال ۔ نہایت پیارا ہر دل عزیز ۔
لاکھ جی سے ۔ بدل و جان ہزار جان سے ۔
لال پانی ۔ سرخ شراب ۔ مولف ۔ کئے لاکھون مئے گلگون نے برباد سراپا آگ ہے یہ لال پانی ۔
لال پری ۔ سرخ شراب ۔ ف ۔ روز شیشے مین ترقی ہے یہان لال پری ساقی انجمن عیش بھی عامل ٹھہرا ۔ مولف ۔ تیرا کچھ پتا شراب کا + لے آڑی اسکو جب وہ لال پری ۔
لالہ جی ۔ ہندؤنمین عزت کا لقب ہے ۔ ف ۔ کوئی بھی آیا نظر باقی نہ وار دہر مین + جب میان صاحب گئے اور لالہ جی رخصت ہوئے ۔

لام با بائے

لب بند ہونا ۔ خاموش ہونا زیادہ شیرینی کھانے سے ہونٹھون کا چپک جانا ۔ مومن ۔ کیون پوچھے حال الٹی عاشق کو گئیے + ہو گئے ہین بند لب شیرینی لعد بے
لبچاٹی کرنا ۔ زٹل ہانکنا لغو باتین کرنا ۔
لب گور ہونا ۔ مرنے کے قریب ہونا ۔
لب لگانا ۔ تھوک لگانا ۔
لب معشوق ہونا ۔ تیر کا سوفار تک پہونچنا ۔
لبین لینا ۔ مونچھین کترنا شرعی کرنا ۔
لپڑ لپڑ لپ لپ کرنا ۔ بیہودہ بکنا بکو ۔
لپکا پڑجانا ۔ عادت ہوجانا چسکا پڑجانا ۔ وزیر ۔ چشم لیلی کو یہ لپکا تھا نظر بازی کا + دشت مین قیس کو دیکھو آتی تھی آہو ہوکر ۔
لپکی بچھونا ۔ کچی سلائی کرنا ۔
لپ لپ کرنا ۔ خوف کے مارے کانپنا ۔
لپٹوان بات کہنا ۔ گول مول بات کہنا ۔
لپ جھپ ۔ جلد جلد جھٹ پٹ ۔
لپڑ دھون دھون ۔ شور و غل تکرار ۔
لبو پر جان ۔ قریب المرگ ہونا ۔ ف ۔ اب تو لو منہ سے پوچھو اسکا حال ہے تیر عاشقی لبو پر جان

لب ولہجہ۔ طرز گفتگو۔ انداز کلام۔

لام با تاے

لت پت۔ لتھڑا پتھڑا۔ سن جانا۔ بھر جانا۔

لت ہونا۔ دو چیزوں کا آپس میں بخوبی مل جانا۔ عادت ہونا۔ خو پڑ جانا۔ اشک۔ انگشت آرزو سے وہ آج لت ہوئی + بارے مریض چشم میں اتنی سکت ہوئی۔ میر۔ عدم میں بھی یہ غم رہیگا کہ اور ون پر اب ستم رہیگا + تمہیں تو لت ہی ستانے ہی کی کسی پہ آخر جفا کروگے۔

لتّے لینا۔ دھجیاں اڑانا۔ برے کرنا۔ آتش۔ آفرین صد آفرین دست جنوں خوب ہی لتّے لیے پوشاک کے۔

لٹس۔ لوٹ مچانا۔ غارت کرنے لگنا۔ غدر مچا دینا۔ فساد برپا کر دینا۔

لٹک کر چلنا۔ معشوقانہ انداز سے چلنا۔ میر۔ سرو تدرو دونو پھر آپے مین نہ آئے + گلزار مین چلا تھا وہ شوخ ٹک لٹک کر۔

لٹ جانا۔ غارت ہو جانا۔ نقصان ہونا۔ مولانا اکبر الہ آبادی۔ آیا بازار محبت مین جو سوداگر کوئی + مال سب اسکا ہوا تاراج سودا لٹ گیا۔

لٹو ہونا۔ مست ہونا۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔

لٹھ مارنا۔ سونٹا مارنا۔ سخت گفتگو کرنا۔

لٹیا ڈبونا۔ کنوئیں مین لوٹا گرا دینا۔ پانی پینے کا ذریعہ تلف کر دینا۔ نقصان اٹھانا۔ ہمت ہارنا۔

لٹیا ڈوبنا۔ تباہ و برباد ہو جانا۔ بگڑ جانا۔

لٹے بیٹھے دن کاٹنا۔ مشکل سے گزارہ کرنا۔

لام با جیم

لجھن جھڑ جانا۔ صورت بدلنا۔ چہرہ پر رونق نہ رہنا۔ بدشکل ہو جانا۔ آتش۔ روز وصال آنکھوں کو اپنے دکھائیگا + دو زشب فراق کے لچھن جھڑے ہو۔

لچ بہادر۔ شہدا۔ لچا۔ شورہ پشت۔

لخت جگر۔ جگر کا ٹکڑا۔ بیٹا۔ فرزند۔ فغان۔ بوے کباب سوختہ آتی ہے خاک پر دامن سے کیا گرا کوئی لخت جگر فغان۔

لچھے دار باتین۔ مسلسل تقریر۔ پیچ در پیچ بات۔ س۔ زلف پیچان کی کیا اکھون تعریف + کیونکہ وہ لچھے دار باتین ہین۔

لام با حاے حطی

لحاظ اٹھا دینا۔ بے لحاظ و بے شرم ہو جانا۔

لام با دال مہملہ

لڈو کھلانا۔ ضیافت کرنا۔ رشوت دینا۔

لڈو ملنا۔ فائدہ ہونا۔ مال ملنا۔

لام با راے

لڑائی باندھنا۔ بیر باندھنا۔ دشمنی کرنا۔ قطعہ از مولف۔ ہمارے بت کیا بت ہین خدایا + کہ پلہ مین خدائی باندھتے ہین + نہین رکھتے کسی سے بھی صفائی + زمانہ سے لڑائی باندھتے ہین۔

لڑائی ٹلنا۔ لڑائی کا سر آجانا۔ قریب الوقوع ہونا۔ انشا۔ جب تل گئی لڑائی ترازو کے تول پر + بالون سے بانٹ چھوٹے دھڑون سے دھڑے لڑے۔

لڑائی مارنا۔ لڑنا۔ جنگ کرنا۔ شکست دینا۔ جھگڑنا۔ میر۔ حیرت کی جگہ ہے ہی یارے + کیا پوچھتے ہو مرتے ہین عاشق ہمارے + مشہور ہے عشق نے لڑائی ماری + اسیر کہ تھکتے لوگ سب اسکے مارے۔

لڑائی مول لینا۔ خواہ مخواہ بے وجہ لڑنا۔ آتش۔ سواصف بندی مژگان سے ظاہر + لڑائی لین وہ آنکھین ڈھونڈھکر مول + مولانا اکبر۔ کسیکو چھیڑتے ہین اور کسیکو گالی دیتے ہین + غرض وہ جنگجو سب سے لڑائی مول لیتے ہین۔

لڑکا بالا۔ عیال اطفال۔ گھر کے لوگ۔

لڑ لگانا۔ وسیلہ پیدا کرنا۔ تپس جمانا۔

لڑ مرنا۔ سخت لڑائی کرنا۔ قتل ہو جانا۔ س۔ کوئی عاشق جتنا پڑا اور کوئی ہے روے رنگین پر + یہ دو لو کشتگان ناز لڑ مرتے ہین آپسمین۔

لڑ مین رہنا۔ طرفداری و حمایت مین رہنا۔

لڑے فوج نام سردار کا۔ نوکر کام کرتے ہین اور نام افسر کا ہوتا ہے۔ میر۔ قتل کرتی ہی مژہ شہرہ ہے چشم یار کا + جنگ کرتا ہے سپاہی نام ہے سردار کا۔

لام با شین

لشتم پشتم ہونا۔ کام کرتے کرتے تھک جانا۔

لشتم پشتم۔ ہر طرح جسطرح ہو سکا۔

لشکری بولی۔ کئی زبانین ملکر ایک بنی ہوئی بولی۔

لام با طاے مہملہ

لطف اٹھانا۔ مزہ حاصل کرنا۔ لذت پانا۔ س۔ غم فرقت جو لوگ کھاتے ہین + عشق کا لطف وہ اٹھاتے ہین۔

لطیفہ چھوڑنا۔ دلپسند بات کرنا۔

لام با عین

لعل اگلنا۔ میٹھی میٹھی باتین کرنا۔

لعل لگ جانا۔ قیمتی ہو جانا۔ مرتبہ بڑھ جانا۔ ذوق۔ بوسے کو مانگتے ہی پھینکنے جوتون کو لگے + ایسے کیا لعل لب بخیرت گلشن کو لگے۔

لعل لگے ہوے ہونا۔ بڑی قیمتی ہونا۔ داغ۔ ہم اب سے لینگے بوسہ تلا تیرے سامنے + کیا ایسے لعل ہین تیرے لب مین لگے ہوے۔

لعنت بھیجنا - بیسکار کرنا نفرت کرنا - حکیم انور لاہوری - خدا سے ہوگئی جسکو محبت + وہ اس دنیا کو لعنت بھیجتے ہین -

لعنت کا مارا - ملعون مردود خلائق -

لعنت ملامت کرنا - برا بولنا پھٹکارنا -

لام باغین

لغت تراشنا - گڑھنا نئے الفاظ دل سے پیدا کرنا -

لغت ... الفاظ ... اپنی علمیت ظاہر کرنا -

لام با فاے

لفافہ بنا رکھنا - ظاہری زینت بنا کر لوگون کو دھوکا دینا -

لفافہ کرنا - اصل راز نہ کھولنا پردہ مین بات رکھنا ہلکا ملمع کرنا -

لفافہ کھل جانا - عیب ظاہر ہوجانا - وزیر - حسن عارض عارضی تھا کھل گیا خط کے آنے سے لفافہ کھل گیا -

لام با قاف

لقمان کو حکمت سکھانا - کسی لائق اور عقلمند آدمی کو نصیحت کرنا -

لقمہ دینا - کسیکے منھ مین نوالہ دینا اور بیچ مین کھیلی ڈالنا کسیکی بات مین بول اٹھنا فارج ہونا رشوت دینا -

لقمہ کر جانا - کھا جانا ہضم کر جانا -

لقوہ مار جانا - منھ ٹیڑھا ہوجانا -

لام با کاف

لکڑیان دینا - مردہ جلانا -

لکڑیان کھانا - مار کھانا خوب پٹنا - ابر - جہان اس خو کی گرمی تھی وہان آگ کو غیرت + مقابل اسکے ہوجاتی تو آتش لکڑیان کھاتی -

لکڑی پھینکنا - چوب بازی کرنا پٹا کھیلنا -

لکھا پورا کرنا - قسمت کے دن کاٹنا -

لکھا پورا ہونا - قسمت کا لکھا مل جانا -

لکھ پیڑا - جس باغ مین بہت درخت ہون -

لکھت پڑھت ہوجانا - تحریری اقرار ہوجانا -

لکھے موسے پڑھے خدا - بہت بدخط جسکو کوئی پڑھ نسکے - ناسخ - تصویر صنم مین کرا کے کلک ازل سے پنہان ہم کو سیاہ نگاہی خلل + جز عالم الغیب کون جانے یہ راز + لکھے موسے پڑھے خدا سچ ہے مثل -

لکڑ کا فقیر ہونا - پرانی رسمون کو ماننا اپنی عقل کو اسمین دخل نہ دینا - ... سب تو ... ہم ... اصل فقیر ہین ... فقیر ... ہمین ...

لکیر پیٹنا - لکیر پیٹنا - قدیم رسم پر چلنا - نظیر - خیال لطف کرتو اسکے نقش پا کا کر + گیا ہے سانپ نکل اب لکیر پیٹا کر -

لگا رکھنا - رکھ چھوڑنا دم دھاسے مین رکھنا -

لگا رہنا - مصروف رہنا مشغول رہنا گھات مین رہنا -

لگا کھانا - مقابلہ کھانا ٹکر کھانا -

لگا لانا - دم دلاسا دیکر لے آنا - وحشی وہ ہین کہ ہمکو لگا لائی ہے گل + پوچھی بہار مین نہ کسی نے چمن کی راہ -

لگا لگانا - فروع کرنا آغاز کرنا - جرات - کیونکہ جرات لگائین ہم لگا + گزرنے کا وہان لگاؤ نہین -

لگا لینا - اپنی طرف مائل کرلینا منسوب کرلینا - جرات - ہو لگا لینے کو وہ فتنہ دوران تو بلا + یہ طبیعت بھی غضب ہی سے لگ جانیکو -

لگام دینا - چڑھنا - ... چڑھانا روکنا بند کرنا ... -

لگانا بجھانا - لگائی بجھائی کرنا - دو شخصون کو ادھر ادھر کی باتین سنا کر کبھی لڑائی کبھی صلح کرا دینا - جرات - لگا آتش جگر کو سوز الفت اب لا ما کو لگانا اسکو کہتے ہین بجھانا اسکو کہتے ہین -

لگاوٹ کرنا - آمیزش کرنا ملاپ کرنا -

لگائی کرنا - عورت کو گھر مین ڈالنا -

لگ چلنا - بھڑ کر چلنا اڑکر چلنا چھو کر چلنا - میر - خط کر تو نہ لگ چل اے صبا اس زلف سے اتنا + بلا آئیگی تیرے سر جو اسکا ایک مو ٹوٹا - آتش - صبا کی طرح ہر اک غیرت گل سے ہین لگ چلتے + محبت ہی سرشت اپنی ہمین یاران آتا ہے - نظیر - گل لگ چلے جو ہمدم ہم یار سے زیادہ + دشنام دیکے جھڑکا ہم یار سے زیادہ -

لگی بجھنا - شوق پورا ہونا خواہش ملنا - بحر - سوز فراق یار کہون کس کفیل سے میری لگی بجھیگی نہ ہرگز خلیل سے +

لگی بجھانا - کسیکی خواہش پورا کرنا - جرات - غرض یہ آتش دل اور بھی بھڑکی بہی نالے سے + لگی کو گرچہ اشک چشم کتنا ہی بجھاتے ہین -

لگی لپٹی رکھنا - طرفداری کرنا -

لگی نہ رکھنا - کچھ تعلق نہ رکھنا صاف صاف کہدینا - سحر - ہے تیری کان زلف سے عنبر لگی ہوئی + رکھے گی یہ نہال برابر لگی ہوئی -

لکھ لٹ - فضول خرچ کھاؤ اڑاؤ -

لگ بھگ - عنقریب قریب قریب -

لگے ہاتھون لگتے ہاتھ - ساتھ کے ساتھ اسیوقت -

لگے ... جو لوگ جوا کھیلتے ہین انکے ساتھ اوپر سے جوا بدنے والے -

لگے ... - پہلو بہ پہلو پاس پاس -

لام با لام

للو پتو کرنا۔ خوشامد کرنا منت سے کام نکالنا۔
للو نہ رہ سکنا۔ زبان نہ رہ سکنا بولتے جانا۔
للو پنجو۔ احمق بیوقوف نالائق۔

لام با میم

لمبا بننا۔ لمبا ہونا۔ چلد بنا رخصت ہونا۔ رشک۔ قیامت شہرہ ہی بالائے موزوں کی بلندی کا + سنے طوطی جو اسکو گلشن جنت سے لمبا ہو۔
لمبا سفر کرنا۔ دور دراز ملکوں کو جانا۔
لمبا کرنا۔ رخصت کرنا وداع کرنا۔
لمبیاں کرنا۔ پرندوں کا بلند چڑھ جانا گھوڑوں کا دوڑ کر دور نکل جانا۔
لمبی تاننا۔ بے خبر سو رہنا مر جانا۔
لمبی چوڑی ہانکنا۔ شیخی کرنا گھمنڈ کرنا۔
لمبی سانسیں بھرنا۔ افسوس کرنا سرد دم کھینچنا مرنے کے قریب ہونا۔
لم لگانا۔ الزام اور تہمت لگانا۔

لام با نون

لنگر اٹھانا۔ کشتی کو چلانا۔
لنگر جاری کرنا۔ غربا و مساکین کو کھانا ہر روز تقسیم کرتے رہنا۔
لنگر ڈالنا۔ کشتی چلتی کو ٹھہرا لینا۔
لنگر لنگوٹ دینا۔ پہلوان کا شاگرد بنانا۔
لنگوٹ کھولنا۔ مخالفت کرنا۔
لنگوٹی بند ہو جانا۔ مفلس و محتاج کر دینا۔
لنگوٹی کا ڈھیلا۔ زناکار عیاش۔
لنگوٹی کا سچا۔ پرہیزگار پارسا۔
لنگوٹی کھلنا۔ پردہ کی دیوار کا گر پڑنا۔
لنگوٹیا یار۔ بچپن کی عمر کا دوست۔

لام با واؤ

لوٹا اٹھانا۔ ادنی درجہ کی خدمت کرنا۔
لوٹ پڑنا۔ غارت ہونا اندھیر ہونا ظلم ہونا۔
لوٹ پوٹ ہو جانا۔ عاشق ہو جانا فریفتہ ہو جانا محبت میں بیقرار ہو جانا جرات۔ اک چاند کی جھلک سے جو یہ پٹ کی اوٹ ہے + کیونکر نہ سمجھوں کہ دل لوٹ پوٹ ہے۔
لوری دینا۔ بچے کو گیت گا کر سلانا۔
لوکا لگانا۔ آگ لگانا۔

لو لگ جانا۔ گرم ہوا کا لگ جانا۔
لو لگانا۔ محبت اور پیار کرنا۔
لو لگنا۔ تصویر قایم ہونا خیال رہنا۔ جرات۔ لو لگی تھی مجھے اے شمع تیرے نام کی آہ + خامشی میں بھی تو یہ ذکر فراموش نہ تھا۔
لو لو بنانا۔ احمق اور بیوقوف بنانا۔
لولین ہونا۔ کسی خیال میں مستغرق ہونا۔
لونڈے بازی کرنا۔ اغلام کرنا۔
لوہا بجانا۔ تلوار سے لڑنا۔
لوہا برسنا۔ تلوار چلنا لڑائی ہونا۔
لوہا تیز ہونا۔ لڑائی قایم ہو جانا۔
لوہا لاٹھ ہو جانا۔ نہایت سخت ہو جانا۔
لوہا لوٹنا۔ وقت پر کام نہ آنا کسی چیز کا۔
لوہا کرنا۔ کپڑوں کو استری کرنا صفائی دینا۔
لوہا ماننا۔ کسی کی بہادری کے قایل ہو جانا۔ بحر۔ رہے سینہ سپر ہر دم جو ہر ہی محبت کا + کبھی لوہا نہ مانا یار کی تیغ عداوت کا۔ ۵۔ وحشت دل کیوں نہ جو موں ہاتھ میں حداد کے + مانتا ہی قیس بھی لوہا میری زنجیر کا۔
لوہے کے چنے چبانا۔ سخت اور دشوار کام لینا۔
لوہے کی چھاتی اور پتھر کا جگر کر لینا۔ سخت محنت اور مصیبت کا بار اٹھانا۔
لونڈھیا کا رخانہ ہی۔ بچوں کا سا کھیل ہے۔

لام با ہاے ہوز

لہار خانہ میں سوئیاں بیچنے کو جانا۔ بیوقوفی کا کام کرنا لغو حرکت کرنا۔
لہرا اڑانا۔ گانا۔ سریلی آواز سے گانا۔
لہر اٹھنا۔ خیال پیدا ہونا موج اٹھنا آتش۔ وہ بحر حسن جب فرقت کی شب میں یاد آتا ہے + ایسی لہر آتی ہی دل میں کہ چلکر ڈوب دریا میں۔
لہر بہر ہونا۔ بےپروا ہونا خوش و خرم ہو جانا۔
لہر چڑھنا۔ سانپ کا زہر چڑھنا۔
لہر چھوٹنا۔ امنگ اور جوش اٹھنا۔
لہریں گننا۔ دریا کی لہریں گننا بیفایدہ کام کرنا۔ ناسخ۔ آجائے اسکو لہر اونکے آنے کی کہیں + لہریں گنا کروں میں کہاں تک کنار گنگ۔
لہریں لینا۔ مرجھیں مارنا خوشی منانا۔
لہک لہک کر بولنا۔ خوش ہو کر بولنا۔
لہنگا پہننا۔ عورت بن جانا۔
لہو آنا۔ خون کے دست آنا۔

لہو بگڑ جانا۔ خونی بیماری ہوجانا۔
لہو پانی ایک کردینا۔ سخت محنت کرنا۔ آتش۔ رلاتا ہو وصال یار کا شوق
فراق اپنا لہو کرتا ہے پانی۔
لہو پینا۔ دق کرنا تکلیف دینا جان مارنا۔ میر۔ اب وہ جگر طپش سے تڑپتا ہے
تشنہ لب + مدت تلک جو میر کا لو ہو پیا کیا۔
لہو تھوکنا۔ منھ سے لہو جاری ہونا۔ آتش۔ عشق کہتے ہیں اسے سمجھے ابرو
کا + صورت زخم لہو تا دم آخر تھوکا۔
لہو ٹپکنا۔ خون گرنا خون نکلنا۔
لہو خشک ہوجانا۔ سخت دہشت یا غم ہونا۔ ناسخ۔ خشک ہوجاتا ہے جاں
لہو سننے کے ساتھ کوئی ناسخ کا جو مجھکو شعر ترا یا ہے یاد۔
لہو رونا۔ بجاے پانی کے خون رونا۔ چراغ تخلص۔ دشمن غم دست
جدائی میں شب و روز + لہو روتی ہیں گوہر بار آنکھیں
لہو سپید ہوجانا۔ محبت کا نام و نشان نہ رہنا۔ ناسخ۔ کیوں ہوجائے
اہل جہان کا لہو سپید + الفت کا اگر یا ہے جہان سے فرار رنگ۔
لہو کا پیاسا۔ خون کا پیاسا جانی دشمن۔ ظفر۔ جو پیئے دل کا تو مجھے سب لو
پیچو ابر + پیشگی اسکے لہو کے پیاسے کچھ بھی ہو۔
لہو کا جوش ہونا۔ محبت و ہمدردی کا جوش + برق۔ دم نکل جاتا ہے
پھر دیکھا دیا اسے پھر + آدمی سب پاس ہیں پہ کبھی لہو کا جوش ہے
لہو کرنا۔ غصہ میں لانا تنگ کرنا خون کردینا۔ جان صاحب۔ لال پیلی
مجھے غصے کی دکھا کر آنکھیں + کیا تا پیسا میرا کیوں آپ لہو کرتے ہیں۔
لہو کے گھونٹ پینا۔ نہایت تکلیف برداشت کرنا۔ نظیر۔ کئے جیسے
جوانی میں پیئے جام سبو کے + ویسے ہی بڑھاپے میں پیئے گھونٹ لہو کے
لہو لگا کے شہیدوں میں ملنا۔ کسی کام میں ذرا سا دخل دیکر پورا استحقاق
ہو جانا۔ تقدیر۔ ناخن سے ابوالہوس کا گلا یوں ہی چھل گیا + وہ بھی لہو لگا کے
شہیدوں میں مل گیا۔
لہو لہان ہونا۔ خون آلودہ ہونا۔ مومن۔ آغوش گور میں گئے آخر
لہو لہان + آسان نہیں ہے آپ کے بسمل کا تھامنا۔
لہو لینا۔ فصد سے خون نکالنا۔
لہو موتنا۔ پیشاب کے رستے خون نکلنا۔
لہو میں ہاتھ رنگنا۔ مار ڈالنا قتل کرنا۔
لہو ہلکا ہونا۔ ڈرپوک ہونا خوفناک ہونا۔

لام یا یاے

لے اڑنا۔ کسی چیز کا لطف زیادہ کردینا رونق بڑھانا ابھر کا دینا۔

لیا گیا۔ شرمندہ ہوا خجل ہوا محجوب ہوا۔
لیا ہی نہیں پڑتا۔ بڑا مغرور اور متکبر ہے اسکے مزاج کی حد نہیں ملتی۔
لیا ہی نہیں جاتا۔ قابو میں نہیں آتا۔
لے بھاگنا۔ کسی چیز کو لیکر بھاگ جانا۔
لے بھاگو ہونا۔ لے کے بھاگ جانے والا۔
لے بیٹھنا۔ لے ڈوبنا۔ اپنے ساتھ دوسرے شخص کو بھی خراب کرنا۔
خدا آنکھو نسے سمجھے دلکو بھی ساتھ اپنے لے ڈوبیں + نہیں تو پار تھا بیڑا
غریق بحر الفت کا۔
لیتے کا نہ دیتے کا۔ کسی کام کا نہ محض ناکارہ۔
لیتا بھولے نہ دیتا۔ نقد روپیہ کا سودا۔
لیت لعل کرنا۔ آجکل کرنا وعدہ نہیں دن گذارنا۔
لیٹ جانا۔ نرم ہوجانا نرم ہوکر کام نکالنا۔
لے دوڑنا۔ لیکے دوڑ جانا۔
لے دے کرنا۔ تنبیہ کرنا ڈانٹنا کوشش کرنا۔
لیر لیر کرنا۔ دھجیاں اڑا دینا پھاڑ ڈالنا۔
لیس ہونا۔ تیار و مستعد ہونا۔
لیک پیٹنا۔ پرانی رسم پہ چلنا۔
لیک سے بے لیک ہونا۔ راہ سے بے راہ ہونا۔
لیک لیک چلنا۔ راستی راستی چلنا۔
لیکھا ڈیوڑھا کرنا۔ آمد خرچ برابر کرنا۔
لے لگنا۔ رٹنا لگنا۔
لے لینا۔ گانا شروع کرنا آلاپنا۔ آبرو۔ تمنے بجا دنے کو جب ہاتھ میں
لی + مجنون ہوا زمانہ یہ اسطرح کی لے لی۔
لے مرنا۔ تہمت و بہتان لگانا الزام دھرنا۔ بحر۔ کیا قہر ہے جو ہمکو کفن بھی
ہوا نصیب + وہ لے مرے کے سر اپنا دوپٹا اٹھا لیا۔
لینا ہی جڑنا۔ لیتے اور کہتا یا گانا آپس میں پھنس جانا گہری دوستی ہونا۔
لینے آنا۔ استقبال کو آنا۔
لینے کے دینے پڑنا۔ اچھا ہونے کی جگہ برا ہونا۔
لینک ٹھینک ہونا۔ لڑائی اور فساد ہونا۔
لیو چڑھنا۔ دیوار پہ کہگل ہونا۔
لینا ایک نہ دینا دو۔ حساب بیباق ہونا۔ نظیر۔ کوئی بیوپاری بیٹھے
مسند پہ کوئی ہے ہو فقیر ہی دولت کو جو اپنا ہو سمجھے اور میرا ہو سو مجھکو دے
لینا ایک نہ دینا دو۔ خرچ کا سامان ہو آگے روانہ ہوتا ہے

لیعنی جیپیھی سال و متاع روپیہ پیسہ سرمایہ گھر کا سامان۔

پانچوین فصل

ادویات یعنے لغات متعلق بعلم طب کے بیان مین

لام با الف

لالا ۔ یہ ایک گھانس کا نام ہی جو کہ معظمہ سے لاتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک قابض او ر مسخن ہی اور حابس سیلان خون اور پھل اسکا بواسیر کا قاطع ہی۔
لازورد ۔ معرب اسکا لاجورد جو مشہور پتھر ہی کاشغر سے لاتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک جالی اور صاف کرنے والا اخلاط کا کدورت سے مسہل سودا و دافع سودا مفرح و مقوی قلب قاطع رعاف رافع مالیخولیا و وسواس ہی۔
لاغرین ۔ یہ ایک نبات ہی مشابہ پاؤن خرگوش اسواسطے عربی مین اسکو رجل الارنب کہتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک شراب کے ساتھ پینا اسکا اسہال بند کرتا ہی ضماد اسکا محلل اورام حارہ ہی۔
لاذن ۔ رطوبت غلیظ لیس دار ہی کہ ساق اور پتون ایک پہاڑی درخت سے حاصل ہوتی ہی اور وہ درخت بقدر درخت انار کے ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک ملطف قوی و مسخن و مفتح افواہ عروق و مقوی ارواح و منضج رطوبات غلیظہ محلل صلابات و مسکن اوجاع باردہ و دافع دردسر ہی۔
لالسنگون ۔ یہ ایک قسم کا لالہ پیازدار ہی اسکا پیاز دھنیا کے ساتھ کوٹ کر پانی نکالین او ر پانی کو تیل مین ملا کر جوش دین یہانتک کہ پانی خشک ہو جاوے وہ تیل عرق النسا کے دفع کرنے مین مجرب گنا جاتا ہی۔
لاغیہ ۔ اسکا نبات مشابہ نبات سنبھوبنیا کے ہی پتی گول پھول زرد رنگ نرگس کے پھول کیطرح قسمدکی تکھی سپید پتی اور لکھا تی ہی تخم اسکا خشخاش کیطرح باریک ہی اسکے کاٹنے سے دودھ نکلتا ہی وہ جمع کیا جاتا ہی جو قوی تر سنبھوبنیا سے ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مسہل قوی و منقی و دافع استسقاے زقی پانی اسکے پتون کاقے کے ذریعہ سے مادہ مفسد کو نکالتا ہی۔
لالہ النعمانی ۔ قسم لالہ کی ہی پھول اسکا شقائق سے بڑا اعبر مانند پیاز کے طبیعت اسکی گرم تر مفرح و مسکر و منوم محرک باہ ہی۔
لامی ۔ یہ گوندا ایک ہندی درخت کا ہی طبیعت اسکی گرم خشک مسخن و ملطف و مفتح سدہ اور پگھلانے والا بلغم کا ہی۔

لام با بائے

لبا ۔ گاڑھا دودھ گاے بھینس بکری وغیرہ کا جو تین روز تک بعد پیدا ہونے بچہ کے دوہا جاتا ہی اور اسکی پیوسی بناتے ہین طبیعت اسکی سرد تر مسمن بدن و محرک باہ و دیر ہضم مولد خلط غلیظ مسدد و قوی ہی۔

لبن النسا ۔ عورت کا دودھ یہ دودھ گدھی کے دودھ سے الطف ہی اگر عورت جوان اور صحیح الجسم کا ہو دختر والی کا دودھ سرد تر ہی اور لڑکے والیکا دودھ گرم تر ہی واسطے ترطیب اور تقویت دماغ و دفع ہیجوالی مجرب ہی۔
لبلاب ۔ عشق پیچہ جو مشہور بیل ہی صغیر اور کبیر اور سپید اور سیاہ بہت قسم کا ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد و خشک ملین و مسہل و مفتح و محلل و دافع درد ودرد گوش و قرحہ امعا ہی۔
لبن اللقاح ۔ اخیر مین جاے حطی شیر شتر یعنے اونٹنی کا دودھ لطیف اور بہت رقیق ہی مایل بشوریت بسبب کمی حرارت کے مسکہ اس سے نہین نکلتا طبیعت اسکی گرم خشک پینا اسکا مقوی البصر دافع ضیق و استسقاے زقی و طبلی ہی۔
لبنج ۔ اخیر مین خاے معجمہ یہ ایک بڑا درخت ہی مشابہ چنار پتی مایل بدرازی پھل چھوٹا۔
لبن الاسد ۔ شیر کا دودھ طبیعت اسکی نہایت گرمی اور تیزی مین ہی بہت جالی و منفذ و مدر ہی۔
لبن البقر ۔ گاے کا دودھ یہ دودھ دہنیت و جبنیت و مائیت مین معتدل ہی غلظت اور رقت مین بھی معتدل ہی اور تمام دودھوں سے بہتر ہی سواے بھینس کے دودھ کے اور کوئی دودھ اس سے زیادہ گاڑھا نہین ہی طبیعت اسکی معتدل گرمی اور سردی مین مقوی جوہر دماغ رافع نسیان و مالیخولیا ہی رسول صلی اللہ علیہ وسلم لبقر کے حق مین فرماتے ہین۔ البقر لحمہ داء ولبنہ شفاء ۔ یعنے گاے کا گوشت بیماری ہی اور دودھ شفا ہی۔
لبن الخنزیر ۔ خوک یعنے سور کا دودھ طبیعت اسکی سرد تر ہی دافع سل اور دق۔
لبن المعز ۔ شیر بز یعنے بکری کا دودھ مائیت اسمین غالب ہی دہنیت اور جبنیت کم بعض اسکو سرد کہتے ہین اور بعض اسکو گرم واسطے ترطیب دماغ و رفع یبس ہیجوالی مجرب ہی۔
لبن جاموس ۔ بھینس کا دودھ اسمین دہنیت غالب ہی او ثقیل اور دیر ہضم ہی خلط غالب کے ساتھ مل جانا اسکا کام ہی۔
لبن حمار الوحش ۔ لبن الغزال ۔ گورا ور ہرنی کا دودھ دونون گرم تر ہین اور محرک باہ و مقوی بدن۔
لبن الحامض ۔ چھاچھ یعنے لسی طبیعت اسکی سرد تر مرطب دافع تشنگی ہی۔
لبن الرماک ۔ گھوڑیون کا دودھ طبیعت اسکی گرم تر جالی و مفرح و مفتح ہی باہ کو بڑھاتا ہی طبیعت ملین کرتا ہی مدر بول و حیض ہی منقی قرحہ رحم ہی۔
لبن ۔ فارسی مین شیر ہندی مین دودھ کہتے تین جز سے مرکب ہی مائیت و دہنیت و جبنیت اور انکین اجزا کے امتیاز سے [illegible]

اور رطوبت و یبوست آنمین اجزا کی کمی بیشی سے شمار کی جاتی ہی طبیعت اسکی عموماً مرکب القوی ساتھ غلبہ حرارت اور رطوبت کے اور بھی گرم پہلے درجہ مین اور تر دوسرے درجہ مین اور تمام جانورون کا دودھ جالی اور دافع خلط سوختہ اور مقوی و مسمن ہی ۔

لبن الاتان ۔ بہ تاے مثنات فارسی مین اسکو شیر الاغ و شیر خرماده اور ہندی مین گدھی کا دودھ کہتے ہین طبیعت اسکی سرد و تر ہی اگرچہ مادہ ہو تو اور بھی زیادہ تر مفید ہی اور چاہیے کہ گرم گرم پیا جاے مرطب دماغ مفرح دل مقوی بدن فائدہ بخش امراض حارہ سے ہی ۔

لبن الضان ۔ اسکو فارسی مین شیر میش اور ہندی مین بھیڑ کا دودھ کہتے ہین دسومت اور چکنیت اسپر غالب ہی گاے کے دودھ سے گاڑھا ہی طبیعت اسکی گرم تر مقوی جوہر دماغ محرک باہ دافع قرحہ ریہ و امعا و نفث الدم و تاثیر ادویہ مسموم ہی ۔

لبن السودان ۔ اکثر لوگ کہتے ہین کہ یہ فرفیون کے دودھ کا نام ہی بعض کہتے ہین کہ سودان سواے فرفیون کے ایک اور چیز ہی گوند کیطرح سیاہی مائل طبیعت اسکی گرم خشک زہر قاتل ہی سونگھنا اسکا رعاف جاری کرتا ہی اور کثرت استعمال سے مہلک ۔ واضح ہو کہ اور ادویات شیر دار کو یتوعات کہتے ہین مانند مازریون سیاہ و فرفیون و سقمونیا وغیرہ سب یہ زہر ملے ہین اور مسہل قوی شدت سے لفظ یتوعات یعنی یاے باتا مین انکی بحث ہوگی انشاء اللہ ۔

لام باے فوقانی

لنٹلو ۔ پھل ایک درخت کا ہی جو بنگال مین بکثرت ہوتا ہی بقدر درخت آلو کے سبزہ پھل کا خام ترش اور پختہ میخوش طبیعت اسکی سرد و تر مسکن صفرا و حدت خون ہی ۔

لام جیم

لجالو ۔ یہ گھاس نمناک زمینون مین پیدا ہوتی ہی جو دو قسم پر منقسم ہی ایک قسم جو خشکی مین بموسم برسات پیدا ہوتی ہی یہ ایک گز تک اونچی شاخین پتلی پتی بہت چھوٹی دوسرے جو نالون کے کنارون پر ہوتی ہی یہ زمین پر پھیل جاتی ہی اور ہر ایک شاخ ان دونون کو اگر کوئی ہاتھ لگاے تو پتے انکے آپس مین سمٹ جاتے ہین اور جب ہاتھ الگ کرین تو پھر کھل جاتے ہین اہل ہند اسکو عظیم النفع بلکہ کیمیا کی بوٹی تصور کرتے ہین طبیعت اسکی سرد و تر محلل اور جالی اور منضج و مفتح دافع فساد خون و صفرا و سودا اور پرانے زخمون کو اچھا کرتے ہو یہ اسپر کا علاج ہی ۔

لحیۃ التیس ۔ یہ ایک نبات جسکی ماہیت مین اختلاف ہی طبیعت اسکی معتدل گرمی اور سردی مین اور خشک دوسرے درجہ مین قابض اور قاطع نزف الدم و اسہال دموی و قرحہ ریہ مقوی معدہ ہی ۔

لحم ۔ گوشت جو مشہور چیز ہی ہر ایک حیوان کا گوشت الگ الگ تاثیر رکھتا ہی اور یہ اعلی غذا انسانی غذاون سے ہی کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکے باب مین سید الطعام اللحم فرمایا ہی فوائد اسکے بیشمار ہین جو بڑی کتابون مین مفصل لکھے ہین بلکہ ہر ایک وحش و طیر کے گوشت کے فوائد الگ الگ درج کیے ہین ۔

لام باخاے

لخنیس ۔ یہ ایک قسم خیری بری کا ہی پھول اسکا بنفشی مانند سیاہ اور تلخ طبیعت گرم و خشک مسہل قوی ہی اور دافع زہر عقرب اگر پھول اسکا عقرب کے آگے رکھدین فی الفور مر جائے ۔

لسان الکلب ۔ بعض اسکو بارتنگ کہتے ہین اور بعض حماض اور بعض سواے انکے ایک الگ نبات کہتے ہین جسکی ساق دو گز تک گرہ دار پتے مانند بارتنگ کے پھول بنفشی طبیعت گرم خشک ورم الطحال کا خاص علاج ہی ۔

لسان الثور ۔ اسکو اذان الثور بھی کہتے ہین جو ایک نبات ہی بو اسکی مشابہ بوے خیار کے پتے چوڑے پھیلے ہوے زمین پر لزوجت زیادہ گاوزبان سے پتے اسکے خام اور پختہ کھانے مین آتے ہین طبیعت اسکی سرد و تر زبان کی ہر ایک بیماری کا یہ علاج ہی اور ہر ایک دنبل اور بثور کو جو سرخ اور سخت ہو دفع کرتے ہین ۔

لسان الثور ۔ فارسی مین اسکو گاوزبان بولتے ہین مشہور دوا ہی تازہ اور سبز گرم تر خشک مین رطوبت کم مائل بخشکی مفرح و مقوی ارواح حرارت غریزی کو زیادہ کرنے والی ملین طبع مسہل صفرا دافع سرسام و مالیخولیا ہی ۔

لسان العصافیر ۔ فارسی مین اسکو زبان گنجشک ہندی مین اندرجو کہتے ہین یہ ایک درخت کا پھل ہی پتے جسکے مشابہ پتے بادام کے بنگال مین بکثرت ہوتا ہی ایک تلخ دوم شیرین دو قسم پر منقسم ہی طبیعت اسکی گرم خشک مسکن ریاح دافع درد پہلو و خفقان و سرفہ و ضیق النفس ہی ۔

لسان السمع ۔ یہ ایک نبات ہی بقدر دو گز کے بلند شاخین پراگندہ پتے لمبے اطراف انکے تیز اور دندانہ دار آرہ کیطرح پھول بنفشی قبے گول طبیعت گرم خشک دافع سنگ گردہ و مثانہ ہی ۔

لسان الابل ۔ یہ ایک نبات ہی شاخین اسکی پراگندہ مائل بسپیدی پتے سپستکے درخت کیطرح پھل اور چوڑا طبیعت سرد و خشک اسکے پتون کے خیساندہ کا پینا اور شاخ کا چبانا زبان کی لکنت کو دفع کرتی ہی قروح اندرونی کا علاج ہی ۔

لسان الحمل ۔ فارسی مین اسکو بارتنگ صغیر اور کبیر دو قسم پر منقسم ہی کبیر کے پتے مشابہ زبان بکری کے سبز لمبے اور تھوڑے چوڑے پھول زرد رنگ بیج گول صغیر ایسے ہی ہی مگر پتے چھوٹے ہین طبیعت سرد اور خشک دافع رعاف و جرع و درد گوش و درد دندان ہی ۔

لسان ۔ زبان جو مشہور عضو ہی فوائد اسکے جو انسان کو حاصل ہوتے ہین ظاہر ہین یہ عضو گوشت رخو غدوی سپید ورگین اور عصب عضلات اور

نفشا وہ سے بنا ہی طبیعت اسکی گرم تر گوشت اسکا سریع الانحدار مرطب
بدن ہی منی کو زیادہ کرتا ہی۔

لام با صاد

لصیقی۔ یہ ایک خار دار ہی جو کپڑون کو چمٹتی ہی اس سبب سے لصیقی نام رکھا
گیا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک محلل ہی پینا اسکے جوشاندہ کا ساتھ شہد کے
کھانسی کو دفع کرتا ہی اور ضماد ورم مقعد کو نافع ہی۔

لام با عین

لعاب۔ آب دہن یعنے تھوک روزہ دار آدمی کے منہ کا تھوک درد گوش کو
فائدہ دیتا ہی اور اگر کان مین کرم ہوتے ہین تو تھوک کے ڈالنے سے مرجاتے
ہین اور اگر سانپ کے منہ مین ڈالین تو سانپ مرجاتا ہی۔
لعل۔ اقسام یاقوت سرخ سے ہی پرانی کتابون مین اسکا ذکر نہین عرصہ
تین سو برس کا گذرتا ہی کہ بسبب زلزلے کے بدخشان مین ایک پہاڑ پھٹ گیا
اور لعل کی کان ظاہر ہوئی طبیعت اسکی گرمی اور سردی مین معتدل ہی
مائل بحرارت و یبوست کھانا اسکا دلکو تفریح دیتا ہی اعصاب کو تقویت
بخشتا ہی بواسیر کو دور کرتا ہی خفقان و وسواس و مالیخولیا کا علاج ہی ہر ایک
جواہر سے قوی التاثیر ہی
لعبت بربری۔ یہ ایک جڑ مشابہ سورنجان اور پتلی اس سے مانند پستان
کے ذائقہ مین تلخ اور تیز طبیعت اسکی گرم و خشک محلل ریاح قاطع بلغم دافع
بواسیر مقوی معدہ ہی

لام با فاے

لفاح۔ یہ دوا پھل بیبروج کا ہی جسکا ذکر باے با سے مین مذکور ہوگا نر
اور مادہ ہوتا ہی مادہ اپنے چوڑے پتون کے ساتھ زمین پر پھیلی ہوئی
ہوتی ہی اور جڑ اسکی دو عدد یا تین کا تنصیف آپس مین ملی ہوئی مشابہ بصورت آدمی
اور نر کی پتے چقندر کے سے پھل بقدر کھیرے کے اور جڑ موٹائی مین متوسط
طبیعت ان کی سرد اور خشک مجفف و مخدر مسکن غشیان قابض و
مسکر و منوم و مسمن بدن ہی
لفش۔ یہ ایک عالیشان درخت شام مین ہوتا ہی اسکی لکڑی سبز اور گیلی
آگ مین فی الفور جلتی ہی اور خشک کو آگ کم اثر کرتی ہی طلا اسکے خشک
پتون کا دافع برص و بہق ہی اور عصارہ تازہ پتون کا دافع داد

لام با قاف

لق لق۔ یہ ایک پرندہ جانور کثیر الجثہ ربیع کے موسم مین یہ پہاڑ سے آتا ہی
اور مکانون کا گھر بناتا ہی سانپ اسکے بچون کا دشمن ہی اور یہ سانپ کو
نگل جاتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک کھانا اسکے گوشت کا دافع فالج و لقوہ
و خدر ہی ریاح غلیظہ کو رفع کرتا ہی

لام با کاف

لک۔ گوند ایک گھانس کا ہی کہ ملک ہند مین اکثر ہوتی ہی سرخ رنگ مشابہ
لوت سرخ کے بعض درختون کی شاخ سے نکلکر جم جاتی ہی بعض دانے
بقدر لیمو اور نارنج کے ہوتے ہین اسکو لاک خام کہتے ہین بیر اور پیپل اور بڑ کے
درختون سے بھی نکلتی ہی رنگ سرخ طرح طرح کے اس سے بنائے جاتے ہین
طبیعت اسکی گرم خشک جالی و محلل و منقی اخلاط و حابس ہی

لام با نون

لنجیطس۔ ایک نبات ہی جو بستانی اور صحرائی ہوتی ہی بستانی کے پتے چوڑے
اور سرخ پھول سیاہ مشابہ لوبیے کے جڑ مشابہ گاجر کے اور بری کے پتے مانند
اسقولوقندریون کے اور خشخاش سے اور ڈنڈا انکے بڑے زاید طبیعت گرم اور
خشک بستانی کے جڑ کا پینا مدر بول ہی اور پینا خشک صحرائی کا تلی کی بیماری کو نافع ہی

لام با واو

لوبیا۔ حبوب ماکولہ مشہورہ سے ہی اکثر شہرون مین ملتا ہی بیل اسکی عشق پیچے
کی طرح ہوتی ہی پھول ریزہ بنفشی اور پھل ایک غلاف مین باقلا کی طرح
طبیعت اسکی گرم تر دیر ہضم مولد خلط غلیظہ مولد منی محرک باہ ہی
لوز المر۔ کڑوے بادام طبیعت اسکی گرم اور خشک محلل اور جالی اور ازالہ
اخلاط غلیظہ کے لیے بے نظیر ضماد اسکا ساتھ سرکہ کے واسطے درد سر اور سیر
اسکا واسطے تقویت بصر نافع ہی
لوز البربر۔ یہ ایک قسم کا بادام لوز بری سے مشابہ ہی حب صنوبر سے
کچھ بڑا طبیعت اسکی گرم خشک نہایت قابض روغن اسکا زیت السودان
نام ہی جو دوا مین مستعمل ہی
لوز۔ بادام شیرین مشہور چیز ہی طبیعت اسکی پہلے درجہ مین گرم تر اور
معتدل کہتے ہین حافظ جوہر دماغ جالی اعضاے باطنی مقوی باصرہ ملین
طبع ہی شیرہ اسکا ساتھ شکر کے کھانسی و خشونت سینہ و حنجرہ کو دفع
کرتا ہی ذات الجنب کا علاج ہی
لونخیدیطیوس۔ یہ ایک گھانس ہی جسکی پتی مشابہ پتون اسقولوقندریون
کے ہین اور بیج مثلث شکل کے بری اور بستانی ہوتا ہی بری گرم زیادہ ہی
بستانی سے اسکا ضماد دافع جرب ہی بلکہ ہر ایک قسم کے زخم کا علاج ہی
لوسیما خیوس۔ یہ ایک نبات بے ساق ہی شاخین گرہ دار پتے مشابہ
پتے بید کے پھول سرخ مائل بزردی طلائی رنگ طبیعت اسکی سرد خشک
قاطع رعاف و سیلان حیض ہی اور دافع قرحہ امعا۔
لوف۔ فارسی مین اسکو فیل گوش کہتے ہین یہ گھانس تین قسم منقسم ہی

مختلف - بضم میم و لام مفتوح اختلاف کیا گیا اور وہ لغت جسکے معنے مین اختلاف ہو
مخوف - ڈرا ہوا اور خوفناک -
مخاوف - بفتح میم و کسر واو خوف کی جگہ -
مخمل باف - مخمل بننے والا - تاثیر - زیر دستان راحت از رنج زبردستان نبرند + خواب مخمل کرد و مخمل باف بیداری کشید -
مخفف - تخفیف دیا گیا ہلکا کیا گیا -
مخراق - وہ درّہ جو کپڑے سے بنا کر مجرم کو مارتے ہین -
مخرق - بضم میم و کسر راے مشدد ٹکڑے ٹکڑے کرنے والا پھاڑنے والا -
مخنق - بضم میم و سکون خاے و فتح نون گلا پکڑا گیا گلا دبایا گیا -
مخنوق - جسکو خناق کی بیماری ہو -
مخلوق - خدا کی پیدائش -
مخذول - خوار کیا گیا مخاذیل اسکی جمع ہے -
مختل - مخلل - خلل یافتہ خلل پایا ہوا - علی خراسانی + گرچہ الفضولی

شدہ باشد معاف کن + بسیار مختلم زپریشانی حواس - واڑ - توبہ وزید مخالف نشو و بہر شراب + جمعہ و شنبہ و ماہ رمضان ہر ہفتہ یکے ست -
مخلخل - بفتح ہر دو خاے مجموعہ وہ چیز جسکے اجزا آپسمین ملے ہوے ہون -
مخایل - منکر یعنے انکار کرنے والا -
مخایل - جمع مخیلہ آثار و علامات اور مقام خیال و گمان کا اور گمان لیجانا -
مخمل - مشہور کپڑا ہے -
مخیل - خیال کیا گیا -
مخل - خلل ڈالنے والا -
مخدوم - خدمت کیا گیا باپ پیر استاد بزرگ - س - ہر کہ خدمت کرد او مخدوم شد + ہر کہ خود را دید او محروم شد -
مخادیم - جمع مخدوم کی -
مخیم - بفتح میم و سکون خاے و فتح یاے خیمہ برپا کرنے کی جگہ -
مخیم - بتشدید یاے مقام خیمہ -
مختصم - خصومت کرنے والا -
مختوم - مہر کیا گیا -
مختتم - مہر لگایا گیا بند کیا گیا قفل لگایا گیا -
مخاتیم - جمع مختوم کی -
مخزن - جس جگہ خزانہ رکھا ہو -
مخازن - جمع مخزن کی -
مخزون - جو چیز خزانہ مین جمع ہو -
مخزان - قوم ترسا کا عبادت خانہ -
مختون - ختنہ کیا ہوا -
مخطوبہ - وہ عورت جسکی کسی مرد نے خواستگاری کی ہو -
مخدرہ - پردہ نشین عورت -
مخرقہ - شرمندگی و تیرگی -
مخنیدہ - پھسلا ہوا اور خراب شدہ -
مخاصمہ - خصومت اور دشمنی -
مخیلہ - بضم میم و فتح خاے و فتح یاے مشدد مقام خیال یعنے دماغ -
مخیلہ - بکسر یاے تحتانی نام ایک دماغی قوت کا -
مخمصہ - اضطراب و بیقراری -
مخمل دوخوابہ - ایک قسم کے مخمل کا نام کہ دونو طرف اسکے پشم ہوتی ہے - صائب - اینجا بخواب غفلت و آنجا بخواب مرگ + چون مخمل دوخوابہ برو نہالی ام -
مخمل گورکہ - ایک قسم کی مخمل ہے - محسن تاثیر - تاثیر در لباس مرا غفلتی نبود

دیا مجھے داشتہ نقل گوکہ لبیادہ ام -

مخاطب - پستان جو ایک مشہور پھل ہی ہندمین لسوڑیان انکا نام ہی -

مخالصہ - ایک گھاس کا نام ہی کہ ہر ایک قسم کا علاج ہی -

مخاطرہ - خطرہ و اندیشہ -

مخطی - بے ارادہ کوئی خطا کرنیوالا اور خاطی وہ جو بارادہ خطا کرے -

مخاطی - ... ال اور ایک قسم بلغم کا جو ناک سے بہتی ہو -

مخرطمی - ... جسکا چہرہ پیچھے لمبا ہو ایک طرف سے موٹی اور ایکطرف سے پتلا ایک ...

... بہرہ ... سلامتی -

مخمل مشکی - سیاہ مخمل - خالص ... از عہدہ ہر ہلعہ خلعت کیست ... اپنے مخمل مشکی کی قد داری ہمہ رنگ ست -

مختفی - پوشیدہ چھپا ہوا اور مختلص ایک عورت شاعرہ کا جسکا نام زیب النسا تھا اور دیوان مخفی اسکا دیوان مشہور ہی -

میم با دال

مداوا - دوا کرنا علاج کرنا - لوائی وارو سے فرد ستمندان -

مداوا - سبہ دوران دردمندان -

مدارا - صلح و رشتی کرنا رعایت کرنا - صائب گلستن کر کو وقافت چندان نیست + بمور کہ مدارا کند سلیمان ست - مولوی معنوی لطف حق باتو مدارا کند + چونکہ از حد بگذرد رسوا کند -

مدحت - بکسر اول صفت و ثنا و ستائش -

مداہنت - بخلاف ارادہ دل کے ظاہر کرنا نفاق سے جھوٹ بولنا چرب زبانی و خوشامد کرنا سستی کرنا -

مدرکات - ... دلنشین -

مداوات - دوا کرنا علاج کرنا -

مداعبت - خوش طبعی کرنا -

مدارات - صلح و رعایت کرنا -

مدعیات - جمع مدعا -

مدت - درازی وقت کی جسقدر گذرا ہو عرصہ دیر - سعدی - دران مدت کہ مارا وقت خوش بود + زہجرت ششصد و پنجاہ و شش بود + مراد نصیحت بود گفتیم + حوالت با خدا کردیم و رفتیم -

مدت عدت - ایک نکاح کے فسخ کے بعد جو مدت کسی عورت کی دوسرے نکاح کے لیے مقرر ہو اسکو عدت کہتے ہیں چنانچہ مطلقہ کے لیے تین حیض یا تین ماہ اور بیوہ کے واسطے چار ماہ دس روز اور حاملہ کے لیے وضع حمل تک مقرر ہی -

مدا خلت - کسی کی بات میں دخل دینا -

مدارست - پڑھنا پڑھانا -

مدافعت - دفع کرنا دور کرنا -

مداومت - ہمیشگی کرنا -

مداوات - دوا کرنا علاج کرنا -

مدارج - بہت سے درجے -

مدح - تعریف صفت و ثنا -

مداح - صفت کرنے والا تعریف کرنے والا - توحید - بذکر او ست ہمہ خلق درجہان مشغول + زمانہ ہست ثنا خوان زمانیان مداح -

مدیح - بروزن فصیح صفت و ستائش -

مدائح - تعریفین صفتین ستائش جمع مدح کی -

مدید - دراز یعنے لمبا اور نام ایک بحر کا بحور نظم سے -

مد - کشش و افزونی و درازی اور وہ خط جو الف ممدودہ پر لکھتے ہین اور وہ خط جو حساب کی رقم پر کھینچتے ہین -

مد - نام ایک پیمانہ کا جو دو رطل کا ہوتا ہی -

مداد - سیاہی جس سے لکھتے ہین - سیاہی - سیاہ فام اگر سپید ست نورانی ست + مداد دودہ شمع و چراغ پیدا شد -

مدد - یاوری کرنا حمایت و یاری کرنا - جمال الدین سلمان - بہر دمی نظر سکن بمن کہ دردلشیم + بہر ہمہ مدد سے دہ مرا کہ دلریشم -

مدار - جاے دور و مقام گردش و دائرہ و حلقہ - توحید - تو بعمر عزیز بیک دم ست مدار + مدار زیادہ ازان درجہان امید قرار -

مدر - بفتحتین کلوخ مٹی ڈھیلا اور زمین -

مدر - بضم میم و کسر دال و راے مشدد جاری کرنے والا لہو کا -

مدبر - بضم میم و سکون دال و فتح باے موحدہ بدبخت و بدقسمت یعنے جسنے دولت کو پشت دی ہو -

مدبر - بضم میم و فتح دال و تشدید باے موحدہ مکسورہ صاحب تدبیر و عقلمند و دانا - سعدی - مدبر کہ قانون بدی نہد + ترا می برد تا بابلیسی دہد + بگو ملک را این مدبر لیس ست + مدبر مخوانش کہ مدبر کس ست -

مدبر - بتشدید باے مفتوح تدبیر کیا گیا اور وہ غلام جو اپنے مالک کے مرنے کے بعد آزاد ہو -

مدرار - بہت سا پانی گرانے والا اور بادل برسنے والا -

مدروس - پرانا اور بیرونق اور چھپا ہوا -

مدرس - بکسر راے پڑھانے کی جگہ جمع مدرسہ کی -

مدرِّس ۔ درس پڑھانے والا استاد۔
مدرا س ۔ وامق کے ایلچی کا نام ہی جسکو وامق نے خواستگاری کا پیغام دیکر عذرا اپنی معشوقہ کے پاس بھیجا اور عذرا نے ایلچی کی آنکھیں اپنی انگلیوں سے لگا لگا کر اسکو اندھا کر دیا تھا۔
مدہوش ۔ متحیر و سرگشتہ و حیران و مست و بیخبر۔ قطعہ از مولف۔ ببین دور انقلاب چرخ گردان + بچشم عقل و ہوش اے مرد مدہوش + مگر یاد خدا از یاد تو رفت + کہ ہستی اینچنین از خود فراموش۔
مدافع ۔ دفع کرنے والا۔
مدقوق ۔ لاغر اور دبلا اور وہ شخص جسکو تپ دق کی بیماری ہو۔
مدقِّق ۔ وہ شخص جو باریک کام کرے اور دلیل کو دلیل کے ساتھ ثابت کرے۔
مدرِک ۔ سمجھنے والا اور حقیقت کو پہنچنے والا۔
مدرنگ ۔ دروازے کی پچھلی لکڑی جس سے دروازہ بند کرتے ہین۔
مدخل ۔ بفتح اول و ثالث دخل کرنا اور داخل ہونا اور دخل کا مقام۔
مُدخِل ۔ بضم اول و کسر ثالث بخیل و ممسک۔
مداخل ۔ دخل کے مقامات و زر آمدنی۔
مُدَلِّل ۔ دلیل کے ساتھ ثابت کرنے والا۔
مُدَلَّل ۔ دلیل کے ساتھ ثابت کیا ہوا۔
مُدمِل ۔ زخم سے ریم نکالنے والا۔
مدلول ۔ دلیل کیا گیا۔
مدخول ۔ داخل کیا گیا۔
مدعم ۔ بعین مہملہ نام غلام رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا۔
مُدغم ۔ جو حرف اپنے ہم جنس مین آکر ادغام ہو جائے اور چھپا ہوا اور ملا ہوا اور درج کیا ہوا اور کہل مقتی ادغام سے گھوڑے کے منھ مین لگام دینا ہی۔
مُدام ۔ ہمیشہ رکھا گیا ادامت کا اسم مفعول اور شراب۔
مُدلَہِم ۔ بضم میم و سکون دال و فتح لام و کسر ہا ہے ہوز نہایت کالا اور تاریک۔
مدینۃ الاسلام ۔ لقب شہر کوفہ کا جو دار الملک عراق عرب کا ہی۔
مدار المہام ۔ مختار کل معتبر نوکر۔
مدین ۔ ایک شہر دریاے مغرب کے کنارے پر ہی۔ سعدی۔ شنیدم کہ ذو النون بمدین گریخت + اسے بر نیامد کہ باران بریخت۔
مداین ۔ ایک شہر نوشیروان کا تختگاہ تھا اب اجڑ چکا ہی بابل کے علاقہ مین اسکے کھنڈرات ہین اور عربی مین جمع مدینہ کی بہت سے شہر۔
مدہاستان ۔ سرسبز باغ۔
مُدُن ۔ جمع مدینہ بہت سے شہر۔

مدیون ۔ قرض دار جسکے ذمہ قرض ہو۔
مَدوِن ۔ بروزن ملون جمع کیا گیا۔
مدہون ۔ دباغت دیا ہوا چمڑا اور چکنا یعنے جسکو تیل ملا ہوا ہو۔
مدفن ۔ جس زمین مین خزانہ یا کوئی مردہ دفن کیا ہوا ہو مقام دفن۔
مدفون ۔ دفن کیا ہوا گاڑا ہوا۔ توحید۔ چو گنج علم و ہنر ہست در دل مدفون + برآر مخزن عرفان برون ازین مدفن۔
مدینہ ۔ شہر اور وہ شہر جو مدینۃ النبی عرب مین مشہور ہی اور روضہ عالیہ حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم اس شہر مین ہی۔ نعتیہ از مولف۔ خدا باغ جنان را کردہ سرسبز + زرنگ و بوے گلزار مدینہ۔
مدرسہ ۔ جاے تدریس پڑھنے پڑھانے کا مکان۔ سعدی۔ زاہد میان مدرسہ آمد ز خانقاہ + بشکست عہد صحبت اہل طریق را + گفتم میان زاہد و عالم چہ فرق بود + تا کردی اختیار ازان این فریق را + گفت او گلیم خویش برون می کشند ز موج + وین جہد میکند کہ بگیرد غریق را۔
مِدرہ ۔ بکسر اول ریم اور زرد آب جو زخم سے نکلتا ہی۔
مدرکہ ۔ ایک قوت کا نام ہی جسکے ذریعہ سے انسان ہر ایک چیز کی حقیقت کو پالیتا ہی۔
مَدرُونہ ۔ پازندی زبان مین بہشت کا نام ہی جسکو عربی مین جنت کہتے ہین۔
مُدَہ ۔ بضم اول و فتح ثانی بیمار اور ناخوش۔
مدی ۔ غایت و نہایت۔
مداوی ۔ علاج کیا گیا۔
مدنی ۔ مدینہ کے رہنے والے و لقب حضرت خاتم المرسلین محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم جنکا مسکن مدینہ تھا اور مدفن بھی مدینہ ہی۔ نعتیہ۔ مرحبا سید مکی مدنی العربی + دل و جان باد فدایت چہ عجب خوش لقبی۔
مدعی ۔ دعوے کرنے والا۔

میم با ذال معجمہ

مذہب ۔ بروزن مکتب راستہ اور چلنے کا مقام و دین و آئین و طریق۔ توحید۔ ایکہ در ہر مذہب و ملت توئی مقصود ما + در عبادت خانہ دیر و حرم معبود ما۔
مُذَہَّب ۔ بضم اول و فتح دوم و ہاے مشدد زر اندود وہ یعنے جس پر زر کا ملمع ہو۔
مذاب ۔ گلا ہوا گداز ہوا ہوا۔
مذہوب ۔ جسکو سونا لگا ہوا ہو یعنے ملمع ہو۔
مذنب ۔ گنہ گار قصوروار۔
مُذَبذَب ۔ متردد متفکر اور وہ شخص جسکی طبیعت ایک حالت پر نہو۔
مذلّت ۔ ذلیل اور خوار ہونا۔
مذمت ۔ بدگوئی کرنا۔

مذبح - جس جگہ جانور ذبح کیئے جائین قصاب خانہ۔
مذبوح - وہ جانور جو ذبح ہو چکا ہو۔
مذ - ابتدا زمانہ عرب مین اور فارسی مین صاحب و خداوند۔
مذکور - ذکر اور ذکر کیا گیا۔ محمد سعید اشرف - بپرواز حیرت رود رنگ
کبک * بہر جا کہ مذکور رفتار تست۔
مذکر - نر مقابل مونث اور مادہ کے۔
مذاق - ذائقہ مزا لذت اور ظرافت یعنے ہنسی - توحید - ز شہد و شکر دنیا
نیابد اطمینان * ز خوان معرفت حق ہر آنکہ یافت مذاق۔
مذموم - مذمت کیا گیا برا کہا گیا۔
مذخورہ - ذخیرہ کیا گیا۔
مذمومہ - ہر چیز بد اور زشت۔
مذاکرہ - باہم ذکر کرنا۔
مذکی - گلو بریدہ اور بسمل
مذی - وہ رطوبت جو شہوت کے غلبے کے وقت عضو تناسل سے نکلتی ہے۔

میم با راے

مرتجا - امیدوار امیدوار کہا گیا۔
مرا - لڑنا جنگ کرنا خودنمائی کرنا۔
مرحبا - کلمہ تحسین ہے مہمان کی نسبت تعظیماً کہتے ہین معنے اسکے فراخ شدن
یعنے چوڑا اور وسیع ہونا۔
مردم گیا - ایک گھانس کا نام ہے کہ بیخ اسکی آدمی کے چہرہ کیطرح ہوتی ہے
نر اور مادہ آپس مین لپٹے ہوے جو شخص اسکو زمین سے نکالتا ہے مرجاتا ہے اسلیئے
کتے سے کھچواکر اسکو زمین سے نکالتے ہین اور کتا مرجاتا ہے عبدالغنی قبول
آدمی را بد تر از بخت گنا ہے بیش نیست * گر بدار دمر دمہ مردم گیا ہے بیش نیست۔
مرغ مسیحا - خفاش و چمگادڑ۔
مرایا - جمع مرآت بہت آئینے۔
مرلوبا - بازندی زبان مین خرپزہ۔
مرغوا - فال بد و لعنت
مروا - فال نیک و دعائے خیر
مرتا - تراز و یعنے میزان۔
مرزا - مخفف میرزا امیرزادہ کسی دولتمند کا لڑکا۔
مرغوب - رغبت کیا گیا پسندیدہ - توحید - تمام خلق بتو راغب و تو ہمی
مرغوب * زمانہ طالب و ذات مبارکت مطلوب * گئے نیز یر لطف آئی و گہے بالا
گہے بمشرق و مغرب گہے شمال و جنوب۔

مرعوب - ڈرایا گیا خوف دلایا گیا۔
مرکوب - سواری کیا گیا - توحید - جہان سوار و پیادہ رکابدار تو اند
عنان بدست تو دارند راکب و مرکوب۔
مرحب - بہ حاے حطی فراخ و کشادہ ہونا۔
مرطوب - تر اور فربہ۔
مراقب - امیدوار اور ڈرنے والا اور گردن جھکانے والا مراقبہ کرنے والا
مرلوب - پرورش یافتہ۔
مرسوب - درد جو نیچے بیٹھا ہوا ہو۔
مرکب - بضم اول و کاف مشدد مفتوح سیاہی لکھنے کی۔
مرکب - بفتح میم و کاف گھوڑا و کشتی وغیرہ جسپر سوار ہون۔
مراکب - وہ چیزین جنپر سوار ہون۔
مرتب - راست و درست کیا گیا درجہ بدرجہ لایا گیا ترتیب دیا گیا ہے
میرزا بیدل - بہار انجام زبرق شعلہاے آہ ساماں * مرتب کردہ ام از مصرع برجستہ دیوا
مرکب - بکسر کاف مشدد ترنج جسکو سنگترہ و رنگترہ بھی کہتے ہین اور کھٹے
اور میٹھے کے پیوند سے وہ میوہ پیدا ہوتا ہے مگر صحیح بفتح کاف ہے جو سیاہی
معنون مین ہے - صائب - حدیث زردی رنگم بواسطہ ارگذ ردیدہ
نہال خامہ دہد یک قلم مرکب بار۔
مرتکب - شروع کرنے والا کسی ممنوع کام مین اور سوار ہونے والا۔
مرداب - تالاب اور جھیل جو پر آب ہو۔
مرغاب - وہ رودخانہ جو مروشاہجہان کے پاس سے گذرتی ہے۔
مرقب - ایک مستحکم قلعہ جو دریاے شام کے کنارے شہر بنیاس کے پاس ہے
مرابطات - باہمی رابطے اور متعلق۔
مرافعت - پیش کرنا دعوے کا حاکم کے پاس۔
مرافعات - عریضے جو بزرگون کی خدمتمین لکھے جائین۔
مراسلات - ہم رتبہ دوستون کے خطوط۔
مرئیات - آنکھون سے دیکھی ہوئی چیزین۔
مرارت - تلخی اور کڑوا پن۔
مردشت - ایک مقام کا نام ہے۔
مرابحت - نفع کے ساتھ بیع کرنا۔
مراقبت - چشمداشت و نگہبانی و حراست۔
مراجعت - واپس ہونا رجوع کرنا۔
مراغبت - رغبت و خواہش۔
مرافقت - رفاقت کرنا ہمراہی کرنا۔

مرحمت - مہربانی کرنا - عربی - بالفش مست مے مرحمت + کوزہ پا
رفتہ شو ومعصیت +

مروت - بروزن فتوت مردی ومردمی کرنا احسان کرنا - سعدی -
مروت نباشد بدی باکسے + کرو نیکوئی دیدہ باشی بسے -

مراعات - رعایت کرنا نگہ رکھنا گوشۂ چشم سے دیکھنا - میرحسن دہلوی -
ہرچند ناز وشوخیت بسیار بسیارست ہمی + گہ گہ مراعاتے بکن احوال مارا ندرے -

مرامات - بہرد و میم مقاصد ومطالب -

مرآة - بکسر اول آئینہ -

مرقات - نردبان وزینہ -

مرغبات - مرغوب چیزین -

مراضعت - ایک دایہ کا باہم دودھ پینا -

مرتبت - مرتبہ ودرجہ وپایہ -

مثلث - ہر چیز جو سہ گوشہ ہو اور زمین باعتبار الابعاد ثلاثہ کہ طول وعرض وعمق ہے -

مرج - خرابی وتباہی وچراگاہ وزمین -

مراح - بفتح اول روان ہونا خوشی کا مقام راحت -

مراح - بضم اول وہ مقام جسطرف اونٹ جائین اور آرام پائین -

مراح - خوشی ونشاط -

مروح - بضم اول وتشدید واو مکسور خوشبودار اور خوشی دینے والا -

مروح - بفتح واو خوشی دینے والا -

مرح - خوش ہونا تکبر کرنا -

مربح - بہ تشدید بائے موحدہ فائدہ مند وسودمند -

مرابح - فائدے بہت سے -

مرجوح - مغلوب -

مرتاح - صاحب راحت ونشاط -

مرشح - ٹپکنے والا برسنے والا -

مرغ مسیح - شپپرچمگادڑ -

مرغ صبح - بلبل وخروس -

مرخ - روغن ملنا اور نام ایک درخت کا -

مریخ - ساتون ستارون آسمانی سے نام پانچوین ستارے کا ہے
حمل وعقرب اسکا گھر ہے بہرام بھی اسکو کہتے ہین لوہے اور فولاد کو بھی
کیمیاگر مریخ کہتے ہین -

مرداد - فارسی مہینے کا نام ہے جس مہینے سورج اسد برج مین ہوتا ہے
تقریباً ماہ بھادون - سعدی - شخصے نہ چنان کریہ منظر + کز زشتی او

خبر توان داد + گندہ بغلش نعوذ باللہ + مردار بآفتاب مرداد -

مرتد - مسلمانی سے پھرا ہوا -

مرمد - جسکو رمد کی بیماری ہو یعنے آنکھین اسکی سرخ ہون -

مرد و - بضم میم وفتح رائے وتشدید دال اول وسکون دال ثانی پھیر گیا واپس کیا گیا -

مرید - بفتح میم متمرد وسرکش ونافرمان -

مرید - بضم میم صاحب ارادت خواہشمند - سعدی - نخستین ابوبکر پیر
مرید + عمر پنجہ بر پیچ دیو مرید -

مرقد - خوابگاہ سونے کی جگہ -

مرقد - خوابگاہ اور قبر -

مربد - بہ بائے موحدہ اونٹون کے بیٹھنے کی جگہ اور جس جگہ کھجورونکو خشک کرین -

مرفد - کاسہ بزرگ بڑا کاسہ -

مرد - بفتح اول بے ریش ہونا اور حد سے گذرنا -

مرد - ہاتھ سے ملنا پانی مین ترکرنا اور تازہ میوہ درخت اراک کا -

مرصانہ - فراخ راستہ -

مرصد - امید کی جگہ اور جاے نگہداشت -

مرشد - صاحب ارشاد سیدھا راستہ دکھلانے والا -

مرصود - امید رکھا گیا -

مراصد - جمع مرصد مقامات امید -

مرور - گذرنا اور جانا -

مراد - حاجت وخواہش جو دلمین ہو - نظامی - ازان خشت زرین
شداد وعاد + چہ آمد بجز مردن نامراد -

مراد - بکسر اول نام ایک پتھر کا ہے جو نہایت عجیب ہے کئی رنگ
ایک گھڑی مین بدلتا ہے اسکی تاثیر یہ ہے کہ جسکے پاس ہو تمام دن جبتک
سورج نظر آتا ہے جن اسکے تابع رہتے ہین -

مروارید - موتی جو مشہور جواہر ہے اور عربی مین اسکو لولو کہتے ہین -

مردود - رد کیا گیا نکال دیا گیا -

مُر - عربی مین تلخ یعنے کڑوا اور نام ایک قبیلہ عرب کا اور نام ایک گوند کا
جو ببول کے درخت سے لیا جاتا ہے -

مر - عربی مین ریسمان اور کلند اور گذرنا اور مرجانا اور فارسی مین بنجاہ کا
عدد وبعید وبسیار اور کبھی واسطے حسن کلام کے اور کبھی واسطے افادہ
حصر کے آتا ہے - سعدی - مرا او راچو دیدم سر از خواب مست + باو گفتم
اے سرو پیش تو پست + ولہ - مرا او را رسد کبریا و منی + کہ ملکش
قدیم ست وذاتش غنی -

مریر۔ مرد توانا اور رسن جو سخت بٹا ہوا ہو۔
مرغزار۔ سبزہ زار اور مرغ ایک قسم کی گھانس ہی ہندی مین اسکو دوب کہتے ہین
مرغ سحر۔ بلبل یا خروس جو صبح کو بانگ دیتا ہی۔ سعدی۔ اے مرغ
سحر عشق ز پروانہ بیاموز + کان سوختہ را جان شد و آواز نیامد۔
مرمر۔ ایک قسم کے سپید پتھر کا نام ہی۔
مُردار۔ وہ جانور جو شرع کے احکام پر ذبح نہ کیا جاوے
مرار۔ ایک خاردار گھانس کا نام ہی۔
مرکوز۔ مضبوط بٹھلایا گیا قایم کیا گیا نیزہ زمین مین گاڑا گیا۔
مرجز۔ ایک قسم نثر کی تین قسام سے کہ مرجز و مسجع و عاری ہین۔
مرزہ۔ بفتح اول زمین آباد قابل زراعت اور سرحد خیابان اور موش
یعنے چوہا اور نام ایک قسم کی شراب کا۔
مُرز۔ بضم اول سوراخ مقعد آدمی کا ہو یا کسی جانور کا و مباشرت و مجامعت
مرغز۔ نام ایک خطہ کا۔
مرکز۔ وہ نقطہ جو پرکار کے دائرے مین ہوتا ہی اور جگہ قایم ہونے کسی چیز کی۔
مُروس۔ تابع اور خادم و رعیت۔
مرس۔ وہ رسن جو گلے مین گائے بیل گھتے وغیرہ کے باندھین و نام میوہ
اور چوسنا بچہ کا اپنی انگلی کو و طبیب و کحال یعنے آنکھونکا علاج کرنے والا
صائب۔ اگرچہ سگ بمرس میکشند صیادان + کشیدہ است سگ نفس مرس مارا
مرووس۔ گندنا جو مشہور سبزہ ہی۔
مرطیس۔ ایک پتھر لاجوردی رنگ کا نام ہی گھسانے سے اس خمیر کی بو آتی ہی
مرزنجوش۔ ایک قسم کے ریحان خوشبو کا نام ہی معرب مرزنگوش
چونکہ اسکی پتی چوہے کے کان کیطرح ہوتی ہی اسلیے اسکا نام مرزنگوش
رکھا گیا ہندی مین اسکو دونہ کہتے ہین۔
مرتعش۔ جسکو رعشہ کی بیماری ہو بدن کانپتا ہو۔
مرعش۔ بعین مہملہ باز ندہ کبوتر۔
مرعش۔ بغین معجمہ ایک شہر شام مین ہی۔
مرشوش۔ ٹپکا ہوا چھڑکا ہوا۔
مرتشی۔ رشوت کھانے والا۔
مراش۔ قے و استفراغ۔
مرصوص۔ استوار و مضبوط کیا گیا۔
مرخص۔ رخصت ہونے والا اور کرنے والا۔
مرتاض۔ صاحب ریاضت۔
مربض۔ بہ بائے موحدہ بکریون کے رہنے کی جگہہ۔

مَروض۔ ریاضت دیا گیا محنت دیا گیا۔
مَرَض۔ بیماری۔
مریض۔ بیمار۔
مِرط۔ بکسر اول فقیرون کی گدڑی۔
مربط۔ مقام باندھنے کا ربط دینے کی جگہ۔
مَرتع۔ چراگاہ و سبزہ زار۔
مراتع۔ بہت سے چراگاہ و سبزہ۔
مُرقع۔ خرقہ و دلق درویشان جو ٹکڑے ٹکڑے سیے گئے ہون اور کتاب
تصاویر کی۔ سعدی۔ بہ لقت بچہ کار آید و تسبیح و مرقع + خود را ز عملہا نکوہیدہ نگہدار
مربع۔ ہر چیز جو چار گوشہ اور عرض و طول مین برابر ہو اور ایک قسم کا نقشہ کا
اور ایک قسم کا نقش تعویذ جسکے سولہ خانہ ہوتے ہین۔
مرابع۔ منازل و مکانات۔
مرصع۔ وہ زیور جسمین جواہرات نصب ہون۔
مرصوع۔ مرصع کیا گیا۔
مرتفع۔ بلند اور بلند ہونے والا۔
مرجع۔ جائے رجوع و مقام بازگشت۔
مرفوع۔ بلند رکھا گیا۔
مروع۔ ڈرایا گیا اور نگاہ رکھا گیا۔
مَرغ۔ بفتح اول ایک گھانس نہایت سبز ہی جسکو ہندی مین دوب
کہتے ہین اور لیٹنا جانور کا گھانس مین۔
مُرغ۔ بضم اول ہر ایک پرندہ جانور اور آفتاب اور ایک قسم کی صراحی
کا نام ہی۔ طاہر وحید۔ مرغے کہ خموش ست گرفتار نگردد + دام و
قفسے در رہ پروانہ نباشد۔
مَرغ۔ بفتحتین آب دہن یعنے تھوک۔
مرادف۔ کسیکے پیچھے بیٹھنے والا اور وہ دو لفظ جنکے معنے ایک ہون۔
مروق۔ بفتح واو صاف کیا گیا اور صفا شراب و ریالودہ وغیرہ۔
مُروق۔ بکسر واو معمار او چھت پر پردہ باندھنے والا۔
مروق۔ بکسر اول و فتح واو تعجب مین لانا اور خوشحال کرنا۔
مراق۔ ایک غشائی پردہ کا نام ہی کہ جلد کے نیچے محسوس شکم ہی۔
مرفق۔ بکسر میم و فتح فائے آرنج یعنے کہنی کہ جوڑ ساعد کا بازو کے ساتھ ہی
مَرق۔ شوربا گوشت کا۔
مُراہق۔ وہ لڑکا جو بلوغت کے قریب پہونچ چکا ہو۔
مرافق۔ مرفق کی جمع ہی۔

مرغک ۔ چھوٹا مرغ ۔

مردمک ۔ آنکھون کی پتلی ۔ سعدی ۔ کہ اے نور چشم مرا مردمک + یکے مردمی کن بنان نمک ۔

مرتک ۔ نام ایک دوا کا ہی جسکو مردار سنگ کہتے ہین ۔

مرجمک ۔ وہ غلہ جسکو عربی مین عدس کہتے ہین ۔

مرگ ۔ موت مشہور لفظ ہی ۔ ع ۔ ہشیار باش خواجہ کہ از مرگ چارہ نیست + غافل مشو کہ عمر عزیزت دوبارہ نیست ۔

مرگ بفتحتین آب بینی وہ غلیظ فضلہ جو ناک سے نکلتا ہی ۔

مرجل ۔ بڑی دیگ مسی ۔ طالب آملی ۔ پاس خطش نگذارد کہ بگرداند زنگ + اگر از موم تہی بر سر آتش مرجل ۔

مرتجل ۔ خطبہ کا شعر جو بدیہہ کہا جاے اور وہ لفظ جو ایک معنی سے دوسرے معنی مین بغیر مناسبت کے نقل کیا جاے باوجود لحاظ معنے اول کے ۔

مرغول ۔ مرغولہ ۔ بروزن مقبول پیچدار زلفین اور پیچدار آواز جو گانے مین نکالی جاوے اور آواز مرغون کی فیضی ۔ در صحن چمن چو گل فشاند برید + مرغولہ بلبلان کشادند ۔ امیدی ۔ کنون کز سر سرو و پاے صنوبر + کشد مرغ مرغولہ و لالہ ساغر ۔

مرسل ۔ بھیجا ہوا پیغمبر صاحب کتاب کا ۔

مرفہ الحال ۔ آسودہ حال

مراحل ۔ جمع مرحلہ بہت سی منزلین ۔

مرجوم ۔ سنگسار کیا گیا ۔

مرتسم ۔ نقش پکڑنے والا ۔

مرام ۔ مقصود و مراد ۔

مردم ۔ ایک آدمی اور بہت سے آدمی یہ لفظ مفرد جمع دونو پر آتا ہی اور آنکھ کی پتلی ۔ سعدی ۔ چو نامردم آواز مردم شنید + میان خطر جاے بودن ندید ۔

مرحوم ۔ رحمت کیا گیا رحم کیا گیا بخشا گیا مرگیا مقابل مردود کے ۔ لوحیہ ۔ از حکمش بلیشود موجود و معدوم + ہمہ خلقت چہ مردود و چہ مرحوم ۔

مرخم ۔ نرم کیا گیا اور وہ ایک کلمہ جو اخیر حرف اسکا گرا دیا جاے جیسے منادیٰ کا اخیر حرف دور کیا تو مان رہ گیا ۔

مراحم ۔ مہربانیان ۔

مراہم ۔ بہت سے مرہم ۔

مرز و بوم ۔ ولایت ملک وطن ۔

مریم ۔ نام مادر عیسے علیہ السلام ۔ نظامی ۔ ضمیرم نہ زن بلکہ آتش زن ست + کہ مریم صفت بکر آبستن ست ۔

مرتہن ۔ وہ شخص جسنے کوئی چیز گرولی ہو ۔

مرکن ۔ تغار اور لگن ۔

مردان ۔ بے ریش لڑکے جمع امرد ۔

مرہون ۔ جو چیز گرو رکھی گئی ہو ۔

مرجان ۔ ایک جوہر سرخ رنگ جسکو ہندی مین مونگا کہتے ہین نیز بمعنی مروارید ۔

مرزبان ۔ مالک ملک اور زمین کا ۔ سعدی ۔ دران بقعہ کان پیر ہشیار بود + یکے مرزبان ستمگار بود ۔

مرو شاہجہان ۔ خراسان مین ایک شہر ہی ۔

مرزغان ۔ پازندی زبان مین دوزخ جو مقابل بہشت کے ہی اور انگشتان جسکو ہندی مین انگلیٹھی کہتے ہین ۔

مرزگون ۔ آلت تناسل ۔

مرزن ۔ موش یعنے چوہا ۔

مرجو ۔ امید کیا گیا ۔

مرو ۔ نام ایک شہر کا خراسان مین ۔

مراغہ ۔ پھسلنے کا مقام جہان سے کوئی حیوان پھسل جاے اور نام ایک شہر کا ولایت آذربایجان مین ۔ میر خسرو ۔ معاشران رابے دور بادہ مست کنند + مراغہ کردن خوبان لبسایہ ہاے چنار ۔

مرتبہ ۔ رتبہ درجہ قدر توقیر عزت آبرو ۔ صائب ۔ گل مرتبۂ عارض جانانہ نگیرد + جاے لب ساقی لب پیمانہ نگیرد ۔

مرثیہ ۔ وہ تقریر جو کسی مردہ کے افسوس مین کہیجاے اور تعریف مردہ کی ۔ طاہر غنی ۔ آن شوخ بہ قتل من دلخستہ میان بست + در مرثیہ ام معنی بیگانہ لوان ۔

مردانہ ۔ مردون کی طرح بہادرانہ و دلیرانہ وغیرہ ۔ صائب ۔ صائب رہ کہ قطع نگردد بعمرہا + یک گام پیش ہمت مردانہ من ست ۔

مردہ ۔ مرا ہوا مقابل زندہ کے ۔ ظہوری ۔ امید مردہ زندہ بدشنام میشود + آہ از دعاے من کہ بمرگ اثر شکست ۔

مرہ ۔ بکسر اول خلط صفرا جو زرد رنگ تلخ مزہ ہی انسان کے جسم مین سوا اسکے تین خلطین اور ہین سودا خون بلغم اور بمعنی قوت و توانائی و عقل و ہوش ۔

مرۃ ۔ بفتح اول ایک بار ۔

مرارہ ۔ زہرہ مرا ایک حیوان کا یعنے پتا ۔

مرصوصہ ۔ محکم و استوار کیا گیا ۔

مرتبہ ۔ درست کیا گیا درجہ بدرجہ رکھا گیا ۔

مردہ ۔ بفتحات جمع مارد دلو سرکش اور ستمرد لوگ ۔

مردہ ۔ بفتح میم و سکون راے شجاع و بہادر ۔

مرغولہ - پیچیدہ بال اور مرغون کی آواز اور گانے کی پیچیدہ آواز۔
مروحہ - بادکش یعنے پنکھا۔
مرسلہ - بھیجا گیا اور نام ایک زیور کا جسکو ہند مین ہار کہتے ہین۔
مرضعہ - دایہ دودھ دینے والی۔
مرحلہ - کوچگاہ اور مقام و منزل اور اسباب رکھنے کا مقام و مقدار مسافت چار فرسنگ اور وہ عمارت جو قلعہ کے باہر بناکر دشمن کے ساتھ جنگ کرتے ہین۔
مراقبہ - امید رکھنا نگاہ رکھنا تراشنا گردن جھکانا۔
مرصودہ - وہ کواکب جو بذریعہ رصد کے معلوم کیئے گئے ہین اور وہ ایکہزار پچیس ستارے ثوابت ہین۔
مرافعہ - حاکم کے آگے دعوے پیش کرنا۔
مراتب ستہ - چھہ مقامات ایک احدیت دوم واحدیت تیسرے ارواح چوتھے ملکوت پانچوین عالم اجسام چھٹے عالم کمال الانسانی۔
مراتب چارگانہ - شریعت طریقت حقیقت معرفت
مرانیہ - ایک درخت ہی جسکو مجوس بزرگ جانتے ہین۔
مرجادہ - بدال مہملہ وہ چمڑا جسکو ہوا یا گھانس سے بھر کر اور اسپر سوار ہوکر دریا سے گذرتے ہین۔
مرخشہ - مجلس دنا مبارک اور کلام و گفتگو۔
مرزہ - چراغدان اور چوہا اور رگال لمعار و نکال اور نام ایک نبات کا جو دوا مین کام آتی ہے۔
مرقیہ - شہر حمص کے پاس ایک قلعہ ہے۔
مروریہ - جنگلی کاسنی۔
مردہ - ایک خوشبودار پھول کا نام ہے۔
مرعی - سبز گھانس اور چراگاہ۔
مرکی - اخیر مین الف بصورت یا پالا گیا نہ بیٹ لیا گیا اور وہ میوہ جو قند مین ڈالکر رکھہ چھوڑتے ہین۔
مرتضیٰ - پسندیدہ اور لقب حضرت علی چوتھے خالفین رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم و زوج بی بی فاطمہ علیہا السلام کا ۔ ۔ ۔ بی اخستہ المصطفی بہا حر الولاء الی فاطمہ ۔ المصطفی او المرتضی و ابناہما و الفاطمہ
مرضیٰ - جمع مریض کی بہت سے بیمار۔
مرتقی - بلند کرنے والے اور اوپر چلنے والے۔
مروی - روایت کیا گیا۔
مرطی - اشتر یعنے اونٹ
مردم آبی - دریائی آدمی۔
مرتشی - رشوت کھانے والا۔

مردمی - مروت و رعایت۔
مردی - بہادری پہلوانی - سعدی - نہ در مردی و رانہ در مردمی دو دم در جہان کس شنید آدمی۔
مربی - بہ بائے معروف پرورش کرنے والا۔
مرضی - بہ بائے معروف رضامندی و پسندیدگی۔
مری - جسم کی جو گلے کے اندر راستہ جانے پانی و طعام کا ہے وکو اراد و ہضم
مری - آبکامہ یعنے کانجی جو مصنوعی کھٹا پانی ہوتا ہے۔
مرتضوی - ہر چیز جو منسوب علی علیہ السلام کے ساتھ ہو۔
مراعی - رعایت کرنے والے اور نگہبان اور چراگاہین۔
مردی - بکسر میم و دال مہملہ ملاحون کا بانس جس سے کشتی چلاتے ہین۔
مرائی - ریا کرنے والا خودنما۔
مرطوبی - فربہ بلغمی مزاج۔
مراثی - جمع مرثیہ
مرگی - وبا جسمین بہت لوگ مرتے ہین۔

میم با زائے معجمہ

مزکا مزکی - زکات دیا گیا پاک کیا گیا۔
مزایا - جمع مزیت افزونیان و فضیلتین و عطایات و انعامات۔
مزتیب - زیب دیا گیا یہ لفظ اہل فارس عربی والون کا بنایا ہوا ہے۔
مزاحمت - مزاحم ہونا تنگی کرنا کسی پر۔
مزلت - بکسر زا کے لغزش کھانا پھسلنا۔
مزلت - بفتح زائے پھسلنے کی جگہ
مزخرفات - وہ بہت سے چیزین جو سچ کیطرح آراستہ کیئے گئے ہون جمع مزخرف
مزیت - افزونی و زیادتی جو ترقی علم و دولت مین ہے لفظ بفتح میم و کسر زا و یائے مشددہ
مزنق - بضم میم و فتح رائے روغن کی مالش کی گئی۔
مزجات - تھوڑا اور بے اعتبار۔
مزاولت - ایک چیز کو دوسری چیز کے نزدیک کرنا۔
مزاحفات - وہ نظم کے بحر جنمین زحاف واقع ہوا ہو یعنے ساقط ہوا ایک حرف یا دو حرف کا اصلی رکن سے باہر ہو جانا۔
مزگت - سجدہ گاہ و عبادت گاہ
مزدوج - ہمقرین اور آپسمین ملا ہوا۔
مزاج - آمیزش اور وہ کیفیت اور ... جو چند چیزون کے ملنے سے پیدا ہو مثلاً رنگ سرخ جو کتھا چونا اور برگ تنبول کی آمیزش سے پیدا ہوتا ہے اور وہ کیفیت جو اربعہ ... سے وجود مین

پیدا ہو شفیع اثر ــ بسکہ خونم باے گل رنگ ہی آید بجوش ٭ می‌خورد بر ہم مزاجم گر خورد مینا بہم ۔

مزتج ــ املا مزاج جیسا کہ کتب مار کتاب کا ۔ نظامی ــ تولی گوہر آبا ے چار آخشیج ٭ مسلسل کن گوہران در مزتج ۔

مزج ــ ملانا ملنا چند چیزونکا آپس مین ۔

مزاح ــ اخیر مین حاے حطی و بکسر اول بمعنی خوش طبعی کرنا ۔

مزید ــ زیادتی و افزونی اور زیادتی اور افزونی کیا گیا ۔ سعدی ــ جود و جوح کسیرش کنند ار و قید ٭ دگر بانگ دارد کہ ہل من مزید ۔

مزاد ــ بفتح اول توشہ دان مسافر کا ۔

مزاد ــ بضم اول زیادہ کیا گیا ۔

مزد ــ بضم اول اجرت و مزدوری ۔ صائب ــ مرا توقع احسان نکار فرما نیست ٭ کہ مزد کار مرا ذوق کار می آید ۔

مزعفر ــ زعفرانی رنگ اور ایکقسم کا شیرین پلاو جسکو زردہ بھی کہتے ہین ۔

مزامیر ــ سارنگی طبلہ چنگ وغیرہ جو گانے والون کے ساز ہین ۔

مزدور ــ اجرت پر کام کرنے والا ۔

مزورہ ــ بروزن منورہ نرم کھانا جو بیمار کے لیے پکایا جاے ۔

مزور ــ بکسر واو فریب کرنے والا ۔

مزمار ــ نے جو ایک ساز گانے والون کا ہے ۔

مزیت ــ سختی ۔

مزار ــ زیارت کی جگہ قبر ــ لوح مزار پر یہی مصرع کھد اینگے ٭ مر جاینگے پر دل نہ کسی سے لگا ئینگے ۔

مزہر ــ وہ ساز جسکو عود کہتے ہین ۔

مزر ــ وہ شراب جو گیہون گاورس وغیرہ سے بناتے ہین عربی مین اسکو نبیذ کہتے ہین ۔

مزبور ــ از بر کیا ہوا یاد کیا ہوا لکھا ہوا ۔

مزر ــ بفتح اول و تشدید زاے مکیدن یعنی چوسنا ۔

مز ــ بضم اول میخوش یعنی ترش و شیرین یا مرچیز سکنجبین و نارنج وغیرہ کھٹا میٹھا ۔

مز ــ بکسر اول افزونی و زیادتی ۔

مزرع ــ زراعت یعنی کھیتی ۔ ذوقی ــ براز و حاصل شود در عاقبت ٭ آنچہ اندر مزرع دل کاشتی ۔

مزارع ــ کاشتکار زمیندار ۔

مزالف ــ مجمع و مجلس و مقام انبوہ ۔

مزاحف ــ وہ رکن جو نظم مین غیر سالم ہو یعنی تغیر و قوع مین آیا ہو ۔

مزلف ــ بروزن منور زلف والا اور معشوق نوخط یہ لفظ بنا یا ہوا فارسیون کا ہے ۔ علی خان موجی ــ مزلف چون شود دلبر بدولت میرسد عاشق ٭ خط مشکین او خاصیت بال ہما دارد ۔

مزالق ــ لغزش کے مقامات ۔

مزدک ــ یہ ایک حکیم نیشاپور کا رہنے والا تھا قباد نوشیروان کے باپ کے وقت اسنے دعوے پیغمبری کا کیا اور اپنا نیا مذہب ایجاد کیا اصول اسکے مذہب کے یہ تھے کہ نور اور ظلمت دونون قدیم ہین نور کا فعل قصد اور اختیار سے ہے اور فعل ظلمت کا اختیاری نہین بلکہ اتفاقی ہے آتش پرستی کے ملت کو اسنے زیادہ رونق دی اور عورت کا نکاح ایک ہی مرد سے موقوف کیا اور حکم دیا کہ ہر ایک عورت ہر ایک مرد کے واسطے حلال ہے پابندی کی ضرورت نہین بلکہ ظلم ہے جس پاس دو عورتین ہوتین ایک اس سے کسی مجرد کو دلا دیجاتی مالدار آدمی مجاز نہو تا کہ مال اپنے پاس جمع رکھے اگر ثابت ہوتا تو وہ مال مفلس لوگون کو دلا دیا جاتا تھا کہ سب لوگ برابر آسودہ رہین سواے خزانہ شاہی کے کہ اسکے متعلق اخراجات کثیر ہین کسیکے پاس مال جمع نرہتا اس آزادی کو عام نے پسند کیا ہزار ون لوگ اس کے مذہب مین داخل ہوے قباد بادشاہ بھی اسکا کمال معتقد ہوا قباد کی زندگی تک اسکا مذہب خوب رونق پر رہا مگر نوشیروان اسکے مخالف تھا جب یہ تخت نشین ہوا تو اسنے مزدک کو اسی ہزار آدمی کے ساتھ قتل کر دیا ۔

مزک ــ تاج یا دام کا درخت ۔

مزنگ ــ ناخوشی و زشتی و تخنث و نامرد ۔

مزال ــ لغزش کا مکان پھسلنے کی جگہ ۔

مزیل ــ دور کرنے والا اور آثار اور نشان ۔

مزمل ــ کپڑے مین لپٹا ہوا اور نام ایک سورۃ کا قرآن کی سورتون سے اور فارسی مین ٹوپی دار آفتابہ ۔

مزاحم ــ کسی پر تنگی کرنے والا مزاحمت کرنے والا رنج پہونچانے والا انبوہ کرنے والا ۔

مزدحم ــ ازدحام و انبوہ کرنے والا ۔

مزمن ــ دیرینہ کہنہ پرانا اور لنگ اور ایک جگہ رہنے والا اور وہ شخص جسکے ہاتھ پانون بیکار ہون ۔

مزین ــ بفتح یاے تحتانی زینت دیا گیا آراستہ کیا گیا ۔

مزین ــ بکسر یاے زینت دینے والا اور حلاق یعنی نائی سر مونڈنے والا ۔

مزن ــ بضم اول باران یعنی مینھ اور سفید بادل ۔

مژگان ــ آنکھون کی پلکین ۔ ابوطالب کلیم ــ سراپا یم ز درد آنچنان لبریز شیون شد ٭ کہ از مضراب اشکم تار مژگان در فغان آمد ۔

مزدلفہ ــ نام ایک جگہ کا مکہ معظمہ مین ۔

مزبلہ ــ جس جگہ میلا پڑا ہوا ہو و جاے نجاست و سرگین ۔

مزدوجہ - دو شخص آپسمین ملے ہوے -
مزادہ - توشدان جسمین ضروری چیزین رکھی جائین -
مزلقہ - لغزش دینے والا -
مزلفہ - نزدیک لایا گیا جمع کیا گیا -
مزقّہ - جولاہون کے کپڑے بننے کی نال -
مزہ - لذت جو کھانے سے حاصل ہو -
مژہ - آنکھون کی پلکین جسکی جمع مژگان ہے - والہ ہروی - سطر
مژہ را نگاہ طنازہ وا گفتہ بعشوہ مخفی راز -
مزارہ - چراغدان شمعدان -
مزکّہ - بکسر اول ہوا سے تیرہ و تاریک -
مزیدہ - ایک کھیل کا نام ہے -
مزی - زیادتی و افزونی -
مژدگانی - وہ انعام جو کسی خوشخبری لانے والے کو دیا جاوے - ناظم
گیلانی - بہارے پراثر دارم بشارت باد مستا مرا + بگلشن مژدگانی ما ز ابر و باد آورد

میم با سین مہملہ

مسا - مغرب یعنے شام کا وقت - توحید - سرنگون پشت سران سرزمین
ہر روز و شب + بر درت خم گردن گردن کشان صبح و مسا -
مستثنٰے - اخیر مین الف بصورت یائے تحتانی جدا کیا گیا باہر نکالا گیا خارج کیا گیا
مسیحا - لقب حضرت عیسے علیہ السلام کا - توحید - مسیحا را ز روح خود دم
جان بخش بخشیدی + بموے مرحمت کردی ز نور خود ید بیضا -
مستوفا - تمام پکڑا گیا -
مسمّی - نام رکھا گیا -
مسجد اقصیٰ - بیت المقدس کا نام ہے جو شام کے ملک مین ہے -
مسلوب - سلب کیا گیا -
مستوجب - سزاوار اور لائق - مؤلف - میری تقصیر بخشو یا الٰہی
اگرچہ ہون مین مستوجب سزا کا -
مستطاب - پاک اور طیب اور خوش -
مستحب - دوست رکھا گیا اور وہ فعل جو حضرت رسول صلے اللہ علیہ وسلم نے کبھی کبھی کیا
مستجاب - جواب دیا گیا قبول کیا گیا -
مستجیب - اجابت کرنے والا -
مستصحب - صحبت رکھنے والا -
مسیلمہ کذاب - اس نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت مین
جھوٹا دعوے پیغمبری کا کیا اور حضرت صدیق کے وقت مین قتل ہوا -

مستودعات - امانتین جو کسیکے پاس رکھی جائین -
مسامحت - آسان جاننا اور سہل پکڑنا -
مسألت - بروزن منقبت مانگنا سوال کرنا -
مساہمت - شراکت کرنا سہیم ہونا -
مسالمت - باہم صلح و صفائی کرنا -
مستعلیات - وہ حروف جو زبان کو بوقت بولنے کے فک اعلی کیطرف اٹھالین
اور وہ سات حروف ہین صاد ضاد طائے ظائے غین اور قاف اور خائے
مساہلت - آسان پکڑنا -
مُست - بضم اول غم و فکر و اندوہ -
مَست - بیخبر و بیہوش مقابل ہوشیار کے - ذوقی - بادشاہان ملک مست
واہل دولت مال مست + عابدان در قال مست و عاشقان در حال مست -
مسکرات - جن چیزون کے کھانے سے سکر پیدا ہو بھنگ پوست افیون
مستلذات - مرغوب چیزین جنسے لذت ملے -
مسافت - دوری اور فاصلہ -
مساحت - پیمایش کرنا زمین کا -
مساعدت - یاری دینا مدد دینا -
مسخنات - گرم کرنے والی چیزین -
مسوات - زمینداروں کے ایک اوزار کا نام ہے جو تختہ کی شکل پر ہوتا ہے
اور اُس سے زمین صاف کرتے ہین -
مسمات - مٹی کھودنے کا اوزار -
مسارعت - جلدی و تیزی و شتابی -
مساوست - بکسر واؤ جو حرف چہارم ہے خرید کر رکھ چھوڑنا غلہ کا اس
امید پر کہ جب گرانی ہوگی فروخت کرکے نفع اٹھالینگے -
مساوات - حرف چوتھا واؤ برابری کرنا اور برابر ہونا -
مسکنت - مسکین ہونا درویش ہونا -
مسکت - خاموش کرنے والا -
مسئولات - وہ مقدمات جو واقع مین موجود ہون اور اکثر لوگون کو
اسپر اطلاع نہو -
مستنبطات - باہر نکالی ہوئی چیز اور مقامات باہر نکالنے کے -
مسابقت - سبقت لیجانا -
مسارقت - چوری کرنا -
مسافرت - سفر کرنا -
مستبحث - بکسر حائے حطی اٹھانیوالا -

مستجمع ۔ بفتح حائے حطی اکٹھا کیا گیا۔
مستغاث ۔ فریاد کرنا انصاف چاہنا۔
مستغیث ۔ فریاد کرنے والا۔ توحید ۔ بشنو و باگوش رغبت داستان
مستغیث + واقف حال درون ورازدان مستغیث + ز استغاثہ پیش اہل
عدل کے بند د زبان + گر رود اندر سر انصاف جان مستغیث ۔
مستحدث ۔ بفتح دال نیا پیدا کیا گیا۔
مستحدث ۔ بکسر دال نیا پیدا کرنے والا۔
مستخرج ۔ بکسر رائے باہر نکالنے والا۔
مستخرج ۔ بفتح رائے باہر نکالا گیا۔
مسیح ۔ لقب حضرت عیسے علیہ السلام کا۔ توحید ۔ کند چہ چارہ دل دردمند
عشقت را + کہ خود بدرد محبت مریض مسیح ۔
مسح ۔ ہاتھ ملنا اور جماع کرنا۔
مستاح ۔ پیمائش کرنے والا۔
مستملح ۔ نمکین اور شور۔
مستاج ۔ صلح اور آسانی کرنے والا۔
مستراح ۔ جائے آسایش و مقام راحت و بیت الخلا یعنے پاخانہ اور
بفتح میم و اضافت مست کے شرابی و مخمور۔
مستروح ۔ آسودہ ہونے والا اور راحت حاصل کرنے والا خوشبو لینے والا
مستقبح ۔ زشت اور بدصورت۔
مستملح ۔ چھوڑا گیا ہوا اچھا پایا ہوا۔
مسلح ۔ ہتھیار پہنے ہوئے سلاحدار سپاہی۔
مسخ ۔ اخیر میں خائے معجمہ اچھی صورت سے بدل کر بدصورت ہو جانا آدمی کا
بندر وغیرہ جانور بن جانا۔
مسلخ ۔ جس جگہ پوست اتارا جائے۔
مسلوخ ۔ وہ جانور جسکا پوست اتار لیا گیا ہو۔
مسیخ ۔ بے مزہ و بے لذت۔
مستمند ۔ غمگین اور اندیشناک۔
مستبعد ۔ بکسر عین دوری چاہنے والا۔
مستبعد ۔ بفتح عین دوری چاہا گیا۔
مسد ۔ بفتحتین درخت کا ریشہ اور ریسمان جو درخت خرما کی لیف سے
بنایا گیا ہو یا اونٹ کی پشم سے۔
مستسعد ۔ نیک بختی و سعادت کا طلبگار۔
مستزاد ۔ زیادہ کیا گیا اور وزن ایک قسم کا شعر میں جو ہر مصرع کے

اخیر میں کلمہ زیادہ وزن سے لایا جاتا ہے مثلاً گفتش قدم از پردہ اسرار
برآمد دل برد و روان شد۔
مسترد ۔ واپس دیا گیا۔
مساعد ۔ یاری و امداد دینے والا۔
مستہر ۔ بروزن منور بیدار کیا گیا۔
مسند ۔ بفتح اول بڑا تکیہ و بالش بزرگ ۔ عرفی ۔ نہاد چشم تو مسند
بہ پیشگاہ بہشت + اگر بزیر نگین داشت بوستان نرگس۔
مسند ۔ بضم میم و فتح نون روزگار و زمانہ اور متبنی یعنے پسر خواندہ اور
حرامزادہ اور وہ چیز جسکے ساتھ تکیہ لگا کر بیٹھیں اور پشت پناہ سمجھیں۔
مستبد ۔ تنہا کسی کام کو کرنے والا۔
مستجد ۔ نیا کرنے والا تازہ کرنے والا۔
مستند ۔ سند پکڑا گیا بفتح نون اور بکسر نون سند پکڑنے والا۔
مستعد ۔ کسی کام کرنے کو آمادہ و تیار۔
مستفاد ۔ فائدہ حاصل کیا گیا سعادت پایا گیا۔
مستفاد ۔ فائدہ پکڑا گیا۔
مسترشد ۔ راست روی چاہنے والا۔
مسرد ۔ موچیوں کا اوزار جس سے چمڑے میں سوراخ کرتے ہیں۔
مسجد ۔ سجدہ گاہ نماز پڑھنے کی جگہ۔
مسعود ۔ صاحب سعادت اور نام ایک بادشاہ کا جو سلطان محمود
غزنوی کا بیٹا تھا۔
مستلذ ۔ بضم اول و کسر لام اخیر میں ذال معجمہ لذت لینے والا اور حاصل کرنے والا
مستسخر ۔ تسخیر کیا گیا فرمان بردار کیا گیا۔
مستقر ۔ جائے قرار و آرام گاہ۔
مستور ۔ چھپا ہوا پردہ میں آیا ہوا۔ توحید ۔ شود جمال رخش جلوہ گر
ز پردہ + اگرچہ ہست بظاہر ز دیدہ ہا مستور۔
مستجیر ۔ پناہ ڈھونڈھنے والا۔
مستعار ۔ مانگی ہوئی چیز۔
مستعیر ۔ عاریتاً کوئی چیز لینے والا۔
مسمار ۔ لوہے کی میخ۔
مستشار ۔ مشورت کیا گیا۔
مستجار ۔ جس سے پناہ و امان مانگیں۔
مسیر ۔ مصدر میمی جانا اور سیر کرنا و جائے رفتار۔
مستبشر ۔ خوش ہونے والا۔

مستنکر۔ بُرا اور زبون۔
مستعد۔ آمادہ ہونے والا۔
مستکبر۔ متکبر اور گردن کش۔
مستمر۔ استوار اور روان اور ہمیشہ۔
مستظہر۔ صاحب زور اور پشت پناہ و قوی پشت و بے پروا۔
مسمر۔ جسمین لوہے کی میخین لگی ہوئی ہون۔
مسکر۔ نشہ دینے والی چیزین۔
مستبصر۔ بینا ہونے والا روشندل۔
مستتر۔ بروزن معطر پوشیدہ چھپا ہوا۔
مستنصر۔ نام ایک خلیفہ کا خلفائے عباسی سے۔
مستدیر۔ جو چیز مدور یعنے گول ہو۔
مسفر۔ روشن اور سپید۔
مسحور۔ بھرا ہوا اور مالا مال۔
مستتر۔ چھپنے والا پردہ مین رہنے والا۔
مستشعر۔ دل مین خوف رکھنے والا۔
مستخبر۔ خبر ڈھونڈھنے والا۔
مسطر۔ خط کشی کا آلہ جسکے ذریعہ سے سطرین کتاب کی سیدھی لکھی جاتی ہین اور خط سیدھا آتا ہے۔ طالب کلیم۔ ہر کرا باید نوشتن نسخہ آداب فقر نسخہ تن را ز نقش بوریا مسطر زند۔
مسافر۔ سفر کرنے والا۔
مستاجر۔ اجارہ لینے والا۔
مستارہ۔ نام ایک خوشبودار پھول کا جسکو مروا کہتے ہین۔
مساس۔ مس کرنا چھونا جماع کرنا۔
مس۔ بفتح اول چھونا ملنا جماع کرنا اور فارسی مین مہتر اور بزرگ و طوق و زنجیر جو مجرم کو پہناتے ہین۔
مس۔ تانبا جو ایک مشہور دہات ہے۔ سعدی۔ کسے دید صحرائے محشر بخواب + چو مس تفتہ روے زمین ز آفتاب۔
مستانس۔ انس و الفت پکڑنے والا اور خوگیر۔
مسدس۔ چھ حصہ کیا گیا اور نام ایک قسم کی نظم کا جسکے ہر ایک بند کے چھ مصرع ہوتے ہین۔
متوحش۔ وحشت کی حالت مین۔
مستنبط۔ نکالنے والا باہر لانے والا۔
مسمط۔ موتی پروے ہوے اور نام ایک صنعت شعری کا۔

مسلط۔ کسی کام پر مقرر اور اسپر دستیاب و غالب و زور آور اور بفتح لام وہ شخص جسپر کوئی افسر مقرر ہوا اور مغلوب و کمزور۔
مستیقظ۔ اخیر مین ظائے معجم بیدار اور ہشیار۔
مسبع۔ سات حصہ کیا گیا اور وہ نظم جسکا ہر ایک بند سات مصرع کا ہو۔
مسرع۔ تیز رفتار اور جلدی کرنے والا۔
مستودع۔ بفتح دال امانت کی جگہ۔
مستودع۔ بکسر دال امانت رکھنے والا۔
مسمع۔ گوش یعنے کان۔
مستبدع۔ بدیع اور عجیب۔
مسامع۔ بہت سے کان۔
مستطیع۔ صاحب استطاعت و قدرت۔
متبع۔ پیروی کرنے والا۔
مستطاع۔ فرمان بردار۔
متوسع۔ فراخ اور چوڑا۔
مستجمع۔ جمع کرنے والا۔
مسجع۔ سخن با قافیہ اور نام ایک صنعت شعری کا۔
مساغ۔ اخیر مین غین معجمہ جاری ہونا اور روان ہونا اور آسانی سے اتر جانا لقمہ کا گلے مین
متحیف۔ ظلم کرنے والا زبردستی کرنے والا۔
مستخیف۔ بخائے معجمہ ڈرنے والا۔
مسرف۔ بیجا خرچ کرنے والا فضول خرچ۔ صفدر فوقانی۔ رفضی مسرف نباشد ذات رب العالمین + چون لقرآن ست نازل لایحب المسرفین۔
مستغرق۔ بدل و جان مصروف متوجہ کسی کام مین غرق ہوا ہوا بالکل بھرا ہوا۔
مساق۔ مقام چلانے کا۔
مسبوق۔ آگے بڑھا ہوا۔
مسترق۔ چرایا گیا۔
مستشرق۔ روشن اور چمکتا ہوا۔
مستوثق۔ استواری پکڑنے والا۔
مستحق۔ حقدار جسکا حق ثابت ہو چکا ہو۔ ابو طالب کلیم۔ عطاش مستحق و غیر مستحق نشناخت + بغیر و ابر چہ ویران چہ منزل آباد۔
مسلک۔ راستہ۔
مسالک۔ جمع مسلک بہت سے راستے۔
مستہلک۔ ہلاک ہونے والا۔

مُسَکّک - منھ چنگ جو منھ سے بجایا جاتا ہو نام ایک آہنی ساز کا ہے
مُسْتَمْسِک - پنجہ مارنے والا-
مِسْک - مُشک یعنے کستوری-
مِسواک - وہ لکڑی جس سے دانت صاف کریں - قاسم مشہدی -
بازادی وہان پاک قاسم کے سخن گو بیدہ زچوب سر دتر استی اگر مسواک قاسم را
مُستاصل - جڑ سے اکھاڑا گیا-
مُستاہل - سزاوار و لائق-
مُستذل - ذلیل اور خوار کیا گیا-
مَسایل - بہت سے سوال و ز جمع مسئلہ معنے جیسے سوزن کلان یعنے بڑی سوئی ہے
مُستحیل - محال و ناممکن و مشکل بات و حیلہ گزار-
مُستمال - تسلی و دلاسا دیا گیا-
مُستقل - نہایت مضبوط و استوار-
مُستقبل - زمانہ جو آنے والا ہو-
مُستعجل - شتاب چلنے والا جلدی کرنے والا-
مُسِیل - روان ہونا پانی کا-
مُسجّل - وہ قبالہ جسپر مہرین حکام کی ہون - نظامی - نولیسم خطے
در بنا لیش کری + مسجل بامضائے پیغمبری-
مُستطیل - لمبائی زیادہ اور عرض کم-
مِسحَل - بمعنے جنگلی گورخر جو مشہور جانور ہے-
مَسئُول - سوال کیا گیا مانگا گیا-
مَسلُول - برہنہ یہ لفظ سیف کے ساتھ ملکر سیف مسلول کہا جاتا ہے
نیز وہ شخص جسکو سل کی بیماری ہو-
مُستذل - ذلیل مانگنے والا-
مُستبدل - بکسر دال بدلنے والا اور بفتح دال بدلا گیا-
مُسہل - آسان کرنے والا وہ دوا جو پیٹ کو جاری کرے دست لائے-
مُسلسل - زنجیر کے ساتھ باندھا گیا آپسمین پیوند دیا گیا اور زنجیرہ
منقش کا جو عماری کے چارون طرف لگاتے ہین اور وہ عبارت جسمین
گرفتگی نہو - سید حسین خالص - منزہ نجیر فکر حلقہ ذکرے بر ستم دہ +
مسلسل گوے مدح خولیش کن طبع جوانم را - طغرا - بے علاقہ نشنید
نغمے جبل متین + ہست تا دامن آن بردہ مسلسل گذر-
مُستعیل - وہ چشمہ تصویر-
مُسکّل - منھ چنگ ایک ساز کا نام ہے جو منھ پر رکھکر بجاتے ہین-
مُستنام - سرگشتہ و حیران و بدنام-

مَسمُوم - جسکو زہر دی گئی ہو-
مَسام - باریک سوراخ جو انسان کی جلد مین ہین-
مُستقیم - سیدھا اور راست ہو - حضرت حق بندہ سرگشتہ را +
کرد قایم بر صراط مستقیم-
مُستخدِم - بکسر دال خدمت چاہنے والا-
مُستخدَم - بفتح دال جس سے خدمت مانگین-
مُستدام - ہمیشہ اور ہمیشگی چاہنے والا-
مُستلزم - لازم پکڑنے والا-
مُسلِم - جسنے دین اسلام قبول کیا ہو-
مُستضیٔ - روشنی مانگنے والا-
مُستتمم - تمام اور تمام کرنیکا خواہشمند-
مُستشیر - سو انگھنے والا-
مُسلّم - برقرار رکھا گیا اور سپرد کیا گیا - صائب - تا در الفت برو
آشنائے بستہ ایم + جنت در بستہ را بر خود مسلم کردہ ایم-
مُستحکم - محکوم و مضبوط و استوار-
مُستہان - ذلیل اور خوار اور سبک-
مُستہجن - مکروہ و زشت و عیبدار-
مُستعان - یاری و امداد مانگا گیا-
مُستعین - مدد مانگنے والا-
مُستبین - واضح و روشن و آشکار-
مِسَن - وہ پتھر جسپر تلوار وغیرہ تیز کرین-
مُسِن - سالخوردہ ضعیف بوڑھا آدمی-
مِسکین - ناطاقت جو اپنی جگہ سے ہل نسکے و مفلس و محتاج-
مَسکن - گھر مکان رہنے کی جگہ-
مُسکِن - تسکین دینے والا-
مُسمِن - فربہ بروزن محکم پر گوشت از روے خلقت و بروزن معظم
فربہ کیا گیا اور بکسر میم موٹا کرنے والا-
مُسلمان - مشہور لفظ ہے-
مُستحسن - نیک گنا گیا پسند کیا گیا اور بکسر سین نیک جاننے والا-
مسئلہ - درخواست کرنا اور پوچھنا-
مُستحاضہ - وہ عورت جسکو ایام حیض سے زیادہ خون آئے-
مسرجہ - چراغدان-
مُستمرہ - دائمی جو بات ہمیشہ سے ہوتی آئی ہو

مسیحہ - ایک جانور ہی جسکو ممولا کہتے ہین -
مستطاعہ - قدرت وطاقت رکھا گیا -
مسائرہ - برابری پکڑنا -
مسودہ - وہ تحریر جو بطور سرسری لکھی گئی ہو -
مستانفہ - جدا وعلیحدہ آغاز کرنے والا نئے سر سے لینے والا -
مسبحہ - شہادت انگلی جسکو سبابہ بھی کہتے ہین -
مستکرہ - زشت وزبون وناخوش -
مستانہ - مستون کیطرح اور جسکے حرکات وسکنات مستون کیطرح ہون - مرزا جلال اسیر - گر چمن مشرق آن جلوہ مستانہ شود + غنچہ در خواب پری بیند ودیوانہ شود -
مسخرہ - ہنسی کرنے والا اور بھانڈ جو ایک قوم ہند مین ہی -
مستہ - جور وستم وغم واندوہ اور نام ایک دوا کا ہی جسکو عربی مین سیج کہتے ہین -
مستخی - سست اور ناطاعت -
مستقصی - کسی چیز کے نہایت کو پہونچنے والا -
مستولی - کسی پر غالب ہونے والا -
مسی - بضم اول وکسر ثانی بدکردار بدافعال -
مسحی - چمڑہ کا موزہ جسپر مسح جائز ہی -
مستضی - روشنی پکڑنے والا -
مستوخی - سر دفتر محاسب کا مال -
مستلقی - پشت پر سونے والا -
مستسقی - جسکو استسقا کی بیماری ہو -
مستدعی - درخواست کرنے والا -
مستوی - برابر وہموار -
مساوی - برابر اور جمع مسیئہ بدیان اور گناہ -
مستکفی - کفایت چاہنے والا -
مستغاثی - فریادی اور داد خواہ -
مسلی - بکسر میم وکسر لام مشدد نام ایک بیماری کا جس سے بیمار جانتا ہی کہ میرے جسم مین کوئی سوئیان چبھوتا ہی -
مساعی - بہت سی کوششین -
مسترضی - خوشنودی ورضامندی چاہنے والا -
مستی - مشہور لفظ ہی جو شراب وغیرہ اشیا نشی کے کھانے سے حاصل ہوتی ہی مقابل ہشیاری کے سوا اسکے دولت کی مستی جوانی کی مستی وغیرہ - میر خسرو - چو شیران شکار انداز مستی + چو خوک وسگ مکن شہوت پرستی

مستعفی - معافی چاہنے والا بخشش مانگنے والا -
مسی - بکسر اول وہ چیز جو دانتون کو ملتے ہین - نعیمای قمی - مسی بمال بدندان کہ از دل من ودیدہ + تبسم تو کند کار چشم سرمہ کشیدہ -

میم با شین

مشتہا - آرزو وخواہش ومقصد -
مشکلکشا - مددگار سختی کے وقت کام آنے والا - صائب - شادم نغنچہ دل مشکلکشاے خویش + کز منت نسیم صبا کرد فارغم -
مشمشا - ایک قسم کے زرد آلو کا نام ہی -
مشتہا - بازندی زبان مین وہ روغن جو بکری کے دودھ سے نکلے -
مشرب - بفتح اول پانی یا شراب پینے کی جگہ مذہب ودین وطریق وآئین سے - طریقت را امام ومعرفت را پیشوا ہستی + تولی ساقی مشرب ہے وہ ملت -
مشرب - بکسر اول پیالا اور کوزہ -
مشوب - بروزن مفعول ملا ہوا اور مخلوط -
مشارب - پینے کے مقام -
مشبیب - بر ہم ودرہم ہونا آشفتہ ہونا -
مشاورت - مشورت کرنا اصلاح وتجویز کرنا -
مشایعت - یاری کرنا پیروی کرنا چند قدم رخصت کے لیے کسیکے ساتھ چلنا -
مشکلات - مشکل باتین -
مشتہیات - خواہش کی چیزین -
مشکات - وہ فراخ طاق جسمین چراغ اور قندیل روشن کرتے ہین صحیح لفظ مشکوۃ واو اور تاے مدور کے ساتھ ہی -
مشرقات - روشن چیزین اور آسمانی ستارے -
مشتوت - بہردو تاے فوقانی سوت جو کپڑے بننے کے لیے تیار کیا جاے -
مشمومات - خوشبویان -
مشتت - پریشان وپراگندہ -
مشیت - تقدیر وخواہش ایزدی -
مشت - مشہور لفظ ہی مٹھی جسکو ہندی مین کہتے ہین - ملا عبد اللہ ہاتفی - نہادند بر فرق ہم مشت را + شکستند در مشت انگشت را -
مشاتمت - ایک دوسرے کو گالیان دینا -
مشاکلت - ہم شکل ہونا مانند ہونا -
مشقت - محنت رنج تکلیف - سعدی - مشقت نیرزد جہان داشتن + گرفتن بشمشیر وبگذاشتن -

مُشَنَّج - بضم اول ایک قسم کا غلہ ہی جسکو ہندی مین کراؤ کہتے ہین۔
مِشَنَّج - بکسر اول وہ بڑی مکھی جسکی دم مین کرم بھرے ہوے ہوتے ہین جس
زخم پر وہ بیٹھتی ہی کرم ہگ جاتی ہی تو زخم مین کرم پڑ جاتے ہین۔
مَشَائخ - جمع شیخ پیران دین طریقت کے رہنما بعض کے نزدیک شیخ کی جمع مشیخہ
ہی اور مشیخہ کی جمع مشائخ پس یہ لفظ جمع الجمع ہوا۔
مَشْہَد - حاضر ہونے کی جگہ اور شہادت پانے کی جگہ اور نام ایک شہر کا ہی
ایران مین جس جگہ مزار پر انوار حضرت امام علی رضا علیہ السلام کا ہی اس لحاظ سے
اسکو مشہد مقدس کہتے ہین۔ حکیم زلالی۔ مشہد پروانہ ہا تربت دیوانہ ہا
گرد شبستان او خاک بیابان او۔
مَشِید مُشَیَّد - گچ کیا گیا محکم بنایا گیا گچ سے بنایا گیا بلند کیا گیا۔ کمال اسمٰعیل
سایہ بان تو ظل عرش مجید + بارگاہ تو اوج قصر مشید۔
مشک بید - ایک قسم بید کا ہی جسکا پھول نہایت خوشبو ہوتا ہی اور اسکا
عرق کھینچکر دوا مین استعمال کیا جاتا ہی اور ہر ایک لکڑی جو سیاہ رنگ ہو نظامی
دبیران نگر تا بروز سپید + قلم چون تراشند از مشک بید + نہان مرا آشکارا
برند + مر گنجہ نگر تا بخارا برند۔
مِشْتَرَہ - بروزن ... ترکھانون کا جس سے لکڑی صفا کرتے ہین۔
مُشَاہِد - آنکھ سے دیکھنے والا۔
مَشْہُود - ظاہر اور برملا اور جو چیز آنکھ سے نظر آگئی ہو۔
مُشْعِر - بضم اول خبر دینے والا۔
مَشْعَر - بفتح اول و فتح ثالث قربانی کی جگہ اور حاجیون کی مونڈ تراشی کی جگہ
اور عبادت کی جگہ۔
مَشَاعِر - مقامات قربانی و عبادت کی جگہ
مُشَشْدَر - بروزن مکلل متحیر و حیرت ناک یہ لفظ تراشا فارسی خوانون
عربی دان کا ہی۔ کمال اسمٰعیل۔ بدان خدا اسے کہ ہمچو ز سپہر رقعہ مہرہ
را بست ششدر ز نقش ہفت و چہار۔
مُشَجَّر - بروزن منور وہ کپڑا جسپر درختون کے نقش لکھے ہون۔
مَشْکُور - پسندیدہ و ستودہ۔
مُشَار - اشارت کرنے والا۔
مَشَاہِیر - مشہور لوگ بزرگ و نامور۔
مَشْہُور - صاحب شہرت و مصاحب۔
مُشْتَہَر - بفتح ہاے ہوز شہرت دیا گیا۔
مُشَہَّر - بروزن منور شہرت دیا گیا۔
مُشَمِّر - کمر باندھنے والا واسطے دوڑنے کے۔

مُشَمَّر - بفتح دوسری میم کے اسپ تیز رفتار۔
مُشَوِّش - بکسر واؤ پریشان کرنے والا۔
مُشَوَّش - بفتح واؤ پریشان کیا گیا۔
مِشْمِش - زرد آلو و خوبانی جو مشہور میوہ ہی
مَشَاش - وہ شہد جسکو قوام دیکر خشک ٹکیا بنا رکھتے ہین۔
مُشَخَّص - تشخیص کیا گیا تجویز کیا گیا۔
مُشْط - بضم اول و کسر اول شانہ یعنے کنگھی۔
مُشَاع - آشکارا اور ظاہر اور غیر منقسم
مَشَارِع - راستے جنپر چلتے ہین۔
مُشَبَّع - بفتح باے موحدہ سیر کیا گیا اور اسقدر کھینچ کر پڑھا گیا کہ فتحہ سے
الف اور کسرہ سے یاے اور ضمہ سے واو پیدا ہو۔
مُشَعْشَع مُشَعْشَعہ - وہ شراب جسمین پانی ملایا جاے۔
مُشَاع - ظاہر کیا گیا۔
مُشَنَّع - ملامت کیا گیا برا اور زبون۔
مُشْرِف - بلند رتبہ اور منشیون کا افسر۔ سعدی۔ چو مشرف دو دست
از امانت بداشت + بباید برا و ناظرے گماشت + ورا او نیز او ساخت
با ناظرش + ز مشرف عمل برکن و ناظرش۔
مُشْرِف - مقام شرف جگہ جو اونچی ہو۔
مُشَرَّف - بزرگی دیا گیا۔
مَشْعُوف - بعین مہملہ شیفتہ اور عاشق۔
مَشْغُوف - بغین معجمہ چھپی بات دل کی بات۔
مَشَّاق - مشق کرنے والا۔
مَشَاق - جمع مشقت کی بہت سی محنتین۔
مُشْفِق - شفقت کرنے والا اور مہربان۔
مُشْتَق - ایک لفظ دوسری لفظ سے نکلا ہوا۔
مُشَوِّق - بکسر واؤ شوق مین لانے والا۔ بفتح واؤ شوق مین لایا گیا۔
مُشْتَاق - صاحب شوق و آرزومند۔ توحید۔ ببام چرخ بیک
ساعت از زمین برسد + ببال شوق پرد از زمین اگر مشتاق۔
مُشْتَلُق - شکرانہ اور انعام جو کسیکو کسی امر مین دیا جاے یہ لفظ ترکی کا ہی
سالک یزدی۔ آمد آن آرام جانہا بیقراران مشتلق + مژدہ یا لوس دار خاکساران مشتلق
مَشْرِق - جاے طلوع و جاے ظہور۔ صائب۔ ز اشک گرم آہ صبحگاہان
خاکسار ستم رس + کہ بود مشرق طوفان تنور بیوہ زنی۔
مَشْق - بار بار کرنا اور مداومت کرنا کسی کام کا اسکی درستی کے لیے۔

مشبک۔ ہر چیز سوراخدار۔
مشک۔ بضم اول کستوری جو مشہور چیز ہی۔ لفظ بکسر اول بھی صحیح ہی۔
سعدی اگر ابلہی مشک را گندہ گفت + تو مجموع مشو کو پراگندہ گفت۔
مشک۔ وہ مشک جسمین سقا پانی بھر کر لاتا ہی اور پانی مین پیرنے والے
اسمین ہوا بھر کر اور منھہ بند کر کر پیرتے ہین۔ جمال الدین سلمان۔ ہمیرنم
ہر شب بمشک دیدہ آب کوے دوست + آب مشک ہیچ سقا برنتابد پش این زمان
ابو طالب کلیم۔ بہ بحر ہمت او چرخ مشک پر بادی ست + کہ بھر مشق شنا
بستہ بر میان قضاست۔
مشنگ۔ بروزن تفنگ نام ایک قسم کے غلہ کا اور چور اور راہزن۔
مشترک۔ وہ چیز جو دو شخصون کی ملکیت مین ہوا ور نام ایک حس کا جو
حواس ظاہری و باطنی مین مشترک ہی۔
مشتاسنگ۔ وہ پتھر جو فلاخن مین رکھکر چلاتے ہین۔
مشتنک۔ مفلس و پریشان حال و زرد و رہزن۔
مشتک۔ ایک دوا کا نام ہی جسکو عربی مین سعد کہتے ہین اور ہندی مین موتھہ
مشکنک۔ ایک پرندہ کا نام ہی جو پانی کے کنارے رہتا ہی کنک سے چھوٹا ہوتا ہی
اور سفاک جو پانی کے بہاؤ سے زمین مین پڑجاتا ہی
مشارک۔ شریک ہونے والا۔
مشکوک۔ شک کیا گیا۔
متشاکل۔ ہمشکل ہونے والا اور ایک بحر کا نام ہی عروض کے انیس بحور سے۔
مشتمل۔ شامل ہونے والا گرداگرد ہونے والا محیط ہونے والا۔
مشتعل۔ بکسر عین مہملہ آگ جلتی ہوئی۔
مشتغل۔ بکسر غین معجمہ مشغول ہونے والا۔ سعدی۔ ز سوداے جانان
بجان مشتغل + بذکر حبیب از جہان مشتغل۔
مشغول۔ ایک شغل مین لگا ہوا۔
مشتالی۔ ملائی کرنا بدن کو ملنا چپی کرنا اور نام ایک فن کا فنون کشتی مین
و فریب و مکر و حیلہ اور خوش کرنا کسیکو جو غضب و غصہ کی حالت مین ہو
اشرف۔ سالکان آنکہ کوب حوادث نشوند + ماندگان راہ را مشتالی چارہ نیست
مشعل۔ مشہور چیز ہی جسکو جلا کر روشنی کرتے ہین یہ ایک لکڑی ہوتی ہی جسکو
لتے باندھکر اور تیل سے بھگو کر جلاتے ہین۔ جمال الدین سلمان۔ بر رخ صبح
بخشد ہر دو راہ دگر + گر نشے بر نگندر اے منیرت مشعل
مشکل۔ دشوار اور ناممکن امر کٹھن بات۔ سعدی۔ کسے مشکلے برد پیش علی
مگر مشکلش را کند منجلی
مشمول۔ شامل کیا گیا احاطہ کیا گیا۔

مشاعل۔ بہت سی مشعلین۔
مشاغل۔ بہت سے شغل۔
مشلول۔ جو شل ہو گیا ہو یعنے بدن اسکا بے حس و حرکت ہو گیا ہو۔
مشام۔ دماغ و مقدم دماغ جسمین قوت بویدگی یعنے سونگھنے کی قدرت
رکھی ہی۔ سعدی۔ نیاساید مشام از طبلۂ عود + بر آتش نہ کہ چون عنبر ببوید
مشام۔ سونگھنے والا اور قوت شامہ۔
مشعر الحرام۔ مکہ معظمہ مین قربان گاہ کا نام ہی۔
مشئوم۔ بروزن مقسوم منحوس و بخیل
مشموم۔ سونگھی ہوئی چیز اور خوشبو۔
مشائین۔ راست رفتار اور نام ایک گروہ حکما کا کہ راست روی اپنی
بدلائل ثابت کرتے ہین۔
مشحون۔ پر کیا گیا بھرا گیا۔
مشت زن۔ پہلوان کشتی گیر۔ سعدی۔ یکے مشت زن بخت روزی نداشت
نہ اسباب شامش مہیا نہ چاشت۔
مشاطہ۔ مشاطہ۔ بتشدید و تخفیف شین شانہ کش عورت جو عروس کو آراستہ
کرتی ہی۔ طغرا۔ مشاطہ زد بگرہ زار طرہ ات ناخن + عجب کہ عقدۂ دل و اشود بآسانی
مشاہرہ۔ ماہواری مقررہ تنخواہ۔ نور الدین ظہوری۔ قباد قدر منوچہر
چہر دارائی + کز و مشاہرہ بہمنی خورد بہمن۔
مشتہ۔ وہ اوزار جس سے حلاج و سراج و صحاف وغیرہ کام کرتے ہین۔
طاہر وحید۔ سراج کی تعریف مین۔ بکف مشتہ آن گل بے خزان + زدہ غنچہ
راستہا بر زبان۔
مشغلہ۔ مجلس گفتگو و ہنگامہ و شور و غوغا۔ میر معزی۔ گوئی کہ چہ فرصت
مر اعاشق چون تو + طعنہ مزن اے ترک و مزن مشغلہ چندین۔
مشاہدہ۔ دیکھنا اور روبرو حاضر ہونا۔
مشورہ۔ آپس مین کسی بات پر تجویز و اصلاح و گنگاش کرنا بلفظ بفتح
میم و ضم شین و سکون واو صحیح ہی اور بسکون شین جو مشہور ہی غلط ہی۔
مشترفہ۔ نامہ و پیام جو اعلے کیطرف سے ادنے کیطرف ہو۔
مشرعہ۔ پانی پینے کی جگہ۔
مشافہہ۔ روبرو ہونا اور روبرو بولنا۔
مشربہ۔ پانی پینے کا برتن۔
مشاعرہ۔ باہم بیٹھکر شعر پڑھنا۔
مشعرہ۔ جگہ شعر پڑھنے کی۔
مشیمہ۔ وہ رقیق پردہ جو بچہ کے اوپر ولادت کے وقت ہوتا ہی اور نام جھلی

پردہ کا آنکھ کے ساتون پردون سے۔
مشارٌ الیہ۔ جسکی طرف اشارہ کیا جاوے۔
مشعلہ۔ مشعل جو جلائی جاتی ہی۔
مشغنہ۔ ایک قسم کے حلوے کا نام ہی۔
مشقولیہ۔ وامق کی عورت کا نام ہی جو عذرا کا عاشق تھا۔
مشکویہ۔ بت خانہ اور بادشاہی حرم سرا اور نام ایک نوا کا ہی موسیقی سے۔
مشتری۔ خریدار اور نام ایک ستارہ کا جو چھٹے آسمان پر ہی اور اہل نجوم اسکو سعد اکبر و قاضی فلک کہتے ہین فارسی مین اسکا برجیس نام ہی اور ہندی مین برسپت گھر اسکا قوس و حوت اور شرف اسکا سرطان ہین۔
مشکوی۔ بادشاہی گھر اور بت خانہ۔
مشقی۔ وہ تختہ یا کاغذ جس پر کاتب مشق کرے۔ محمد سعید اشرف۔ چون این آیکہ شوید طفل دروے مشقی خود را + ہزاران حرف در ہر قطرہ اشکے نہان دارم۔
مشکوفی۔ ایک قسم کے حلوے کا نام ہی۔
مشکی۔ ہر چیز جو سیاہ ہو اور نام ایک قبیلہ کا جو اصفہان مین رہتا ہی اور مسکن انکا مشکیون کا کوچہ مشہور ہی۔ محمد سعید اشرف۔ ہمہ با آبرو بازو زیستے + عوام مشک و سادات حسینی۔
مشوی۔ بریان یعنے بھونا ہوا۔
مشیی۔ نرمی سے چلنا۔
مشتہی۔ خواہش کرنے والا اور آرزومند۔
مشتہی۔ اسم فاعل متعدی بدو مفعول اشتہا پیدا کرنے والا۔
مشعلچی۔ مشعل والا مشعل روشن کرنا جسکا کام ہو۔

میم با صاد مہملہ

مصلا۔ جاے نماز اور نام میدان عیدگاہ شیراز کا جو نہایت سر سبز مقام ہی شعر۔ اگر ساقی اجازت بخشدت با بادۂ رنگین + بشو وقت نماز عشق محراب مصلا را۔
مصفا۔ پاک اور صاف بے کدورت۔ توحید۔ تو گردستی دل صافی دلا نرا + چو آئینہ مجلا و مصفا۔
مصطفےٰ۔ برگزیدہ اور صاف کیا گیا اخلاق ذمیمہ سے اور خطاب حضرت سرور کائنات احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم۔ نعتیہ از مولف۔ کرد حق از عرش بالاتر مقام مصطفیٰ + سکہ اندر دین و دنیا زد بنام مصطفےٰ۔
مصاب۔ مصیبت زدہ اور رنج رسیدہ۔
مصائب۔ مصیبتین سختیان رنج تکلیفین۔
مصب۔ پانی وغیرہ گرنے کی جگہ۔
مصاعب۔ دشواریان اور دشوار مقامات۔

مصیب۔ صواب پانے والا اور اچھی طرح پہونچنے والا کسی کام کی حقیقت کو۔
مصحوب۔ ساتھ کیا گیا۔
مصلوب۔ سولی پر چڑھایا گیا۔
مصافات۔ دوستی و اخلاص۔
مصابرت۔ صبر کرنا ٹھہرے رہنا۔
مصفات۔ وہ آلہ جس سے کوئی چیز صاف کرین۔
مصمت۔ بھرا ہوا اور پر ہوا ہوا اور وہ زخم جو اندر سے بھر آئے اور ایک رنگ کا گھوڑا۔
مصمت۔ بروزن مخمس خاموش کیا گیا۔
مصارعت۔ کشتی کرنا دو پہلوانون کا۔
مصلحت۔ نیک کام کرنا اور نیکی سوچنا۔ سعدی۔ پشت دوتاے فلک راست شد از خرمی + تا چو تو فرزند زاد مادر ایام را + حکمت محض ست گر لطف جہان آفرین + خاص کند بندہ مصلحت عام را۔
مصاہرت۔ داماد بنانا یا خسر بنانا۔
مصادمت۔ صدمہ پہونچانا۔
مصابرت۔ صبر کرنا۔
مصاحبت۔ صحبت کرنا۔
مصادقت۔ راستی پر آنا سچ بولنا۔
مصیبت۔ دکھ تکلیف حادثہ۔
مصلح۔ اصلاح دینے والا نکولی پر لانے والا۔
مصالح۔ جمع مصلحت اور ساز اور سامان ہر چیز کا چنانچہ عمارت کا مصالح سعدی۔ پس آنراز بہر مصالح شکست + کہ سلطان ظالم نگیرد بدست۔
مصباح۔ چراغ جس سے روشنی حاصل ہو اور پیالہ شراب کا جو علی الصباح پیا جاے۔ توحید۔ بر معاملہ کان مصلح جہان خواہد + براے مصلحت بندگان کند اصلاح + بشرق و غرب جہان کرد مہر و مہ روشن + برآرد روز یکے بہر شب دگر مصباح۔
مصابیح۔ جمع مصباح کی بہت سے چراغ اور نام ایک کتاب کا حدیث کے علم مین۔
مصحح۔ تصحیح کرنے والا صحت دینے والا۔
مصاعد۔ بلند مکانات۔
مصعد۔ بفتح اول بلند چڑھنے کی جگہ۔
مصعِّد۔ بضم اول و فتح صاد و تشدید عین مکسور اوپر کو جانے والا۔
مصاید۔ جمع صید خلاف قیاس چنانچہ محاسن جمع حسن۔
مصدر۔ جگہ صادر ہونے نکلنے کا مقام اور وہ کلمہ جس سے فعال و صفات اشتقاق کرین۔
مصدَّر۔ مقام رکھا گیا ابتدا مین لایا گیا۔

منبعث - برانگیختہ ہونے والا۔
منطقۃ البروج - بڑا دائرہ آسمانی جسمین بارہ برج واقع ہین۔
منسوج - بنا ہوا کپڑا۔

منتج - نتیجہ دینے والا۔
مندرج - درج کیا گیا۔
مندمج - داخل ہونے والا۔
منہج - کھلا ہوا راستہ۔
مناہج - کھلے ہوے راستے۔
منہاج - راہ راست وکشادہ۔
منسج - بنا ہوا کپڑا وغیرہ۔
منج - بڑی سبز مکھی جو کرم لگتی ہی۔
منضج - بضاد معجمہ پکانے والا پختہ کرنے والا۔ اور وہ دوا جو مادہ مفسد کو قابل اخراج کرے۔
منبج - معرب منبہ نام ایک شہر کا ہی شام مین۔
منفرج - خوش وکشادہ اور سوراخ دار۔
منقح - بضم اول وتشدید قاف مفتوح وحاے حطی پاک کیا گیا۔
منسرح - آسانی وروانی کیا گیا اور نام ایک بحر کا بحور نظم سے۔
منشرح - کھلا ہوا ظاہر ہوا ہوا۔
منفخ - بکسر میم وفتح فاے لوہارون کی کھالین جس سے آگ سلگاتے ہین۔
منفخ - بضم میم وتشدید فاے مکسور وہ چیز جسکے کھانے سے پیٹ مین ہوا پیدا ہو
منسوخ - بیکار ونابود کیا گیا۔
منتسخ - بکسر سین نسخہ لینے والا اور نسخہ پڑھنے والا اور بفتح سین نسخہ لیا گیا۔ اور رد کیا گیا
مناخ - خوابگاہ ومقام آسودگی۔
منفسخ - فاسد وتباہ۔
منخ - وہ پتھر جو فلاخن مین رکھکر چلائین۔
منقاد - مطیع وفرمانبردار۔
منعقد - بندھا ہوا۔
منسد - بند ہونے والا۔
من یزید - وہ جنس جسکا کھلا بیعانہ ہو جو خریدار قیمت زیادہ دیوے وہ لیجاوے
منشد - شعر پڑھنے والا۔
منتضد - برگزیدہ اور چیدہ۔
منجمد - جما ہوا پانی یا روغن وغیرہ۔
منتقد - نقد لینے والا۔
منفرد - اکیلا اور تنہا۔
منہد - پردہ پھاڑنے والا اور راز ظاہر کرنے والا۔
مند - صاحب وخداوند چنانچہ ارجمند وتنومند وحاجت مند ودردمند وغیرہ۔

منفذ۔ راستہ جو جاری ہو۔
منافذ۔ بہت سے راستے۔
منقار۔ مرغون کی چونچ جس سے دانہ کھاتے ہین۔ توحید۔ چو آن واحد شد از نشرت منودار + بر شایق نمود از پردہ دیدار + گہے معشوق گشت و گاہ عاشق گہے گردید بیدل گاہ دلدار + گہ از گل کرد ظاہر حسن و رنگین + گہ از سبزہ ہویدا شد گہ از خار + گہے در وصف گل بکشاد در باغ + بشکل عندلیب زار منقار۔
منشار۔ آرہ جس سے لکڑی چیرتے ہین۔
منذر۔ ڈرانے والا اور نام رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم اور بفتح ذال ڈرایا گیا۔
منظر۔ مقام نظر آنکھ اور چہرہ انسان کا اور دریچہ جو گھر کی دیوار مین ہو طھو کی زمین آسمان منظر از منظرش + در فتح بر ملک باز از درش۔
مناظر۔ جمع منظر بہت سی صورتین اور دریچے اور آنکھین۔
منخر۔ بکسر میم و فتح خاے سوراخ بینی۔
منکر۔ بضم اول و فتح کاف بد و قبیح و ناشایستہ و نامشروع اور نام ایک فرشتہ کا دو فرشتون سے جو قبر مین سوال کے واسطے آتے ہین۔
منکر۔ بکسر کاف انکار کرنے والا۔
منجر۔ کھینچا جانے والا۔ ظہوری۔ منجر بکفر تا نشود اعتقاد شان + شان سر خواص تکو مید یا عوام۔
منار۔ چراغدان اور بلند جگہ جہان چراغ جلائین اور روشنی کے ستون اور مسجد ون کے بلند منار جسپر چڑھکر اب اذان کہتے ہین پہلے انپر شاید روشنی کیجاتی ہوگی اسواسطے انکو منار کہا جاتا ہی۔
منبر۔ جسپر مسجد مین امام کھڑا ہوکر خطبہ پڑھتا ہی اور واعظ بیٹھکر وعظ کہتا ہی۔ میر خسرو۔ جز قدا واز زبالش ہیچ حرفے سر نزد + گوئیا از چوب سروی بود واعظ منبرت۔
منیر۔ روشن چمکتا ہوا چمک دار۔ توحید۔ جو ز حسن طلعتش پر تو فگن روشن از نور رخش ماہ منیر۔
منظور۔ نظر کیا گیا دیکھا گیا۔ صائب۔ ازان لبہاے نو خط میتوان دل برگرفت اما + دل مجروح را حق نمک منظور میدارد۔
منشور۔ پراگندہ ہوا ہوا مشہور ہوا ہوا اور فرمان بادشاہی جو لطف و عنایت کے مضمون مین ہو۔ سعدی۔ گر آنست منشور فرمان اوست + ور اینست توقیع فرمان اوست۔
مناشیر۔ بہت سے بادشاہی فرمان۔
منتشر۔ پراگندہ و پریشان۔
منابر۔ منبر کی جمع ہی جسپر کھڑے ہوکر خطیب خطبہ پڑھتا ہی سعدی۔

اول اردی بہشت ماہ جلالی + بلبل گوئندہ بر منابر قضبان۔
منذبور۔ چوتھا حرف باے موحدہ دیوانہ و پریشان حال کثرت حرکت اور رفتار سے
منوچہر۔ نام پسر ایرج پسر فریدون کے پوتے کا بہشت کے چہرے والا۔
مناصر۔ یاری دینا۔ مدد دینا۔
منکدر۔ تیرہ و غبار آلودہ۔
منکسر۔ توڑنے والا۔
منصور۔ فتح دیا گیا اور حسین حلاج کے باپ کا نام جو ولی کامل تھا اور مغلوب الحال ہوکر کلمہ انا الحق زبان پر لایا اور علما نے اسکو صلیب پر چڑھایا لوگ اسکو منصور کہتے ہین جو مصلوب ہوا حال آنکہ اسکا نام حسین بن منصور تھا۔
منثور۔ بہ ثاے مثلثہ وہ موتی جسمین سوراخ نکیا گیا ہوا اور متفرق اور پراگندہ اور وہ کلام جو منظوم نہو۔
مناخر۔ دونون سوراخ ناک کے۔ سعدی۔ لیس انگہ دہن شوے و بینی بہ آب مناخر بانگشت کوچک بخار۔
مناخیر۔ چوبی بینی دروازے کے تختون کی جسپر وقت بند کرنے دروازہ کے ایک تختہ قائم ہوجاتا ہی اور دوسرا اسکے نیچے رہتا ہی۔
منحدر۔ بہ حاے حطی اوپر سے نیچے اترنے والا۔
منفطر۔ پھٹ جانے والا۔
منقر۔ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔
منغر۔ بڑا پیالہ شراب پینے کا۔
منکور۔ نام ایک پہاڑ کا دشت قبچاق مین اور اسمین ایک چشمہ ہی کہ بہت تھوڑا پانی اسمین رہتا ہی مگر جسقدر نکالتے جاؤ کم نہین ہوتا۔
منوہر۔ دلفریب و خوبصورت آدمی یہ لفظ ہندی ہی۔
منور۔ روشن اور چمکتا ہوا۔
منتہز۔ فرصت پانے والا غنیمت گننے والا۔
منغمس۔ غرق ہوا ہوا۔ ڈوبا ہوا۔
مندرس۔ پرانا اور فرسودہ اور پرانا کپڑا۔
منکوس۔ سرنگون و نگونسار۔
منطمس۔ نیست اور محو ہونے والا۔
منگلوس۔ نام ایک شہر کا ہند مین جسکی نواح مین ہاتھی بہت ہوتے ہین۔
منش۔ خوے اور سرشت۔ کمال اسمٰعیل۔ اے زرایت ملک و دین در نازش و در پرورش + اے شہنشاہ فریدون فر و اسکندر منش۔
منفاش۔ بہ فاے موحدہ موچنہ جس سے بال اکھاڑتے ہین۔ سعید اشرف۔ گر منافق صفتے موے و جاغت گردد + بہر نقش و زبانی ست بہ از صد منقاش

منفوش ۔ بفائے موحدہ روئی اور ابریشم جو دھنی جاے۔
منجوش ۔ مبدل منجوق ماہچہ علم وہ چاند کی شکل جو علم پر بناتے ہین۔
منقش ۔ نقش کیا گیا۔
منقوش ۔ نقش کیا گیا۔
مندلیش ۔ نام ایک قلعہ کا خراسان مین۔
مناص ۔ بھاگنا ۔ باز پس ہونا ۔ اپنے آپ کو بچانا اور بھاگنے کی جگہ۔
منصوص ۔ وہ امر جو قرآن اور حدیث سے ثابت ہو۔
منغص ۔ تیرہ و غبار آلودہ و ناخوش ۔ سعدی ۔ منغص بود عیش آن تندرست ٭ کہ باشد بہ پہلوے بیمار سست۔
منغمص ۔ ڈوبا ہوا پانی مین بیٹھا ہوا پانی مین۔
منقوص ۔ ناقص کیا گیا۔
منقرض ۔ مقراض کیا گیا ۔ کتر گیا ۔ ٹکڑے کیا گیا۔
منخفض ۔ نشیب مین جھکا ہوا پست ہونے والا۔
منقبض ۔ بندھا ہوا قبض مین آیا ہوا۔
مناقض ۔ ایک دوسرے کے مخالف۔
منوط ۔ کسی چیز کے ساتھ وابستہ اور متعلق اور آویختہ۔
منخرط ۔ اطراف تراشکر صفا کیا گیا آراستہ اور درست ہونے والا اور کسی چیز مین داخل ہونے والا۔
منبسط ۔ کشادہ ہونے والا کھچ جانے والا ۔ خوش و خورم ہونے والا۔
منیع ۔ منع کرنے والا محکم و استوار جسمین کسیکی دخلت نہو۔
مناع ۔ منع کرنے والا باز رکھنے والا ۔ سعدی ۔ چو مناع خیر این حکایت بگفت ٭ ز غیرت نیوشندہ را رگ بخفت۔
منقلع ۔ اکھڑنے والا۔
منوع ۔ منع کرنے والا ۔ باز رکھنے والا۔
منقنع ۔ قناعت کرنے والا۔
منبع ۔ چشمہ پانی وغیرہ کا۔
منابع ۔ بہت سے چشمے۔
منتجع ۔ نیکو کار اور وہ جگہ جہان پانی اور گھانس ہو۔
منطبع ۔ چھاپا ہوا ۔ نقش کیا ہوا۔
منافع ۔ بہت سے فائدے۔
مندفع ۔ دفع ہونے والا۔
منازع ۔ نزاع کرنے والا کھینچ کرنے والا۔
منقطع ۔ قطع ہونے والا۔

منع ۔ باز رکھنا۔
منصبغ ۔ اخیر مین غین معجمہ رنگین ہونے والا۔
منیف ۔ بروزن سقیم پاک و بزرگ و بلند و زیادہ۔
منعسف ۔ دور ہونے والا معقولیت کی سمت سے۔
منکشف ۔ کھلنے والا برہنہ ہونے والا۔
منحرف ۔ برگشتہ ہونے والا۔
منعطف ۔ پھرنے والا۔
منصرف ۔ ایک حال سے دوسرے حال مین ہونے والا اور نحویون کے نزدیک وہ اسم جو کسرہ اور تنوین کو قبول کرے اور غیر منصرف وہ جو کسرہ اور تنوین کو قبول نکرے۔
منصف ۔ انصاف کرنے والا آدھا آدھ بانٹ دینے والا۔
منسوج باف ۔ جولاہا ۔ زری کا کام کرنے والا ۔ سعدی ۔ چہ خوش گفت شاگرد منسوج باف ٭ چو عنقا بر آورد و پیل و زراف۔
مناف ۔ نفی کرنے والا۔
منجنیق ۔ قلعہ کی دیوارون کو توڑنے کا آلہ جو قدیم زمانہ مین تھا اور وہ ایک بڑا فلاخن ہوتا تھا جسمین بڑے پتھر رکھکر دشمن کی دیوارون پر پھینکتے تھے ۔ نظامی ۔ خرابیش دائم نہ زین لشکرست ٭ کہ این منجنیق از در دیگرست۔
منجوق ۔ صورت چاند کی جو علم پر نصب کرتے ہین۔
منشق ۔ شق ہونے والا ٹکڑے ہونے والا۔
منفق ۔ نفقہ دینے والا خرچ دینے والا۔
منخرق ۔ پھٹنے والا۔
منطیق ۔ فصاحت سے کلام کرنے والا۔
منطق ۔ گفتگو کرنا ۔ اور نام ایک علم کا۔
منطق ۔ کلام کرنے والا۔
منطوق ۔ سخن و کلام۔
منطبق ۔ مطابق و برابر و موافق آنے والا۔
منافق ۔ وہ شخص جو دل سے دشمن او زبان سے دوست ہو ۔ سعدی ۔ ہر انکس کہ باشد منافق لعین ٭ مقامش بود اسفل السافلین۔
منفک ۔ جدا ہونے والا۔
منہتک ۔ بے پردہ ہونے والا۔
منہمک ۔ مبالغہ کرنے والا کوشش کرنیوالا۔
مناسک ۔ حاجیون کی عبادت کے مقامات و اوراد و ارکان حج جو حاجیون کو ادا کرنے واجب ہوتے ہین چنانچہ طواف کعبہ اور سعی درمیان صفا و مروہ اور ٹھہرنا عرفات مین و قربانی و احرام وغیرہ۔

منڈک - پارہ پارہ ٹکڑے ٹکڑے اور ارزانی اور خسارہ اسباب تجارت کا -
منسلک - پرویا جانا - لڑی باندھی جانا -
منہلک - اپنے آپ کو ہلاک مین ڈالنے والا -
منذرک - جو رقم خرچ مین پڑجاے -
منک - وہ پتلی گھانس جس سے جاروب بناتے ہین -
منجنگ - جست مارنا - اور گہوارہ یعنے مہد اور شہد کی مکھی -
منجنیک - فلاخن کلان پتھر مارنے کا معرب اسکا منجنیق ہے -
منفرک - چھوٹا پیالہ شراب پینے کا -
منگ - ماش جو ایک مشہور غلہ ہے -
منگک - قمار اور لاف وگزاف -
مندل - بروزن صندل وہ خط جو عزایم خوان عزیمت پڑھنے کے وقت اپنے گرد کھینچ لیتے ہین تاکہ موکل عزیمت کے انکو صدمہ نہ پہونچا ئین - ملا طغرا مشہدی
چو عازم تسخیر آفتاب رخش + زخط اشک وفا مندل عزایم کن -
منزل - جاے نزول وآمدن یعنے اُترنے کی جگہ گھر اور مکان - صائب - بہشت
بہشت روے من منزل کجا گیرد + کہ از رضوان بہشت جاودان را رو نما گیرد -
منقل - آتشدان جس پر نقل کے کباب بناتے ہین - سنجر - کہ در درون شعلہ گم
شعلہ در درون + سنجر کیے سمندرم وگاہ منقلم -
منہل - چشمہ پانی وغیرہ کا -
مناہل - جمع منہل کی چشمہ جس سے چار پائے پانی پیتے ہین -
منزل - بضم میم وفتح زاے کسی جگہ پر اُتارا گیا -
منازل - جمع منزل کی اُترنے کے مقامات - سعدی - سلاطین عزلت
گدایان حی + منازل شناسان گم کردہ پے -
مندمل - وہ زخم جو اچھا ہونے کو ہو -
منجل - دانتی جس سے زراعت کاٹتے ہین -
منغل - بضم میم وفتح نون وعین مہملہ مشدد وہ چیز جو نعل کی صورت پر بنی ہوئی ہو
منحل - کشادہ ہونے والا -
منخل - غربال یعنے چھلنی آٹا چھاننے کی -
مندیل - دستارچہ جو سر یا کمر پر باندھتے ہین رومال اور وہ کپڑا جو سیا ہوا ہو -
منحول - وہ شخص جو دوسرے شخص کے شعر کو بلا تغیر الفاظ ومضمون اپنے نام پر کہے
منوال - وہ لکڑی جس پر جولاہے بنا ہوا کپڑا لپیٹتے جاتے ہین - وطور
ودستور وطریق وطرز -
منال - کسی چیز کے حاصل کرنے کا موقع ودکان واراضی وملک وجاگیر
وزراعت جس سے فائدہ ہوتا ہو - ذوقی - مکن تکیہ بر ملک ومال ومنال +

کہ در یک دو دم میشود پائمال -
منجبل - کاہل وسست وبد اعتقاد -
منفعل - شرمندہ وخجل -
منتقل - ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا -
منگل - بروزن جنگل پارسی زبان مین چور اور راہزن -
منفصل - فیصل پائے ہوے -
منقول - نقل کیا گیا - مقابل معقول کے -
مناسم - خوابگاہ سونے کی جگہ سف - در پیش خسپد چو مرد حق پرست
سر نہ دارد دگر یارا زمناسم -
منعم - دولتمند مالدار آدمی - سعدی - منعم بکوہ ودشت وبیابان غریب نیست
ہر جا کہ رفت خیمہ زد وبارگاہ ساخت -
منغام - بہت بخشش کرنے والا -
منتسم - ہوا لینے والا خوشبو حاصل کرنے والا -
منہزم - جنگ سے بھاگ جانے والا شکست کھانے والا -
منہدم - گرجانے والا ویران ہونے والا -
منسجم - پانی یا آنسو جو روان ہو -
منتجم - روشن اور چمکتا ہوا -
منجم - ناک کٹی ہوئی اور کان مین سوراخ کیے ہوئے -
منتقم - انتقام لینے والا عوض لینے والا -
منتظم - راست اور درست ہونے والا -
منضم - پیوند ہونے والا ضم ہونے والا -
مناظم - انتظام کی جگہ بہت سی - اور بہت سے درستی کے مقامات
منم - سخن چین غماز -
منعدم - نیست اور نابود ہونے والا -
منظوم - نظم کیا گیا - پرویا گیا -
منقسم - تقسیم کیا گیا - بانٹا گیا -
منقصم - ٹوٹا ہوا ختم کیا گیا -
منسم - بفتح میم وسکون نون وفتح سین مہملہ ایک خوشبودار گھانس کا نام ہے
منان - نیکی کرنے والا ایک نام اسامی خداوند جل وعلی سے ہے - توحید
تو سلطانی تو جانی تو منانی تو سبحانی + خبر گیر غریبانے چہ در ستراچہ در تحریر
منون - زمانہ مرگ وحوادث روزگار -
منن - بہت سے احسان جمع منت اور ذو المنن نام خدا تعالے کا -
منتن - بدبو اور گندہ چیز -

منابین - ہر دو کتف یعنے مونڈھے -
منخرین - دونون سوراخ ناک کے -
من - بکسر اول فارسی مین از اور ہندی مین اسکے معنے سے -
من - بفتح اول فارسی مین آنکس او کیست اور ہندی مین وہ شخص اور ایک وزن ہی اور وزن چالیس سیر کا اور فارسی مین ضمیر متکلم واحد ہی جو کبھی نا بھی آجاتا ہی - جامی - بجائے نیل من بودی چہ بودی + زپا بوسش من آسودی چہ بودی - جمال الدین سلمان - بادشاہا در بہار دولتت من بینوا
مستم آن بلبل کہ چون عنقا ست مثل من عدیم -
منّ - بفتح اول وتشدید ثانی نعمت و بنا احسان رکھنا اور ہر ایک شیرین چیز جو بطور شبنم آسمان سے برستی ہی مثل شیر خشت و ترنجبین وغیرہ -
منہیان - خبر دینے والی -
منتو - ایک قسم کے کھانے کا نام ہی جسکو کیپاے کو چک بھی کہتے ہین اور وہ دنبہ کی او جھڑی کے ٹکڑون کو آپسمین سیکر اور اسمین چاول و مصالح بھر کر پکاتے ہین - ملا منیر پر خوار کی ہجو مین - نشود ہیچ سیر از منتو + سخت
بالذ حسرت سختو -
مندو - ہندوستان مین ایک شہر ہی -
منادمہ - باہمی صحبت اور ہمنشینی -
منادفہ - دُھنی ہوئی روئی اور گالہ روئی کا -
مندرہ - ارزانی اور خسارہ مال کا -
منصوبہ - بازی نرد سے سالوین بازی کا نام ہی اور شطرنج اور درستی خوبی ہر ایک کام کی - ملا طغرا - پر فکری شاہ شاہ را کام دہد + رخ طرح بشطرنجی یا م دہد + منصوبہ درین عرصہ کہ چیدست چنین + کز دل برد آرام و دلارام دہد -
منصوریہ - یزد مین ایک جگہ کا نام ہی - محسن تاثیر - از مرقد سروران مشہور
منصوریہ ست وار منصور -
منصہ - ظاہر ہونے کی جگہ اور وہ تخت جسپر عروس کو جلوہ دیتے ہین -
منسفہ - وہ آلہ پنج شاخہ لکڑی کا جس سے غلہ کوفتہ کو بھوسی سے جدا کرتے ہین -
مناظرہ - ایک دوسرے کیطرف دیکھنا صحبت کرنا تقریر کرنا کسی امر مین بحث کرنا -
منطقہ - کمر بند جس سے کمر باندھتے ہین ہندی مین پٹکا کہتے ہین -
منکوحہ - نکاح کی ہوئی عورت -
منیژہ - نام دختر افراسیاب جسپر بیژن پسر گیو عاشق تھا اور افراسیاب نے بیژن کو کنوئین مین بند کر دیا تھا اور رستم نے جا کر چھڑایا تھا -
منارہ - ستون روشنی کا -
منطوقہ - کلام و سخن -

مناصفہ - آدھوں آدھ کر دینا -
منقلہ - آتشدان انگیٹھی -
مناحہ - بفتح حطی نوحہ کرنا ماتم کرنا اور مقام ماتم اور نوحہ کا -
منزّہ - پاک کیا گیا برائی سے دور کیا گیا -
منافسہ - رغبت کرنا کسی چیز مین بطریق مساوات معارضہ کرنا حسد لیجانا -
منبّہ - آگاہ و خبردار -
مناقشہ - نزاع کرنا آپسمین جھگڑنا -
مناصلہ - برابری کرنا تیر اندازی مین اور مسافت -
منکسرہ - شکستہ حال ابتر و پریشان -
منتجوسہ - رومی زبان مین سنبل رومی کا نام ہی جو ایک جڑ سپید خوشبودار ہوتی ہی -
منّہ - چہرہ کا فک اسفل یعنے نچلا جبڑا -
منظومہ - نظم کیا گیا پرویا گیا -
منیہ - آرزو و مطلب و مقصد -
منحنی - خمیدہ و کوز پشت یعنے کبڑا و ضعیف و کمزور و ناتوان -
منطوی - لپیٹا ہوا -
منسی - بھولا ہوا -
منقّی - پاک و صاف کیا ہوا -
منافی - نیست و نابود کرنے والا -
منتفی - نیست و نابود ہونے والا -
منفی - نیست و نابود کیا گیا -
منوی - نیت کیا گیا -
مناہی - باز رکھا گیا منع کیا گیا ممنوعات سے -
منیّ - بتشدید یاے تحتانی عربی مین آب پشت یعنے نطفہ -
منی - بتخفیف یاے فارسی مین تکبر و غرور - صفدر فوقانی - نفس خود را اگر تو انسانی + باز دار از غرور و کبر و منی -
منکلی - بد اعتقادی و منکری و کاہلی -
منہی - خبر دینے والا -
منہی - بفتح میم نہی کیا گیا باز رکھا گیا اور ہر دو ز بون -
منزوی - ایک طرف ہونے والا اور گوشہ نشین -
منجلی - روشن اور آشکار یعنے ظاہر -
منطفی - سرد ہونے والی آگ چراغ گل ہونے والا -
منثنی - بثاے مثلثہ سرنگون و دوتا -

مُنشی - آغاز کرنے والا انشا کرنے والا۔
مُنادِی - ندا کرنے والا آواز دینے والا۔ حکیم شفائی - تو بجلوہ چون درآئی
اجل از سر غرحم + ہمہ جا کند منادی بپے احتراز کردن۔
منزلی - مسافت مقدار یک منزل - سالک یزدی - از ما باسیران چمن باد
بشارت + کز بیضہ بیک منزلے دام رسیدیم۔

میم با واو

مُواسا - یاری کرنا رعایت اور صلح کرنا۔ مولوی معنوی - لطف حق باتو
مواسا ہا کند + چونکہ از حد بگذری رسوا کند۔
موسےٰ - لغوی معنی اسکے اُسترا اور نام ایک نبی مرسل جنکا کلیم اللہ خطاب تھا
بند از خمسہ نعتیہ از مؤلف - تو احمد مختار ہے تو سید ابرار ہے + عالی تیری سرکار ہے
اونچا ترا دربار ہے + جمشید خدمتگار ہے دارا وظیفہ خوار ہے + یوسف غلام زار ہے
موسے عصا بردار ہے + عیسے ترا بیمار ہے گھر ہی ترا دار الشفا +
مَولےٰ - آزاد کرنے والا اور غلام یاری دینے والا اور صاحب - سعدی چہ نامے
کہ مولائے نام توام + درم ناخریدہ غلام توام۔
مُوصیٰ - وصیت کیا گیا۔
مُوفا - وفا کیا گیا و تمام و کمال۔
مَوتےٰ - مرے ہوے لوگ۔
موش خرما - گلہری جو ایک مشہور جانور ہے - ملا طغرا - موش خرما بدل
جمع نماز دیر تحل + گر بہ بیند زلیس ہر طرف فش کردہ کمین۔
مُومیا - مومیائی مشہور دوا ہے - عرفی - گرت امید درست ست خویش را
بشکن + کہ مومیائے آدم شکستگی باشد۔
موجِب - بکسر جیم لازم کرنے والا۔
مواجِب - وجہ معین جو ہر مہینے نوکروں کو دیتے ہیں - میر خسرو شیراز
بخشش شود گرچہ مواجب جدا لگ ست ہلے کس آید فراہم ہیچ نے لوم
موکب - بادشاہ کی اردلی کے سوار جو سواری کیوقت ہمراہ ہوں - میر خسرو
در لغت - بموکب وار لیش موسل آکبر + خرامان گشتہ چون طاؤس الوری
مواکب - جمع موکب۔
مُؤدِّب - بضم اول وکسر دال ادب سکھلانے والا۔
مُؤدَّب - بفتح دال ادب دیا گیا۔
مُواظبت - ضبط میں رکھنا ہمیشہ ایک کام کرتے رہنا۔
موالات - دوستی و پیوستگی اور پے در پے کرنا کسی کام کو۔
مواسات - یاری و غمخواری کرنا۔
مواصلت - ملنا - وصل کرنا۔

مَوات - جسم بیجان اور زمین خشک۔
موت - مرجانا - فوت ہوجانا - سعدی - گزیند فرزانگان است فوت
کر در طلب نرسید دار وسے موت۔
مُواخات - برادری کرنا بھائی بننا۔
مودّت - دوستی کرنا پیار کرنا۔
موہبت - بخشش کرنا ہبہ کرنا۔
مواطات - موافقت کرنا۔
موعظت - وعظ کہنا اور نصیحت کرنا۔
موازات - مقابلہ کرنا برابری کرنا۔
مؤنث - بار او رگرانی۔
مُوازرت - بتقدیم زاے معجمہ برراے مہملہ وزارت کرنا وزیر ہونا۔
مُوادعت - وداع کرنا۔
مؤثرات - اثر کرنے والی چیزیں۔
موامرت - مشورہ کرنا تجویز سوچنا۔
موافقت - موافق ہونا متفق ہونا۔
موالفت - الفت کرنا۔
موانست - اُنس کرنا۔
موجودات - خدا کی مخلوقات۔
مواریث - میراث کی جمع۔
مُورِث - میراث پہونچانے والا۔
مُورِّث - اُکسانے والا - روشن کرنے والا مشتعل کرنے والا۔
مَوروث - ورثہ کیا گیا۔
مؤنث - عورت مقابل مذکر کے۔
موج - دریا کا جوش اور لہر - ابوطالب کلیم - درین دریاے بے ساحل
کلیم از من چہ می آید + زکار افتادہ اینجا بازوے موج از شنا کردن۔
مَواج - موجیں مارتا ہوا - توحید - بچار سوے جہان ابر رحمتش بارد +
بشرق و غرب زمین بحر قدرتش مواج۔
موشح - زیور پہنایا گیا آراستہ کیا گیا۔
مورخ - تاریخ جاننے والا۔
مَولِد - بفتح اول جاے ولادت پیدا ہونے کی جگہ۔
مُوَلِّد - بضم اول وفتح ثانی وتشدید لام مکسور پیدا کرنے والا - جلانے والا
مُوَلَّد - بفتح لام مشدد دوغلہ آدمی اپنے جنس شخص کی یان جنبش کی ہوا و رباب عرب سکا
مَورود - ورد کیا گیا - وظیفہ کیا گیا - وارد کیا گیا۔

مَولُود۔ بچہ جو ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہو نر ہو یا مادہ لڑکا ہو یا لڑکی۔
موالید۔ جمع مولود بہت سے فرزند اور نباتات و جمادات و حیوانات۔
مَوعِد۔ وعدہ کرنا اور جگہ وعدہ کرنے کی۔
مواعید۔ جمع میعاد کی وعدہ کرنا جگہ وعدہ کی اور زمانہ وعدہ کا۔
موعود۔ وعدہ کیا گیا۔
مودود۔ دوست رکھا گیا۔
مواجید۔ حالتیں اور قصیں جو صوفی کرتے ہیں جمع وجد خلاف قیاس۔
مُوجِد۔ پیدا کرنے والا۔
موجود۔ جو ہر وقت آنکھ کے روبرو ہو۔ توحید۔ دران زمان کہ بند کا غذ و قلم موجود + بلوح قدرت حق بود ہر رقم موجود + چرا نہ عاشق حق پیش بت کند سجدہ + کہ ہست جلوۂ حسنش بہر صنم موجود۔
مُوبِد۔ حکیم و دانشمند ملت آتش پرستان اور ترکی میں [illegible]
مواد۔ اصل ہر چیز کا اور مادہ۔
موائد۔ جمع مائدہ بہت سے خوانچے۔
موکد۔ بفتح کاف مشدد تاکید کیا گیا۔
مَورِد۔ بفتح میم و کسر راے وہ جگہ جس سے آدمی اور چار پائے پانی پیئیں اور جس جگہ مسافر اُتریں اور نام ایک درخت خوشبو کا جسکو فارسی میں اسمار کہتے ہیں۔ شاعر در تعریف گفتہ + چو زلف دلبران مورد گیسو تاب خوردہ + چو عہد دوستان سالخوردہ استوار۔
مُوفُور۔ زیادہ کیا گیا۔ وافر کیا گیا
موسیقار۔ نام ایک ساز کا ہے اور نام ایک پرندے کا ہے کہ اُسکی چونچ میں سوراخ بہت ہیں جب بولتا ہے تو طرح طرح کے راگ اُس سے نکلتے ہیں۔
موثر۔ تاثیر کرنے والا یا ایثار کرنے والا۔
موسِر۔ صاحب یسر۔ دولتمند مالدار۔
مُوتمِر۔ فرمانبردار اور مشورت کرنے والا۔
موخر۔ آنکھ کا گوشہ جو کان کی طرف ہے۔
مُوَفِّر۔ بکسر فاے مشدد زیادہ کرنے والا اور بفتح فاے زیادہ کیا گیا۔
موش کور۔ شپرہ جو مشہور جانور ہے۔
مور۔ چیونٹی جو مشہور ہے۔ سعدی۔ مہیا کن روزی مار و مور + اگر چند بے دست و پا اند و زور۔
مُوجز۔ بزاے معجمہ کوتاہ و مختصر اور نام ایک کتاب کا طب کے علم میں۔
مُوز۔ مشہور درخت ہے جسکے میوے کو کیلا کہتے ہیں۔
موزیر۔ انگور کی ایک قسم کا نام ہے جسکو خشک کرکے رکھ چھوڑتے ہیں دوا میں مستعمل ہے۔

مولِس۔ دوست ہمنشین۔
موسِّس۔ بنیاد رکھنے والا استوار کرنے والا۔
مُوحِش۔ بروزن مصور وحشت دینے والا۔
مورِش۔ کانچ کی باریک پوت جسکی لڑیاں پرو کر عورتیں پہونچیاں اور گوشوارہ بناتی ہیں۔
مُولِش۔ درنگ و توقف جو کسی کام میں کیجاے۔
موش۔ چوہا جو مشہور جانور ہے عربی میں اسکو فار کہتے ہیں۔
مواعظ۔ بہت سے وعظ اور نصیحتیں۔
مَوقِع۔ واقع ہونے کی جگہ گرنے کی جگہ۔
مُوَقَّع۔ بتشدید قاف توقیع کیا گیا۔ بلند کیا گیا۔
مواقع۔ جمع موقع کی۔
[illegible]
مُوَدِّع۔ وداع کرنے والا رخصت کرنے والا۔
مُوَزِّع۔ پراگندہ کرنے والا۔
مولع۔ حریص کیا گیا۔
موضع۔ جگہ مکان گھر وغیرہ۔
موضوع۔ بنایا گیا۔
موبغ۔ گبر یعنے آتش پرست جسکو مغ بھی کہتے ہیں۔
مُوقِف۔ کھڑے ہونے کی جگہ اور میدان۔ عرفات جس جگہ حاجی جاکر ٹھہرتے ہیں۔
مَواقِف۔ مقام ٹھہرنے کی جمع موقف کی۔
مولِف۔ الفت دینے والا اور جمع کرنے والا متفرق چیزون کا اور بفتح لام مشدد جمع کیا گیا۔
مُوظِّف۔ بکسر ظاے وظیفہ کرنے والا۔ اور وظیفہ دینے والا۔
مُوَصَّف۔ صفت کیا گیا۔
موقوف۔ ٹھہرایا گیا۔ توحید۔ بے معالجۂ درد دل لصاحب درد + دگر طبیب نہ معجون نہ شربت و نہ سفوف + کہ ہست داروے درد ش درین شفاخانہ + بوصل حضرت محبوب ہر زبان موقوف۔
موتلف۔ خو پکڑا گیا۔ الفت پکڑا گیا۔
موفق۔ توفیق دینے والا۔
موثق۔ محکم و مضبوط۔
مواثیق۔ جمع میثاق وہ عہد جو مضبوط ہوں۔
موق۔ آنکھ کا گوشہ جو ناک کی طرف ہو۔
مولفک۔ موڑنے والا۔ الٹاے جانے والا سرنگون کیئے جانے والا۔

موشک - ایک جانور چوہے کی قسم سے ہی جسکو چھچھوندر کہتے ہین نیز نام ایک قسم کی آتشبازی کا - ملا طغرا - چو موشک واکند آہم ز آتشبازی شوق بو دررست مژگان ہر طرف مہتابی اشکم -

موک - مطلق نیش عقرب کا نیش ہو یا کسی اور زہریلے جانور کا -

مونیرک - ایک قسم کا پھل ہی جو مصر مین پیدا ہوتا ہی -

موصل - بفتح میم وکسر صاد نام ایک شہر کا عراق کے ملک مین -

مُوصل - بضم میم وکسر صاد وصل کرنے والا و بفتح صاد وصل کیا گیا -

مورچال - مورچہل - وہ مورچے جو واسطے جنگ اہل قلعہ کے اسکی نواح مین بنا کر دشمن سے لڑتے ہین -

مؤمّل - امیدوار -

مؤجل - مہلت دیا گیا - وقت بڑھایا گیا -

مؤکّل - جسکے سپرد کاروبار ہون - وبکسر کاف سپرد کرنے والا -

مُول - عورت کا معشوق رہنا اور ٹھہرنا اور ناز وغمزہ اور حرامزادہ آدمی اور عربی مین عنکبوت ومال وسامان -

مُوہِم - وہم اور غلطی مین ڈالنے والا -

موسوم - نام رکھا گیا نشان کیا گیا - توحید - کبیرست وبصیرست وقدیرست توانا وقدیم وحی قیوم + بہر وصف است آن خلاق موصوف بہر اسم ست ذات پاک موسوم -

مؤلم - دردمند کرنے والا -

مُوشم - گنہگار و مجرم -

موسم - وقت اور موقع اور زمانہ اور بہار -

موم - مشہور چیز ہی جو شہد سے نکلتی ہی - قطعہ از مؤلف - صلح کن با نیک وبد اے مرد دین + در جہان رنگین بہر یک رنگ باش + موم شو با ہر کہ باشد موم دل + سنگ باشد ہر کہ با او سنگ باش -

موطن - جائے وطن سکونت کی جگہ -

موازین - جمع میزان بہت سے ترازو -

موتمن - امانت دار -

موقن - یقین کرنے والا -

موذن - بانگ نماز کہنے والا - سعدی - موذن بانگ بے ہنگام برداشت نمیداند کہ چند از شب گذشت ست + درازی شب از مژگان من پرس + کہ یکدم خواب در چشمم نگشت ست -

موزون - وزن کیا ہوا نہایت درست - میر خسرو - بحر منہا شکر سنجید ترازو + لبت چون خندہ موزون نماید -

موجان - خواب آلودہ آنکھین -

موران - جنگلی گاجر جسکو زردک بھی کہتے ہین -

مورجان - فارس مین ایک پہاڑ کا نام ہی اسمین ایک غار ہی اور چشمہ چشمہ سے اسیقدر پانی نکلتا ہی جسقدر مطلوب ہو یعنے ایک آدمی کو پینا ہو تو ایک آدمی کی مقدار اور اگر سو آدمی کو پینا ہو تو سو کی مقدار نکلتا ہی زیادہ ایک قطرہ نہین نکلتا -

موزان - نرگس کا پھول جو نیم شگفتہ ہو -

مولیان - نام ایک نہر کا ہی بخارا مین - استاد رودکی - یاد جوے مولیان آید ہمی + یاد یار مہربان آید ہمی -

مُو - بال سر اور ڈاڑھی وغیرہ کے - جامی - اگر ہر موے من گردد زبانے + زتو رانم بہر یک داستانی -

مَو - بلی کی آواز اور بلی مشہور جانور ہی جسکو فارسی مین گربہ اور عربی مین سنور کہتے ہین اور یونانی زبان مین نام ایک دوا کا ہی جو ایک گھانس کی جڑ ہی -

مولو - ہرن یا کسی اور جانور کا سینگ جو اندر سے پولا ہوتا ہی اور جوگی اور قلندر اسکو بجاتے ہین ناقوس کو بھی مولو کہتے ہین -

موسیچہ - ایک مرغ سفید قمری کے برابر ہوتا ہی بعض موسیچہ یعنے مولا کو سیچہ کہتے ہین -

موازنہ - کسیکے ساتھ ہم وزن ہونا -

موقنہ - صاحب یقین عورت -

مودعہ - سونپا گیا -

موافضہ - بفضا دمعجمہ باہم شرکت کرنا -

مومی الیہ - جسکی طرف ایما ہو -

مواجہ - روبرو ہونا مقابل ہونا - مسعود سعید سلمان - اگر مواجہ آید عدو نشناسی + کہ ہیچ وقت ندیدی از او مگر قفا -

موجّہ - خوب وپسندیدہ اور وہ شخص جسکی طرف متوجہ کیا جاے -

موچینہ - بال نکالنے کا اوزار جو نائی رکھتے ہین -

موالید ثلاثہ - جمادات - حیوانات - نباتات -

موادعہ - وداع کرنا -

مُولَہ - شیفتہ وعاشق ودیوانہ اور نام ایک قسم کے بید کا جسکو بید مجنون کہتے ہین -

مواخذہ - پکڑنا گرفت کرنا -

موئینہ - پوستین -

مورچانہ - وہ زنگ جو لوہے کو لگ جاتا ہی - سعدی - آہنے را کہ مورچانہ بخورد + نتوان برد ازو بصیقل زنگ -

مورچہ - بہت چھوٹی چیونٹی -

موپانہ - موزچانہ جو لوہے کو لگ جاتا ہی۔
موزہ - ایک قسم کی جوتی کا نام ہی۔
موژہ - غم واندوہ ومصیبت۔
موسنہ - زنبور جو نیشدار جانور ہی۔
موکدہ - تاکید کیا گیا۔
مونہ - ہر ایک چیز کی طبعی خاصیت مثلاً آگ کی خاصیت حرارت اور ہوا کی خاصیت برودت اور پانی کی رطوبت اور مٹی کی خاصیت یبوست۔
مولوی - صاحب مالک ومخدوم۔
مواشی - بہت چلنے والا جانور اور چارپایہ۔
موذی - پہونچانے والا ادا کرنے والا۔
موری - پانی کا بدررو اور لوٹے کی ٹونٹی۔
موازی - مقابل اور محاذی یعنے روبرو۔
موالی - بہت سے دوست اور بہت سے صاحب جمع مولی کی۔
مومیائی - مشہور دوا ہی جو شکستہ عضو آدمی کو کھلاتے ہین ایک کانی اور دوسری مصنوعی ہوتی ہی۔
موسیقی - راگ کا علم گانے کا طرق۔
موئی - بال جو مشہور چیز ہی - حافظ - از عنبر و بنفشہ تر بر سر آمدست ہوائین موے مشکبار کہ در پاے ہشتۂ۔
موذی - ایذا دینے والا تکلیف پہونچانے والا - سعدی - سخن آخر بدہان میگذرد موذی را - سخنش تلخ نخواہی دہنش شیرین کن۔
موروثی - جو بات باپ دادے سے چلی آتی ہو۔

میم با ہاے

مہرگیا - ایک گھانس کا نام ہی اسکی جڑ کی شکل انسان کی سی ہوتی ہی جو کوئی اس جڑ کو اپنے پاس رکھے خلق خدا اسپر مہربان رہتی ہی ہندی مین اسکو لکھمنی اور موہنی کہتے ہین - صائب - ہر چند خط تو افزود مرا مہر فزود سبزہ خط تو مہرگیا ہر دو یکے ست۔
مہنا - گوارا اور ہاضم وخوش مزا - میر معزی - دین پیغمبر جمال تو مزین یافت اے ملک شہنشہ جہال تو مہنا۔
مہیا - حاضر و موجود وآمادہ - سعدی - مہیا کن روزی مار و مور - اگر چند بیدست و پاند و زور۔
مہرا - بخوبی پختہ ہوا ہوا۔
مہر شفا - تپ کا تعویذ یا گنڈا جو بیمار کے گلے مین باندھتے ہین۔
مہرب - گریزگاہ بھاگنے کی جگہ۔

مہروب - بھاگا ہوا۔
مہیب - وہ چیز جس سے انسان کو ہیبت معلوم ہو اور خوف پیدا ہو یہ لفظ بفتح میم صحیح ہی اور بضم میم غلط۔
مہذِب - بکسر ذال پاک۔
مہذَب - بفتح ذال پاک کیا گیا اور نام ایک کتاب کا۔
مہب - جگہ ہوا کے چلنے کی۔
مہتاب - چاند کی روشنی یعنے چاندنی - سعید اشرف - فیض پیران چو نوجوانان نبود - مہتاب وہلال و بدر یکسان نبود۔
مہراب - کابل کے بادشاہ کا نام ہی جسکی لڑکی کے پیٹ سے رستم نامور پہلوان پیدا ہوا۔
مہابہ - ڈورا ڈونی صورت خوفناک ہیکل
مہارت - استواری اور پختگی منسوب طرف اوستادی اور واقفیت جو کسی کام مین ہو
مہابت - بضم وترس ہیبت و بزرگی وشان وشکوہ اور تاتاری مغل فیلبانکو مہابت کہتے ہین - محمد قلی سلیم - صحبت با خلایق جمع چون گرد دبلا باشد مہابت پیش فیلے راکہ باز نجیر مے آید۔
مہلت - درنگ وتوقف وآہستگی - میر معزی - چرخ نگذارد کہ در مقصود تو مہلت رود - بخت مپسند دکہ باشی مدتے در انتظار۔
مہست - سنگین اور گران۔
مہاجرت - ہجرت کرنا وطن چھوڑنا۔
مہیج - اٹھانے والا اور غبار اٹھانے والا۔
مہج - جان اور روح جمع مہجہ۔
مہند - وہ تلوار جو ساخت ہند کی ہو۔
مہد - گہوارہ وتخت وخوابگاہ عروس مثلاً چھپر کھٹ وغیرہ - سعدی - آنچہ دیرینہ روزی برآورد عہد - جوان دولتے سر برآرد ز مہد۔
مہاد - خوشی کا فرش جو کسی نیک موقع مین بچھایا جاے۔
مہ آباد - نام ایک شخص کا جس نے عجم مین دعوے پیغمبری کا کیا اور ایک کتاب پیش کی اور کہا کہ مجھکو آسمان سے اتری ہی نام اسکتاب کا دساتیر تھا۔
مہشید - چاند کی روشنی جیسے کہ خورشید ہی۔
مہد - قوم کا سرگروہ بزرگ آدمی۔
مہوند - نام ایک جگہ کا ہندوستان مین جس جگہ سے نمک سفید نکلتا ہی۔
مہذار - بیہودہ گو۔
مہاجر - ہجرت کرنے والا وطن چھوڑنے والا اور وہ لوگ جنھون نے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مکہ چھوڑا اور مدینہ مین سکونت اختیار کی

مِہر - بکسر اول محبت اور آفتاب جہان تاب - توحید - کند طواف در بارگاہ
شام و پگاہ + با وجِ چرخ گئے مہر گاہ نیر ماہ -
مُہر - بضم اول نگینہ انگشتری کا جسپر کسیکا نام کندہ ہو - محمد سعید اشرف -
زوانع بندگی مرتضےٰ علی اشرف + بمہر شاہ رسانیدہ محضر خود را -
مَہر - بفتح اول زر کابین جو عورت کو مرد نکاح کیوقت دیتا یا مقرر کرتا ہی -
مہار - وہ چھوٹی سی لکڑی جو اونٹ کی ناک مین دیجاتی ہی جو بجاے
لگام کے ہوتی ہی - سعدی - بگفت ار بدست منست مہار + ندید کسم بارکش در قطار -
مہجور - جدا ہوا ہوا الگ ہوا ہوا - حکیم انور لاہوری - چو جانان از رگ
جان ست نزدیک + چرا انسان بود محروم و مہجور -
مہتر - سردار سر گروہ مقدم - ولہ - سرنگون بر آستان یار شو + در سرا
نا مہتر و بہتر شوی -
مہُور - ایک سپید پتھر کا نام ہی اگر اسکو گھس کر مصروع کو پلائین تو صرع
کی بیماری دفع ہو جاے نیز نام ایک گھانس کا ہی جو دوا مین مستعمل ہی -
مہیر - بازندی زبان مین چاند جسکو عربی مین قمر کہتے ہین -
مہموز - معیوب عیبدار اور وہ کلمہ جسکا ایک اصلی حرف ہمزہ ہو -
مہماز - مہمیز - وہ لوہا جو سوار کے جوتے کی ایڑی کے ساتھ لگا یا جاے اور
اس سے گھوڑے کو ہانکین - ملا ہاتفی - گران شد رکاب و سبک شد عنان
فرس خورد مہمیز و دشمن سنان -
مہندس - جو علم ہندسہ و اشکال کا عالم ہو - اندازہ کرنے والا - نظامی -
مہندس لبے جو پیدا ز راز نشان + نداند کہ چون کردی آغاز شان -
مہراس - نام پدر الیاس پیغمبر علیہ السلام اور ہاون جسمین ہر ایک چیز کوٹتے
ہین چوبی ہو یا آہنی یا برنجی اور وہ پتھر جو اندر سے پولا ہو -
مہبط - اترنے کا مقام - نازل ہونے کی جگہ - سعدی - امام رسل پیشواے
سبیل + امین خدا مہبط جبرئیل -
مُہجع - بضم اول و کسر جیم سونے والا نیند کرنے والا -
مَہجع - بفتح اول و فتح جیم خوابگاہ -
مہلک - ہلاک کر دینے والی بیماری -
مہالک - ہلاک ہونے کے مقامات -
مہتوک - وہ شخص جو مر چکا ہو یعنے مردہ مقابل زندہ کے اور عربی مین
ہتک کیا گیا اور بے پردہ -
مہک - وہ درخت جسکو سوس کہتے ہین یا در اصل السوس سکی جڑ ہی -
مُہلّل - تہلیل کرنے والا لا الٰہ الا اللہ پڑھنے والا -
مہبل - عورت کی شرمگاہ کا سوراخ اور دہان فرج -

مُہمَل - بضم میم اول و فتح میم ثانی چھوڑ دیا گیا متروک و بیکار کیا گیا -
مَہول - خوفناک جس سے ڈر معلوم ہو -
مَہبل - خوف کی جگہ -
مَہَل - بفتحتین آہستگی و توقف و درنگ -
مُہل - بضم اول مس گداختہ گلا یا ہوا تانبا اور بفتح اول و کسر ہا صیغہ نہی
فارسی مین جسکے معنے ہین مگذار اور ہندی مین چھوڑ -
مَہاہِل - بفتح میم و فتح ہر دو ہاے ہوز وہ شخص جسکو زہر ہلاہل دیا گیا ہو -
مہایل - پہلوی لین افیون جسکو تریاک بھی کہتے ہین -
مَہزول - لاغر اور دبلا -
مہموم - غمگین اور اندوہناک -
مَہام - جمع مہم بہت سی مہمین -
مہم - امر عظیم اور سخت کام -
مہدوم - نام ایک پرندہ کا ہی جسکی دم بہت بڑی ہوتی ہی اور اسکی دم کے
تیر بناتے ہین اور وہ کبوتر جو سب سیاہ ہو اور دم اسکی سپید ہو -
مہزوم - شکست دیا گیا -
مہتمم - اہتمام کرنے والا کسی کام کا -
مُہان - اہانت کیا گیا ذلیل اور خوار کیا گیا -
مہین - بکسر تین فارسی مین بزرگتر بڑا آدمی -
مَہین - بفتح میم عربی مین سست و ضعیف و حقیر و خوار -
مُہین - بضم میم خوار رکھنے والا -
مُہیمن - بخوف کر دینے والا دوسرے شخص کو اور گواہ صادق اور دوست
مہربان - نام حضرت باری تعالےٰ کا ہی -
مہرگان - جب تک آفتاب برج میزان مین رہتا ہی -
مہرجان - معرب مہرگان ہی -
مہران - نام ایک دوا کا ہی -
مہمان - مشہور لفظ ہی عربی مین اسکو ضیف کہتے ہین کبھی مہمان مہمانی
کے معنے بھی دیتا ہی - میر خسرو - روزی اگر آنماہ بمہمان من آید + دوران
فلک در تہ فرمان من آید - سعدی - شکر بجا آر کہ مہمان تو + روزی خود میخورد از خوان تو
مہاجن - بڑا دوکاندار - ابو طالب کلیم ہندوستان کی تعریف مین -
فتادہ در دوکان یک مہاجن + ہمہ سرمایۂ دریا و معدن -
مہربان - صاحب مہر و محبت - نظامی - بران مہربان شد جہاندار مہر
کہ خیز نام افزا مری بر زبان -
مہجو - ہجو کیا گیا برا بولا گیا -

مہمہ ۔ بیابان یعنے جنگل۔
مہمہ ۔ وہ کام جو فکر اور اندیشے مین ڈالدے اور وہ کام جو ضروری ہو۔
مہموسہ ۔ وہ حروف تہجی جو نرم اور پست پڑھے جائین چنانچہ سین و شین
و تاے فوقانی و حاے مہملہ و ثاے مثلثہ و کاف عربی و خاے معجمہ و صاد مہملہ و
فاے و ہاے ہوز سواے انکے اور حروف سب مجہورہ ہین۔
مہمینہ ۔ بڑا اور بزرگ۔
مہنہ ۔ خراسان مین ایک گانون مولد انوری ہی۔
مہجہ ۔ جان کو روح اور خون جو دل کے اندر ہی اور خلاصہ ہر چیز کا۔
مہچہ ۔ وہ چاند کی شکل جو علم پر بناتے ہین۔
مہلکہ ۔ ہلاکت کا مقام۔
مہرہ ۔ جنکو ہندی مین منکا کہتے ہین اور عربی مین کرہ اسپ اور گھوڑون کا
بچھیرا اور بفتحتین جمع ماہر
مہ ۔ چاند۔
مہہ ۔ بزرگ اور بڑا۔
مہمانہ ۔ بوزنہ یعنے بندر جو مشہور جانور ہی
مہی ۔ عربی مین آمادہ کرنے والا۔
مہی ۔ فارسی مین سرداری و بزرگی۔
مہربانی ۔ شفقت و لطف اور ایک قسم کا کپڑا جو نہایت لطیف ہوتا ہی ۔ نظامی ۔
شعر ۔ ز مہربانی بہر دو دوست + درون رفت پیشش بر او نشست۔
مہتدی ۔ ہدایت کرنے والا اور بفتح دال ہدایت کیا گیا۔
مہتابی ۔ منسوب بمہتاب چنانچہ کتان ماہتابی اور وہ عمارت جو حوض اور
دریا کے کنارے چاندنی کی سیر کے لیے بناتے ہین اور نام ایک قسم کی آتشبازی کا۔
مہدی ۔ بفتح اول ہدایت کیا گیا اور بضم اول ہدایت کرنے والا۔
مہمانی ۔ ضیافت و دعوت جو کسی کی کیجاوے۔

میم با یاے

میرزا ۔ سردار امیر کا بیٹا ۔ عبد الرزاق فیاض ۔ بدین وسیلہ کہ میرزا سعید
ما قضا ست + چہ خوب کرد کہ فیاض رفت از دل ما۔
مینا ۔ بفتح اول مشہور جانور ہی شارک کی قسم ہی جو طوطی کی بولی بولتی ہی
یہ لفظ ہندی ہی ۔ شاہد گیلانی ۔ شعر ۔ در سایہ زلف گل شب بو گردد +
بلطف بیش تو مینا سخنور گردد۔
مینا ۔ بکسر اول شیشہ شراب کا اور نام ایک جوہر سبز جو سیاہ بھی ہوتا ہی اور نام
ایک رنگ کا جو چاندی سونے کے زیور پر کرتے ہین ۔ ابو طالب کلیم ۔ بے بادہ
دل ز سیر چمن وا نمی شود + گل جا نشین سبزۂ مینا نمی شود۔

میشا ۔ نام ایک قسم کے ریاحین کا ہی جو ہمیشہ سبز رہتا ہی اور عربی مین اسکو حی العالم کہتے ہین ۔
میزاب ۔ پرنالہ جس سے گھر کی چھت کا پانی بارش کے وقت بہتا ہو۔
میت ۔ مرا ہوا مردہ ۔ بے جان۔
میمنت ۔ برکت اور سعادت۔
میقات ۔ وعدہ کی جگہ اور مقام احرام باندھنے کا حج کے لیئے۔
میراث ۔ مردے کا مال جو اسکے وارث کو حاصل ہو۔
میخ ۔ کیلا لوہے کا یا لکڑی کا عربی مین اسکو وتد کہتے ہین ۔ ملا طغرا در اقلی
تعریف مین ۔ تراشیدہ شد میخش از نخل طور + بہ بیماری مردم چشم حور۔
میلاد ۔ ولادت کی جگہ اور وقت اور نام ایک شہر کا اور ایک پہلوان کا۔
میعاد ۔ وعدہ کرنا جگہ وعدہ کی زمانہ وعدہ کا۔
میمند ۔ نام ایک قصبہ کا ہی مضافات غزنین سے۔
تیسیر ۔ آسان کیا گیا سہل کیا گیا ۔ سعدی ۔ تراکے میسر شود این مقام
کہ فیضت بود عام و رخاص و عام۔
میسر ۔ قمار یعنے جوا جو کھیلتے ہین۔
میزر ۔ تہبند و چادر و دستار و مندیل۔
میسور ۔ آسان اور آسان ہونا۔
میر ۔ مخفف امیر دولتمند اور حاکم ۔ سعدی ۔ در میر و وزیر و سلطان را
بے وسیلت مگر و پیرامن + سگ و دربان چو یافتند غریب + این گریبانش
گرفت و آن دامن۔
میز ۔ وہ چوکی جسپر کھانا چنا جاے۔
میس ۔ نام ایک درخت کا ہی جسکے میوہ کو لوطوس کہتے ہین۔
مینوس ۔ نام ایک بادشاہ کا ہی کہ بادشاہی سے گر کر فقیر ہوا پھر فقیری سے
بادشاہی کو پہونچا۔
میخوش ۔ کھٹا میٹھا میوہ ترنج وغیرہ۔
میش ۔ بھیڑ و چکیا دار جسکو گوسفند کہتے ہین۔
میغ ۔ ابر یعنے بادل سیاہ برسنے والا ۔ شعر ۔ بیک دست خود گوہر افشان
چو میغ + بیک دست بر دشمن آختہ تیغ۔
میثاق ۔ عہد و پیمان و استواری۔
میق ۔ گریان روتا ہوا۔
میلک ۔ ایک کپڑے کا نام ہی جو شہر نوشاد سے لاتے ہین۔
میخک ۔ قرنفل یعنے لونگ۔
میل ۔ بفتح اول عربی مین جھکنا خم کھانا ہلنا خواہش اور توجہ۔
میل ۔ بکسر اول فارسی مین سرمچو جس سے آنکھوں مین سرمہ ڈالتے ہین اور صلہ

ثلث فرسنگ کا یعنے ایک کوس ور چار ہزار قدم رہوار اونٹ کا اور وزن دار لکڑی جسکو مگدر کہتے ہین ۔

میکال ۔ میکائیل ۔ نام ایک مقرب فرشتہ کا جو روزی رسانی پر موکل ہی ۔

میشوم منحوس و نامبارک صحیح یہ لفظ مشوم و مشئوم ہی مسیح کاشی ۔ ہم ہستند این جہان شوم ست + زان نیم شادمان ازین میشوم ۔

میم ۔ حروف تہجی مین سے ایک حرف ہی جسکے عدد چالیس ہین ۔

میمون ۔ خجستہ و مبارک اور فارسی مین بوزنہ ۔ میر معزی ۔ صد ہزاران سال میمون باد جشن مہر و ماہ + ہر شہنشاہے کہ وار د صد ہزاران مہر و ماہ ۔

میان ۔ وسط ہر ایک چیز کا اور غلاف کارد و شمشیر و مخفف ہمیان اور ہندوستان مین کلمہ ادب و تعظیم ۔ مولوی معنوی ۔ چون زبانم گرفت خونریزی + ہیچو شمشیر درمیان کردم + بابا فغانی ۔ آب کہ بستہ اند بر لبادہان لست + نقدے کہ آن بدست نیاید میان لست + اردو ۔ کہین اک بال سا پتلا نہان ہی + میان دیکھو میان اسکی کہان ہی ۔

میلان ۔ طبیعت کی خواہش اور توجہ ۔

میامن ۔ بہت سے یمن اور برکتین ۔

میزبان ۔ صاحب ضیافت و دعوت کا ۔

میدان ۔ کھلی ہوئی زمین عمارت سے خالی ۔ سعدی ۔ فزون بینم اوصاف شد از حساب + نگنجی درین تنگ میدان کتاب ۔

میامین ۔ اشخاص و اشیاے مبارک و صاحب یمن ۔

مین ۔ جھوٹ بولنا ۔

متین بکسر میم و یاے مجہول و کسر تاے فوقانی وہ آلا آہنی جس سے پتھر مین سوراخ کرتے ہین ۔

میزان ۔ ترازو تولنے کا اور نام ایک برج کا بروج آسمانی سے ۔ سعدی ۔ کرم کن کہ فردا چو میزان نہند + منازل بمقدار احسان دہند ۔

میگون ۔ ایک رنگ کا نام ہی جو سرخی مائل ہی ۔

مینو ۔ عالم علوی و بہشت و آسمان اور آبگینہ رنگین جو زیوروں کے کام آتا ہی مینا بھی اسکو کہتے ہین اور زمرد جو ایک سبز رنگ جوہر ہی ۔ نظامی ۔ یکے سنگ مینائے مینو سرشت + بزیبائی و خرمی چون بہشت ۔

میلاؤ ۔ شاگرد جو کسی استاد سے علم پڑھتا یا ہنر سیکھتا ہو ۔

میئو ۔ پہلوی مین مو یعنے بال جسکو عربی مین شعر کہتے ہین ۔

میاہ ۔ بہت سے پانی جمع ماء ۔

میوہ ۔ پھل درخت کا ۔ سعدی ۔ درخت کہن میوہ تازہ داشت + کہ شہر از نکوئی پر آوازہ داشت ۔

میمنہ ۔ طرف دست راست اور وہ فوج جو جنگ مین اطراف راست ہو ۔

میسرہ ۔ تونگری و کشادگی و طرف دست چپ ۔

میذنہ ۔ اذان کہنا اور اذان کہنے کی جگہ ۔

میمونہ ۔ نام ایک فن کا فنون کشتی مین سے ۔

میدہ ۔ بہت باریک آٹا مخفف مائدہ ۔ ظہیر ۔ اے بصحرا ے دور از غبار عناد بہ نزدیک فیلے گذارم فتاد + ز رف نقش بالش چو در دل گذشت + صدا در نے ابنان تن میدہ گشت ۔

میانجی ۔ قاصد اور ایلچی اور ایلچی گری اور مصلح جو دو شخصوں مین صلح کراے نظامی ۔ سپہ بہ کہ برنا بود زانکہ پیر + میانجی کند چون رسد تیغ و تیر ۔ ولہ ۔ اگر در میانجی دلیر آمدم + نہ از زر و بہ از نزد شیر آمدم ۔

میخی ۔ درویشون کا خرقہ جو سپید ہوتا ہی اور درخت اسمین سیاہ ہوتی ہی ۔

مئی ۔ شراب جو مشہور چیز ہی ۔ نظامی ۔ بفیروزی آن بت مشکبوے + مے و مشک میر یخت بر طرف جوے ۔

دوسری فصل

اردو لغات کے ذکر مین

میم با الف

ماممتا ۔ محبت پیار الفت دوستی ۔ س ۔ بڑھتی ہی ماممتا ۔ [illegible] باپ کی الفت سے ماکی ماممتا ۔

ماتھا ۔ جسکو فارسی مین پیشانی عربی مین جبین و جبہہ کہتے ہین ۔ حکیم محمد انور لاہوری ۔ سر خسرو دنیا و دین مین ہین وہی جنکے ماتھے پر ہو سجدہ کا نشان ۔

مالا ۔ تسبیح جو مشہور چیز ہی عربی مین اسکو سبحہ کہتے ہین ۔

ماما ۔ خدمتگار عورت جو گھر مین خدمت کرتی ہو ۔

ماندا ۔ بیمار سقیم الحال مریض ۔

مانڈا ۔ پردہ سفید جو آنکھون پر آجاتا ہی اور ایک قسم کی پتلی روٹی جو شادی کے موقع پر پکائی جاتی ہی ۔

ماہی توا ۔ وہ ظرف جسمین مچھلی بھونی جاتی ہی ۔

ماں ۔ والدہ جسکے پیٹ سے کوئی پیدا ہوا ہو ۔ س ۔ دوستو جنت کی خواہش ہو اگر + ڈھونڈلو زیر قدم ماں باپ کے ۔

ماچا ۔ چارپائی پلنگ جسپر سوتے ہین ۔

مایا ۔ طاقت قوت قدرت ۔

ماپ ۔ پیمانہ کسی چیز کا جس سے وہ چیز ناپی جاے ۔

مار ۔ زد و کوب کرنا پیٹنا ۔

مار مار ۔ زیادہ تر مارنا ۔

ماس - گوشت جو ایک مشہور چیز ہی -
مالنس - آدمی جسکو عربی مین مالنس و راناس و رالنس کہتے ہین -
مانگ - خواہش اور فرق جو سر کے دونون اطراف کے بالون کے درمیان رکھا جاتا ہی
ماموں - مان کا بھائی جسکو عربی مین خال و خالو کہتے ہین -
مائین - درخت گز کے پھل کا نام ہی -
مان - زور طاقت مدد حمایت بھروسا -
ماشہ - ایک وزن کا نام ہی جو آٹھ رتی کا ہوتا ہی -
ماچی - وہ لکڑی کا آلہ جو بوقت قلبہ رانی کے بیلون کے گلے مین ڈالتے ہین -
مالی - باغبان جو باغ کا خبر گیر ہوتا ہی - حکیم محمد انور لاہوری - عرب اور عجم
محمد ہین والی + محمد ہین بستان جنت کے مالی -
ماچھی - مچھلیان پکڑنے والا اور بیچنے والا -
مائی - والدہ مادر مان -

میم با تاے

متاسا - وہ شخص جسکو زور کا پیشاب آیا ہوا ہو -
متوالا - شراب پیے ہوے مخمور و مست - مولانا اکبر لاہوری - عاشق
حق شراب عشق سے ہی مست ہر دم ہمیشہ متوالا -
متوڑا - وہ شخص جو رات کو بستر مین پیشاب کر دے اس بیماری کا نام البول فی الفراش ہی
مٹاپا - موٹا ہونا - فربہ ہونا -
متکا - مٹی کا خم -
مٹھا - بلویا ہوا دودھ جس سے مسکہ نکالتے ہین -
مٹلا - موٹا آدمی -
مٹھیا - ہل کا دستہ جو زمین کی کاشت کیوقت ہاتھ مین پکڑتے ہین -
مت - عقل دانائی ہوش -
مٹر - مشہور غلہ ہی عربی مین اسکو کرسنہ اور فارسی مین کسنگ کہتے ہین -
متھور - لمبا مٹکا اور بڑا خم -
مٹھاس - شیرینی حلاوت میٹھا مزہ -
متلی - بدمزگی طبیعت کی اور طبیعت کا قے کرنے پر آمادہ ہونا -
متھنی - وہ لکڑی کی رئی جس سے دودھ کو بلو کر مسکہ نکالتے ہین -
مٹھائی - شیرینی جو حلوائی بناتے ہین -
مٹھولی - جلق یعنے مشت زنی -
مٹھی - ہاتھ کی مٹھی مشہور لفظ ہی -
مٹی - خاک - صفدر رفو قانی - تکبر کس پہ ہی اور یہ بڑائی کسکو ہی
انسان فقط مٹی کا پتلا -

میم با جیم

مجرا - سلام بندگی تعظیم -
مجا - وہ گوشت جسمین ہڈی نہو -
مچلا - شریر آدمی منافق -
مچھر - مشہور نیش دار جانور ہی -
مچھندر - بندر نچانے والا -
مچان - وہ لکڑی جو دیوار مین واسطے لٹکانے کپڑا وغیرہ کے لگائی جاتی ہی
مجیٹھ - مشہور لکڑی ہی جس سے سرخ رنگ کپڑون کو دیتے ہین -
مجرائی - سلام اور بندگی کرنے والا -
مچھلی - مشہور آبی جانور ہی -

میم با راے مہملہ

مرغا - خروس جو ایک مشہور جانور ہی -
مرگ چھالا - ہرن کا چمڑا -
مرگ چھونا - ہرن کا بچہ -
مرنا - مرجانا فوت ہوجانا -
مڑورا - پیچ و تاب مین لانا - بانٹنا -
مرچ - مشہور چیز ہی جسکو فلفل کہتے ہین -
مردار - وہ جانور جو خود بخود مرجاے ذبح نکیا جاے -
مرن ٹھور - جس جگہ کوئی مرجائے -
مروڑ - پیچش کی بیماری -
مرچنگ - یہ ایک لوہے کا ساز ہی جو ہونٹھون پر رکھکر بجاتے ہین اصل
نام اسکا منہ چنگ ہی مرچنگ غلط مشہور ہی -
مردنگ - یہ ایک عجیب و غریب ساز ہی جو ہند مین بجایا جاتا ہی -
مرگ - بفتح اول مرجانا فوت ہونا -
مرگ - بکسر اول آہو یعنے ہرن -
مرتبان - یہ ایک برتن مٹی کا بنایا جاتا ہی اور روغنی کرکے اسمین اچار و
مربا وغیرہ ڈالا جاتا ہی چینی کے مرتبان بھی اکثر دیکھنے مین آئے ہین -
مردہ - مرا ہوا مقابل زندہ کے -
مرغابی - مشہور جانور ہی جو پانی پر تیرتا ہی -
مرغی - مادہ خروس -
مرگی - ایک بیماری کا نام ہی جسکو عربی مین صرع کہتے ہین جب دورہ
کرتی ہی تو آدمی مرتے مرتے بچتا ہی -
مری - وبا جو مویشی مین پڑتی ہی -

میم با زاے معجمہ

مزا۔ ذایقہ لذت جو کسی چیز مین ہو۔ مولانا اکبر۔ غم کو ہم کھاتے رہے اور ہم کو غم کھاتا رہا۔ مرچلے بس زندگی کا سب مزا جاتا رہا۔
مزدور۔ اجرت پر کام کرنے والا۔
مزدوری۔ اجرت جو مزدور کو ملتی ہے۔

میم با سین مہملہ

مسخرا۔ ہنسانے والا نقال بھانڈ وغیرہ۔
مسکا۔ وہ خریطہ یعنے تھیلا جو بیل کے منھ پر چڑھا دیتے ہین تاکہ وہ کسیکی کھیتی مین منھ نہ ڈالے چھینکا بھی اسکو کہتے ہین۔
مسوڑا۔ بن دندان جسکو عربی مین لثہ کہتے ہین۔
مستا۔ زائد گوشت جو جسم پر پھنسی کی صورت پر اکثر بہ رنگ سیاہ نکل آتا ہی عربی مین اسکو ثولول کہتے ہین۔
مسور۔ مشہور غلہ ہی جسکو عدس کہتے ہین۔
مسواک۔ دانتون کی صاف کرنے والی لکڑی جسکو دتون بھی کہتے ہین۔
مستول۔ کشتی کا ستون۔
مسخرا پن۔ ہنسانا مسخری کرنا۔
مستی۔ بیخبری و بیہوشی جو شراب وغیرہ سے حاصل ہوتی ہی۔
مسلمانی۔ مسلمان ہونا اسلام مین آنا۔
مستری۔ معماری کا کام کرنے والا اور معمارون کا افسر
مسہری۔ پردہ دار چارپائی جسکو چھپر کھاٹ بھی کہتے ہین۔
مسی۔ جو دانتون کو ملتے ہین۔
مسی روٹی۔ چنے یا ماش وغیرہ کی روٹی۔

میم با کاف

مکا۔ گھونسا جو کسیکو مارا جاے۔
مکھڑا۔ خوبصورت چہرہ محبوب کا۔
مکر۔ فریب دغا حیلہ بہانہ۔
مکار۔ فریب کرنے والا۔
مگدر۔ وہ بھاری اور وزن دار لکڑی جو طاقتور آدمی اپنی طاقت کا امتحان لینے کے لیے اٹھاتا ہی۔
مکھن۔ تازہ روغن جو دودھکو بلو کر نکالتے ہین۔
مکو۔ ایک بوٹی کا نام ہی جسکو عربی مین عنب الثعلب کہتے ہین دوا مین مستعمل ہی۔
مکڑی۔ مشہور جانور ہی جو جالا تنتی ہی۔
مکھی۔ مشہور جانور کئی قسم کا ہی شہد کی مکھی اسیکے اقسام مین سے ہی۔

میم با لام

ملا۔ مسجد کا امام صاحب علم۔
ملاپ۔ آپسمین ملنا دوستی محبت پیار اور اختلاط۔
ملاح۔ کشتی چلانے والا۔
ملنسار۔ سب سے محبت کرنے والا ملنے والا۔
ملنگ۔ فقیرون کا گروہ۔
ململ۔ ایک قسم باریک کپڑے کا ہی۔
ملیدہ۔ ایک قسم کھانے کا ہی۔
ملاحی۔ وہ اجرت جو دریا سے اتارنے کے بعد ملاح لیتا ہی۔
ملائی۔ جو دودھ پر آجاتی ہی۔
ملیٹھی۔ نام ایک دوا کا ہی جسکو عربی مین اصل السوس کہتے ہین۔
ملونی۔ آمیزش جو کسی چیز مین کیجاے چنانچہ غلہ مین غلہ ملا دینا۔

میم با میم

ممولا۔ مشہور پرندہ ہی جسکو عربی مین صعوہ کہتے ہین۔
ممنا۔ وہ عضو جس سے دودھ نکلتا ہی اور بچہ پرورش پاتا ہی۔
ممانی۔ وہ عورت جو ماموں کی زوجہ ہو

میم با نون

منجھلا۔ درمیانہ لڑکا یعنے بڑے سے چھوٹا اور چھوٹے سے بڑا۔
منجھولا۔ درمیانہ برتن نہ بڑا نہ چھوٹا۔
مندا۔ نقصان خسارہ جو کسی چیز مین ہو۔
منڈا۔ وہ چارپایہ جسکے سینگ نہون۔
منکا۔ پتھر یا کانچ کی منکی اور آدمی کی پشت کی منکی جو گردن سے متصل ہو جاتی ہین۔ میر حسن۔ جو منکی تھی منکی انھین کر درست۔ بنا جلد جلد اور پہنچی نانہ
منمنا۔ سیاہ اور تلخ دانہ جو گیہون مین ملا ہوا ہوتا ہی۔
منھ پھٹ۔ بےحیا بے لحاظ زبان دراز۔
منتر۔ افسون جو جادوگر پڑھتے ہین۔ فرد۔ سانپ زلفون کا پکڑا جاتا نہ کسیکے فریب و منتر سے۔
منڈیر۔ دیوار کا بالائی حصہ۔
منگیتر۔ مانگا ہوا جاہا گیا خواستگاری کیا گیا منسوب۔
منزل۔ پورا سفر تمام دن کا ہی۔
منگل۔ مریخ ستارہ جو پانچوین آسمان پر ہی۔
من۔ طبیعت دل روح اور جان۔
منجن۔ وہ دوا جو دانتون کو ملی جاے۔

منجھ - فارسی مین وہان عربی مین فم اسکو کہتے ہین -
منگنی - خواستگاری عورت کی جو قبل از نکاح ہوتی ہے
منڈی - بڑا بازار جس مین بکثرت خرید و فروخت ہوتی ہے -
منتری - منتر پڑھنے والا جادوگر -

میم با واو

موتھا - ایک خوشبو گھانس کی جڑ کا نام ہے -
موتیا - ایک خوشبودار پھول کا نام ہے -
موٹا - فربہ پر گوشت -
موہنا - معشوق محبوب پیارا -
مونگا - ایک دریائی جوہر کا نام ہے جسکو مرجان اور کلی کہتے ہین -
مونڈھا - فارسی مین دوش اسکا نام ہے -
موت - مرگ اجل -
موت - پیشاب -
مورت - بت مٹی کا ہو یا پتھر وغیرہ کا -
موج - دریا کی لہر -
موچ - بال آجانا ہاتھ پانون کے پٹھے مین بسبب گرنے اور کج ہو جانے پانون کے -
مور - طاؤس جو مشہور جانور ہے -
موڑ - کج اور پھیر جو کسی راستہ مین ہو -
مونگ - ماش سبز ایک مشہور غلہ ہے -
مواباول - اسفنج جو مشہور چیز ہے -
موسل - غلہ کوٹنے کی اکھلی اور دستہ -
مول - قیمت اور معاوضہ ہر چیز کا -
موم - وہ موم جو شہد سے نکلتا ہے -
مونڈن - سر منڈانا یا بال اتروانا -
موہن - دوست پیارا -
موٹھ - مشہور غلہ ہے بواو مجہول -
موٹھ - بواو معروف تلوار کا قبضہ -
موچنہ - بال اکھاڑنیکا اوزار -
مورکھ - احمق نادان -
موم جامہ - وہ کپڑا جسپر موم چڑھا دیا جاے -
موچھ - مونچھ کے بال فارسی مین سبلت -
موتی - مشہور جوہر دریائی ہے فارسی مین مروارید عربی مین لولو کہتے ہین -
موٹی - فربہ عورت -

موچی - کفش دوز جوتی سینے والا -
موشاکنی - ایک بوٹی ہے جسکی پتی چوہے کے کانون کیطرح ہوتی ہے -
مولی - مشہور چیز ہے فارسی مین اسکو ترب کہتے ہین -
موگری - میخ ٹھوکنے کا آلہ جو لکڑی کا بنایا جاتا ہے -
مودی - وہ دوکاندار جو کسی امیر کے نوکرون کو روزمرہ خوراک دینے کے لیے مقرر ہو
موری - بدررو پانی نکلنے کا -
مومی - جو چیز موم کی بنی ہوئی ہو چنانچہ موم کی بتی وغیرہ -
موسی - مان کی بہن خالہ -

میم با ہاے ہوز

مہاسا - وہ پھنسیان جو نوجوانون کے رخسارون پر نکلتی ہین -
مہنگا - قحط کا وقت گرانی کا زمانہ -
مہنا - طعنہ جو کسیکو دیا جاے -
مہلا - وہ مرد جسکے حرکات زنانہ ہون -
مہوا - یہ ایک درخت ہے جسکے تخم کا تیل کھینچا جاتا ہے اور پھول کھائے جاتے ہین
مہینا - تیس دن کا ایک سال کے بارہ مہینے -
مہاوت - فیلبان ہاتھی کا نوکر ہاتھی چلانے والا -
مہر - حق کابین جو نکاح کیوقت حق عورت کا مقرر ہوتا ہے -
مُہر - جو کاغذ وغیرہ پر لگائی جاتی ہے اور صاحب مہر کا اسمین نام کندہ ہوتا ہے
مہک - خوشبو -
مہنگ - گرانی غلہ وغیرہ کی -
مہاجن - بڑا دوکاندار ساہوکار -
مہین - باریک رشتہ یا کوئی اور چیز باریک -
مہرہ - وہ پتھر جس سے کاغذ وغیرہ کو جلا دیتے ہین اور صاف کرتے ہین -
مہتابی - ایک قسم کی آتشبازی کا نام ہے -
مہندی - حنا جس سے عورتین ہاتھ پیر سرخ کرتی ہین - شعر - کرینگے ہاتھ
قاتل شاد لو مہندی خون بہا دیگی ہمارا -

میم با یاے

میٹھا - شیرین اور ذائقہ دار - شعر - اس شکر لب کی تلخ باتین ہین لیکن
ملتا ہو ذائقہ میٹھا -
میلا - ناصاف و چرکین کپڑا وغیرہ - انشا - نزاکت اس گل رعنا کی
کیا لکھون انشا - نسیم صبح جو چھو جا تو رنگ ہو میلا -
میل خورا - سیاہ یا کسی اور رنگ کا کپڑا جو میلا ہوا ہوا معلوم نہو -
مینڈھا - مینڈھا بہشت اخدار جو لڑا سے جاتے ہین -

مینڈ - کچی دیوار جو کھیتی کی حفاظت کیلیے بنائی گئی ہو -
مینڈک - آبی جانور ہے جسکو غوک اور ضفدع کہتے ہین -
میل - چرم وریم اور وہ میل جو بدن سے اترتا ہے -
میاؤن - بلی کی آواز -
میان - ایک تعظیم کا لفظ ہے -
میانہ - جو درمیان ہو -
میدہ - باریک آٹا گیہون کا -
مینھ - بارش باران رحمت الٰہی -
میانی - میانگی - وہ حصہ ازار کا جو شرمگاہ پر آتا ہے خشتک بھی اسکو کہتے ہین -
میتھی - مشہور سبزہ ہے جسکو فارسی مین شنبلیت کہتے ہین -
میرزئی - صدری یا چھوٹی جو قبا کے نیچے پہنتے ہین -
میری - ہر ایک کام مین سبقت لیجانے والا -
مینگنی - سرگین بکری اور ہرن اور اونٹ اور بھیڑ کی -

تیسری فصل

مع اردو لغات مصطلحات فارسی کے بیان مین

میم با الف

مادر بخطا - یہ ایک گالی ہے جو اہل فارس ایک دوسرے کو دیتے ہین - ارسلان بیگ - مشک گوید بخالش سر دعوی دارد + این عجب نیست از ین ہندوی مادر بخطا -
ماہ سیما - نہایت خوبصورت محبوب - صائب - دل روشن ز ہم پاشید آخر چشم صائب را + کتان کے پردۂ آن ماہ سیما میتواند شد -
ماہ لقا - خوبصورت محبوب - نعتیہ از مولف - آن مہر طلعتے کہ خجل آفتاب ازوست + وان مہ لقا کہ کرد و دشق ماہتاب را -
مال غائب - وہ مال جسکا مالک حاضر نہو اور بادشاہی خزانہ مین امانتاً رکھا ہو - مخلص کاشی - ملک دنیا را کہ ہر کس بیخبر وزی صاحب ست - بادشاہان عاریت دارند مال غائب ست -
مال کاسب - بہت ارزان مال - محمد قلی سلیم - اے دل نماند خریدار کالائے عاشقی + جز در متاع آبلہ کان مال کاسب ست -
مالک رقاب - گردنون کا صاحب و خداوند و خطاب حضرت رسالت مآب علیہ السلام والصلوۃ - نور الدین ظہوری - گردنم سر فراز مے سیدارد + طوق مالک رقاب میخواہم -
ماہ در عقرب بودن - چاند برج عقرب مین نیک کام کرنا ایسے موقع مین ممنوع ہے -
مال ہداست - مال غنا جس سے مراد نقرہ وغیرہ -

مال وجہات - نقد و جنس و اسباب و اشیا - حسین خان خالص - بنجا ہر کہ زود تر از آفتاب زروست + مال وجہات مملکت شیروان صبح -
ماہ طلعت - محبوب کی تعریف مین لکھا جاتا ہے - نعتیہ از مولف - پردہ از رخ چون فگند آن ماہ طلعت وقت شام + لب شعر ب شد عیان بر بام گردون آفتاب -
ماشورہ عاج - معشوق کی گردن -
مارخانگی را نمی کشند - مثل مشہور ہے کہ گھر کا آدمی کیسا ہی ظالم ہو اسکو کوئی نہین مارتا - شفیع اثر - با وجود بیم و آفت چون شود دشمن و خیل + ہیچ مارخانگی دیگر نباید کشتنش -
مارگزیدہ از ریسمان می ترسد - جسکو سانپ نے کاٹا ہو وہ رسی سے ڈرتا ہے مثل ہے - طاہر نشنی - ز تار رشتۂ گیسوے دلبران ترسد + چسانکہ مارگزیدہ ز ریسمان ترسد -
مال کاسد - جس مال کا کوئی خریدار نہو -
ماء الورد - گلاب جو پھولون سے نکالا جاتا ہے -
مارگیر - حیلہ گر اور مکار آدمی - شیخ صالح شوشتری - حرف زنار سر زلف تو درد زبان پرست + از کجا این مارگیر آموختہ افسون مرا -
ماہ پیکر - محبوب کی تعریف مین لایا جاتا ہے - نعتیہ از مولف - ہر دم مہ تلقین گوش حکم تو گردیدہ اند + چون رخت اے مہر طلعت ماہ پیکر دیدہ اند -
ماہ مصر - حضرت یوسف علیہ السلام - صائب - از صد ہزار پیرہن ہیچ ماہ مصر یکے + چنان شود کہ چراغ پدر کند روشن -
مایہ دار - چندا ول لشکر جو سب کے پیچھے ہو اور سرمایہ دار یعنے دولتمند -
مایہ ور - صاحب دولت و علم و فضل - صائب - عشق اول بدل سوختہ آدم زاد + مایہ ور شد ز دل آدم و بر آدم زاد -
مالیف - گھر کا اسباب اور ضروری سامان اور وہ سب مال جو کسیکے قبضہ مین ہو - ملا طغرا - شاید اے تاک از لبت ہم بہرہ باشد ترا + از چہرہ مالیف خود صرف دختر مسکینی -
مال ناطق - بولتا ہوا مال گھوڑا اونٹ گائے بھینس بکری بھیڑ وغیرہ -
مار مہرہ - کنڈلی دار سانپ جو اپنے آپ کو مٹی مین چھپائے رکھتا ہے صرف سر جو لقدر موتی کے دانہ کے ہوتا ہے خاک سے باہر ہوتا ہے اگر کوئی شخص موتی کا دانہ جانکر اٹھاتا چاہے تو کاٹ کھاتا ہے -
ما قلّ و دلّ - تھوڑا کلام جسکے معانی بہت سے ہون -
ماء اللحم - گوشت کا عرق جو دواؤن کو ملا کر نکالا جاتا ہے اور اکثر بیمار اسکو پیتا ہے -
ما جرا گردن - ماجرا نقل - حقیقت بیان کرنا اظہار حال کرنا - شیخ کاشی - اے آنکہ با شکستہ دلان ماجرا کنی + ما نیز آئیم کہ بکشی ورد را کنی - حافظ

گرد لعم از غمزۂ دلدار بازی برد برد + در میان جان و جانان ماجرا رفت رفت

ماربدست دیگری گرفتن - کوئی مشکل کام دوسرے شخص کے ہاتھ سے کرانا اور خود تحسین کا مستحق ہونا۔ سلطان علی رہی - نمیدانم چہ خونہا خوردہ ام در طرہ آرائی + بدست دیگرے افسونگر من مار میگیرد -

مار بستن - سانپ کو پکڑنا، بند کرنا۔ مخلص کاشی - زبان خصم نتوان کرد کوتہ جز بخاموشی + بافسون دگر این مار کے میتوان بستن -

مار خوردہ - غم کھانا، رنج اور محنت اٹھانا۔ مسیح کاشی - نامم بہ لخت سینۂ بریان ست + آبم ہمہ اشک دیدۂ گریان ست + گو زہر کشد کسیکہ انیش آب ست + گو مار خورد کسیکہ انیش نان ست -

مال بکوری رفتن - بے پروائی و بے خبری و بیوقوفی سے مال برباد ہو جانا۔ محسن تاثیر - اہل دولت تنگ چشمانند و مال این گروہ + ہمچو نقد عمر نابینا بکوری میرود -

مالیدن - کان ملنا، حلق ملنا، تنبیہ دینا، سزا دینا، تکلیف دینا۔ سعدی - شنیدم گوسپندے را بزرگی + رہانید از دہان و دست گرگے + شبانگہ کارد بر حلقش بمالید + روان گوسپند از وے بنالید + کہ از چنگال گرگم در ربودی چو دیدم عاقبت خود گرگ بودے -

ماندن - رہنا، ٹھہرنا۔ سہ - غلام غوث اعظم مفلس و بے زر نمی ماند + اگر ماند دمے ماند دم دیگر نمے ماند -

ماہ را از طشت آب جستن - غیر ممکن کام کرنا۔ صائب - از حقیقت دور صائب بمجاز آوردہ ایم + ماہ را دایم ز طشت آب میجوئیم ما -

ماہ جبینی - محبوب کی تعریف میں کہا جاتا ہے۔ صفدر فوقانی - تخت دلبری سند نشینی + دلبری مہربانی ماہ جبینی -

ماہ کنعان - یوسف علیہ السلام۔ صائب - بے دل ہینا فریدہ پردہ بر غفلتست + ماہ کنعان اگر در زیر یک پیراہنے -

ماہ نو کردن - نیا چاند دیکھنا۔ مخلص کاشی - مینزدی روزہ شناس خندہا بر صبح عید + ماہ را ہر کس بروے دلربائے نو کنید -

ماہ نو - ہلال، پہلی رات کا چاند۔ محسن تاثیر - فلک بعد ازین تاثیری از سیا بوست + کہ خلخال مہ نو خوب برپائے نومے رسید -

ماتم دیدہ - سوگ اور ماتم کی حالت میں۔ صائب - از ان چون زلف ماتم دیدگان ژولیدہ زنجیرم + کہ چون برگ خزان دیدست از دست تدبیرم

مال دادہ - جو چیز قیمتاً خریدی گئی ہو خصوصاً غلام زرخرید۔ مخلص کاشی - اے دل بمال دادہ مزن لاف اعتبار + زان رو کہ قیمتے نبود زرخریدہ را -

ماہ پارہ - چاند کا ٹکڑا، نہایت خوبصورت۔ مولانا اکبر لاہوری - با وجہ دلبری روشن ستارہ + ببرج دلستانی ماہ پارا -

ماہ سحاب آلودہ - جو چاند بادل سے نظر آتا ہو۔ شیخ العارفین یکتا - طاقتم را پردہ داری میکند حسنش + رخش در شام خط ماہ سحاب آلودہ را ماند

ماہ شکستہ - ماہ نو، نیا چاند۔ صائب - جام شراب مرہم دلہائے خستہ است + خورشید مومیائی ماہ شکستہ ہست -

ماہیابہ - ایک قسم کے کھانے کا نام ہے جو مچھلی سے بناتے ہیں اور شہر لار میں وہ اکثر بنایا جاتا ہے۔ سعید اشرف - بچشم چرب رود مسہل خوان جوشش عثمان ماہیابۂ لار -

مارا ہم ازین نمد کلا ہی - مثل ہے یعنے جو نعمت خدا نے تمکو دی ہے ہمکو بھی اس سے حصہ ملے + محمد قلی سلیم - اے فقر خوش ست کسوت تو + مارا ہم ازین نمد کلا ہی -

مارگیری - محیل و فریبی و مکار و حیلہ گر ہونا۔ اسماعیل ایما - آخر رقیب سالوس آن طرۂ رسا را + ترسم بدست آرد از لب کہ مارگیر ست -

ماہ خرگاہی - جس چاند کے گرد ہالہ ہو۔ شالی تکلو - زد ند آتش غیرت بماہ خرگاہی + ز سینۂ کہ باطراف یاسمین بستند -

میم با بائے موحدہ

مبارک بندہ آزاد مسکین - مثل ہے نیک غلام کو آزاد کر۔ نظامی - بشنو عاشقی را شاد مسکین + مبارک بندۂ آزاد مسکین -

مبانی نہادن - بنا کرنا، کوئی مکان بنانا۔ درویش واله ہروی - بالمدد بنائے فکرت نہادم + ز خشت متانت سخن را مبانی -

مبادی عالیہ - عقول عشرہ -

اُٹھنا نہ تھا لازم + ہمیں مٹی پکڑ کر پشتہ دیوار ہونا تھا۔
مٹی خوار ہونا۔ مٹی پلید ہونا بےعزت ہونا بے آبرو ہونا کشمکش میں
آنا۔ نظیر۔ دل ادھر سینے میں تڑپے جی ادھر بیزار ہے + کیا کہیں تجھ
بہت مٹی ہماری خوار ہے۔
مٹی ٹھکانے لگنا۔ مردے کا تجہیز و تکفین ہونا دفن ہو چکنا۔ مولف
کوئے جاناں بن گیا مدفن مرا + اب مری مٹی ٹھکانے لگ گئی۔
مٹی خراب کرنا۔ خراب کرنا بگاڑنا دق کرنا ستانا سے۔ اس ہند
غم میں بند کیا مجھکو کس لیئے + آدم بنا کے کیوں مری مٹی خراب کی۔

مٹی دینا۔ مردے کو دفن کرنا۔ ناسخ۔ کل نہ دیگا کوئی مٹی اُن کو +
آج جو زر کو دبا رکھتے ہیں۔
مٹی ڈالنا۔ خاک ڈالنا۔
مٹی ڈلوانا۔ مال مسروقہ حاصل کرنے کے لیئے خاک اندازی کرانا۔
مٹی عزیز کرنا۔ گور گڑھا کرنا دفنانا۔ آتش۔ قبول خاطر مردم ہو تو تیا
کسطرح + عزیز تیری کریں شیخ و برہمن مٹی۔
مٹی کر دینا۔ میلا کر دینا خراب کر دینا بگاڑ دینا ناکارہ کر دینا۔ مولانا اکرم
لاہوری۔ حق نے وہ پیدا کیا تھا تیرا جسم + جسمیں تھا نور محبت بھر دیا +
اپنی غفلت سے مگر اے بےخبر + تو نے اس سونیکو مٹی کر دیا۔
مٹی کے مول بیچ ڈالنا۔ نہایت سستا مال فروخت کر دینا قطعہ
از مولف۔ تو نے دنیا کے نکمے کام میں + وقت ضائع کر دیا کس واسطے + بیچ ڈالا
اسطرح مٹی کے مول + یہ جواہر بے بہا کس واسطے۔
مٹی میں ملجانا۔ خاک در خاک ہو جانا۔ مولف۔ جتنے پیدا ہوئے تھے
مٹی سے + مل گئے بیشمار مٹی میں۔
مٹی میں مٹی کا ملجانا۔ خاک میں خاک کا پیوست ہونا۔ قطعہ میر سنگھ جی
مٹی میں مٹی ملگئی + اور ہوا میں ہو گئی داخل ہوا + قطرہ پانی کا گیا دریا میں
مل + آگ سے جب ہو گیا وصل آگ کا + رہگیا اسوقت کیا باقی ضمیر +
غیر انوار خدائے کبریا۔
مٹی ہو جانا۔ خاک ہو جانا۔ آتش۔ خدا کے واسطے اے آسمان جوا نکے
دھوئے وہ مرے نہ کہیں ہو مرا کفن مٹی۔
مٹی کی مورت۔ مٹی کا بت اور جسم آدمی کا۔ حکیم انور لاہوری۔
فرشتوں نے کیا فی الفور سجدہ + بنی مٹی سے جب آدم کی صورت + کہ
اس مورت کے ہر جلوے سے اسدم + مصور کی نظر آتی تھی صورت۔
ذوق۔ سیرت کے ہم غلام ہیں صورت ہوئی تو کیا + سرخ و سپید
مٹی کی مورت ہوئی تو کیا۔
مٹیا پھولس۔ کمزور ناتوان لاغر نکما۔
مٹی کا مادھو۔ مورکھ بیوقوف بیجان بت مٹی کا۔

	میم با جیم	

مجرا کرنا۔ سلام کرنا بندگی کرنا۔
مجھ میں آیا۔ میرے ذمہ پڑا میں ضامن ہوں۔
مچکا پڑنا۔ بازار سرد ہو جانا قیمت اجناس کی کم ہو جانا۔
مچھلیاں پڑنا۔ بہت موٹا ہو جانا۔
مجذوب کی بڑ۔ دیوانہ کا بے معنے کلام۔

مچھر کی جھول۔ کم قیمت چیز۔

میم با حائے حطی

محاورہ پڑنا۔ عادت ہوجانا روزمرہ ہوجانا۔
محرم کی پیدائش۔ وہ شخص جو ہمیشہ غمناک اور رنجیدہ نظر آئے۔
محل خاص۔ جس محل میں خاص بیگمات شاہی قیام پذیر ہوں۔

میم با خائے معجمہ

مخمل سا۔ نہایت نرم اور ملایم۔
مخمصہ میں پڑنا۔ کسی جھگڑے میں پڑنا۔ میر۔ عجب مخمصے میں ہوں جور فلک سے + حوادث کے تیروں کا سینہ نشان ہے۔

میم با دال

مد پر آنا۔ مستی پر آنا لگ جانا بالغ ہونا۔
مدو بانٹنا۔ مزدوروں کی تنخواہ بانٹنا۔
مدرسہ کی اینٹ۔ وہ طالب علم جو مدت مدید سے مدرسہ میں رہتا ہو اور کوئی صورت ترقی کی ظہور میں نہ آئے۔

میم با رائے

مرچیں لگنا۔ ناگوار گزرنا برا معلوم ہونا۔ ذوق۔ لگتی مرچیں سے کبابیوں کو ہیں کیا کیا سنکر + دل بریاں سے مرے سوز محبت کے فقرے۔
مرد کی صورت۔ پردہ نشین ہونا عورت کا۔
مردنی چھانا۔ مردہ کی سی حالت ہوجانا۔ میر۔ بزم میں آج تو جل اے رشک صبح + شمع کے منہ پہ ہی چھائی مردنی۔
مردنی میں جانا۔ کسیکے ماتم میں شریک ہونا۔
مردوں کی ہڈیاں اکھیڑنا۔ گذشتہ حالات بیان کرنا پرانی قصے کہنا
مردہ کر دینا۔ لاغر و کمزور کر دینا۔ سہ۔ تیری فرقت نے مردہ کر دیا ہے + مسیحا آؤ اور اسکو جلاؤ۔
مر رہنا۔ کسی کام کا نہ رہنا ناکارہ ہوجانا سو رہنا سست رہنا۔ آتش۔ ہمیشہ شام سے ہمسائے مر رہتے آتش + ہمارا نالۂ دل گوش کو فسانہ ہوا۔
مرزا بے پروا۔ نہایت بے پروا۔
مرزا پھویا۔ نازک اندام آدمی۔
مرغی کا۔ مرغی کا جنا ایک قسم کی گالی ہے جو مکتب دار استاد بچوں کو دیتے ہیں۔
مرغوں کا کھیلا۔ موٹا آدمی۔
مرگ مارنا۔ مرگ ہرن کو کہتے ہیں معنے اسکے ہرن کا شکار کرنا ہے کسی معشوق کو اپنے دام میں لانا نیز یہ رسم ادا کرنا کہ جس شخص کے گھر بیٹا پیدا ہو وہ چھٹی روز زچہ کی چارپائی پر کھڑا ہو کر زچہ کا خاوند چھت میں تیر مارتا ہے اس رسم کو مرگ مارنا کہتے ہیں۔
مرمت کرنا۔ مار پیٹ کرنا۔
مر مٹنا۔ مر جانا کسی پر اپنی جان قربان کرنا تباہ و برباد ہوجانا۔ مولانا کریم۔ اچھا ہوا کہ میں غم جاناں میں مر مٹا + جھگڑا مٹا فساد مٹا شور و شر مٹا۔
مری پڑنا۔ وبا کا پھیلنا موت کا بازار گرم ہونا۔
مرجھانا۔ پشیمان ہونا غمگین ہونا کملا جانا۔
مرجانا۔ واپس ہونا مٹ جانا۔
مڑنا۔ کسی برے کام سے توبہ کرنا۔
مری کھل جانا۔ رسی کے تار کا بل نکل جانا رنجش کی دور ہونا صفائی ہوجانا۔ بحر۔ ہم بھی کم ملتے تھے جب تک جی میں بل رکھتے تھے تم + اب وہ مری کھل گئی الفت کا ڈورا بڑھ گیا۔
مرزا مزاج۔ شہزادوں کی سی طبیعت بڑا نازک مزاج۔
مرہٹی کھس کھس۔ مرہٹوں کے راج کی لیت و لعل آج کل امیدوار کی مٹی خراب بد انتظامی ابتری۔
مرد معقول۔ اچھا آدمی عقلمند دانا۔
مردے کا مال۔ وہ مال جو آدمی مرکر چھوڑ جاتا ہے سستا مال۔ قطعہ مولانا اکبر لاہوری۔ چھوڑ جائیگا یہاں تو اسے بخیل + اپنا گنج سیم و زر مال و منال۔ تیرے جلتے ہی بہت آجائینگے + کھانے والے ہونگے جو مردے کا مال۔
مرغی کا گو۔ ناکارہ حقیر اور نکما آدمی۔
مرنے کی بھی فرصت نہیں ہوتی۔ کام بہت ہے جس سے موت کی فرصت بھی نہیں ہوتی۔ یار علی۔ باجی یہ نہ ملنے کے گلے سچ ہیں ولیکن + مرنیکی بھی فرصت نہیں ہوتی مجھے گھر سے۔

میم با زائے

مزاج پوچھنا۔ خیر و عافیت کا حال دریافت کرنا۔
مزاج کرنا۔ تکبر کرنا غرور کرنا۔ شرر لکھنوی۔ اٹھائیں جا کے گلستان میں نازکس کس کا + مزاج کرتا ہے گلچیں بھی باغبان کیطرح۔
مزاج میں آنا۔ تکبر و غرور میں آنا دل میں آنا خیال میں آنا۔
مزاح کرنا۔ ہنسی کرنا۔
مزے لینا۔ آڑے ہاتھ لینا۔
مزا اٹھانا۔ مزا پانا۔ لذت پانا ذائقہ پانا سزا پانا۔
مزا پڑنا۔ عادت ہوجانا لت پڑجانا۔ سید علی الفت۔ شکر تلخ کہا زبان پر ہے جسکو + تمہارے لبوں کا مزا پڑ گیا ہے۔

مزا چکھانا۔ مزا دکھانا۔ بدلا لینا لطف دکھانا۔ یار علی۔ کرکے یار
انکو چکھادوں رنڈی بازی کا مزا + لیکن اسے خبر نہیں آتا بڑھانا شیر
مجھے + ۵۔ جو دل دکھاتا ہو مزا ہر گھڑی مجھے + آنکھوں سے سو برس
بھی دکھایا نہ جائیگا۔
مزے اڑانا۔ مزے لوٹنا۔ عیش کرنا چین اڑانا چین کرنا۔ تلخ۔
خواب میں سارے مزے وصل کے ہم لوٹتے ہیں + بند آنکھیں ہیں
مگر بند کوئی کام نہیں۔
مزے میں آنا۔ نہایت خوش ہونا چاؤ میں آنا شوق۔ اچھی آتی ہے
اختلاط بڑھ جائے + خوب نام خدا مزے میں آئے۔

میم با سین

مسجد میں اینٹ الٹ کر دھنا۔ چونا لگانا۔ قسم کھانا۔
سوگند کھانا۔
مسکرانا۔ ہنسنا۔
مسمار کرنا۔ کوئی دیوار گرا دینا۔
مسند کا گدھا۔ بیوقوف امیر۔
مسیحائی کرنا۔ معجزہ دکھانا مردہ کو زندہ کرنا۔ حکیم محمد انور لاہوری
دردِ دل سے جان بھیج جاے تیرے بیمار کی ہائے مسیحا آپ گر آکر مسیحائی کرو
مسّی کا جل کرنا۔ سنگار کرنا۔
مسّی کرنا۔ بازاری کسبن نائکا کی تقریب ازالہ بکر اپنی کنیز یا دختر
کے برادری کو جشن دینا۔
مسّی ہونا۔ بازاری کسبن عورت کے سرفراز ہونے کی تقریب جشن
ہونا۔ ۵۔ ہمکو عاشق لب و دندان کا سمجھ آسنے + رقعہ کھیجا ہے کہ ہے آج ہماری مسّی ہے
مسا کرکے۔ نہایت مشکل سے دقت سے۔
مشت مارے جانا۔ اپنی دھن میں چپ چاپ چلے جانا۔
مشعل لیکر ڈھونڈھنا۔ نہایت درجہ کی تلاش کرنا۔
مشکیں باندھنا۔ دونوں ہاتھوں کو الٹا کر پشت کے ساتھ باندھنا
ذوق۔ خطا تو دلکی تھی قابل بہت ہی مار کھانے کی + تری زلفوں نے
مشکیں باندھکر مارا تو کیا مارا۔

میم با صاد مہملہ

مصری کھلانا چھری مارنا قتل کرنا نسبت کرنا منگنی کرنا شربت پلانا۔

میم با طائے مہملہ

مطلب کی گھات چلنا۔ اپنے فائدے کی چال چلنا۔
مطلب ہوجانا۔ مقصود حاصل ہوجانا کام تمام ہوجانا۔

مطلع صاف ہوجانا۔ بادل پھٹ جانا آسمان نکل آنا۔ ستم
ہر ماہ وش محفل میں گرم لاف تھا + صبح وہ خورشید رو نکلا تو مطلع صاف تھا

میم با عین

معمول کے دن۔ حیض کے دن جنمیں عورت کو ہر مہینے خون حیض کا آجاتا ہے
رنگین۔ ہر مہینے میں گراتے تھے مجھے بھول کے دن + بارے اب کی تو
مرے ٹل گئے معمول کے دن۔
معرکہ کا آدمی۔ بہادر جنگجو لڑاکا۔ بڑا آدمی۔

میم با غین معجمہ

دماغ چھو لگانا۔ خالی کرنا پھرانا۔ مارنا۔ کسیکو بہت [illegible]
سمجھانا۔ بار بار وہی بات کہنا۔
مغز چلنا۔ دیوانہ ہوجانا پاگل ہونا۔
مغز سے اتارنا۔ کوئی انوکھی بات سوچنا۔
مغز کو چڑھنا۔ نشہ ہوجانا بیہوش ہوجانا مست ہوجانا۔
مغز کھاجانا۔ بہت سی لغو باتیں کرنا۔
مغز کے کیڑے جھڑنا۔ جوتیاں کھانا درست ہوجانا ٹھیک بن جانا
مغز کا جوش نکل جانا۔ غرور کم طاقت ہوجانا ضعیف ہوجانا
مغلظات بکنا۔ فحش گالیاں دینا۔
مغلی بیماری۔ لمبی بیماری تپ دق۔

میم با قاف

مقدر چمکنا۔ طالع روشن ہونا اچھے دن آنا نحوست جاتی رہنا۔ جعفر
رامپوری۔ در پہ اک معصوم ہوئی بخت کا اختر چمکا + دن پھرے
عاشق شیدا کا مقدر چمکا۔

میم با کاف

مکھیاں اڑانا۔ مکھیاں جھلنا۔ مکھیاں مارنا۔ بیکار بیٹھے رہنا
کچھ کام نہ کرنا سست اور کاہل ہونا۔
مکھیاں بھنکنا۔ کسی جنس کا خریدار نہ ہونا اور بسبب نہ ہونے خریدار کے
مکھیوں کا اسپر ہجوم رہنا۔
مکھم رہنا۔ ہار جیت بازی میں نہ ہونا یکسان رہنا۔
مکھم میں کہنا۔ رمز و کنایہ میں بات کہنا اشارہ میں بات سمجھا دینا۔
مکھی مار۔ وہ بیکار آدمی جو بیٹھا ہوا مکھیاں مارا کرتا ہے۔
مکھی چوس۔ وہ شخص جو نہایت بخیل ہو اپنے کھانے پینے میں وہ
پیسہ خرچ نہ کر سکے۔ قطعہ از مولف۔ کھانے پینے سے بھی عاری ہے مدام
جو بخیل و ممسک و منحوس ہے + دین اور دنیا میں محروم ازل +

آدمی کنجوس مکھی چوس ہی۔

مکر چاندنی ۔ پچھلی رات کی دھندلی سی چاندنی جو صبح ہونے کا دھوکا دیتی ہی۔ ذوق۔ ریش سفید سے ہی عیان ظلمت فریب + اِس مکر چاندنی مین مکر نا گمان صبح۔

میم با لام

ملاحظہ والا۔ صاحب مروت بھلا آدمی جسکی خاطر ہر کوئی کرے۔

ملاحی گالی دینا۔ بغیر نام لیے کے گالی دینا۔

ملائیان اڑانا۔ کھانا۔ مزے مزے کی غذائین کھانا مزے اڑانا۔

ملک ملک کر چلنا۔ خوشی کے ساتھ مٹکاتے اور اتراتے چلنا۔

ملوہی آنا۔ ملولی اٹھنا۔ افسوس یا پچھتانا رنج پیدا ہونا۔

ملانا۔ دو چیزون کو آپسمین وصل کرنا۔

ملنا۔ مل جانا۔ وصل ہو جانا۔

ملے ہیج۔ آٹھ برس سے زیادہ عمر کا گھوڑا۔

ملی بھگت ہی۔ سازش ہی جنگ زرگری ہی۔

میم با نون

من اٹکنا۔ من الجھنا۔ کسی سے پریت و عشق و محبت ہو جانا۔

من بھاری کرنا۔ رنجیدہ ہونا۔

من بھاونا۔ دلپسند مرغوب پیارا ساجن دلدار۔

من پھٹ جانا۔ ان بن ہونا رنجیدگی ظاہر ہونا۔

منت بڑھانا۔ گنڈا یا تعویذ بعد گذرنے میعاد مقررہ کے بچے گلے سے اتار ڈالنا۔

منتر دینا۔ گرو منتر دینا۔ چیلا بنانا۔

منجھدھار مین پڑا ہونا۔ عین سمندر کے اندر پھنس جانا بلا مین مبتلا ہونا۔

منجھلا ڈالنا۔ منجھلے مین ڈالنا۔ کسی کام کو دیر و توقف مین ڈالدینا۔

من جیتنا۔ اپنے جی کو اپنے بس مین کر لینا۔

من چلا۔ ہمت والا بہادر جرات۔ لگا جاتا ہی جرات اس بت خونخوار سے ہی وہی دم عشق کا مارے جو ایسا من چلا ہووے۔

منچلے ہونا۔ شکر رنجی و رنجیدگی ہونا۔

منڈ چڑاین کرنا۔ زبردستی سے لینا چھین لینا غصب کرنا۔

منڈکری مارنا۔ گھٹنوں مین سر دیکر جھک جانا۔ میر حسن۔ گئی منڈکری مار آخر کو لیٹ + چھپر کھٹ کے کونے مین منہ سر لپیٹ۔

منزل دینا۔ مردے کو قبر پر پہونچانا۔

منزل ہونا۔ جماع کیوقت انزال منی کا خارج ہونا۔

منشطہ رلنظر ہونا۔ نگاہ پر چڑھ جانا پسند ہونا۔

منکا ڈھلنا۔ منکا ڈھلکنا۔ گردن کا ایک طرف جھکنا نزع کی حالت ہونا۔ آتش۔ امید اب باقی نہین ہی اسکے آنے کی + ادھر ڈھلنے لگا دن اور ادھر ڈھلنے لگا منکا۔ میر۔ گئی کب یاد اسکی نزع مین بھی میرکے دل سے اسکے نام کی ہمراہ تھی جب منکا ڈھلکتا تھا۔

منکا میلا۔ من کا کھوٹا۔ فریبی کپٹی مکار و ٹھگ باز منافق۔

من کچا کرنا۔ ہمت ہارنا دل ٹوٹنا۔

من کھٹا ہونا۔ طبیعت بیزار ہونا۔

من کھٹ الکھوٹا ہونا۔ ایک حال میں صورت کا جی ہر ایک چیز کے کھانے کو چاہنا [illegible] ہو جانا [illegible] ہونا اور ابر آنا۔

من کے لڈو پھوڑنا۔ خیالی پلاو پکانا دلیلین کرنا۔

من کی من مین رہنا۔ جی کی جی مین رہنا۔

منگنی دینا۔ ستار دینا۔

من لینا۔ دل لینا عاشق بنانا۔

من مارنا۔ کسی مصیبت پر صبر کرنا۔

من من کرنا۔ کسی کام کو سستی کرنا خوبی سے کام نہ دینا۔

منھ اتر جانا۔ لاغر ہو جانا۔ صبا۔ ترے شب چہار دہم کے بناوٹ سے دو دن مین ماہتاب کا کچھ منھ اتر گیا۔

منھ اٹھانا۔ کسی طرف کو روانہ ہونا۔ آتش۔ جوش جنون مین دیکھنے پیچھے نہ مڑکے پھر [illegible] جس طرف کو صورت [illegible] دریا اٹھا دیتے۔

منھ اجلا ہو جانا۔ سرخرو ہو جانا آبرو رہ جانا [illegible]

منھ مارنا۔ کسی امر مین دخل نہ دینا۔

منھا منھ مارنا۔ کسیکے منھ پڑنا یا گالیان دینا۔

منھ آنا۔ منھ مین چھالے پڑ جانا۔ میر۔ بھری کتنی تیرے درد دل مین میر ایسی کچھ + کہ کہتے رو برو اس شوخ کے قاصد کا منھ آیا۔

منھ باندھ کے بیٹھنا۔ چپ بیٹھنا امور سے نہ بولنا۔

منھ لگانا۔ منھ پڑنا یا منھ جڑنا ذائقہ خراب کردینا مارنا پیٹنا سزا دینا۔

منھ بگڑنا۔ چہرہ متغیر ہونا ذائقہ خراب ہونا ہلیلی منھ چڑھا جانا۔

آتش۔ غنچہ کا رو برو سے دہن منھ بگڑ گیا + دکھلا وہ قد تو خاک مین شمشاد گڑ گیا۔ میر۔ بوسہ لبون کا مانگتے ہی منھ بگڑ گیا + کیا اتنی میری بات کا تمکو برا لگا۔

منھ بنانا۔ منھ بنالینا۔ ہونٹھ لٹکانا ناک بھون چڑھا لینا [illegible] بدل لینا ناز یا غصہ سے۔ میر۔ [illegible]

منہ کو بنا جانتا ہے۔ ولہ۔ سو بار یون تو غیرون سے کرتے ہو ہنسکے بات کچھ
منہ بنا رہے ہو ہماری ہی بار کو۔
منہ بند کرنا۔ خاموش کرنا رشوت دینا۔
منہ بند ہو جانا۔ خاموش ہو جانا زخم کا بھر جانا۔ ناسخ۔ تیر سے نالے نکلتے ہیں بیالے سمجھے ہیں + منہ مرا ہوتا نہیں مثل لب سوفار بند۔
منہ بنوانا۔ اپنے منہ کو لائق جانے کسی مجلس یا کلام کرنے کے بنانا قابلیت پیدا کرنا۔ آتش۔ تری صورت سے ہنستا تھا نہ لازم + گلون نے منہ کو بنوایا تو ہوتا۔
منہ بھر آنا۔ بادی کے سبب منہ مین پانی بھر آنا۔
منہ بھرائی دینا۔ زبان بند کرنے والی چیز دینا یعنی رشوت وغیرہ جس سے دشمن کی زبان بند ہو جاتی ہے۔
منہ بھر دینا۔ رشوت دیکر خاموش کر دینا۔
منہ بھر کے گالیان دینا۔ فحش گالیان دینا۔
منہ پر بسنت کھلنا۔ چہرہ زرد ہو جانا۔
منہ پر تھوک دینا۔ نفرت کرنا۔
منہ پر جانا۔ خاطر کرنا لحاظ کرنا۔
منہ پر چڑھنا۔ مقابل ہونا گستاخ ہونا۔ آتش۔ تمھارے تیغ کے زخمون نے ما سوا کر دی + بہادرون کے جو منہ چڑھے مجال نہیں۔
منہ پر رکھنا۔ چکھنا سو روپے دکھا دینا۔ مصحفی۔ خط سے رکھو کہ اس مین بہت ہین قباحتین + رکھین تمھارے منہ پر تنکو پیرا لگے۔
منہ پر شفق پھولنا۔ چہرہ پر سرخی آجانا۔
منہ پر لانا۔ ذکر کرنا ظاہر کرنا۔
منہ پر مہر یا قفل لگانا۔ بولنے نہ دینا جرات۔ آگے آواز اپنی جب در پر سنا جاتے ہو تم + منہ پہ میرے مہر خاموشی لگا جاتے ہو تم۔
منہ پر مہر لگی ہوئی ہونا۔ منہ بند ہونا۔ ذوق۔ بیٹھے بھرے ہوئے ہین خم مے کی طرح ہم + پر کیا کرین کہ مہر ہے منہ پر لگی ہوئی۔
منہ پر ناک نہ ہونا۔ بے شرم و بے لحاظ ہونا۔
منہ پر ہوائیان اڑنا۔ چہرہ کا رنگ اڑ جانا متحیر ہونا۔ جگر۔ آہ سوزان دل پر داغ ہے کیونکر جو اگر + اک ہوائی بھی مہتاب کے منہ پر چھوٹے۔ شوق۔ غم نے کی دل سے کچھ ادائی سی + منہ پہ چھٹنے لگی ہوائی سی۔
منہ پڑنا۔ کھایا جانا نصیب مین ہونا کام آجانا مشہور ہو جانا۔
منہ پسارنا پھیلانا۔ ہکا بکا اور حیران رہجانا طمع اور لالچ کرنا۔
منہ پکڑنا۔ منہ بند کرنا۔

منہ پھر جانا۔ کھانے کی خواہش نہ رہنا شکست کھانا۔ ذوق۔ پھر سیل حوادث سے کوئی مردون کا منہ + شیر سیدھا تیرتا ہے وقت رفتن آب مین۔
منہ پھلانا۔ منہ سجانا ناراض ہونا۔
منہ پھوڑ کر۔ منہ سے بولکر دلبری کرنا۔ ذوق۔ تو نے گل کو سر چڑھا رکھا جب چمن مین تو ڑکر + مین بھی حاضر ہون کہا غنچہ نے یہ منہ پھوڑ کر۔
منہ پھیرنا۔ منہ موڑنا۔ الگ ہونا کنارہ کرنا آنکھین بدلانا۔ نظیر۔ اب آگے بڑھاپے نے کیا ہائے یہ اندھیر + جو دوڑ کے ملتے تھے وہ اب جاتے ہین منہ پھیر۔ آتش۔ نہ ہم پھر سکینگے ہزار آپ ہم سے منہ پھیرین + چھین ہے سہل ہمین بیوفائی مشکل ہے۔
منہ تکنا۔ حسرت کی نگاہ سے دیکھنا۔ شوق۔ کوئی ہنسی پہ سر ٹپکنے لگا کوئی حسرت سے منہ کو تکنے لگا۔
منہ توڑنا۔ مارنا شرمندہ کرنا ذلیل کرنا۔
منہ تھتھانا۔ پھلانا سجانا۔ روٹھنا ناراض ہونا۔ رنگین۔ شکوہ آئے جو میرے گھر رنگین + منہ تھتھا کر مین بولی اس ڈھب سے + خیر سے جاؤ یہان سے گھر اپنے + دشمنون کو بخار ہے شب سے۔
منہ جوڑنا۔ کانا پھوسی کرنا اکٹھا کرنا چپکے چپکے مشورہ کرنا۔
منہ جھٹالنا۔ کچھ کھلا دینا ناشتا کرنا۔
منہ جھٹک جانا۔ منہ اتر جانا لاغر ہونا۔ آتش۔ کسیکے سر مین ہو اور دم میرا منہ جھٹکا + کسیکے پانو مین موچ آئی بیٹھے سر ٹپکا۔
منہ جھلسنا۔ کسیکا منہ جلا دینا ناخوش کرنا رشوت دینا۔ ذوق۔ یہان تک عدو زمانہ ہے مرد دلیر کا + جھلسین ہین منہ شکار کیئے پر بھی شیر کا۔
منہ چاٹنا۔ پیار کرنا خوشامد کرنا۔
منہ چڑانا۔ منہ بنانا نقلین لگانا یا کھجانا۔ آتش۔ پری سے چہرے کے ادپر نہین ہے لہراتی + یہ منہ چڑاتی ہے گیسوئے یار کھوکھٹ کا۔
منہ چڑھا۔ گستاخ بے ادب سر چڑھا۔
منہ چڑھنا۔ بے ادب و گستاخ ہونا مقابل ہونا۔ صبا۔ میری طرح اسے بھی ملا دے نہ خاک مین + آئینہ اس صنم کے بہت منہ چڑھے نہین۔
منہ چلانا۔ کھانا اور کاٹ کھانا۔
منہ چلنا۔ کوئی چیز کھاتے رہنا بولتے رہنا۔
منہ چومتے ہی گال کاٹنا۔ ابتدا ہی مین نقصان دینا۔
منہ چوم کر چھوڑ دینا۔ عزت کے بعد ذلیل کرنا۔ داغ۔ چوس لیتے ہین مرے زخم زبان پیکان + چھوڑ دیتے ہین یہ منہ چوم کے سوفارون کا۔
منہ چھپانا۔ منہ پر نقاب لینا۔ میر۔ کوئی ناامید انہ کرتے نگاہ؂

سو تم ہم سے منہ ہی چھپا کر چلے۔
منہ چھونا۔ بکلا دینا بظاہر کوئی چیز مانگنا۔ س۔ بھلا وہ اور دیتا
بوسہ لب + فقط چھوتا تھا ہمکو یار کا منہ۔
منہ خشک ہونا۔ بسبب پیاس یا دہشت کے زبان خشک ہونا۔ مومن
شعر۔ تیرہ ہیں مرے سو منہ کہ ہنگام جواب + خوف سے منہ اور زبان ہر سخن خشک
منہ در منہ کہنا۔ روبرو تقریر کرنا۔
منہ دکھانا۔ ملنا سامنے ہونا۔ میر۔ وصل میں رنگ اڑ گیا میرا + کیا
جدائی کو منہ دکھاؤنگا۔
منہ دھونا۔ منہ صاف کرنا وضو کرنا۔ داغ۔ فلک نے خوب خدمت لی
ہمارے دیدہ تر سے + کہ ہر آنسو نے منہ دھویا شب مہتاب ہجر انکا۔
منہ دیکھتے رہجانا۔ حیران و مایوس ہوکر رہجانا۔ کہ کسی رہجانا۔ جرأت
اپنے پہلو سے وہ جب اٹھکے چلا اے جرأت + کیسے منہ دیکھتے اور رہگئے مایوس سے ہم
منہ دیکھکر اٹھنا۔ علی الصباح کسیکے چہرہ پر نظر پڑنا۔ سحر۔ اللہ نے جمال
دکھایا حبیب کا + منہ دیکھکر اٹھے تھے کسی خوش نصیب کا۔ ذوق۔
جس جگہ بیٹھے ہیں با دیدۂ نم اٹھے ہیں + آج کس شخص کا منہ دیکھکے ہم اٹھے ہیں
منہ دیکھنا۔ چہرہ دیکھنا آئینہ سے منتظر اور امیدوار ہونا۔ تسخیر۔
مقبول کوئی عرض گنہگار کی نہیں + منہ دیکھتے ہیں میری دعا میں حبیب کا
منہ دیکھکر کہنا۔ منہ دیکھے کی سی کہنا۔ شہپر طرفداری اور خوشامد کی
باتیں کرنا۔
منہ ڈالنا منہ دینا۔ پاک برتن میں کتے وغیرہ کا منہ ڈالکر پلید کرنا۔
منہ ڈھانکنا۔ پوشیدہ کرنا عورتوں کا۔ سحر۔ نہ کہتا تھا میں اسیر جان کبھی
دو لگا تو کیا ہوگا + ہوا غم کسکو میرا کیوں رو بائے منہ ڈھانکا۔
منہ زرد یا فق ہونا۔ خوف یا غم سے رنگ چہرہ کا متغیر ہوجانا۔
ذوق۔ سینہ میں بوالہوس کے بھی تھا آبلہ مگر + نشتر کا نام سنتے
ہی منہ زرد ہوگیا۔
منہ زوری کرنا۔ زبردستی کرنا گالیاں دینا۔
منہ سرخ ہوجانا۔ غضب سے لال ہوجانا۔
منہ سجانا۔ رنجیدہ ہونا۔
منہ سکیڑنا۔ ناراض ہونا۔
منہ سنبھالنا۔ زبان کو روکنا۔
منہ سوکھنا۔ زبان خشک ہونا۔
منہ سے بات لپکنا۔ کسیکی زبان سے بات نکلنے سے پہلے وہ بات بیان
کردینا۔ شوق۔ یہی بتلانے کو تھا میں بھی نکات + چھین لی گویا

میر۔ سے منہ کی بات۔
منہ سے بات نکلنا۔ اتفاقاً زبان سے بات نکلنا بے ارادہ
بات کہدینا۔ س۔ تجربے میں اپنے دنیا میں یہ آئی بات ہے + بات
جو منہ سے نکلجائے پرائی بات ہے۔
منہ سے بات نہ نکل سکنا۔ خوف کے مارے زبان بند ہوجانا ہے
منہ سے بس کرنا۔ انکار کرنا۔ ذوق۔ منہ سے بس کرتے نہ ہر گز یہ خدا کے
بندے + گر حریصوں کو خدا ساری خدائی دیتا۔
منہ سے بولنا منہ سے پھوٹنا۔ بات کہنا جواب دینا بولنا۔ س۔ کھلتی
نہیں گل کی بد مزاجی + غنچے نہیں منہ سے پھوٹتے ہیں۔
منہ سے پھول جھڑنا۔ اچھی اچھی باتیں کرنا۔ [illegible]
[illegible]
منہ تری دینا۔ منہ کو تالے لگا دینا۔ بند کردینا۔
منہ سے منہ لگانا۔ بوسہ لینا چومنا۔
منہ کا پھوہڑا۔ بدزبان منہ پھٹ۔
منہ کا کچا۔ بد لگام گھوڑا۔
منہ کالا کرنا۔ اپنے آپ کو بدنام کرنا۔
منہ کا میٹھا۔ شیریں زبان۔
منہ کرنا۔ روبرو ہونا سامنے ہونا۔ میر۔ آن نے پہچان کر کہیں مارا +
منہ کیا ادھر تجاہل تھا۔
منہ کو زہر لگ جانا۔ افیون وغیرہ کھانے کی عادت ہوجانا۔ داغ۔
لیتا ہوں بوسہ انکے خط سبز کے فرے + یہ زہر اندنو مرے منہ کو لگا ہوا
منہ کو لہو لگنا۔ حرام اور رشوت کھانے کی عادت ہوجانا۔
منہ کھل جانا۔ بدزبان ہوجانا گستاخ ہوجانا۔
منہ کھلوانا۔ بولنے کے واسطے مجبور کرنا۔ جرأت۔ دیکھ ادھر کو ٹھیک
کہا تھا غیروں کو مت آنے دو + چپ رہو منہ کھلواؤ نہ میرا جانے دو بس جانے دو
منہ کھولنا۔ بے پردہ ہونا کلام کرنا زبان درازی کرنا۔ مومن۔ بات
پوری بھی منہ سے نکلی نہیں + آپ نے گالیوں پہ منہ کھولا۔
منہ کی کھانا۔ سزا پانا گوشمالی پانا۔ شوق۔ لیں ہر اک سے جو کہ لپٹ
لاؤ گے + اک نہ اک روز منہ کی کھاؤ گے + برق۔ نہ گیا دل سے شوق
بوسہ لب + بارہا اسنے منہ کی کھائی ہے۔ شوق۔ عزت اللہ نے بچائی
آج ہم تو سمجھے تھے منہ کی کھائی آج۔
منہ کیلنا۔ جادو کے زور سے خاموش رکھنا۔ سانپ کا
منہ کیلنا زہر کی تاثیر نہ ہونے دینا رشوت دینا۔

منھ کی لوئی اُتر جانا - بے پردہ و بے حیا ہو جانا۔
منھ لال کرنا - منھ پر تماچے مارنا گالگونہ ملنا۔
منھ لال ہو جانا - پان کھانے یا غصہ کے سبب منھ لال ہو جانا۔
منھ لپیٹ کر پڑ رہنا - بیمار یا غمگین ہونا۔
منھ لگانا - دوست بنانا التفات کرنا - آتش - سبوے و شیشہ و خم
کسکی کی نہ پابوسی + کسی نے منھ نہ لگایا مجھے سواے قدح۔
منھ لگنا - گستاخ ہونا عادی ہونا برابری کرنا۔
منھ مارنا - جلد جلد کھانا منھ بند کرنا محروم رکھنا - بحر - خوان نعمت سے
کبھی خط نہ اٹھائینگے بخیل + مال کھا سکتے ہین نقد کرنے منھ مارے ہین۔
منھ سکوڑنا - پھیر لینا ناک بھون چڑھانا۔
منھ موڑنا - روگردانی کرنا توجہ نکرنا - صبا - منھ موڑنا بتان حسین سے
[illegible]
منھ میٹھا کرنا - کسی نیک تقریب مین شیرینی تقسیم کرنا - آتش - جسکو
ہی بوسہ اُس لب شیرین کا رکھا + میٹھا منھ کو تیرے سکھوا رکھا - جرأت
کبھی انعام نت پاتے ہین اے شیرین دہن تجھسے + کبھی تو ایک بوسے سے
ہمارا منھ بھی میٹھا کر۔
منھ مین پانی بھر آنا - کسی چیز پر طبیعت کی خواہش ظاہر ہونا -
آتش - بھر آئے دیکھ کے منھ مین کسطرح پانی + تمھاری ناک کا تیشہ [illegible]
منھ مین پانی چوانا - نزع کی حالت مین بیمار کے منھ مین پانی دینا -
ذوق - منھ مین گر پانی چواوے یار اپنے ہاتھ سے + مرگ کی تلخی [illegible]
[illegible] نہین۔
منھ ہی منھ مین پڑھنا - آہستہ آہستہ پڑھنا۔
منھ مین تنکا لینا - نہایت منت کرنا۔
منھ مین زبان نہونا - کم زبان و کم سخن ہونا - آتش - تجھسا کوئی
زمانہ مین سجھیا ہان نہین + آگے ترے سبھی کے منھ مین زبان نہین۔
منھ مین گھنگنیان بھر جانا - بول نسکنا - ذوق - نہ ڈال آبلے
گرمی فغان منھ مین + کہ چپکا بیٹھ رہون بھر کے گھنگنیان منھ مین۔
منھ نہ پڑ جانا - شرم یا کسی اور سبب سے بول نسکنا - ؎ شکوہ کرنے
گئے تھے گو ان سے + دیکھ کر منھ پڑا نہ منھ اپنا۔
منھ نکل آنا - لاغر ہو جانا دبلا ہو جانا۔
منھ ہی منھ مین کہنا - آہستہ آہستہ بولنا - جرأت - منھ ہی منھ مین
کہتے ہین ہم وہ ہان تنگ دیکھ + ہاے لب سے لب ملا کیونکر مزا لے جائیے
منیا بولنا - اچھا شگون ہونا۔

منھ بولتی مورت - نہایت عجیب مورت کہ منھ سے بولتی معلوم ہو اور
انسان جو حیوان ناطق ہے۔
منھ دیکھے کی پریت - ظاہری محبت اور باطل الفت - ؎ یون تو منھ
دیکھی کی ہوتی ہے محبت سبکو + ہیچھے جو یاد کرے اسکو وفا کہتے ہین۔
منھ پر - روبرو سامنے مقابل۔
منھ زور - جو بے سوچے سمجھے بات کہے منھ پھٹ اور منھ چھٹ بھی اسکو کہتے ہین
منھ چور - نہایت شرمناک کسی سے نہ ملنے والا کسیکو منھ نہ دکھانے والا۔
منھ تو دیکھو - اسکی صورت تو دیکھو چہرہ دیکھو - ؎ متاع حسن ارزان
آجکل ہے + لگا لا خط میان کا منھ تو دیکھو
منھ کالا ہو - یہ ایک بددعا ہے - یار علی - باجی ہوا ایسی چوٹی ماما کا کا
منھ کالا ہے روٹیان جو چرا کر ازار مین۔
منھا منھ - لبالب کنارون تک بھرا ہوا - ناسخ - بھر جائے اگر بادہ
منھا منھ تکرون لبس + میخواری مین ہے ظرف مرا خم سے زیادہ۔
منھ کلا دیکھی - خوبصورت جسکے چہرہ دیکھنے سے خوشی حاصل ہو۔
منھ اٹھائے منھ اٹھا کر - اندھا دھند بلا تحاشا منھ اونچا کرکے -
؎ دور منزل ہے راستہ ہے تنگ + تو کہان منھ اٹھائے جاتا ہے - جرأت
منھ اٹھا کر نہ چلو اونٹ کی چال سے + ٹھوکر کھاتے اندھون کی طرح راہ
مین ٹھوکر کیون ہو۔
منھ اندھیرے - علی الصباح قبل طلوع آفتاب۔
منھ بند کلی - غنچہ ناشگفتہ اور کنواری عورت۔
منھ زبانی - حفظ یاد ازبر۔
منھ دکھائی - وہ زیور یا نقد جو عروس کو پہلے روز دیتے ہین۔
منھ دھو رکھے - اپنی صورت بنائے کہ اس نعمت کے لائق وہ نہین ہے
جرأت - کوئی دل مانگتا تھا تو کہتے تھے ہم منھ دھو رکھے + اب تو آپ
اشک سے اپنا ہی منھ دھونا پڑا۔

	میم با واو	

موہرا آنا - میوہ کا چھلکی پر آنا۔
موت آنا - اجل آنا مرگ آنا - قطعہ از مولف - ہر گھڑی ہر وقت
ہر شام و سحر + سر پہ ہے نقارہ بجتا موت کا + جسگھڑی پیدا ہوا تھا
آدمی + ساتھ ہی قاصد تھا آیا موت کا۔
موت کا پسینہ آنا - نزع کیوقت کا پسینہ - شوق - بجلی آتی ہے سر و
سینہ ہے + ہاتھ پر موت کا پسینہ ہے۔
موت کا چلو ہاتھ مین دینا - پیشاب کا چلو دینا جو خوردسال بچون کی

نسبت کہتے ہین کہ ان سے سوائے موت کے چلو کے اور کچھ نصیب نہین۔
موت نکلنا۔ بہت ڈرنا نہایت خوف کرنا پیشاب نکلنا۔
موتی پرونا شعر کہنا نظم لکھنا فصاحت و بلاغت سے کلام کرنا رونا آنسو بہانا۔ غالب۔ وہان خودآرائی سے تھا موتی پرونے کا خیال + یہان ہجوم اشک مین تار نگہ نایاب تھا۔
موتی چھیدنا۔ موتی بیدھنا۔ موتی کو سوراخ کرنا باکرہ کا ازالۂ بکارت کرنا۔
موتی کی سی آب جانا۔ بے آبرو و بے توقیر ہونا۔ میر تقی۔ گر کر اسکی گلی کی خاک مین مفت + اشک کے موتی کی سی آب گئی۔
موتیون سے منھ بھرنا۔ بخشش کرنا مال و دولت سے نہال کر دینا۔ سودا۔ تھا مین کس کی تجھ ون نے وہ ہوں لکھو لا کھا اسے شبنم۔ گلون کا منھ تیرے سے قطرے جو بھرتے ہین۔ ولہ۔ جسکی دریا دلی ایسی کرتا خواہ ان کے موتیون سے بھرے جاتے ہین صدف وار دہن۔
موٹا جھوٹا پہننا۔ غریبانہ لباس پہننا۔
موٹا دکھائی دینا۔ بصارت کا کم ہو جانا۔
موٹھ چلانا۔ کسی پر جادو کرنا۔
موٹھ چلنا۔ جادو چلنا سحر کا موثر ہونا۔ برق۔ نہ پہونچا کبھی یار تک دست وہم + یہان موٹھ ساحر کی چلتی نہین۔
موٹھ مارنا۔ ہاتھ سے کبوتر پکڑنا جادو کرنا کسی کے مال مین سے مٹھی بھر کر چلتا بنا۔ سودا۔ دل پہلون زخم نہان تیغ نگہ نے مارا + موٹھ جیسے کسی پر کوئی دشمن مارے۔
موج مارنا۔ لہرین مارنا بہنا۔ آرزو۔ دریائے اشک اپنا جب سر تو اوج مارے + طوفان نوح بیٹھا گوشہ مین موج مارے۔
موجودات۔ حاضری لینا پرتالنا۔
موجین کرنا عیش کرنا مزے اڑانا۔ حاتم۔ مثال بحر موجین مارتا ہی + لیا ہی جسنے دنیا سے کنارہ۔
موچھون پر تاؤ دینا۔ ہاتھ پھیرنا۔ غرور و تکبر کرنا اترانا گھمنڈ کرنا۔ بحر۔ تاؤ موچھون پہ دیا کرتے ہین زاہد کے حضور + تیری بخشش پہ جو رکھتے ہین گنہگار گھمنڈ
موچھون سے چنگاریان نکلنا۔ غضب و غصہ کی حالت مین ہونا۔
موذی پنا۔ موذی پنا کرنا۔ بخل کرنا کنجوسی کرنا نہ خود کھانا نہ کسیکو دینا۔
مورچہ مارنا۔ لڑائی مارنا دشمن کو شکست دینا۔
موزون کرنا۔ شعر لکھنا وزن درست کرنا۔
مسوس کے کھا جانا۔ دغا فریب سے مال مارنا۔
موسلا دھار برسنا۔ سخت بارش ہونا۔
موسلون ڈھول بجانا۔ زور سے ڈھول بجانا۔

موقع کو نہ جانے دینا موقع ہاتھ سے نہ دینا۔ وقت پر کام آنا۔
مول لگانا۔ مول تول ٹھہرانا قیمت مقرر کرنا سودا کرنا بھاؤ قایم کرنا۔
مول لیکے چھوڑ دینا۔ ناچیز سمجھنا غلامی کے لائق بھی نہ تصور کرنا۔
موم کرنا۔ ملایم و نرم کر لینا۔
موم ہو جانا۔ ملایم و نرم ہونا۔ داغ۔ مین وہ ہون آتش فرقت سے جسکے گھلتے ہین پہاڑ + موم ہو جاتا ہی جو آتا ہی پتھر زیر پا۔
مومیائی نکالنا۔ سخت محنت کرانا زد و کوب کرنا۔
مونڈ مارنا۔ سر مارنا۔
مونڈ منڈانا۔ سر کے بال استرے سے اتروانا کسی گرو کا چیلا ہونا۔ کبیر۔ مونڈ منڈایا ہر ملے سب کوئی لے منڈائے + بار بار کے مونڈتے بھیڑ نہ بیکنٹھ جائے۔ گھڑی گھڑی کے پھیرے جو پھنسا + کھلڑی اوپر لکھ کا من جیسے کا تیسا۔
مونڈی کاٹنا۔ سر کٹنا۔
مون سادھنا۔ چپ رہنا خاموشی اختیار کرنا۔
مونگ کی دال کھانے والا۔ بزدل ڈرپوک دو کا مدار لالچی۔
موئے جیتے اکھاڑنا۔ پرانے قصے بیان کرنا مرے ہوئے اور زندون کو برا بولنا۔ شوق۔ موئے جیتے اکھاڑ ڈالونگی + لکڑی کیطرح جھاڑ ڈالونگی۔
مونیا سا پیٹ۔ نہایت نرم و ملایم پیٹ۔
موم کی ناک۔ جو شخص اپنی بات پر قایم نہو۔
موچھ کا بال۔ سچا آدمی راست گو آدمی ہر ایک بات میں مشورہ کہنے والا۔
موم دل۔ نرم دل۔ حلیم بردبار۔
موٹا قلم۔ جلی قلم لکھنے کا۔
موم ہوگئے ہین۔ نرم دل ہوگئے ہین۔
مونگ کی پھلیان۔ نہایت نازک انگلیان۔
موتیون کا نوالہ۔ عمدہ اور قیمتی غذا۔
موچی کا ٹکا۔ سی ہوئی جوتی۔
موٹی اسامی۔ دولتمند مالدار۔
موٹی بات ہی۔ قریب الفہم ہی۔
مولا دولا ہی۔ فیاض سخی بے پروا ہی۔
مونڈھے والی۔ کسبی رنڈی۔
موئے پر سو دُرّے۔ مرے ہوئے آدمی پہ سو تازیانے لگانے غریب پر ظلم کرنا۔
موئی مٹی کی نشانی۔ کسی مری ہوئی عورت یا مرد کی نشانی لڑکی یا لڑکا وغیرہ۔

میم با ہاے ہوز

مہا لوپ راس۔ لکھنؤ میں کاش بڑے میاں بڑے حضرت جناب عالی۔
مہا ماننس بیچنا۔ غلام بیچنا بردہ فروشی کرنا۔
مہتاب کا کھیت کرنا۔ چاندنی اور چاندنی نکلنا۔ برق۔ یون بڑے رشتے میان ہی تڑپے تن میں مہتاب کھیت جسطرح سے کرتا ہی چمن میں مہتاب
مہر اکرنا۔ جلا کرنا۔
مہر ادا دینا۔ مہر لکھوانے کی رسوم کی رقم ادا کرنا اجرت دیکر گواہی کرانا
مہرے پر رکھنا۔ نشانہ پر رکھنا۔
مہیا کن بولنا۔ نرمی سے کلام کرنا۔
مہنگی سے مہنگا۔ گران فروش۔
مہورت کرنا۔ وقت اور ساعت مقرر کرنا۔
مہینا چڑھنا۔ مہینے کی تنخواہ کا روپیہ چڑھنا حیض کے دن نکل کر دیکھ آنا
مہین گندا۔ نہایت بد معاش۔
مہینے سے ہونا۔ حیض سے ہونا۔
مہا پرش۔ اچھا آدمی۔
مہا برہمن۔ اچھا برہمن مردے کا مال کھانے والا۔
مہا بھنگی پانی۔ بھنگی کی رد پوڑی کی۔
مہا ما یُ۔ دلیری دا آ۔

میم با یا

میان سے باہر ہونا۔ تلوار کا میان سے نکلنا یا غصہ کا حد سے بڑھنا
میان سے کھینچ نکالنا۔ کسیکو قتل کے ارادہ سے تلوار میان سے نکال لینا۔ دو تلواریں ایک میان میں۔ ایک جگہ دو شخص کا گزر نہیں ہو سکتا
گویا اس طرح کے۔ دو تلواریں ایک میان میں نہیں رہتیں
میان میں کرنا۔ تلوار کو میان میں ڈال لینا۔
میٹھا بولنا۔ خلق و آداب سے بولنا۔
میٹھا پویا۔ نرم رفتاری گھوڑے کی۔
میٹھا منہ کرنا۔ شیرینی کھلانا یا رشوت دینا۔
میٹھا میٹھا۔ تھوڑا تھوڑا خفیف سا درد ہونا۔ جیسے اس طرح شیرینی کی جو چھوٹی جگہ تھی تو دل میں کیا کہوں اک میٹھا میٹھا درد ہوتا ہے۔
میٹھا ہونا۔ شیرین ہونا لالچ یا فائدہ ہونا۔ ذوق۔ حرف تلخ اس لب شیرین سے ہر اک بات میں آوے تو ہم سمجھتے ہیں ہم کچھ تو میٹھا ہے۔
میٹھی مار مارنا۔ اسطرح سے مارنا کہ خون نہ نکلے مگر بدن قیمہ ہو جائے۔
میٹھے منہ ہونا۔ میٹھی بارڑ ہونا۔ تلوار یا چھری کا تیز ہونا۔

بچو۔ تلخی مرگ سے ہرگز مجھے اندیشہ نہیں میٹھی چھری کا مار رہا ہوں
میٹھی نظروں سے دیکھنا۔ محبت کی نگاہ سے دیکھنا۔ ناسخ۔
وہ کیا میٹھے ہیں + اس پری کی آنکھیں ہیں بادام تلخ۔
میخ مارنا۔ کسیکے کام میں حارج ہونا بھانجی مارنا۔
میدان جانا۔ قضاے حاجت کو جانا۔
میدان چھوڑنا۔ لڑائی سے بھاگ جانا۔
میدان دینا۔ فراخ زمین کردینا اور دور رہنا۔
میدان کرنا۔ جنگ کرنا لڑنا۔
میدان مارنا۔ لڑائی جیتنا۔
میدان میں آنا۔ جنگ کو آنا۔
میدہ سا۔ نہایت باریک۔
میزان بیٹھنا۔ موافقت آنا معاملہ ہونا۔
میکا بسانا۔ خاوند کے گھر سے نکلکر عورت کا اپنے ماں باپ کے گھر جانا۔
میلا جڑنا۔ میلا لگنا۔ لوگوں کا ہجوم ہونا۔
میلا کرنا۔ گندہ کرنا غلیظ کرنا خراب کرنا پاخانہ پھرنا۔
میلا کرنا۔ سیر تماشا کو جانا لطف اٹھانا
میل خورا۔ وہ کپڑا جو کپڑوں کے نیچے پہنا جاتا ہے اور صابن جس سے کپڑے دھوئے جاتے ہیں۔
میل لانا۔ اداس ہونا طبیعت میں رنجیدگی لانا۔
میلی سر سے ہونا۔ عورت کا حیض سے ہونا۔ راحت۔ ہوں میلی سر سے مجھے دھونا ضرور رہی + صحنک میں شامل بے لوا ہونا ضرور رہی
مینا کاری چھانٹنا۔ غور سے دیکھنا ایک چیز کی بھلائی اور برائی کو جانچنا
مینڈکی کو زکام ہوا۔ چیونٹی کو بھی پر لگے۔ شوق۔ اور یا تو لگا اب پیام ہوا + مینڈکی کو بھی لو زکام ہوا۔
مینڈھا اچھلنا۔ دریا میں بڑی بڑی موجوں کا ظاہر ہونا۔ بحر۔ بحر غم نے کھائی ٹکر ایسی موج اشک کی + ہر بھنور چکرا گیا مینڈھا اچھل کر گیا
مینڈھا لڑانا۔ شرکت اور ساجھا کرنا۔
مینڈھے لڑانا۔ بھیڑوں کو آپس میں لڑوانا خانہ جنگی کرانا۔
مین میکھ نکالنا۔ فال بینی کرنا اپنے آپ کو وہم میں ڈالنا ہر ایک کام میں نکتہ چینی کرنا۔
میدہ و شہاب۔ سرخ و سپید نہایت حسین۔
مے پرست۔ جسکو شراب پینے کی عادت ہو۔
میٹھی نیند۔ بےفکری کی نیند جوانی کی نیند۔

میک ڈمبر - بڑا خیمہ اور بادل اور نام ایک قسم کی پالکی کا جو ہاتھی پر کسی جاتی ہے
میٹھا برس - اٹھارہواں برس عمر کا -
میر آتش - سلاح خانہ کا داروغہ
میر فرش - وہ وزن دار پتھر جو فرش کے گوشوں پر رکھدیتے ہین -
میٹھا ٹھگ - فریب دینے والا مکار جو میٹھی باتین کر کے ٹھگ لے -
میل میل - ہاتھی کے چلانے کی آواز -
مین مین - ہنکار غرور گھمنڈ -
میاں مٹھو - سادہ لوح بھولا بھالا آدمی اور خطاب طوطی کا اور نام ایک مجذوب کا جسکے مرنے کی تاریخی رباعی یہ ہے - رباعی - میاں مٹھو جو ذاکر حق تھے ذکر حق مین سرشار رہا کرتے تھے گر مرگ نے جو آ دبایا کچھ نہ بولے سوائے حق حق کے -
میاں آدمی - بھلا آدمی نیک آدمی -
میاں بھائی - ایک عورت سے دو آشنا آپس مین میاں بھائی ہوئے چنانچہ ایک میان مین دو تلوارین -
میانجی - معلم مکتب پڑھانے والا -
میٹھی بولی - شیرین زبان -
میٹھی چھری - منافق آدمی جو بظاہر میٹھی میٹھی باتین کرے اور باطن مین دشمن ہو -
میدہ کی لوئی - نہایت ملایم پیٹ -
میرا ماتم کرے - مجھے روئے - میرا حلوا کھائے - میری چھٹی کھائے - بازاری فاحشہ عورتین اپنے آشناؤن کو اسطرح کی قسمین دیتی ہین اور کہتی ہین کہ اگر تو فلان کام نکرے تو میرا ماتم کرے وغیرہ وغیرہ -
میرا لہو پیئے - یہ بھی ایک جملہ قسمیہ ہے - ذوق کہتے ہین خنجر قاتل یہ گلو میرا کہی جو مجھ سے کرے تو پیئے لہو میرا -

پانچوین فصل

لغات متعلق بعلم طب کے بیان مین

میم با الف

ماء - فارسی مین آب ہندی مین اسکو پانی کہتے ہین جو ایک عنصر از اربع عناصر بسیط سے ہے اور فائدے اس سے جو انسان کو حاصل ہین ظاہر ہین ومن الماء کل شئ حی اسپر گواہ ہے پانی کے بہت سے اقسام ہین بارش کا پانی نہر کا پانی چشمہ کا پانی حوض کا پانی سمندر کا پانی کنوئین کا پانی وغیرہ

انکی تاثیرین الگ الگ طبیہ کتب مین تشریح ہین بخوف طوالت درج نہین کیا گیا
مالما - یہ ایک درخت شام کی ولایت مین ہے اسکے پتے واسطے دفع سمیت سانپ کے زہر کا علاج ہے اور لکڑی زہر قاتل ہے ہندی مین اسکو ... کہتے ہین
مامیثا - یہ ایک قسم کی جنگلی خشخاش ہے پھول اسکا زرد ہے پھل کو کوٹ کر ٹکیان بنا رکھتے ہین اسکو عصارہ مامیثا اور شیاف مامیثا کہتے ہین طبیعت اسکی سرد خشک قابض و رادع و محلل دافع درد سر و خفقان و اسہال صفراوی و ورم بدن ہے
مار ماہی - یہ ایک مچھلی ہے سانپ کی طرح لمبی جسکو فارسی مین مار ماہی کہتے ہین یہ اور مچھلیون کیطرح پانی سے ... طبیعت اسکی گرم خشک اسکا گوشت باہ کو بڑھاتا ہے اور درد پشت کو دور کرتا ہے -
ماہی زہرہ - مشہور ماہی زہرہ ہے چونکہ کھانا اسکا مچھلی کو مار دیتا ہے اسلیے اسکا زہر ماہی نام رکھا ہے ایک گھاس شیر دار ہے طبیعت اسکی گرم خشک مسہل قوی اقسام بلغم کا محلل ریاح دافع درد مفاصل و نقرس و عرق النسا ہے -
ماء القراح - عرق نارنج کا جو گلاب کیطرح کھینچا جاتا ہے عرق بہار بھی اسکو کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک دافع درد سر و امراض رد ہے
ماعز - مشہور جانور ہے جسکو فارسی مین بز اور ہندی مین بکرا بکری کہتے ہین گوشت اسکا عام و خاص کھاتے ہین نہایت لذیذ ہوتا ہے طبیعت اسکی گرم تر صالح الکیموس مولد خون لطیف ہے -
ماس - مشہور اور قیمتی پتھر ہے جسکو فارسی مین الماس اور ہندی مین ہیرا کہتے ہین نہایت سخت اور خشک ہر ایک رنگ کا ہوتا ہے سپید اور زرد اور سیاہ و سرخ اور خاکی لیکن تیلیا سپید بکثرت ملتا ہے لیکن بے رنگ اور بے رگ بڑی قیمت پاتا ہے طبیعت سرد اور خشک ہے پاس رکھنا اسکا دلکو قوت دیتا ہے دافع خوف و دہشت ہے زہر قاتل ہے تھوڑا کھانا اسکا بھی مار ڈالتا ہے -
ماش - مشہور غلہ ہے جو کھانے مین آتا ہے طبیعت اسکی سرد مائل بخشکی کثیر الغذا مولد خلط صالح بطی الانحدار ہے -
مازریون - یہ ایک درخت خیزدار کا ہے بقدر درخت سماق کے اور تین قسم پر منقسم ہے ایک کے پتے سفید اور بڑے اور نازک اسکو ... کہتے ہین دوسرے کے پتے زرد زیتون کے پتون سے چھوٹے فارسی مین اسکا ... نام ہے تیسری قسم کی پتے سیاہ ان تینون مین سے مستعمل سفید پتون والا ہے طبیعت اسکی گرم و خشک جالی و منقی و مسہل قوی ہے
ماسفودون - ایک قسم ریحان کا ہے نہایت خوشبو طبیعت گرم خشک

سدہ افعال و خواص اسکے سنبل ہندی کے ہیں شہر میں خوشبو کیلئے و استعمال رکھتے ہیں۔

مالک الحزین۔ یہ ایک جانور ہی جسکو فارسی میں بوتیمار اور ہندی میں بگلا کہتے ہیں پانی کے کنارے رہتا ہی سپید رنگ اور مچھلی کھاتا ہی طبیعت اسکی گرم و خشک گوشت اسکا غلیظ مولد ریاح قوی کنندہ و محرک باہ ہی۔

ماء العسل المطبوخ۔ ماء العسل یعنے شہد اور پانی پکایا ہوا یونانی لغت ہی پانی یعنے شہد اور قراطن یعنے پانی ہی ایک حصہ شہد اور دو حصہ پانی ملا کر پکاتے ہیں دو تہائی رہ جائے تو آگ سے اتار لیں اور وقت الحاجت کام میں لاویں طبیعت اسکی گرم تر مقوی اعضا سے بارد و امراض بارد دافع درد مفاصل و قراقر شکم مدر بول و حیض ہی۔

مامیران۔ یہ دوا ہلدی کی قسم سے ہی ساق اور شاخین اسکی نبات کی زمین سے اونچی نہیں مشابہ لبلاب کے پتے گول سفید یا مائل بزردی و لزوجت کی جڑ ہلدی سے چھوٹی اور پتلی گرہ دار غیر مستقیم مو پیلے ریشوں کے خراسان اور ہند میں پیدا ہوتی ہی بہتر وہ ہی جو چین سے لاتے ہیں طبیعت اسکی گرم و خشک ہی ہزاروں خواص اسکے درج کتب طبیہ میں ہیں اقتصار یہ ہی کہ آنکھوں کو روشن کرتی ہی ناخنہ و تاریکی دور کرتی ہی آنکھ کی ہر ایک بیماری کا علاج ہی۔

ماہودانہ۔ اسکو حب السلاطین و حب الملوک بھی کہتے ہیں مسہل قوی ہی درد مفاصل و نقرس کو دفع کرتا ہی زیادہ کھانا منع ہی اور اسہال کی کثرت سے ہلاکت کا اندیشہ۔

مال کنگنی۔ مشہور دوا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک مقوی دماغ و قوت حافظہ و ذہن دافع درد مفاصل و نقرس و عرق النساء امراض باردہ رطبہ دماغی ہی۔

میم با ثاے مثلثہ

مثلث۔ یہ ایک قسم کی شراب ہی کہ تین حصہ انگور کا پانی اور ایک حصہ خالص پانی ملا کر جوش دیں ایک حصہ جل جائے تو اتار لیں پینا اسکا مولد خون صالح مقوی ہاضمہ دافع ذات الجنب و ذات الصدر و ہیچک و مقوی باہ مگر کثرت اسکی مضر ہی۔

مثنان۔ یہ نبات دو قسم پر منقسم ہی ایک کی شاخیں بہت سی اور لمبی بقدر دو گز کے اور پتے مازریون کے سے ساتھ رطوبت لیس دار کے پھول سپید اور پھل سرخ جسکو حب دانہ و گرم دانہ کہتے ہیں پتے اور بیج اسکے مستعمل ہیں طبیعت اسکی گرم و خشک اور مسہل قوی بلغم کا ہی

مدسے اور امعاکے کرم کو نکالتا ہی دوسری قسم کی نبات بقدر دو بالشت کے بلند ہوتی ہی پھول زرد طبیعت اسکی گرم و خشک ہی مسہل بلغم خام کا ہی اور استسقا کو نہایت مفید۔

میم با جیم

مجنج۔ بضم میم و سکون جیم و فتح نون و سکون حاے حطی ایک میوہ کا نام ہی جو قسم ریاحین سے ہی طبیعت سرد و خشک حابس اسہال و سیلان خون ہی۔

مجوقان۔ یہ جڑ کسی نبات کی ہی جو شہر مجوقان سے لاتے ہیں طبیعت اسکی گرم اور خشک ساتھ قوت مسہلہ کے ہر ایک قسم نزلہ اور درد مفاصل و امراض گردہ و قولنج کو نافع ہی۔

میم با حاے حطی

محروث۔ بیخ انگوزہ مشہور چیز ہی با ضم مصفی معدہ محلل ریاح مانند حلتیت کے ہی۔

میم با خاے

مخ۔ وہ مغز جو ہڈی کے اندر ہو طبیعت اسکی گرم تر ملین و مرخی اعضا کثیر الغذا مسمن بدن ہی۔

مخیض۔ چھاچھ جسمیں سے مسکہ نکل چکا ہو طبیعت اسکی سرد و تر مسکن غلیان خون محرک باہ محرورین و شتہی و مسمن و دافع حرارت و سوزش معدہ ہی۔

مخلصہ۔ یہ دوا اعلے تریاق سانپ کے زہر کا ہی باعتبار اماکن مختلف کے مختلف شکلیں اسکی ہوتی ہیں طبیعت اسکی گرم و خشک قولنج کو دفع کرتی ہی معدہ کو تقویت دیتی ہی ہر ایک قسم کے زہر خصوصاً سانپ کے زہر کا علاج ہی۔

میم با دال

مداد۔ مرکب یعنے وہ سیاہی جو کاجل و گوند وغیرہ سے لکھنے کے لئے بناتے ہیں طبیعت اسکی سرد و خشک قابض مجفف و حابس بہا و دافع شقوق ہی

میم با راے

مرقیشا۔ یہ ایک پتھر نہایت روشن و مصفا ہوتا ہی عربی میں اسکو حجر النور فارسی میں سنگ روشنی ہندی میں سونا مکھی کہتے ہیں ذہبی و فضی و نحاسی و حدیدی ہوتا ہی جس کان میں پیدا ہوتا ہی اسی سے منسوب کیا جاتا ہی اور کانی جوہر اسمیں نمودار رہتے ہیں قوی سب سے ذہبی ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک محلل و جالی و قابض ہی سرمہ اسکا محرق و غیر محرق آنکھ کی روشنی کیواسطے مجرب علاج ہی تعلیق اسکا باعث رفع

خوف شیا و دہشت کا ہے

مرداسنج - معرب مرداسنگ یہ ایک مصنوعی پتھر ہے جو اجساد معدنی سواے لوہے کے بنایا جاتا ہے مزاج اسکا خشک مایل بگرمی کھانا اسکا زہر قاتل ہے اکثر مرہمون مین داخل کیا جاتا ہے کہ کاٹنے والا گوشت زائد فاسد کا اور جمانے والا اچھے گوشت اور بند کرنے والا زخمون کا۔

مرمازاد - یہ ایک نبات ہے جسکی ایک ساق بقدر بالشت کے پھول بنفشی مایل بسرخی چھوٹی پتی طبیعت گرم و خشک مقوی دماغ دافع درد سر بلغمی مقوی جگر محلل ریاح ہے

مر - عربی لغت ہے ہندی مین اسکو بول بفتح … کہتے ہین ایک درخت کا گوند ہے جو مغرب کی سمت سے لاتے ہین … خوبصورت گرہ دار بانس کیطرح ہوتا ہے بعض جزا اسکے … مین تلخ گوند اس سے کئی طرح سے نکلتا ہے ایک گوند تو وہ ہے جو درخت کو چھیلتے ہین اور نیچے برتن رکھدیتے ہین گوند درخت سے نکلکر برتن مین جمع ہوتا ہے اسکو مرصاف کہتے ہین اور جو خود بخود درخت سے نکلتا ہے اسکو مرالبطایح بولتے ہین اور جو درخت کی پوست کو جوش دیکر نکالتے ہین اسکو سیہ سایہ مرطیشی کہتے ہین یہ اچھا نہین ہوتا طبیعت اسکی گرم و خشک ہے دوا ادویہ جلیلہ عظیم النفع سے ہے ہزارون فائدے اسکے کتابون مین لکھے ہین

مرار - یہ ایک کانٹا گرمی کی ابتدا مین پیدا ہوتا ہے پتے اسکے مشابہ پتے چقندر کے ہوتے ہین پھول اسکا زرد اور تخم کسوث کے تخم کیطرح ہوتا ہے طبیعت اسکی معتدل حرارت مین اور خشک ہے دافع درد پہلو و ضعف جگر و جرب و حکہ مدر بول و حیض ہے

مرمر - مشہور پتھر ہے رخام بھی اسکو کہتے ہین اسکو جلا کر راکھ اسکی دانتون کو ملین تو دانت مضبوط رہتے ہین۔

مرماحوز - یہ پہاڑی بوٹی ہے ساق اسکی ایک بالشت پتی لمبی اور گول رنگ تیرہ پھول زرد مائل بہ تیرگی طبیعت گرم خشک ملطف و محلل شراب مین اگر اسکو ڈالکر پئین تو نشہ زیادہ ہوتا ہے۔

مرسطس - ایک درخت بقدر قد آدم ہوتا ہے پتی باریک بال کیطرح تیز اور تلخ طبیعت گرم و خشک طلا اسکا سانپ اور بچھو وغیرہ زہردار جانورون کے نیش پر لگائین تو زہر دفع ہو جاتا ہے عسر ولادت کے وقت اگر اسکی لکڑی عورت ہاتھ مین رکھے تو بچہ فی الفور باہر آجائے دو وقیہ پانی اسکا زہر قاتل ہے

مرمیطس - یہ ایک پتھر سیاہ خطدار اور ہلکا ہوتا ہے اگر اسکو پیسین تو شراب کی بو آتی ہے دافع وجع الفواد و درد پشت ہے۔

مرزنجوش - یہ ایک نبات ہے جسکے پتے چوہے کے کانون کیطرح … ہوتے ہین یہ لفظ مرزنگوش ہے معرب اسکا مرزنجوش … طبیعت اسکی گرم خشک محلل و مفتح جالی … دافع درد سر … بلغمی و مالیخولیا و لقوہ ہے

مرغ - نام ایک گھانس کا ہے جسکو دوب کہتے ہین دافع … زہر مار و زہر کژدم و سوزش سینہ ہے

مران - یہ ایک درخت عرب کی زمین مین ہے سب اجزا اسکے تلخ اور لکڑی سخت ہے طبیعت گرم خشک جوشاندہ دافع زہر مار ہے

مرجان - مشہور چیز ہے جسکو ہندی مین مونگا بولتے ہین دریائی جواہر مین سے ایک جوہر ہے … سرخ اور سپید اور سیاہ ہوتا ہے ایک … پھل نہین ہوتا بہتر سرخ رنگین چمکتا ہوا اور بہت خراب سیاہ طبیعت اسکی سرد اور خشک قابض و مجفف و حابس [illegible] معدہ پر معدہ کی …

مرارہ - فارسی مین اسکو زہرہ اور ہندی مین پتا کہتے ہین اور وہ ایک عضو اعضاے اندرونی سے ہے اور صفرا اسمین جمع رہتا ہے طبیعت اسکی گرم و خشک اور خواص ہر ایک جانور کے پتے کے الگ الگ درج کتب طبیہ ہین

مرعزی - مرعز مین ایک قسم کی بکری ہوتی ہے جسکے بال دراز ہین اور بالون کی جڑ مین باریک بال ہوتے ہین انکو پشم مرعز کہتے ہین جو نہایت قیمتی ہوتی ہے اسکے کپڑے کا پہننا ہر ایک مزاج کے موافق ہے مقوی گردہ و محرک باہ ہے

مری - یہ ایک قسم کی روٹی جو کے آٹے کی پکائی جاتی ہے جسمین اور بہت سے اشیا ممزوج ہوتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک الغرض مین لذیذ

میم بازاے معجمہ

مرز - اقسام ہنتر سے ہے جو مصر مین جانورون سے بنائی جاتی ہے ہندی مین اسکو لوزہ کہتے ہین۔

مزمار الراعی - ایک نبات مشابہ بارتنگ ساق باریک بدون گرہ کے جڑ سیاہ نمناک زمین مین پیدا ہوتی ہے طبیعت گرم خشک جالی و محلل اورام دافع سموم مفتح سدہ دافع سنگ گردہ و مثانہ ہے۔

میم باسین

مسحوقونیا - عربی مین اسکو ماء الزجاج اور فارسی مین کف آبگینہ کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک دافع بیاض چشم و ظلمت البصر و [illegible] جلا دہندہ دانتون کو اور قالع گوشت فاسد اور خشک کرنے والی زخمون کی ہے

مسیر - کدو کا مربا واضح جسکا القراط ہے شہد اور قند مین ڈالا جاتا ہے نہایت لذیذ ہوتا ہے طبیعت عسل کی مائل بگرمی اور قند کی معتدل ملطف اخلاط و مدر فضلات مسمن بدن محرک باہ ہے۔

مِسک ۔ فارسی مین اسکو مشک اور ہندی مین کستوری کہتے ہین ایک قسم کا ہرن ہی جسکی ناف مین خون منجمد ہوکر مشک پیدا ہوتی ہی اور وہ ہرن چین اور ختن کے پہاڑون مین رہتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک مفرح ومقوی دل ودماغ وتمام اعضاے رئیسہ بڑھانے والی حرارت غریزی طاقت دینے والی اعضاے ظاہری اور باطنی کو مصفا کرنے والی حواس ظاہری وباطنی کی ہی۔

مستعجلہ ۔ بعض کے نزدیک یہ بوزیدان بعض کے نزدیک سورنجان ہی بعض کے خیال مین فرع لعبت بربری اور وہ ریشے ہین آپسمین لپٹے ہوے سخت مربع شکل اگر انکو الگ الگ کرین لکڑی اسکی مربع متساوی الاضلاع دیکھی جاتی ہی بہتر اسکی شیرین اور سخت اور خوش جوہر ہی مستعجلہ اسکو اسواسطے کہتے ہین کہ تقویت باہ مین یہ بہت جلدی کرتی ہی طبیعت اسکی گرم تر مقوی اعضا و قوت باہ ہی عضو تناسل کو سخت کرتی ہی۔

میم با شین معجمہ

مِشمِش ۔ یہ ایک پھل ہی فارسی مین اسکو زردالو کہتے ہین خشک کیا ہوا تازہ سے بہتر ہی طبیعت اسکی سرد تر ملین طبع مسکن تشنگی مسہل صفرا دافع تپ صفراوی ہی۔

مشکطرامشیع ۔ ایک قسم کا پودینہ پہاڑی ہی باغی پودینہ سے پتی بڑی اور گول خوشبو اور خشونت زیادہ طبیعت اسکی گرم اور خشک یہان تک کہ اگر شیردار بکری اسکو کھا جاے تو اسکا دودھ خون ہوجاتا ہی پینا اسکا مخرج رطوبات غلیظ مقوی اشتہا مفتح قولنج مدر بول وحیض ہی۔

مشط الغول ۔ یہ ایک نبات شاخدار ہی پتلی پتلی جسکی شاخین ہندی مین اسکو کنگھی کہتے ہین پتی اسکی دھنیا کی سی بغیر پھل اور پھول کے طبیعت گرم وخشک محلل قوی ریاح غلیظ ومفتح سدہ ہی پینا اوقیہ پینا اسکے پانی کا واسطے دفع سم باولے کتے کے مجرب ہی۔

مشک دانہ ۔ یہ ایک چھوٹا دانہ لقدر مسور کے ہند مین پیدا ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد خشک آنکھ کو روشن کرتا ہی دافع ثقل معدہ وریاح معدہ وبرص وسیلان منی ورعاف۔

مَصُوص ۔ ایک طرح کے کباب کا نام ہی جسکے بنانے کے کئی ترکیبین ہین جو صالح الغذا سریع الہضم ہی۔

مصطگی ۔ گوند ایک درخت کا جو شام اور روم اور نواح ارمنیہ مین ہوتا ہی طبیعت گرم اور خشک ملطف ومحلل وجالی وقابض ومقوی اعضاے رئیسہ جاذب رطوبات دافع صداع ونزلات باردہ ووسواس ومالیخولیا ہی۔

میم با ضاد

مَضَض ۔ جنگلی انار جو بستانی انار سے چھوٹا اور شیرین ہوتا ہی صنوبر اور اکثر الوجوہ یہ کوئی بہت بڑا درخت نہین ہوتا بلکہ زمین سے لگکر ہوجاتا مین

ہاتھ بلند ہوتا ہی تو پھول سرخ نکل آتا ہی پھول جھڑجاتا ہی تو انار بننا شروع ہوجاتا ہی اسکی جڑ کا طلا ہر ایک ضرب کے صدمہ کے درد کو تسکین دیتا ہی۔

میم با غین معجمہ

مغنیسا ۔ ایک پتھر کا نام ہی جسکو فارسی مین سنگ کاسہ کہتے ہین کاسہ گراس سے پیالون کو رنگ کرتے ہین طبیعت اسکی گرم اور خشک پینا اسکا مقوی معدہ ومنقی رطوبات دافع سنگ مثانہ وگردہ وعسر بول ہی۔

مغاث ۔ یہ ایک جڑ لمبی اور موٹی ہی سیاہی مایل طبیعت گرم وخشک محلل وقابض ومقوی اعصاب مسمن بدن ہی۔

مغرہ ۔ یہ ایک مٹی سرخ وتیرہ مایل بزردی ہی جو روم سے لاتے ہین ہند مین بھی ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک قابض ومجفف اور حابس ہی نفث الدم کا علاج ہی معدہ اور امعا کے کرمون کو مارتی ہی حیض کو بند کرتی ہی۔

میم با قاف

مُقل ۔ مشہور چیز ہی جسکو ہندی مین گوگل کہتے ہین یہ گوند ایک درخت کا ہی جو سمندر کے کنارے سندھ کے ملک مین بہت ہوتا ہی جو مایل بسرخی وتلخی ہی اسکو مقل ازرق کہتے ہین اور جو مایل بزردی ہی اسکو مقل الیہود بولتے ہین اور جو مایل بہ تیرگی وکثافت وسیاہی ونرمی ہی وہ ناکارہ ہی اور بادنجانی رنگ مقل عربی نام ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک جالی ومحلل دافع درد گلو وسرفہ وضعف جگر وعرق النسا ہی۔

مقل مکی ۔ یہ پھل ایک درخت کا ہی جو خرما کی درخت کیطرح ہوتا ہی طبیعت اسکی سرد وخشک قابض ومقوی معدہ حابس سہال وسیلان خون دافع تقطیر البول ونفث الدم ہی۔

میم با کاف

مکھارہ ۔ لغت ہندی ہی اسکو تال مکھانہ بھی کہتے ہین اسکا نبات تالابون مین ہوتا ہی پھول اور پتے اسکے نیلوفر کیطرح ہوتے ہین بعد کم ہونے پانی کے جڑ اسکی بقدر چقندر کے نکال لیتے ہین پوست اسکا سیاہ اور اسکے جوف خانے خانے مین ایک بیج سیاہ اور بیج کا مغز سپید اور شیرین اور لزج تازہ کچا کھاتے ہین اور خشک کو بریان کرکے طبیعت اسکی گرم تر مقوی بدن وباہ ہی منی کو زیادہ کرتا ہی۔

میم با لام

ملح ۔ نمک فارسی مین اور لون ہندی مین اسکا نام ہی مشہور چیز ہی حاجت تشریح کی نہین اور کئی اقسام مین منقسم ہی چنانچہ ملح اسود و ملح طبرزد وملح سانبر وملح المر وملح الجبین وملح اندرونی وملح رشیدی وملح نفطی وملح ہندی وغیرہ تفصیل سب کی کتب طبیہ مین درج ہی۔

میم با نون

منّ - ایک قسم شبنم کا ہی جو درختون پر ہوا سے گر کر منجمد ہو جاتا ہی دلقیہ میں شیرین مثل ترنجبین و گزانگبین و شیرخشت وغیرہ جو ستمی درختون پر منعقد ہوتی ہی مانند شکر العشر کے سم ہی اور جو نباتات قابضہ پر منجمد ہوتی ہی قابض ہی اور مسہل پر مسہل -

منج زراوشان - یہ ایک تخم اجواین کی طرح ہی بعض کے نزدیک جنگلی غیری کا تخم ہی -

میم با واو

مومیا - مومیائی مشہور چیز ہی جو بعض پہاڑون سے نکلتی ہی بہتر وہ ہی جو کوہ داراب توابع فارس سے نکلتی ہی پہلے پہل فریدون کے وقت مین اس عجیب و غریب چیز کو معلوم کیا گیا اور تجربہ اور امتحان ہوا طبیعت اسکی گرم اور خشک مقوی ارواح و دل و مفرح و محلل مواد بارد و مقوی اعضاء ظاہری و باطنی مجفف رطوبات معین باہ حافظ بدن سریع النفوذ ٹوٹے ہوئے جوڑون کو پیوند کرنے والی دافع فالج و رعشہ و لقوہ و جراحت مثانہ و سلسل البول وغیرہ امراض اندرونی و بیرونی ہی -

موچ - ہندی لفظ ہی سرکندہ بھی اسکو کہتے ہین سرد اور خشک ہی اسکے جوشاندے سے ساتھ غرغرہ کرنا جوشش دہان اور مسوڑون کے ورم کو دور کرتا ہی دافع بواسیر خونی و ریحی و درد گردہ و مثانہ ہی -

موز - مشہور میوہ ہی جسکو کیلا کہتے ہین طبیعت اسکی گرم تر جالی اور کثیر الغذا دیر ہضم مولد خون مسمن بدن ہی -

مونہ جڑ ایک گھانس کی ہی خوشبو اور رنگ مین مشابہ غارالقیون کے مایل بزردی و تلخی و حدت مقدونیہ ملک روم سے لاتے ہین طبیعت گرم اور خشک قابض و ملطف و منوم دافع نزلات ہی -

موسنی جڑ سنبل کی جو ہنوز نہ پھولا ہو سیاہ و سپید طبیعت اسکی گرم اور خشک دافع ضیق النفس و مقوی باہ اور زیادہ کرنے والی منی کی ہی -

مول سری - یہ ایک درخت قد آور اور خوش منظر ہند مین ہوتا ہی پھل اسکا بقدر عناب کے پھول چھوٹا اور چوڑا اور گول خوشبودار برسات مین پھولتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک اور پھل سرد خشک حابس سیلان منی دافع حرقت البول و آتشک و درد دندان و درد سر ہی -

مونڈی - مشہور ہندی دوا ہی کثیر المنافع طبیعت اسکی گرم تر ساتھ قوت قابضہ کے مقوی اعضاے رئیسہ دافع خفقان و توحش و یرقان ہی -

میم با ہاے

مہا سنگ چقماق مشہور پتھر ہی طبیعت اسکی سرد خشک دافع بیاض چشم ہی -

مہلبیہ - لذیذ غذاؤن سے ایک غذا کا نام ہی کہ چاولون کے آٹے اور دودھ اور شکر سے بناتے ہین طبیعت اسکی گرم تر دافع مالیخولیا و جنون و درد سر ہی -

میم با یاے

میفختج - بضم میم و سکون یاے و ضم فاے و سکون خاے و فتح تاے و جیم انجیم مین انگور کا پانی کہ پکاتے ہین زیادہ دو تہائی سے نہ جلے طبیعت اسکی گرم خشک ملین طبع محرک باہ دافع درد گردہ و مثانہ ہی -

میسنون - یہ ایک حجری جسم لمبا تخم خرما کی مقدار پر سپید خاکستری رنگ جو قسم زبد البحر سے ہی طبیعت اسکی گرم و خشک دافع استسقا و ورم طحال و درد گردہ ہی -

میس - یہ ایک عالیشان درخت ہی پھل اسکا بڑا مرچ سے خوش مزہ و خوشبو مثلث مایل بزردی لکڑی سرخ و سیاہ سخت اور خوشبو طبیعت اسکی گرم خشک پھل دافع سرفہ و مقوی معدہ و قصد امعا ہی -

میبہ - شراب انگوری کے اقسام سے ایک شراب ہی مفرح و منشی و مقوی معدہ

میعہ سائلہ - یہ گوند ایک درخت کا ہی بہت خوشبو معطر اسکے درخت کو جھم کرتے ہین طبیعت گرم اور خشک مقوی و محلل ریاح و ملین دافع سرفہ و زکام و خدر ہی اور میعہ یابسہ اسی درخت کے گوند کا نام ہی جو اسکی لکڑی کے اجزا کو نچوڑ کر نکال لیتے ہین -

اٹھائیسوان باب

حرف نون کے بیان مین اسمین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

لغات عربی و فارسی وغیرہ کے بیان مین

نون با الف

نا - حرف نفی کا ہی [illegible] ہی جیسے نا انصاف و ناتوان وغیرہ - سعدی - امید ہست بہ ستگان مخلص کہ نا امید نگردند زآستان آلہ

ناشتا - ناہار علی الصباح وہ وقت جو ابھی کچھ کھایا نہو - درویش والہ ہروی - سینہ از داغ ناشتا شکن ہست ہچاک تار و بے گریبان ہست

نان حلوا - نام ایک کتاب کا جو مثنوی مصنفہ مولانا بہاء الدین آملی بجواب مثنوی مولوی روم

ناخدا - مخفف ناو خدا کشتی کا مالک جہاز چلانے والا ملاح بقیہ از صفحہ

بیشک رسد بساحل امید روز حشر ✦ چون ناخداے کشتی امت محمد ست۔
نازا۔ ہر ایک حیوان کی مادہ جو بچہ دینے کے لائق نہو۔
ناپیدا۔ چھپا ہوا جو ظاہر نہو۔
نابینا۔ اندھا جو دیکھ نہ سکتا ہو۔ قطعہ از مولف۔ خاکساران جناب احمدی ✦ خاک سے نقد العزیز سونا بن گئے ✦ جتنے نادان تھے ہوے اہل شعور جتنے نابینا تھے بینا بن گئے۔
ناروا۔ ناجائز شرع کے برخلاف۔
ناسزا۔ نازیبا نالائق۔
ناکدخدا۔ جسکی ہنوز شادی نہوئی ہو۔
ناب۔ فارسی مین خالص و صاف و بیغش اور عربی مین ناقہ پیر یعنی بوڑھی اونٹنی اور چارپاؤن کے اگلے دانت جنکو دندان نیشتر کہتے ہین۔ ذوقی خوش کن جام محبت لیش کرو ✦ مست زین رنگین شراب ناب شو۔
ناہض۔ سیدہا اور قایم کرنے والا۔
نائب۔ قائمقام پیشکار۔ درویش والہ ہروی۔ اے چہرہ طراز خاک گردون ✦ نائب کرم خداے بیچون۔
ناکب۔ اوندھا ڈالنے والا رنج پہونچانے والا۔
ناسوت۔ عالم اجسام و عالم موجودات و عالم شریعت۔
ناشرات۔ تند ہوائین اندھیرے۔
نابت۔ اگنے والا اور اگانے والا۔
ناگاہ۔ یکایک اچانک ناگاہ۔ حکیم سوزنی۔ بے فکرت مداحی صدر تو ہمہ عمر ✦ حاشا کہ زنم یک غرہ را بر منزہ ناگاہ۔
ناہج۔ راستہ چلنے والا کشادہ راستہ پیدا کرنے والا۔
نارنج۔ معرب نارنگ جو ایک مشہور میوہ ہی
ناسج۔ کپڑا بننے والا جولاہا۔
ناف پیچ۔ پیچش کا درد جو ایک مشہور بیماری ہی۔
ناضح۔ اخیر مین حاے حطی شتر آب کش وہ اونٹ جسپر پانی لادکر لاوین۔
ناصح۔ نصیحت کرنے والا۔
ناطح۔ سینگ مارنے والا جانور۔
ناکح۔ نکاح کرنے والا۔
ناچخ۔ چھوٹا نیزہ اور تبر جو سپاہی زین کے ساتھ باندھ لیتا ہی۔ نظامی۔ چنان زد بر و ناچخ نہ گرہ ✦ کہ ہم کالبد سفتہ شد ہم زرہ۔
ناسخ۔ منسوخ کرنے والا دور کرنے والا لکھنے والا۔
ناف۔ ناف وسط شکم کا سوراخ۔

نافوح۔ بیخ سوسن جنگلی۔
نافخ۔ پھونکنے والا۔
ناورد۔ جنگ لڑائی مقابلہ میدان۔ سعدی۔ بہ پیکار دشمن دلیران فرست ✦ دلیران بناورد شیران فرست۔
ناقد۔ صراف روپیہ کھرے کھوٹے کو پہچاننے والا۔
نارد۔ چچڑی جو ایک جانور ہی اور گاے بیل اونٹ وغیرہ کے جسم کو چمٹکر خون چوستی ہی۔
ناہد۔ جوان لڑکی جسکے پستان ابھر آئے ہوں۔
ناہید۔ ستارہ زہرہ مشتری جو تیسرے آسمان پر چمکتا ہی اور اسکو مطربہ فلک کہتے ہین۔
نافذ۔ جاری ہونے والا۔
ناہار۔ ناشتا جو ابھی کچھ چیز کھائی نہو۔
ناسور۔ جو زخم ہمیشہ بہتا رہے۔
ناصر۔ یاری دینے والا مددگار۔
ناظر۔ دیکھنے والا اور انسیر بیان کا جو دفتر مین مقرر ہو۔ سعدی۔ چو مشرف دو دست از امانت گذاشت ✦ بباید بر و ناظرے کس گماشت ✦ ور او نیز در ساخت با خاطرش ✦ ز مشرف عمل برکن و ناظرش۔
نافر۔ نفرت کرنے والا بھاگنے والا۔
ناقور۔ سنکھ اور نلے جسکو بجاتے ہین۔
نادر۔ وہ چیز جو کم بہم پہونچ سکتی ہو عجیب و غریب۔
ناطور۔ نگہبان و پاسبان
نار۔ عربی مین آگ جو چار عنصر سے ایک عنصر ہی اور فارسی مین مشہور میوہ ہی۔ سعدی۔ زینہار از قرین بد زنہار ✦ وقنا ربنا عذاب النار۔
ناشر۔ پراگندہ کرنے والا نشر کرنے والا۔
ناشز۔ اخیر مین زاے معجمہ بالانشین بلند بیٹھنے والا۔
ناز۔ استغنا و بے پروائی و بددماغی اور لورستہ درخت سرو صنوبر۔ سعدی۔ پیش کسے رو کہ طلبگار تست ✦ ناز بران کن کہ خریدار تست۔
ناموس۔ عصمت و عفت و عزت و حرمت و نیکنامی و تدبیر اور فرشتے اور جبرئیل علیہ السلام و قاعدہ و دستور۔
ناکس۔ بکسر کاف عربی مین نگونسار و سرنگون۔
ناکس۔ بفتح کاف فارسی مین نااہل و فرومایہ کمینہ۔ سعدی۔ شمشیر نیک ز آہن بد چون کند کسے ✦ ناکس بتربیت نشود اے حکیم کس ✦ باران کہ در لطافت طبعش خلاف نیست ✦ در باغ لالہ روید و در شورہ بوم خس۔
ناخس۔ ایک بیماری اور درد کا نام ہی جس سے بیمار کو معلوم ہوتا ہی کہ کوئی اسکے جسم مین سوئی چبھو رہا ہی۔

ناؤس - بروزن طاؤس یونانی زبان کا لفظ ہے مقبرہ کا۔
ناس - آدمی یہ لفظ مفرد اور جمع دونوں پر آتا ہے۔
ناقوس - نرسنگا اور سنکھ جو ہندو عباد لگاہوں میں بجاتے ہیں۔
نالیوس - نام ایک ساز کا جسکو موسیقار بھی کہتے ہیں۔
ناعس - اونگنے والا یعنے جسکی آنکھ میں نیند بھری ہوئی ہو۔
نان خورش - لازمہ جو روٹی کے ساتھ کھائیں - سعدی - یکے نان خورش جز
پیازی نداشت + چو دیگر کسان برگ سازی نداشت۔
ناعش - زندگانی بخشنے والا۔
نالش - چلانا فریاد کرنا۔
ناقص - ناتمام اور وہ چیز جو کامل نہو - خسرو دہلوی - کیچ بخشش
وو بنا جامع صدق و صفا + کاملان را بر کامل ناقصان را دہنا۔
ناقض - اخیر میں ضاد معجمہ پھاڑنے والا ہلانے والا جنبش دینے والا۔
ناشط - خوشی کرنے والا نشاط میں آنے والا۔
ناخلف - بے شرم و بے حیا و فاسق فاجر - حکیم سنائی - یک جہان ناخلف
و نابینا + در عبادت فرخج و نازیبا۔
ناصع - بکسر صاد مہملہ خالص۔
ناف - مشہور لفظ ہے (ہندی) - صفا - سینہ شکم دریاے سیماب + از ناف
افتادہ اندر دو جلد گرداب + تا ناف سخن گفتن محال است + کہ دور از چہ دہ
وہم و خیال است۔
ناصف - نصف کرنے والا آدھوں آدھ بانٹنے والا۔
ناہق - نر گدھا۔
ناسق - انتظام کرنے والا بندوبست کرنے والا۔
ناحق - جو بات سچ نہو۔
ناطق - بولنے والا کلام کرنے والا - صائب - نہ بند دحجت ناطق زبان
منکران ورنہ + زعیسی روئے شرم آلود مریم بود گویا تر۔
نازک - تراشیدہ و موزوں و خوبصورت و نرم و پاکیزہ - صائب - بیسوا
صد رنگ گل از سر لگارے دستہ بست + لیکن زنگ چہرۂ آن ماہ سیما نازک است۔
ناوک - ایک قسم کے چھوٹے تیر کا نام ہے - حافظ - ہم چون ناوک غمزہ
کشاید + دل مجروح بیمارم سپارد۔
ناک - کلمہ نسبت ہے اور افادہ معنی اتصاف کا بھی کرتا ہے چنانچہ خطرناک و غمناک و اندیشناک
وغیرہ - حکیم زلالی - بے اظہار عشق آرزو ناک + چو لعل از کان تہمت دامن پاک
ناخنک - ناخنہ نام ایک بیماری کا ہے جو آنکھ میں ظاہر ہوتی ہے - عجب شیر
حاصل شد۔ صائب۔ غم از دل میزداید چون صباح عید رخسارت + نماز
عید واجب میکند بر خلق دیدارت۔ رضی دانش۔ خط شد پدید و طاعت
دل ناتمام ماند + لطف نیاز با چو نماز قضا نداشت۔ آرزو۔ ترقی ست
تنزل فروتنی بگزین + کہ ترک سرکشی اینجا نماز معکوس ست۔

نمک فلان چیز دران ست۔ یعنے خوبی اور لطف فلان چیز کا اسمین ہی۔
صائب۔ نمک صبح دران ست کہ خندان باشد + بجبین ظلم ست برخی کہ نمایان باشد

نماند۔ نرہیگا اور۔ نماند۔ بنون غنہ نرہا۔ نظامی۔ کہ سکندر شہ ہفت
کشور نماند + نماند کسی چون سکندر نماند۔
نہ مالی دارد کہ سلطان بگیرد ونہ ایمان کہ شیطان ببرد۔ مثل ہی۔

نم در جگر ندارد۔ مفلس محض ہی۔ واله خان خالص۔ باصاف دلی
مال جہان جمع نگردد + زان روست کہ در خانہ آئینہ نمی نیست۔ ولہ۔ از مزرع
ناکامی من رفتہ طراوت + خون بر قرہ ام سوختہ نم در جگرم نیست۔

نمیشود۔ نہین ہوتا ممکن نہین ہی۔ شیخ۔ نمیشود لب شیرین خاطر
آشوبان + کہ نشکنند بداغ دلم نمکدان را۔

نمک پرور۔ نمکین۔ جو چیز نمک آلودہ ہو۔ ظہوری۔ دل ست اینکہ
ز خمش نمک پرورست + دل ست اینکہ زہرش پر از شکرست۔

نمکزار۔ نمکسار۔ کان نمک شور زمین۔ ابوطالب کلیم۔ نروید سبزہ
در ہرجا نمکزارست حیرانم + کہ خط چون سبز و خرم میکند لعل لب او را۔
آرزو۔ دل ستمکش عاشق ہمیشہ درکارست + ز شوربختی خود عالم نمکسارست

نمودار۔ نمونہ ہر ایک چیز کا جو دکھلایا جائے۔ نظامی۔ نمودند ہر یک
بگفتار خویش + نموداری از نقش پرکار خویش۔

نمک پاش۔ وہ چیز جس سے کسی پر نمک چھڑکین۔ رضی دانش۔
آہ از سوختن زخم نمک پاش مکن + نالہ را تا قفسے ہست چو نے فاش مکن۔

نمک چش۔ تھوڑا سا کھانا جو نمک دریافت کرنے کے لیے ہنڈیا سے
نکالا جاوے و بمعنی مطلق چکھنا نمک کا اور ہر چیز جو قلیل ہو۔ طالب
آملی۔ ہر گہ رسید غم بسر خوان تبسمم + لخت دلے بر سم نمک چش گرفتہ است۔

نمک گیر و بچشمش۔ اسکی آنکھون مین نمک ہو یہ کلمہ بد دعا کے موقع پر
بولتے ہین۔ ابوطالب کلیم۔ چون سوئے غنچہ بیاد وست میتگرم +
نمک لعل لبت چشم مرا میگیرد۔

نمناک۔ شراب انگوری۔

نمین و نمناک۔ بھیگی ہوئی چیز پانی سے۔

نمک اشک۔ شور ذائقہ آنسون کا۔

نمک سنگ۔ ایک قسم کے نمک کا نام ہی۔ صائب۔ از زبان لعل
لبش تلخی گفتار نبرد + نمک سنگ کجا تلخی بادام کشد۔

نمدان۔ باصطلاح لوطیان فرج۔

نمد آب چین۔ وہ نمد جس سے نہا کر بدن کو خشک کرتے ہین۔ محمد قلی
سلیم۔ سرد و سر شک چند کشی خواری از جہان + چون ابر اسقدر نمد آبچین مباش

نمد بافتن۔ نمد بنانا اور بننا۔ میرزا بیدل۔ تونگری کہ دم از فقر میزند
غلط ست + ہوسے کاسہ چینی نمد نمی بافند۔

نمد بگردن افگندہ رفتن۔ داد چاہنا انصاف مانگنا فریادیون کی
صورت بنانا۔ سنجر کاشی۔ بلبل نغمہ طرازندہ گزیدست زبان + قمری زمزمہ
سرائندہ برآوردہ نوا + داد خواہانہ بگردن نمد افگندہ رود + راست
تا کنگرہ بارگہ بار خدا۔

نمد پوش و نمد زین۔ گھوڑے کا خوگیر جو گھوڑے کی پشت پر رکھکر
زین اسپر رکھتے ہین۔ نظامی۔ سم بادپایان بخون چون عقیق + شدہ
تا نمد زین بخون در غریق۔

نمک افگندن۔ کسی چیز مین نمک ڈالنا۔ ابوطالب کلیم۔ اگر سرمایۂ
خونہا سرکم شد + ولازان لب نمک بر ریش افگن۔

نمک انگیختن۔ رونا اور آنسو بہانا۔

نمک بر جگر داشتن۔ سخت محنت کرنا نہایت تکلیف اٹھانا۔

نمک بدیگ افگندن کردن۔ ہنڈیا مین نمک ڈالنا۔ ابوطالب کلیم۔
آن نمک ہائے کہ دیگ آرزو کا رداشت + روزگار از شوربختی میکند
در مرہمم + ولہ۔ کلیم از فکر آن لبہائے پرشور + نمک در دیگ سودا بیش افگن۔

نمک تازہ کردن۔ نمودن۔ از سرِ نو دوستی قایم کرنا پرانی محبت کو
نیا کرنا۔ محمد قلی سلیم۔ جرعۂ ریز کہ ما چارۂ خمیازہ کنیم + بوسہ دہ کہ
بآن لب نمکے تازہ کنیم۔ محسن تاثیر۔ دل فارغ شدہ بستم بہ بیابانی کہ ہیچ
نمکے تازہ نمود م بہ بیابانی کہ میپرس۔

نمک بحرام شدن۔ و نمک حرام شدن۔ حق ناشناس ہونا کفران
نعمت کرنا۔ میرزا معز فطرت۔ نمک لب ساغری ریخت زاہد بشیاد + چہ
کسی نمک بحرامی چنین ندارد یاد۔

نمک خوردن و نمکدان شکستن۔ نہایت ناشکری کرنا۔ محمد زمان
لاہجی۔ نمکین لب شاہد و زخم کردن + نمک خوردن ست و نمکدان شکستن۔

نمکدان۔ جس برتن مین نمک رکھین۔ س۔ نمکدانی بہ تنگی چون
دل مور + نمک چندان کہ در عالم فتد شور۔

نمکدان شکستن۔ اپنے مالک کے خاندان کے ساتھ بدی کرنا۔ صائب۔
خط سنگین دل سیاہ لعل جانان را شکست + دیدہ از حق نظر لبست و نمکدان را شکست

نمک ریختن - انباشتن - سودن - کردن - معانی ان کے قریب الفہم ہین - میرزا معز فطرت - مبادا شور عشق درمے عیشم نمک ریزد + عجب تر نسبت درسنج لحد مشت غبارم را - طالب آملی - طالب نمک لعل تو انباشته در طبع + ہزاران روے چو گفتار تو شعرش نمکین ست - صائب - در چشم اعتبار نمک سودن ست و بس + در شوره زار عالم اگر ہست حاصلی

ولہ - بخیہ را چون محرم راز نہان خود کنیم + ماکہ از غیرت نمک در چشم سوزن کرده ایم

نمک بر کباب زدن - کباب مین نمک ڈالنا - نعمت خان عالی - کوتہ ز شور بختی ما شد شب وصال + چندانکہ زد نمک دلم بر کباب صبح

نمک بداغ زدن - داغ پر نمک ڈالنا - طاہر وحید - این چہ نمک بود بدانجم زدی + بلوے بہار سے بدماغم زدی -

نمک بر جراحت زدن - زخم پر نمک ڈالنا تکلیف دینا - صائب - آنکس کہ بر جراحت ما میزند نمک + منکر بکاوش حق نمک را رعایتست -

نمک بر زخم پاشیدن - زخم پر نمک چھڑکنا - معز فطرت - جواب ہر سخن آہستہ گر گویم زمن بشنو + نمک بر زخم جانم پاش و بوسے از لبش بشنو

نم از رخسار چیدن - آنسو پونچھنا - کسیکی تیمارداری کرنا - مخلص کاشی - لبا شور ریش از بر و نام دل افگار ما + ہستین سوز داگر چیند نم از رخسار ما -

نم بیرون ندادن - نہایت ممسک ہونا بخیل ہونا خسیس ہونا - دل شکست این سفیہ نم بیرون نداد + رخت شادی زالبسیل خون نداد -

نمد سپید زده - وه نمد جسکو کرم کھاجاے اور سوراخ سوراخ ہو جاے - سعید اشرف - درست کہ سیکہ جام اسپید زده + در روز لباسہ گل و سپید زده + شب موسم صحر است کہ در سایہ سپید + مہتاب نماید نمد سپید زده -

نمد تکیہ - ایک قسم کے نمد کا نام ہے - ملا طغرا - نمد تکیہ از بہر گل ساختند + وے از درشتی نیند اختند -

نمک آلوده - نمک خورده - نمک سوده - وه چیز جسکو نمک لگا ہوا ہو - محسن تاثیر - آنکہ غم دل بر دو عالم نفروشم + زخم نمک آلوده بمرہم نفروشم - طالب آملی - آن بہ کہ لب از خواہش الماس بہ بندم + رسوا نکنم داغ نمک خورده خود را - ابو طالب کلیم - چمکے کہ دہر کار بجاے رساند + کاختر طالع کنیم داغ نمک سوده را -

نون با واو

نواخت - شعرا کی اصطلاح مین موافق ملا طغرا سراج کے ذکر مین - فلک گشت بانعل او چون نواخت + اجابت بجز طلب عشق باخت -

نواسنج - نوا پرداز - نواساز - نواشناس - نواطراز -

نواگر - مطرب گانے والا - رضی دانش - ز تنگیہاے دل برمن نفس شہر خموشان شد + نوا پرداز کی مرغ گرفتار اینچنین باید -

نوشخند - خوشی کا ہنسنا مقابل زہر خند - صائب - در نوشخند برق خطرہاست زینہار + بازی مخور ز چہره خندان روزگار -

نوبر - نیا پھل تازه میوه تازه پھل اور وه پھل جو پہلے پہل کھایا جاے - صائب - بر فقیران پیش دستی کردن از انصاف نیست + میوه چون در شہر شد بسیار نوبر میکنیم -

نوبہار - نوبر - نوجوان - نوگل - معانی ان کے قریب الفہم ہین - ملا نسبتی تھانیسری - بیاید نماید چہ داند کسے + چو نوپر برون رفت از آشیان - نظیری نیشاپوری - بوصلش تا رسم صد بار در خاک افگند شوقم کہ نوپروازم و شاخ بلندی آشیان دارم -

نورفتار - نوقدم - نوپیا - وه بچہ جو چلنا سیکھا ہو - طاہر غنی - بود گو یا طفل نو رفتار شعر تازه ام + گر بہم تا رفت بیرون بر زبانہا افتاد - طہماسپ قلی بیگ - بطرف کوے عشق از ناتوانی چون زپا افتم + چو طفل نو قدم برخیزم و دیگر بجا افتم - طاہر وحید - چو رابعہ دوزگی تعریف مین - جہان سر بسر گشتہ برہم زده + ازین کودک نوپا آمده -

نوسفر - جسنے پہلا سفر کیا ہو - حافظ - ہمتم بدرقہ راه کن اے طائر قدس + کہ دراز ست ره مقصد و من نوسفرم -

نوسوار - جو پہلی بار گھوڑے پر سوار ہوا ہو - میرزا صائب - دیگرے دارد عنانت را چہ طفل نو سوار + گر چہ در ظاہر عنان اختیار داده اند

نوشکار - تازه شکار کھیلنے والا - خون بار انو شکاران بے محابا ریختند + ہمچو برگ لالہ در دامان صحرا ریختند -

نوشگوار - بمعنی خوشگوار - مطبوع کھانا یا شربت - حکیم سنائی - آب حیوان چو شد گره در حلق + زہر گشت ار چہ بود نوشگوار -

نوشا نوش - نوش نوش - پے در پے پینا شراب وغیره کا - سنجر کاشی - نشنید در لعاب بارگاه مغفرت فردا + ز نوشانوش مستان منفعل بانگ اذان ما - نظیری نیشاپوری - چو بیدارم کنند از خواب مستی چشم آن دارم + کہ ہمسنگ اذان گیرند بانگ قلقل نوشم را

توحید - حق بداند حال ما ہر گشتہ حال + واقف است از درد ہر اہل ملال - یافتہ از آب و تابش آب و رنگ + ہر گل و ہر سبزه و ہر نونہال -

نون والقلم - دوات اور قلم اور نام ایک سوره کا انتیسوین سیپارہ قرآن شریف مین -

نوباده گردن - میوه نیا کرنا مرادف نوبر کردن - محمد قلی میلی

باز مژگان ترم نو بادہ خوناب کرد + باز چشم خون فشانم خیر باد خواب کرد
نوسخن - وہ بچہ جو باتین کرنے لگ گیا ہو - فیضی فیاضی - شد مرغ
بعاشقی نوا ساز + چون کودک نوسخن ہم آواز -
نوبت زن - نوبت و نقارہ بجانے والا - میر خسرو - چو نوبت زنت
گشت نوبت نواز + زغلغل سر آسمان کرد باز -
نوردیدن - لپیٹنا تہ کر لینا - طالب آملی - بساط عیش یاران
در نوردید + طرب در خانہ ما بدشگون ست -
نوشجان - وہ چیز جو ممد و مقوی حیات و مرغوب و محبوب جان ہو -
میرزا معز فطرت - ستم لطف ست گر باشے محبت در میان باشد +
دل از دست تو زخمے خورد گفتم نوشجان باشد -
نوشیدن - پینا شراب اور پانی وغیرہ کا -
نوشتن - لکھنا تحریر کرنا -
نوشین - شیرین و ذائقہ دار - نظامی - دگر بار نوشابہ ہوشمند +
ز نوشین لب خویش بگشاد بند -
نوازان - موسیقی کے ایک پردہ کا نام ہی -
نوپا آمدہ - وہ بچہ جو چلنا اور کھڑا ہونا سیکھے -
نوتوبہ - جسنے نئی توبہ کی ہو -
نوکیسہ - جسکو نئی دولت حاصل ہوئی ہو - صائب - نوکیسہ ہست
ایام نیستم + چون صبحدم ہزار گریبان دریدہ ام -
نوبت گاہ - قیدخانہ حوالات کا مقام - نظامی - بنوبت گہ شاہ
بردند شان + بسر ہنگ نوبت سپردند شان -
نوبتی گاہ - بادشاہی خیمہ کا مقام کیونکہ نوبتی خیمہ کو کہتے ہین -
نظامی - بلند اختر ش باز و مساز گشت + بسوئے نوبتی گاہ خود باز گشت
نوش لب و نوشین جلوہ - معشوق کی تعریف مین کہا جاتا ہی -
طالب آملی - بنوشین جلوہ ہائے دایم خمست دہان بودم + فغان
کان ذوق ہم پامال عیش گاہ گاہے شد -
نوشادر بیکانی - ایک قسم کے نوشادر کا نام ہی - سیفال مین
اسفرنگی گر سرمہ کشد روزی دار دیدہ حسود او + ہر ذرہ از گرد و
نوشادر بیکانی -

نون با ہائے ہوز

نہاری پز - نہاری پکانے والا - محمد سعید اشرف - در کرہ نور آب
صفا را در یاب + در بنگلہ نشیمن دہوا را در یاب + شیرین شکر و
مار ا بنگر + لیلی نہاری پز ما را در یاب -

نہرایلاق - یہ نہر دار الملک خطا اور الغور مین ہی -
نہادن - رکھنا وضع کرنا چھوڑنا ظہوری - لالہ از شرم چہرہ
رنگ نہاد + شکر از شور خندہ تنگ کشاد -
نہان پیکران - روحانی مخلوق - نظامی - نہان پیکران با لقب
سبز پوش + کہ خواند سرائیدہ اور اسروش -
نہان خانہ - نہان درہ - پوشیدہ جگہ جو خزانہ وغیرہ رکھنے کے
لیے گھر کے کسی موقع مین بنایا جائے اور خلوت خانہ درویشون کا -
معز فطرت - ساقی بدہ آن آئینہ راز نہان را + از غیب بپرداز نہانخانہ جہان را
نہانی کشاے - منجم و ستارہ شناس - نظامی - سوم فیلسوفے
نہانی کشاے + کہ باشد بسوئے فلک رہنماے -

نون با یاے تحتانی

نیشکر بالا - نیشکر قد - محبوب کی تعریف مین بولتے ہین - عبد اللطیف
خان تنہا - صبحدم آئینہ دار طوطی آشفتہ است + محفل افروز کہ شد
آن نیشکر بالا چو شمع - محسن تاثیر - کہ بآن نیشکر قد بسر انصاف
خواہد شد + ولش با بیدلان خویش آخر صاف خواہد شد -
نیمخواب - محبوب کی آنکھو کی تعریف مین بولتے ہین - میر خسرو -
باز ہزاری ہست لیس غمزہ نیمخواب را + تیر دہد باد و سے جان من خراب را -
نے لبست - چھونپڑا جو پھونس سے بناتے ہین - ابو طالب کلیم -
مران ز سے کہ ندارد محبتش یادا + بود ہمیشہ ز نے لبست سینہ بیت حزن -
نیست - معدوم و فنا ہو - آس شدم زیبا سپاسے زمانہ +
نیست گشتم زلبس جفاسے زمانہ -
نیمدست - وہ مسند جو چھوٹی ہو - اوحد الدین انوری -
دست آفت بدو چگونہ رسد + کرد و نیمدست و مسند رسست -
نیم راست - ایک پردہ موسیقی کا نام ہی - میر خسرو گفتی از اشک
قول کر قوال راست + گفت گرے راست گہے نیم راست -
نیم سفت - سخن سرلبستہ نا تمام او نگینہ جو پورا پرویا نہ گیا ہو -
نے پیچ - وہ حقہ جو جہانگیری اور لوہے کے تارون سے بناتے ہین -
محسن تاثیر - لبکہ پیچید دلتنگ از بالائیش + نے پیچ است کنون
بیش قدر عنا لیش -
نیم تاج - ایک تاج دیبا سے بناتے ہین اور جواہر کے ساتھ
مرصع کر کے عروس کے سر پر رکھتے ہین - ناظم ہروی - مرصع
نیم تاجے بر سرش بود + کہ ماہ نو کلاہ زر کمرش بود -
نیم چرخ - ایک قسم کی کمان کا نام ہی کہ تحتش مین بنائی جاتی ہی -

انوری - اے بجائے کہ از علو بفگند + نیم چرخ تو چرخ را از دست -

نیم رخ - تصویر یک چشمی -

نیازمند - محتاج و صاحب نیاز -

نیم خند - تبسم کی حالت میں - صائب - روزے کہ لبتہ دید لب

ہمچو قند او + شد خندہ زہر در دہن نیم خند او -

نیم خورد - آدھا کھایا ہوا - صائب - ہمچو آب زندگانی نیم خورد خضر

نیست + مہر بمہر شرم باشد غنچۂ خندان تو -

نے سوار - بانس کی لکڑی کا گھوڑا بنا کر اور اسپر چڑھ کر خورد سال

لڑکے دوڑتے ہیں - صائب - زباں خشک از خاطرم ہرگز غبارے

برنداشت + مرکب نے بار شد بہرے سوار خویشتن -

نیشتر زنبور - زنبور کا نیش - عرفی - بسکہ ہر خار گلی کرد و عجب نیست

اگر + با ہمیں پشتگدر از نشتر زنبور خسک -

نیک محضر - نیک خصلت جو روبرو اور غیبت میں یکساں ہو - میر معزی

پیش تو در دستاری محضری آوردہ ام + تا چو خوانی محضرم دانی نکو محضر مرا -

نیمدار - وہ فرش جو نہ نیا ہو اور نہ پرانا - محمد سعید اشرف - افگندہ طرح

خرمی از سایہ ہائے نیم + دامان دشت ساختہ تو فرش نیمدار -

نیم دینار - نیم دینار - نیم ہلال - محبوب کے لب کے ساتھ تشبیہ

دیجاتی ہے - میر حسن دہلوی - از دہانت نیم دینارے بہ بخشش + واجب

آمد گنج خوبی را زکوٰۃ - خاقانی - آورد ضرار عید پیدا + کان نیم

ہلال کردہ گویا -

نیک آموز - واعظ نصیحت دینے والا - جلال عضد - ہر کرا گوشی

بود سوی خود پیغام بلا + کے تواند گوش کردن پند نیک آموز خویش -

نیم باز - جو چیز آدھی کھلی اور آدھی بند ہو مثلاً آنکھ وغیرہ - طالب

آملی - چشم سیہ بگوشہ بالین نہادہ لیک + می بیند از دریچۂ نیم باز او -

نیم سوز - جو چیز نصف جل چکی ہو - رضی دانش - مینا چو نیم کشتہ

نرسانید شیشہ پر + تا صبح دم وفا نکند شمع نیم سوز -

نے نرگس - نرگس کا قلم - محمد اسحاق شوکت - بود خندیدن گل

بلبل چاک گریبانش + نے نرگس بفریاد آید از بیداد مژگانش -

نیمرس - شراب اور میوہ اور سبزہ اور وہ مرغ جسکے پر بخوبی نہ نکلے

ہوں وغیرہ - میرزا طاہر وحید - بخون خویش زنم غوطہ گر کنم پرواز +

چو طائرے کہ پر و بال نیمرس دارد -

نیک اندیش - نیک آثار - نیک اختر - نیک بخت - نیکی پسند

نیک سیر - نیکو خصال - نیکو خواہ - نیک دل - نیک رائے -

نیکو رسم - نیک روز - نیکو سخن - نیک سرانجام - نیک سرشت

نیکو سگال - نیک سودا - نیکو سیر - نیکو سیرت - نیک عہد

نیکو فال - نیکو کار - نیک نام - نیک نہاد - نیکو ہمت -

سب کے معانی قریب الفہم ہیں - جمال الدین سلمان - نیک اختری

بمنزل قدرت رسد کہ او + یا بر قدر و صدر شرف اتصال یافت سعد

زلفش چراغ عمل بر فروز + کہ چون نیک بختان شوی نیک روز -

صائب - چون نگردد سپر در میدان جان بازان عشق + نیست خضر

نیک پے گر شرمسار زندگی - نظامی - در آمد بر شاہ نیکو خصال +

بنالید مانند کوس از دوال - میر معزی - سال نو چون باز فرزند

نو آمد شاہ را + شاہ نیکو عہد نیکو رسم نیکو خواہ را - و لہ - آن کامگار

محتمل نیکو خصال نیک دل + شادی انبعاث متصل رادی بدستش

مقترن + نظامی - نکو رائے چون رائے را بد کند + خرابی در آبادی

خود کند - جمال الدین سلمان - قریب سی سال بہ نیکو سخنے در عالم

شدہ مشہور و شدم جاہل و بدگو امسال - مرشد قلی بیگ حاکم ہرات

ہر کہ خواہد بجہان نیک سرانجام افتد + باید اندر قدم آن بت خود کام

افتد - رضی دانش - متاع ہوش بہ بازار گرم گل بر سان + در

انتظار نشستہ ست نیک سودائی - سعدی - نکو سیرت و پارسا

بودی + گر آنرا کہ می گفتی کردی - نظامی - کجا بودی اے دولت

نیک عہد + بدرگاہ مہدی فرود آ ز مہد - سعدی - قدیم نکوکار

نیکی پسند + بہ کلک قضا در رحم نقش بند - حافظ - حافظ نہاد نیک

تو کامت برآورد + جانم فدائی کردم نیکو نہاد باد -

نیل داغ - سیاہی داغ کی - آبرو - دردمند آن بہ کہ سوزد داغ

بر بالائے داغ + بے زمین نیل داغم لالہ کارے مشکل ست -

نیم ترک - خود جو سپاہی جنگ کے وقت سر پر رکھتا ہے -

نیم رنگ - وہ جو پورا رنگ نہو -

نیم بسمل - نیم کشتہ - تڑپتا ہوا زخمی نیم مردہ - سو - می تپید در

تاب و تب مینلطد اندر خاک و خون + ہر کرا تیغ نگاہت نیم بسمل میکند

محمد علی میلی - چون نیم کشتہ نازشوم زان نگاہ گرم + ذوق تبسم

نمکین می کشد مرا -

نیمہ قندیل - ہلال یعنی نیا چاند - خاقانی - نیمہ قندیل عیسے بود

یا محراب روح + یا مثال طوق اسپ شاہ صفدر ساختہ -

نیم ہلال - معشوق کا لب -

نے قلم - نیزہ و قلم - کلک - قلم جس سے لکھتے ہیں - مفید بلخی

سفید مرغ گرفتار گلشن سخنم + درین چمن قفسم از نئے قلم باشد۔
ولہ۔ شعر رنگین لفوج اہل سخن + علم نیزۂ قلم باشد۔
نیلوفری چشم ۔ جو آدمی کبود چشم ہو۔ صائب ۔ مرا فگند در
دریائے غم نیلوفری چشمی + کہ چون خورشید عالمسوز زرین ست مژگانش
نیم تسلیم ۔ ناف تک ہاتھ پہونچانا خم ہونا واسطے سلام کے
نیم تسلیم ہو اور زمین تک ہاتھ پہونچانا پوری تسلیم۔
نیم غنچہ تبسم ۔ مسکرانا۔ طالب آملی ۔ حاشا کہ در لبہا دل درد
جو ملود + ذوقی کہ نیم غنچہ تبسم ورا ولود۔
نے انبان ۔ نام ایک ساز کا ہے۔ فوقی یزدی ۔ گاہ شیخم گاہ زندم
گاہ صوفی گاہ مست + گاہ سرنائے لوازم گہ نیم انبان مینزنم
نیزار و نیستان ۔ بانسون کا جنگل ۔ اراوت خان ۔ انگشت شہادت ز شہیدان نگاہ + دشت نے زار شد از بسکہ خدنگی برخاست
نیابت کردن ۔ قائم مقام ہونا دوسرے شخص کی جگہ کام کرنا۔
طالب آملی ۔ چنان بخار ہوا تیرہ ساخت آب زلال + کہ قطرہ
برلب جو میکند نیابت خال۔
نیزہ دوانیدن ۔ مشہور ہے۔ میر خسرو ۔ مین شہاب فلک و نیزہ
دوانیدن او + کہ شد اندر شب تار از مہ لو حلقہ ربائے۔
نیزہ را پیچ دادن ۔ نیزہ کو پیچ دینا۔ نظامی ۔ درآورد بر جنگ
زنگی بپیچ + بزنگی کشی نیزہ را داد پیچ۔
نیزہ زن ۔ نیزہ باز ۔ نیزہ بردار ۔ نیزہ دار ۔ نیزہ گذار ۔
نیزہ ور ۔ ہر ایک معانی قریب الفہم ہین۔ کمال خجند ۔ در قلب
نیزہ بازی مژگان آن پری + خونریزان و چشم نظر باز م آزرو ست
شفیع اثر ۔ اگر دارد سر خد شگذاری + کند باشند مالک نیزہ دارے۔
جمال الدین سلمان ۔ ماہ قلب افروز یعنے آفتاب تیغ زن + برق
جوشن پوش یعنے آسمان نیزہ ور۔
نیکی کردن و در آب انداختن ۔ معاوضہ کی امید نرکھکر کسیکے ساتھ
نیکی کرنا۔ صائب ۔ میکند نیکی و در آب روان می افگند + ہر کہ
نقد جان نثار تیغ قاتل میکند۔
نیل خریان رفتن ۔ نیل کے خم کا بگڑجانا اور مشہور ہے کہ جب نیلگر کا
خم بگڑجاتا ہے تو وہ کسی غیر ممکن الوقوع امر کا اشتہار دیتا ہے۔ نظام
دست غیب ۔ حرف وصل من و تو میگویند + خریان رفتہ مگر نیل فلک۔
نیل بر چہرہ مالیدن ۔ روسیاہ کرنا رحمت سے محروم رکھنا۔ ذرہ
دالہروی ۔ غریب لو بچہرہ کنز ازیل + مالید بترک سجدہ نیل۔

نیم تن ۔ نیم تنہ ۔ وہ جامہ جسکا دامن اور آستینیں کوتاہ ہین۔ لطفی
نیم تنے تا سزا لوش ہست + از پے آن بر سر زانو نشست۔
نیم تہ کردن ۔ کسیکو کمر سے پکڑکر دوہرا کردینا۔ عبد اللہ ہاتفی ۔ یکے نیم
تہ کردہ قصاب دار + بسے فوج جنگی وران کارزار۔
نیم جان ۔ نیم مردہ نہ مرا ہوا نہ زندہ۔ طاہر وحید ۔ مسیح فاتحہ خوان ہست
نیم جان ترا ہر واست دادن جان رنج ناتوان ترا۔
نیم زبان ۔ کم گو آدمی جو بہت سی باتین نکرے۔ باقر کاشی ۔ گرچہ
روئے سخن امروز سراسر با ماست + ما کہ خوصلگی نیم زبانیم ہمہ۔
نیمرو ۔ وہ گوہر جو ایک طرف گول اور دوسری طرف مستوی ہو۔ سید حسین
خالص ۔ حق القدم گرفت گہر ہائے نیمروز + پائے کسے کہ آبلہ زد در سراغ ما۔
نیم عرق گیری غنچہ گلاب کشی ۔ مشہور ہے۔
طاہر وحید ۔ چو نیم ہائے عرق گیری از ین وہ + نفس باشد بکام کر بطلو
ولہ ۔ چون غنچہ گلاب کشی گشت اشکبار + آہم بلب ز گریہ گرہ در حلق مین گرفت۔
نی قلیانی نی تنباکو ۔ تنباکو کھینچنے کا نیچہ۔ محسن تاثیر ۔ ناصح دماغ
چون نی قلیان نفس پیدا ز + تا چند تلخ گوید تا کے فرو برم محمد قلی
سلیم ۔ عہد لیست کہ انگشت تحیر شدہ است + آشنا سے ہمہ لب نیچہ نی تنباکو
نیچہ عیاری ۔ وہ نی جسمین عیار دارو بیہوشی کا بھر دیتے ہین جسکو
بیہوش کرنا چاہتے ہین اسکو سنگھا دیتے ہین۔ سعید اشرف ۔
نی کہ از شور نوالیش عالمی بیدست و پاست + نیچہ عیاری بیہوش اروئے لوا ست
نیاز باشی ۔ بہت سا عجز و نیاز کرنا۔ محسن تاثیر ۔ یا سا نیاز با شی یا
ناز میکند + این لبس میان اہل نیاز امتیاز ما۔
نیزہ خطی ۔ سنان خطی ۔ ایک قسم کے نیزہ کا نام ہے جو خط مین بنایا
جاتا ہے اور خط یمامہ مین ایک مقام ہے۔ طالب آملی ۔ نیزۂ خطی بدست
او کند + با دل دشمن زبان اندر دہان ۔ سعید اشرف ۔ گشت چون
نام نکویت گفتہ ام عالم نورد + چون سنان خطیت شد نام گیتی ستان ۔
نیستی ۔ مقابل ہستی بیائے معروف اور بہ یائے مجہول نہو تا جمال الدین
سلمان ۔ ہر لو کہ نیستی سا یہ جہان + چرخ گرد جہان نگردیدی ۔
نیک را نیکی و بد را بدی ۔ مثل ہے۔

چوتھی فصل

اردو اصطلاحون و محاورون کے ذکر مین

نون با الف

نا آشنا ۔ ناواقف انجان ، ونکا بھیدیا ۔ قطعہ از مولف ۔ ایسی الٹی

ہوائے روزگار ہو گئے ہیں عقرب اپنے اقربا + دوست تھے جتنے وہ دشمن بن گئے + آشنا سارے ہوئے ناآشنا۔

نا چاقی ہونا۔ بگاڑ اور بیر ہو جانا۔

ناچ نچانوں آنگن ٹیڑھا۔ ناچنے کا وقوف نہیں الزام مکان پر دیتا ہے۔

ناچ نچانا۔ حیران و پریشان کرنا ستانا۔ دوہا۔ بھوک منگا دے بھیک کو بھوک ہی سیس نوائے + بھیک کرائے چوریاں بھوک ہی ناچ نچا۔

ناخلف اٹھنا۔ پیدا ہونا۔ نالائق اولاد ہونا کپوت پیدا ہونا۔

ناخن لینا۔ ناخن تراشنا کاٹنا گھوڑے کا ٹھوکر کھانا۔

ناداری آنا۔ مفلس ہونا کنگال ہونا۔

ناڑا چھوٹ کرنا۔ پیشاب کرنا۔

ناڑا کھولنا۔ جماع کرنا۔

نارنیچی کرنا۔ سر جھکانا گردن خم کرنا۔

ناڑی چھوٹنا۔ نبض غائب ہو جانا دم نکل جانا سست ہونا۔

ناڑی نبولنا۔ نبض کا حرکت نکرنا۔

ناز اٹھانا۔ کسیکے ناز نخرے کی برداشت کرنا۔

ناز کرنا۔ فخر کرنا نازاں ہونا۔

نازک مزاج۔ نازک دماغ ہونا کسیکی بات سننے کی طاقت نرکھنا

ناسازگار ہونا۔ ناموافق و نامطبوع ہونا۔

ناس کر دینا۔ کھو دینا بگاڑ دینا خراب کر دینا۔

ناشتا کرنا۔ صبح کو کچھ کھا لینا۔

ناف ٹلنا۔ ناف پڑجانا۔

ناک آنا۔ ناک سے ریزش گرنا۔

ناک بھوں چڑھانا سمیٹنا۔ ناراض ہونا آزردہ خاطر ہونا۔ ناسخ میں گیا جب اسکے گھر ایسی چڑھائی ناک بھوں + ہو نہ ممسک کی یہ صورت روے سایل دیکھکر۔

ناک پر انگلی رکھکر بات کرنا۔ یہ عادت اکثر عورات کی ہے۔

ناک پر ٹکا رکھدینا۔ کسی کا دینا نخے الفور ادا کر دینا۔ راحت۔ تجھے کچھ لیتی ہوں رکھدیتی ہوں پہلے ناک پر + بی کسی بھڑوے کا بندی پر ٹکا آتا نہیں۔

ناک پر مکھی نہ بیٹھنے دینا۔ کسی کا احسانمند نہونا احسان کا بار نہ اٹھا سکنا

ناک چڑھانا۔ رنجیدگی ظاہر کرنا نفرت کرنا۔

ناک چنے چبوانا۔ نہایت تنگ کرنا دق کرنا۔

ناک چوٹی میں گرفتار ہونا۔ اپنی عزت کی فکر میں رہنا یہ مقولہ عورات کا ہے

ناک رکھ لینا۔ عزت رکھ لینا آبرو بچانا۔

ناک رگڑنا۔ گھسنا نہایت منت کرنا۔

ناک کاٹ چوتڑوں تلے رکھنا۔ بے شرم و بے عزت ہو جانا آبرو کا پاس نکرنا۔

ناک کاٹنا۔ بے آبرو کرنا۔

ناک کٹنا۔ بے آبرو ہونا۔

ناک میں بولنا۔ ناک میں سے آواز نکالکر بولنا۔

ناک میں دم کرنا۔ تنگ کرنا ستانا۔

ناک میں تیر ڈالنا۔ از حد دق کرنا۔

ناک میں دم ہونا۔ تنگ و عاجز ہونا۔ ذوق۔ ہے نکہت ریحان کا دماغ اب کسی کو چمن + ہوتا ہے میرا ناک میں دم اور زیادہ +

ناک نہ پھیرا۔ وہ گھوڑا جسپر سواری نہوئی ہو۔

ناک نہ دیا جانا۔ نہایت بدبو ہونا۔

ناک والا۔ صاحب عزت۔

ناکوں ناک بھر دینا۔ بالکل بھر دینا لبالب کر دینا۔

ناکوں ناک پیٹ بھر لینا۔ سیر ہو کر کھانا۔

ناکے میں ٹونکالنا۔ سوئی کے ناکے میں سے تاگا نکالنا تنگ اور دق کرنا۔

ناگ کالا کھلانا۔ کالے سانپ کو کھلانا اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا کوئی خطرناک کام کرنا۔

نال گاڑا جانا۔ نوپیدا بچہ کا نال زمین میں گاڑا جانا۔

نام اٹھنا۔ مہر کا نقش اچھی طرح سے کاغذ پر آجانا۔ برق۔ میں ہوں وہ سوختہ افتادہ کہ جب مہر ہوئی ہداغ کاغذ کو لگا نام نہ میرا اٹھا۔

نام اچھلنا۔ برائی کے ساتھ نام مشہور ہونا۔

نام بد ہونا۔ بدنام ہونا۔ یار علی۔ میرا کیا نام بد ہوگا وہ خود بدکار ہی روشن + دیا ہے رنج مجھکو جب گلا کرتی ہوں راحت کا۔

نام پانا۔ نیکنامی حاصل کرنا۔

نام پر جان دینا۔ نیکنامی کے لیے نہایت کوشش کرنا۔

نام چلنا۔ نام باقی رہنا۔

نام خدا۔ یہ کلمہ حصول برکت اور قسم کے واسطے بولا جاتا ہے۔ جرأت۔ تک منہ ادھر کو کیجیو قربان جاؤں ہا + کیا ہی بھا نام خدا آپ پر ہے آج۔

نام دھرنا۔ نام رکھنے والا باپ نہ رگ۔

نام دھرنا۔ رکھنا۔ موسوم کرنا کسی نام سے بچہ کا کسی کو عیب لگانا

ڈھولی ڈالنا - بہیر جو تیر کے لیے کام رکھتے ہیں + یعنی کو وہ نام رکھتے ہیں -

نام ڈبونا - اپنے آپکو بدنام اور رسوا کرنا - بحر - خدا کے فضل سے اسکو بھی آج رو بیٹھے + رہی تھی نام ڈبونے کو آبرو باقی - جلال - بہانہ ڈھونڈھتی تھی چشم تر جدائی کا + اسے تو نام ڈبونا تھا آشنائی کا -

نام روشن ہونا - خوبی کے ساتھ مشہور ہونا - یار علی - جان ہمنا تو رہے جم جم سلامت سچ تو ہی + نام روشن ہو گیا میرا تیرے اقبال سے -

نام زد کرنا - منسوب کرنا نام نہاد کرنا مقرر کرنا مشہور کرنا -

نام کرنا - شہرت حاصل کرنا -

نام لگ جانا - الزام لگ جانا -

نام لیکر مانگ کھانا - بزرگون کے نام سے مانگ کر گذارہ کرنا -

نام لینا - یاد کرنا ذکر کرنا الزام دینا -

نام لیوا - مرید بیٹا وارث -

نام نکالنا - برائی یا بھلائی کے ساتھ مشہور ہونا -

نام ہونا - شہرت ہونا مشہوری ہونا - شیفتہ - ہم طالب شہرت ہین ہمین ننگ سے کیا کام + بدنام اگر ہونگے تو کیا نام نہوگا -

نا نکر کرنا - نہین کرنا انکار کرنا -

نانی یاد آنا - محنت کے کام مین گھبرا جانا -

ناؤ مین خاک اڑانا - تہمت دھرنا جھوٹ بولنا -

نازک وقت - جوکھون یا خطرے کا وقت آزمایش اور معرکہ کا وقت -

نابلد - ناواقف گنوار اجڈ -

نابکار - نکما آدمی -

ناک کا بال - کسیکا نہایت مقرب اور مصاحب -

ناخن مین پڑے ہین - یعنی تمھارے جیسے میرے ناخن مین پڑے ہین جسطرح میل ناخن مین ہوتی ہی تمکو مین کچھ چیز نہین سمجھتا -

نازک معاملہ - ٹیڑھی بات مشکل امر -

نادر شاہی ہی - لوٹ اور ظلم کا زمانہ ہی -

ناک پر پہیا پھر گیا ہی - چپٹی ناک ہی - یہ جملہ بطور پھبتی کے بولا جاتا ہی -

ناؤ خشکی مین نہین چلتی - خرچ کیے بغیر نام نہین نکلتا - برق - ضروری ہی دریا دلی بہر نام + کبھی ناؤ خشکی مین چلتی نہین -

ناؤ کسنے ڈبوئی خضر نے - یعنے جو شخص اپنا حامی و مددگار تھا اسی کی شرارت سے کام خراب ہوا - ذوق - وہ مثل ہی ناؤ یہ کسنے ڈبوئی خضر نے لے گیا خط ذقن دلکو سوئے گرداب کھینچ -

نون با با

نبضین چھٹ جانا - چھوٹ جانا - مضطرب و بیقرار ہو جانا قریب مرگ کے ہو جانا - جرات - ماحوال کچھ نہ پوچھو کہ کل نبض پہ مری + رکھتے ہی ہاتھ چھٹ گئین نبضین طبیب کی -

نون با تا

نت نیا - ہمیشہ نیا ہر روز نیا - جرات - قیس اور فرہاد کو اسنے دکھا دشت و کوہ + عشق ہمکو نت نیا اک کام فرماتا رہا -

نتھنون مین تیر دینا - نہایت تکلیف دینا دق کرنا -

نتھنون مین دم کرنا - جان بلب کر دینا -

نتھنی اترنا - نتھلی اترنا - خاوند مرجانا عورت کا بیوہ ہونا -

نتھنے پھلانا - غضبناک ہونا غصہ ہونا -

نٹ کھٹی کرنا - شوخی و شرارت کرنا دغابازی کرنا -

نٹ کھٹ - عیار شوخ شریر دغاباز - میر - کیا لڑکے دلی کے ہین عیار اور نٹ کھٹ + دل لین ہین یون کہ ہرگز ہوتی نہین ہی آہٹ -

نون با جیم

نچا مارنا - دق کرنا ستانا تکلیف دینا -

نون با خاے

نخاس پر بھیجنا - چارپائی کو فروخت کے لیے بازار بھیجنا -

نخرہ بگھارنا - نخرہ تلا کرنا - فریب کرنا بہانہ کرنا حیلہ گری کرنا اترانا - شوق - جیتے رہیے کہ اسمین مریے آپ + نخرہ تلا ذرا نہ کریے آپ -

نخاس والیان - رنڈیان فاحشہ پیشہ دار عورتین -

نخاس کی گھوڑی - فاحشہ بدکار عورت -

نون با دال

نڈر ہونا - بیخوف اور بیباک ہونا -

نون با ذال

نذر دینا - نذر گذارنا - نذر کرنا - کوئی چیز یا زر نقد کسی کے آگے پیشکش کرنا چڑھانا بھینٹ کرنا رشوت دینا -

نون با رے

نرغے مین آجانا - کسی بلا یا مصیبت مین پھنس جانا -

نرم گرم اٹھانا - سخت سست بری بھلی بات سہنا -

نون با زے

نزدیک جانا - پاس جانا مباشرت کرنا -

نون با سین

نسبت ہونا۔ سنگنی یا سگائی ہو جانا۔
نس پھڑک جانا۔ کسی رگ میں صدمہ پہونچنا۔
نسخہ باندھنا۔ عطار کا نسخہ کی دوائیوں کو پڑیا میں باندھکر دینا۔
نس کٹا۔ مخنث خوجہ ہیجڑا۔
نسبتی بھائی۔ بہنوئی یا سالا۔

نون با شین

نشہ پانی کرانا۔ بھنگ پوست پلانا رشوت دینا۔
نشہ پانی کرنا۔ بھنگ پینا پوست وغیرہ پینا۔
نشہ کرکرا ہونا۔ عیش میں خلل پڑنا۔
نشانہ بنانا۔ تیر یا بندوق کی گولی مارنا۔ ذوق۔ پہلے نشانہ کرتا وہ بندوق کا مجھے + پر تھا مرے نصیب سے توڑا بچھا ہوا۔
نشانہ ہونا۔ تیر یا بندوق سے مارا جانا۔
نشہ ہرن ہو جانا۔ نشہ اتر جانا ہوش میں آجانا۔ جگر۔ چشم جانان وہ بلا ہے جو ترا پی دیکھلے + نشہ ہو جائے ہرن آنکھ خماری ہو جائے۔
نشہ میں چور ہونا۔ مست اور بیہوش ہو جانا۔ س۔ جو محبت کے نشہ میں چور ہے + کیا کرے بے بس ہے اور معذور ہے۔
نشیلی آنکھیں۔ مست لال لال آنکھیں۔ ناسخ۔ آگئیں یاد جو رونے میں نشیلی آنکھیں + اشک ٹپکے مری آنکھوں سے سپہ لال ہو نشہ سکے دورے سے آنکھ کی وہ سرخی جو شراب کے نشہ میں پیدا ہوتی ہے۔ ناسخ۔ نشہ سے نہیں ہے لال ڈورے + ہیں جال ترے دلکو جال آنکھیں۔

نون با صاد مہملہ

نصیب پھوٹ جانا۔ بد قسمتی کا ظہور ہونا بھاگ پھوٹنا برے دن آنا
نصیب لڑ جانا قسمت لڑنا کسی کام کے درستی کے لیے نیک موقع ہو جانا
نصیب پھرنا۔ طالع جاگنا بخت کھل جانا۔ یار علی۔ بی بی باندی بن گئی اور باندی بی بی بنگئی + پیٹ رہنے سے زنانے کیا نصیبہ پھر گیا۔ داغ۔ پلکیں سے مژگان کے زیب ہے گو قید خانہ ہو + نصیبہ کھل گیا تھا حضرت یوسف سے زندان کا۔

نون با طائے معجمہ

نظارہ کرنا۔ نظارہ مارنا + البیلے پن سے دیکھنا ترچھی نگاہ سے دیکھنا۔
نظر اتارنا۔ نظر بد کا دفعیہ کرنا صدقہ دینا۔
نظر انداز کرنا۔ نامنظور و ناپسند کرنا۔
نظر بچانا۔ آنکھ بچانا اغماض کرنا۔

نظر بند رکھنا۔ قید رکھنا حوالات میں رکھنا۔
نظر بھر کر دیکھنا۔ توجہ کی نگاہ سے دیکھنا۔
نظر پہ چڑھنا۔ نگاہ میں بھلا معلوم ہونا۔
نظر پڑ جانا۔ دکھائی دیجانا ملاقات ہونا۔
نظر پھسلنا۔ نگاہ نہ ٹھہرنا۔ آتش۔ صفائی آئینہ کی چہرہ شفاف رکھتا ہے پھسلتی ہیں نگاہیں یار کے رخسار پر کیا کیا۔
نظر پھینکنا۔ ادھر ادھر دیکھنا۔
نظر جلانا۔ توے کی سیاہی سے کپڑے کو کالا کرکے آنکھوں کے مریض کے روبرو جلانا کہ چشم بد کا اثر جاتا رہے چھوت جھاڑنا۔
نظر جمنا۔ کسی پر نگاہ ٹھہرنا۔
نظر جھاڑنا۔ چھوت جھاڑنا۔
نظر چرانا۔ آنکھ چرانا شرم کھانا۔
نظر چڑھنا۔ پسند ہونا منظور ہونا۔
نظر ڈالنا۔ سرسری طور سے دیکھنا۔
نظر رکھنا۔ خواہش رکھنا چاہنا۔ میر حسن۔ ہمارا اگئی بھول خوف و خطر + لگی رکھنے انسان پر تو نظر۔
نظر سے اترنا۔ نظر سے گرنا۔ پہلی سی محبت نہ رہنا بے وقعت ہو جانا ناسخ۔ نہیں چڑھتا ہوں کسیکی بھی نظر پہ ناسخ + یار نظروں سے افسوس میں ایسا اترا۔ داغ۔ آسمان گر گیا نظر سے مری + عرش پر جب ترا دماغ ہوا۔
نظروں سے گرانا۔ بیقدر اور بے توقیر کر دینا۔ س۔ مدلون ضبط کے اشک آنکھوں سے ڈھلنے نہ دیا + پھر جو نظروں سے گرایا تو سنبھلنے نہ دیا
ذوق۔ روش اشک گرا دینگے نظر سے اکدن + اب بھی آنکھوں سے ہی مجھکو سجھائی دیتا۔
نظر سے نظر دو چار ہو جانا۔ آنکھ سے آنکھ ملنا۔ شوق۔ جب نظر سے نظر دو چار ہوئی + ایک برچھی جگر کے پار ہوئی۔
نظر سے نکل جانا۔ آنکھوں سے گذر جانا دیکھا جانا۔
نظر کھا جانا۔ نظر لگنا۔ بد نظر کا اثر ہو جانا۔ نظیر۔ مجھے یہ ڈر ہے کسیکی نظر نہ کھا جائے + پھر نہ تم کھلے بالوں سے جان لوٹے پر غالب۔ کہیں نظر نہ لگے انکے دست و بازو کو + یہ لوگ کیوں مرے زخم جگر کو دیکھتے ہیں۔
نظر میں کھٹکنا۔ آنکھوں میں کھٹکنا منظور ہونا۔ میر۔ تیری پلکیں چبھتی نظر میں بھی ہیں + یہ کانٹے کھٹکتے جگر میں بھی ہیں۔

نظروں میں سمانا۔ آنکھوں میں سمانا پیارا لگنا۔ ؂ وہ نہیں آیا نظر تو نظر آیا پھر کیا + وہ نہ نظروں میں سمایا تو سمایا پھر کیا۔
نظروں میں رکھنا۔ نگاہ میں رکھنا۔ ؂ جگہ دیتے ہیں ہم پہلو میں اپنے دلبر کو + جو منظور نظر ہے اسکو ہم نظروں میں رکھتے ہیں۔
نظر ہو جانا۔ کسیکی نظر لگ جانا۔
نظر باز۔ دور سے پہچان لینے والا تاڑ جانے والا۔

نون با قاف

نقارہ بجاتے پھرنا۔ ڈھنڈورا پیٹتے پھرنا۔
نقارہ ہو جانا۔ پیٹ اپھر جانا۔
نقش بٹھلانا۔ سکہ بٹھلانا قایم کرنا۔
نقش بیٹھنا۔ اثر ہو جانا قایم ہو جانا۔ غالب۔ ؂ اسکی بزم آرائیاں سنکر دل رنجور یاں + مثل نقش مدعائے غیر بیٹھا جاے ہے۔
نقش دیوار بن جانا۔ ہو جانا۔ بیحس وحرکت ہو جانا سکتے عالم میں ہو جانا۔
نقش کالحجر ہو جانا۔ پتھر کی لکیر ہو جانا گہرا نقش پڑ جانا ثبت ہونا۔
نقشہ کھینچنا۔ جمانا۔ کسی چیز کا ڈھانچ ڈالنا خاکہ اتارنا بنیاد ڈالنا۔
نقل مکان کرنا۔ ایک مکان سے دوسرے میں جانا۔ مولف۔ ؂ بندگان زندہ دل مرتے نہیں + صرف کر لیتے ہیں وہ نقل مکان۔
نقارہ کی چوٹ۔ علانیہ کھلم کھلا سب کے روبرو۔
نقار خانے میں طوطی کی آواز کون سنتا ہے۔ امیروں اور دولتمندوں کی مجلس میں غریب اور مفلس کی بات کون سنتا ہے۔

نون با کاف

نکتوڑے توڑنا۔ نکتوڑے کرنا۔ نک نک کرنا۔ نخرہ کرنا ناک بھوں چڑھانا۔
نکل پڑنا۔ اندازے سے باہر ہو جانا بگڑ جانا۔
نکل جانا۔ بھاگ جانا پھٹ جانا جان نکل جانا گذر جانا حد سے باہر ہو جانا۔
نکل چلنا۔ گستاخ ہو جانا پر پرزے نکالنا آگے بڑھ جانا۔ استاد۔ ؂ میری طرف سے صبا کہیو میرے یوسف سے + نکل چلی ہے بہت پیرہن سے بو تیری
نکو بنانا۔ کرنا۔ بے عزت مشہور کرنا۔
نگاہ اٹھا کر نہ دیکھنا۔ آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا۔
نگاہ پھیرنا۔ بے لحاظ و بیدید ہونا۔
نگاہ کرنا۔ نظر کرنا دیکھنا۔
نگاہ لڑانا۔ آنکھیں لڑانا عاشقانہ نظر سے دیکھنا۔
نگاہ ملانا۔ چار آنکھیں کرنا۔
نگاہ میں رکھنا۔ نظر میں رکھنا۔
نگوڑا ناٹھا۔ مجرد بے خانمان لچا بدمعاش بدچلن۔
نکھ ڈھی سک۔ نک سک۔ سر سے پاؤں تک۔
نکسیر بھی نہیں پھوٹی۔ چیلی۔ ناک سے خود بخود خون نہیں نکلا۔
نکلے ہوئے دانت پھر نہیں بیٹھتے۔ ظاہر ہوئی بات پھر نہیں چھپ سکتی۔
نکھنڈ آدھی رات ہے۔ پوری آدھی رات ہے۔
نکیل ہاتھ میں ہے۔ مہار اسکی اسکے ہاتھ میں ہے کامل اختیار رکھتا ہے۔

نون با لام

نلی ٹل جانا۔ ناف ٹل جانا اڑنگ بڑنگ ہو جانا۔

نون با میم

نماز لگا لگا۔ وہ خبر جو ملے بغیر نرے فعل بد کی سزا کسی شوخ لڑکے ایک شخص کو نماز پڑھتے ہوئے ٹانگ پکڑ کر گرا دیا نمازی نے ایک ٹکا اسکو دیدیا دوسرے روز لڑکے نے ایک اور شخص کی ٹانگ کھینچکر گرایا اسنے لڑکے کو ایسا مارا کہ تمام عمر کے لیے کافی ہو گئی۔
نمدہ بند ھجانا۔ دوالہ نکل جانا مفلس ہو جانا۔
نمدا بندھوا دینا۔ غریب و مفلس کر دینا۔
نمک چشی کرنا۔ کھانیکا ذائقہ معلوم کرنا۔
نمک حلالی کرنا۔ اپنے مالک کی خیر خواہی کرنا۔
نمک مرچ لگانا۔ مزے دار کرنا ذائقہ بڑھانا بات کو بڑھانا حاشیہ چڑھانا۔
نمو ہا ہونا۔ کم گو ہونا بے زبان ہونا۔
نمد ابھیجو۔ لعنت بھیجو جانے دو ذکر نکرو۔

نون با نون

ننھا کاتنا۔ باریک سوت کاتنا۔
ننانوے کے پھیر میں آجانا۔ سو پورا کرنے کی فکر میں پڑ جانا۔
ننگا لچا۔ مفلس و بے اعتبار۔
ننگی تلوار۔ بیباک اور بیخوف۔

نون با واؤ

نوابی کرنا۔ امیرانہ طور سے رہنا۔
نوبت بجنا۔ باجا بجنا شادی ہونا۔

نو تیرہ بائیس بتا دینا۔ ادہر اُدہر سے رقومات ملا کر حساب پورا کر دینا۔

نوش فرمانا۔ نوشجان کرنا۔ کھانا پینا۔

نوک جھوک ہونا۔ نوک جھوکی ہونا۔ باہم دو شخصوں کے طنز آمیز باتین ہونا۔

نوک جھوک کرنا۔ باہم مزاح کرنا۔

نوک دم بھاگنا۔ بے تحاشا بھاگنا۔

نوک زبان کرنا۔ حفظ کرنا یاد کرنا۔

نوک کی لینا۔ اترانا تمکنت کرنا۔ اسیر۔ کبھی جو سامنے تیر کسی نے نوک کی لی + کھٹک گیا مجھے کانٹے کا احتمال ہوا۔

نولکھا ہار پہنا دیگا۔ مالا مال کردیگا اسکے جواہرات دیگا۔

نونده بارہ سند ہو جانا۔ ملیامیٹ ہو جانا کسی بات کی کمی نہ رہنا۔

نو دولت۔ جسکو نئی دولت حاصل ہوئی ہو۔

نوک پلک سے درست۔ ہر طرح سے ٹھیک و درست۔

نوک جوک۔ شوخی شرارت اچپلاہٹ۔ شوق۔ نوک جوک اک جمال سے پیدا + بانکپن چال ڈھال سے پیدا۔

نور کی باتین۔ انوکھی باتین۔

نور کے تڑکے۔ نور ظہور کے تڑکے۔ علی الصباح صبح صبح فجر کیوقت۔

نون با ہائے ہوز

نہانا دینا۔ نہانا دینا۔ دودھ دینے والی گائے کی پچھلی ٹانگون کو دودھ دوہتے کیوقت باندھ دینا۔

نہال کرنا۔ امیر بنا دینا خوش و رضامند کرنا۔ ناسخ۔ رہے وہ گل چمنستان دہر مین شاداب + دکھا کے سرو سا قامت کیا نہال مجھے۔

نہال ہونا۔ امیر بن جانا آسودہ حال ہونا۔ س۔ پڑیگا صبر عنادل کا باغبان پہ ضرور + درخت چھانٹ کے ظالم نہال کیا ہوگا۔

نہانے کی حاجت ہونا۔ احتلام ہونا خواب مین انزال ہو جانا۔

نہانی ہونا۔ عورت کا حیض سے ہونا۔

نہنگ لاڈلا۔ ابتر ناشائستہ بیحیا لڑکا۔

نہورا ماننا۔ احسانمند ہونا ممنون ہونا۔

نہ نگلے بنتی ہے نہ اُگلے۔ ہر طرح سے خرابی ہے وا رفتن نہ روے ماندن۔

نون با یائے

نیا پرانا ہونا۔ بہت مدت کا ہونا۔

نیا راجہ یا نواب ہونا۔ نئی دولت حاصل ہونا۔

نیار بھونس کرنا۔ مویشی کا چارہ تیار کرنا۔

نیار یا بن کرنا۔ مٹی سے چاندی نکالنا۔

نیاز حاصل کرنا۔ ملاقات کرنا۔

نیا کرنا۔ پہلے پہل کوئی نیا پھل کھانا۔

نیچا اونچا دیکھنا۔ غور سے کسی کو دیکھنا۔

نیچا پڑنا۔ مغلوب ہو جانا عاجز ہونا۔

نیچا دکھانا۔ بیعزتی کرنا بے آبرو کرنا۔

نیزون پانی چڑھانا۔ کسی مصیبت کا بڑھ جانا فساد پھیل جانا۔

نیلا پیلا ہونا۔ غضب مین آنا۔ جرأت۔ کل تلک جو گھر تھا ہیا گھر سو آسکے در پر آج + نیلا پیلا وہ کیکر کیا کیا ہمین دربان ہوا ہے

نیل بگڑنا۔ نیل کا مات بگڑنا۔ چونکہ نیل کے حوض بگڑ جانے پہ ٹوٹکے کے طور پہ بیہودہ پر کی اڑایا کرتے ہین ازحد جھوٹ بولنا جھوٹی باتین بنانا۔ اسیر۔ باندھی ہے سب نے زیر فلک جھوٹ پر کمر + شاید بگڑ گیا ہے کہین ماٹ نیل کا۔

نیل ڈھلنا۔ نزع کیوقت آنکھون سے پانی بہنا۔ مومن۔ کیا رووُن خیرہ چشمی بخت سیاہ کو + وان شغل سرمہ ہے ابھی یان نیل ڈھل گیا

نیل کی سلائیان آنکھون مین پھیرنا۔ اندھا کرنا۔

نیل گھوٹنا۔ لڑائی مچانا فساد پیدا کرنا۔

نیم ملا۔ جو تھوڑی پڑھا ہوا ہو۔ مثل۔ نیم ملا خطرہ ایمان نیم حکیم خطرہ جان۔

نیم کی ٹہنی ہلانا۔ زخم سے مکھیان اڑانا آتشک کی بیماری مین مبتلا ہونا۔

نیند اُچٹ جانا۔ اُڑ جانا۔ بیدار ہونا نیند نہ آنا۔ بحر۔ سوتے سوتے جب پکار اُٹھتا ہون اپنے یار کو + مرقدون کے سونے والون کی اُچٹ جاتی ہے نیند۔

نیند بھر کے سونا۔ بیفکری کے ساتھ سونا۔ بحر۔ پھولکا رنگ صور جو نالے اسطرح + سوئیگا نیند بھر کے نہ عالم تمام رات۔

نیند حرام کرنا۔ سونے نہ دینا۔

نیند کا ماتا نیند کا مستا جسکو سونے کی عادت ہو۔ جرأت۔ رات دن اسکی جو بیخوابی کا مجھکو ہے خیال + تو یہ حالت ہے کہ گویا نیند کا ماتا ہون مین

نین گنوانا۔ اندھا ہو جانا۔

نیوا ناس کھونا۔ بیخ و بن سے تباہ کرنا۔

نیو جمانا دھرنا ڈالنا۔ بنیاد رکھنا کسی کام کو شروع کرنا۔

نئے بیخ۔ وہ گھوڑا جسکو پانچوان برس شروع ہو۔

سے سر سے - از سر نو شروع سے - جرات - دیکھا اُس گل کو تو شعلہ سا جگر سے چمکا * کیا یہ داغ کہین پھر نئے سر سے چمکا -
نئے سر سے جنم لیا ہی - بیماری سے شفا پائی ہو مر کر بچا ہی -

پانچوین فصل

ادویات یعنے لغات متعلق علم طب کے بیان مین

نون با الف

نارکیوا - یہ ایک نبات نیستان اور سایہ دار زمینون مین ہوتی ہی قد آدم بلند زیتون کے سے پتے خیر وجیسا پھول پھل بقدر فندق کے تیز رنگ اور تیز ادراک طبیعت اسکی گرم خشک محلل ریاح دافع بلغم مصفی جلد محلل اورام

نارنج - مشہور پھل ہی طبیعت اسکی پوست زرد اور شگوفہ کی گرم خشک اور تخم سرد خشک ترشی اسکی دوسرے درجہ میں سرد پہلے درجہ مین خشک اور تمام اجزا اسکے گرم وخشک کھانا گرم کو مفید ہی پانی اسکا ساتھ شکر کے مسہل صفرا ہی اور مسکن صفرا کی تیزی کا -

نارقیصر - یہ ایک نبات ہی ساق اسکی پتلی اور سرخ زردی مائل پھول زرد اور خوشبو روم سے لاتے ہین طبیعت اسکی گرم خشک پینا اسکا واسطے تقویت معدہ سرد وتحلیل ریاح و ادرار بول و درد مفاصل مفید ہی -

ناگیسر - ایک درخت عظیم الشان بنگال مین ہوتا ہی بقدر درخت آلو کے پتی امرود کی سی پھول خوشبو عطر اسکے پھولون اور پھولون کی زردی کا عمدہ ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک پھول اسکا دافع صفرا اور بلغم اور ہر قسم کے زہرون اور ریاح اور بواسیر ہر قسم ہی پیٹ کے کیڑون کو نکالتا ہی چہرہ کے رنگ کو صاف کرتا ہی خون کو صاف کرتا ہی -

ناطف - مشہور چیز ہی جسکو فارسی مین قبیط کہتے ہین عوام ہند مین کمبل مشہور ہی طبیعت اسکی گرم خشک سینہ اور ریہ اور سرفہ اور خلط بلغمی کے موافق مسمن بدن ہی -

نارمشک - شگوفہ ایک نبات کا ہی جو خراسان مین بہت ہی شکل مین مشابہ چھوٹے انار کے جو نہ پھولا ہو طبیعت اسکی گرم خشک ملطف ومرقق اخلاط مانع تحلیل ارواح وصعود بخارات بطرف دماغ دافع مالیخولیا و وسواس ہی -

نارجیل - مشہور چیز ہی جسکے تازہ پھل کو ناریل خشک کو کھوپرا عربی مین جوز ہندی یہ درخت دریاے ہند کے کنارے دکن اور بنگال مین بکثرت ہوتا ہی پھل اسکا خرما کی طرح خوشہ مین ہوتا ہی اور ہر خوشہ مین آٹھ سے اٹھارہ تک پھل ہوتے ہین درخت بھی اسکا درخت خرما سے ملتا ہی پھل اسکا تین پوست رکھتا ہی پانی اور تیل اسکا کار آمد ہی پختہ پھل اسکا لذیذ حلوون مین ڈالا جاتا ہی طبیعت تازہ پھل کی دوسرے درجہ مین گرم پہلے درجہ مین خشک اور پانی پہلے درجہ مین گرم تر مقوی حرارت غریزی مسمن بدن مولد خلط صالح دافع مواد باردہ بلغمی و سوداوی و استرخا و فالج وجنون ہی -

ناروین - یہ ایک جڑ مشابہ مامیران اور مصنیا کے اور شکل مین مشابہ اسارون بہتر تر اور تازہ اور خوشبو ہی طبیعت اسکی گرم اور خشک دافع فالج ولقوہ و ادرار بول وحیض محلل اورام رحم ہی سرمہ اسکا پلکون کے بالون کو جماتا ہی اور آبزن اسکے جوشاندہ کا درد گردہ کو دفع کرتا ہی -

نانخواہ - مشہور تخم ہی جسکو ہندی مین اجوائن کہتے ہین مائل بزردی تیز بو تیز مزہ تھوڑا تلخ ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک ساتھ قوت مجففہ تریاقیہ وملینہ کے ہی پینا اسکا دافع فالج اور رعشہ و استرخا و درد سینہ ہی -

نارجیل بحری - ناریل دریائی مشہور چیز ہی طبیعت اسکی مرکب القوی ہی ساتھ قوت تریاقیت وحفظ قواے بدن کے اور جو ہر ہفتہ مین دو یا ایک مرتبہ مقدار ایک حبہ اسکو ساتھ گلاب کے سنگ سماق پر پیس کر کھاوے اکثر امراض سے نجات پاوے اور جو مقدار چار پانچ حبہ کے گھسکر صاحب ہیضہ یا شارب زہر کو کھلاوین اور قے کراوین تو مواد فاسد وسمیہ نکال ڈالتا ہی -

نون با بائے

نبیذ - یہ ایک مسکر چیز سواے خمر کے بنائی جاتی ہی اقسام اسکے بہت ہین ہر قسم کے اناج اور میوون سے تیار کی جاتی ہی ہندی مین اسکو بوزہ کہتے ہین انہین سے ایک نبیذ الزبیب جو میوے سے بنائی جاتی ہی اور نبیذ العسل شہد سے اور نبیذ الشکر قند سے اور نبیذ الفواکہ میوون کے پانی سے اور نبیذ التمر کھجور سے اور نبیذ الارز جو چھے کے نعلہ سے بناتے ہین خواص انکے الگ الگ ہین -

نون با حائے

نحاس - ایک دھات ہی جسکو فارسی مین مس ہندی مین تانبا کہتے ہین طبیعت اسکی تیسرے درجے گرم اور خشک محلل ومحرق ساتھ قوت مدملہ اور قابضہ کے اگر اسکو سرکے مین بھگو رکھین اور اسمین شہد خمیر کرکے ضماد کرین تو نزلات اور کھانسی کو دفع کرتا ہی سرمہ لگانا اس سے باعث تیزی نظر کا ہی پینا محلول اسکا ساتھ ماء العسل مسہل زرد پانی کا ہی استسقا کے ابتدا مین اور لیپا ہوا پینا اسکا قے

اتا ہی اور انیوں کے زہر کو نکالتا ہی

نحل۔ مگس شہد یعنی شہد کی مکھی طبیعت اسکی گرم اور خشک اسکے بچے کو جو ہنوز پر نہ نکالے ہوں سایہ میں سکھا کر ایک درم ساتھ فالودے کے کہ دس مثقال گیہوں کے نشاستہ کا ہو پانچ مثقال قند سے ملا کر پئیں تو بدن جلد موٹا ہوتا ہی

نحام۔ یہ ایک آبی چڑیا ہی جو اکثر پانیوں کے کنارے رہتی ہی ابلق سپید و سیاہ بابل بزرگی طبیعت اسکی گرم تر گوشت اسکا نہایت چرب اور بدبو ہوتا ہی مولد خون متین اور منی ہی

نون با خاے معجمہ

نخاع۔ حرام مغز جو انسان اور حیوان کی پشت کی ہڈیوں میں موجود ہوتا ہی دماغ اور گردن اور پشت کے استخوانی مہروں کے اندر رہکر اعصاب و اعضا کی ترطیب اسکا کام ہی طبیعت اسکی گرم تر طلا اسکا لبوں پر ملنا بھاتا ہی ضماد اسکا قروح کو اچھا کرتا ہی شقاق لب اور ایڑی کو نافع ہی

نخالہ۔ بھوسی یعنی گیہوں کے غلہ کے چھلکے جو بعد آٹا چھاننے کے نکلتے ہیں طبیعت اسکی گرم خشک محلل اور منقی ہی بخور اسکے خناق کا سر میں زکام کو نافع ہی ضماد اسکے جوشاندے کا مولی کے پتوں کے پانی میں بچھو کے کاٹنے کے درد کو تسکین دیتا ہی

نون با دال

ند۔ یہ ایک دوا بنائی قبل بخور سے غالیہ کیطرح خوشبو خلفاے عباسی کیوقت یہ تجویز ہوئی عود ہندی و عنبر اشہب و صندل سپید وغیرہ خوشبودار چیزیں اسمیں ملائی گئیں اور بتیاں بنا کر جلائی گئیں جلنے کیوقت علاوہ روشنی کے تمام مجلس خوشبو ہو جاتی ہی طبیعت اسکی گرم و خشک مقوی قلب و دماغ و حواس خمسہ ہی

نون با راے

نرتیقس۔ ایک نبات مشابہ اندرائن ہی اسکے [illegible] میں تخم ہوتے ہیں اور بیج اسکے کیلے طبیعت اسکی گرم اور بہت خشک دافع بدبوے بغل و رعاف ہی ضماد اسکا شراب کے ساتھ بچھو کے زہر کو دفع کرتا ہی

نرجس۔ نرگس مشہور پھول خوشبودار اور مطبوع طبع دو تین اقسام کا ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک جالی جاذب محلل قوی سونگھنا اسکے پھول کا دافع درد سر بلغمی و سوداوی و زکام و نزلہ پینا اسکی جڑ کی پیاز کے جوشاندے کا نہایت منقی رحم کا اور مسقط جنین ہی اور نکالنے والا کرم معدے کا اور التیام دینے والا زخموں ظاہری اور باطنی کا اور دفع کرنے والا درد شانہ اور رحم کا ہی

نزوک۔ بکون واو یہ ایک جڑ کرمان سے لاتے ہیں بنا اسکی کرمان کے پہاڑوں میں ہوتی ہی جہاں پلنگ بہت ہوتے ہیں جڑ کا رنگ بھی ابلق برنگ پلنگ ہوتا ہی مادہ پلنگ جب بچہ جننے کیوقت تکلیف پاتی ہی تو اس جڑ کو نکالکر کھاتی ہی اور آیندہ حاملہ نہیں ہوتی اسکے خواص اس جڑ کے یہ ہیں کہ جوش کھاتی ہوئی دیگ پر اسکو رکھدیں تو جوش فرو ہو جاتے تنور گرم میں ڈالدیں تو سرد ہو جائے روٹیاں اتر جائیں دودھ میں ڈالیں تو دودھ پھٹ جاتا ہی عورت اسکو کھالے یا اندام نہانی میں رکھے کبھی حاملہ نہو اگر مرد کھائے تو اسکے نطفہ سے کوئی عورت حاملہ نہو دفع ناسور و خنازیر کے لیے یہ مجرب ہی

نون با سین

نسر۔ ایک جانور پرند کا نام ہی جسکو فارسی میں کرکس ہندی میں گدھ کہتے ہیں تیز پرواز ہی اس سے زیادہ کوئی پرندہ نہیں ہی طبیعت اسکی گرم خشک گوشت اسکا دافع تشنج اور اکتحال اسکے خون کا دافع نزول الماء و سفیدی چشم ہی پینا اسکی چربی کا کھانسی کو دفع کرتا ہی

نسرین۔ مشہور پھول ہی جسکو ہندی میں سیوتی کہتے ہیں طبیعت اسکی گرم اور خشک سونگھنا اسکا مقوی دل و دماغ و حواس و دافع سردی اعصاب و صداع و زکام ہی اور پینا اسکے پانی کا منقی سینہ دافع اورام لثہ و حلق و خفقان سرد و مقوی معدہ ہی

نون با شین

نشا۔ نشاستہ جو گیہوں کو بھگو کر اور گلا کر نکالتے ہیں طبیعت اسکی پہلے درجہ میں سرد اور خشک بعض سرد تر جانتے ہیں رادع اور قابض مقوی بصر فالودہ بنا کر پینا اسکا ساتھ مصری اور روغن بادام کے قاطع نفث الدم و خشونت حلق و کھانسی گرم و درد سینہ ہی

نشف۔ بیخ مرجان جسکو بسد بھی کہتے ہیں مگر بعض کے نزدیک بسد ایک اور قسم کا پتھر ہی طبیعت اسکی خشک زیادہ ہی بسد سے قاطع خون اور التیام دینے والا زخموں کا اور بھر لانے والا تازہ کو کا زخموں میں ہی

نشارہ۔ ہر ایک لکڑی کا برادہ جو لکڑی کے چیرنے کیوقت گرتا ہی اگرچہ طبیعت اسکی اس لکڑی کی طبیعت کے مطابق ہوتی ہی مگر گرم اور خشک زیادہ ہوتا ہی قابض اور جالی اور برادہ لکڑی کرم خوردہ کا منقی و مدمل زخموں کا ہی

نون با عین

نعنع۔ ایک سبزہ کا نام ہی جو بستانی اور جنگلی ہوتا ہی نازک اور نرم

چیز اور خوشبو پودینہ کیطرح سبز افعال و خواص اسکے پودینہ سے قوی طبیعت اسکی گرم و خشک دافع دردسر قاطع نزف الدم و نفث الدم و درد سینہ و پہلو مقوی معدہ ہی۔

نغاصم۔ شترمرغ جو مشہور پرندہ ہی بڑے قد و قامت کا گردن اسکی لمبی اونٹ کیطرح ہوتی ہی اور سم بیل کیطرح بہت پرواز نہین کرسکتا طبیعت اسکی گرم خشک گوشت محلل ریاح و قاطع بلغم دافع قولنج و لقوہ و خدر و درد مفاصل و بواسیر وغیرہ ہی۔

نون با غین معجمہ

نغر۔ برا سے مہملہ نام ایک چڑیا کا ہی جسکو فارسی مین بیکاوک اور خلدی بانش ممولا کہتے ہین طبیعت اسکی گرم و خشک ہی سوکھا ہوا گوشت اسکا جسمین نمک ملا ہوا ہو واسطے اسہال کے اور بے نمک واسطے عسر البول اور سنگ مثانہ اور گردہ کے نہایت مفید ہی۔

نون با فا

نفط۔ یہ ایک رطوبت تیز بو رقیق اور تیل کے مانند زمین سے نکلتی ہی سیاہ اور سپید طبیعت اسکی گرم اور خشک دافع فالج و لقوہ و رعشہ و خدر و اوجاع بارده رطبہ و درد مفاصل ہی۔

نفل۔ یہ نبات بازوکی ہی مشابہ رطبہ بے خار نقشی مایل بسبزی شاخین گرہ دار عرب مین بکثرت ہی طبیعت اسکی گرم و خشک پینا پھول اور بیج اسکے کا تلی کی بیماری کو مفید ہی اور مدر بول پھول اسکا عمل مین زیادہ قوی ہی۔

نون با کاف

نکا چولی۔ یہ ایک نبات زمین پر پھیلتی ہی ساق اسکی نہایت نحیف ہوتی ہین ریگستان پانی کے نزدیک پیدا ہوتی ہی طبیعت اسکی گرم خشک پینا شیری یا کوٹی ہوئی پتیون اسکی کا دافع سموم ہوام ہی اور ساتھ دودھ پینا مسہل اخلاط فاسدہ۔

نون با میم

نمر۔ یہ ایک جانور ہی جسکو فارسی مین پلنگ ہندی مین تیندوا کہتے ہین صورت اسکی شیر کے مشابہ ہی کثیر الحیا کوئی جانور اسکا گوشت نہین کھاتا بدن مین گینڈے سے بڑا پتلا اور سبک رفتار تیز رو شدید القوت صاحب غیرت اور مشہور ہی کہ زخمی پلنگ کا زخم ہرا اگرچہ چوہا موت جاے تو پلنگ زندہ نہین رہتا اور چوہا حریص ہی اس امر پر کہ زخمی پلنگ پر پیشاب کرے اور پلنگ اس سے اپنے آپکو بچاتا ہی طبیعت اسکے گوشت کی گرم اور خشک اسکی چربی کے ملنے سے فالج دفع ہوجاتا ہی خدر اور وجع مفاصل اور نقرس کا علاج ہی اسکے خون سے آنکھ کی بیماریان دفع ہوتی ہین قطور اسکے سر کا مغز اطلیل مین شرک جاع ہی اور جلوس اسکے پوست پر مسکن بواسیر۔

نموس۔ ایک جانور گیدڑ کے قد برابر زرد رنگ خطوط سیاہ کے ساتھ بال چھکنے چوہے اور چڑیون کو شکار کرتا ہی مستی کے وقت بلی کی آواز دیتا سوداوی اسکے خون کا عوروتون کے دودھ کو بڑھاتا ہی سرمہ اسکے زہرہ یعنی پتے کا آنکھ کے امراض کو دفع کرتا ہی۔

نمل۔ مورچہ یعنے چیونٹی طبیعت اسکی گرم خشک ہی ساتھ قوت تحلیل اگر اسکو روغن زیتون مین جوش دیکر کان مین ٹپکاوین بہرا پن جاتا ہی۔

نون با واو

نوشادر۔ مشہور چیز ہی معدنی اور مصنوعی دونون قسم کا ہوتا ہی معدنی کم ملتا ہی مصنوعی جو اینٹون کے پزاوون سے نکالا جاتا ہی مستعمل ہی طبیعت اسکی گرم خشک اکتحال اسکا واسطے التیام قرحہ چشم اور رفع ہونے دمعہ سرد کے مفید ہی پینا اسکا سینہ کے بلغم کو نکالتا ہی۔

نوارس۔ یہ ایک خاردار درخت ہی شاخین اسکی پتلی تین گز لمبی پھول زرد خوشبو کانٹے تیز گونہ سفید سرخ روم اور حلب مین ہوتا ہی طبیعت اسکی گرم خشک ہی پینا اسکے عصارہ کا واسطے قرحہ ریہ اور ذات الجنب کے بے نظیر ہی۔

نون با ہا

نہاما۔ یہ ایک پہاڑی درخت قد آدم بلند شگوفہ مایل بسفیدی بیج گول اور لمبی بدون پھل کے طبیعت گرم خشک سونگھنا اسکا واسطے بند کرنے نزلہ اور زکام کے مفید ہی اور پینا دافع خفقان اگر زہر کے ساتھ پئین تمام زہرون کی تاثیر کو رد کرتا ہی۔

نون با یا

نیلج۔ یہ دوا سواے نیل کے ہی پتے اسکے مشابہ پتون سفتر کے ہین زمین پر پھیلی ہوئی بوٹی ہوتی ہی اسکے پتون کی ٹکیا بناتے ہین اور گھسکر سفیدی چشم کے علاج مین استعمال کرتے ہین۔

نیلوفر۔ مشہور پھول ہی جو پانی مین پیدا ہوتا ہی اصل نام اسکا نیلو پھل ہندی زبان مین ہی جسکا نیلوفر بنالیا گیا ہی طبیعت اسکی سرد اور تر بلکہ اسکا زیادہ تر لطیف ہی جڑ اسکی گرم خشک ہی پھول مقوی دل و دماغ مسکن حرارت اور تشنگی ہی دافع دردسر و خشکی دماغ و درد سینہ و کھانسی گرم و قروح ظاہری و باطنی ہی۔

نیل۔ مشہور چیز ہی طبیعت اسکی گرم خشک بعضون کے نزدیک معتدل محلل و مجفف و رادع قاطع نفث الدم و نزف الدم پینا اسکا القہ حیار حو

واسطے سرفہ شدید بچون کے مفید ہی اور بھی فائدے اسکے درج کتب طبیہ بہت ہین۔

نیم۔ مشہور درخت ہی حاجت تشریح کی نہین طبیعت اسکی سرد خشک بخور اسکے پتون کے جوشاندے کا کان کے درد کو تسکین دیتا ہی وجع مفاصل کا علاج ہی قطور اسکے پتون کے عصارہ کا ناک مین بدر کو دور کرتا ہی اسکے پتون کے جوشاندے سے ہر ایک زخم کو دھونا فائدہ بخشیدیتا ہی زخم جلد خشک ہوجاتا ہی اور نیا گوشت بھر آتا ہی۔

نیدہ۔ اکثر شہرون مین یہ غذا اغذیہ معروفہ سے ہی اور دولتمند بصرف زر کثیر اسکو بناتے ہین نہایت شیرین اور لذیذ ہوتی ہی ترکیب اسکے پکانے کی مفصل درج مخزن الادویہ ہی طبیعت اسکی گرمی اور سردی مین معتدل مولد خلط صالح مسمن بدن معمل بلغم ہی۔

تیسوان باب

حرف واو کے بیان مین اسمین پانچ فصلین ہین

پہلی فصل

لغات عربی و فارسی وغیرہ کے ذکر مین

واو با الف

وا۔ نارسیدہ وکشادہ وجدا۔ صفدر فوقانی۔ ہان بجنبان حلقہ عجز و نیاز رہ تا بر وبیت باب رحمت وا شود۔

والا۔ نام ایک قسم کے ابریشمی کپڑے کا اور بلند نجیب عزت و مرتبہ چنانچہ والا جاہ و والا ہمت وغیرہ۔ حکیم محمد انور لاہوری۔ نماند مفلس بنا فاہ و محتاج + نہ دولتمند و والا جاہ ماند۔ ظفر اور لعیف دختر رز نباشد چرا ہمچو گل شوخ و شنگ + کہ دارد لباسی ز والا رنگ

واویلا۔ نوحہ و ماتم و افسوس مرکب وا سے اور ویل سے جنکے معنے افسوس کے ہین مولانا اکبر لاہوری۔ غنی را بر زبان ہنگام حلت بجز افسوس و واویلا نباشد۔

واہا۔ بہ ہائے موحدہ قوت فہم و عقل۔

واجب۔ وہ امر جسکا کرنا انسان پر جسکا ضروری ہو جیسے خدا کی عبادت اور قرضہ یا حسب مصلحت اسکو کرنا ضرورت پڑجائے اور وہ وجود جو اپنی بقا مین محتاج غیر نہو سے۔ اذا امر فرض واجبکن اداء بعد از آن ہر سنت خیر الورا۔

واہب۔ بخشنے والا بخشش کرنے والا۔

واخواست۔ محاسبہ و مطالبہ۔

وات۔ حرف و سخن و تقریر اور پوستین۔

واجبات۔ جمع ہی واجب کی ضروری فرایض۔

واقعات۔ جمع ہی واقعہ کی۔

واقفیت۔ واقف ہونا آگاہ ہونا۔

وارث۔ میراث لینے والا متوفی کا۔ سعدی۔ چہ خوش گفت شوریدۂ در عجم + بکسرے کہ اے وارث ملک جم ہا گر ملک بر جم بماندی و بخت + ترا کے میسر شدی تاج و تخت۔

واج۔ ژندی زبان مین بکولیتے کہو اور عربی مین قول۔

وادیج۔ بہ دال ابجد وہ ٹٹی جسپر انگور کی بیل چڑھاتے ہین۔

وارنج۔ ساعد و بازو و آرنج۔

واضح۔ روشن اور ظاہر اور پیدا۔

واخ۔ یہ ایک کلمہ ہی جو خوشی کے موقع پر بولا جاتا ہی اور بمعنے راست اور درست۔

وارد۔ آنے والا قاصد و پیک۔

وافد۔ بکسر فاے ایلچی سفیر پیغام بر اور جو نجیب گھوڑے پر سوار ہو یا اونٹ پر

وامانہ۔ بقا و قیام۔

والد۔ باپ جسکو فارسی مین پدر کہتے ہین۔

واعد۔ وعدہ کرنے والا۔

واحد۔ ایک اکیلا یکتا۔ توحید۔ خدا است واحد و یکتا و بے مثال واحد + خدا است ذات صمد لم یلد و لم یولد۔

واجد۔ پانے والا نئی بات نکالنے والا وجود دینے والا۔

واد۔ پہلوی مین بیٹا مقابل دختر کے اور ہوا جسکو فارسی مین باد کہتے ہین

وارخد۔ سست اور کاہل آدمی۔

والاد۔ گھر کی چھت اور پردہ اور پختہ اور رنگین عمارت۔

وار۔ مانند و لائق و طرز و روش اور کلمہ نسبت کا چنانچہ سوگوار و تقصیر وار و بزرگوار وغیرہ۔

والشر۔ ایک شہر کا نام ہی۔

واگیر۔ کشتی گیرون کی ایک ورزش کا نام ہی۔

واتگر۔ سخنور اور شاعر۔

واجار۔ ژندی زبان مین بازار جسکو عربی مین سوق کہتے ہین۔

وافر۔ بہت زیادہ۔

واز۔ کھلا اور کشادہ۔

واژ - کج اور باج جو بادشاہ رعایا سے لیتا ہے۔
واپس - پیچھے ڈالنا پھیر دینا۔ میر خسرو - اگر حرم قدس چو واپس فگند + راہ دیا نقصانے بمقدس فگند۔
واس - گیہون کا خوشہ۔
والیس - ایک حکیم کا نام ہے جو مقرب اسکندر رومی کا تھا۔
واسط - عراق عرب مین ایک شہر ہے جو بغداد اور بصرہ کے درمیان واقع ہے۔
واعظ - وعظ کرنے والا نصیحت کہنے والا - سعدی - واعظ را باشد بر فشاند دست را + محتسب گر می نخورد معذور دارد مست را۔
وازع - بزاے معجمہ و عین مہملہ باز رکھنے والا لشکر کا افسر اور حاکم اور بادشاہ۔
وادع - وداع کرنے والا رخصت کرنے والا۔
واسع - پھیلنے والا وسعت دینے والا۔
واقع - ہونے والا۔
واضع - رکھنے والا کسی چیز کا اسکی جگہ پر پیدا کرنے والا بنانے والا۔
واقف - ٹھہرنے والا کھڑا ہونے والا خبردار و آگاہ - توحید - بمال و دولت و بنائے دون مشو نازان + اگر تو واقف حالی و اہل عقل و وقوف۔
واف - بلبل جو مشہور پرندہ ہے۔
واجف - جسکا دل دھڑکتا ہو۔
وامق - نام ایک شخص کا جو عذرا پر عاشق تھا
واق - نگہ رکھنے والا و شفیع اور نام ایک پرندہ کا اور نام ایک درخت کا جو ہر روز صبح کو بہار اور شام کو خزان کرتا ہے اور نام ایک جزیرہ اور پہاڑ کا۔
واثق - نہایت مضبوط اور مستحکم - توحید - یاد کن بہر عبادت در لحد + با خدا عہدے کہ واثق کردۂ۔
واورنگ - ترنج جو ایک مشہور میوہ ہے۔
واشنگ - چونک زن پاسبان۔
واک - نام ایک پرندہ کا ہے جو پانی کے کنارے رہتا ہے۔
وابل - بباے موحدہ جو بارش جسکے قطرے بڑے بڑے ہوں اور نام ایک قبیلہ عرب کا۔
وائل - نام عرب کے ایک قبیلہ کا اور نام ایک گانون کا۔
وال - ایک قسم کی مچھلی کا نام ہے جو فلوس دار ہوتی ہے اور عربی مین پناہ چاہنا۔
وام - قرض اور رنگ و لون - صائب - گوش گیرد گل بوام از عندلیب + ہر کجا صائب سخن گستر شود۔
واہم - وہم اور گمان کرنے والا۔

واژون - واژونہ - شوم و نامبارک و سرنگون۔
والان - بادبان جسکو ہندی مین ... کہتے ہین۔
وان - نام ایک شہر کا اور حرف تشبیہ جسکے معنے مانند کے ہین یا دوم بمعنے دارندہ یعنی رکھنے والا۔
وادی ایمن - جس جنگل مین موسیٰ کو درخت پر جلوۂ الٰہی نظر آیا تھا حافظ - شب تاریک و رہ وادی ایمن در پیش + آتش طور کجا وعدۂ دیدار کجا۔
والپسین - پچھلا اخیر کا۔
واو - ایک حرف حروف تہجی سے ہے جسکے عدد چھ ہین۔
واقعہ - حالت خواب کی و جنگ و حادثہ - قاسم ارسلان - ز رشک در واقعہ بنمود بما یار امشب + جست جان برون از پی واقعہ شوار شب۔
والہ - دیوانہ اور شیدا و عاشق و شیفتہ و سرگشتہ۔
واہمہ - وہم و گمان و شک - میرزا جلال اسیر - دل خوردہ اسیر تو و ما واہمہ خوردیم + گر کعبہ دلیل ست چہ باک ست درین راہ۔
وایہ - خواہش و آرزو - طاہر وحید - گر کام وحید از تو طلب کرد نرنجے + جز سوختن خویش دگر وایہ ندارد۔
واعیہ - حافظ و نگہبان اور فریاد کرنے والا۔
وارستہ - آزاد و فارغ البال۔
واگفتہ - نام ایک منزل کا مکہ کی راہ مین۔
واہلہ - حضرت نوح کی عورت کا نام۔
واہیہ - گرا ہوا اور سست جسکا ہل۔
واہمہ - ایک قوت کا نام ہے جو متعلق وہم اور خیال کے ہے۔
وایہ - حاجت و مراد و معتاد ہر روزہ مثلاً کھانا افیون و کوکنار وغیرہ کا جسکی عادت ہو جاے۔
وارہ - شبیہ و نظیر و مانند۔
وارونہ - بدبخت و نامراد۔
واژونہ - معکوس و مقلوب۔
واشامہ - رومال جس سے منھ پونچھین۔
واشہ - باشہ جو ایک شکاری جانور ہے۔
والدہ - مادر یعنی مان۔
واشی - دروغگو چغلخور کذاب۔
واہی - سست اور کاہل اور بے مزہ باتین - درویش والہ ہروی - حسن بنمود بانگشت ادا مجنون را + والہ ست این و سخن باش کہ واہی نشود۔
وارستگی - آزادگی بے قید ہونا۔

وافی ۔ تمام و کمال اور وفا کرنے والا ۔ نعتیہ از مولف ۔ برائے مغفرت روز قیامت + فقط لطف نبی کافی ووافی ست ۔
واقی ۔ بچانے نگاہ رکھنے والا مشتق وقایت سے ۔
واعی ۔ حفظ کرنے والا یاد کرنے والا ۔
والی ۔ دوست وحاکم و مالک ۔ بہر کشور شہ کشورکشائی + تو ئی والی بہر ملک و ولایت
وادی ۔ جنگل و بیابان غیر آباد زمین ۔ حافظ ۔ بہ راہرو گرہ بجہم درش نبرد + مسکین برید وادی و رہ در حرم نداشت ۔
واجبی ۔ وظیفہ در وزینہ جو مقرر ہو ۔ صائب ۔ میرسد واجبہا ز نعمتخانہ غیب + ما چہ فرمندگی از عالم امکان داریم ۔
واصفی ۔ یہ ایک شاعر ہرات مین رہتا تھا ۔
ہشت ۔ بکسر اول چھوڑا اور چھوڑنا ۔ سعدی ۔ قیامت کسے بینی
اندر بہشت ٭ کہ معنے طلب کرد و دعوے بہشت ۔
ہش ۔ بفتح اول شادان و کشادہ رو ۔
ہش ۔ بضم اول مخفف ہوش ۔
ہشاش ۔ شگفتہ چہرہ اور خندان رو ۔

ہائے با ضاد معجمہ

ہضیمت ۔ ظلم اور غضبناکی ۔
ہضم ۔ توڑنا کسی چیز کا ریزہ ریزہ کرنا اور پچ جانا طعام کا معدہ میں ۔
ہضیم ۔ ستم رسیدہ و مظلوم ۔
ہضبہ ۔ بلند زمین اور پشتہ ۔

ہائے با طائے

ہطلان ۔ خفیف بارش جو چند روز برابر ہوتی رہے ۔

ہائے با فائے

ہفت ۔ سات عدد ہیں جسکو عربی میں سبع کہتے ہیں ۔ کمال
اسمٰعیل ۔ دہان لب بست ہفت آب خاک و تو بہ نمود ٭ بدست کوزہ گر
چنین سخنہا باز ۔
ہفت ۔ بضم اول ایک گھونٹ شراب یا پانی کا جسکو فارسی میں
دم عربی میں جرعہ کہتے ہیں ۔
ہفوت ۔ بیہودہ گوئی و لغزش و خطا ۔
ہفتاد ۔ ستر عدد ہیں ۔ ۔ در لیلا کہ عمرت بہفتاد رفت ٭ مگر خفتہ بودی
ہفت بپاد رفت ۔
ہفوش ۔ ایک قسم کے چاول ہیں جو تکلف سے پکائے جاتے ہیں
اور ترکیب اسکے پکانے کی ہفت قلزم میں لکھی ہے ۔
ہفہف ۔ آواز سنگ گرنے کی آواز ۔
ہفتہ ۔ سات دن کا عرصہ شنبہ سے جمعہ تک ۔ سعدی ۔ شنیدم کہ
یک ہفتہ ابن السبیل ٭ بیامد بمہمان سرائے خلیل ۔
ہفدہ ۔ سترہ عدد ہیں ۔

ہائے با قاف

ہقعہ ۔ بفتحتین جیم میں ہلا نام منزل پانچویں کا منازل قمر سے اور وہ
تین ستارے جوزا میں ایک دوسرے کے پاس ہیں ۔

ہائے با کاف

ہلکذا ۔ پہلا الف اسکا تحریر میں نہیں آتا کلمہ تشبیہ ہے یعنی ایسا ہی
اسکے فارسی میں چنین اور ہندی میں اسی طرح ۔
ہلکہک ۔ ہچکی جو ایک بیماری ہے
ہکل ۔ بضم سماروغ یعنے خاکی انڈا جو برسات کے موسم میں زمین
سپید رنگ انڈے کی صورت پر خودرو نکلتا ہے اور لوگ اسکو پکا کر
کھاتے ہیں ۔

الف با لام

ہلا ۔ کلمہ تنبیہ ہے فارسی اسکے معنے آگاہ باش اور ہندی میں خبردار ہے
سعدی ۔ شنید از درون عابد آواز پا ٭ ہلا گفت بر در چہ پائے بپا ۔
ہلب ۔ موئے خوک یعنے سور کے بال اور وہ لکڑی جو ملاح لئے رہتے
ہیں اور چھوٹی کشتی کو اس سے چلاتے ہیں ہندی میں اسکو

جسیا کہتے ہین۔

ہلاکت۔ ہلاک کرنا تلف کرنا مار دینا ضائع کرنا۔

ہلند۔ مرد بیگانہ و ہیچکارہ۔

ہلندوز۔ ایک گھاس کا نام ہی جو دوا مین مستعمل ہی۔

ہلالوش۔ شور و غوغا فتنہ و آشوب۔

ہلش۔ ایک مردار خوار جانور کا نام۔

ہلک۔ بضم اول ہلاکت و نیستی۔

ہلک۔ بفتحتین فارسی مین ہکہک یعنے ہچکی جو ایک بیماری ہی۔

ہلاک۔ ہلاکت تلف کرنا مار دینا۔ سعدی۔ قارون ہلاک شد کہ چہل خانہ گنج داشت + نوشیروان نمرد کہ نام نکو گذاشت۔ لاہجی نوری۔ پیشتر کو نام خود رہبر کند + ما میان راہ رہا لیکہ اوفگند۔

ہلناک۔ برف جو ہوا سے برستی ہی۔

ہلیک۔ زرد آلو جو مشہور چیز ہی۔

ہلاہل۔ ایک قسم کے زہر قاتل کا نام ہی جو کسی تریاق سے علاج پذیر نہین ہی اور ہلاہل نام ایک پہاڑ کا ہی چین مین جسپر یہ زہر پیدا ہوتا ہی اسواسطے اسکا نام بھی ہلاہل رکھا گیا اور وہ زہر نہایت سبز ملتا ہی۔

معو زہر ہی۔

ہلال۔ نیا چاند جسکو تین شب تک ہلال کہ سکتے ہین محمد قلی سلیم۔ ہر انگشتم برای دل خراشی + ہمہ ناخن چو انگشت ہلال ست۔

ہلال ہلال۔ لخت لخت و پارہ پارہ۔ صائب۔ اگر سنگ حوادث شود ہلال ہلال + صدا بلند نگرددز جام ورد لیشان۔

ہل۔ بضم اول فارسی مین آغوش و بغل۔

ہل۔ فارسی مین بگذار یعنے چھوڑ اور پھلی تل وغیرہ کی جسسے تیل نکال چکے اور عربی مین چھوٹی الایچی جسکو قاقلہ صغار بھی کہتے ہین۔

ہلل۔ ایک دوا واسطے بند کرنے خون اور تحلیل کرنے ورمون کے عصارہ درخت مقل سے بناتے ہین۔

ہلبال۔ غربال یعنے چھلنی جسمین آٹا چھانتے ہین جسکو پرویزن بھی کہتے ہین۔

ہلم۔ فارسی مین اسکے معنے بیا یعنے صیغہ امر ہی۔

ہلہلم۔ یہ ایک بازیکا نام ہی جو کہ بان مین لڑکے کھیلتے ہین۔ اشرف الدین شفائی۔ مومن ہلہلم بازی چہلان بگذاشتہ + ناکامی صد کرمان بگذاشتہ۔

ہلاشم۔ ہرایک چیز جو ذلیل و زشت ہو۔

ہلوچین۔ جھولنا جو چھت یا درخت کے سایہ مین باندھکر جھولتے ہین۔

ہلوزان۔ وہ نقش جو دیوار پر کرین۔

ہلیلون۔ ایک جنگلی میوے کا نام ہی جو سیب کی صورت پیدا ہوتا ہی مگر سیب سے چھوٹا علف شیران و علف خرس و لفاح البری بھی اسکو کہتے ہین۔

ہلیون۔ یہ ایک گھاس ہی جسکو مارچوبہ اور مارگیاہ کہتے ہین اسکا جوش اگر پیکے کو دین تو فی الفور مرجاتا ہی اور جانوروں کے زہرون کو دفع کرتا ہی۔

ہلاکو۔ ایک ظالم سفاک بدسیرت بادشاہ کا نام ہی جسنے بغداد کو قتل کیا خاندان بنی عباسیہ برباد کیا لاکھون آدمی تہ تیغ کیے اسکے باپکا نام تولی خان ہی چنگیز خان کا بیٹا ہے۔ گر از نوشیروان چہرہ نماید + کجا حجاج گردد گہ ہلاکو۔

ہلو۔ ایک قسم کے شفتالو کا نام ہی جو نہایت شیرین اور لذیذ ہوتا ہی محسن تاثیر۔ شفتالوے ولبان ہلو کش + خوبان جہان در آرزو کش۔

ہلیجو۔ ژندی لغت مین آلوچہ جو مشہور میوہ ہی۔

ہلیسم۔ وہ چپو یعنے چوبی لکڑی جس سے ملاح کشتی چلاتے ہین اور وہ ستون جس سے کشتی باندھتے ہین۔

ہلیلہ۔ مشہور پھل ہی جسکی تشریح ادویات کی فصل مین کی گئی ہی۔

ہلیانہ۔ [illegible] جو ایک مشہور دوا ہی۔

ہلی۔ چھوڑ۔ [illegible] سعدی۔ [illegible] [illegible] + دگر بیجان [illegible]

ہلالی۔ منسوب ہلال جیسے جام ہلالی [illegible] صائب۔ [illegible] جام ہلالی [illegible] + ہلالی۔ [illegible]

ہائے ہیم

ہما۔ گویا [illegible]

ہما۔ مشہور جانور ہی اسکا سایہ جسکے سر پر پڑجاتا ہی سلطنت اور دولت پر پہنچ جاتا ہی۔ سعدی۔ ہما برہمہ مرغان از ان شرف دارد + کہ استخوان خورد و طائر بیازارد۔

ہمچا۔ [illegible]

ہمبلا۔ [illegible] ایک [illegible] کا نام ہی۔

ہمت ۔ قصد ارادہ مستحکم زور و طاقت ۔ سعدی ۔ کسے راکہ ہمت
بلند اوفتد + مرادش کم اندر کمند اوفتد ۔
ہمار ۔ بفتح اول اندازہ و حساب و شمار ۔
ہمار ۔ عربی میں پرگو و بسیار گو ۔
ہمز ۔ آنکھ سے اشارہ کرنا ور پنجہ مروڑنا عیب کرنا مارنا جلانا ۔
ہمس ۔ ژندی زبان میں گرمی کا موسم ۔
ہمس ۔ نرمی آواز کی اور نرم آواز ۔
ہماس ۔ شریک و رفیق ۔
ہمس ۔ درم و دینار ۔
ہمال ۔ مثل و مانند و شبیہ و نظیر
ہموم ۔ غم اور فکر اور اندیشے ۔
ہمم ۔ بہت سی ہمتیں اور ارادے ۔
ہمام ۔ مہتر قوم و مرد بزرگ ۔
ہم ۔ بفتح اول فارسی میں اسکے معنے نیز اور ہندی میں بھی ۔ نظامی
جہان آنچنان شد کہ درویش راست + کہ ہم خویشتن را و ہم خویش راست
ہم ۔ بفتح اول و تشدید ثانی غم و فکر و اندیشہ اور ارادہ و قصد کرنا
اور وہ حالت کہ کسیکو ایک ہی مرتبہ خوف و اندیشہ لاحق حال ہوجائے
اور وہ حالت جو خوف و رجا کے درمیان ہو ۔
ہمایون ۔ مبارک و خجستہ اور نام ایک بادشاہ مغل کا جو بابر کا بیٹا تھا
سہ ۔ بپایہ پایہ بوسش چرخ گردون + بر تبہ بندہ اش تخت ہمایون ۔
ہمیان ۔ وہ کیسہ جسمین روپیہ پیسہ رکھا جاوے ۔ ابوطالب ۔
خواجہ سر جا قصۂ پیراہن یوسف شنید + ہمچو چشمش جلوۂ ہمیان
درہم میکند ۔
ہمدان ۔ مشہور شہر ایران کے علاقہ میں ۔ کلیم ۔ در دامن الوند
اگر غنچہ شود گل + زنہار مگو سید کلیم از ہمدان نیست ۔
ہمارہ ۔ اندازہ و حساب و ہمیشہ مخفف ہموارہ ۔
ہمہمہ ۔ بولنا شیر درندہ کا ۔
ہمہ ۔ سب تمام بالکل ۔ سعدی ۔ ہمہ تخت و ملکی پذیرد زوال +
نماند بجز ملک ایزد تعال ۔
ہمائے ۔ نام دختر بہمن کہ باجازت ملت آتش پرستان اپنے باپ کے
نکاح میں تھی اور دارا ب اسکے بطن سے پیدا ہوا اور نام اسفندیار
کہ بہمن کا جسکو ارجاسپ نے قلعہ روئین میں قید کیا اور اسفندیار نے
اسکو رہائی دلوائی اور ارجاسپ کو قتل کیا ۔

ہائے با نون

ہندبا ۔ کاسنی جو مشہور دوا ہے ۔
ہنگفت ۔ بفتح اول و ضم کاف فارسی موٹا و سطبر کپڑا وغیرہ ۔ سعدی
کمان کشید و بزد بر ہدف کہ نتوان دوخت + مگر بسوزن پولاد جامۂ ہنگفت
ہند ۔ ولایت ہند جو مشہور ولایت ہے ۔ لغتیہ از مولف ۔ توئی
ہادی عرب را و عجم را + توئی رہبر ہند و چین و ماچین ۔
ہنوند ۔ حیا و شرم پہلوی زبان میں ۔
ہنجار ۔ بفتح اول راستہ طریق طرز و روش ۔ استاد فرخی ۔ ہنجار
بر پیش شد اندر شب تاریک + جائیکہ دران رہ بر و دبا د ہنجار ۔
ہنر ۔ اچھی صفت اور اچھا کسب مقابل عیب کے ۔ سہ ۔ بندۂ عاصیم
سراپا عیب + زانکہ در خود ہنر نپندارم
ہنکار ۔ تیزی و تندی ۔
ہنوز ۔ تاحال اب تک اور نام ایک سپہدار ایرانی کا کہ گرشاسپ
پدر نریمان کی جنگ میں مارا گیا ۔ فردوسی ۔ سپہدار سر فرازان یکے
کینہ توز + سپہدار او بود نامش ہنوز ۔ سعدی ۔ ہنوزت گر سر صلح
باز آئے + کزان محبوب تر باشی کہ بودی ۔
ہنوتاس ۔ مقربان بارگاہ الہی ۔
ہنگ ۔ بفتح اول اس لفظ کے بارہ معنے ہیں ۔ اول ارادہ و قصد
و آہنگ اور طرف اور جگہ دوسرے سنگینی و تمکین و وقار تیسرے
وزن و مقدار و اندازہ چوتھے زور و قوت و طاقت و قدرت پانچویں
غار و شگاف جو پہاڑ میں ہو چھٹے اٹھا رکھنا اور مخفی کرنا ساتویں
زیرکی و عقل و دانائی و ہوشیاری آٹھوین لمبا ۔ نواں فوج بہت سا
لوین قوم و قبیلہ و لشکر و سپاہ دسوین ضرب و ماہر سے و اسپ آزار
گیارھوین وہ پانی جو پیا جاوے بارھوین زکام و ہوا زدگی و نزلہ
ہنگ ۔ بکسر اول رحیر و پیچش کی بیماری ۔
ہنگام ۔ ہنگامہ ۔ وقت و زمانہ اور ہجوم آدمیوں کا ۔ سعدی ۔
روزی بانگ نے ہنگام برداشت + نپندارد کہ ہنگام بگذشت
درازی شب از مژگان من پرس + کہ یکدم خواب در چشمم نگشت است
نظامی ۔ نہاد م زصبر شیوۂ ہنگامہ + مگر در سخن ہو کنم نامہ
ہنام ۔ ژندی زبان میں پیشہ اندام
ہنجام ۔ بیکار و کاہل و باطل و مہمل ۔
ہندوستان ۔ مشہور ولایت ہے ۔ نظامی ۔ ۔۔۔
ز ہندوستان ۔۔۔ شد ۔۔۔

ہن - بفتح اول منت واحسان -
ہندو - وہ شخص جو ہند مین رہنے والا ہو فارسی مین کبھی
اطلاق چور پر کرتے ہین اور کبھی پاسبان اور کبھی غلام اور کبھی
کافر پر - توحید - ہمو د حضرت واحد در دوئی ہسد بود + بچار سوے
جہان باب اتحاد کشود + ہمہ جا بہ جا پیک انگانہ محسوب ست + شمار
واحد مطلق ہمہ عدد و معدود + مجوس تابع فرمان و بندہ اش ہندو +
غلام زار مسلمان مطیع حکم یہود -
ہندہ - عرب کی ایک عورت کا نام ہے جو کفار قریش کے سردار
ابو سفیان کی زوجہ اور معاویہ امیر شام کی والدہ تھی جب ابو سفیان
لشکر لیکر پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم پر چڑھ آیا تو یہ بھی ساتھ جاتی
بدر کی جنگ مین اسکا بھائی سید الشہدا امیر حمزہ کے ہاتھ سے قتل ہوا
وہ کینہ اس عورت کے دل مین تھا احد کی جنگ مین جب امیر حمزہ شہید
ہوئے تو یہ عورت بہت خوش ہوئی اور لعش پر جاکر حضرت حمزہ کے
ہاتھ پاؤن ناک کان عضو تناسل کاٹے یعنے مثلہ کیا اور سینہ چیر کر دل
و جگر نکالا اور دانتون مین چبایا خدا کی پناہ -
ہندہ - بفتح اول وہ داغ جو اونٹ کی گردن کے پیچھے ہو اور نام چھٹی
منزل کا منازل قمر سے -
ہندوانہ - مشہور پھل ہے -
ہندسہ - اندازہ اور نام ایک علم کا ہے جس سے معرفت اشکال
و مقادیر اشیا حاصل ہو -
ہندوکوہ - نام ایک پہاڑ کا ہے جو کابل سے بالبیک پر واقع ہے
ہندی - منسوب بہند یعنے ہند کا رہنے والا یا ہند کی بنی ہوئی
کوئی چیز جیسے ہندی تلوار وغیرہ اور تخلص ایک شاعر کا جسکا اصلی
نام رائے بہادر کنھیا لال تھا فارسی نظم اور نثر اردو کتابین اسکی مثلاً
ظفر نامہ رنجیت و مثنوی نگارین نامہ اور دیوان مناجات ہندی اردو
وغیرہ بہت ہین سب کتابین بارہ فارسی و اردو ہین انگریزی مین
بھی یہ بزرگ صاحب تصنیف گذرا ہے لاہور مین قیام پذیر تھا محکمہ
انگریزی مین عہدہ ایگزیکٹو انجینیری پر ممتاز تھا - ہندی - ور زبان
پارسی ہندی نوشت + نسخہ مطبوع و نظم دلپذیر -
ہنی - خوشگوار اور باذائقہ -

ہاے با واو

ہوا - جوف فلک یعنے وہ فاصلہ جو آسمان اور زمین مین ہے اور خالی
اور باد جو ایک عنصر عناصر اربعہ سے ہے و آرزو و اشتیاق و خواہش
و دوستی و خیر خواہی - نظامی - غبار د ہوا تا نگوئی بہار + زمین را ورد
تا نگوئی بیار - حافظ - فتاد در سر حافظ ہواے چون تو شہی + کمینہ
بندۂ خاک در تو بودی کاج -
ہویدا - ظاہر اور سب کے سامنے -
ہوسپ - ژندی زبان مین نیکنامی اور نیکی و خوبی -
ہویت - مرتبہ وحدت و ذات باری تعالی -
ہوخت - نام بیت المقدس جو قبلہ انبیا کا تھا اور ابتدا اسکو قبلہ انبیا کہتے ہین
ہودج - کجاوہ پردہ دار سواری اونٹ اور ہاتھی کی عورات کے لیے -
ہوادج - جمع ہودج -
ہوریج - نادانی و شتابی -
ہوتع - بر خانے مسجد بیت المقدس -
ہود - نام ایک پیغمبر کا ہے جسکی نافرمانی کے سبب سے قوم عاد پر عذاب
نازل ہوا اور نام ایک سورۃ کا قرآن مین اور لوٹنا اور خدا کی طرف
رجوع لانا -
ہور - بواو مجہول آفتاب عالمتاب - سعدی - ہمانا بلیسے ماہ و پروین
و ہور + کہ سر بیدار سی بالین گور -
ہوجر - باے موحدہ ... روایت و امداد و پشت -
ہودر - بواو مجہول و فتح دال زشت و رلیل و بدقیافہ آدمی -
ہورشید - ستارہ مشتری ہے -
ہوشت - سیٹی کی آواز -
ہوشار - تشنگی بھوک سے اور ماندگی -
ہواجس - خیالات و وسوسے جو دل مین گزرتے ہین -
ہوس - آرزوئے نفس و خواہش - بابا فغانی - چشم وصے زو بدن
روے تو لیس نکرد + رو ست رالہ ویکہ بازش ہوس نکرد -
ہوس - حرکت غیر معلوم و جان و روح و جوہر لطیف -
ہوش - زیرکی و عقل و دانائی و بمعنی ہلاک و موت و مرگ -
میرزا صغر فطرت - خانہ زاد چشم آہو بود داغ لالہ اش + از نگاہ
او نصیب اسکے ہوش چشم چو بود -
ہوشنگ - نام ایک شخص علیہ السلام پہلے بادشاہون مین سے
ابن سیامک بن کیومرث -
ہوکریک - ایک جانور ہے جو ہر وقت بولتا رہتا ہے جب تک خون اسکا
گلے سے نہین نکلتا تھا ... ہوتا -
ہوکنبک - چھوٹا خربزہ -

ہولشنک ۔ بدبخت و بدنصیب آدمی۔
ہولاک ۔ گیند کھیلنا اور چوگان بازی۔
ہوبدک ۔ ملحدون کے ایک پیشوا کا نام ہی۔
ہوالک ۔ جمع ہالک ہلاک کرنے والی بیماریان۔
ہَول ۔ ڈر اور خوف اور بیم و ہیبت و ترس۔ سعدی۔ چنان ہول زان حال بر من نشست + کہ ترسیدنم پائے رفتن ببست۔
ہودل ۔ عمارت رصد جو ستارون کے دیکھنے کے لیے بناتے ہین۔
ہوام ۔ حشرات الارض مار کژدم وغیرہ۔
ہوم ۔ ایک درخت کا نام ہی جسکے پتے آتش پرست عبادت کیوقت اپنے پاس رکھتے ہین۔
ہَون ۔ بفتح اول عربی مین آرام و آہستگی اور وقار اور نرمی اور سبکی اور فارسی مین وہ زراعت جسمین مٹی کے ڈھیلے زیادہ ہون۔
ہُون ۔ بضم اول عربی مین خواری اور بیعزتی اور فارسی مین کلمہ تاکید و استکراہ اور ایک قسم کا دینار سکہ جو دکن مین رائج تھا۔
ہُو ۔ بضم اول و واو معروف خوف و بیم و اسم حضرت حق سبحانہ تعالے۔
ہَوُو ۔ بفتح اول و واو معروف مضموم بروزن سبو انباغ یعنے دو عورتین جو ایک مرد کے نکاح مین ہون۔
ہَو ۔ بفتح اول ریم اور زرد پانی جو زخم سے نکلتا ہی۔
ہوالہ ۔ ہولناک و خوفناک۔
ہوبہ ۔ دوش و کتف۔
ہودہ ۔ بدال مہملہ حق و راست و درست چنانچہ بیہودہ ناحق و ناراست
ہوزہ ۔ چکاوک جو ایک پرندہ ہی۔
ہوائی ۔ عاشق بوالہوس اور ایک قسم کی آتشبازی۔ میر خسرو۔ بدست باد صبا زان نمید ہم پیغام + کہ محرم تو شدن کار ہر ہوائی نیست۔
ہوبے ۔ بکسر لام وہ گھوڑا جسکی پیٹھ پر زین نہ باندھا گیا ہو۔
ہولی ۔ ترس و بیم و خوف۔

ہاے با یاے

ہیجا ۔ جنگ و کارزار یعنے لڑائی۔
ہیولا ۔ مادہ ہر شے کا اور اصل اور ماہیت ہر ایک چیز کی و جوہر اول و روح اعظم۔
ہیمیا ۔ علم طلسم کا۔
ہیلا ۔ باشہ جو ایک شکاری جانور ہی۔
ہیہات ۔ بعید ہوا اپنے مطلب و مقصود سے یہ لفظ افسوس کے مقام پر بولا جاتا ہی۔ سعدی۔ کہ ہیہات قدر تو نشناختم + بلشکر قدومت نپرداختم
ہیئت ۔ بروزن نحیرت بن جانا کسی صورت اور شکل کا اور نام ایک علم کا جس سے مساحت کرہ زمین اور اشکال افلاک کی تشریح کیجاتی ہی
ہیلاج ۔ زائچہ ولادت مولود کا جس سے منجم اسکی عمر دریافت کرتے ہین۔
ہیج ۔ بفتح اول و جیم عربی گرد و غبار اور اٹھایا جانا۔
ہیّج ۔ بفتح اول و تشدید یاے تحتانی مکسور بروزن سید اٹھانے والا
ہیچ ۔ ناچیز و معدوم و اندک اور تھوڑا سا۔ دنیا ہیچ ست و کار دنیا ہمہ ہیچ + اے ہیچ زبہر ہیچ برہیچ مپیچ۔
ہیداج ۔ گھوڑا جو تیز اور تند ہو۔
ہیدہ ۔ وہ آلہ چوبی جسمین سے زمیندار ہوا مین اڑا کر غلہ بھوسہ سے جدا کرتے ہین۔
ہیربد ۔ خادم آتشخانہ کا پوجاری کسی بت خانہ اور عبادت گاہ و مندر کا و صاحب و خداوند۔
ہیر ۔ آگ جسکو آتش بھی کہتے ہین اور نام ایک معشوقہ کا جو جھنگ علاقہ پنجاب مین تھی اور رانجھا اسپر عاشق تھا قصہ انکا مشہور ہی
ہیگر ۔ وہ گھوڑا سرخا جو سیاہی مائل ہو۔
ہیز ۔ مخنث جو نہ عورت ہو نہ مرد و بزدل اور ڈرپوک آدمی۔
ہیش ۔ بمعنی ہیچ و لاشی و ناچیز اور قسم ایک کپڑے کی جسکو بافتہ کہتے ہین۔
ہیرک ۔ بچہ بزیعنے بکری کا بچہ۔
ہیکل ۔ کوئی ایسا جسم جس سے اسکی عظمت دیکھتے ہی ظاہر ہوجائے و صورت و شکل و حمائل و تعویذ۔ سعدی۔ بہ ہیکل قوی چون تناور درخت + ولیکن فرو ماندہ بے برگ سخت۔
ہیاکل ۔ جمع ہیکل۔
ہیل ۔ الائچی سپید جسکی تشریح ادویات کی فصل مین ہوئی ہی۔
ہیم ۔ بفتح اول سرگشتگی و حیرانی۔
ہیم ۔ بکسر اول پیاسا اونٹ۔
ہیزم ۔ خشک لکڑی جلانے کی۔ نظامی۔ ہمہ سختی از بستگی لازم ست + چو در بشکنی خانہ پر ہیزم ست۔ مولوی معنوی۔ آدمی را آدمیت لازم ست + عود را گر بو نباشد ہیزم ست۔
ہیون ۔ اونٹ اور گھوڑا۔ ظہوری۔ روز رزم تو گشتہ خفتان پوش + تن گردان ز نقش نعل ہیون۔
ہیجان ۔ برانگیختہ ہونا۔

ہین ۔ بالکل سیلاب اور بمعنی انیک اسیوقت اور جھوڑ اور شتاب ہو اور خبردار سو یہ کلمہ زجر کا ہی ۔
ہتنیان ۔ کذب و دروغ یعنے جھوٹ ۔
ہیرون ۔ ایک قسم کا بانس ہی جسکو قصب کہتے ہین ۔
ہیان ۔ سرگشتگی و حیرانی ۔
ہیا ہیہ ۔ دوال یعنے دورا چمڑے کا ہو یا سوت کا ۔
ہیمہ ۔ جلانے کی لکڑی ۔
ہیلہ ۔ مخفف ہلیلہ ۔
ہیضہ ۔ بدہضمی جو ایک بیماری ہی ۔
ہی ۔ فارسی مین ایک کلمہ تنبیہ اور خبرداری و چشم نمائی و آگاہی کا ہی ۔ اسیری لاہی ۔ گفتم کہ سر عشق کنم فاش در جہان + خرد و بدآمد و گفتا کہ ہی خموش ۔
ہیولانی ۔ منسوب بہ ہیولا جو ہر ایک چیز کی اصل اور مادہ کو کہتے ہین اور در حالت نسبت نون زایدبھی لے آتے ہین چنانچہ روحانی و حقانی و ربانی وغیرہ ۔ طالب ۔ بلکہ جو ہر ذات تو چون رسم ہیہات + ہنوز طفل صفت عقل من ہیولانی ست ۔

دوسری فصل

اُردو لغات کے ذکر مین

ہاے با الف

ہاتھی دانت ۔ ہاتھی کا دانت جسکو فارسی مین دندان فیل کہتے ہین ۔
ہاٹ ۔ دوکان اور بازار ۔
ہار ۔ پھولون یا موتیون کا مالا اور مات جو بازی شطرنج وغیرہ مین آجائے ۔ مولانا اکبر ۔ اگر ہار رقیب روسیہ کے ہاتھ سے پہنا + گلے کے ہار ہو جائینگے ہم دل مین یقین رکھنا ۔
ہانس ۔ گلے کی ہڈی جسکو ہنسلی کہتے ہین ۔
ہالون ۔ یہ ایک تخم مشہور ہی جسکو حب الرشاد عربی مین کہتے ہین ۔
ہاتھ ۔ فارسی مین دست عربی مین ید ہی ۔ مولانا اکبر لاہوری ۔ شعر ۔ یا مجلس مین جاؤگے اگر اے شمع رو + اپنی کھو بیٹھوگے تم توقیر اپنے ہاتھ سے ۔
ہاتھی ۔ مشہور چارپایہ ہی جسکو فارسی مین پیل عربی مین فیل کہتے ہین ۔ حکیم محمد انور لاہوری ۔ بہت سا رہیگا جہان نہین یہ تھوڑا + شہر مین پالکی اور نہ ہاتھی نہ گھوڑا ۔
ہانڈی ۔ دیگ جسمین کھانا پکاتے ہین ۔

ہانسی ۔ ہند مین مشہور شہر ہی ۔
ہائے ۔ کلمۂ افسوس ہی ۔

ہاے با تا

ہتھوڑا ۔ لہارون اور سُناروں کا آہنی اوزار ہی ۔
ہتھیا ۔ وہ شدت کی بارش جو موسم برسات کے اخیر مین ہوتی ہی فارسی مین اسکو سیل باران کہتے ہین ۔
ہٹ ۔ ضد و اصرار کرنا ایک بات پر کھڑے ہو جانا ۔
ہتھیار ۔ تلوار بندوق وغیرہ سامان لڑائی کا ۔
ہتھوڑی ۔ لہارون کے چھوٹے آہنی اوزار کا نام ہی ۔
ہتھیلی ۔ کف دست ۔
ہتھنی ۔ فیل مادہ ۔

ہاے با جیم

ہچکی ۔ ایک بیماری ہی جسکو فارسی مین ہکہک کہتے ہین ۔

ہاے با دال

ہڈی ۔ فارسی مین استخوان عربی مین عظم ۔

ہاے با را

ہرا ۔ سبز اور تر و تازہ ۔
ہرنا ۔ آہو ۔ ہرا اور کاٹھی کا ہرنا فارسی مین جسکو حنائے زمین کہتے ہین ۔
ہرنوٹا ۔ ہرن کا بچہ عربی مین اسکو غزال اور فارسی مین آہوبچہ کہتے ہین ۔
ہڑ ۔ ہلیلہ جو مشہور دوا ہی ۔
ہریاول ۔ جس جگہ بہت سا سبزہ ہو ۔
ہرتال ۔ ایک کانی جوہر ہی جسکو عربی مین زرنیخ کہتے ہین اور بند ہو جانا بازار کی دوکانون کا بسبب کسی فساد کے ۔
ہرن ۔ مشہور جنگلی چارپایہ ہی جسکو فارسی من آہو اور عربی مین ظبی کہتے ہین ۔
ہرکارہ ۔ جاسوس جو دور دور سے خبرین لائے اور خطوط لیجائے ۔
ہریسہ ۔ ایک کھانے کا نام ہی ۔
ہرنی ۔ مادۂ آہو ۔
ہرجائی ۔ جسکو ایک جگہ قرار نہو ۔ مولف ۔ ایک مسکن مین نہین ملتا دل مضطر قرار + جیسے ہرجائی ہوا ہی یار ہرجائی مرا ۔

ہاے با زا

ہزارہ ۔ ملک پنجاب کے سرحدی ملک مین ایک پہاڑی کے علاقہ کا نام ہی ۔

ہاے با شین

ہشت ہاش۔ وہ آواز جس سے اونٹ کو بٹھلاتے ہین۔

ہائے با کاف

ہکا بکا۔ متحیر و سراسیمہ حیران و پریشان۔
ہکلا۔ جو بولنے پر بخوبی قادر نہو عربی مین اسکو الکن اور فارسی مین گنگاج کہتے ہین۔
ہگوڑا۔ جو بار بار پاخانہ جائے۔
ہگاستا۔ جس کو ہر وقت پاخانہ کی حاجت رہے۔
ہگنیٹی۔ پاخانہ پھرنے کی جگہ بیت الخلا۔

ہائے با لام

ہلانا۔ حرکت دینا جنبش دینا۔
ہلکا۔ جو بھاری اور وزن دار نہو۔
ہلاس ہتا کو کو پیسکر جو ناک مین چڑھاتے ہین۔
ہل۔ مشہور چیز ہی جس سے زمین قابل زراعت کرتے ہین۔
ہلچل۔ اضطراب و بے آرامی۔
ہلدی۔ زرد چوبہ جو مشہور چیز ہی۔

ہائے با میم

ہمجولی۔ ہم سن ہم عمر دوست یار۔
ہمیانی۔ روپیہ پیسہ ڈالنے کا کیسہ۔

ہائے با نون

ہنڈیا۔ وہ دیگ جسمین کھانا پکاتے ہین۔
ہنڈوانا۔ گدہے پر بٹھلا کر کسی مجرم کو شہر مین تشہیر کرنا۔
ہنسیا۔ وہ شخص جسکو ہنسی کی عادت ہو۔
ہنسراج۔ ایک گھاس کا نام ہی جو پانیون کے کنارے پر پیدا ہوتی ہی۔
ہنسوڑ۔ ہنسنے والا آدمی۔
ہنس مکھ۔ خندان رو ظریف۔
ہنڈی۔ ایک جگہ روپیہ دیکر دوسری جگہ بذریعہ تحریر ہنڈی دینے والیکی لے لینا یہ رسم ہند مین جاری ہی۔
ہنسی۔ خندہ کرنا ظرافت کرنا۔
ہنسلی۔ ایک زیور کا نام ہی جو گلے مین پہنتے ہین۔

ہائے با واو

ہوا۔ بہ تشدید واو وہ مہیب صورت جس سے بچے دس سال لڑکے ڈرین۔
ہوا۔ خواہش اور چاہ اور باد یعنے ہوا۔
ہوشیار۔ صاحب عقل و ہوش آدمی۔
ہول۔ خوف و بیم۔
ہول دل۔ دل کا دھڑکنا۔
ہونٹھل۔ جسکے ہونٹھ پھٹے ہون۔
ہو بہو۔ بعینہ ملتی ہوئی صورت۔
ہونٹھ۔ لب انسان کے۔
ہولے ہولے۔ آہستہ آہستہ۔
ہولی۔ ہندون کے ایک تہوار کا نام ہی۔

ہائے با یائے

ہیجڑا۔ مخنث جو مردمی سے بے بہرہ ہو۔
ہیرا۔ مشہور قیمتی جواہر ہی جسکو الماس کہتے ہین

تیسری فصل

محاورات و اصطلاحات فارسی کے ذکر مین

ہائے با الف

ہائے وہو۔ شور و غوغا جو برپا ہو۔ ظہوری۔ بباغ طرب نیست یک نغمہ سنج + زلبس در غمش ہائے وہو کردہ ایم۔
ہائے ہائے۔ غم و مصیبت کیوقت بولا جاتا ہی۔ شیخ۔ دل بتو چو شیشہ شکستہ + از گریہ ہائے ہائے مارا۔

ہائے با جیم

ہچ ہچ۔ بوسہ کی آواز۔ ملا فوقی یزدی۔ منمودہ از در عشرت سرا کہ حوش کوک ست + نوائے ہچ و ہچ بوسہ باغزلخوانی۔
ہچ کردن۔ راست کرنا علم کا اور درست کرنا منجنیق کا۔ س۔ گردون علم حکمت بر بام تو ہچ کرد + یعنی بحفظ خویش بکوس و علم اندرے

ہائے با رائے

ہران کجا ہر کجا۔ ہر جگہ اور ہر موقع پر۔ میر معزی۔ از آتش جگر لب بدخواہ گشت خشک + وز آب دیدگان رخ بدگوے گشت تر + از رسے ہران کجا کہ خلاف تو بگذرد + ہم آب دیدہ باشد و ہم آتش جگر۔
ہر جا کہ پری و شے ست دیوے با اوست۔ مثل ہی یعنے جس جگہ بھلائی ہی برائی ساتھ لگی ہوئی ہی۔
ہر چہ خوشتر ست۔ جو کچھ ہی خوشتر ہی خوب و پسندیدہ ہی۔ ظہیر فاریابی۔ گفتار تلخ زان لب شیرین نہ در خور ست + خوش کن عبارتے کہ خطت ہر چہ خوشتر ست۔
ہر چہ از غیب میرسد نیکوست۔ جو چیز غیب سے پہونچے اچھی ہی

س۵ - آنچہ روزی رسان دہد نیکوست + ہر چہ از غیب میرسد نیکوست -
ہرج مرج - فتنہ و آشوب اور خلط ملط نشیب و فراز - مسیح کاشی -
سن و خیال العش ہرج مرج و ہر نگر + کہ گاہ ملک مگس میشود شکر زاری -
ہر چند - جس قدر ہر قدر - حکیم محمد انور لاہوری - ہر حالت
خویش شرمسارم ہر چند + در چشم جہان ذلیل و خوارم ہر چند + بر فضل خدا
امیدوارم انور + بیکسی عاجز گناہگارم ہر چند -
ہر چہ از آسمان آید زمین بردارد - یعنے جو حاکم حکم کرے محکوم ملتا ہے(?)
رباعی - آنم کہ غم ہر دو جہان بردارم + بر دوش دل این بار گران
بردارم + از جانب زمین سیل اندوہ + چو زمین ہر چیز آید ز آسمان بردارم +
ہر چہ در دیگ ست بچمچہ بر می آید - مثل ہے -
ہر سخن وقتے و ہر نکتہ مکانے دارد - مثل ہے -
ہر کجا دیدیم آب از جو بدریا میرود - رعیت کا مال بادشاہ کے
خزانہ میں جاتا ہے -
ہر کہ از خدا ترسد از وی ہر چیز ترسد - جو خدا سے ڈرے اُس سے
ڈرنا چاہیئے - سعدی - ز ستمگران دلاور ہر کس + ہر آن کو نترسد(?) ز داور بترس -
ہرزہ گرد - ہرزہ دو - بیفائدہ پھرنے والا - میرزا بیدل - گرچہ
گیرد نفس آئینہ دار آبروست + چون ہوا از ہرزہ گردی منفعل شد
شبنم ست - طاہر غنی - فارغ نیم ز ہرزہ دوی ہمچو آسیا +
بیہودہ پاے خویش بدامن کشیدہ ام -
ہرلیسہ پز - وہ شخص جو ہرلیسہ پکاتا ہے ہرلیسہ گر بھی اسکو کہتے ہیں -
سیفی - خوش نعمتے ست وصل جوان ہرلیسہ پز + ما ہیم و ہر صباح دکان
ہرلیسہ پز - فوقی یزدی - شنیدہ ام کہ فضولے ز خام طمعیہا + بلیع
کردہ چغندر کہ من ہرلیسہ گرم -
ہرزہ مرس - بیہودہ گرد خراب آدمی - علی خراسانی - بر سر کوی تو
از کثرت فریاد رقیب + شب ہمہ شب چو سگ ہرزہ مرس میگردد -
ہرزہ نال - ہرزہ جنگ - ہرزہ خند - ہرزہ خرج -
ہرزہ دوست - ان کے معانی قریب الفہم ہیں - صائب - نیم از
ہرزہ نالان چون جرس در راہ عشق او + ز فریادی بمنزل میرسانم
کاروانہا را + آقا شاپور - چہ درست ست اگر چشم ہرزہ جنگ ترا +
کرشمہ راہ تبسم دہان تنگ ترا - صائب - بچشم ہرزہ خرج ہیچ
دخل رسی نمی آید + چہ حاصل زین کہ ابر من سخر کرد دریا را - ابو طالب
کلیم - ہر تنگ ظرف ست مینا ہرزہ خند افتاد و جام + بد حریفانند بگو

ہیکشی تنہا خوش ست -
ہر زمان - ہر وقت ہر گھڑی دن رات - توحید - گردن فرمانبری
خم دار پیش ذو الجلال + ہر زمان ہر ساعت و ہر وقت ہر شام و صباح
ہر کہ - ہر واحد اور ہر شخص اور ہر کس - محسن تاثیر - ہر کمال ہر کہ
شاہد بے نیازیہائے اوست + رونق گلشن ز ناز باغبان معلوم شد -
ہر چہ - ہر چیز اور ہر قدر - نظامی - ہمی ہر چہ زور آرد این دیو
زاد + قوی دست گردد کہ دستش مباد -
ہر جائی - جسکو ایک جگہ قرار نہو - محسن تاثیر - یکدل حریف شیوہ
ہر جائی تو نیست + مستانہ جلوہ کن و ما را ز ما برآر -
ہر کارے و ہر مردے - ہر ایک کام ہر ایک مرد کے واسطے -
میرزا بیدل - بیا زاہد طریق صلح کل ہم عالمے دارد + تو و تسبیح ما و
مینا کشی ہر کار و ہر مردی -
ہر ہمہ و ہر یک و ہر یکے - معانی انکے معلوم ہیں - میر خسرو - عالم
مطلق نہ بتعلیم کس + ہر ہمہ زو یافتہ تعلیم و بس - نظامی - چہ گویند
ہر یک درین داستان + کہ دولت نہ بیند مراد راستان - ولہ - یکے
لو نماینده ہر یکے ست + ہمہ ہستی از رنگ او اندکے ست -
ہرزہ درای - ہرزہ زبان - ہرزہ گو - ہرزہ لای - جو آدمی
بیہودہ گو ہو - طالب آملی - شب دراز ست مکن ہرزہ درائی
طالب + تا دم نالہ مرغان سحر خوان برسد - صائب - در کاروان
ما جرس قال و قیل نیست + راہ سخن بہرزہ درایان نمیدہیم - حکیم
سنائی - ہر کہ او شعر مرا گوید جواب از اہل عصر + نزد او انکس مباید(?)
ہرزہ گوی ہرزہ لاے -

ہاے بازاے

ہزار اسپ - ہزار بز - نام دو قلعوں کا خراسان میں اور ہزار اسپ
ایک قلعہ ملک خوارزم میں بھی ہے - انوری - اے شاہ ہمہ ملک جہان
حسب تراست + ور دولت و اقبال جہان کسب تراست + امروز
بیک حملہ ہزار اسپ بگیر + فردا خوارزم و صد ہزار اسپ تراست -
ہزار جریب - ایران میں ایک باغ ہے جسکی زمین ہزار جریب ہے
اور شاہ عباس نے تعمیر کیا تھا - محسن تاثیر - چہ حاجت ست
بگلگشت باغ اسیران را + قفس ہزار جریب است عندلیبان را -
ہزار پیچو دے اور اپیچ در شکم ست - یعنے دو سر شخص پہلے(?)
ہزار مرتبہ بہتر ہے - محمد سعید اشرف - قدر نگار من و شمع چہ سہم(?)
باشد + ہزار پیچو لیش پیچ در شکم باشد -

ہزار میخ - ایک قسم کا خرقہ درویشون کا جو طرح طرح ٹکڑے کپڑے کے اسکو لگائے جاتے ہین - میر خسرو - چو گشت نغمۂ مرغان صبحگاہ بلند + ہزار میخی شب بر خود آسمان بدرید -
ہزار اسفند - سداب کوہی جو ایک گھاس ہے -
ہزبر انداز - بہادر پہلوان - عرفی - چو جعد شاہد دولت بدست عزت داشت + رکاب شاہ پلنگ افگن و ہزبر انداز -
ہزار آواز - بلبل جو مشہور جانور ہے -
ہژدہ ہزار عالم - اٹھارہ ہزار عالم مخلوقات -
ہزار آستین - دریا کیونکہ ہر شعبہ اس کے بمنزلہ آستین ہے -
ہزار افشان - انگور کا جنگلی درخت -
ہزار پیرہن گوشت گرفتن - بہت سا موٹا ہوجانا شانی تکلو - دوش ہزار پیرہن گوشت گرفتہ ام کہ گفت + پارہ استخوان شدہ شانی ز درد مند ما -
ہزار رنگ برآمدن - طرح طرح کے رنگ دکھلانا اور اپنے آپ کو آراستہ کرنا - سلیم - ہزار رنگ برآمد بہ پیش روے تو گل + ولی نشد کہ تواند نمود رنگ ترا -
ہزار ستون - وہ عمارت جو محمد تغلق بادشاہ نے تعمیر کی تھی - بدر چاچی - نہ سقف بے ستون کہ شش روز شد تمام + در گوشۂ ہزار ستون تو مضمر است -
ہزار داستان - بلبل -
ہزار پیشہ - وہ ایک چیز جو بہت سے کام آئے مثلاً ایک کارد جس کے دستہ مین مقراض وغیرہ اوزار کار آمد رکھے گئے ہون - صائب - چہ غم تہی اگر از بادہ جام و شیشۂ ماست + کہ چشم پر نم ساقی ہزار پیشۂ ماست -
ہزار چشمہ - وہ مل جسکو سرطان کہتے ہین اکثر پشت پر انسان کے نکلتا ہے اور یہ پھوڑا اکثر مہلک ہوتا ہے -
ہزار خوابہ - بہت سی سونے والی آنکھین - میر خسرو - بعد ہزار شب ہم اکنون شبے نخسپد + این دیدہ کہ شبہا بودی ہزار خوابہ -
ہزار دانہ - ہزار دانہ کی تسبیح - جمال الدین سلمان - بر چرخ ہزار دانہ گردان + در حلقۂ ذکر خانقاہست -
ہزار پایہ - ایک زہریلے کرم کا نام ہے جسکے بہت سے پاؤن ہوتے ہین ہندی مین اسکو کنسلائی کہتے ہین -
ہزار پای - کنسلائی جسکا ذکر ہزار پایہ مین ہوچکا - کمال اسمٰعیل - ز سم کہ چون دراز شد این شعر ہیچکس + در گوش خویش راہ ندہد چون ہزار پای -

ہاے با سین

ہستی فروش - وہ شخص جو اپنے اوپر اثبات ہستی کا کرے اور حقیقت مین ایسا نہو - ظہوری - قوی گشتہ ورود دو والی بخر + ز ہستی فروشان فنا ے بخر -
ہستی موہوم - ہستی دو روزہ ہستی دو روزہ حیات چند روزہ -
ہست و بود کردن - موجودہ چیز پر کفایت کرنا - طالب آملی - یک ابروے دلربا پیش نما مست ... قوت دل ہست و بود کرد -
ہستی جاودانہ - ہمیشہ کی زندگی - قطعہ - حق ترا داد ملک و دولت و مال + سلطنت وزر بانہ بخشیدہ است + در نکو نامی و نکو کارے ہستی جاودانہ بخشیدہ است -

ہاے با شین

ہشت مشت - لڑنا آپس مین لات مکا طمانچہ ایک دوسرے کو مارنا
ہشت بہشت - آٹھ بہشت جنکے اسامی یہ ہین - خلد دار السلام دار القرار جنت عدن جنت الماوی جنت نعیم علیین فردوس
ہشت صفات - آٹھ صفتین انسانی معرفۃ اللہ خدا کو جاننا علم دین پڑھنا - شکر ہر حالت مین کرنا - رضا مندی قسمت ازلی ہونا صبر بلا و قلت رزق پر کرنا خدا کے حکم کو تعظیم کے ساتھ ادا کرنا خلق کی خلقت پر شفقت کرنا عفت و عصمت و دیانت و امانت کے ساتھ زندگی بسر کرنا مرگ کو ہر وقت یاد رکھنا -
ہشت گنج - آٹھ خزانے خسرو پرویز کے جو اسکے پاس جمع تھے گنج افراسیاب - گنج عروس - گنج باد آورد - گنج بازو - گنج دیبہ خسروی - گنج سوختہ - گنج خضرا - گنج شاد آورد -
ہشت و چار چشم فلک - بارہ بروج -
ہشتن - چھوڑنا -

ہاے با فاے

ہفت آسیا - سات آسمان - صائب - کیم من وچہ بود رزق ہیچ من مورے + کہ بار خاطر این ہفت آسیا شدہ ام -
ہفت اعضا - انسان کا تمام بدن سر مع گردن سینہ مع اسکے متعلقات کے پشت مع آلات تناسل دونون ہاتھ دونون پاؤن
ہفت دریا - سات سمندر دریاے اخضر دریاے عمان دریا

قلزم جسکو بحر احمر بھی کہتے ہین دریاے بربر دریاے اوقیانوس
دریاے [illegible] بحر الروم دریاے اسود۔ سعدی سگ بدریاے
هفتگانه [illegible] چونکه تر شد پلید تر گردد۔
هفت قرا۔ سات قاری قرآن پڑھنے والے جو علم قرأت کے امام تھے
اول نافع دوسرا ابو عمر تیسرے ابن عامر چوتھا عاصم پانچوان حمزہ چھٹا
کسائی ساتوین عبد اللہ ابن کثیر۔
هفت اژدها۔ سات ستارے آسمانی۔ زحل و مشتری و مریخ و
شمس و زہرہ و عطارد و قمر ہست۔
هفت بنا۔ سات آسمان۔ منہدم گرشود کنون چہ عجب + کہنہ
گشت ست کاخ هفت بنا۔
هفت چشمهٔ بهشت۔ کوثر کافور سلسبیل تسنیم [illegible] زنجبیل رحیم۔
[illegible] بہشت و آرائش ہین۔ خاقانی۔ بہشت ملکو
بہشت اندرین سہ غرفہ [illegible] + هفت حجلہ نور اندرین دو حجرہ خواب۔
[illegible] هفت۔ معانی قریب کنفہم ہین۔ نظامی۔ چو همخوان خضر سے
[illegible] + هفتاد و هفت آب لب زالبشر ہے۔
هفت و هشت۔ فساد جھگڑا لڑائی۔
هفتاد و دو ملت۔ بہتر مذہب جو اسلام مین رائج ہین جنانچہ اہل
و شیعہ اباضیہ رافضیہ خارجیہ قدریہ وغیرہ مگر زمانہ حال مین ایک
[illegible] اور ایجاد ہوا جسکو وہابیہ کہتے ہین اور وہ کسی امام کے پیرو نہین
[illegible] اہل حدیث موحد کہتے ہین دوسرا نیچریہ جسکے موجد سید احمد
ہین انکے خیالات اوہی قسم کے ہین جو قرآن اور حدیث سے برخلاف ہین
هفت دوزخ۔ ایک دوزخ سات طبقون مین منقسم ہے سقر سعیر
لظی حطمہ جحیم جہنم ہاویہ۔
هفتاد و دو سالخ۔ بہتر برس۔
هفت اختر۔ سات ستارے آسمانی۔
هفت کشور۔ سات ولایتین چین ترکستان ہند توران ایران
روم و شام۔
هفت پرکار۔ سات آسمان۔
هفت سیاره۔ سات ستارے۔
هفت پرده۔ سات طبقے آنکھون کے ملتحمہ قرنیہ عنبیہ عنکبوتیہ شبکیہ
زجاجیہ جلیدیہ۔
هفت قریه هفت دور هفت قلعه خیبر۔ سات قلعہ
خیبر کے قموص نطاۃ شق [illegible] وطیح سلالم۔

هفت جوش۔ سات دہاتین ملاکر جو چیز بنائی جاے اور سات
دہاتین یہ ہین زر نقرہ تانبا جست لوہا سکہ قلعی۔ محمد سعید اشرف
چار آئینہ چہار ارکان بدن + باشد شتر هفت جوش گردون چہ کند
هفت خط۔ سات طرح کا خط اول خط جور دوم خط بغداد تیسرا
خط بصرہ چوتھا خط ازرق پانچوان خط اشک چھٹا خط کاسہ گر
ساتوان خط فرودینہ۔
هفت محیط۔ سات سمندر۔
هفت سبع۔ سات منزلین قرآن کی۔ سعدی۔ اگر خود هفت
سبع از بر بخوانی + چو آشفتی الف با تا ندانی۔
هفت اورنگ۔ سات ستارے اور سات رنگ سیاہ سپید
سرخ سبز زرد کبود عباسی۔
هفت هیکل۔ ایک هفت روزہ دعا کا نام ہے۔
هفت امام۔ سات امام امام اعظم ابو حنیفہ کوفی امام شافعی
امام مالک امام احمد حنبل امام ابو یوسف امام محمد امام زفر
هفت لاے چشم۔ هفت پردهٔ چشم۔ آنکھ کے سات پردے
هفت قلم۔ سات طرح کا خط ثلث۔ محقق توقیع ریحان رقاع
نسخ تعلیق۔
هفت اندام۔ جسم انسان کا دل جگر سپرز شش زہرہ معدہ
دماغ انسان کا اور نام ایک رگ کا۔
هفت اقلیم۔ سات ولایتین سرزمین جو سات ستارون کے
ساتھ تعلق رکھتی ہین۔
هفت سلام۔ سات سلام جو قرآن شریف مین ہین اول سلام
قولا من رب الرحیم دوسرا سلام علی ابراہیم تیسرا سلام علی نوح
فی العالمین چوتھا سلام علی موسے و ہارون پانچوین سلام علی الیاسین
چھٹے سلام علیکم طبتم فادخلوہا خالدین ساتوین سلام ہی حتے مطلع الفجر
هفت طارم۔ سات آسمان۔
هفت خوان۔ جب کیکاؤس مازندران مین قید تھا اور رستم
اسکی رہائی کے واسطے گیا سات دن مین مازندران مین پہونچا اور
کیکاؤس کو رہائی دلائی راستے مین جو ضیافتین اسکی ہوئین انکو
هفت خوان کہتے ہین۔ دوسرے جب ارجاسپ بادشاہ توران نے
اسفندیار کی بہنون کو قلعہ روئینہ دژ مین قید کیا اور اسفندیار اسوقت
باپ کی قید مین تھا جب خلاص ہوا هفت خوان کے راستے سے بڑے
مصائب اٹھاکر روئینہ دژ مین پہونچا اور ارجاسپ کو مار کر اپنی بہنون کو

خلاص کرلیا یان سات منزلون کو جو راہ مین اسکو طے کرنی پڑین
ہفت خوان اسفندیار اسکو کہتے ہین - محمد سعید اشرف - گرد و سفید
موے چزال دلین قدم + رستم اگر گذر کند از ہفتخوان برف -
ہفت مردان - رسول صلی اللہ علیہ وسلم ابوبکر عمر عثمان
علی المرتضی حسن حسین علیہم السلام -
ہفت زمین - سات ولایتین -
ہفت خواہران - سات ستارے -
ہفت الوان - وہ خوانچہ جو عیسے علیہ السلام کو آسمان سے
اترا اور وہ سات قسم کا کھانا تھا نان نمک مچھلی سرکہ شہد
روغن تَرہ یعنے سبزہ -
ہفت تنان - اصحاب کہف جو کہتے ہین سات ہین اور سات قسم کے
ولی اللہ غوث قطب اوتاد ابدال نقبا نجبا فضلا -
ہفت سلطان - سات شاہنشاہ ظاہری و باطنی حضرت امام
رضا شاہ خراسان سلطان ابراہیم بن ادہم سلطان بایزید بسطامی
سلطان ابوسعید ابوالخیر سلطان محمود غزنوی سلطان سنجر سلطان
اسماعیل سامانی -
ہفت پشت کسے را بسنگ آبی رسانیدن - کسیکو لعنت ملامت
کرکے خوش کرنا اغراق و مبالغہ کیا ذیل کے ساتھ سراہنا محمد سعید اشرف
من کہ با اختلاط آن سنگ ابرکی شوخ شد ہفت پشت من را باسنگ آبی رساند
ہفت پردہ - سات آسمان اور سات پردے آنکھون کے -
ہفت خلیفہ - ساتون عضو باطنی دل جگر شش زہرہ سپرز معدہ بلغم
ہفت طبقہ - آنکھون کے سات پردے -
ہفت میوہ - کشمش انجیر پستہ اخروٹ آلو سیب انگور مہرا اک
مشرقی - چند بین دل شکستہ زمہ الواح غم + بیار ہفت میوہ بین منظر ایم
ہفت کوہ - سات پہاڑ جو بہت بڑے شمار کیے جاتے ہین ایک
کوہ قاف دوسرا کوہ دماوند تیسرا کوہ سراندیپ چوتھا کوہ گلستان
نواح طوس مین پانچوین کوہ ورن مالک مغرب مین چھٹا کوہ لبنان جسکو
شتق بھی کہتے ہین ساتوان کوہ چین جسکو کوہ ہمالہ بھی بولتے ہین اس
پہاڑ مین بڑے بڑے ملک اور ریاستین شامل کشمیر وتبت وکابل وغیرہ

باے بالام

ہلال رکاب - صاحب رتبہ و اقتدار سے - نراوج چرخ برین طہر
شو و حاضر بپاے بوسیت اے سرو ہلال رکاب -
ہلال کمان - بادشاہون کی تعریف مین بولا جاتا ہے - سید حسین
غزنوی - ستارہ جیش و زحل سپہ وسہیل کمین + شہاب تیغ شہا
ناوک و ہلال کمان -
ہلال ابرو - محبوب کی تعریف مین بولتے ہین - جمال الدین سلمان
ہمایون شاہد نیکو ہلال ابرو جمال + سوے ساقی میکند ایما بابروے ہلال

باے بامیم

ہمانا - شاید گویا گمان غالب کے موقع پر بولا جاتا ہے بیشک لا ریب
سعدی - کہ پندارم از عقل بیگانہ + مستی ہمانا کہ دیوانہ -
ہمتا - برابر و مثل و مانند -
ہمپا - ہمراہ و وردگار - صائب - وقت آن دیوانہ خوش کہ شہر
چون [illegible]
ہمدست - شریک و سہیم و متفق - [illegible]
را ہمدست مژگان کن + چہ وا از تیغ تنہا گر نباشد کار فرمائیش -
ہم صحبت و ہم نشست - مصاحب و حاضر باش - سعدی
بشنو اے خردمند ز ان دوست دست + کہ با دشمنانت بود ہم نشست
ہمہ جا خانہ عشق ست چہ مسجد چہ کنشت - یعنے ہر جگہ عشق کا
ظہور ہے - ہمہ جا مسکن دلدار چہ دوزخ چہ بہشت + ہمہ جا خانہ
عشق ست چہ مسجد چہ کنشت -
ہم آورد - دو حریف جو آپس مین لڑ رہے ہون - میر صیدی
بہتر از خویش ہم آورد ندارد صیدی + دام بردا شت زقانون نہر لوکا ہی
ہمداماد - ہم ریش - ہم زلف - عورت کی بہن کا خاوند سالو -
ہم خوشہ - ایک مالک کے نوکر خواجہ تاش -
ہم نبرد - جو آپس مین دو شخص جنگ کرتے ہون -
ہما یون شکار - اچھے شکار کھیلنے والا - شیخ العارفین ایزدی
طبع در پے فکر بلند نیست شہباز ما ہیبت ہمایون شکار بود -
ہمسر - برابر ہم مرتبہ - فوقی یزدی - چہ خوش باشد شوہر
ہمسایہ چھینا اور رانما شوہر ما -
ہمشیرۂ انگور - شراب انگوری - جمال الدین سلمان -
ظاہر ہمشیرۂ انگور بود در ازل + آب حیوان کو کفیل عمر جاویدان شد
ہمکار - ہم پیشہ و ہم کسب - مسیح کاشی - [illegible]
ناخن کند دل سیح + چہ چشم کم مبین ہمکار فریاد دست
ہمگیر - ثابت و قائم ہونے والا ملنے والا - محسن تاثیر
سبزہ [illegible] ہمگیر شود + فرمان روا [illegible] کشمیر شود -
ہموار - برابر و یکسان - صائب - این [illegible] روی [illegible]

از دل + این داغ نه داغی ست که هموار توان کرد۔
همآواز۔ جن دو شخصون کی ایک آواز ہو۔ صائب۔ جیبِ
داماں فلک پر شد از گفتار من + ہو رسخن صائب ہم آوازے اگر پیدا شود
همچو روز۔ دن کی طرح بہت روشن اور ظاہر و آشکارا۔ ظہوری
بزیر پردۂ ایام هیچ راز نماند + که همچو روز نشد بر دل منور او۔
همراز۔ دو شخص جنکا بھید ایک ہو۔
همنفس۔ رفیق و همراز۔
همسلک۔ سمدھی جنکے لڑکی لڑکا آپس مین بیاہے ہوے ہون۔
همسنگ۔ موافق و برابر۔
همسنگ۔ برابر و هموزن۔
همتک۔ هم پا برابر چلنے والا۔
همقلم۔ دو شخص جو تحریر مین شامل ہون۔ سعدی۔ دو همجنس
دیرینه و هم قلم + نباید فرستاد یکجا بهم۔
همدم۔ رفیق دوست آشنا۔
همت باکسے کردن۔ اعانت و امداد کرنا۔ شاهی سبزواری
قدم بکوے وفا مرد وار نه شاهی + که پیر عشق چنین کرد با تو همت پیر
همداماں۔ هم زلف یعنی ساڑھو۔
همراهی کردن۔ کسیکے ساتھ برابری کرنا ساتھ جانا۔ حافظ
شبے با عارضش مه همرهی کرد + دگر شب و پیش قالب تهی کرد۔
همقران۔ همقرین۔ بہت نزدیک۔ نصیرای بدخشانی
بدور حسن تو در عشقبازی چون شمع گشتم + براه عاشقی کس را
ندیدم همقرین خود۔
همگنان۔ جماعت حاضرین۔ ظهوری۔ هیچ از هیچکس دریغ
نداشت + همه از بر همگنان آورد۔
همیدون۔ همچنین ایسی ہی۔ نظامی۔ همیدون درین چشم
روشن دماغ + ابوبکر شمع ست و عثمان چراغ۔
همداستان۔ هم کلام و هم صحبت۔
همعنان۔ همراه چلنے والا۔
همچو۔ یہ لفظ افادۂ تشبیہ کرتا ہے مفرد ہو خواه مرکب فارسی مین
همچنین کے معنی بھی دیتا ہے۔ سلیم۔ لذت دشنام او دل میبرد از
کف سلیم + همچو شیرینی ندیدم کو بتلخی دل برد۔
همترازو۔ هم پلہ هم وزن همرتبہ۔
همراه۔ رفیق راستہ کا بدرقہ۔ سعدی۔ همراه اگر شتاب رود

همو تو نیست + دل در کسے مبند که دلبستۂ تو نیست۔
همسایہ۔ جسکا گھر پاس ہو۔
همہ۔ سب تمام۔ سعدی۔ همہ در هوا و هوس ساختی +
دمے با مصالح نپرداختی۔
همخوابہ۔ هم بستر۔
همپشتی۔ امداد و تقویت۔
همزلفی۔ هم عمر و هم سن جسکو هندی مین همجولی کہتے ہین۔
همکاری۔ هم پیشگی۔

ہاے با نون

هنوز دہلی دور است۔ ابھی اس کام مین توقف ہے مثل ہے۔
هنرپیوند۔ هنر خداوند۔ هنرسنج۔ هنرپیشہ۔ هنرمند۔
هنرور۔ هنری۔ صاحب هنر۔ هنرپرداز۔ صاحب هنر کو
کہتے ہین جو کوئی هنر جانتا ہو۔ میر خسرو۔ خیره شد طوطی هنر پرداز
داد صیاد خویش را آواز۔ ابوطالب کلیم۔ دل زبیب زینت کیتی
هنرپرور نه نیست + غیر نقش بوریا بر خویشتن زیور نه بست۔ سعدی
شب هنر فروشد با ندیشه ام + بدل بر گذشت آن هنر پیشه ام۔ میر خسرو
شاه گفتا که آن هنرپیوند + نه به تنها اساس کار افکند۔ ولہ چون
پدید شد آن هنرسندی + خیره شد زان هنر خداوندی۔ سعدی هنر
چو گشتش نباشد کام + بجاے روغ کش نداشت نام۔ خسرو
کشاده سینه معزی بر خط انشعر + نمود آیت است زخاطر هنر
هندسه باز۔ مکار و فریبی۔
هنرفروش۔ اپنے هنر پیش کرنے والا اور هنر بیچنے والا۔ ابوطالب
کلیم۔ کمال کسب بکن اما هنرفروش مباش + که هست اهل هنر را هنر
فروشی عیب۔
هندوانہ از ترس افگندن۔ نہایت خوف اور دہشت سے
سنگ وبنا۔ آرزو۔ صانداز دار بہا ہست او هندوانہ فیل + گرکمترین
غلام تو گوید باو هری۔
هندوی دریانشین۔ قلم جس سے لکھتے ہین۔

ہاے با واو

هوش افزا۔ دانا اور لائق آدمی۔
هواپرست۔ جو اپنے مطلب کا یار ہو۔ طالب آملی۔ طالب
ز هواپرستی هند + بگشت و سوے مطالب آمد۔
هوس باد۔ هوس بخت۔ هوس پرور۔ هوس پیراے

ہوس پیشہ - ہوس خانہ - ان کے معانی قریب الفہم ہین - صائب
آملی - چند با عشق ازل طوف ہوس خانہ کنم + در حرمگاہ ہوس جلوہ پروانہ
کنم - میر خسرو - ہوس پیشہ چون آدمی نیست کس + کہ دار د بناے بنا بر
ہوس + عرفی - قصیدہ نظم ہوس پیشگان بود عرفی + تو از قبیلہ
عشقی وظیفہ ات غزل ست - زلالی - کہ اے وسعت طراز سینہ
تنگ + ہوس پخت فضاے دشت و سنگ -
ہشیار مغز - دانا و لئیق -
ہوا پست کردن - کم کرنا آرزو نفس کا - زلالی - ہواے بیباغی
پست گردان + رضا را با قضا ہمدست گردان -
ہوا خوردن و ہوا یافتن - تصرف کرنا ہوا کا مزاج ہونے - صائب [illegible]
با دم جان پرور شمشیر عادت کردہ است + [illegible]
بیمار من - میر معزی - آن چشم ناتوان غم مردم کجا خورد + [illegible]
نکہ خود ہوا خورد -
ہوا در گرہ بستن - ہوا پیمودن - بیجا اور لغو حرکت کرنا -
ہوا زدن - پہونچنا ہوا کا - ظہوری - تا ہواے تو در دماغ بزد +
لب ور داستان باغ بزد -
ہوا شگفتن - موسم بہار کا آنا - صائب - بسیار شگفت ست
ہواے چمن امروز + ترسیم کہ مارا ز دل تنگ برآرد -
ہوا گرفتن - پرواز کرنا - میرزا صائب - رضا کدان تعلق گرفتہ
ہوا + غبار دست ندارد بطرف دامن ما -
ہوا خوردن بادہ - تصرف کرجانا ہوا کا شراب مین اسکی کیفیت
خراب ہوجانا - صائب - رنگ نماند در لب ز نفس سحرگان + بادہ
ہوا چو میخورد ز پا برکاب میشود -
ہوا شدہ - جو چیز ہوا مین مل گئی ہو - میرزا بیدل - ز آفتاب
طلب شبنم ہوا شدہ ایم + دل رسیدہ ما را ز ما چہ میجوئی -

ہاے با یاے

ہیچ و پوچ - خراب و ناکارہ و سہل و بے مغز لغو بمعنی - محسن تاثیر -
گرد پہلو خالی از ما یار دیرین چون حباب + زد ہیچ و پوچ برہم ربط
چندین سالہ را -
ہیچ مرد - ناکارہ اور خراب آدمی ضعیف و زبون و کمزور - نظامی -
جہان آن کسے راست کو در نبرد + بشمشیر نگذاشت بر ہیچ مرد -
ہیرمند - آتش پرست اور لقب گشتاسپ کا -
ہیچکس - ناکارہ و ناقص و ناکس آدمی - حکیم شفائی - لب بدشنام
چو تو ہیچکس نکشایم + ظلم بر ہیچ تو بر طبع سخندان مکنم -
ہیزم کش - وہ شخص جو آگ مین لکڑیان ڈالے تا آگ جلتی رہے
سعدی - میان دو کس جنگ چون آتش ست + سخن چین بدبخت
ہیزم کش ست -
ہیچدان - ہیچمدان - احمق بیوقوف - ظہوری - لبکہ بر خوان
شے شوق تو بیخود گشتہ ست + لب بتوصیف تو بکشاد ست عقل ہیچدان -
ہیمہ دان - جس جگہ لکڑیون کا انبار لگا یا ہوا ہو - علی خان
موجی - دوش در ہیمہ دان مطبخ فکر + پخت شعرے کہ وصف حالی قند
ہیزم تر فروختن - ہیمہ تر فروختن - خراب کام کرنا کھوٹا پن
[illegible]
[illegible]
چہ بسوز جگر + لعل و حسرت کس لعشق چو من ہیمہ تری -
ہیضہ زدن - قے اور اسہال کرنا بسبب بدہضمی طعام کے - مسیح کاشی
اے مرد قناعت ست خواہش بپرہیز کن + قطع نظر از حاصل دو ...
کن ... کہ بس بیخودی ہر سیر کم + کو ہیضہ زن وکشت عالمے
ہیکل بستن - فوت ہوتا مرجانا - فردوسی - سوان خانہ شد شاد بزد ...
پرست + خرد را اندر از سپہ ہیکل ببست -
ہیا ہو - شور و غوغا و ہاے ہو - عبداللہ ہاتفی - چو از آب آموختہ
آن ... + ... ہیا ہو ... ماہی بیاہ -
ہیچکارہ - نکما و بے اعتبار آدمی - سوز فکر آن علم و در ...
آن کہ ... چون من بروزگار کسے ہیچکارہ نیست -
ہیرکدہ - آتشخانہ آتش پرستون کا - میر معزی - در ہیرکدہ
گر نہ مدح تو بخوانند + بیزار شود ہیربد از زند و پا زند -

چوتھی فصل

محاورات و اصطلاحات اردو کے بیان مین

ہاے با الف

ہاتھا پائی کرنا - مار پیٹ زد و کوب کرنا دھول دھپا -
ہاتھ اتر جانا - ہاتھ کے جوڑ کا اپنی جگہ سے بے جگہ ہو جانا -
ہاتھ اٹھا کے دینا - خوشی کے ساتھ دینا -
ہاتھ اٹھا کے کوسنا - ہاتھ اٹھا اٹھا کر بد دعائین دینا - مخمس
ہاتھ اٹھا کر وہ کوسنے جو لگے + وا ... سے ہم آئے ... سمجھے -
ہاتھ اٹھانا - ہاتھ اونچا کرنا دعائین مانگنا سلام کرنا مارنا -

دست بردار ہونا۔ ذوق۔ قاتل کبھی نہ تونے اُٹھا لئے ہزار حیف + اُٹھا مزار کشتۂ تیغ نظر پہ ہاتھ۔ بحر۔ راز پوشی سے کبھی ہاتھ اُٹھایا نہ گیا + نبض دکھلا کے مرض اپنا بتایا نہ گیا۔

ہاتھ اُٹھا چھانٹی کرنا۔ کسی سے لیکر نہ دینا قرض ادا نکرنا ہاتھ کی صفائی کرنا چوری کرنا۔

ہاتھ آنا ہاتھ لگنا۔ قبضے میں آنا وصول ہونا۔

ہاتھ اونچا ہونا۔ آسودہ حال ہونا۔

ہاتھ باندھنا۔ ہاتھ جوڑنا منت کرنا۔ حکیم محمد انور۔ وہ ستمگار لات مارتا ہے + جسقدر رنجیدہ باندھتا ہی ہاتھ۔

ہاتھ باندھے کھڑے رہنا۔ حاضر و موجود رہنا۔ قطعہ بسند حسن بیٹھا ہے وہ مہوش جیسے + اک عالم در دولت پہ کھڑا رہتا ہے + پیارا آپ ہے کوئی بارے خوشامد کے کوئی + ہاتھ باندھے ہوئے خدمت میں کھڑا رہتا ہے۔

ہاتھ بڑھانا۔ لینے یا دینے کے لیے ہاتھ لمبا کرنا کسی امر میں دخل دینا۔

ہاتھ بکانا۔ ہاتھ بکنا۔ عہد و پیمان کرنا کسیکے ہاتھ فروخت ہوجانا غلام ہونا۔ مولف۔ خوبرو جو آئے اس بازار میں + شکل یوسف بک گئے وہ آنکے ہاتھ۔

ہاتھ بند ہونا۔ تنگ ہونا مفلس و نادار ہونا۔ مولانا آزاد الا سوحق کشا ایش تجھکو بخشیگا ضرور + تنگدستی میں نہ کستا دل کا تنگ + جب خزاں جاویگی اس گلزار سے + تازہ آجائیگا رد گلبرگ۔

ہاتھ بھر جانا۔ ہاتھ تھک جانا خون اُتر آنا۔ ہاتھ بھاری اور سن ہوجانا کسی چیز سے آلودہ ہوجانا۔

ہاتھ بھر کا دل ہوجانا۔ خوشی سے دل بڑھجانا۔

ہاتھ بھر کی زبان ہوجانا۔ زبان دراز ہوجانا۔

ہاتھ بیٹھنا جمنا۔ کوئی کام کرنے لگنا محاورہ ہوجانا کام سے واقف ہوجانا۔

ہاتھ پانی لینا۔ آبدست و استنجا کرنا۔

ہاتھ پاؤن بچانا۔ چوٹ نہ لگنے دینا۔

ہاتھ پاؤن پھول جانا۔ حواس قائم نہ رہنا کسی خوشی یا خوف سے گھبرا جانا۔ قطعہ از مولف۔ باغ میں جب گیا وہ غیرت گل + راگ سب بلبلونکو بھول گئے + ہوگئیں بند سربسر کلیان + پھول کے ہاتھ پاؤن پھول گئے۔ جرأت۔ ابھی باتیں ہی ہیں اور دست و پا پھولے مرے یارو + یہ دھڑکا ہے جب اُس گلرو کو لاوینگے تو کیا ہوگا۔

شوق۔ تم بھی صاحب نصیب بیشک ہو + خیر دو آئی ہیں اپنا باب ہو + سنکے یہ ہاتھ پاؤن پھول گئے + رنج فرقت تمام بھول گئے۔

ہاتھ پاؤن توڑنا۔ خوب مارنا محنت کرنا۔

ہاتھ پاؤن ٹوٹنا۔ اعضا شکنی ہونا درد ہونا۔ ناسخ۔ محتسب نے میکدہ میں کیا کوئی توڑا ہی خم + ٹوٹتے ہیں آج ساقی کچھ ہمارے ہاتھ پاؤن۔

ہاتھ پاؤن ٹھنڈے ہوجانا۔ قریب مرگ کے ہونا۔

ہاتھ پاؤن چلنا۔ کام کے لایق ہونا۔ عرش۔ نہ گریبان چھٹے نہ دامن دشت + جب تلک ہاتھ پاؤن چلتے ہیں۔

ہاتھ پاؤن سے چھوٹنا۔ عورت کا بخیریت جننے سے فراغت پانا نہا دھو اُٹھنا۔

ہاتھ پاؤن مارنا۔ دریا میں تیرنا محنت کرنا بیقرار ہونا بسمل ہونا۔ ناسخ۔ دیکھ پائے گورے گورے جو تمہارے ہاتھ پاؤن + ہیں مانند بسمل کیوں نہ مارے ہاتھ پاؤن + کشتی مے نے لگایا پار بیڑا سا قیا + ہم لوٹن دریائے غم میں ہیں نہ مارے ہاتھ پاؤن۔

ہاتھ پاؤن نکالنا۔ جوان ہونا ہوش میں آنا۔ قطعہ محمد جان۔ ابھی اس شوخ کی + اور نہیں اب تک سنبھالے ہاتھ پاؤن + کون جانبر ہوگا اسکے ہاتھ سے + جس گھڑی اس نے نکالے ہاتھ پاؤن۔

ہاتھ پاؤن ہارنا۔ سست اور کاہل ہوجانا۔

ہاتھ پاؤن ہلانا۔ کچھ کام کرنا بیکار نہ بیٹھنا۔ آتش۔ ہو پہنچے تڑپ تڑپ کے بھی جلاد تک نہ ہم + طاقت سے ہاتھ پاؤن زیادہ ہلا چکے۔

ہاتھ پر قرآن یا گنگا جل رکھکر قسم کھانا۔ کسی امر میں اپنی صفائی بیان کرنے کیلیے بڑی قسم اُٹھانا۔

ہاتھ پر ناک رکھلانا۔ جان اپنی کو خطرہ میں ڈالنا جوکھوں کا کام کرنا۔

ہاتھ پر ہاتھ رکھے بیٹھے رہنا۔ کوئی کام نکرنا بیکار و معطل بیٹھے رہنا۔

ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ وعدہ دینا اقرار کرنا شرط لگانا۔ نسیم۔ تب مارے اسکو ہاتھ پہ ہاتھ + بولا کہ ہے قول جان کے ساتھ۔

ہاتھ پڑجانا۔ کسی چیز میں کچھ نقصان ہوجانا۔

ہاتھ پسارنا۔ ہاتھ پھیلانا گدائی کرنا سوال کرنا بھیک مانگنا۔

ہاتھ پسارے جانا۔ دنیا سے خالی ہاتھ جانا۔

ہاتھ پکڑنا۔ دستگیری و امداد کرنا۔ آتش۔ عجب نا آشنا ہیں آشنا اس بیدردی کے + تو بو دیتے ہیں آ سکو ہاتھ یہ جسکا پکڑتے ہیں۔

ہاتھ پھیرنا۔ چمکارنا پیار کرنا تھپکنا۔

ہاتھ پھینکنا۔ پٹے بازی کرنا تلوار اور پٹے کے ہاتھ ہلانا کسیکا مال

۱۶۱

مارنا جلد جلد ہاتھ چلانا۔ بڑے زور سے مارنا۔
ہاتھ پیلے کرنا۔ غریبانہ شادی کر دینا۔
ہاتھ تکنا۔ دست نگر ہونا ادھین ہونا۔
ہاتھ تلنا۔ کسیکے ہاتھ کو گرم تیل مین تل دینا۔
ہاتھ تھرکانا۔ ہاتھون کو نچانا عشوہ سازی کرنا۔
ہاتھ جوڑنا۔ منت خوشامد کرنا توبہ کرنا۔ رشک۔ پاؤن انھین تو اتنا کہون ہاتھ جوڑکر + کیا ملگیا تمھین دل عشاق توڑکر۔
ہاتھ جھاڑکے کھڑے ہو جانا۔ اپنے پاس کچھ باقی نرکھنا سب کچھ خرچ کر ڈالنا۔
ہاتھ جھاڑنا۔ ہاتھ لگانا۔
ہاتھ جھٹکنا۔ خفگی کے ساتھ کسیکے ہاتھ سے کوئی چیز چھین لینا۔
ہاتھ جھوٹا کرنا۔ آلش کر دینا۔
ہاتھ جھوٹا ہو جانا۔ کسی صدمہ سے ہاتھ بیکار ہو جانا کام سے جاتا رہنا۔ بحر۔ بچپنے سے جھونک سے بیکل کلائی ہو گئی + میرے لگنے لگا یا زخم اسکا ہاتھ جھوٹا ہو گیا۔
ہاتھ چڑھنا۔ ہاتھ کا کسی کام پر روان ہونا۔
ہاتھ چلانا۔ مارنے لگ جانا۔
ہاتھ چلنا۔ آسودہ حال ہونا غالب ہونا کسی کام مین دخل ہونا سہ۔ جنون کی جیب دری پر ہین خوب چلتے ہاتھ + سلوک سینہ بھی کچھ تو کرے چلتے ہاتھ۔
ہاتھ چمکانا۔ ہاتھون کو اونچا اور انگلیون کو ٹیڑھا کرکے نچانا۔ رشک۔ کھولکر زلف کہا اژدر موسے کیا ہی + ہاتھ چمکا کے وہ بولے یہ بیضا کیسا ہی۔
ہاتھ چومنا۔ نہایت درجہ کی تعظیم کرنا سہ۔ لکھی یہ مانی نے جب اُس بت بے پیر کے ہاتھ + چومتا تھا کبھی اپنے کبھی تصویر کے ہاتھ۔
ہاتھ چھوڑنا۔ ضرب لگانا تلوار مارنا۔ برق۔ رشک قتل بھی ہے تن مین لہو کھاتا ہی جوش + ہاتھ پھر بھی کوئی اے مہر تابان چھوڑدے۔
ہاتھ خالی جانا۔ ضرب نہ لگنا تیر نشانہ پر نہ لگنا بازی مین داؤن خالی جانا۔
ہاتھ دانتون سے کاٹنا۔ کسی بات پر افسوس کرنا۔ آتش۔ دامن چھڑاکے جیب سے گیا ہو وہ جو قا + دانتون سے کاٹتا ہون بے اختیار ہاتھ۔
ہاتھ خالی نہونا۔ ہر وقت کام مین مصروف رہنا۔

ہاتھ دکھانا۔ نبض دکھانا نجومی کو ہاتھ کے خطوط دکھلاکر حال پوچھنا کسی کو اپنی دلاوری و بہادری دکھلانا۔ جرات۔ نکالے ہاتھ وہ پردہ نشین نہ پردہ سے + ہزارون کے نجومی کہین دکھاؤ ہاتھ۔
ہاتھ دوڑانا۔ کسی چیز کے چھین لینے کا ارادہ کرنا۔
ہاتھ دھرنا۔ رکھنا۔ تھامنا روکنا پکڑنا مدد کرنا۔ ذوق۔ رکے ذوق وقت نالے کے رکھلے جگر پہ ہاتھ + ورنہ جگر کو رویگا تو رکھکے سر پہ ہاتھ + خط دے کے دلمین تھا کہ زبانی بھی کچھ کہے + پر اسنے رکھدیا دہن نامہ بر پہ ہاتھ۔
ہاتھ دھوکے پیچھے پڑنا۔ کسی کام کے سر ہو جانا لپٹ جانا پیچھے پڑجانا
ہاتھ دھو بیٹھنا۔ نا امید ہو جانا چھوڑ بیٹھنا۔ اشک خونین کا یہی جوش ہی جرات تو لب آہ + ہاتھ دامن سے ہی دھو بیٹھیگے دھوتے دھوتے + بحر۔ یہ دی ہی بیکلی تو نے کہ دل مین ہی نکل سے + مین دھو کر زندگی سے ہاتھ پونچھون تیرے آنچل سے۔
ہاتھ دیکھنا۔ ہاتھ تکنا محتاج ہونا ہاتھون کے خط دیکھکر حال بتلانا آتش۔ کیتے ہین ہاتھ دیکھ کے اس بت کا برہمن + تم عاشقون کو قتل کروگے حجاب سے۔
ہاتھ دینا۔ مدد کرنا کسی چیز کو ہاتھ سے پھیلانا چابکسواری کی گفتگو کرنا کیسہ مین ہاتھ دیکر گھوڑے کی قیمت دریافت کرنا۔
ہاتھ ڈالنا۔ ہاتھ لگانا چھونا کھانا کھانا شروع کرنا کسی غیر عورت کو چھیڑنا غارت کرنا لوٹنا کام شروع کرنا۔
ہاتھ رنگنا۔ مفت کا روپیہ مارنا۔
ہاتھ روکنا۔ باز رہنا دست کشی کرنا۔
ہاتھ سادھنا۔ ہاتھ صاف کرنا مشق کرنا۔
ہاتھ سر پر رکھنا۔ حمایت کرنا سر کی قسم کھانا۔
ہاتھ سے جانا۔ اختیار سے نکل جانا۔ یکرنگ۔ گر خبر لینی ہی تو لے صیاد + ہاتھ سے یہ شکار جاتا ہی۔
ہاتھ سے دینا۔ بخشنا کھونا۔ نسیم۔ آتا ہو تو ہاتھ سے نہ دیجے + جاتا ہو تو اسکا غم نہ کیجے۔
ہاتھ سے نکلنا۔ کام ہاتھ سے کیا جانا۔
ہاتھ صاف کرنا۔ مارنا زد و کوب کرنا لوٹنا غارت کرنا۔ ذوق۔ چھوڑا نہ دلمین صبر نہ آرام نے شکیب + تیری نگہ نے صاف کیا گھر کے گھر پہ ہاتھ
ہاتھ کا جھوٹا۔ بد دیانت بے اعتبار۔
ہاتھ کا سچا۔ دیانتدار با اعتبار۔

ہاتھ کٹ جانا۔ تحریری اقرار ہو جانا۔
ہاتھ کھینچنا۔ الگ ہو جانا ہاتھ روک لینا۔ ناسخ۔ خاک میں ملجائیگا
خار بیابان کی طرح + ہاتھ اپنا کاوشوں سے اسے غریب آزار کھینچ۔
ہاتھ لانا۔ تحسین و آفرین کا اظہار کرنا ہاتھ ملا کر خوشی ظاہر کرنا۔
صبا۔ منہدی ملکر ہو چوٹ مرجان سر + ہاتھ لانا نگار کیا کہنا۔
ہاتھ لگانا۔ چھونا شروع کرنا آغاز کرنا۔ یکرنگ۔ زبان شکوہ ہو
منہدی کا مہربات + کہ خوبوں نے لگائے ہیں مجھے ہاتھ۔ برق۔
مرجائے تو جاتا رہے دردسر عاشق + صندل کی عوض ہاتھ لگایا نہیں جاتا
ہاتھ لگنا۔ پانا دستیاب ہونا چھوا جانا۔ شوق۔ بولی باتیں بنا
نہ میرے ساتھ + اب تو میں لگ گئی ہوں تیرے ہاتھ۔
ہاتھ مارنا۔ مجرا یا غبن کرنا رشوت کھانا بہت سا کھانا کھانا [illegible]
[illegible] کھانا۔ ذوق۔ اے شمع ایک چور ہے باد نسیم صبح + مارے ہے
لو اک دم میں تیرے تاج زر پہ ہاتھ۔ ولہ۔ کھاتا ہوا اس مزے سے
ہم عشق پیار ادا + جیسے گرسنہ مارے ہے حلوائے تر پہ ہاتھ۔
ہاتھ ملانا۔ ہاتھ سے ہاتھ ملانا مصافحہ کرنا ملاقات کرنا بیچ کرنا
لین دین کرنا سخاوت کرنا۔ قطعہ۔ کیوں نہ ملیگا خدا آنکھ پہ ہاتھ
ہاتھ جو ملاتے ہیں وہ جاتے واپس نہیں کبھی خالی + سائل آنکے جو
در پہ آتے ہیں۔
ہاتھ ملنا۔ افسوس کرنا تاسف کھانا۔ ذوق۔ پر کتر کے جو صیاد نے
چاہی مقراض + ہاتھ ملتی تھی مرے حال پہ کیا ہی مقراض۔
ہاتھ میں ٹھیکرا دینا۔ مفلس و نادار کر دینا۔
ہاتھ میں ٹھیکرا لینا۔ مفلس ہو جانا۔
ہاتھ میں دل رکھنا۔ کسی کو رضامند رکھنا۔
ہاتھ میں لیے پھرنا۔ خواہش نفسانی کا زور ہونا۔
ہاتھ میں ہاتھ دینا۔ مصافحہ کرنا۔ جرأت۔ گر ملوں میں کف افسوس
تو ہنستا ہے وہ شوخ + ہاتھ میں ہاتھ کسی شخص کو دیکر اپنا۔
ہاتھ میں ہنر ہونا۔ صاحب کمال ہونا۔
ہاتھ نہ رکھنے دینا۔ سخت اور تلخ بن جانا۔
ہاتھ ہلائے جانا۔ کام کرتے جانا۔
ہاتھی کے دانت بٹھانا۔ جوان آدمی کو تعلیم دینا مشکل کام کرنا
ہار ڈالنا۔ گلے میں کسی کے ہار پہنانا کوئی مشکل کام کسی کے متعلق کر دینا
ہاتھی کے نوکر ہونا۔ کسی فقیر کے تابع ہونا۔
ہانڈی آپ پکانا۔ دیگ کا جوش کھانا اپنی حیثیت سے بڑھکر کام کرنا۔

ہانڈی پکنا۔ آپس میں صلاح مشورہ ہونا۔
ہانڈی گرم کرانا۔ رشوت دلانا مال کھٹانا۔
ہانڈی چڑھنا۔ گرم کرنا۔ مفت کا مال مل جانا۔
ہاں میں ہاں ملانا ہانجی ہانجی کرنا جسکی سن لینا بظاہر سب کے
خیر خواہ بنے رہنا خوشامد سے کام چلانا۔
ہاڑے کھانا۔ خوشامد کرنا گڑگڑانا تلووں کی خاک چاٹنا۔
ہاہا ہی ہی کرنا۔ بیہودہ طور سے ہنسنا قہقہے اڑانا۔
ہائے ہائے کرنا۔ کسی بیماری یا مصیبت میں رونا۔
ہاتھ بھر۔ بیچ کی انگلی سے کہنی تک لمبا آدھ گز۔
ہاتھ چالاک۔ چالاکی سے کام کرنے والا۔
ہاتھ کا میل۔ اوچھے اور ناکارہ۔
ہاتھ کی لکیر۔ قسمت مقسوم بخت اور وہ تحریر جو مٹ نہیں سکتی
ہاتھ لگے میلا ہو۔ نہایت خوبصورت اور اجلا۔
ہانڈی والی۔ باہمی شراکت جو کسی کام میں ہو۔
ہارے۔ ہارے جھک مارکے۔ ناچار ہو کر آخری حالت میں۔
ہاتھ ہلاتے ہوئے آئے۔ یعنی خالی ہاتھ آئے۔
ہاتھی نکل گیا دم باقی ہے۔ بہت سا کام ہو چکا ہے تھوڑا باقی ہے۔
ہاتھ کے نیچے۔ اپنے ماتحت حکومت میں۔
ہاتھ سے۔ معرفت ذریعہ سے۔
ہاتھ جھلائی۔ وہ روپیہ پیسہ جو حکام اور زمینداروں کے
نوکر مسافروں سے لے لیتے ہیں۔
ہاتھ تلے۔ ہاتھ کے نیچے قبضہ میں۔

ہاے با پاے

ہپا دینا۔ کھانا دینا رشوت دینا۔
ہپ کر جانا۔ کھا جانا نگل جانا ہضم کر جانا۔

ہاے با تاے

ہتھوں سے اکھڑ جانا۔ پتنگ کی ڈور کا ٹوٹ جانا دوستی کا
جاتا رہنا قبضے سے نکل جانا۔
ہتھے مارنا۔ پتنگ کی ڈور کو جلد جلد گھسیٹنا کسی چیز کو اپنے
قبضے میں لانا۔
ہتھ ادھار دینا۔ دستگردان قرض دینا۔
ہتھا مارنا۔ کسی چیز کو چھین لینا۔ برق۔ نقد دل لیکے بغلگیر کیا
برق مجھے + ہاتھ ملتے ہی ستمگار نے ہتھا مارا۔

ہاتھ پھیری کرنا - مکر و فریب سے کسیکا مال لے لینا - فریب سے کسیکو اپنے دام مین لانا -
ہاتھون سے جانا - پتنگ کا ہاتھ سے ٹوٹ جانا تعلق موقوف ہونا -
ہاتھے چڑھنا - قابو اور بس مین آنا - بحر - قبضے پہ ہاتھ رکھتے ہین وہ بات بات مین ہوگیا ہیچ ہی یار سے ہاتھے چڑھا ہوا -
ہتھیا مول لینا - بیل یا دو مول لے لینا کسی جھگڑے مین پھنس جانا -
ہتھیلی بجانا - تالی بجانا - تالی پیٹنا -
ہتھیلی پر سرسون جمانا - پھرتی سے کوئی کام کر لینا - میر تقی - ندا سے رشک بہار آنکھین اٹھائے پشت پا سے تو + ہتھیلی پر اگر سرسون ترے آگے جماؤن مین -
ہتھیلی پر لیے پھرنا - کسی کام کرنے کے واسطے ہر وقت مستعد رہنا - خواہش نفسانی کے لیے کسی عورت کا مجبور ہو جانا -
ہتھیلی ٹیکنا - غلام بنانا -
ہتھیلی دینا - سہارا دینا -
ہتھیلی کا پھپھولا - وہ چیز جو ذرا سی ٹھیس سے ٹوٹ جائے بحر - آجکل جسنے مجھے چھیڑا ذرا مین رو دیا + غم سے ہے یہ دل ہتھیلی کا پھپھولا ہو گیا - ذوق - پھینک کر شیشۂ دل ہاتھ سے کہتا ہے وہ مست + کیا بنا یا تھا ہتھیلی کا پھپھولا مجھکو -
ہتھیلی کھجلانا - روپیہ ملنے کی امید ہونا -
ہٹا کٹا - توانا و تندرست -
ہٹ دھرمی کرنا - بے ایمانی سے ضد کرنا -

ہائے با جیم

ہچکیان بندھ جانا - دردناک حالت مین رونا -
ہیر پھیر کرنا - پس و پیش آجکل کرنا -
ہجے کرنا - حروف کو ملانا بات مین حجتین نکالنا -

ہائے با دال

ہدف مارنا - تیر نشانہ پر مارنا - تیر چلانا - س - تیر جو ایک اسطرف مارا ہنسنے لگا پڑا ہدف مارا -
ہڈیان - توڑنا زد و کوب کرنا -
ہڈیان نکل آنا - نہایت لاغر ہو جانا -

ہائے با رائے

ہرا باغ دکھلانا - کسی امر مین زبانی باتین کرکے تسلی کر دینا -
ہرا ہو جانا - سرسبز ہو جانا پک جانا - بحر - پھر کسی کان کے سبزے سے لڑی آنکھ اپنی + پھر ہرا ہو گیا زخم جگر اچھا ہو کر -
ہر بالی ہونا - ہر ایک کام سے واقف ہونا -
ہرن ہو جانا - غائب ہو جانا گم ہو جانا -
ہر ہرا کھل جانا - سینہ صاف ہو جانا -
ہر دیگی چمچہ - رکابی مذہب جسطرف کچھ حاصل ہوا اسیکا بن جانا -
ہرد ے کرنا - حفظ کرنا یاد کرنا -
ہر فن مولا - ہر کسب مین استاد -
ہرن ہو جانا - بھاگ جانا - ناسخ - پھر ہرن ہو گئی میری وحشت پھر وہ رعنا غزال آ پہونچا -
ہڑکا لگنا - کتے کی طرح بھونکنے لگنا -
ہڑکائی کتیا - دیوانی کتیا -
ہرن دھوپ مین کالے ہوئے جاتے ہین - سخت دھوپ پڑتی ہے جسکی گرمی سے ہرن کالے ہوئے جاتے ہین -

ہائے با زائے معجمہ

